


# مجربات حیات

## حکیم محمد حیات



ادارہ مطبوعات سلیمانی

ہیڈ آفس
رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور
: 042-7232788, 042-8414546
E-mail: idarasulemani@yahoo.com

چوبرجی برانچ : ۳۔بی نیاز ویو سکیم عقب خان بابا ریسٹورنٹ
چوک چوبرجی لاہور۔
: 042-7312648,8401105

راولپنڈی : دکان نمبر 12، اقبال مارکیٹ، کمیٹی چوک
اقبال روڈ، راولپنڈی 051-5551742:

# فہرست مضامین

## امراض قلب ۳۴۱

## امراض مردانہ ۷۲۳

# میری زندگی کے حالات

میں مسمیٰ محمد حیات ۱۹۲۷ء میں قصبہ کیلے (شیخوپورہ حافظ آباد روڈ پر واقع ہے) میں پیدا ہوا مجھ سے بڑے تین بھائی اور دو بہنیں تھیں باپ کا نام اللہ دین اور والدہ کا نام فاطمہ بی بی تھا میں اپنے باپ کے گھر سب سے چھوٹا بیٹا تھا ابا جی ان پڑھ تھے وہ لوہارا اور کھیتی باڑی کا کام کرتے تھے لیکن اُن کے دل میں تعلیم کی قدر ضرور تھی اس لیے انہوں نے اپنی تمام اولاد کو قرآن شریف اور پرائمری تک تعلیم دلوائی اس کے بعد میں ملیریا بخار میں مبتلا ہو گیا جو کہ ڈیڑھ سال تک آتا رہا اس دوران میں کئی حکیموں سے ملتا رہا بخار تو اتر گیا لیکن ایک مرض مثانہ کی لاحق ہو گئی اسی دوران ایک بوڑھا حکیم و عالم جو کہ نابینا ہو چکا تھا وہ ہمارے گھر میں آتا جاتا تھا ایک دن اماں صاحبہ نے ان سے درخواست کی کہ حیات کو کچھ پڑھاؤ انہوں نے کہا کہ حیات کو بھیج دو میں پہلے اس کو کریما پڑھاؤں گا پھر شیخ عطار پڑھاؤں گا اُنہوں نے مجھے کریما پڑھائی اور پھر شیخ عطار کا سبق دینے لگے۔ ابھی ساری ختم نہیں ہوئی تھی کہ استاد صاحب کا انتقال ہو گیا ان کے ایک بھائی کا بیٹا درس میں تعلیم حاصل کرنے شہر میں گیا ہوا تھا' وہ تعلیم حاصل کر کے گاؤں میں آ گیا' لوگوں کے بچے اس نے پڑھانے شروع کر دیئے میں نے قرآن شریف کا ترجمہ ان سے پڑھنا شروع کر دیا ابھی سورت مائدہ تک پہنچے تھے کہ ان کا بھی انتقال ہو گیا لیکن دل میں علم طب اور علم دین کے حاصل کرنے کا شوق پیدا ہو گیا اسی دوران ۱۹۴۶ء میں حضرت مولانا احمد علی صاحب امیر انجمن خدام الدین شیرانوالا لاہور سے بیعت ہو گیا اور آپ نے حکم دیا جو کچھ مجھ سے پڑھتے ہو لوگوں کو سنایا کرو ایک دن میں نے عرض کی کہ حضرت صاحب سے پوچھا کہ پرانے حکیم فوت ہو چکے اور لوگ مجھ سے پوچھتے ہیں حضرت صاحب نے فرمایا کہ علم طب کو اتنا پڑھو کہ تمام امراض کا پتہ چل جائے اور خدا کی مخلوق سے از حد رعایت کرنا دونوں باتوں پر عمل کرنے کے لیے بڑے بڑے حکماء سے ملنا شروع کیا اور ملک کے تمام رسالے لگوا لیے اور اچھی سے اچھی کتابیں منگوا لیں اسی دوران کسی نے کہا کہ حکیم احمد دین موجد طب جدید شاہدرہ کے ساتھ تعلق قائم کرو لیکن اسی دوران ان کا انتقال ہو گیا اور ان کا

ایک لائق شاگرد جو کہ ہم سے صرف چھ میل کے فاصلہ پر قصبہ جھیراں میں رہتا تھا اور اس کے مضمون ان کے رسالہ میں چھپتے تھے کے ہاں جانا شروع کر دیا انہوں نے کمال مہربانی سے ساری طب جدید سکھا دی اور علامہ صابر ملتانی سے بھی تعلق پیدا کر دیا اور ہدایت کی کہ مجھے طب جدید کی طبی اربعین اور ان کے ساتھیوں کے جو تیس عدد نسخہ جات ہیں (جو کہ مل کر ستر بنتے ہیں) ان کو اپنا لو تو عمر بھر کے لیے کافی ہیں میں نے تمام کو سیکھ لیا بلکہ تیار کر کے مطب میں رکھ لیے ان سے کام چلانا شروع کر دیا اب ایک دوست جو کہ قصبہ نوشہرہ ورکاں میں رہتے تھے اور حکیم فاضل تھے ان کے لڑکے کو عطاش کا مرض ہو گیا دو تین روز تک تمام ادویہ دیں لیکن بچے کو فائدہ نہ ہوا اب اس جگہ ڈاکٹر ہومیو پیتھی جو کہ لاہور کا رہنے والا تھا اپنے رشتہ داروں کے ہاں گیا تھا ان سے ذکر کیا اس نے دوا دی لڑکا اسی دن شفایاب ہو گیا اب حکیم صاحب نے تمام طبوں کو چھوڑ کر صرف ہومیو پیتھی کو اپنا لیا اور مجھ کو بھی دعوت دی اور کہا کہ میں آپ کو سکھا دوں گا بلکہ کتابیں بھی خرید کر دیں انہوں نے چند دنوں میں مجھ کو کافی سے زیادہ پڑھا دیا اس کے بعد میں لاہور سے دوائیں خریدنے کے لیے لاہور محلہ خرادیاں میں ڈاکٹر محمد رفیق صاحب رحمۃ اللہ علیہ ہومیو پیتھ کی دکان پر گیا ڈاکٹر صاحب کئی کتابوں کے مترجم تھے اور پرنسپل تھے وہ نہایت نیک انسان اور ملنسار تھے ان سے ادویہ لاتا اور سوال جواب کر کے پوچھتا رہتا ایک دن انہوں نے مجھ سے خوش ہو کر کہا کہ چند روز میرے پاس آ جاؤ تو میں چالیس سال کے تجربات لکھ دوں گا اور ایک کتاب بھی عطا کی اور اپنی طرف سے ایک سند ہومیو پیتھی بھی عطا کی میں نے ان کا شکریہ ادا کیا ادھر پتہ چلا کہ صابر ملتانی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک نیا نظریہ پیش کیا ہے ان سے جا کر ملا وہ پرانے رفقا میں سے تھے اس لیے ان سے کتابیں بھی خریدیں اور ان کے نظریہ کو سمجھنے کی کوشش کی اب ایک صاحب جو کہ ہمارے رشتہ داروں کے خاندانی حکیم اور عالم اور عامل بھی تھے آگے بھی ان سے ملاقاتیں ہوتی تھیں ان سے سیکھنا شروع کر دیا اُن صاحب نے بھی اپنے چالیس سالہ تمام تجربات لکھ دیے اور کہا تم اس کے اہل تھے اس پر میں نے ان کا شکریہ ادا کیا اور جب تک وہ زندہ رہے ان کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا' اب ملک میں صدر ایوب آ گیا اور قانونی طور پر کہا کہ کوئی صاحب سرکاری سند کے بغیر پریکٹس نہیں کر سکتا خواہ وہ آگے مدرسہ طب کا سند یافتہ ہو۔ پھر میں نے بھی اس عملے کو امتحان دیا اور سند حاصل کر لی ان دنوں میں نے پھر ہومیو پیتھی میں داخل ہو کر امتحان دیا اور ہومیو پیتھی کی سند حاصل کی اس کے علاوہ

جس گاؤں میں جاتا اس جگہ کے حکیم اور ڈاکٹر اور عالم دین سے ملتا اور فیض حاصل کرتا کسی جگہ پر پتہ چلتا کہ اس جگہ مجرب نسخہ ہے اس جگہ پر جا کر اس سے نسخہ حاصل کر لیتا اسی طرح متواتر چالیس سال کی دن رات لگن سے بہت سے مجربات حاصل کر لیے اور عام علوم طب مثلاً آیورویدک، یونانی، ہومیوپیتھی، بایوکیمک، نظریہ مفرد اعضاء اور طب جدید شاہدروی وغیرہ وغیرہ کے تمام مجربات اور عطیات حاصل ہو گئے اب خیال آیا کہ میں نے اتنی محنت سے جو ذخیرہ جمع کیا ہے اس کو آگے منتقل کروں اس کی بھی قدرے قدرے کوشش کرتا رہا مالی حالت اچھی نہ تھی اور دل مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کو دیکھنے کو کرتا تھا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ۱۹۹۵ء میں عمرہ شریف ادا کرنے کا شرف حاصل ہوا اور جاتے وقت لوگ کہنے لگے کہ اس جگہ روپوش ہو کر حج کر کے آنا میں نے کہا کہ ایسا نہیں کروں گا کہ عبادت بھی ہو اور چوری بھی ہو اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا تو حج بھی ہو جائے گا میں نے آتے وقت خانہ کعبہ کا غلاف پکڑ کر دُعا کی کہ اللہ تعالیٰ دوبارہ حاضری نصیب ہو لہٰذا ۲۰۰۰ء میں حج بھی نصیب ہو گیا اور کتاب کے لیے پہلے دُعا کرتا رہا اب بھی دعا کرتا رہا ملک اور قوم کی سلامتی کے لیے دعائیں کرتا ہوا واپس آ گیا' میرے چند وظائف (نمبر ۱) یَا مُعِید گیارہ ہزار روز پڑھنے سے چوری ہوا مال گم شدہ آدمی واپس آ جاتا ہے ساری عمر کا تجربہ ہے (۲) صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان بسم اللہ شریف اور الحمد شریف ۴۱ بار پڑھیں ناغہ نہ ہو ۴۱ دن گزرنے کے بعد کچھ خیرات کریں دم موثر ہو گا مریض کو گیارہ بار پڑھ کر دم کریں شفا ہو گی (۳) رب انی مغلوب فانتصر سو بار روزانہ پڑھنے سے دشمنوں کا خوف اور ہر طرح کا خوف دور ہو گا (۴) سورت یٰسین روزانہ ایک بار پڑھنا جس نیک مقصد کے لیے پڑھے پورا ہو گا۔ (۵) ہر مشکل کے لیے آیت کریمہ کا تین سو بار یا زیادہ دفعہ پڑھنا اندھیرے میں اور ایک پیالہ پانی سامنے ہو چند منٹ کے بعد اس سے ہاتھ تر کر کے چہرہ پر پھیر لیں اور دعا کریں کامیابی ہو گی۔ (۶) اولاد کی خواہش ہو تو رب لا تذرنی فردا وانت خیر الوارثین تین سو بار روزانہ عورت مرد دونوں پڑھیں اولاد پیدا ہو گی (۷) ترقی علم کے لیے رب زدنی علما تین سو بار پڑھیں اور تمام عملیات کے اول آخر درود شریف نماز والا پڑھیں۔

از طرف محمد حیات

❀❀❀

# عرض مؤلف

خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جس نے میرے ارادے کی تکمیل کی ہمت بخشی علم کسی
خاندان کی وراثت نہیں ہے میں ایک بے علم خاندان کا فرد ہوں' باپ ان پڑھ تھا اس نے ہم
بھائیوں کو پرائمری تک تعلیم دلوائی میں پانچ جماعت پڑھا' اس کے بعد ملیریا بخار ہوا جو کہ ایک
سال تک رہا اس کے اُتر جانے کے بعد مثانہ کا ایک مرض لاحق ہو گیا جو کہ قریباً چودہ سال تک
رہا اس دوران میں مختلف حکیموں کے پاس جاتا رہا اور غور کرتا رہا اور علم کا شوق پیدا ہو گیا۔ اسی
دوران پاکستان بن گیا اور مہاجر کئی قسم کی امراض لے کر پاکستان آئے خاص کر ملیریا' اسہال'
مروڑ' کمی خون' عام کمزوری' بچوں کا سوکھا اور طبیب بھی نزدیک کوئی نہ تھا اُن کا علاج معالجہ
شروع کر دیا اور خاصا موقع علاج کا مل گیا اور کافی تجربات حاصل ہو گئے اور رسالہ الحکیم جو کہ
لاہور سے نکلتا تھا اور رسالہ طبیب حاذق جو کہ گجرات سے نکلتا تھا لگوا لیے اور خاندانی حکماء کو
ملنے کی کوشش کر کے ان سے خاندانی مجربات حاصل کرنے کا شوق پیدا ہوا اور کافی مجربات مل
گئے' مشہور زمانہ کتابیں بھی منگوا لیں اسی دوران طب جدید شاہدرہ کے دو افراد حکیم مختار احمد
صاحب اور حکیم صابر ملتانی رحمۃ اللہ علیہ سے مل کر طب جدید شاہدروی کا سبق حاصل کیا۔ اور ان کی
تمام کتابیں خرید لیں خاص کر طبی اربعین جس میں ہومیو پیتھی اور ایلو پیتھی اور یونانی کے نسخہ
جات ہیں ان کو تیار کر کے کافی فائدہ حاصل کیا۔ اسی دوران ایک دوست جو کہ طبیہ کالج کے
فارغ بھی تھے اور طب جدید شاہدروی کے عامل بھی تھے ان کے بچے کو اسہال و قے شروع ہو
گئے تمام یونانی اور طب جدید کے علاج کیے لیکن آرام نہ ہوا ایک ہومیو ڈاکٹر لاہور سے تشریف
لائے اُن کے ساتھ ذکر کیا ان سے حسب علامت دوا دی تو بچہ فوراً شفایاب ہو گیا اس واقعہ
کے بعد اُن صاحب نے طب یونانی چھوڑ کر ہومیو پیتھی اپنا لی اور مجھ کو بھی کہا۔ میں نے بھی
کتب منگوا لیں اور تجربات شروع کیے اور ڈاکٹر رفیق احمدؒ محلہ خرادیاں لاہور کے ساتھ آنا جانا
ہو گیا انہوں نے مجھ کو سارے تجربات سمجھا دیے اور ایک سند بھی عطا کر دی اس کے بعد حکیم
علامہ صابر ملتانی نے نظریہ مفرد اعضاء کی بنیاد رکھی پھر ان کے پاس آنا جانا شروع ہو گیا اور
تعلیم بھی حاصل کی اور ان کی کتب خرید لیں ان تمام حالات میں مجربات کا کافی ذخیرہ حاصل
ہو گیا کسی گاؤں میں جاتا تو اس گاؤں کے حکیم ڈاکٹر سے ملاقات کرتا اور اعلیٰ مجربات حاصل

کرتا کسی گاؤں میں عطائی کے پاس کوئی نسخہ ہوتا تو اس سے جا کر حاصل کرتا حتیٰ کہ اپنے اور کم و بیش تمام وقت کے رائج طبوں مثلاً آیورویدک یونانی طب جدید شاہدروی' ہومیوپیتھی' بایو کیمک' نظریہ مفرد اعضاء کے ہزاروں مجربات حاصل ہو گئے اور خیال کیا کہ جو ذخیرہ میں نے بڑی مشکل سے حاصل کیا ہے اس کو لوگوں تک پہنچاؤں اس ارادے سے قلم اٹھائی اور جو لوگوں کے خاندانی نسخہ جات حاصل کیے یا کتابی تھے لیکن مجربات میں اعلیٰ قسم کے تھے تمام کو حاصل کر کے ایک کتابی شکل دے دی تا کہ خلق خدا اس سے فائدہ اٹھائے اور دکھی انسانوں کے لیے شفا کا باعث ہو۔ میں نے کوئی نسخہ خواہ کیسی مشکل سے حاصل کیا ہے تمام کے تمام لکھ دیے ہیں اور دوسری جلد کا بھی انتظار نہیں کیا' اس کتاب میں بڑے بڑے اعلیٰ علاج جو عام کتابوں میں نہیں ملتے تفصیل کے ساتھ لکھ دیے ہیں۔ کشتہ جات جو کہ خود تیار کیے وہ بھی سارے لکھ دیے غذا کا ایک باب بھی لکھ دیا ہے۔ گرمی کے زمانہ میں روزہ داروں کے لیے شربت اور کئی اقسام کی ادویہ لکھ دی ہیں اور کئی شربت جو کہ خود تیار کر کے کافی شہرت حاصل کی ہے تمام لکھ دیے اس کتاب کے ہوتے ہوئے آپ کو کئی کتابوں کی ورق گردانی سے نجات مل جائے گی سر سے لے کر پاؤں تک تمام امراض اور زہر' سانپ کے مجربات' گر پڑنا' چوٹیں لگنا اور بچوں کے خاص علاج جو کہ کئی دواخانوں کے راز اور اشتہاری نسخہ جات ہر مرض میں لکھ دیئے ہیں۔ کتاب کو ہر طرح کامیاب بنانے کی کوشش کی ہے ایک مبتدی سے لے کر تجربہ کار حکیم تک کی ضرورت پوری کرے گی انشاء اللہ' پرانے اطباء کے اقوال بھی کافی مل جائیں گے اب دعا ہے کہ اس کتاب کو مقبولیت عامہ حاصل ہو۔

## دعائے حکیم

محمد حیات ساکن کیلے ڈاک خانہ خاص تحصیل و ضلع شیخوپورہ ایک لاجواب ہدایت۔ میرا بیت کا تعلق حضرت مولانا احمد علی صاحب لاہور رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ تھا اُن سے ذکر کیا تو فرمانے لگے کسی مرض کی سمجھ نہ آئے تو اس کا علاج نہ کریں اس لیے کہ جو زمانے کے تمام نظریات سیکھ لے اور دوسری ہدایت یہ کہ خدا کی مخلوق پر از حد رعایت کریں فیس نہ لیں اور کم سے کم قیمت وصول کریں۔ تمام عمر دونوں باتوں پر عمل کیا ہے خدا تعالیٰ قبول فرمائے آمین یا اللہ العالمین اور آخرت میں کامیابی عطا فرمائے عذاب قبر سے محفوظ رکھے اور عذاب جہنم سے بچائے آمین یا اللہ العالمین۔

# امراض دماغ

## سر درد

اطباء یونان کے نزدیک امراض کی پیدائش چار اخلاط سے ہے اس لیے درد سر بھی ان چار اخلاط کا تسلیم کرتے ہیں۔ مثلاً درد سر صفراوی، درد سر بلغمی، درد سر سوداوی، درد سر خونی۔ ان کی علامات بھی علیحدہ علیحدہ لکھی ہیں اور علاج میں ان خلطوں کی رعایت رکھ کر علاج کرتے اس کے علاوہ درد سر کی بھی مثلاً کوئی اور مرض ہو تو درد سر اس کا سبب ہو مثلاً کوئی دانت بوسیدہ یا معدہ اور آنتوں کی خرابی ہو بدہضمی اور قبض ہو یا گردے متورم ہوں یا امراض رحم میں بندش حیض، تنگی حیض، اختناق الرحم وغیرہ وغیرہ ہو یا بخاروں میں سر درد ہونے لگتا ہے اس کے علاوہ نزلہ زکام میں سر درد ہوتا ہے چوٹ وغیرہ سردی لگنا بھی اس میں شامل ہے، کمزوری دماغ سے بھی عام سر درد ہونے لگتا ہے۔

## اصول علاج

قبض کو ہر حال میں دور رکھیں اور ناک میں بندش ہو تو اس کو نسوار کے ذریعے دور کریں۔ ماتھے پر لیپ لگا دیں انشاء اللہ درد ہر قسم دور ہو گی۔ انشاء اللہ۔ ہم اپنے تجربہ کے تمام نسخے آپ کی خدمت میں پیش کریں گے جس سے آپ تمام قسم کی درد سر پر غالب آ جائیں گے۔ عام مریضوں میں درد سر مزمن ہو گا اس کے سارے جسم کی امراض کی طرف دھیان کرنا پڑے گا کہ کمی خون تو نہیں یا خون نکل گیا ہو یا کثرت احتلام کثرت جریان منی سے عام کمزوری تو نہیں ہو گئی تمام امراض کا خیال کر کے علاج کرنا ہو گا غم فکر بھی تقریباً تمام امراض کا سبب ہوتے ہیں۔ ان کو بھی دور کریں اس کے علاوہ نشہ آور چیزوں کا کھانا مثلاً افیون، چرس، بھنگ بوٹی کا پینا، جملہ منشیات میں بھی درد سر لاحق ہو جاتا ہے، سرد ہوا میں غسل کرنا بارش میں بھیگ جانا بھی اس کا سبب ہو سکتا ہے اگلے صفحات میں ان تمام قسم کے سر درد کا علاج انشاء اللہ لکھا جائے گا۔ انشاء اللہ آپ ان مجربات سے پرانے سے پرانے سر درد کا علاج کامیابی سے

کر سکیں گے کیونکہ اس میں تمام نکات آپ کو انشاء اللہ مل جائیں گے۔ کیونکہ عام کتابوں میں تمام نکات نہیں ملتے۔

# سر درد کی اقسام

## (۱) درد شقیقہ

مریض عمر ۴۰ سال کے گھر والوں نے آ کر کہا کہ ہمارا آدمی بہت بیمار ہے جا کر پتہ کریں جا کر دیکھا تو مریض نے ماتھے پر ہاتھ لگایا اور کہا کہ اس جگہ درد ہو رہی ہے رات کو نہیں تھی۔ سورج نکلتے شروع ہو جاتی ہے اور بارہ بجے تک رہتی ہے اس کے بعد کم ہو جاتی ہے۔

**علاج :** درد کے مقام پر ضماد لگا دیا گیا جس سے مریض کو فوری فائدہ ہو گیا اور نسوار دی گئی جس سے مریض کو چند چھینکیں آ گئی رات کو قبض کشائی کی گئی اور تریاق شقیقہ گھوٹ کر پلایا گیا جس سے چند بار استعمال سے شقیقہ دور ہو گیا۔

## (۲) تریاق شقیقہ

**هوالشافی :** اسطوخودوس ۶ ماشہ۔ دھنیا ۴ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۳ ماشہ باریک پیس کر رات کو بھگو کر صبح گھوٹ کر پن کر بلا چینی ملائے پلا دیں اور ہر روز دو مرتبہ پلائیں۔ بلکہ درد اٹھنے سے دو گھنٹہ پہلے پلا دیں۔ اگر موسم سرما ہو تو جوش دے کر شربت بنفشہ ملا کر پلا دیں اور رات کو اطریفل زمانی سے قبض کشائی کریں، انشاء اللہ مرض درد سر کو آرام ہو گا۔ میں نے دنیا کی کئی کتابوں میں اس نسخہ کی تعریف لکھی دیکھی اور بڑے بڑے مشہور اطبا سے اس کی تعریف سنی ہے اور خود بھی تجربہ میں اس کو شقیقہ وعصابہ دونوں قسم کی سر درد میں مفید پایا ہے میں متواتر اس کو ۱۲ روز تک پلاتا ہوں اور رات کو حب قبض کشا دیتا ہوں۔ کیونکہ مشہور ہے کہ اسطوخودوس دماغ کا جھاڑو ہے اس سے دماغ کی رگوں سے غلیظ مواد نکل جاتا ہے اس لیے یہ نسخہ سو فی صد مجرب ہے وہ تمام مفید نسواریں اور لیپ جو کہ میرے تجربہ میں ۵۰ سال سے آ رہے ہیں آپ کی خدمت میں حاضر ہیں۔

## (۳) نسوار۔۱

یہ نسوار مجربات میں سے ہے درد شقیقہ عصابہ، مرگی والے کو بھی مفید ہے، بے ہوش

مریض کو ناک میں پھونک دینے سے ہوش آ جاتی ہے۔ شقیقہ و عصابہ والوں کو دن میں کئی بار پھونک ماریں' بے ہوش مریض کو کسی نلکی کے ذریعہ سے پھونک دیں۔ درد داڑھ والے کو بھی نسوار دیں' کان درد والوں کو بھی یہ نسوار دیں آنکھ دکھتی ہو تو بھی نسوار دیں۔ غرضیکہ گلے کے اوپر والی مرضوں میں یہ نسوار کام کی چیز ہے۔

**ھوالشافی :** نوشادر ایک تولہ۔ کافور ایک ماشہ باریک کر کے رکھیں۔ آنکھ ناک اور منہ سے پانی اگر آ جائے تو نکلنے دیں۔ اس سے چھینکیں بھی آ جاتی ہیں۔ کسی کو نہیں آتی تو پانی ضرور نکلتا ہے۔ کئی مطبوں میں تیار ہے اور میرا بھی تمام عمر کا تجربہ ہے۔ اگر نزلہ زکام کا مواد گاڑھا ہو گیا ہے تو بھی اس نسوار سے کام لیں۔

## (۴) لیپ

**ھوالشافی :** گوند کیکر ۴ ماشہ۔ افیون ۴ رتی۔ زعفران ۴ رتی باریک کر کے قدرے پانی ملا کر گاڑھا لیپ لگا دیں۔ خشک ہونے پر درد بند ہو جائے گا اس کے علاوہ دو عدد جائفل باریک کر کے قدرے تیل میٹھا ملا کر گرم کر کے لیپ کرنا بھی درد کو بند کر دیتا ہے۔

## (۵) نسوار لاجواب (ذاتی مجرب)

**ھوالشافی :** کشمیری پتے ڈھائی تولہ۔ کاپھل ڈھائی تولہ۔ نک چھکنی ایک تولہ۔ تیزپات ایک تولہ۔ گل سرخ ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ لونگ ۶ ماشہ۔ جڑ پان ۶ ماشہ۔ نوشادر ۴ ماشہ۔ پوست ریٹھہ ۲ ماشہ۔ پھل کنڈیاری ۴ عدد۔ بندل ڈوڈہ ۸ عدد۔ مین پھل ایک عدد۔ باریک کر کے نسوار تیار کریں۔ نزلہ زکام میں جب گاڑھا مواد ہو تو سر درد شقیقہ عصابہ درد و مرگی۔ میں لاجواب نسوار ہے اس سے تمام ردی مواد خارج ہو جائے گا۔

## (۶) نسوار لاجواب

**ھوالشافی :** پوست ریٹھہ ایک تولہ۔ کشمیری پتے ۱۲ تولہ باریک کر کے نسوار بنا دیں یہ نسوار مجرب اور لاجواب ہے۔

## (۷) لیپ

جب پاکستان بن رہا تھا ایک مہاجر نے مجھ کو آدھی رات کے وقت آ کر جگایا میں نے

کہا خیر ہے اس نے کہا کہ ہمارا بھائی بیمار ہے سخت لاچار ہے جا کر دیکھا تو اس کی آنکھ نہایت سرخ تھی آنکھ کے ڈھیلے میں درد سخت تھی۔ میں نے مریض درد حدقہ تشخیص کیا۔ یہ شقیقہ کی نہایت سخت قسم ہے اس سے آنکھ بیٹھ بھی جاتی ہے۔

**ھوالشافی:** زردی بیضہ مرغ ایک عدد لے کر تھالی میں رکھ کر ایک طرف چونہ آب نادیدہ رکھ کر انگلی سے قدرے چونہ لے کر قدرے زردی بیضہ مرغ ملا کر لیپ بنا کر لگا تا رہا ساری زردی میں چونہ ملا کر لگا دیا گیا جس سے درد فوراً رفع ہو گیا اس سے کئی علاج کیے۔ یہ درد اُل تھا جو کہ آنکھ کو بھی بٹھا دیتا تھا۔

## (۸) دردِ اُل کا دوسرا کیس

ایک غریب عورت مطب میں آئی آنکھ سرخ تھی آدھے سر میں درد تھا قریب تھا کہ آنکھ بیٹھ جائے۔

**ھوالشافی:** گندمی ہلدی۔ پھٹکڑی سفید دونوں پانی سے تابہ پر گھس کے گاڑھا ضماد بنا دیں اور آنکھ اوپر لیپ کر دیں قدرے آنکھ میں بھی ڈال دیں اور اس سے روزانہ غذا نہ دیں تازہ جلیبی نکال کر کھلائیں اس کو پورا فائدہ ہو گیا آنکھ بھی بچ گئی درد بھی جاتا رہا۔

## (۹) ٹوٹکا

**ھوالشافی:** اگر ان دونسخوں سے بھی آرام نہ ہو تو کنپٹی پر ہاتھ رکھیں اس جگہ ایک رگ تڑپتی ہو گی اس کو کسی کھردری چیز سے رگڑیں کہ خون نکلنے والا ہو جائے اس کے اوپر چند چھپنے لگا کر چند قطرے خون نکال کر ایک دانہ جمال گوٹہ پانی سے گھس کر کاغذ پر لگا کر لگا دیں اس سے آبلہ پڑ جائے گا درد اسی دن بند ہو گا اس کے بعد گھی یا مکھن لگا کر آبلہ درست کر دیں۔ انشاء اللہ آرام ہو گا۔

## (۱۰) لیپ

ضلع میانوالی کے ایک ماسٹر صاحب ہمارے ہاں آ کر سکول میں پڑھانے لگے ان کے ملنے کے لیے ان کا چچا آیا میں نے اس کو نسخے کے متعلق پوچھا۔ وہ فرمانے لگے میرے پاس چند نسخے ہیں جو کہ مجرب ہیں جن میں ایک لیپ سر درد کا ہے شقیقہ و عصابہ پر لگا دیا جاتا ہے اور آرام کی صورت پیدا ہو جاتی ہے۔ انہوں نے لکھوا دیا میں نے تیار کر کے استعمال کیا

کہا خیر ہے اس نے کہا کہ ہمارا بھائی بیمار ہے سخت لاچار ہے جا کر دیکھا تو اس کی آنکھ نہایت سرخ تھی آنکھ کے ڈھیلے میں درد سخت تھی۔ میں نے مریض درد حدقہ تشخیص کیا۔ یہ شقیقہ کی نہایت سخت قسم ہے اس سے آنکھ بیٹھ بھی جاتی ہے۔

**ھوالشافی** : زردی بیضہ مرغ ایک عدد لے کر تھالی میں رکھ کر ایک طرف چونہ آب نادیدہ رکھ کر انگلی سے قدرے قدرے چونہ لے کر قدرے زردی بیضہ مرغ ملا کر لیپ بنا کر لگاتا رہا ساری زردی میں چونہ ملا کر لگا دیا گیا جس سے درد فوراً رفع ہو گیا اس سے کئی علاج کیے۔ یہ درد اُل تھا جو کہ آنکھ کو بھی بٹھا دیتا تھا۔

## (۸) درد اُل کا دوسرا کیس

ایک غریب عورت مطب میں آئی آنکھ سرخ تھی آدھے سر میں درد تھا قریب تھا کہ آنکھ بیٹھ جائے۔

**ھوالشافی** : گنڈھی ہلدی۔ پھٹکری سفید دونوں پانی سے تابہ پر گھس کے گاڑھا ضماد بنا دیں اور آنکھ اوپر لیپ کر دیں قدرے آنکھ میں بھی ڈال دیں اور اس سے روزانہ غذا نہ دیں تازہ جلیبی نکال کر کھلائیں اس کو پورا فائدہ ہو گیا آنکھ بھی بچ گئی درد بھی جاتا رہا۔

## (۹) ٹوٹکا

**ھوالشافی** : اگر ان دونسخوں سے بھی آرام نہ ہو تو کنپٹی پر ہاتھ رکھیں اس جگہ ایک رگ تڑپتی ہو گی اس کو کسی کھردری چیز سے رگڑیں کہ خون نکلنے والا ہو جائے اس کے اوپر چند چھپنے لگا کر چند قطرے خون نکال کر ایک دانہ جمال گوٹہ پانی سے گھس کر کاغذ پر لگا کر لگا دیں اس سے آبلہ پڑ جائے گا درد اسی دن بند ہو گا اس کے بعد گھی یا مکھن لگا کر آبلہ درست کر دیں۔ انشاء اللہ آرام ہو گا۔

## (۱۰) لیپ

ضلع میانوالی کے ایک ماسٹر صاحب ہمارے ہاں آ کر سکول میں پڑھانے لگے ان کے ملنے کے لیے ان کا چچا آیا میں نے اس کو نسخے کے متعلق پوچھا۔ وہ فرمانے لگے میرے پاس چند نسخے ہیں جو کہ مجرب ہیں جن میں ایک لیپ سر درد کا ہے شقیقہ وعصابہ پر لگا دیا جاتا ہے اور آرام کی صورت پیدا ہو جاتی ہے۔ انہوں نے لکھوا دیا میں نے تیار کر کے استعمال کیا

مفید پایا۔

**ھوالشافی :** فلفل دراز ۶ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ مصبر ا تولہ۔ سونٹھ ۹ ماشہ۔ تخم مرچ سرخ ۳ ماشہ۔ باریک کر کے اس کے مساوی الوزن میدہ گندم ملا کر رکھیں ضرورت کے وقت ۶ ماشہ پانی میں گھول کر کپڑے پر لگا کر مقام درد پر چپکا دیں اور لگاتے رہیں اس سے شقیقہ وعصابہ کو آرام ہوگا۔ میں نے قریباً دو ہزار کتاب حکمت کی دیکھی ہے یہ نسخہ مجھ کو کہیں لکھا ہوا نظر نہیں آیا۔ خاص صدری راز ہے اور مجرب ہے جو کہ اس حکیم سے حاصل ہوا۔ اس سے قدرے جلن ہوتی ہے بھی تاہم شفا کا باعث ہے جس سے نزلہ زکام کا رُکا ہوا مواد حل ہو جاتا ہے اور سر درد کو آرام آ جاتا ہے میں نے اس لیپ کا بارہا تجربہ کیا ہے۔

## (۱۱) حب قبض

پرانے قرابا دینی نسخوں کا نچوڑ ہے۔ انجمن خادم الحکمت والوں نے اسے تجویز کیا ہوا ہے اور کئی طبیبوں کا اور میرا بھی معمول مطب ہے۔

**ھوالشافی :** مصبر صاف ۲ تولہ۔ سقمونیہ ایک تولہ۔ آرد ایک تولہ۔ اجوائن خراسانی ایک تولہ۔ غاریقون ایک تولہ۔ ہمراہ شہد حب نخودی بنالیں۔ خوراک رات کو دو سے چار تک بطور مسہل اور آٹھ تک بھی دی جاسکتی ہے۔

**فوائد:** امراض دماغی مثلاً صرع، سکتہ فالج، مالی خولیا، ثقل معدہ، ریاح، کرم شکم، امراض جگر و طحال، امعا، جوڑوں کی دردیں، عرق النساء، اختناق الرحم، بندش حیض، دائمی قبض میں روزانہ دیں۔ امراض چشم وغیرہ وغیرہ۔ لیکن بواسیر والے مریض کو نہ دیں۔ اگر غاریقون نہ ملے تو نوشادر شامل کر کے بنالیں۔ ۵۰ سال سے معمول مطب ہے۔

## (۱۲) نسوار بجلی

**ھوالشافی :** گیری ۹ تولہ۔ پوٹاشیم پرمیگنیٹ ایک تولہ باریک کریں اس کو قدرے معمول سنگھائیں جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے فوراً چھینکیں آنی شروع ہو جاتی ہیں دماغ سے جما ہوا مواد خارج ہو جاتا ہے دماغ کے فاسد مادے نکل جاتے ہیں۔ ناک کے کیڑے بھی نکل جاتے ہیں مرگی میں بھی مجرب ہے۔ معمول مطب ہے۔ اگر سفید رنگ کی بنانی ہو سوڈا بائی کارب ۹ تولہ ملا کر بنالیں۔

## (۱۳) نسوار لاجواب

چاول باسمتی تین بار شیر مدار سے تر و خشک کر کے سکھا کر باریک کریں۔ تیار ہے ایک عطائی آدمی نے بتایا کہ قدرے زعفران سے رنگ دے لیں آدھی رتی کی نسوار دیں اگر چھینک نہ آوے تو قدرے اور دیں کیونکہ یہ ذرا دیر بعد اثر کرتی ہے۔

**فوائد :** درد سر بلغمی شقیقہ عصابہ' مرگی' ام الصبیان' بے ہوشی' سردی' سرسام' دانت درد کے لیے اعلیٰ نسوار ہے اس سے جما ہوا مواد ٹکڑوں کی شکل میں خارج ہو جاتا ہے۔ میں نے اس نسوار کا خوب تجربہ کیا ہے کم خرچ اور بالا نشین ہے۔

## (۱۴) نسوار

حکیم علم دین صاحب بھاگووالیہ ضلع امرت سر کی ذات سے کون ناواقف ہے اعلیٰ درجہ کے معالج بیاض علم دین بھاگووالیہ حصہ اول دوم لاجواب کتابیں ہیں ان کے ماموں نے تحفہ کے طور پر ایک نسوار کا نسخہ عطا کیا تھا جو کہ انہوں نے تمام عمر معمول بنائے رکھا لاجواب چیز ہے۔

**هوالشافی :** سفید کنیر کے پھول۔ کچور۔ بال چھڑ۔ کافور۔ مغز بادام۔ گل بنفشہ۔ اسطوخودوس۔ دانہ الائچی سفید۔ ایک ایک تولہ۔ کشمیری پتہ۔ ۲ تولہ۔ تمام باریک کریں۔

**فوائد :** درد شقیقہ عصابہ کے علاوہ نزلہ و زکام جب کہ بند ہو اس کے کھولنے کے لیے اکسیر ہے۔ یہ ایک لاجواب نسوار ہے دماغ کے سدوں کو کھول دیتی ہے بند زکام کو چالو کر دیتی ہے۔

## (۱۵) لاجواب آیورویدک گولیاں

طب آیورویدک میں سر درد کیلئے لاجواب گولیاں ہیں ان کا نام رس چندر سکاوٹی ہے۔

**هوالشافی :** تخم بھنگ۔ تخم دھتورہ مدبر۔ تخم کنڈیاری خورد۔ سمندر پھل۔ تخم بدھارا۔ گندھک آملہ سار۔ پارہ مصفیٰ۔ (سات اجزا) باریک کر کے آب ادرک سے ایک دن کھرل کر کے ۲۔۲ رتی کی گولیاں بنالیں ہر قسم کے درد سر کے لیے یہ گولیاں لاجواب ہیں۔ نئے سر درد میں دو گولیاں ہمراہ گرم دودھ سے دیں اگر ضرورت پڑے تو چار گھنٹہ کے بعد پھر دیں دائمی درد سر میں دو دو گولی صبح و شام دیں۔

**فوائد :** یہ گولیاں لاجواب ہیں اس سے پرانے سے پرانے سر درد کے مریض شفایاب ہو چکے ہیں انگریزی دواؤں کی طرح دل پر بھی کوئی برا اثر نہیں ہوتا۔ اس کے علاوہ یہ گولیاں ان امراض میں مفید ہیں۔ گنٹھیا۔ سنگرہنی۔ فیل پا۔ آنت اترنا۔ جریان ۔ سرعت ۔ زکام۔ بواسیر وید اس کے ساتھ درج ذیل جوشاندہ بھی تجویز کرتے ہیں۔

## (۱۶) جوشاندہ

**ھوالشافی :** پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ چرائتہ۔ ہلدی۔ پوست نیم۔ گلو۔ مساوی الوزن جوکوب کر کے رکھیں۔ ایک تولہ کو جوش دے کر گڑ سے میٹھا کر کے پلانا سادہ یا مندرجہ بالا گولیوں کے ساتھ سر درد کو مفید ہے۔ مذکورہ بالا گولیوں کے ساتھ پلانا پرانے سے پرانے سر درد کا دافع ہے گو کڑوا ہے لیکن اس جوشاندہ سے آنکھ کے امراض بھی دور ہوتے ہیں بلکہ ویدوں کا دعویٰ ہے کہ گلے کے اوپر کانوں دانتوں اور سر کے امراض دور ہو جاتے ہیں مجرب ہے۔

## (۱۷) معجون درد سر مزمن

**ھوالشافی :** صندل سفید۔ کتیرا۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ خشخاش سفید۔ ہر ایک ۳ تولہ۔ آملہ ۵ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ گل سرخ صاف ڈنڈی سے پاک ۹ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ گل بنفشہ۔ مغز خیار شنبر صاف ۲ تولہ۔ تربد سفید صاف۔ کشنیز خشک ۸ تولہ۔ مغز بادام ۶ تولہ۔ باریک کر کے ۵ تولہ گھی گاؤ یا بادام روغن سے چرب کر کے تین پاؤ مصری کا قوام کر کے ادویہ ملا لیں۔

**خوراک :** ۱۔ا تولہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ کے۔

**غذا :** دال ماش۔ دال مونگ۔ پالک ۔ شوربہ سری بکرا۔ شوربہ مرغ۔ یخنی گوشت بکرا۔ شوربہ نخود۔ کھچڑی۔ دودھ۔ گھی۔ مکھن کھائیں اور جماع سے پرہیز رکھیں۔

**فوائد :** یہ ایک بہت بڑے طبیب کا مجرب ہے اس نسخہ میں کئی اوصاف ہیں قبض کشا بھی ہے مقوی دماغ بھی۔ دماغ میں بخارات چڑھنے سے بھی روکتا ہے صاحب نسخہ کا فرمان ہے کہ اس کے استعمال سے پرانے سے پرانا سر درد بھی دور ہو جاتا نہایت اعلیٰ نسخہ ہے۔

## (۱۸) اطریفل ملین

پیٹ درد۔ قبض سے پیدا شدہ سر درد اور دماغی شکایات میں پرانے اطباء مثلاً اجمل

خاں' قرشی صاحب کا مجرب ہے۔

**ھوالشافی :** پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ خشک۔ تربد صاف ایک تولہ۔ سونف۔ مصطگی۔ اسطوخودوس۔ سقمونیہ۔ ریوند چینی۔ بادام روغن ہر ایک ڈھائی تولہ۔ شہد سہ گنا خوراک ۷ ماشہ۔

**فوائد :** سر درد۔ شقیقہ عصابہ کو مفید رہتا ہے اگر شہد نہ ملائیں تو مشین سے ایک ایک ماشہ کے قرص بنالیں یہ قرص ملین ہیں۔

**خوراک:** ۲ سے ۴ قرص تک ہمراہ آب گرم یا دودھ یہ بے ضرر قبض کشا ہیں۔ امراض دماغ' امراض سینہ' گردہ مثانہ میں قبض کشائی کے لیے اطبا دہلی کے معمول کی چیز ہے' قبض دائمی میں متواتر دو ماہ تک کھلانا۔ کبھی کبھی چھوڑ دینا اور غذا میں میدہ کی اشیاء نہ کھانا اور سبزیاں زیادہ کھانا دائمی قبض کو دور کرنے میں لاجواب بے ضرر قرص ہیں۔ تجربہ شدہ ہیں۔

## (۱۹) مرہم سر درد

**ھوالشافی :** کافور ۲ تولہ۔ ست پودینہ ایک تولہ۔ ست اجوائن ٦ ماشہ۔ موم انگریزی ۲ تولہ۔ روغن زرد ٦ تولہ۔ روغن زرد کو آگ پر گرم کر کے موم ملالیں پھر دوسری ادویہ کو شیشی میں ملا کر دھوپ میں رکھیں عرق بن جانے کی شکل میں تمام ملا کر پیچ دار ڈبی میں بند کر لیں سر درد کے مریض کو پیشانی پر مل دیں اس سے فوراً سر درد بند ہوگا۔ یہ مرہم کئی دواخانوں کا راز ہے کئی ناموں سے فروخت ہو رہی ہے امرت دھارا میں گھی اور موم ملا کر تیار ہو جاتی ہے کام کی چیز ہے تجربہ پر مجرب ثابت ہوئی ہے تیار کر کے مطب میں رکھیں سر درد میں کام کی چیز ہے۔

## (۲۰) عمدہ مشروب

ایک مریض نے مجھ سے بیان کیا کہ میں مدت تک سر درد نزلہ وزکام میں مبتلا رہا تو ایک حکیم صاحب نے مجھ کو یہ نسخہ عطا کیا میں نے استعمال کیا تو مجھ کو شفا ہوگئی پھر مجھ سے کئی آدمیوں نے لکھوایا تمام کو شفا ہوگئی۔

**ھوالشافی :** گل بنفشہ ۳ ماشہ۔ اسطوخودوس ۳ ماشہ۔ دھنیا ۳ ماشہ۔ مغز بادام ۱۱ دانے۔ مغز چار ۳ ماشہ۔ کالی مرچ ۷ دانے۔ پانی میں رگڑ کر پن کر صبح دوپہر شام اتنا اتنا پلائیں سردیوں میں ذرا گرم کر کے پئیں اس سے انشاء اللہ سر درد دائمی اور نزلہ وزکام دائمی دور ہو جاتا ہے۔

## (۲۱) جوشاندہ

ایک طبیب نے شقیقہ وعصابہ کے لیے لاجواب جوشاندہ تجویز کیا ہوا ہے۔قبل از دورہ پلادیں تو دورہ موقوف ہو جاتا ہے۔

**ھوالشافی :** سونٹھ ۲ ماشہ۔ ریوند چینی ۳ ماشہ۔ برگ نیم ۳ ماشہ۔گل اسطوخودوس ۳ ماشہ۔ کشنیز ۳ ماشہ۔مرچ سیاہ ۱۱ دانے گڑ پرانا ۲ تولہ پانی ۱۵ تولہ جوش دے کر چھان کر دورہ سے قبل ایک خوراک پلادیں انشاء اللہ درد موقوف ہوگا۔

## (۲۲) سفوف شقیقہ

اسطوخودوس ۳ تولہ۔ کشنیز خشک ۲ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ڈیڑھ تولہ۔ سونف ایک تولہ۔ فلفل سیاہ ۲ ماشہ۔ مغز بادام ۸ تولہ۔ کھانڈ ۱۶ تولہ۔ باریک کر کے خوراک ایک ایک تولہ ہمراہ عرق منڈی۔ ۷۔۷ تولہ صبح وشام۔اس سے دماغ کا تنقیہ بھی ہوگا اور درد بھی بند ہو جائے گا۔ایک بڑے لائق طبیب کا مجرب ہے جو کہ کراچی میں مطب کرتے ہیں۔ میں نے تیار کیا مفید پایا۔

## (۲۳) شربت دردسر ہر قسم

مویز منقیٰ ۷ تولہ۔ گاؤزبان ۳ تولہ۔ بادرنجبویہ ۳ تولہ۔ افتیمون ۳ تولہ۔ بسفائج ۳ تولہ۔ گل اسطوخودوس ۳ تولہ۔ سناء مکی ۳ تولہ۔ کھانڈ تین پاؤ شربت بنا کر ۴۔۴ تولہ صبح وشام پلا دیں۔اس سے دماغ کا تنقیہ ہو کر سر درد ہر قسم بند ہوگا اس نسخہ سے مواد پک بھی جاتے ہیں اور خارج بھی ہو جاتے ہیں انشاء اللہ تعالیٰ۔

## (۲۴) اطریفل بختی شوع

دردسر شقیقہ عصابہ میں اطریفل کشنیز۔ اطریفل زمانی۔ اطریفل اسطوخودوس۔ تمام پرانے اطبا کی معمول ہیں لیکن اس کے علاوہ ایک اطریفل بختی شوع بھی میرے تجربہ میں لاجواب ثابت ہوئی ہے وہ ایک لاجواب اطریفل ہے۔

**ھوالشافی :** پوست ہلیلہ زرد ۱۰ تولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۱۰ تولہ۔ آملہ صاف ۱۰ تولہ۔گل سرخ صاف ۱۰ تولہ۔ بادام روغن ۱۰ تولہ۔ مغز جمال گوٹہ مدبر ایک تولہ۔ قند سفید اور شہد ۳۔۳ پاؤ قوام بنا کر شیشی یا چینی کے برتن میں ڈال کر چالیس یوم دھوپ میں رکھیں پھر چند دن غلہ

گندم میں رکھیں۔ تیار ہے۔

**خوراک :** ۵ ماشہ۔ صبح کو عرق سونف ۷ تولہ سے کھائیں۔

**فوائد :** شقیقہ عصابہ، امراض چشم، صرع، سکتہ، قدر فالج، لقوہ، برص، جذام، خارش، سوزاک جمیع امراض سوداوی و بلغمی آتشک، رعشہ قولنج پیٹ کے کیڑے کو نکال دیتی ہے۔ ورق چاندی میں لپیٹ کر کھلایا کریں اطباء قدیم کی ایجاد ہے کسی وقت میں جس طبیب کے مطب میں یہ نسخہ نہ ہوتا تھا تو اس کو طبیب ہی نہ مانتے تھے اس کو کھلا کر میں نے بہت فائدہ اٹھایا ہے خاص کر درد سر شقیقہ وعصابہ میں رات کو کھلانا تمام مواد کو نکال دیتا ہے۔ یہاں تک کہ پیٹ کے کیڑے اور مٹی بھی کھائی ہوئی کیچڑ بن کر نکل جاتی اور پیٹ کی صفائی ہو جاتی ہے۔ اس کو اس طرح بھی کھلانا مفید لکھا ہے۔ اطریفل زمانی ۳ ماشہ۔ اطریفل اسطوخودوس ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ میں لپیٹ کر عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ سے کھانا امراض دماغ کل کو مفید ہے حذاق کا مجرب ہے۔

## (۲۵) گلقند لقمانی

**ھوالشافی :** گل قند ۱۵ تولہ۔ سقمونیہ ولایتی ڈھائی تولہ۔ برگ سنا مکی ۵ تولہ۔ مغز بادام مقشر ڈھائی تولہ۔ ہلیلہ زرد کا چھلکا ۵ تولہ۔ بادام روغن ۲ تولہ۔ باریک کر کے ڈبی میں رکھیں برائے قبض ۴ ماشہ۔ مسہل کے لیے ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک۔ گرم دودھ سے دینا نزلہ وزکام سر درد پیٹ درد کے لیے لاجواب مرکب ہے یہ ایک اشتہاری نسخہ تھا حاصل کر کے آزمایا اب آپ کی نظر کر رہا ہوں ضرورت پڑنے پر اس کو تیار کر لیا کریں اگر ہلیلہ زرد کی بجائے ہلیلہ جلاپہ شامل کریں تو اس کے فوائد بڑھ جاتے ہیں میں نے دونوں طرح تیار کر لیا تھا۔

## (۲۶) حب ایارج فیقرا

ہمارے ہاں ایک نہر پر ملازم کے پاس سر درد کے لیے لوگ جاتے وہ گولیاں دیتا جس سے سر درد کو آرام آ جاتا میں نے اس کے پاس جا کر نسخہ طلب کیا تو وہ حب ایارج کا نسخہ تھا جس سے مریض کے دماغ کا تنقیہ ہو جاتا اور سر درد بند ہو جاتا جس سے مجھ کو طب یونانی کی تجویز پر خوشی ہوئی حب ایارج کیا چیز ہے؟

**ھوالشافی :** پہلے ایارج فیقرا تیار کریں۔ مصبر ۲ تولہ۔ سنبل الطیب ایک تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ عود بلسان ایک تولہ۔ تج قلمی ایک تولہ۔ مصطگی رومی ایک تولہ۔ اسارون ایک تولہ۔

زعفران ایک تولہ باریک کر کے رکھیں۔ یہ امراض جگر اور امراض دماغ میں دیا جاتا ہے خوراک ۴ رتی۔ یہ ایارج فیقرا ہے۔

## (۲۷) حب صداع

**ھوالشافی :** نسخہ مندرجہ بالا میں سے ۹ ماشہ۔ تربد سفید ۹ ماشہ۔ حب النیل ساڑھے ۴ ماشہ۔ غاریقون ساڑھے ۴ ماشہ۔ سونف رومی ساڑھے چار ماشہ۔ شحم حنظل ۳ ماشہ۔ نمک سانبھر ۳ ماشہ۔ عرق سونف سے گولیاں بقدر مونگ تیار کر کے رکھیں آدھی رات کے قریب بقدر ۵ ماشہ کھلا دیں عرق گاؤزبان کے ساتھ دیں صرع، سکتہ، دردسر کہنہ امراض آنکھوں کو مجرب ہیں۔

**اقوال حکما و نکات مطب :** حب ایارج ۴ رتی اطریفل کشنیزی میں رکھ کر کھلا دیں ۱۵ روز کے بعد مسہل دیں اس کے علاوہ معجون نجاح ۷۔۷ ماشہ صبح و شام کھلانا درد کو مفید ہے۔ عصابہ و شقیقہ مرض میں اگر قبض سے ہو تو اطریفل زمانی ایک تولہ ہمراہ بنفشہ۔ گاؤزبان۔ اسطوخودوس ۳۔۳ ماشہ۔ سونف ۵ ماشہ۔ منقیٰ ۹ دانہ جوشا کر پلا دیں۔ یہ اگر نزلہ سے ہو اطریفل زمانی رات کو کھلا کر بنفشہ ۷ ماشہ خطمی ۷ ماشہ ملٹھی ۵ ماشہ بھوسی گندم ۵ ماشہ۔ اسطوخودوس ۳ ماشہ۔ بادرنجبویہ ۳ ماشہ۔ جوشا کر شربت بنفشہ ملا کر پلائیں۔ اگر کمی خون سے ہو شربت فولاد یا کشتہ فولاد معجون دبید الورد ۵ ماشہ میں رکھ کر عرق سونف ۱۲ تولہ شربت دینار ۲ تولہ ملا کر صبح و شام پلانا مجربات میں سے ہے اس کورس سے رحم۔ جگر معدہ و گردہ دھل جائیں گے اور دردسر بھی دور ہو گا تمام جسم کا تنقیہ ہو جائے گا۔

## (۲۸) دماغون

ایک مشہور حکیم جو کہ ہمارے علاقے میں تھا اس کو ایک اور حکیم نے تحفہ کے طور پر دماغ کے لیے ایک نسخہ عطا کیا جو کہ مرکب تھا اس نے تمام عمر کا معمول بنایا۔

**ھوالشافی :** اسطوخودوس۔ برہمی۔ سونف۔ ہلیلہ۔ ہلیلہ آملہ کے چھلکے۔ ہلیلہ سیاہ۔ مرچ سیاہ۔ منڈی بوٹی۔ ۱۔۱ تولہ۔ مغز بادام چار تولہ۔ کھانڈ ۱۴ تولہ باریک کر کے رکھیں۔

**خوراک :** ۳۔۳ ماشہ صبح و شام مقوی دماغ، مقوی بصر، دافع سر درد مزمن، کمی حافظہ کو تمام اطریفلوں کا مرکب نسخہ ہے۔ آپ بھی تیار کریں۔ نکات مطب اگر اطریفل منڈی بنانی ہو

تمام اجزاء کے برابر منڈی ملا کر بنا لیں تو امراض چشم میں میں نے تیار کر کے اس سے فائدہ اٹھایا ہے۔ اگر تمام اجزاء کے برابر سونف ملا کر بنا دیں اطریفل سونف کے مقابلہ میں بن جائے گی۔

V.1.N

## (۲۹) مخرج بلغم

ہمارے علاقے کے ایک قصبہ میں ایک عطائی حکیم شقیقہ وعصابہ اور اُل ہر قسم کے مجرب علاج کرتا تھا وہ نسخہ نہ بتاتا تھا آخر اس علاقے کے ایک حکیم نے منت سماجت کر کے پوچھ لیا۔ نسخہ مجرب ہے۔ اس کے بعد جالندھر سے ایک کتاب منگوائی جس کا نام رتن پرکاش ہے اس میں بھی یہ نسخہ نکل آیا۔

**ھوالشافی :** ٹڈا مدار سایہ میں خشک کردہ ایک تولہ۔ سفید مرچ ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا ایک تولہ۔ باریک کریں تیار ہیں بوقت ضرورت مریض کو لٹا کر جس طرف تکلیف ہو رتی کے قریب یا کم وبیش نسوار دیں اور نلکی کے ذریعہ سے ناک کے سوراخ میں پھونک مار دیں تاکہ اچھی طرح دماغ میں پہنچ جائے اور عمل کرتے ہی مریض کو بٹھا دیں منہ کے راستہ بکثرت بلغم خارج ہوگی جس سے مریض کو آرام آنا شروع ہو جائے گا۔ دن میں دو بار صبح وشام یہ عمل کریں۔

**غذا :** چوری گندم۔ روغن زرد میں بنا کر کھانڈ قدرے سے میٹھی کریں کھٹائی اور تیل سے پرہیز کریں اگر دونوں آنکھوں میں درد ہو تو دونوں طرف نسوار دیں یہ لاجواب علاج ہے اور صاحب کتب کا بھی کافی شہرت یافتہ ہے۔

## (۳۰) دوائے شفا

شدید درد میں چھوٹی چندن باریک کر کے ۴ رتی سے ایک ماشہ تک کھلانا سر درد کو بند کر دیتا ہے حکیم اجمل خاں رحمۃ اللہ علیہ کے مطب میں دوائے شفا کے نام سے مشہور تھا۔

**نکات مطب:** ہر قسم کی سر درد میں قبض کو دور کرنا ماتھے پر ضماد کا لگانا نسوار کے ذریعہ ناک سے مواد کا نکالنا۔ اور کمزوری دماغ کا تدارک کرنا اور ہاضمہ کو درست کرنا ہی کامیابی کا راز ہے۔ اس کے لیے متقدمین کے نسخے لاجواب اور مجرب ہیں کچھ میں نے اس سے پہلے لکھ بھی دیئے ہیں۔ حب شفا کا نسخہ بھی سر درد۔ تپ نزلہ زکام میں مجرب ہے۔

**مقدار خوراک :** ۱۔۱ گولی صبح وشام کھلانا دردسر کو بند کر دیتا ہے۔

## (۳۱) حب شفاء

**ھوالشافی :** تخم دھتورہ سیاہ ۳ تولہ۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔ سونٹھ ایک تولہ۔ گوند کیکر ایک تولہ چنے سے قدرے چھوٹی گولیاں بنالیں۔ نوبت سے قبل ایک عدد کھلا دیں ایک شام کو دیں لاجواب ہیں۔ اس کا پوڈر رکھ لیں اور ملٹھی باریک کردہ ۲ ماشہ کھانڈ ۲ ماشہ میں ۲ رتی پوڈر رکھ کر کھلانا نزلہ زکام سر درد کو مفید ہے۔ ملیریا بخار کو دور کرتا ہے۔ پرانے اطبا کا لاجواب نسخہ ہے جس کے تمام فوائد اور مرکبات نزلہ وزکام کے بیان میں بیان کر دوں گا۔ انشاء اللہ۔

طب یونانی اور آیوریدمیں کوئی دوائی ایسی نہیں جو کہ سر درد اور عام دردوں کو فوری طور پر روک دے یہ سہرا طب انگریزی کے سر پر ہے۔ آج کل تو بازار میں کئی ٹکیاں فروخت ہو رہی ہیں لیکن سب سے پہلا نسخہ جو کہ وجود میں آیا وہ یہ تھا۔

## (۳۲) انگریزی نسخہ

**ھوالشافی :** اسپرین ۵ تولہ۔ نے سیے ٹین ۳ تولہ۔ کیفین ۲ تولہ باریک کر کے رکھیں۔ ڈھائی رتی سے ایک ماشہ تک اس کی خوراک ہے اگر رنگ بدلنا ہو تو اس وزن میں ۳ ماشہ گیرو باریک کر کے ملا دیں ۵ رتی اس کی عام خوراک ہے دن میں تین بار ہمراہ پانی چائے نیم گرم دودھ۔ سر سے لے کر پاؤں تک جسم کے کسی حصہ میں درد ہو کام کاج محنت رنج وغم نیند نہ آنا سردی گرمی روز کام سے دردسر ہو شقیقہ۔ جوڑوں کا درد۔ کمر درد۔ ران کا درد۔ چھاتی میں درد۔ دانت درد۔ کان درد۔ آنکھ درد۔ گلے میں درد۔ عورت کو ماہواری آنے کا درد۔ چوٹ کا درد۔ اس سے دور ہو جاتا ہے۔ ملیریا بخار چڑھا ہوا اس سے فوراً کم ہو جاتا ہے اس سے پسینہ آ کر فائدہ ہو جاتا ہے میں نے بے شمار حکماء اور وید کے پاس اس نسخہ کو دیکھا اس کے اجزاء مضر اثرات سے پاک ہیں۔

## (۳۳) سفوف احمر (دلیس اے پی سی)

طب جدید شاہدروی والوں نے بھی ایک نسخہ کو ترتیب دیا ہوا ہے وہ بھی لاجواب ہے اس کا اشتہار ملاحظہ ہوا۔ بدن کے حصہ میں درد ہو سر کمر وغیرہ کسی حصے میں درد ہو رہا ہو اس کی ایک خوراک ۴ رتی صرف پانی سے کھلا دینے سے پانچ منٹ میں درد بند ہو جاتا ہے اگر کسی کو بچھو یا بھڑ کاٹ گیا ہو تو اس کی ایک خوراک دینے سے فوراً آرام حاصل ہو جاتا ہے۔ بخار یقینی

تپ کی حالت میں جبکہ طبیعت بے چین ہو گھبراہٹ ہو اس کی ایک خوراک سے چند منٹ میں تسکین ہو جاتی ہے بخار اتر جاتا ہے پیاس کم ہو جاتی ہے۔ ذات الجنب۔ اور چوٹ وغیرہ دردوں کو فوراً آرام دیتی ہے۔

**ھوالشافی :** سرکہ تند ایک بوتل نمک خوردنی ایک پاؤ باریک کر کے تانبہ آہنی پر رکھیں اور قدرے سرکہ ڈالتے جائیں جب تمام سرکہ جذب ہو جائے تو اُتار کر سرد کر کے کشتہ گئودنتی ۱۰ تولہ گیری ۵ تولہ ملا کر باریک کریں بتا رہے۔ خوراک ۲ رتی سے ۴ رتی تک ہمراہ آب تازہ۔

انگریزی پوڈر اے پی سی جو کہ اوپر لکھا گیا ہے اس سے زیادہ مفید ہے۔

میں نے اس کو تیار کر کے اے پی سے کے مقابلہ میں مفید پایا ہے۔

## (۳۴) بھلانوہ

**ھوالشافی :** ایک عطائی آدمی نے مجھ سے بیان کیا کہ ہمارے علاقے میں ایک آدمی سر درد کا علاج اس طرح کرتا تھا کہ سوئی موٹے تازے بھلاوے میں چبھو کر کنپٹی پر تین لکیریں لگا دیتا درد رفع ہو جاتا لیکن آٹھ پہر اس پر پانی نہ لگنے دیتا۔ اس کے بعد یہ نسخہ حضرت مولانا عبدالمجید سوہدرویؒ کی کتاب سے اس طرح ملا کہ سوئی بھلاوہ میں چبھو کر اس رگ پر جو کہ تڑپتی ہو اس میں چبھو دیں تا کہ بھلاوہ کا رس اس رگ میں چلا جائے چند بار کرنے سے درد رک جائے گا اور ایسا معلوم ہو گا کہ کبھی ہوا ہی نہیں۔ انشاء اللہ۔

## (۳۵) لاجواب بتی

**ھوالشافی:** افیون۔ نیلا تھوتھا۔ میٹھا تیلیہ۔ گوگل اصلی۔ کھرل میں ڈال کر رگڑیں بغیر پانی کے گیلی ہو جائے گی پھر اس کی بتی بنا کر رکھیں اور بوقت ضرورت پتھر پر گھس کر کاغذ پر لگا کر کنپٹی پر چپکا دیں ۱۵ منٹ میں درد اُل بند ہو گا۔ یونانی حکما کے مجربات میں سے ہے۔ اس سے آنکھ بیٹھنے سے بچ جاتی ہے لاجواب مجرب ہے۔ بڑے حکیم کا فرمان ہے۔

## (۳۶) ضماد

نظریہ مفرد اعضاء والوں نے اس مرض پر بہت غور کرنے کے بعد یہ ضماد تیار کئے ہیں کہ ان کے استعمال سے درد سر درد اُل رک جاتا ہے۔

**نمبر ۱ :** جمالہ گوٹہ۔ نیلا تھوتھا۔ صابن دیسی۔ رائی۔ نوشادر۔ مساوی الوزن باریک کر کے

کنپٹی پر پچھنے لگا کر خون صاف کر کے مل دیں اس سے درد اُل خطرناک شقیقہ دور ہوگا۔

**نمبر ۲ :** نیلا تھوتھا۔ نوشادر۔ مغز جمال گوٹہ۔ گندھک آملہ سار مساوی الوزن باریک کر کے پچھنے لگوا کر مل دیں۔ اس سے بھی خطرناک سر درد اُل اور شقیقہ دور ہوگا۔

**نمبر ۳ :** چونہ ان بجھا شہد ا۔ا ماشہ جلدی جلدی لگا دیں پچھنے نہ لگائیں کاغذ کے ٹکرے پر لگا کر لگائیں یہ چمٹ جائے گا۔

## (۳۷) معجون

**هوالشافي :** سونف۔ منقیٰ۔ گل سرخ صاف۔ دانہ الائچی خورد ۶۔۶ ماشہ۔ سنا مکی صاف۔ مغز بادام ا۔ا تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۷ ماشہ۔ گل بنفشہ ایک تولہ۔ گلقند ۶ تولہ باریک کر کے ملا کر ڈبہ میں بند کریں خوراک ۶ ماشہ سے تولہ تک صبح و شام ہمراہ خمیرہ بنفشہ یا شربت بنفشہ ذرا گرم پانی میں گھول کر اس سے دیں اس سے قبض کشائی بھی ہوگی دماغ کا تنقیہ بھی ہوگا قبض بھی دور ہوگی۔ انشاء اللہ شقیقہ وعصابہ اور درد اُل کو مفید ہوگی۔

میں نے آپ کے سامنے نئے اور پرانے حکما کے تجربے اور خود اپنے تجربے لکھ دیئے ہیں ہر ایک نسخہ میں صداقت ہے اصول کے صحیح ہیں۔ آپ اپنے مریضوں پر بے دھڑک استعمال کریں۔ آگے کمزوری دماغ سے سر درد کا علاج ہے۔

## کمزوری دماغ

درد سر صرف دماغی کمزوری اعصاب سے سر درد ہونے لگتا ہے۔ روغن لبوب سبعہ ناک اور کان میں ڈالیں مریض کو کامل آرام دیں۔ دماغ پر روغن لبوب سبعہ کی مالش کریں اور فکر و غم سے بچائیں۔ ناک میں بھی ٹپکا دیں۔ کمزوری دماغ کے لیے خمیرہ گاؤزبان سادہ یا عنبری یا جواہر والا کھلا دیں۔ مربہ آملہ کھلائیں۔

## (۳۸) خمیرہ گاؤزبان سادہ

گاؤزبان ۳ تولہ۔ گل گاؤزبان۔ کشنیز خشک۔ ابریشم مقرض۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تخم بالنگو۔ تخم فرنجمشک۔ بادرنجبویہ۔ درونج عقربی۔ اسطوخودوس۔ تودری سرخ و سفید۔ ا۔ا تولہ پانی دو سیر میں رات کو بھگو کر صبح کو جوش دیں جب ایک سیر رہ جائے تو کھانڈ ایک سیر اور شہد ایک پاؤ ملا کر خمیرہ بنا دیں۔

**خوراک :** ایک تولہ ورق نقرہ میں لپیٹ کر کھلائیں۔ دل دماغ کو قوی کرتا ہے وحشت گھبراہٹ پیاس کو دور کرتا ہے اور مقوی بصر ہے۔ اگر اس خمیرہ میں ۳ ماشہ عنبر اور ورق نقرہ ۶ ماشہ کھرل کریں تو عنبری بن جائے گا۔ اگر طباشیر ۶ ماشہ ورق طلا ۶ ماشہ گھوٹتے وقت شامل کریں تو خمیرہ گاؤزبان عنبری ورق طلا والا بن جائے گا۔ اگر خمیرہ گاؤزبان عنبری ورق طلا والا میں مروارید یاقوت زمرد۔ زہرہ خطائی ۴۔۴ ماشہ شامل کریں تو خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا بن جائے گا یہ تمام نسخہ جات دل دماغ کو مقوی ہیں قوت حافظہ دماغی تھکن کو دور کرنے میں پرانے تمام اطبا کے مجرب ہیں۔ اگر خمیرہ گاؤزبان عنبری کے قوام میں جدوار۔ عودصلیب۔ ا۔ا تولہ عنبر کے ساتھ ملا کر کھرل کریں یوں یہ خمیرہ عنبری جدوار عودصلیب والا بن جائے گا تو یہ خمیرہ مقوی اعضاء رئیسہ اور مقوی اعصاب بن جائے گا اور فالج لقوہ۔ رعشہ۔ ام الصبیان اور اختناق الرحم میں مجرب ہوگا۔

**خوراک :** ۳۔۳ ماشہ۔ عرق گاؤزبان کے ساتھ دیں پرانے اطبا کا معمول ہے اور میں نے بھی ان کو آزما کر بہت فائدے حاصل کیے ہیں پرانے اطبا کمزوری دماغ میں حریرے بھی پلایا کرتے تھے اس کے لیے لاجواب نسخے حاضر ہیں جو کہ میرے معمول میں ہیں۔

## (۳۹) حریرہ

**هوالشافی :** مغز بادام ۱۰۰ عدد۔ مغز کدو ۵ تولہ۔ مویز منقیٰ ۱۲۰ دانہ۔ مرچ کالی ۱۴۰ دانہ۔ الائچی خورد ۴۰ دانہ۔ اس کی ۲۱ عدد گولیاں بنالیں اور ایک گولی توڑ کر مکھن ڈھائی تولہ کھانڈ ڈھائی تولہ ملا کر دودھ یا چائے سے کھلانا مقوی دماغ ہے اس سے دائمی سر درد نزلہ زکام دائمی اور کمزوری جسم کو مفید ہے اور مقوی باہ ہے اور جسم کو موٹا کرتا ہے۔ حریرہ کے مقابلے کا نسخہ ہے۔

## (۴۰) شاہی حریرہ

مقوی دماغ و جسم درد' سر درد۔ دافع ہزال بدن۔

**هوالشافی :** مغز تخم کدو۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز خیارین۔ مغز تربوز۔ مغز چلغوزہ۔ مغز فندق ۶۔۶ ماشہ۔ مغز ناریل۔ خشخاش سفید۔ چاول ساٹھی۔ مغز بادام ایک' ایک تولہ۔ کشنیز خشک ۶ ماشہ سونف ۳ ماشہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ نشاستہ گندم ۶ ماشہ مصری کوزہ ۵ تولہ۔ نشاستہ گندم کے علاوہ ڈیڑھ پاؤ پانی میں گھوٹ کر ڈھائی تولہ گھی کا ہلکا جوش دیں اس کے بعد نشاستہ بھی ڈال کر

ہلکا جوش دیں اور صبح کے وقت پی لیں رات کو اطریفل کشنیز ۷ ماشہ کھایا کریں یہ ایک لاجواب نسخہ ہے۔

## (۴۱) حریرہ پیری

یہ حریرہ مجھ کو ایک حکیم صاحب سے ملا انھوں نے بتایا کہ میرے پیر صاحب کا ذاتی مجرب ہے وہ اس کو متواتر چالیس سال پیتے رہے جس سے ان کا جسم' چہرہ' آنکھیں ٹھیک رہیں حافظہ بھی ٹھیک رہا اُن پیر صاحب نے اپنے مرید حکیم کو بتایا اور انہوں نے مجھ کو عطا کر دیا۔ لاجواب نسخہ ہے۔

**ھوالشافی :** مغز بادام مقشر ۲۵ تولہ۔ مغز تخم کدو ۳ تولہ۔ مغز تخم خیار ۳ تولہ۔ مغز تربوز ۳ تولہ۔ خشخاش سفید ۵ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ایک تولہ۔ مغز تمر ہندی خورد ۵ تولہ۔ کشنیز خشک مقشر ۵ تولہ۔ نشاستہ گندم ایک پاؤ۔ دال ماش ایک پاؤ۔ آٹا چاول باسمتی ایک پاؤ۔ سفوف کریں ایک چمچ دودھ آدھ سیر میں جوش دیں اور قدرے کھانڈ یا نمک ڈال کر پی لیں۔ میرے خیال میں نشاستہ گندم' دال ماش' چاول باسمتی بریاں کر کے ڈالنا چاہیے کہ ہضم جلدی ہو جائے یا قدرے دارچینی اور مرچ کالی ملا کر رکھیں یہ ایک لاجواب حریرہ ہے اس سے جسم بھی موٹا تازہ ہوگا دماغ قوی ہوگا دماغی کام کرنے والوں کو مفید ہے۔ اگر املی خورد نہ ہو تو کلاں کے مغز بریاں کر کے ملا لیں۔ ایک خاندان کا راز تھا افشا کر دیا ہے۔

**نکات مطب :** تمام قسم کے سر درد میں آرام پہنچائیں اور پاشویہ کریں اس سے تمام قسم سر درد بند ہو جاتا ہے۔ چھان گندم ۵ تولہ۔ برگ بیری ۵ تولہ۔ نمک ۶ ماشہ ایک پوٹلی میں باندھ کر پانی ۵ سیر میں جوشا کر مریض کو بٹھا کر اس کے دونوں پاؤں سے گھٹنوں تک تمام پیروں پر پانی ڈال کر سوتتے رہیں جب پانی ختم ہو جائے تو پاؤں پونچھ کر باندھ دیں اس سے شدید قسم کا سر درد بھی بند ہو جاتا ہے۔

**غذا :** ہلکی زود ہضم غذا دیں ثقیل اشیاء سے پرہیز کریں اور قبض روزانہ دور کرتے رہیں دماغ پر بادام روغن کی مالش کریں یا گھی میں بادام جلا کر اس کی مالش کریں۔ مقوی دماغ خمیرہ اور ہاضم ادویہ کا استعمال کریں۔ ہاضمہ کے لیے معجون نانخواہ۔ حب کبد نوشادری بعد از غذا دیں اور کمزوری کے لیے دوائے مسک معتدل سادہ یا جواہر والی۔ خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا۔ کشتہ مرجان جواہر والا۔ قرص نقرہ مرکب۔ قبض کے لیے خمیرہ بنفشہ۔ حب جواہر۔ خمیرہ مروارید۔

کشتہ مرجان۔ کشتہ منور جوارش جالینوس ۷ ماشہ میں رکھ کر کھلانا کی ہاضمہ کے لیے جوارش مصطگی۔ انوش دارو سادہ کھلانا مفید ہے۔

## اقوال حکماء

**ھوالشافی :** روغن زیتون کے ماتھے پر مالش کرنے سے درد شقیقہ دفع ہو جاتا ہے۔ صرف مسمر کا استعمال درد سر سرد کے لیے مفید ہے یہ فاضل جالینوس اور دوسرے آٹھ اکابر کا قول ہے اور افیون بقدر دانہ مسور روغن گل میں مل کر کے سر درد کے مریض کو پیشانی پر اس کا طلا کریں اس سے شدید سے شدید سر درد کو آرام آ جاتا ہے۔

## (۴۲) مرکب برہمی

دماغ کے قوی کرنے میں برہمی بوٹی کے مرکبات بھی لاجواب ہیں۔ لہٰذا پرانے حکما کے مجربات حاضر ہیں۔

**ھوالشافی :** برگ برہمی ۱۰ تولہ۔ مغز بادام ۱۰ تولہ۔ مغز چہار ۱۰ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۵ تولہ۔ کالی مرچ ایک تولہ۔ سفوف کر کے ۳۔۳ ماشہ صبح و شام کھلا دیں یا برہمی تر ۵ ماشہ خشک ۲ ماشہ۔ مغز بادام ۱۱ عدد۔ تخم الائچی ایک ماشہ۔ چار مغز ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۷ دانہ کھانڈ ۵ تولہ پانی پاؤ بھر میں گھوٹ کر پلا دیں۔ یا برہمی ۳ ماشہ کی چائے پلائیں۔

## (۴۳) شربت برہمی

آب برہمی تازہ ایک پاؤ مغز بادام ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ پانی سادہ آدھ سیر میں گھوٹ کر چھان کر کھانڈ ایک سیر ملا کر شربت بنا دیں۔

**خوراک :** ۳۔۳ تولہ پانی ایک پاؤ میں ڈال کر پئیں۔

برہمی مقوی دماغ۔ مصفی خون۔ ہے ہومیو پیتھک والوں نے اسکو دافع کوڑھ بنایا ہے۔

## (۴۴) معجون برہمی

**ھوالشافی :** مغز بادام مقشر ۳ تولہ۔ برہمی بوٹی ۳ تولہ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم تربوز۔ مغز تخم خیارین۔ خشخاش سفید۔ پوست ہلیلہ اور آملہ۔ پوست بلیلہ۔ سونٹھ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک تولہ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۶

کشتہ مرجان۔ کشتہ منور جوارش جالینوس ۷ ماشہ میں رکھ کر کھلانا کمی ہاضمہ کے لیے جوارش مصطگی۔ انوش دارو سادہ کھلانا مفید ہے۔

## اقوال حکماء

**ھوالشافی :** روغن زیتون کے ماتھے پر مالش کرنے سے درد شقیقہ دفع ہو جاتا ہے۔ صرف مصبر کا استعمال درد سر سرد کے لیے مفید ہے یہ فاضل جالینوس اور دوسرے آٹھ اکابر کا قول ہے اور افیون بقدر دانہ مسور روغن گل میں مل کر کے سر درد کے مریض کو پیشانی پر اس کا طلا کریں اس سے شدید سر درد کو آرام آ جاتا ہے۔

## (۴۲) مرکب برہمی

دماغ کے قوی کرنے میں برہمی بوٹی کے مرکبات بھی لاجواب ہیں۔ لہٰذا پرانے حکما کے مجربات حاضر ہیں۔

**ھوالشافی :** برگ برہمی ۱۰ تولہ۔ مغز بادام ۱۰ تولہ۔ مغز چہار ۱۰ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۵ تولہ۔ کالی مرچ ایک تولہ۔ سفوف کر کے ۳۔۳ ماشہ صبح و شام کھلا دیں یا برہمی تر ۵ ماشہ خشک ۲ ماشہ۔ مغز بادام ۱۱ عدد۔ تخم الائچی ایک ماشہ۔ چار مغز ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۷ دانہ کھانڈ ۵ تولہ پانی پاؤ بھر میں گھوٹ کر پلا دیں۔ یا برہمی ۳ ماشہ کی چائے پلائیں۔

## (۴۳) شربت برہمی

آب برہمی تازہ ایک پاؤ مغز بادام ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ پانی سادہ آدھ سیر میں گھوٹ کر چھان کر کھانڈ ایک سیر ملا کر شربت بنا دیں۔

**خوراك :** ۳۔۳ تولہ پانی ایک پاؤ میں ڈال کر پئیں۔

برہمی مقوی دماغ۔ مصفی خون۔ ہے ہومیو پیتھک والوں نے اسکو دافع کوڑھ بنایا ہے۔

## (۴۴) معجون برہمی

**ھوالشافی :** مغز بادام مقشر ۳ تولہ۔ برہمی بوٹی ۳ تولہ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم تربوز۔ مغز تخم خیارین۔ خشخاش سفید۔ پوست ہلیلہ اور آملہ۔ پوست بلیلہ۔ سونٹھ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک تولہ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۶

ماشہ۔ شہد ایک پاؤ۔ کھانڈ آدھ سیر قوام کر کے ملا لیں۔ خوراک ۹۔۹ ماشہ۔ صبح و شام دودھ یا چائے سے دیں۔ مقوی دماغ۔ دافع نزلہ و زکام' مقوی حافظہ ہے۔

## (۴۵) سفوف برہمی جواہرات والا

**ھوالشافی :** برہمی ۱۰ تولہ۔ زمرد ۳ ماشہ۔ یاقوت ۳ ماشہ۔ عقیق ۳ ماشہ۔ سونف ۲ تولہ۔ مغز بادام ۴ تولہ۔ کشتہ مرجان جواہر والا ڈیڑھ ماشہ۔ باریک کر کے ملا لیں۔

**خوراک :** ۲۔۲ ماشہ۔ ہمراہ دودھ۔ از حد مقوی دماغ دافع نسیان۔ کمزوری جسم ہے۔

## (۴۶) اکسیر نقرئی

پرانے اطبا کا تجویز کردہ نسخہ اکسیر دماغ لاجواب ہے۔

**ھوالشافی :** ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ کہربا شمعی ۴ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۴ ماشہ۔ مرجان ۴ ماشہ۔ بسد احمر ۴ ماشہ۔ طباشیر نقرہ ۴ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ روح کیوڑہ۔ روح گلاب۔ روح بید مشک ۳۔۳ تولہ سے کھرل کریں اور سفوف بنا لیں۔ خوراک ایک رتی۔ مقوی دل' دماغ' جگر' دائمی نزلہ زکام' سر درد' سل' دق' گرمی' جریان' احتلام' کمزوری مستورات' لیکوریا' ہزال بدن لاجواب ہے' اس کے کئی مرکب ہیں لیکن یہ سب سے اعلیٰ ہے۔ اگر اس کو درج ذیل بدرقہ سے کھائیں تو لاجواب ہو گا۔

## (۴۷) چھوہارا

**ھوالشافی :** چھوہارا کلاں ایک عدد۔ مغز بادام ۱۱ عدد کو بوقت شب ایک کورے برتن میں بھگو دیں صبح کو بادام چھیل کر اور چھوہارا کی گٹھلی نکال کر اور الائچی خورد ۴ عدد کے دانے نقال کر خوب پیسیں' پھر مکھن ۵ تولہ' مصری ۵ تولہ ملا کر اس میں ۲ رتی ملا کر کھلا دیں تو انشاء اللہ اس کے استعمال سے جیسے خشک باغ پانی ملنے سے ہرا بھرا ہو جاتا ہے اس نسخے سے جسم تر و تازہ ہو جائے گا۔ پتلا جسم موٹا تازہ ہو جائے گا۔ دائمی سر درد دور ہو گا۔

## (۴۸) صلایہ نقرہ دیگر

**ھوالشافی :** دانہ الائچی خورد۔ طباشیر نقرہ۔ مروارید ناسفتہ۔ ورق نقرہ۔ کشتہ عقیق بے داغ ا۔ا تولہ عرق گلاب سہ آتشہ سے کھرل کریں۔

**خوراک** : ۱۔ا رتی ہمراہ خمیرہ گاؤزبان سادہ مکھن، ملائی یا معجون مربہ جات۔ خمیرہ ابریشم سادہ سے کھلانا بڑے بڑے قیمتی نسخوں سے بے نیاز کر دے گا معجون مربہ جات۔ مربہ ہی۔ مربلہ آملہ۔ مربہ سیب۔ مرگہ گاجر۔ مربہ پیٹھہ ۵۔۵ تولہ۔ چاقو سے کتر کر کونڈے ڈنڈے سے کوٹ کر ڈبی میں بند کریں۔

**مقدار خوراک** : ۲ تولہ۔

## نکات مطب

مغزیات دماغ کو مفید ہوتے ہیں، مغز اخروٹ کی شکل دماغ جیسی ہے، مغز بادام۔ جانوروں کے دماغ کے مغز۔ اسی طرح برہمی کے پتے کی شکل بھی دماغ جیسی ہے۔ ہر مغز مفید ہے۔

## (۴۹) سفوف دماغ لاجواب

بڑے مشہور حکیم کے مطب کا کامیاب نسخہ ہے۔

**ھوالشافی** : برہمی در روغن گائے بریاں شدہ۔ مغز دھنیا۔ تخم سونف۔ دانہ الائچی کلاں۔ مغز بادام مقشر۔ مغز تخم کدو شیریں۔ خشخاش سفید ۵۔۵ تولہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ ورق نقرہ ٦ ماشہ۔ مصری کوزہ تیس تولہ۔

**مقدار خوراک** : ۱۔ا تولہ خوراک اتنی رکھیں کہ فی خوراک کشتہ مرجان ایک رتی سے زیادہ نہ ہو ہمراہ جوش دادہ شیر سے دیں۔ نہایت آسانی سے تیار ہونے والا۔ سفوف مقوی دماغ و مقوی بدن ہے۔ سر درد دائمی نزلہ زکام نسیان۔ دوار سر کو لاجواب ہے بنا کر مطب کی زینت بنائیں۔ ورق نقرہ کو مساوی الوزن مصری ملا کر کھرل کریں کہ چمک زائل ہو جائے پھر کشتہ مرجان ملا کر یک جان کریں اور داخل ترکیب کر لیں اور امراض دماغ کے لیے ایک لاجواب ہتھیار ہے۔

## (۵۰) حریرہ مقوی دماغ

یہ نسخہ مریض نے شفایاب ہونے کے بعد بتایا۔

**ھوالشافی** : مغز بادام ایک تولہ۔ مغز ناریل ایک تولہ۔ خشخاش ایک تولہ۔ چار مغز ایک تولہ۔ مغز بنولہ ایک تولہ۔ پانی ایک پاؤ میں رگڑ کر کھانڈ گھی مناسب ڈال کر گرم کر کے پلانا از

حد مقوی دماغ و بصر ہے' دافع سر درد و داڑھ ہے۔ دافع نزلہ مزمن ہے۔

۱۷۰۱۰۷

## (۵۱) جاروب دماغ

حکیم اسماعیل صاحب امرتسری جو کہ ایک لائق طبیب اور کئی کتابوں کے مؤلف بھی تھے انہوں نے محبت سے ایک نسخہ دماغ اور سر درد کے لیے اپنا معمول بتایا اور کہا کہ تمام عمر اس سے مستفید ہوتا رہا ہوں آپ بھی تیار کر کے اپنے مطب میں رکھیں میں نے بھی تیار کیا اور مفید پایا۔

**ھوالشافی :** اسطوخودوس۔ سونف۔ کشنیز خشک۔ نمک سیاہ۔ نوشادر ٹھیکری۔ ریوند چینی۔ مساوی الوزن باریک کریں۔ خوراک ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک دن میں تین بار ہمراہ پانی۔ ہر قسم کا دردسر۔ امراض چشم۔ نزلہ زکام کھانسی اور امراض پیٹ بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔ گویا کہ جاروب دماغ۔ یہ نسخہ حکیم صاحب نے زبانی بتایا اور کہا کہ تیار کر لیا کریں۔

## (۵۲) خمیرہ نور

میرے ایک دوست کا نام حکیم قاضی نور محمدؒ تھا ان کے معمول مطب ایک خمیرہ تھا جو کہ انہوں نے خود ہی تجویز کیا تھا اس لیے اس کا نام خمیرہ نور رکھا زبردست مقوی دماغ ہے۔ اس کو آگ سے نہیں تیار کیا جاتا مغز رگڑ کر ہی تیار کیا جاتا ہے۔

**ھوالشافی :** مغز بادام ایک پاؤ۔ مقشر کر کے قدرے گھی میں تل لیں ورنہ پھپھوندی لگ جاتی ہے۔ گھی ایک پاؤ۔ کھانڈ ایک پاؤ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ ورق نقرہ ایک دفتری۔

**ترکیب تیاری :** ایک مٹی یا پتھر کی کونڈی میں مغز بادام گھی وغیرہ ملا کر گھوٹنا شروع کریں۔ حتیٰ کہ تمام ادویہ مل کر خمیرہ کی طرح بن جائیں ورقوں کو پہلے قدرے کھانڈ ملا کر کھرل کریں کہ بے چمک بن جائیں تو ملا دیں۔

**خوراک :** ایک تولہ سے ۲ تولہ تک لاجواب خمیرہ ہے۔ دماغی کام کرنے والوں کو مفید ہے۔ اگر خوشبودار کرنا ہو تو ایک رتی کستوری ملا لیں۔ یہ ان کا اپنا ہی تجویز کردہ ہے۔ مجھ کو محبت سے عطا فرمایا۔

## (۵۳) حب مقوی دماغ لاجواب

یہ نسخہ ایک نامی گرامی حکیم کا معمول مطب تھا جس سے دماغی کام کرنے والے لے جا

کر مستفید ہوتے رہے۔

**ھوالشافی :** دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ زہر مہرہ خطائی۔ مروارید ناسفتہ۔ ورق نقرہ مومیائی ۶۔۶ ماشہ۔ ورق طلا ۳ ماشہ۔ عنبر اشہب ڈیڑھ ماشہ۔ پہلے ورق نقرہ طلا اور مروارید کو کھرل میں عرق گلاب سے کھرل کرکے ادویہ ملا کر کھرل کرکے گولی بوزن آدھ رتی بنائیں۔ ایک گولی مکھن ملائی میں رکھ کر کھلائیں کورس چالیس یوم۔ گولی کھلانے کے بعد یہ حریرہ پلائیں۔ دانہ الائچی خورد ا ماشہ۔ مغز بادام ۱۱ عدد۔ مغز تخم خیارین ۶ ماشہ۔ مغز تخم کدو ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۷ دانہ پانی میں گھوٹ کر پلائیں۔ اس طرح صبح و شام کھلانے سے دل دماغ بلکہ تمام جسم کو طاقت آئے گی جسم کی کایا پلٹ جائے گی۔ جریان احتلام مجلوق کے عوارض بھی دور ہو جائیں گے۔ نسیان دور ہوگا۔ تمام دماغی کام کرنے والوں کے لیے اس کا استعمال مفید ہوگا مردوں کے علاوہ عورتوں کی کمزوری عامہ لیکوریا اسقاط کے بعد کمزوری دل دماغ دو گولی کھلائیں سڑا ہوا جسم ہرا بھرا ہو جائے گا۔ لاجواب چیز ہے۔ صبح کو مکھن ۳ تولہ سے کھلائیں۔ شام کو صرف اس حریرہ سے ہی پی لیں۔

## (۵۴) حب مقوی دماغ و جسم

اس نسخہ کی بڑے بڑے حکماء نے تعریف کی ہے اور اپنے معمول میں شامل کیا ہے۔ نسخہ کے اجزا ہی گواہی دے رہے ہیں کیونکہ یہ قیمتی اجزاء کا مرکب ہے۔ ایڈیٹر رسالہ لقمان نظام آباد کے معمولات میں شامل ہے۔ اجمل خاں دہلویؒ کے بیاضوں میں بھی اس کا ذکر ملتا ہے۔

**ھوالشافی :** برہمی بوٹی ۱۳ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۴ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۴ تولہ۔ ملٹھی ۶ ماشہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ زعفران ساڑھے ۴ ماشہ۔ ورق نقرہ ڈیڑھ ماشہ۔ ورق طلاء ۴ رتی۔ ہمراہ شہد نخودی گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک :** ا۔ اعدد صبح و شام ہمراہ شیر گائے۔

**فوائد :** مزمن نزلہ زکام کمزوری دمغ مغزی حافظہ کو لاجواب اکسیر ہے۔

## (۵۵) مقوی دماغ

دماغ کو طاقت دینے اور سر درد کو روکنے میں ہلیلہ جات کے مرکبات بھی پرانے اطباء میں مشہور تھے ان میں معجونات بھی تھیں اور سفوف بھی تھے۔ چنانچہ کسی مریض نے الحکیم کے

کر مستفید ہوتے رہے۔

**ھوالشافی :** دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ زہرمہرہ خطائی۔ مروارید ناسفتہ۔ ورق نقرہ موہیائی ۶۔۶ ماشہ۔ ورق طلا ۳ ماشہ۔ عنبر اشہب ڈیڑھ ماشہ۔ پہلے ورق نقرہ طلا اور مروارید کو کھرل میں عرق گلاب سے کھرل کر کے ادویہ ملا کر کھرل کر کے گولی بوزن آدھ رتی بنائیں۔ ایک گولی مکھن ملائی میں رکھ کر کھلائیں کورس چالیس یوم۔ گولی کھلانے کے بعد یہ حریرہ پلائیں۔ دانہ الائچی خورد ا ماشہ۔ مغز بادام ۱۱ عدد۔ مغز تخم خیارین ۶ ماشہ۔ مغز تخم کدو ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۷ دانہ پانی میں گھوٹ کر پلائیں۔ اس طرح صبح و شام کھلانے سے دل دماغ بلکہ تمام جسم کو طاقت آئے گی جسم کی کایا پلٹ جائے گی۔ جریان احتلام مجلوق کے عوارض بھی دور ہو جائیں گے۔ نسیان دور ہو گا۔ تمام دماغی کام کرنے والوں کے لیے اس کا استعمال مفید ہو گا مردوں کے علاوہ عورتوں کی کمزوری عامہ لیکوریا اسقاط کے بعد کمزوری دل دماغ دو گولی کھلائیں سڑا ہوا جسم ہرا بھرا ہو جائے گا۔ لاجواب چیز ہے۔ صبح کو مکھن ۳ تولہ سے کھلائیں۔ شام کو صرف اس حریرہ سے ہی پی لیں۔

## (۵۴) حب مقوی دماغ و جسم

اس نسخہ کی بڑے بڑے حکماء نے تعریف کی ہے اور اپنے معمول میں شامل کیا ہے۔ نسخہ کے اجزاء ہی گواہی دے رہے ہیں کیونکہ یہ قیمتی اجزاء کا مرکب ہے۔ ایڈیٹر رسالہ لقمان نظام آباد کے معمولات میں شامل ہے۔ اجمل خاں دہلویؒ کے بیاضوں میں بھی اس کا ذکر ملتا ہے۔

**ھوالشافی :** برہمی بوٹی ۱۳ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۴ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۴ تولہ۔ ملٹھی ۶ ماشہ۔ مشک خالص ایک ماشہ۔ زعفران ساڑھے ۴ ماشہ۔ ورق نقرہ ڈیڑھ ماشہ۔ ورق طلاء ۴ رتی۔ ہمراہ شہد نخودی گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک :** ۱۔ ا عدد صبح و شام ہمراہ شیر گائے۔

**فوائد :** مزمن نزلہ زکام کمزوری دماغ مغزی حافظہ کو لاجواب اکسیر ہے۔

## (۵۵) مقوی دماغ

دماغ کو طاقت دینے اور سر درد کو روکنے میں ہلیلہ جات کے مرکبات بھی پرانے اطباء میں مشہور تھے ان میں معجونات بھی تھیں اور سفوف بھی تھے۔ چنانچہ کسی مریض نے الحکیم کے

پرچہ میں سوال درج کیا کہ مجھے ہمیشہ سر درد رہتا ہے اور حکماء سے اپیل کی کہ وہ مجھ کو مجرب علاج بتا دیں۔

**جواب :** ترپھلہ ۱۰ تولہ۔ مغز بادام ۱۰ تولہ۔ اسطوخودوس ۱۰ تولہ۔ کھانڈ ۱۰ تولہ سفوف کر کے رکھیں۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک متواتر کھلانا چالیس دن تک تمام عوارضات دور ہو جائیں گے۔ انشاء اللہ۔

## (۵۶) لاجواب اطریفل

مقوی دماغ دافع نزلہ زکام مزمن۔ کھانسی دوران سر۔ پرانا اور ہر مزاج کے موافق ہے اور کئی سال سے بذریعہ اشتہارات کسی اور نام سے فروخت ہو رہی ہے۔

**ھوالشافی :** مغز بادام۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم تربوز۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز ناریل۔ خشخاش سفید ۳-۳ تولہ۔ الائچی خورد کلاں۔ طباشیر۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ تخم کاہو۔ سونف ہر ایک ۹-۹ ماشہ۔ کشنیز گوند کیکر۔ کتیرا۔ ہر ایک ۱۳ ماشہ۔ اسطوخودوس۔ گاؤزبان۔ گل سرخ ۹-۹ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ ۲-۲ تولہ۔ کشتہ مرجان ۶ ماشہ۔ ورق نقرہ ۲ ماشہ۔ شہد خالص۔ ۳۰ تولہ۔ کھانڈ سفید ۵۵ تولہ شہد و چینی کا قوام کر کے ادویہ ملا لیں۔

**نکتہ:** کسی معجون یا خمیرہ میں اگر مغزیات ہوں تو اُن کو قدرے گھی میں تل کر شامل کریں ورنہ معجون یا اطریفل میں پھپھوندی لگ جائے گی اگر تل لیں گے تو کبھی بھی یہ خرابی نہ ہو گی۔ حکیم فیروز دین کے مجربات سے ہے۔

## (۵۷) اطریفل ۲

اس سے کم اجزا کا نسخہ ہے۔ یہ بھی فوائد میں بے مثل ہے ایک رسالہ کے ایڈیٹر کے معمول کا نسخہ ہے اب وہ فوت ہو چکے اللہ غریق رحمت کرے۔ بڑے بلند پایہ کے طبیب تھے۔

**ھوالشافی :** پوست ہلیلہ زرد ۴ تولہ۔ پوست بلیلہ ۳ تولہ۔ پوست آملہ ۳ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ مصطگی رومی ۲ تولہ۔ خشخاش سفید ۲ تولہ۔ کشنیز ۳ تولہ۔ مغز بادام ۳ تولہ۔ مغز تخم کدو ۳ تولہ۔ مغز تخم خیارین ۳ تولہ۔ بادام روغن سے چرب کر کے اور ایک سیر ۵ چھٹانک مصری کا قوام کر کے ادویہ ملا لیں اور ورق نقرہ ایک دفتری بھی شامل کریں۔ خوراک

۳۔۳ تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ رات کو سوتے وقت دماغ کا مقوی ہے اس کے علاوہ مقوی بصر بھی ہے۔ نقات مطب ورق نقرہ طباشیر اور مصری ایک تولہ ملا کر کھرل میں باریک کریں کہ ورق کی چمک نہ رہے۔ تو شامل کریں۔ ویسے ورق شامل کرنے سے پاخانے میں نکل جاتے ہیں جس جگہ ورق شامل کریں باریک کر کے رکھیں۔

## (۵۸) اطریفل ۳

نکات مطب پچھلے صفحات میں قبض کشائی کے لیے اطریفل زمانی۔ اطریفل ملین کا ذکر تھا اگر تیار نہ ہو تو یہ سفوف تیار کریں۔

**ھوالشافی :** چھلکا ہلیلہ کابلی ڈھائی تولہ۔ تربد سفید صاف ڈیڑھ تولہ۔ مغز بادام ڈیڑھ تولہ۔ کھانڈ ۵ تولہ۔ باریک کر کے رکھیں خوراک ۶ ماشہ رات کو کھلائیں۔ نزلہ وزکام سر درد قبض دائمی و عارضی میں یہ لاجواب ہے دائمی قبض میں روز رات کو دیں ایک ہفتہ میں انتڑیوں کی قوت دافعہ اٹھتی ہے اطریل زمانی کی جگہ دیں۔

## (۵۹) اطریفل بختی شوع

جس کا ذکر پیچھے گزر چکا ہے اس کو اس وزن کی تیار کر کے بھی رکھا تھا لاجواب فائدہ ہوا۔ چھلکا ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ کابلی۔ آملہ۔ گل سرخ۔ بادام روغن ۳۔۳ تولہ۔ جمال گوٹہ مدبر ۶ ماشہ۔ شہد خالص ۳۶ تولہ ملا کر بقدر جنگلی بیر گولیاں بنا کر کھلانا ایک گولی سے ایک اسہال آجاتا ہے آزمودہ ہے۔

## (۶۰) سفوف سڈول

مربہ ہلیلہ کی بجائے اگر یہ سفوف تیار کر لیں تو یہ آپ کو مربہ ہلیلہ سے زیادہ فائدہ دے گا چھلکا ہلیلہ زرد ایک پاؤ کو گھی ایک پاؤ میں تل لیں پھر کھانڈ ایک پاؤ ملا لیں خوراک ایک چمچ رات کو کھائیں۔ دافع قبض، مقوی بصر ہے۔ پہلوان اس کو کھاتے ہیں یہ جسم کو سڈول رکھتی اور خون صاف کرتی ہے، دردسر کو مفید ہے۔ مربہ ہلیلہ کا بدل اور اگر ہلیلہ زنگی کو بریاں کر کے اس کے برابر سونف اور کشنیز اور تمام کے برابر شکر دیسی یا چینی ملا کر ۶۔۶ ماشہ صبح و شام کھلانا نزلہ دماغ دائمی کو دور کرنے میں لاجواب ہے۔

## (۶۱) دوار سر

اس مرض میں چکر آتے ہیں اور ارد گرد کی اشیاء پھرتی نظر آتی ہیں اور بیمار گر جاتا ہے اور اس کو قے بھی آجاتی ہے۔ مریض عمر چالیس سال نے آکر شکایت کی کہ میں کئی دن سے چار پائی سے اُٹھ نہیں سکتا لاٹھی کے سہارے اٹھ کر آیا ہوں اور ایک آدمی نے سنبھال رکھا تھا۔
**علاج :** کشنیز خشک۔ کھانڈ مساوی الوزن باریک کر کے ۶۔۶ ماشہ صبح دوپہر شام پانی سے کھلایا اور مربہ آملہ پر ورق نقرہ لگا کر کھانے کو دیا دو تین دن میں مریض ٹھیک ہو گیا۔ حکیم مولانا اسمعیل صاحب امرتسری مشہور طبیب گزرے ہیں انہوں نے مجھ کو اپنا معمول مطب نسخہ برائے سدد دوار بتایا۔

## (۶۲) چکر دور

**ھوالشافی :** گل سرخ۔ گل بنفشہ۔ طباشیر نقرہ۔ صندل سفید۔ سونف کے چاول۔ کشنیز کے چاول مساوی الوزن باریک کر کے ۳۔۳ ماشہ ہمراہ شربت بزوری سے دیں اس سے صفرا کہ اصل سبب مرض ہے دور ہو گا نیز چکر اوپر اٹھنے پر اندھیرا آنا دور ہو گا۔ ہاتھ پاؤں کی جلن دور ہو گی۔

## (۶۳) نقوع عجیب

آملہ۔ سونف۔ ۱۔۱ تولہ پوست ہلیلہ زرد۔ ۶ ماشہ۔ کشنیز خشک ۶ ماشہ رات کو کورے کوزے میں بھگو دیں۔ ڈیڑھ پاؤ پانی میں صبح کو چھان کر شربت دینار سے میٹھا کر کے صبح و شام پلائیں۔ اس سے سدد دوار دور ہو گا۔

### نسخہ شربت دینار

**ھوالشافی :** جڑ کاسنی ۵ تولہ۔ گل سرخ ۷ تولہ۔ تخم کاسنی ۳ تولہ۔ تخم کثوث پوٹلی بستہ ۲ تولہ۔ ریوند چینی کوفتہ ۲ تولہ پانی ڈیڑھ سیر میں رات کو بھگو کر اُبال کر چھان کر تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنا دیں اگرچہ یہ شربت دینار کم اجزاء کا ہے لیکن تجربہ میں بے مثل ثابت ہوا ہے جگر کے امراض میں لاجواب ہے یرقان کو لاجواب ہے امراض رحم میں بھی مفید ہے۔

## (۶۴) سفوف بے مثل

مریض عمر ۱۰ سال نے مطب میں آ کر شکایت کی کہ سر چکر ہر وقت آتے ہیں۔ دل گھبراتا ہے۔ اٹھنے پر آنکھوں کے سامنے اندھیرا آتا ہے۔ شور سے دل گھبراتا ہے پیشاب بھی جل کر آتا ہے۔ ہاتھ پاؤں کے تلوے جلتے ہیں۔

**علاج:** مصری ۲ تولہ۔ مکھن ۵ تولہ۔ مغز بادام ۲۱ عدد۔ مغز رگڑ کر مکھن اور مصری ملا کر بہ سفوف دیا۔ جس سے مریض کی تمام شکایات گرمی چکر دور ہو گئے۔

**هوالشافی :** طباشیر۔ کشنیز۔ صندل سفید۔ الائچی خورد۔ زہر مہرہ خطائی۔ کہربا شمعی۔ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ ناریل دریائی ڈیڑھ تولہ۔ کشتہ عقیق ایک تولہ۔ کشتہ مرجان ۶ ماشہ۔ ورق نقرہ ڈیڑھ ماشہ۔ باریک مثل سرمہ کریں تیار ہے۔ اس نسخہ کو شربت صندل' شربت بنفشہ۔ آب انار' شربت بزوری' رب سیب سے بھی دیا جا سکتا ہے تمام عمر معمول مطب ہے۔

## (۶۵) دماغی گرمی

اس مرض میں خشخاش کے مرکبات بھی مفید ہوتے ہیں۔ مثلاً شربت خشخاش۔ خمیرہ خشخاش یا خشخاش ۹ ماشہ۔ دھنیا ۳ ماشہ۔ عرق گلاب ۱۵ تولہ میں پیس کر شکر سفید ملا کر صبح و شام پلانا سدر دوار کا مجرب علاج۔ اور سابقہ حکماء کا تجویز کردہ نسخہ سدر دوار کی نیند گرمی دماغ و جسم کو مجرب ہے۔

## (۶۶) جوارش انارین

ایک فاضل مولف لکھتا ہے کہ جوارش انارین سدر دوار کی مجرب دوائی ہے۔ لیکن میں نے کئی قرابادین چھان ماریں لیکن صحیح وزن نہ مل سکا آخر ایک کتاب سے یہ وزن مل گیا جو کہ ٹھیک ہے۔

**هوالشافی :** آب انار ترش ایک پاؤ۔ آب انار شیریں ایک پاؤ۔ عرق گلاب۔ آب پودینہ آٹھ آٹھ تولہ۔ کھانڈ ایک سیر کا قوام کریں۔ پھر بال چھڑ ۷ ماشہ۔ مصطگی ۷ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ۴ ماشہ۔ پوست بیرون پستہ ساڑھے ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ساڑھے ۳ ماشہ۔ قوام میں ملا لیں۔

**مقدار خوراک :** ۷ ماشہ صبح وشام کھلائیں۔
**فوائد :** مقوی دماغ وجگر ہے۔صفراوی مزاج کو مفید ہے۔بھوک لگاتی ہے۔ قے اور متلی کو روکتی ہے۔اور حاملہ کی قے کو بھی لاجواب ہے۔مجرب علاج ہے۔

## (٦٧) رُب انار

فقط رُب آنار بھی مقوی جگر اور چکروں کو مفید ہے۔آب انار تین پاؤ میں تین پاؤ چینی ملا کر قوام کریں۔

**خوراک :** ۲۔۲ تولہ۔ پانی ملا کر دیں۔
**فوائد :** اسے کمی خون ضعف جگر اور چکر دور ہو جاتے ہیں۔ پرانے حکماء کے مجربات میں سے ہے۔بچوں کی قے گرمی سوکھا عطاش کو بھی مجرب ہے۔

## (٦٨) خمیرہ ابریشم

خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا ہمراہ عرق گاؤزبان عنبری' عام کمزوری اور چکروں کو مفید ہے۔اس کے علاوہ ایک فاضل نے سدر دوار کے لیے مجرب بیان کی ہے اجزاء بھی نہایت اچھے ہیں۔

**ھوالشافی :** مغز بادام مقشر ڈیڑھ پاؤ۔ شقاقل مصری۔بہمن سرخ۔ستاور ۵۔۵ تولہ۔ طباشیر۔دارچینی۔صندل سفید ۲۔۲ تولہ۔زعفران ۳ ماشہ۔ورق نقرہ ٦ ماشہ۔شہد ایک سیر
**خوراک :** ا۔ا تولہ ہمراہ دودھ صبح وشام۔
**فوائد :** معجون بھی از حد مقوی دماغ وجسم ہے۔کمزوری عامہ کمزوری دماغ کو لاجواب ہے۔ ''الحکیم'' کے پرچے میں ایک صاحب نے یہ نسخہ دیا تھا۔

## (٦٩) دماغی از پرچہ خاص صحت

**ھوالشافی :** برہمی ۱۰ تولہ۔مغز بادام ۵ تولہ۔مغز خشخاش ۲ تولہ۔ چارمغز ۲ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔مغز پستہ ایک تولہ۔مغز چلغوزہ ایک تولہ۔ آرد سنگاڑا۔موصلی سفید۔ستاور۔شقاقل ا۔ا تولہ باریک کرکے بادام روغن ۱۰ تولہ سے چرب کریں بعد میں آدھ سیر چینی عرق گلاب۔عرق بیدمشک۔عرق کیوڑہ ۵۔۵ تولہ قدرے پانی ملا کر قوام کریں۔ پھر ورق نقرہ ایک دفتری۔عنبر ایک ماشہ۔کستوری ایک ماشہ۔مروارید ایک ماشہ۔یاقوت زمانی ایک ماشہ۔ورق طلا ۴ رتی۔

باریک کرکے ملالیں۔

**خوراک :** ایک تولہ۔ دماغی کمزوری اور کام کرنے والے کو لاجواب ہے سارے جسم کو طاقت دیتا ہے۔نزلہ زکام مزمن کو لاجواب ہے۔

**نکات مطب :** جس نسخے میں مغزیات ہوں تو مغزیات کو گھی میں قدرے تل کر ملالیں ورنہ دوا خراب ہو جاتی ہیں۔

## فروق امراض عصابہ

وہ درد ہے جو کہ سورج نکلنے سے قبل یا نکلتے وقت حاضر ہو جاتی ہے اور سورج نکلنے کے بعد زیادہ ہو جاتی ہے اور بارہ بجے سے کم ہونی شروع ہو جاتی ہے بالآخر رات کو بالکل بند ہو جاتی ہے۔اور صبح کو پھر حاضر ہو جاتی ہے اور خاص کرابرو اور ماتھے میں ہوتی ہے۔

**شقیقہ :** وہ درد ہے جو کہ دن رات مسلسل رہتی ہے اور کبھی کم بھی ہو جاتی ہے لیکن بالکل نہیں ختم نہیں ہوتی اور اکثر آدھے سر یعنی ایک طرف ہوتی ہے اس لیے اس کو آدھے سر کا درد کہتے ہیں۔

**درد اُل :** شقیقہ کی خطرناک قسم ہے جس میں درد آنکھ میں چلا جاتا ہے آنکھ سرخ ہو جاتی ہے آنکھ بیٹھ جاتی ہے۔

**اسباب :** تقریباً تمام دردوں کے ایک ہی ہیں۔نزلہ زکام کا گاڑھا ہو کر جم جانا عام کمزوری' کثرت جماع' فساد خون' بدہضمی' بے خوابی' کمی خون' مردوں کی نسبت عورتیں زیادہ مبتلا ہوتی ہیں۔جس کا سبب رحمی خرابیاں' بندش حیض' اختناق الرحم۔ ہاضمہ ٹھیک نہ ہونا یا حیض کی کثرت سے خون زیادہ نکل جانا قبض کا زیادہ رہنا۔نوجوان لڑکوں کو احتلام زیادہ ہونا' مجلوق ہونا' نشہ آور ادویہ گولیاں۔افیون کھانا ہیروئن پینا۔دانتوں کا بوسیدہ ہونا۔

**علاج :** جب مریض سامنے آئے تو اس کے ماتھے پر امرت دھارا لگادیں۔

**نسخہ :** ست پودینہ۔ ست اجوائن ۱۔۱ تولہ۔ کافور ۲ تولہ ملا کر رکھیں فوراً تیل ہو جائے گا اور نسوار دے دیں۔نسوار آک والی یا نوشادر والی یا گیری والی یا اور کوئی نسواریں مریض کو فوراً چھینک آ کر یا ناک سے پانی آ کر تکلیف دور ہو جائے گی رات کو قبض کشائی کریں۔

## (۷۰) ملین ٹکیاں

**ھوالشافی :** گل بنفشہ۔ رب السوس۔ تربد صاف۔ گل سرخ۔ غاریقون ہر ایک ۵۔۵

ماشہ۔ سقمونیہ ولایتی ڈھائی ماشہ۔ حب نخودی بنالیں دو عدد رات کو یا قدرے زیادہ کھلائیں۔ اس سے قبض کشائی ہو جائے گی اور صبح درد شروع ہونے سے ۲ گھنٹہ پیشتر ایسی گولیاں دیں جو کہ بخار کو روک دیتی ہیں۔

## (۷۱) نخودی گولیاں

**ھوالشافی :** چھال مدار خشک ۲ حصہ۔ مرچ کالی ایک حصہ۔ دودھ بکری سے گولیاں نخودی بنالیں ۲ تین گولیاں قبل از درد دیں اس سے درد عصابہ شقیقہ عصابہ اور نوبتی دردیں دور ہوں گی۔ حب شفا کا کھلانا بھی مفید ہے۔ اگر درد سر مزمن ہو اور کسی طرح آرام نہ آتا ہو تو منضج دے کر مسہل دیں اس کے بعد مقویات دماغ دیں۔

## (۷۲) منضج :۱

**ھوالشافی :** گل بنفشہ ۷ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۹ دانہ۔ جڑ کاسنی ۷ ماشہ۔ سونف ۷ ماشہ۔ گاؤزبان ۵ ماشہ۔ اسطوخودوس ۵ ماشہ۔ تخم خطمی ۷ ماشہ۔ بادرنجبویہ ۵ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملا کر پلائیں۔ آٹھ دن کے بعد سنا مکی ۷ ماشہ ملا کر پلائیں۔ اور مسہل دیں اس سے مواد خارج ہو جائے گا اس کے علاوہ جو شربت سر درد پیچھے گزر چکا ہے وہ بھی اعلیٰ درجہ کا منضج ہے وہ تیار کر کے دے دیں اس کے علاوہ یہ بھی مجرب ہے۔

## (۷۳) منضج :۲

**ھوالشافی :** اسطوخودوس ۴ ماشہ۔ بادرنجبویہ ۵ ماشہ۔ سونف ۵ ماشہ۔ منقیٰ ۹ دانہ۔ گاؤزبان ۴ ماشہ جوش دے کر پلائیں۔

## (۷۴) لخلخہ

**ھوالشافی :** نوشادر ایک تولہ۔ چونہ قلعی ایک تولہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ ایک شیشی میں بند کر کے مضبوط کارک لگا دیں اس میں ایک گیس پیدا ہو جاتی ہے شیشی کا منہ کھول کر ذرا سی مریض کو سونگھا دیں اس سے فی الفور سر درد بند ہو گا۔ ایک صاحب اس میں ۲ ماشہ زعفران ملا کر بناتے ہیں، اس سے بے ہوش مریض بھی ہوش میں آ جاتا ہے۔ یہ مرہم بھی تیار کر کے رکھیں۔ کافور ایک تولہ۔ ست اجوائن ۶ ماشہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ۔ موم انگریزی ایک تولہ۔ پہلی ادویہ کو ملا کر ایک شیشی میں بند کریں تیل ہو جائے تو گھی گاؤ ڈھائی تولہ کو آگ پر گرم کر کے اس میں موم

چھوڑ دیں مل جانے پر اتار کر ست پودینہ وغیرہ ملا لیں تیار ہے قدرے مل دینے سے سر درد شقیقہ و عصابہ فوراً بند ہو جائے گا۔ ایک مریضہ جو کہ کئی ماہ سے شقیقہ و اُلم میں مبتلا تھی میں نے کنپٹی پر استرے سے پچھنے لگا کر جمال گوٹہ کا ضماد بنا کر لگا دیا اوپر کاغذی لگا دی اس جگہ آبلہ بن گیا لیکن درد اسی دن بند ہو گیا اس پر دیسی گھی لگواتا رہا زخم درست ہو گیا اور مریضہ تندرست ہو گئی۔

## (۷۵) ایک لاجواب نسوار

**ھوالشافی** : بال چھڑ۔ چھل چھلیرا۔ ایک ایک تولہ۔ کپور کچری ۶ ماشہ۔ چھلکا ریٹھا ۴ عدد۔ کشمیری پتھا ۵ تولہ باریک کھرل کریں بعد میں جائفل ایک دانہ دو دانہ مغز بادام ۱۰ عدد باریک کر کے ملا دیں۔ جائفل اور مغز بادام سے پہلے تمام ادویہ کو باریک کپڑ چھان کریں بعد میں جائفل اور مغز بادام ملا لیں۔ اس نسوار سے نزلہ زکام کا مواد شقیقہ عصابہ پتلا ہو کر نکل جائے گا۔ بلکہ اگر بلغمی کھانسی کا مریض اس کی نسوار لیتا رہے تو اس سے امالہ ہو کر بلغمی کھانسی کو آرام ہو گا۔ انشاء اللہ۔ نظام آباد کے ایک حکیم صاحب کا مجرب ہے۔

## (۷۶) اطریفل لاجواب

یہ اطریفل پرانے درد سر، درد سر ضعف دماغی، پرانے نزلہ کو مجرب ہے۔

**ھوالشافی** : پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ۔ منڈی بوٹی ہر ایک ۲۰۔ ۲۰ ماشہ۔ کشنیز خشک ۳۰ ماشہ۔ گل گاؤزبان۔ گل بنفشہ ہر ایک ۱۰۔ ۱۰ ماشہ۔ اسطوخودوس ۵۰ ماشہ۔ پوست کوکنار ۲۰ ماشہ۔ نہ ملنے پر خشخاش ۲۰ ماشہ۔ مغز کدو۔ مغز بادام۔ مغز خیارین۔ مغز تربوز ہر ایک ۲۰۔ ۲۰ ماشہ۔ شکر سفید ۷۰۰ ماشہ۔ شہد خالص ۳۰۰ ماشہ میں قوام بنا کر ادویہ ملا لیں اور خوراک ۱۰ ماشہ۔ کم اجزاء کی لاجواب اطریفل ہے۔

**نکات مطب** : مغزیات کو گھی میں تل کر ملا لیں اور ہلیلہ جات کو بادام روغن یا روغن گائے سے قدرے چرب کر لیں تیار ہے مریض کو کھلا دیں لاجواب ہے۔

## (۷۷) سفوف بیشی

روکا جا سکے یونانی ادویہ میں کوئی ایسا نسخہ نہیں جس سے فوری طور پر درد سر شقیقہ و عصابہ کو فوراً روکا جا سکے لاچار نسخہ اے پی سی لکھ دیا ہے لیکن طب جدید شاہد روی نے دو نسخے پیش کئے ہیں۔ ان کو میں نے بارہا بار آزمایا ہے ان کا ذکر بخاروں کے باب میں بھی آئے گا۔

نسخہ نمبر ا:۔ اس کا نام سفوف بیشی نمبر ۲ ہے۔ میٹھا تیلیہ ایک ماشہ لے کر ۹ ماشہ کھانڈ میں ملا کر کھرل کریں پھر اس میں ۹۰ ماشہ کھانڈ ملا کر ۱۲ گھنٹہ کھرل کریں خوراک ایک رتی۔

**فوائد :** بخار ہر قسم اور بخار سے سر درد اور سرسام ہو رہا ہو یا کسی اور جگہ مثلاً ورم چشم۔ ورق حلق۔ سوزش۔ ضعف قلب۔ نقرس۔ جھولہ۔ دام نائزہ یعنی سوزاک ورم اندرونی کان ورم گلو خناق ورم خصیہ بڑے سے بڑا دُمل ابھی نیا نیا ہو اور خون اکٹھا ہو کر ورم پیدا کر رہا ہو چوٹ لگنے سے کسی جگہ خون اکٹھا ہو رہا ہو یا سردی لگنے سے بخار ہو رہا ہو اور سر درد ہو۔ بخار ہو ہر جگہ مفید ہے۔

**مقدار خوراک :** بچوں کو ایک چاول کی مقدار میں دیں اس سے منٹوں میں فائدہ ہوتا ہے۔

## (۷۸) سفوف لفاحی

نمبر۲:۔ سفوف لفاحی' لفاحی کیا ہے کسی ملک کی زہریلی پیلک ہے جس کا ذکر یونانی کتب میں ملتا ہے اگر مل جائے ورنہ انگریزی علاج والوں نے اس کا ایکسٹریکٹ بیلاڈونا تیار کیا ہوا ہے ملتا ہے یہ لے کر ٦ ماشہ میں ۹۰ تولے کھانڈ ملا کر کھرل کریں۔

**خوراک :** ایک رتی۔

**فوائد :** سر اور گردن میں کسی جگہ ورم ہو دوران خون تیز ہو کہ سرسام سر درد آنکھیں دکھنا' کانوں میں ورم ہو یا بن رہا ہو اس کے ساتھ بخار خواہ ۱۰۲۔۱۰۴ تک ہو ورم گردہ ہو پیٹ میں مروڑ پڑ رہے ہوں۔ شدید پھوڑا۔ پھنسی شدید گلا خراب ہو ورم امعا ہو ورم اپنڈے سائٹس ہو' ورم باریطون ہو' ورم غدہ قدامیہ ہو۔ کھانسی' کالی کھانسی۔ بخار جس میں سر تو گرم ہو اور پاؤں ٹھنڈے ہوں مریض موٹا تازہ ہو جسم پر سرخ رنگ' پھوڑا اگرم جس کو لوگ زہر باد کہتے ہیں خسرہ جس میں دانے نکل رہے ہوں۔ بخاروں میں ڈراؤنی شکلیں دکھائی دیتی ہوں بخار خواہ میعادی ہو یا خلطی لیکن تیز ہو اور سر درد عام ہو تو یہ دوائی لاجواب ہے۔ ایک تجربہ مریض دکھایا گیا جس کا سر درد کان چہرہ پر عام سوج تھی گھر والے حیران تھے کہ کتنا خرچ ہو گا لیکن صرف چار خوراک دے دی گئیں اور صبح تک ورم کا نام بھی نہ تھا۔

**مقدار خوراک :** بچوں کو ایک چاول۔ یکے بعد دیگرے یہ بدل بدل کر دینے سے بڑھے بڑھے سر درد بخار ان سے دور ہو سکتا ہے یہ دونوں نسخے حکیم احمد دین شاہدروی موجد طب جدید کے ہیں اگر یہ دونوں آپ کے پاس تیار ہوں تو بڑے بڑے امراض میں آپ کامیاب ہو سکتے ہیں متواتر ۵۵ سال سے برت رہا ہوں لیکن لفاحی کے متعلق یاد رکھیں کہ مریض کو سرخی سڑکن اور ورم کا ہونا شرط ہے مرض خواہ کچھ بھی ہو۔

# بے خوابی

شیر خوار بچوں کو دن رات میں سولہ گھنٹے نیند کی ضرورت ہوتی ہے۔ چار سالہ بچے کو دن رات میں بارہ گھنٹے سونے کی ضرورت ہوتی ہے بارہ سال سے اوپر کچھ زیادہ عمر والوں کو دس گھنٹہ نیند کی ضرورت ہوتی ہے۔ جوانوں کو ۹ گھنٹے اور بوڑھوں کو سات آٹھ گھنٹے نیند کی ضرورت ہوتی ہے بے خوابی بھی ایک خطرناک مرض ہے اگر اس کا علاج نہ کیا جائے تو جنون مالی خولیا وغیرہ امراض کا سبب بن جاتی ہے۔ اگر درد کی وجہ سے نیند نہ آئے تو درد کا علاج کریں۔ ہضم کی خرابی ہو تو اس کی اصلاح کریں قبض ہو تو دور کریں۔ سبب بخار ہو تو اس کو دور کریں۔ بخار ہو تو پاشویہ کریں۔ دماغ میں خشکی ہو تو تری پیدا کریں دماغ پر روغن لبوب سبعہ کی مالش کریں۔ دماغ کمزور ہو تو حریرہ مقوی دماغ پلا دیں یا شیر بوزہ ۷ تولہ میں شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر صبح کو پلائیں۔ تین روز اسی طرح پلا کر دودھ اور شربت بڑھاتے جائیں حتی کہ دودھ آدھ سیر اور شربت نیلوفر ۴ تولہ ہو جائے تو پھر اسی طرح دودھ کم کرتے جائیں اور شربت بھی کم کرتے جائیں مقدار اول پر ختم کریں یہ ایک لاجواب ترکیب ہے۔

## (۷۹) سفوف چندن

**ھوالشافی:** سفوف چھوٹی چندن میں قدرے مرچ سیاہ ملا کر ایک ایک ماشہ کھلانا مجرب ہے اور روغن بادام خالص کا ناک میں سڑکنا بھی مجرب ہے مباشرت کم کریں گرم اغذیہ مچھلی گرم مصالحہ ترش اشیاء بینگن اچار سرکہ کم کھائیں اور غذا نرم کھچڑی۔ شوربا۔ یخنی۔ دودھ ساگودانہ۔ مکھن۔ حریرہ۔ آش جو۔ سبز ترکاریاں۔ کدو۔ خرفہ۔ پالک۔ ٹینڈے گھیا دیں۔ بادام کا کوئی مرکب استعمال کریں۔

## (۸۰) نسخہ روغن لبوب سبعہ

**ھوالشافی:** مغز فندق۔ مغز پستہ۔ مغز بادام شیریں۔ کنجد مقشر۔ مغز چلغوزہ۔ مغز تخم کدو

شیریں۔ مغز اخروٹ ہم وزن لے کر ان کا مشین سے روغن نکال لیں اور اس کی سر پر مالش کریں دماغ میں تری پیدا کر کے نیند لے آتا ہے اور ناک کے زخموں کو مفید ہے۔ موسم گرما میں مغز تخم کدو۔ خشخاش۔ بیج کاہو ۴-۴ ماشہ پانی میں پیس کر چینی سے چنا کر دو بار پلائیں۔ خمیرہ بنفشہ۔ خمیرہ خشخاش کا استعمال بھی مفید ہے۔ روغن بنفشہ روغن کدو دونوں ملا کر سر اور تلووں میں مالش کریں۔

## غفلت کی نیند

اس میں نیند زیادہ آتی ہے مریض چلتا پھرتا بیٹھا ہو تو اونگھ آتی ہے اور لیٹا ہوا بھی اکثر نیند میں ہوتا ہے دراصل اس مرض میں دماغی رطوبتیں زیادہ جمع ہو جاتی ہیں منہ میں پانی بھرا رہتا ہے بلغمی اشیاء کھانے سے پرہیز کریں اور مرچ سیاہ باریک کر کے ناک میں نفوخ کیا کریں اس سے زیادتی نیند کم ہو جائے گی اگر جلن زیادہ ہو جائے تو گھی گرم کردہ کی نسوار دیں۔

## (۸۰) سفوف مروارید

**ھوالشافی :** صدف مروارید ۵ تولہ کو لے کر ایک سیر گھیکوار میں بند کر کے آگ دیں سرد ہونے پر اس کو پانی سے سرد کریں اس کے بعد یہ کشتہ ایک تولہ۔ طباشیر نقرہ ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ ورق نقرہ ۴۰ عدد باریک کر کے سفوف بنالیں۔

**طریقہ استعمال :** ایک ماشہ صبح خمیرہ گاؤزبان سادہ میں رکھ کر کھلائیں اوپر سے دودھ پئیں ایک ہفتہ میں نیند قدرتی آئے گی طبیعت چست ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔ اگر جسم سے خون زیادہ نکل جانے سے یا کثرت جماع، فاقہ کشی، شراب، بھنگ، افیون کھانے سے عارضہ ہو تو دوائے مسک معتدل جواہر والی۔ خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا دیں اس سے کمزوری اور تھکاوٹ دور ہو کر آرام ہوگا۔ اگر بلغمی مزاج زیادہ ہو تو معجون فلاسفہ صبح وشام۔ جوارش جالینوس بعد از غذا کھائیں۔ کمزوری دماغ میں حریرہ دماغ ملائیں اور بلغمی اشیاء نہ کھانے دیں بلکہ گوشت کا شوربا دیں۔ پچھلے صفحات میں حریرہ جات لکھے ہیں وہ بھی لاجواب ہیں۔

**ھوالشافی :** مغز بادام مقشر ۷ عدد۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم تربوز۔ مغز کھیرا۔ مغز خربوزہ ۳-۳ ماشہ۔ خشخاش سفید ۳ ماشہ۔ نشاستہ گندم ۳ ماشہ۔ تھوڑے سے پانی میں پیس کر اس میں دودھ

ایک پاؤ ملا کر جوش دیں۔ پھر روغن گائے ڈھائی تولہ چینی ڈھائی تولہ ملا کر صبح سویرے نیم گرم پلائیں۔

**فوائد :** دماغ کی خشکی۔ دائمی نزلہ۔ کمزوری دماغ۔ کمزوری جسم۔ دبلا پن۔ کمزور عورتوں میں دودھ کی کمی دور ہو جائے گی۔ سوکھا ہوا جسم فربہ ہو جائے گا اس کے ساتھ اگر کشتہ مرجان ایک رتی کھلایا جائے تو لاجواب ہو گا اگر کسی طرح فائدہ نہ ہو تو بلغم کا منضج دے کر مسہل دیں اس کے بعد سابقہ ادویہ دیں انشاءاللہ فائدہ ہو گا۔

❀❀❀

# سرسام (ورم دماغ)

اس مرض میں مریض کے ہوش وحواس ٹھیک نہیں رہتے اور وہ پاگلوں کی طرح باتیں کرتا ہے کبھی بالکل بے ہوش ہو جاتا ہے بالعموم بیرونی سردی سے مرض شروع ہو جاتا ہے لیکن اس کے ساتھ بخار نہیں ہوتا۔ اور اگر کسی وجہ سے دماغ کی طرف خون کی آمد زیادہ ہو جائے اور واپسی کی رفتار سُست پڑ جائے تو دماغ اور اس کی جھلیوں میں خون کا اجتماع ہو کر ورم پیدا ہو جاتا ہے۔ چنانچہ امراض حادہ تیز بخار۔ چیچک۔ طاعون۔ ذات الجنب۔ ذات الریہ وغیرہ میں دماغ کی طرف خون کی آمد زیادہ ہو جانے سے یہ مرض پیدا ہو جاتا ہے۔ گاہے تیز دھوپ میں چلنے سے گرمی کی شدت سے گرم چیزوں کے کھانے اور شراب کے کثرت استعمال سے سر پر چوٹ لگنے نیز وجع المفاصل۔ نقرس۔ آتشک کی سمیت سے بھی یہ مرض لاحق ہوتا ہے۔ بعض اوقات مادہ سل بھی اس مرض کو پیدا کرتا ہے۔ اور گاہے ناک یا کان کا اندرونی ورم بڑھتے بڑھتے دماغ اور اس کی جھلیوں تک سرایت کر جاتا اور سرسام پیدا کر دیتا ہے اور گاہے عورتوں میں احتباس حیض کی وجہ سے یہ مرض پیدا ہو جاتا ہے زیادہ تر مردوں میں ہوتا ہے۔ اس مرض میں شدت کا بخار ہو جاتا ہے ابتدا میں دردسر اور دوران سر کی شکایت ہو جاتی ہے مریض کے ہوش وحواس خطا ہو جاتے ہیں۔ اٹھ کر بھاگنے اور دوڑنے کی کوشش کرتا ہے آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں ہاتھوں سے کوئی چیز چننے کی کوشش کرتا ہے کبھی ٹکٹکی باندھ کر دیکھتا ہے دانتوں کو پیتا ہے ننگا ہونے کی کوشش کرتا ہے قبض ہوتی ہے پیٹ تنا ہوا ہوتا ہے گاہے پیشاب پاخانہ بے ہوشی میں کر دیتا ہے اگر دماغ کی جھلیوں میں ورم ہو تو مریض جلدی ٹھیک ہو جاتا ہے اگر ورم خاص دماغ میں ہوتا تو مریض کے لیے خطرناک ہوتا ہے۔ کیسے ان کو بیان کرتا ہوں۔ انشاء اللہ آپ بھی مستفیض ہوں گے۔ مریض نمبر ا۔ لڑکا عمر بارہ سال سردی کے موسم میں دوپہر کے وقت نہایا اور سردی میں پھرتا رہا اور شام کو بے ہوش ہو گیا۔ مجھ کو دکھایا گیا میں نے سمجھا کہ دماغ کو سردی پہنچ گئی ہے۔

## (۸۲) لیری

**ھوالشافی :** آٹا گندم ایک روٹی اور ہلدی ۳ تولہ ملا کر روٹی پکا دیں ایک طرف سے کچی رہے۔ کچی طرف سے گھی چپڑ کر دماغ پر باندھ دیں۔ مریض کو جلد ہی ہوش آ گیا۔ اسی طرح اور کئی مریضوں کو ہوا لیکن ساتھ بخار نہ ہوتا تھا۔ اسی طرح روٹی بندھوا دی گئی۔

## (۸۳) نسوار

**ھوالشافی :** فلفل سیاہ۔ سونٹھ باریک کردہ کی نسوار دی گئی غذا میں شوربا مرغ دیا گیا چونکہ ان مریضوں میں سردی کا عارضہ تھا سب ہی راضی ہو گئے۔

## (۸۴) بخار ۱۰۴

مریض عمر ۲۰ سال نوجوان شادی شدہ کو بخار ۱۰۴ تک ہو گیا اور وہ بے ہوش ہو گیا۔ اٹھ کر بھاگنے کی کوشش کرے آنکھیں سرخ تھیں اس کو پاشویہ کیا گیا اور سر پر بال قینچی سے اتار کر عرق گلاب ۶ تولہ۔ سرکہ ۲ تولہ۔ روغن گل ۲ تولہ ملا کر اس سے پٹی تر کر کے دماغ پر رکھی گئی اور آدھ گھنٹہ کے بعد اتار کر دوسری پٹی رکھی اسی طرح بے ہوشی دور ہو گئی اور ساتھ ہی بخار کم کرنے کی دوا دی گئی اس سے سرسام دور ہو گیا۔ اگر قبض ہو تو جلاب دینے کی بجائے حقنہ کرنا لاجواب ہوتا ہے۔

## حقنہ یا پچکاری

حکیم شریف خان دہلی رحمۃ اللہ علیہ گل خطمی۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ سونف ۷۔۷ ماشہ مکو خشک۔ گاؤزبان ۵۔۵ ماشہ۔ عناب ۵ دانے۔ جو مقشر۔ تخم خطمی ۷ ماشہ ڈیڑھ سیر پانی میں پکائیں آدھ سیر رہ جانے پر چھان کر مغز املتاس ۵ تولہ۔ شیر خشت ۴ تولہ۔ ترنجبین خراسانی ۴ تولہ۔ نمک طعام ۶ ماشہ حل کر کے دو بار چھان لیں پھر کسٹرائل ۲ تولہ ملا کر آب مکو ۱۲ تولہ ملا کر اس کی پچکاری کریں تقریباً تمام قسم کے سرسام کو لاجواب ہے۔

## (۸۵) پاشویہ

**ھوالشافی :** گل بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ تخم خطمی۔ سبوس گندم۔ نمک طعام ایک ایک تولہ۔

دھوئیں۔

**طریقہ :** مریض کو کرسی۔ یا چار پائی پر بٹھا کر پاؤ نیچے لٹکا دیں اور مریض کے چہرہ پر ایک نرم کپڑا رکھ دیں اور دو آدمی ہوشیار اس جوشاندہ کو مریض کے گھٹنوں سے لے کر اوپر سے نیچے تک سوتتے رہیں نیچے پاؤں بھی برتن میں رہیں آدھ گھنٹہ کے بعد پانی کو تولیہ سے خشک کر کے اوپر سے پٹیاں باندھ دیں اور مریض کو لٹا دیں یہ پاشویہ ایک لاجواب علاج ہے اگر تمام اشیاء نہ ہو تو صرف برگ بیری ایک پاؤ۔ نمک طعام ایک تولہ۔ چھان گندم ۵ تولہ سے ہی پاشویہ کر دیں۔

**فوائد :** یہ ایک لاجواب علاج ہے میں نے اس سے دردسر۔ سرسام بخار کا علاج کیا ہے وہ مریض جو کہ ٹیکوں سے ٹھیک نہ ہوئے تھے ایک بار کے استعمال سے ٹھیک ہو گئے اور پسینہ آ کر بخار بھی اتر گیا۔

**ایک تجربہ :** مریضہ عمر ۵۰ سال کے وارثوں نے آ کر کہا کہ ہماری فلاں عورت چند دن سے بیمار ہے آج تو اس کی نظر بھی بند ہو گئی ہے میں نے یہ پاشویہ کرایا اور چھ گھنٹہ کے بعد مریضہ کی نظر بھی ٹھیک ہو گئی یہ پاشویہ سرسام ہر قسم اور سر درد شدید سے شدید کو فوراً آرام دیتا ہے۔

**نکات مطب :** بخار سے ورم سے دوران خون جو دماغ طرف تیز ہو جاتا ہے اس سے فوراً نیچے اتر آتا ہے اور مریض ٹھیک ہو جاتا ہے۔ کئی بار اس کا تجربہ کیا ہے۔

اسی طرح ایک مریض کو پاشویہ بھی کرایا اور مریض کے پاؤں کے تلووں میں سینگیاں لگوائیں تو مریض کو آرام ہو گیا ہاتھ ہتھیلی میں بھی سینگیاں لگوائی جا سکتی ہیں اسی طرح ایک لاعلاج مریضہ کی پنڈلیوں پر سینگیاں لگوا دیں جس سے مریضہ فوراً ٹھیک ہو گئی یہ تمام طریقہ علاج تجربہ شدہ ہیں۔

**نوٹ :** پچھلے صفحات میں میں نے سفوف بیشی نمبر ۲۔ سفوف لفاحی نمبر ۲ کے نسخے لکھے ہیں ان کو بدل بدل کر دو دو گھنٹے کے بعد دینے سے سرسام ہونے ہی نہیں پاتا اگر ہو جائے تو اس سے دور ہو جاتا ہے۔ ۵۵ سال میں کئی بار تجربہ ہوا ہے میں تو بخار کے مریض کو جا کر دماغ کا حال پوچھتا ہوں جب پتہ چلے کہ مریض نے ایک بات بھی غلط کی ہے تو فوراً ان کو دے دیتا ہوں مریض فوراً شفایاب ہو جاتا ہے۔

## (۸۶) مونگ کا آٹا

مریض عمر ۲۵ سال کو سرسام ہو گیا اس کے وارثوں نے آ کر کہا کہ ہمارا بھائی بیمار ہے اور اُٹھ کر بھاگنے کی کوشش کرتا ہے جا کر دیکھا واقعی سرسام تھا۔

**علاج :** مونگ یا موٹھ کا آٹا پاؤ بھر لے کر گائے کے دودھ میں گوندھ کر روٹی پکائیں۔ اور روغن گل سے چپڑ کر مریض کے سر پر باندھ دیں۔

**طریقہ :** ایک طرف کچی رکھیں اور سہاتی کچی طرف پر روغن گل لگا کر باندھ دیں اسی طرح روٹی سرد ہونے پر دوسری تیار کر کے باندھ دیں لیکن سر کے بال پہلے قینچی سے کتر لیں۔ تین چار روٹیاں باندھنے سے سرسام دور ہو جاتا ہے میں نے بھی اور کئی حکما سابقین کا مجرب ہے۔ اگر روغن گل نہ ہو تو اس طرح تیار کر لیں پانی ۱۰ تولہ۔ تیل میٹھا ۱۰ تولہ۔ پھل گلاب ایک تولہ ملا کر پکائیں جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے تو چھان کر اس روغن سے روٹی چپڑ کر باندھیں اگر صرف میٹھا تیل لگائیں تب بھی مفید ہے کئی دفعہ اس طرح بھی کیا ہے ہوش آنے پر مریض کی قبض کا خیال کریں بلکہ ضرور دور کریں اگر بخار سبب ہو تو بیشی نمبر ۲ یا لفاحی نمبر ۲ دیں۔ اس سے سرسام اور بخار دونوں دور ہوں گے۔ انشاء اللہ اس طرح کئی علاج کیے۔

## (۸۷) کھویا

مریضہ عمر ۲۵ سال کو بچہ پیدا ہوا اس کے بعد زچہ کو سرسام ہو گیا مجھ کو بھی بلایا گیا وہاں میرے علاوہ ایک اور حکیم بھی آیا ہوا تھا میں نے اس سے مشورہ لیا تو اس نے کہا کہ مریضہ کے سر پر کھویا باندھ دیں چنانچہ ایک پاؤ گرم گرم کھویا دودھ باندھ دیا گیا سرد ہونے پر اور تیار کر کے باندھ دیا گیا چار بار باندھنے سے مریضہ کے ہوش حواس ٹھیک ہو گئے اور بعد قبض وغیرہ علاج کیا گیا۔ نفاس بند تھا اس کو کھول دیا مریضہ اب تک زندہ ہے۔

## (۸۸) نمک سفید : ۱

**ھوالشافی :** کئی بار نمک سفید پانی میں کھرل کر کے ناک میں ٹپکانے سے مریض کو ہوش آ جاتی ہے ایک حکیم نے اپنا تجربہ بیان کیا کہ نوشادر گھول کر ٹپکانے سے بھی ہوش آ جاتی ہے بلکہ سرسام دور ہو جاتا ہے نمک کا تجربہ میں نے خود کیا ہے اور نوشادر کا حکیم نے۔

## (۸۹) نمک سفید:۲

حکیم یار محمد صاحب للیانی والے مشہور طبیب گزرے ہیں جن کے خاندان کو میں ملتا رہا ہوں انہوں نے ایک نسخہ مجرب بتایا۔ بے ہوشی خواہ۔ سرسام کی کی ہو یا غشی ہو دل کے امراض کی یا سکتہ کی اس سے مریض کو فوراً ہوش آ جاتی ہے۔ حکیم اس کو اپنی جیب میں رکھے۔

**ھوالشافی :** نمک سفید ۵ تولہ۔ سم الفار سفید ایک چاول۔ طباشیر ایک رتی۔ تین پہر خشک کھرل کریں۔ طریقہ ایک رتی یہ دوائی ۵ بوند پانی میں حل کر کے مریض کی ناک میں ڈال دیں اس سے مریض فوراً ہوش میں آ جائے گا انہوں نے اس کی از حد تعریف کی ہے ان کے مطب میں ہر وقت تیار رہتا تھا۔ مجرب ہے۔

## (۹۰)

حکیم عبدالرحیم جلیل گولڈ میڈلسٹ نظام آباد ایڈیٹر رسالہ ''لقمان'' سند یافتہ پنجاب یونیورسٹی سرسام کے باب میں کتاب عنایات جلیل سال نامہ ۱۹۵۲ء فروری مارچ میں لکھتے ہیں کہ میں نے سرسام کے مریضوں پر اس نسخے کو آزمایا ہے۔

**ھوالشافی :** لونگ ایک پاؤ لے کر باریک کر کے دودھ گائے میں گوندھ کر روٹی پکا کر جو کہ ایک طرف سے کچی ہو روغن گل سے چپڑ کر باندھ دیا کرتا ہوں اور تین گھنٹہ کے بعد بدل دیا کرتا ہوں اس سے سرسام کے کئی مریض راضی ہو چکے ہیں تمام عمر کا معمول ہے اس سے لا علاج مریض بھی راضی ہو گئے جن کو ہسپتالوں سے انہوں نے خارج کر دیا تھا اگر عمر باقی ہو تو یہ نسخہ کافی ہے۔ ۹۸ فی صد مجرب ہے۔

## (۹۱) روغن شفا

ست پودینہ۔ ست اجوائن ۶۔۶ ماشہ۔ کافور ایک تولہ ملا کر رکھیں تیل ہو جائے گا اس کو نتھنوں میں لگائیں اور سفوف عشر کی نسوار دیں۔ مجرب ہے۔ سفوف عشر چاول باسمتی لے کر شیر مدار میں تر کریں بعدہٗ پیس کر رکھیں اس کی نسوار دینا بے ہوش نزلہ زکام گاڑھا ہونے پر مجرب ہے۔ ٹکیہ آرد مونگ جس کا ذکر پہلے ہو چکا اس کے ساتھ یہ ادویہ چھڑک کر باندھنا زیادہ مفید ہے۔

**ھوالشافی :** روغن گل سے چپڑ کر اجوائن۔ سونٹھ۔ ہینگ۔ نمک طعام ایک ایک ماشہ چھڑک کر باندھنا زیادہ مفید ہے اس سے ورم دماغ تحلیل ہو گا بلکہ اس ٹکیہ سے ورم شکم اور

آنتوں کی سوجن بھی دور ہو جاتی ہے۔ اگر سرسام کے مریض کو زیادہ غنودگی کا غلبہ ہو تو اس کو جگاتے رہیں۔ بخار ہلکا ہو ہذیان اور اضطراب بھی ہو تو اس حالت میں تکیہ آرد مونگ بھی مفید ہے لیکن کبوتر یا مرغ کو ذبح کر کے اس کا پیٹ چاک کر کے گرم گرم باندھنا زیادہ مفید ہے اور روزانہ حقنہ کرنا بھی ضروری ہے تاکہ پیٹ صاف رہے۔

**نسخہ حقنہ:** صابن ایک تولہ پانی نیم گرم تین پاؤ کسٹرائل ۴ تولہ ملا کر حقنہ کریں اگر حقنہ کی ضرورت ہو تو وہ بھی دیں۔

## (۹۱) مسہل

**گل بنفشہ** ۷ ماشہ مویز منقی ۹ دانہ۔ سونف ۵ ماشہ۔ جڑ کاسنی ۷ ماشہ۔ گاؤزبان ۵ ماشہ۔ خطمی۔ خبازی ۷۔۷ ماشہ۔ اسطوخودوس ۵ ماشہ۔ تمام ادویہ کو جوش دے کر چھنی یا خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ۔ سنا مکی ۷ ماشہ ملا کر پلا دیں یا مسہلہ گریاں دیں جس سے اسہال آ جائیں۔ اسہال کے بعد عرق سونف، عرق گاؤزبان نیم گرم پلائیں۔ انشاء اللہ اسہال آ کر تمام ردی مواد دماغ اور پیٹ سے نکل جائیں گے۔ اور اعضاء صحیح کام کرنے لگ جائیں گے۔ تقویت کے لیے دوالمسک معتدل سادہ چٹایا کریں اگر پیشاب بھی کم آتا یا بند ہو تو روغن زیتون قدرے گرم کر کے پیڑو اور مثانہ پر مالش کریں اس سے پیشاب بھی اتر آئے گا۔ ورنہ ربڑ کی سلائی سے نکال دیں اس سے بھی مریض کو افاقہ ہو گا۔ کیونکہ اگر پیشاب بند ہو گا تو بھی ہذیان بڑھے گا۔

**نکات مطب:** اگر تیز بخاروں میں سر میں گرانی اور شدید درد پیدا ہو جائے مریض روشنی سے نفرت کرے تو سرسام پیدا ہونے کی علامت ہے۔ اگر مریض سرسام کا پیشاب اور پاخانہ بلا ارادہ خارج ہو آنکھیں اندر کو دھنس جائیں اور ان کے گرد حلقے پڑ جائیں مریض بدشکل ہو جائے سانس رک کر آئے ہاتھ پاؤں میں تشنج ہونے لگے تو مریض کا بچنا مشکل ہوتا ہے۔

اگر سرسام کے مریض کو بار بار چھینکیں آئیں کان کے پیچھے ورم پیدا ہو جائے یا کان بہنے شروع ہو جائیں۔ تو یہ ٹھیک علامات ہیں اس سے مرض کم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ اور تدابیر جو کہ سرسام میں مفید ہیں۔ رگ سر کا فصد کرنا۔ نسوار دینا۔ مسہل دینا۔ حلوہ باندھنا بھی مفید ہے۔ آنکھوں میں دوا لگانا۔ پاؤں کو گرم پانی میں رکھنا۔ یہ سرمہ بھی بڑے حکما کا تجویز کردہ ہے

آنتوں کی سوجن بھی دور ہو جاتی ہے۔ اگر سرسام کے مریض کو زیادہ غنودگی کا غلبہ ہو حواس کند ہوں۔ بخار ہلکا ہو ہذیان اور اضطراب بھی ہو تو اس حالت میں تکیہ آرد مونگ بھی مفید ہے لیکن کبوتر یا مرغ کو ذبح کر کے اس کا پیٹ چاک کر کے گرم گرم باندھنا زیادہ مفید ہے اور روزانہ حقنہ کرنا بھی ضروری ہے تاکہ پیٹ صاف رہے۔

**نسخہ حقنہ :** صابن ایک تولہ پانی نیم گرم تین پاؤ کسٹرائل ۴ تولہ ملا کر حقنہ کریں اگر منضج کی ضرورت ہو تو وہ بھی دیں۔

## (۹۱) مسہل

گل بنفشہ ۷ ماشہ مویز منقیٰ ۹ دانہ۔ سونف ۵ ماشہ۔ جڑ کاسنی ۷ ماشہ۔ گاؤزبان ۵ ماشہ۔ خطمی۔ خبازی ۷۔۷ ماشہ۔ اسطوخودوس ۵ ماشہ۔ تمام ادویہ کو جوش دے کر چینی یا خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ۔ سنا مکی ۷ ماشہ ملا کر پلا دیں یا مسہلہ گریاں دیں جس سے اسہال آ جائیں۔ اسہال کے بعد عرق سونف، عرق گاؤزبان نیم گرم پلائیں۔ انشاء اللہ اسہال آ کر تمام ردی مواد دماغ اور پیٹ سے نکل جائیں گے۔ اور اعضاء صحیح کام کرنے لگ جائیں گے۔ تقویت کے لیے دوالمسک معتدل سادہ چٹایا کریں اگر پیشاب بھی کم آتا یا بند ہو تو روغن زیتون قدرے گرم کر کے پیڑو اور مثانہ پر مالش کریں اس سے پیشاب بھی اتر آئے گا۔ ورنہ ربڑ کی سلائی سے نکال دیں اس سے بھی مریض کو افاقہ ہو گا۔ کیونکہ اگر پیشاب بند ہو گا تو بھی ہذیان بڑھے گا۔

**نکات مطب:** اگر تیز بخاروں میں سر میں گرانی اور شدید درد پیدا ہو جائے مریض روشنی سے نفرت کرے تو سرسام پیدا ہونے کی علامت ہے۔ اگر مریض سرسام کا پیشاب اور پاخانہ بلا ارادہ خارج ہو آنکھیں اندر کو دھنس جائیں اور ان کے گرد حلقے پڑ جائیں مریض بدشکل ہو جائے سانس رک کر آئے ہاتھ پاؤں میں تشنج ہونے لگے تو مریض کا بچنا مشکل ہوتا ہے۔

اگر سرسام کے مریض کو بار بار چھینکیں آئیں کان کے پیچھے ورم پیدا ہو جائے یا کان بہنے شروع ہو جائیں۔ تو یہ ٹھیک علامات ہیں اس سے مرض کم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ اور تدابیر جو کہ سرسام میں مفید ہیں۔ رگ سر کا فصد کرنا۔ نسوار دینا۔ مسہل دینا۔ حلوہ باندھنا بھی مفید ہے۔ آنکھوں میں دوا لگانا۔ پاؤں کو گرم پانی میں رکھنا۔ یہ سرمہ بھی بڑے حکما کا تجویز کردہ ہے

## (۹۳) سلائی

جمال گوٹہ مدبر ۱۰ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۲ ماشہ۔ فلفل دراز ۲ ماشہ۔ پارہ ۴ ماشہ۔ گندھک ۴ ماشہ۔ باریک کر کے کھٹے کا پانی اس قدر ڈالیں کہ ادویہ اس میں ڈوب جائیں۔ خشک ہونے پر باریک کر کے سلائی سے لگا دیں اس سے بخار اور سرسام دور ہوگا۔

## (۹۴) نخلخہ سرسام

**ھوالشافی :** سرکہ ۳ تولہ۔ عرق گلاب ۷ تولہ۔ روغن گل ایک تولہ۔ دھنیا خشک ایک تولہ۔ صندل سفید ۹ ماشہ۔ کافور ۲ ماشہ ملا کر ایک بوتل میں ڈال کر کارک لگا دیں اور کاک کھول کر کبھی کبھی اس کو سونگھاتے رہیں۔

**غذا :** ہر حال میں غذا نرم رکھیں سبز ترکاریاں۔ مونگ کی دال کی چپاتی۔ شوربا۔ چاول۔ مونگ کی کھچڑی۔ دلیا گندم دیا کریں۔ کمزوری دور کرنے کے لیے حب جواہر خمیرہ گاؤزبان عنبری۔ صبح و شام کھلا دیں۔ دوائے مسک معتدل جواہر والی میں رکھ کر کھلائیں۔ دماغ میں تراوٹ پیدا کرنے کے لیے روغن بادام۔ روغن کدو۔ روغن خشخاش ملا کر مالش کیا کریں انشاء اللہ ان ادویہ سے دماغی اور جسمانی کمزوری دور ہوگی ہاضمہ خراب ہو تو جوارش جالینوس ۷۔۷ ماشہ بعد از غذا دے دیا کریں۔ محترم قارئین! سرسام ایک خطرناک ہے اس کے لیے میں نے ۵۰ سالہ تجربات پیش کر دیئے ہیں اگر آپ نے غور سے کام لیا تو آپ انشاء اللہ کامیاب ہوں گے۔

# نسیان (بھول جانا)

جاس مرض میں آدمی ہر چیز بھول جاتا ہے حتیٰ کہ اپنی گلیاں بھی بھول جاتا ہے پرانا نزلہ وزکام۔ دماغ کی چوٹ۔ دماغی رسولی آتشک۔ مصروفیات کی زیادتی بھی اس کا سبب ہوتی ہے فکر، پریشانی، کثرت مباشرت، دماغ کے کسی حصہ کا ورم یا خون میں کسی زہریلی کیفیت کا پیدا ہونا یا کمی خون ہونا اس کے اہم سبب ہیں۔

**علاج :** اس مرض میں قبض رفع کریں۔ بلغمی رطوبات دماغ میں ہوتی ہیں اس لیے بلغم کا منضج دے کر مسہل دیں اور اس کے بعد ایارج کا مسہل دیں اور اس کے بعد مقوی دماغ معجونات دیں۔ اگر نیند کم آئے تو روغن لبوب سبعہ کی مالش کریں۔ "طاقت کے لیے کشتہ مرجان جواہر والا۔ خمیرہ گاؤزبان عنبری۔ میں رکھ کر کھلائیں۔ اطریفل اسطوخودوس کھلائیں۔ اس مرض میں مریض کو سکون دیں۔ بوڑھے آدمی اور بلغمی طبیعت والے کو معجون فلاسفہ لاجواب ہے۔ برہمی کے مرکبات بھی اس مرض میں مفید ہوتے ہیں۔ چونکہ برہمی بوٹی دماغ کے لیے لاجواب ہے اس کا جس طرح بھی استعمال کیا جائے مثلاً روزانہ کی چائے میں تین ماشہ ابال کر پی جائے یا اس کا جوشاندہ چینی سے میٹھا کر۔

## (۹۵) ایک لاجواب سفوف

برہمی صاف روغن گائے میں بریاں شدہ۔ مغز تخم دھنیا۔ مغز تخم سونف۔ دانہ الاچی کلاں۔ مغز بادام مقشر۔ مغز کدو شیریں۔ خشخاش سفید ۵۔۵ تولہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ مصری کوزہ ۳۰ تولہ۔ پہلے ورق نقرہ اور مصری ملا کر سفید کھرل کریں کہ چمک نہ رہے بعد ازاں ادویہ باریک کردہ ملا لیں۔

**خوراک :** ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ جوش دادہ۔

**فوائد :** نہایت آسانی سے تیار ہونے والا سفوف ہے اس کے استعمال سے دماغ میں پوری

طاقت آ جاتی ہے قوت حافظہ بڑھ جاتی ہے دماغ کی کمزوری سے سدر دوار سر درد دائمی نزلہ زکام نسیان دور ہو جاتا ہے مجرب ہے۔

**برھمی بوٹی :** دماغ کے لیے خاص چیز ہے یہ خون کو صاف کرتی ہے اس کا استعمال ہر طب میں ہے ہومیو پیتھک نے بھی اس کا ٹنکچر تیار کیا ہوا ہے حاملہ کو کھلانے سے بچہ عقل مند پیدا ہوتا ہے خوراک اس کی تین ماشہ ہے۔ اگر تازہ برہمی کا رس ہو ورنہ ۱۰ تولہ برہمی کا جوشاندہ مغز بادام ۵ تولہ مرچ کالی ۶ ماشہ باریک کر کے ملا کر تین پاؤ چینی کا شربت بنا دیں۔ خوراک ۳۔۳ تولہ۔ صبح و شام پانی ملا کر پلانا از حد مفید ہے اور مقوی دماغ ہے۔

## (۹۶) سفوف دارچینی

**ھوالشافی :** اسی طرح دارچینی کا سفوف ایک ایک ماشہ کھانا یا دارچینی کے ٹکڑے منہ میں رکھ کر چبانا دافع نسیان ہیں۔ برہمی خشک ۳ ماشہ۔ مغز بادام ۱۱ عدد۔ تخم الائچی خورد ۵ عدد۔ مغز چہار ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۷ دانے۔ کھانڈ ۵ تولہ۔ پانی چھ چھٹانک میں گھوٹ کر پلانا لاجواب ہے۔ موسم سرما میں قدرے گرم کر لیں مجرب ہے۔ یہ ایک معجون ہے جس کو میں نے تیار کیا اور مریض کو دیا لاجواب ہے۔

## (۹۷) تخم خشخاش

**ھوالشافی :** تخم خشخاش۔ کشنیز خشک ۱۰۔۱۰ تولہ۔ دال ماش شستہ ڈیڑھ پاؤ۔ روغن زرد ڈیڑھ پاؤ۔ قند سفید تین پاؤ۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز ناریل۔ چہار مغز۔ مغز سونف۔ ہلیلہ زنگی۔ پوست بلیلہ زرد ۵۔۵ تولہ۔ خشخاش اور دال کو علیحدہ علیحدہ پانی میں تر کریں۔ صبح کو گھوٹ کر علیحدہ علیحدہ گھی میں بریاں کریں۔ باقی ادویہ باریک کر کے رکھیں اور قند سفید کا ڈیڑھ پاؤ پانی میں قوام بنا کر ادویہ ملا لیں۔

**خوراک :** ۳۔۳ تولہ۔ صبح و شام ہمراہ دودھ جوش دارد۔

**فوائد :** نزلہ زکام دائمی۔ کمزوری دماغ۔ منقی دماغ، کمزوری بصارت۔ نسیان کو لاجواب ہے۔ اگر پوڈر ہی رکھ لیں تب بھی ٹھیک ہے۔ اور کھانڈ ویسے ہی ملا لیں۔ تپ زیادہ بہتر ہے پھپھوندی بھی نہ لگے اور فوائد بھی حاصل ہوں۔ ایک حکیم کا مجرب ہے اور میں نے بھی تیار کر کے فائدہ اٹھایا ہے از حد مقوی دماغ ہے میں نے اس کو تیار کر کے مفید پایا ہے۔

# مرگی (صرع)

صرع کے معنیٰ گر پڑنا ہے چونکہ مرگی کا مریض گر پڑتا ہے اس لیے اس کو صرع کہتے ہیں لوگ اس کا علاج نہیں کرتے اس کو جن بھوت کا سایہ سمجھتے ہیں۔

**علامت:** اس کی یہ ہیں کہ مریض بے ہوش ہو کر زمین پر خواہ سخت جگہ پانی یا کسی جگہ گر پڑتا ہے ہوش وحواس نہیں رہتے چہرہ ڈراؤنا ہو جاتا ہے۔ ہاتھ پاؤں میں تشنج ہو جاتا ہے۔ زبان دانتوں میں آ کر کٹ جاتی ہے۔ پیشاب پاخانہ بے خبری میں نکل جاتا ہے۔ اگر مادہ مرض زیادہ ہوتا ہے تو دورے کا وقفہ لمبا ہوتا ہے یا جلدی جلدی پڑتا ہے اگر مادہ مرض کم ہوتا ہے تو دورہ کبھی کبھی پڑتا ہے۔ سبب اس کے یہ ہیں کہ دماغ میں بلغمی رطوبتیں جمع ہو جاتی ہیں اکثر نزلہ زکام رہتا ہے۔ دماغ پر چوٹ لگنا۔ رنج غم رہنا۔ ورم دماغ' خون میں زہریلے اثرات' شراب نوشی۔ آتشک۔ نقرس' معدہ اور آنتوں کی خرابی خاص کر قبض دائمی رہنا' نوجوانوں میں جلق۔ کثرت جماع۔ اور نوجوان لڑکیوں میں بندش حیض' بچوں میں کرم شکم' ڈر جانا اس کے سبب ہوتے ہیں۔

**علاج:** دورہ مرض میں سر کے نیچے اونچا تکیہ لگا دیں اور منہ میں کپڑے کی گدی یا بوتل کا کارک یا سوت کا غلولہ بنا کر رکھیں مبادا کہ زبان نہ کٹ جائے۔ سینہ اور گلے کی بندش ڈھیلی کر دیں۔ تشنج دور کرنے کے لیے گرم روغن۔ مثلاً روغن قسط' روغن بابونہ۔ روغن سرخ' روغن کچلہ۔ روغن گل۔ روغن مال کنگنی کی مالش کریں۔ روغن گل' روغن بابونہ' روغن کٹھ (قسط) ملا کر مالش کریں۔ ناک میں کڑوی اشیاء۔ مثلاً مرچ سیاہ۔ کتائی خورد۔ شحم حنظل۔ کلونجی۔ سونٹھ۔ کشمیری پٹھہ۔ کاپھل جو مل جائے اس کی نسوار دیں۔ اس سے چھینک آ کر ہوش آ جائے گی۔ اس کے مرض تمام عوارض یعنی بندش حیض ہو تو اس کی اصلاح کریں۔ قبض ہو تو دور کریں۔ دماغ میں چوٹ یا کسی وجہ سے کسی حصہ میں ورم ہو تو اس کا علاج کریں۔ پیٹ میں کیڑے ہوں تو اُن کو نکال دیں۔ اگر کثرت جماع یا مجلوق مریض ہو تو اس کا علاج کریں۔ عود صلیب کی

گنڈھی یا جائفل گلے میں لٹکانا بھی مفید ہے۔ اگر منضج کی ضرورت ہوتو یہ منضج دیں۔

## (۹۸) جوشاندہ (منضج)

گل بنفشہ ۶ ماشہ۔ زوفا ۴ ماشہ۔ سونف رومی۔ گاؤزبان۔ سونف دیسی۔ اسطوخودوس۔ بادرنجبویہ۔ عودصلیب۔ ۵۔۵ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۹ دانہ۔ انجیر ۳ عدد۔ جدوار ۳ ماشہ۔ پرسیاؤشاں ۵ ماشہ۔ رات کو آدھ سیر پانی میں حل کر کے صبح کو جوش دیں دن میں تین بار شہد سے میٹھا کر کے دیں۔ ۱۱ دن کے بعد مسہل دیں یہ ایک لاجواب جوشاندہ ہے اس سے جسم کے تمام خراب مادے خواہ دماغ میں ہوں خواہ خون میں ہوں یا پیٹ میں ہوں۔ انشاء اللہ نکل جائیں گے۔ اس کے بعد جسم میں مقوی دماغ۔ دافع قبض اور مقوی ادویات دیتے رہیں۔ انشاء اللہ مرض دور ہوگی۔

## (۹۹) معجون صرع

معجون صرع یہ متقدمین کی معجون ہے۔

**ھوالشافی** : اسطوخودوس۔ افتیمون۔ بسفائج۔ عاقر قرحا۔ عودصلیب ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ مویز منقیٰ ۴ تولہ۔ شہد خالص سہ چند۔ خوراک ۷۔۷ ماشہ صبح وشام ہمراہ عرق گاؤزبان ۷۔۷ تولہ۔ جدوار۔ عودصلیب ۲۔۲ ماشہ۔ خمیرہ گاؤزبان سادہ ۲ تولہ میں ملا کر آدھا صبح آدھا شام ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔ یہ بھی لاجواب علاج ہے کیونکہ جدوار تریاق بدن ہے اور عودصلیب اس مرض کا خاص علاج ہے۔ یا

## (۱۰۰) خمیرہ

**ھوالشافی** : خمیرہ گاؤزبان عنبری جدوار عودصلیب والا ۷ ماشہ صبح کو عرق گلاب سے دیں اور رات کو اطریفل اسطوخودوس ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۷ تولہ سے دینا مرض کا مادہ دیکھ کر تین ماہ سے ایک سال تک دینا مرض کو جڑ سے نکال دیتا ہے یہ پرانے حکما کا قول ہے۔

## (۱۰۱) معجون (دافع اٹھرا)

یہ معجون بھی ایک صاحب نے بڑے دعویٰ کے ساتھ پیش کی ہے۔

**ھوالشافی** : بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ الائچی کلاں۔ مغز چلغوزہ۔ دارچینی ۷۔۷ ماشہ۔

مروارید ناسفتہ۔ فلفل سیاہ۔ شاخ مرجان۔ سنڈھ۔ لونگ۔ مغز اخروٹ۔ سنگ پترج ساڑھے تین تین ماشہ۔ زعفران۔ جائفل ۲۔۲ ماشہ۔ شہد خالص ۷ا تولہ۔ خوراک ۴۔۴ ماشہ۔

**فوائد :** ام الصبیان صرع سکتہ۔ دافع اٹھرا ہے۔ صاحب نسخہ کا فرمان ہے کہ سو بار کا مجرب ہے نکات مطب نسخہ میں مروارید۔ مرجان زعفران جیسے مفید اجزاء شامل ہیں۔ بندش حیض کی مریضہ کو یہ شربت تیار کر کے دینا مفید ہے۔

۷.۱.۲۸

## (۱۰۲) شربت حلبہ

**ھوالشافی :** تخم حلبہ ۳ تولہ۔ تخم خیارین ڈیڑھ تولہ۔ سونف۔ اجوائن۔ سونف رومی۔ تخم سوئے۔ مجیٹھ ۹۔۹ ماشہ۔ تخم کرفس ۶ ماشہ۔ ادویہ کوٹ کر پانی ایک سیر میں بھگو کر صبح جوش دیں آدھا رہ جائے تو چھان کر ڈیڑھ پاؤ میں ملا کر شربت بنا دیں۔

**طریقہ استعمال :** حیض آنے سے سات دن پہلے اس کو پلا دیں اس کی چودہ خوراک بنا لیں ایک خوراک صبح و شام پانی سادہ یا نیم گرم میں ملا کر پلا دیں کورس تین ماہ قبل از حیض پلانے سے رحم بالکل صاف ہو جاتا ہے کئی حکما کا اور میرا پچاس سالہ مجرب ہے رحم کو آلائشوں سے پاک کرتا ہے۔

## (۱۰۳) نسوار مرگی

یہ نسوار مرگی اور سکتہ کو مجرب ہے۔

**ھوالشافی :** گودا تمہ پھل گھگھر بیل۔ نوشادر۔ کلونجی۔ نک چھکنی۔ اسطوخودوس۔ مرچ کالی باریک کر کے نسوار دیں اس سے دماغ سے چھینکیں آ کر یا پانی بہہ کر دورہ مرض دور ہو گا۔ صرف چند یوم دیں۔

## (۱۰۴) نسوار:۲

**ھوالشافی :** اسطوخودوس۔ پوست ریٹھہ۔ دارچینی۔ عود صلیب نک چھکنی۔ مساوی الوزن نسوار دیں اس سے ہوش آ جائے گی۔

## (۱۰۵) حب عود صلیب برائے مرگی از کنز المرکبات

**ھوالشافی :** جدوار خطائی ۳ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ایک ماشہ۔ عود صلیب کلاں ایک عدد۔ مویز

منقیٰ ۳ تولہ۔ تربد سفید خراشیدہ ۲ ماشہ۔ سونف ۳ ماشہ۔ اسطوخودوس ایک تولہ۔ عرق گلاب سے کھرل کر کے حب نخودی بنا دیں ایک ایک عدد صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔ اگر عرق سونف و گلاب سے دیں تو بہتر ہے۔

**فوائد :** پرانی سے پرانی مرگی کو مفید ہے کورس تین ماہ۔ دماغی رگوں سے فاسد مواد نکال کر کرم دماغ کو کمزور کر کے ہلاک کر دیتی ہے۔ اس کے علاوہ نزلہ و زکام کھانسی کو بھی مفید ہیں۔ کوٹ کر منقہ سے گولیاں بنا لیں۔ اور عرق گلاب دس۔ نفث ملا کر پینے کو دیں اس میں اجزا اعلیٰ ہیں اور بڑے حکما کا مجرب ہے۔ اقوال حکماء کرام شب تاب ایک عدد گڑ میں ملا کر وقفہ کی حالت میں کھلانا دافع مرگی ہے۔ بکری کی ہڈی سوختہ روزانہ ۲ ماشہ کھلانا پرانے حکما نے مجرب لکھا ہے صاحب کنز المجربات نے اکسیر کہا ہے۔

## (۱۰۶) نسوار کم خرچ

**ھوالشافی :** نوشادر۔ کلونجی۔ مساوی الوزن باریک کر کے نسوار دینا لاجواب ہے اس سے فوراً ہوش آ جاتی ہے۔

## (۱۰۷) نسوار لاجواب

**ھوالشافی :** تمباکو۔ نک چھکنی۔ تخم کتائی خورد مساوی الوزن باریک کر کے نلکی سے پھونکنا لاجواب ہے۔ ایک تجربہ کتابوں میں لکھا ہے کہ بچوں کی مرگی میں مرجان گرم کر کے دونوں ابرو کے درمیان دیں تو ام الصبیان دور ہو گی لیکن میں نے لوہے کی تار گرم کر کے داغ دے دیا اس کے بعد مرگی کا دورہ نہیں ہوا۔

**شناخت :** خاص شناخت مرگی کے دورے کی یہ ہے کہ اس مرض میں منہ سے پانی یا جھاگ بہتی ہے اور غشی سی ہوتی ہے۔ یہ مرض بچوں کو بھی ہوتا ہے اس کا نام ام الصبیان ہے دورے کے وقت ہاتھ پاؤں میں تشنج ہو جاتا ہے آنکھوں کے ڈھیلے اوپر گھوم جاتے ہیں بچہ بے ہوش ہو جاتا ہے۔ بچہ کو اگر قبض ہو تو یہ گولیاں دیں۔

## (۱۰۸) قبض کشا

**ھوالشافی :** مصبر ایک تولہ۔ مصطگی ۶ ماشہ۔ ریوند عصارہ ۳ ماشہ۔ گولی بقدر دانہ مونگ بنا

دیں چھوٹے بچہ کو شیر مادر میں دیں۔ بڑوں کو ایک یا دو عدد ویسے کھلا دیں۔ تشنج دور کرنے کے لیے روغن گل کی مالش کریں۔ اور دورہ رفع ہونے کے بعد......

## (۱۰۹) خمیرہ

**ھوالشافی :** خمیرہ گاؤزبان جدوار عود صلیب والا ۱ ماشہ ۲ تولہ عرق گاؤزبان میں حل کر کے پلائیں۔ اگر کسی عورت کے بچے اس مرض میں مبتلا ہو کر فوت ہو جاتے ہوں اس عورت کو حمل کے تیسرے ماہ سے لے کر سات ماہ تک دیں۔

## (۱۱۰) معجون حمل

**ھوالشافی :** معجون حمل عنبری ۵ ماشہ ہر ماہ میں بیس روز تک کھلانا آئندہ بچوں کو اس مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔ لاجواب سفوف جو کہ بچوں کی مرض میں مفید ہے۔ گو سادہ ہے لیکن فوائد میں لاجواب ہے۔ بچوں کی عمر کے حساب سے ایک سال کو ایک ماشہ دو سال کو دو ماشہ گرم پانی میں حل کر کے پلانا مفید ہے۔ اس سے ایک دو اسہال آ جاتے ہیں۔

**فوائد :** ام الصبیان۔ ڈبہ سرسام۔ دردسر۔ مروڑ۔ قبض۔ قولنج۔ بدہضمی۔ حتیٰ کہ پیٹ کے کیڑے بھی اس سے نکل جاتے ہیں۔

## (۱۱۱) سفوف

کورس لاجواب کسی زمانے میں لاہور سے ایک پرچہ "حامی صحت" نکلتا تھا اس میں کسی حکیم نے یہ نسخہ دعوے کے ساتھ شائع کیا تھا کہ یہ نسخہ صرع کے لیے اکسیر ہے۔

**ھوالشافی :** تربد سفید مقشر۔ پوست ہلیلہ زرد، پودینہ باغی مساوی لے کر سفوف بنا دیں۔ بڑوں کو مرگی میں ۶ ماشہ۔ صبح و شام دیں۔ نکات مطب۔ ہلیلہ زرد دماغی امراض میں مشہور ہے تربد قبض کشا دافع بلغم اور پودینہ ہاضم ہے اس لیے میں نے بھی اس کا تجربہ کیا ہے اس سے ڈبہ بھی دور ہو جاتا ہے۔

اقوال حکما مفردات میں اسطوخودوس۔ عقر قرحا۔ دارچینی۔ لونگ ۲۔۲ ماشہ۔ علیحدہ علیحدہ شہد میں ملا کر چٹانا اور گل مدار ایک تولہ۔ روغن سرسوں ۱۰ تولہ میں جلا کر دو۔ دو قطرہ ہر ایک ناس میں ٹپکانا مرگی کو زائل کرتا ہے۔

## (۱۱۲) معجون

**ھوالشافی :** اطریفل زمانی۔ اطریفل اسطوخودوس۔ اطریفل عالی۔ جس کا نام اطریفل بخشوع بھی ہے۔ ھوالشافی پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ آملہ صاف گل سرخ۔ بادام روغن ۱۰۔۱۰ تولہ مغز جمال گوٹہ مدبر ایک تولہ۔ قند سفید۔ شہد خالص ۳۔۳ پاؤ کا قوام بنا کر ادویہ ملا کر معجون بنا دیں چالیس دن دھوپ میں رکھیں اور کچھ دن گندم کے انبار میں رکھیں۔

**خوراک:** ۵ ماشہ صبح کو عرق سوف سے دیں۔ صرع، سکتہ، فالج، لقوہ میں مجرب ہے۔ ۳ ماشہ یہ اطریفل ۳ ماشہ اطریفل زمانی۔ ۳ ماشہ اطریفل اسطوخودوس ملا کر عرق گاؤزبان ۱۲ سے کھلانا امراض دماغ، مرگی، شقیقہ، عصابہ بالکل مجرب ہے۔ ورق نقرہ میں لپیٹ کر کھلائیں گلے کے اوپر سے کل امراض کان، ناک، آنکھ کو لاجواب ہے۔ اور گھگھر دل باریک کر کے دورہ کے وقت ربڑ کی نلکی سے پھونک ماردیں اور مریض کا سر نیچا کر دیں اس سے پانی خارج ہوگا۔ اسی طرح ہر دورہ کے وقت کریں انشاء اللہ دورہ موقوف ہوگا بڑے حکیم کا مجرب ہے ان کا فرمان ہے اس سے دماغی بطون سے مرگی کا مادہ زائل ہو جاتا ہے۔

## (۱۱۳) حب لاجواب

**ھوالشافی :** عود صلیب۔ چھوٹی چندن۔ عقر قرحا۔ جدوار خطائی۔ کہربا شمعی ایک ایک تولہ۔ حب نخودی بنالیں۔ ۱۔۱ عدد صبح و شام کھلائیں۔ دوپہر کو بھی دیں حکیم محمد حسین بیان کرتے ہیں کہ دورہ نہ ہوگا۔

## (۱۱۴) نسوار مرگی

**ھوالشافی :** کافور ایک ماشہ۔ تخم سرس ۶ ماشہ۔ نوشادر ۶ ماشہ۔ طوطا مدار ایک عدد۔ اسطوخودوس ۳ ماشہ۔ مرچ سفید دکنی ۲ ماشہ۔ اس کی نسوار بنا دیں دورہ کے وقت دیں دورہ رکنے کے بعد ایک ماہ بعد متواتر دیں آرام ہوگا اس کے ساتھ یہ معجون بھی دیا کریں۔ عقر قرحا ایک تولہ۔ عود صلیب ۶ ماشہ۔ شہد سہ چند خوراک ۲۔۲ ماشہ صبح و شام دیں۔ مفید ہے۔

## (۱۱۵) حب عود مشکی

حب ام الصبیان کے لیے لاجواب ہے۔

**ھوالشافی :** عود صلیب۔ عود ہندی۔ اسارون۔ زرنباد۔ ہر ایک ساڑھے ۳ ماشہ۔ کافور جند بیدستر۔ زعفران ۔ مایہ شتر اعرابی۔ بسباسہ ہر ایک ۶ رتی۔ فلفل سفید۔ لونگ۔ دارچینی۔ الائچی خورد۔ بال چھڑ۔ انگوزہ ہر ایک پونے ۲ ماشہ۔ عقرقرحا۔ درونج عقربی۔ جدوار تبتی۔ برگ پودینہ۔ ہر ایک ڈھائی ماشہ۔ کستوری ۲ رتی باریک کر کے آب برگ پان سے دانہ مسور کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی ۲ گولی تک دو تین بار شیر مادر مناسب عرق یا شربت میں حل کر کے دیں۔ امراض صبیان یعنی بچوں کی مرگی میں لاجواب ہیں۔ نیز مریض کی والدہ کو خمیرہ گاؤزبان سادہ ۶ ماشہ عرق گلاب سے ہر روز دیا کریں۔ بڑے دواخانہ کا اشتہاری نسخہ ہے کئی مریضوں کو ٹھیک کر چکا ہے۔

❀❀❀

# مالیخولیا (جنون)

یہ ایک مشہور مرض ہے جس میں مریض کے ہوش حواس ٹھیک نہیں رہتے وہ مارنے دوڑنے لگ جاتا ہے۔ بچے اور بڑے کی تمیز نہیں رہتی گالیاں نکالتا ہے۔ اپنوں سے نفرت کرتا ہے۔ خوف زدہ ہو جاتا ہے۔ نیند نہیں آتی یا کم آتی ہے۔ مریض وہمی ہو جاتا ہے۔ بعض کو یہ وہم ہو جاتا ہے کہ اس کو کھانے میں زہر ملا کر دے دیا جائے گا اس وجہ سے کھانا چھوڑ دیتا ہے۔ بعض کو وہم ہوتا ہے کہ دشمن اس کو قتل کر دے گا کسی کو وہم ہوتا ہے کہ اس کے کوئی پیٹ میں جانور گھس گیا ہے کسی کو وہم ہو جاتا ہے کہ انسان نہیں کوئی اور چیز بن گیا ہے۔ کپڑے پھاڑ کر جنگل میں بھاگ جانے کی کوشش کرتا ہے ہر طرح پریشان ہو جاتا ہے اپنے بال بچوں سے نفرت ہو جاتی ہے۔ اکثر قبض رہتی ہے اور ہاضمہ خراب رہتا ہے۔ علاج ہر طرح مریض کو خوش خرم رکھنے کی کوشش کریں۔ باغات کی سیر کرائیں۔ عطریات ملیں اور مریض کو یہ مت کہیں کہ تم کو وہم ہے۔ قبض دور کریں اور خلط کے مطابق منضج و مسہل کریں کیونکہ یہ مرض ہر خلط سے پیدا ہو جاتا ہے۔ صفرا میں چہرہ زرد اور سودا میں چہرہ سیاہ اور بلغم میں سفیدی مائل ہوتا ہے۔

## (۱۱۶) شربت احمد شاہی

مریض عمر ۳۰ سال کو مالیخولیا ہو گیا۔ اس کو شربت احمد شاہی بنا کر دیا گیا۔

**ھوالشافی:** گاؤزبان۔ ۲ تولہ بادرنجبویہ۔ گل نیلوفر۔ تخم فرنجمشک۔ ہلیلہ سیاہ۔ افتیمون۔ بسفائج فستقی۔ برگ فرنجمشک۔ اسطوخودوس۔ سنا مکی ۹۔ ۹ ماشہ۔ گل بنفشہ ۶ ماشہ۔ گل سرخ ۵ ماشہ۔ آٹھ گنا پانی میں بھگو کر جوش دیں اور پن کر عرق گلاب ایک پاؤ میں ملا کر ایک سیر چینی ملا کر شربت بنا دیں۔

**خوراک:** ۲۔۲ تولہ۔ صبح و شام۔ پانی ملا کر پلایا گیا۔ اس سے مریض کا جنون ٹھیک ہو گیا۔ اس شربت کو قرابادین اکمل اعظم والے نے ہر قسم مالیخولیا میں مجرب لکھا ہے میں نے بھی مفید پایا۔

## (۱۱۷) مالیخولیا

مریض عمر ۲۰ سال کو ہر سال مالی خولیا کا دورہ ہو جاتا تھا میں نے اس شربت سے علاج کیا اس کو اس سے فائدہ ہو گیا۔

امراض سوداوی کو دور کرتا ہے۔ خفقان وحشت اور قبض کو دور کرتا ہے۔

**ھوالشافی :** افتیمون در پارچہ بستہ۔ برگ سنا مکی ۳۔۳ تولہ۔ گاؤزبان۔ بادرنجبویہ ۲۔۲ تولہ۔ اسطوخودوس ڈھائی تولہ۔ ابریشم مقرض ایک تولہ چینی تین پاؤ شربت تیار کر کے دیا۔

**مقدار خوراک :** ۲۔۲ تولہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ جوش دارد دیا گیا اس سے اس کی تمام امراض قبض وغیرہ دور ہو گئی اس کے علاوہ اس کی والدہ کو نزلہ زکام رہتا تھا اس نے بھی پیا اس سے اس کا نزلہ زکام دائمی بھی دور ہو گیا۔ کم خرچ کم اجزا۔ لاجواب نسخہ ہے ایک مشہور طبیب کا مجرب تھا میں نے بھی مجرب پایا۔

## (۱۱۸) ایک لاجواب شربت

V.I.N

جو کہ جسم کی اسی (۸۰) بیماریاں میں مفید ہے میں نے اور میرے کئی دوستوں نے اس کا تجربہ کیا۔ حکیم احمد دین طب جدید شاہدرہ والے نے تمام قرابادینوں کا مطالعہ کر کے ان تمام بڑے نسخوں سے چھانٹ کر سات اجزاء کا شربت تجویز کیا جس کا نام شربت سبعہ ہے اس کو اپنے صندوقچہ میں لکھ لیں۔ اور جس جس جگہ میں نے لکھا ہے اس میں اس کو برتیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔

**ھوالشافی :** سنا مکی۔ اسطوخودوس۔ بسفائج۔ برگ گاؤزبان۔ بادرنجبویہ۔ مویز منقیٰ۔ افتیمون ۵۔۵ تولہ کو پانی ڈھائی سیر میں جوش دیں اور سوا سیر چینی ملا کر شربت بنا دیں۔

**خوراک :** ۳۔۳ تولہ سے ۵ تولہ تک کسی عرق یا شربت میں ملا کر پلائیں۔ صرع۔ مالیخولیا ہر قسم بخارات دماغی۔ قبض دائمی و عارضی تمام بدن کا تنقیہ کرتا ہے۔ غلیظ اور فاسد مواد کو جسم کے ہر حصے سے دور کرتا ہے آگے تمام امراض کی فہرست ہے۔

**فوائد:** سر درد ہر قسم۔ شقیقہ عصابہ۔ صداع عصبی۔ صداع دموی۔ سدر دوار۔ سبات (غلبۂ نیند) بے خوابی۔ نسیان۔ سرسام۔ ورم دماغ۔ مالیخولیا۔ (مراق، جنون، دیوانگی) امتلاء (دماغ میں خون کی زیادتی) کمزوری دماغ۔ ہذیان۔ کابوس۔ مرگی ہر قسم۔ سکتہ۔ بکواس۔ وجع

اعصاب امراض چشم۔ امراض گوش۔ بصورت قبض ناک کے کیڑے۔ نزلہ زکام۔ منہ سے بدبو آنا۔ قلاع فم امراض اسنان (ماخورہ) دانت پیسنا۔ سعال۔ نفخ معدہ۔ اپھارہ۔ قبض دائمی و عارضی میں عرق گلاب عرق سونف ۱۲-۱۲ تولہ میں تین تولہ ملا کر پلانا۔ قولنج میں حب منقی ۲ عدد کھلا کر عرق گلاب عرق سونف ۱۰-۱۰ تولہ شربت سبعہ ۴ تولہ ملا کر پلانا قولنج ہر قسم کو مجرب ہے۔ کمی تولید صفرا۔ بواسیر ریاحی میں شربت سبعہ میں عرق سونف ۱۰ تولہ ملا کر صبح و شام پلانا مفید ہے۔ عورت کا دودھ خراب ہونا۔ دودھ کا بخار ہونا۔ اندام نہانی کی تنگی اور اکڑن۔ ورم رحم۔ بچہ دانی کی سوجن۔ اختناق الرحم۔ جنون نساء۔ پیدائش کے بعد سن یاس کی خرابیاں۔ وجع المفاصل۔ نقرس۔ تحجر المفاصل۔ بہق۔ کلف۔ برص۔ خارش تر۔ خارش خشک۔ جذام۔ جوئیں پڑنا۔ بدبودار پسینہ آنا۔ سمن مفرط۔ بغل گند۔ حمیٰ مواطبہ تپ لرزہ۔ حمیٰ محرقہ۔ غیشہ۔ سرسامیہ۔ ہڈی توڑ بخار۔ حمیٰ یوم یکروزہ۔ تریاق سمیات۔ عطاش اطفال۔ مرگی اطفال۔ زمانہ اسنان کی قبض۔ سعال اطفال۔ سونگھنے کی قوت کا جاتے رہنا۔ ڈبہ اطفال۔ ان امراض میں طب جدید کے عاملوں نے اس کو مفید پایا ہے میں نے خود اس کو تیار کر کے مجرب پایا ہے۔ آپ مفید پائیں گے۔ انشاء اللہ اس سے پیٹ کے کیڑے بھی نکل جائیں گے۔ ایسی قبض جو کہ گولیوں سے دور نہیں ہوتی اس کے پلانے سے دور ہوگی۔ خون صاف ہوگا۔

**بدرقہ :** عرق سونف۔ عرق گلاب۔ عرق گاؤزبان۔ دودھ گائے یا سوداوی امراض میں شیر بکری ملا کر پلائیں۔ گل سرخ ۵ تولہ بھی ملا لیں تو قبض کو اور بھی مفید ہوگا۔ اگر خشکی زیادہ ہو تو فی خوراک ۶ ماشہ بادام روغن بھی ملا کر دیں۔ امراض مستورات میں زیادہ قبض کی خرابی ہوتی ہے اس سے دور ہو جاتی۔ مزاج صفراوی۔ بلغمی۔ سوداوی تمام میں موافق آئے گا۔ چونکہ خون میں ہی مواد فاسد یا خلط فاسد ملتی ہے اس سے تمام کی صفائی ہو جاتی ہے۔

کسی مرض میں علاج شروع کرنے سے پہلے اس کی ایک بوتل پلا دیں اور اصل مرض کا علاج اس کے بعد کریں اس سے تمام فاسد مادے خارج ہو جائیں گے آپ کو لاکھ روپیہ کا ایک راز دے دیا ہے۔

## (۱۱۹) گھوٹا:۱

میرے ایک رشتہ دار کی بیوی کو مالیخولیا ہو گیا کئی علاج کئے لیکن آرام نہ آیا لیکن ان کے ایک پیر صاحب نے یہ نسخہ لکھ کر دیا اس سے مریضہ کا مالیخولیا دور ہو گیا عرصہ ۳۰ سال سے

پھر نہیں ہوا۔

**ھوالشافی:** بنفشہ۔ کاسنی۔ سونف۔ سنا مکی۔ مغز تخم کدو ایک ایک تولہ۔ گلقند ۵ تولہ۔ گودا املتاس ۵ تولہ۔ حسب ضرورت پانی میں گھوٹ کر چھان کر پلا دیں اس سے اسہال آئیں گے ہر سات دن کے بعد دیں۔

## (۱۲۰) گھوٹا: ۲

**ھوالشافی:** تخم کاہو۔ تخم خرفہ۔ تخم کاسنی۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم کھیرا۔ ۵۔۵ تولہ۔ اس کا پاؤڈر بنا کر رکھیں اس سے روزانہ ۶ ماشہ پیالہ پانی میں گھوٹ کر چھان کر میٹھا ڈال کر پلائیں۔ ہر روز ایک خوراک دیں۔

## (۱۲۱) پاؤڈر

**ھوالشافی:** آملہ۔ دھنیا۔ گل نیلوفر۔ گاؤزبان۔ صندل سفید ۲۔۲ تولہ۔ ان کا پاؤڈر بنا کر رکھیں۔ روزانہ ۶ ماشہ بھگو کر لعاب چھان کر میٹھا ڈال کر پلا دیں ان تینوں نسخوں کے استعمال سے جوش جنون فوراً فرو ہو گیا اور ایک مالیخولیا کی لاچار مریضہ ٹھیک ہو گئی یہ نسخہ دوار سر۔ سر درد مالی خولیا کو بھی مجرب ہے۔

## (۱۲۲) گوجرانوالہ

میں نے ایک رسالہ مالیخولیا اور امراض دماغی پر لکھا ہوا ہے میں نے گوجرانوالہ کے ایک طبیب سے علاج طلب کیا وہ فرمانے لگے ہم تو ایسا کرتے ہیں کہ صبح کو دوائے مسک معتدل سادہ ۷ ماشہ غذا سے قبل اور غذا کے بعد سفوف افسنتین ۴ رتی۔ حب کبد نوشادری ۲ عدد کھلاتے ہیں اور عصر کے وقت دوائے مسک ۷ ماشہ اور بعد از غذا سفوف افسنتین ۴ رتی حب کبد نوشادری ۲ عدد اس طرح کھلانے سے کئی مریض راضی ہوئے ہیں۔

## (۱۲۳) نسخہ سفوف افسنتین

**ھوالشافی:** افسنتین ۵ ماشہ۔ گل سرخ ۳ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۳ ماشہ۔ مصطگی ۲ ماشہ۔ عود ہندی ۲ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ایک ماشہ۔ طباشیر ایک ماشہ۔ خوراک ۴۔۴ رتی۔

**فوائد:** یہ مرکب افسنتین پرانی بدہضمی، دل کی دھڑکن، گھبراہٹ، مالیخولیا۔ تبخیر معدہ۔

تشویش۔ شک وہم۔ ہول دل۔ جگر کی کمزوری۔ پراگندہ خیالی۔ مراق۔ کمزوری معدہ۔ مصفی خون ہے۔ سدوں کو کھولتا ہے تمام پرانے اطبا مثلاً نوردین فرید احمد عباسی۔ مفتی سلیم اللہ۔ حکیم اجمل خان اور محمد حسین مرہم عیسیٰ ان تمام کتابوں میں ملتا ہے۔ سخت کڑوا ہے اس کی گولیاں بنا کر کھلائیں۔ حب کبد نوشادری بھی جگر اور معدہ کی امراض کو مجرب بے ضرر ہے۔ یہ کورس بھی لاجواب ہے۔ دوائے مسک معتدل سادہ بھی دل و دماغ جگر اور وہم کو لاجواب ہے۔ مرکب افتین کئی اشتہار نکل چکے ہیں میں نے خود اس کو استعمال کیا ہے کڑوا ہے کیپسول میں بند کر کے دیں ایک حکیم نے تو دوائے مسک معتدل کے کیپسول بھی تیار کئے ہیں اور کمزوری قلب میں دے رہا ہے۔

## (۱۲۴) سفوف

ایک حکیم صاحب جو کہ فاضل طب ہیں میں نے ان سے مالیخولیا کا نسخہ طلب کیا فرمانے لگے میں نے کئی علاج کئے ہیں۔ اول مسہل دیں جس سے اسہال آئیں اس کے بعد یہ سفوف ۴۔۴ رتی۔ ہمراہ شربت افتیمون دیں۔ کورس تین ماہ انشاء اللہ اس سے ہر قسم کا مالی خولیا ہوگا۔ چھوٹی چندن ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ اجوائن خراسانی ایک تولہ۔ باریک کریں۔ خوراک ۴ رتی۔

**شربت افتیمون :** ہلیلہ ہر ایک ساڑھے سات تولہ۔ بسفائج بنفشہ۔ گل سرخ۔ مویز منقیٰ ہر ایک ڈھائی تولہ۔ گاؤزبان۔ عناب۔ خطمی ہر ایک ڈیڑھ تولہ جوشا کر چینی ایک سیر ملا کر شربت بنا دیں۔ خوراک چار تولہ پانی ملا کر پلا دیں اسی شربت کو اگر ماء الجبن میں ملا کر پلائیں تب بھی ٹھیک ہے یہ ایک حکیم صاحب کا کامیاب علاج ہے۔ نقل از کتاب مرکبات نسخہ شربت۔

## (۱۲۵) پاؤڈر

مولانا حکیم سعید احمد صاحب نے اس طریقہ سے مالیخولیا کے علاج کیا۔ ان کے علاج سے مریض شفایاب ہوئے انہوں نے از راہ احسان نسخہ دے دیا۔

**ھوالشافی :** پوڈر گل گاؤزبان ڈیڑھ تولہ۔ عود ہندی ایک تولہ۔ الائچی سفید ۶ ماشہ۔ افسنتین ڈھائی تولہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ مصطگی ایک تولہ۔ گل سرخ ڈیڑھ تولہ۔ چھوٹی چندن ایک

تولہ باریک کریں۔
خوراک: ۴۔۴ رتی ہمراہ گل قند ۳ تولہ میں رکھ کر صبح دوپہر وشام کو اس شربت سے دیں۔
یہ ہے شربت گاؤزبان ساڑھے ۷ تولہ۔ گل بنفشہ۔ گل سرخ۔ بادرنجبویہ۔ گل نیلوفر۔ فرنجمشک۔ بلیلہ سیاہ۔ افتیمون۔ بسفائج۔ اسطوخودوس۔ برگ سنا مکی۔ ابریشم مقرض۔ اس کی بجائے موسم گرما میں دھنیا۔ کھانڈ ڈیڑھ سیر۔ باقی کل ادویہ ڈھائی ڈھائی تولہ۔ اس شربت کے ساتھ پڑیا دیں انشاء اللہ مالیخولیا ہر کی قسم بلکہ مراق کو بھی مجرب ہے حکیم صاحب نے اس کورس سے کئی علاج کیے اب وہ فوت ہو چکے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو غریق رحمت کرے اس کے ساتھ اس زمانے میں ایک گولی انگریزی فلکوریم ہوتی تھی وہ بھی دیتے تھے اس کے بغیر بھی نسخہ لاجواب ہے۔ دل، دماغ، جگر معدہ صحیح کام کرنے لگ جاتے ہیں۔

## (۱۲۶) حب منقی دماغ (از قرابادین مجددی)

غاریقون مغز بل۔ اسطوخودوس۔ افتیمون۔ بسفائج۔ نمک ہندی ایک ایک ماشہ۔ عود صلیب ایک ماشہ۔ شحم حنظل۔ تربد سفید۔ سقمونیہ۔ پوست بلیلہ۔ گوند کتیرا ۴۔۴ ماشہ۔ مصبر ۵ ماشہ۔ باریک کر کے گولیاں بقدر مونگ بنا دیں۔ خوراک ایک ماشہ ہمراہ عرق کاسنی و بادیان۔
فوائد: منقی دماغ وچشم۔ مرگی مالیخولیا۔ دردسر مزمن۔ شقیقہ وعصابہ۔ فالج ولقوہ۔ ان تمام امراض میں دماغ سے غلیظ مواد نکالنے میں مفید ہے۔ دماغ کے پردوں اور آنکھ کے پردوں سے غلیظ مواد نکال دے۔

## (۱۲۷) ٹھنڈک

مولانا محمد عبداللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ادارت میں ایک پرچہ ''پیام صحت'' نکلتا تھا اس میں ایک خاص نمبر مالیخولیا پر بھی تھا اس میں چند نسخہ جات مجربات لکھے تھے ان میں سے ایک دو حاضر ہیں۔

مریض مالیخولیا کے تالو سے بال کتروا کر بکری کے دودھ کی پٹی رکھیں اور اس کو ہر وقت تر کر کے رکھیں اس سے جوش جنون کم ہو جائے گا اور ان کا مشہور نسخہ ٹھنڈک اس سے انشاء اللہ مالیخولیا کا مریض ٹھیک ہو گا۔
**ھوالشافی:** طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ برادہ صندل سفید۔ کشنیز خشک۔ گل نیلوفیر۔ کہربا

شمعی۔ ہر ایک ڈھائی ڈھائی تولہ۔ ناریل دریائی ڈیڑھ تولہ۔ ورق نقرہ۔ کشتہ مرجان ۶ ماشہ کشتہ عقیق ایک تولہ۔ زہر مہرہ خطائی ۲ تولہ۔ کشتہ سنگ یشب ۶ ماشہ۔ پاؤڈر آرسنک نمبر ۴۔ خوراک ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک یہ ایک لاجواب دوائی ہے جس کو صاحب نسخہ بذریعہ اشتہارات فروخت کر رہے ہیں میں بھی متواتر ۵۰ سال سے اس سے فائدہ اٹھا رہا ہوں۔ گرم امراض کو لاجواب ہے۔ مناسب بدرقہ سے دیں آپ کے پاس تیار ہو تو دل دماغ۔ اسہال پیاس گھبراہٹ اندر سے کسی مقام سے خون آنا جملہ امراض کو ہمراہ شربت سے دینا۔ امراض بچگان۔ پیاس اسہال سوکھا عطاش کے لیے واحد علاج ہے۔

## (۱۲۸) نسخہ وید

اسی مضمون میں وید صاحب کا لاجواب نسخہ ہے کہ جس سے سینکڑوں مریضوں نے شفا پائی۔

**ھوالشافی :** قسط (کٹھ) شیریں۔ اسگندھ ناگوری۔ اجمود۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ سنڈھ۔ کالی مرچ۔ فلفل دراز۔ پارہ سیندھا۔ نمک سنکھاہولی۔ ایک ایک تولہ۔ سب کے برابر بچھ ملا کر آب برہمی سبز سے ۱۰ بار تر و خشک کریں خوراک ۲ ماشہ ہمراہ شہد صبح و شام۔ گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔

## (۱۲۹) چھوٹی چندن

چھوٹی چندن مالیخولیا میں لاجواب ہے اس کو سب سے پہلے حکیم اجمل خاں رحمۃ اللہ علیہ نے استعمال کیا اور دوائے شفا کے نام سے دواخانہ میں رواج دیا۔ اس کے بعد اس کے کئی مرکب بن گئے۔ انگریزی دانوں نے بھی اس کی ٹکیاں بنالیں۔ ہومیو پیتھک والوں نے بھی اس کا ٹنکچر بنایا۔ یہ انگریزی دوا برومائیڈ کے مقابلہ کی چیز ہے اس سے بھی نیند آ جاتی ہے۔

**فوائد :** مالی خولیا۔ بلڈ پریشر کی لاجواب دوا اس میں اور چیزیں ملا کر لوگوں نے کئی سفوف تیار کیے ہیں میں نے بھی اس کے کئی پاؤڈر تیار کیے ہیں سنا گیا ہے کہ ایک صاحب ۲۰۰ روپیہ فیس لے کر مالیخولیا کا علاج کرتے ہیں لیکن اس کا پوڈر ہی کیپسول میں بند کر کے دیتے ہیں لہٰذا ایک حکیم صاحب نے اس میں اور ادویہ شامل کر کے یہ پاؤڈر تیار کیا ہے۔

**ھوالشافی :** چھوٹی چندن سوا دو تولہ۔ صندل سفید۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر نقرہ۔ کشنیز خشک۔ ۶۔۶ ماشہ۔ ورق نقرہ ۲ ماشہ۔ لاجورد مغسولہ ۴ ماشہ۔ مروارید بعرق گلاب سائیدہ ایک

ماشہ سفوف کریں عصر کے وقت ۲ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ شربت عناب ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔

**فوائد :** مالیخولیا۔ وحشت۔ مرگی۔ اختناق الرحم و ہائی بلڈ پریشر میں پورا اثر دکھاتی ہے کچھ مدت استعمال کرنے سے تمام امراض کو لاجواب ہے۔

**نکات مطب :** چھوٹی چندن کے ساتھ وہ اشیاء ملائی گئی ہیں جو کہ صدیوں سے امراض دل اور دماغ میں مفید و مجرب ہیں اور چھوٹی چندن دافع جنون ہے صاحب نسخہ کے داماد سے اس کی تعریف سنی ہے ان کا معمول مطب ہے۔

## (۱۳۰) ماء الجبن

ماء الجبن ایک قدیم نسخہ چلا آتا ہے جس میں بکری کا دودھ نہ ملنے سے گائے کا دودھ استعمال کیا ہے۔

**فوائد :** میں بے نظیر ہے سنا ہے کہ اس کے استعمال سے جسم سے ہر خراب مادہ نکل جاتا ہے۔ پرانا یرقان۔ بلڈ پریشر۔ خرابی خون دور ہو جاتی ہے۔ ہڈیاں ملائم ہو جاتی ہیں۔ کئی صاحب نے اس کا کاروبار شروع کیا ہوا تھا مریضوں کو داخل کر کے ماء الجبن کرایا جاتا۔ اس میں موسم کی قید بھی ہے اور ۱۰۔۱۰ دن کا مسہل بھی دیا جاتا ہے۔ لیکن موسم ربیع سب سے زیادہ بہتر ہے۔ بکری جوان سرخ رنگ کی ہو تو بہتر ہے ورنہ یک رنگ سیاہ تندرست بے عیب جوان دو بچوں سے زیادہ بچے نہ جنی ہو۔ اور ۴۰ روز سے کم اور تین چار ماہ سے زیادہ بچہ نہ رکھتی ہو اس کا دودھ لے کر اس کو چند روز پیشتر بیری۔ مکو۔ شاہترہ۔ سبز دھنیا یا ہری سونف یا ہری کاسنی یا سبز خرفہ میں سے ایسی ٹھنڈی ترکاریوں کے پتے جو کہ میسر آ سکیں کھلا دیں اور ماء الجبن کے دوران میں بھی ایسے ہی پتے کھلائیں اس کا دودھ لے کر قلعی دار برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور جوش آنے پر سرکہ انگوری یا آب لیموں میں سے کوئی چیز ایک تولہ لے کر ڈال دیں اور انجیر کی لکڑی سے ہلائیں اس کا سرا چار ٹکڑے پھاڑ کر بنائیں۔ جب دودھ پھٹ جائے تو اس کا پانی صافی سے چھان لیں اس پانی کا نام ماء الجبن ہے اس ماء الجبن سے ۷ تولہ لے کر شربت نیلوفر یا شربت عناب ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ اس کے بعد ماء الجبن روزانہ بڑھاتے جائیں اور شربت بھی قدرے بڑھاتے جائیں جب ماء الجبن ۴۰ تولہ ہو جائے اور شربت ۴ تولہ تک پہنچ جائیں پھر اسی طرح ایک ایک تولہ ماء الجبن کم کرتے جائیں اور شربت بھی کم کرتے

جائیں۔ اندازاً چالیس دن گذر جائیں گے۔۔ رفع قبض کے لیے معجون عشبہ ایک تولہ رات کو دودھ سے دیں یا عرق شیر مرکب ٦ تولہ۔ عرق ماء الجبن ٦ تولہ۔ شربت عناب ۴ تولہ ملا کر چند یوم پلائیں یا افتیمون ایک تولہ کی پوٹلی باندھ کر شیر گاؤ ایک پاؤ میں جوش دے کر پن کر مصری ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ اس سے بھی فائدہ ہوگا۔ پیاس کے لیے شربت گڑھل یا شربت احمد شاہی عرق گاؤزبان عرق بید مشک کیوڑہ میں ملا کر پلائیں۔ یہ تمام طریقہ کتاب حاذق سے نقل کیا ہے اب اور اطبا کے راز بھی بتا دیتا ہوں۔ ماء الجبن صاف کرنے کے بعد قدرے نمک ڈال دیں کہ اچھی طرح صاف ہو جائے۔ یہ ہمیشہ نہار منہ نیم گرم پینا چاہیے۔ ۷ تولہ یا ۹ تولہ سے شروع کریں اور روزانہ ایک تولہ بڑھاتے جائیں جب آدھ سیر ہو جائے تو ایک ایک تولہ روزانہ گھٹاتے جائیں۔ ماء الجبن ہمیشہ معتدل موسم یعنی اسوج' کاتک یا پھاگن چیت کے مہینہ میں استعمال کرنا چاہیے اور ماء الجبن کے دوران طبیعت کو ہر وقت خوش رکھنا چاہیے اور تفریح کی کوشش کرنی چاہیے۔ سرسبز باغ لہلہاتے کھیتوں کو دیکھنا تازہ پانی سے غسل کرنا چاہیے۔ ماء الجبن پی کر چلنا چاہیے تاکہ ہضم ہو جائے ماء الجبن کو تین حصے کر کے پینا چاہیے۔ ماء الجبن دوران استعمال ہر قسم کی کھٹائی تیل بادی قابض اشیاء۔ ثقیل۔ نفاخ۔ دیر ہضم۔ مغلظ اور فساد انگیز غذاؤں سے پرہیز کریں۔ غصہ۔ تندخوئی۔ جماع زیادہ محنت مشقت اور رنج غم سے بھی اجتناب واجب ہے۔ ماء الجبن کے دوران استعمال سبز ترکاریاں کھانے سے منع کیا گیا ہے لیکن آج کل کے تجربات سے تمام سبزیاں اور پھل کھانے کو مفید سمجھا گیا ہے۔ کاہو' خرفہ' پالک اور سرسوں کا ساگ' کدو' توری' ٹینڈے' چقندر' شلغم' بکری' بھیڑ' مرغ کا شوربا' روٹی' دال' چاول' پلاؤ (گوشت والا ہو یا بے گوشت) ہو۔ حلوہ وغیرہ دیا جا سکتا ہے البتہ لال مرچ سے پرہیز کریں بلکہ سیاہ مرچ قدرے ڈال لی جائے پھلوں میں سے انار شیریں۔ سیب۔ ناشپاتی۔ انگور شیریں' امرود' تربوز کھائے جا سکتے ہیں۔ ماء الجبن کے استعمال کرنے کے بعد کم از کم تین گھنٹہ تک کھانا' اور کوئی چیز نہیں کھانی چاہیے۔ ماء الجبن میں چلنا پھرنا ضروری ہے تاکہ ہضم ہو جائے۔ ماء الجبن کے دوران استعمال ہر قسم کی نشہ آور اشیاء مثلاً افیون' بھنگ' پوست' چرس' گانجا' تمباکو' چانڈو' مدھک شراب سے قطعی پرہیز کرنا چاہیے۔ چائے بھی کم کرنی چاہیے۔ ورنہ کچھ اثر نہ ہوگا جو لوگ تمباکو نہ چھوڑ سکتے ہوں وہ کم از کم ماء الجبن سے دو گھنٹہ قبل یا تین گھنٹہ بعد پئیں وہ بھی غذا کے بعد' پہلے ہرگز نہیں یعنی اگر تمباکو بالکل نہ چھوڑیں تو اس کا استعمال کم سے کم کر دیں۔ نشہ آور اشیاء اس کے خلاف پڑتی ہیں۔ بکری اگر لوہی ہو تو بہتر ہے

ورنہ ایک رنگ کی ہو خواہ سیاہ ہی ہو یا اگر نہ ملے تو گائے ایک رنگ کی ہو اگر انجیر کی لکڑی نہ ملے تو کھجور کی لکڑی چھلکا اتار کر اس کا سرا چار شگاف دے کر بنالیں۔ دودھ کی اشیاء لسی دہی بالائی وغیرہ نہ کھائیں۔ کھٹی اشیاء بادنجان میٹھی اور کھٹی اشیاء یا پھل نہ کھائیں۔ مالیخولیا کے مریضوں کو سب سے زیادہ مفید دودھ بکری کا ہے اور اگر میسر نہ ہو تو گائے اونٹنی کے دودھ سے ماءالجبن بنایا جاتا ہے جو کہ استقاء جلودھر اور سددوں کو کھولتا ہے تمام حکما اس پر متفق ہیں کہ ماء الجبن نافع ترین مسہل ہے لیکن مسہل ہونے کے باوجود بدن کی غذا بھی ہے۔ صفراوی امراض سوداوی بیماریاں ہر قسم کے ورم۔ جذام۔ فیل پاؤ' یرقان اور امراض جلد' سوزش بول' گردہ مثانہ کی کمزوری اور پتھری کے نئے اور پرانے زخم' پتی اچھلنا' کمزوری بصر' درد شقیقہ' آنکھوں کی طرف مواد جمع ہونا' استقاء جگر۔ حرارت بدن کی کمزوری خارش ہر قسم سیاہ داغ و چھائیوں میں مستعمل ہے۔ ماءالجبن کو منضج اور مسہل کے بعد کرنا چاہیے اس کے بعد بھی مناسب خلط مسہل دیں مناسب خلط سفوف یا شربت دیں اگر کمزوری زیادہ ہو تو رات کو یاقوتی بوعلی سینا یا مفرح اعظم یا اور کوئی مفرح دینی چاہیے تا کہ اس کی کمزوری دور ہو جائے نوٹ جو پھٹکیاں دودھ کی ہیں ان کو بدن پر ملنا لکھا ہے لیکن وہ ملی نہیں جاتی اس میں مکھن ملا کر جسم پر ملیں اس کے بعد غسل کریں اگر قدرے بدبو آوے تو اس میں کوئی عطر دل پسند ملا کر ملا کریں۔ میں نے اللہ تعالیٰ کے فضل سے ماءالجبن کے تمام فوائد اور طریقے لکھ دیے ہیں تا کہ کوئی پڑھنے والا کسی بات سے حیران نہ ہو پرانے تمام اطبا اس کے فوائد کے قائل ہیں مثلاً حکیم ابن باسویہ۔ طبری۔ شیخ الرئیس۔ علامہ رازی۔ بقراط۔ موسیٰ بن جیون۔ جوزی۔ ابن بطلان ثابت بن قرہ وغیرہ وغیرہ زمانہ حال کے حکیم شریف خان دہلوی اور تمام اطباء۔

## (۱۳۱) ماءالجبن :۲

اب میں ایک ایسا نسخہ ماءالجبن کا لکھتا ہوں جس میں موسم کی قید نہیں یہ نسخہ مالیخولیا ہر قسم اور تمام امراض سوداوی کو مفید ہے اور ہر مزاج کے موافق ہے۔ اس سے جلدی اثرات ظہور میں آتے ہیں قبض کشائی بھی ساتھ ہی ہوتی رہتی ہے اور اس کے ساتھ مواد بھی خوب خارج ہوتے ہیں۔ بخارات سوداوی دماغ کی طرف صعود نہیں کرتے۔

**ھوالشافی:** افتیمون در پارچہ بستہ۔ برگ۔ سا نمی ۳-۳ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی اسطوخودوس ۷-۷ ماشہ۔ ابریشم مقرض ۲ ماشہ۔ سرکہ انگوری ایک پاؤ شامل کر کے ادویہ کا جوشاندہ بنائیں ایک پاؤ میں بھگو کر ۱۰ تولہ رہ جائے تو ڈیڑھ پاؤ شیر بز دیگچی میں ڈال کر آگ

پر رکھیں جوش آنے پر سرکہ ملا دیں جب پھٹ جائے تو اتار کر صافی سے پن کر جوشاندہ سابقہ ملا کر شربت مالیخولیا تین تولہ ملا کر پلا دیں۔ برگ سنا کا وزن بصورت قبض کم یا زیادہ کر لیا کریں۔ وسواس سوداوی۔ کمزوری قلب کو مفید ہے اور سوداوی خلط کو کم کرتا ہے۔ مسلسل استعمال سے پورا فائدہ ہوتا ہے۔

## (۱۳۲) شربت مالیخولیا

**ھوالشافی :** بسفائج۔ درونج عقربی۔ اسطوخودوس ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ پوست ترنج ڈھائی تولہ۔ نرکچور۔ گاؤزبان ۳۔۳ تولہ۔ بادرنجبویہ۔ گل گاؤزبان ایک ایک تولہ۔ پانی ڈیڑھ سیر میں بھگو کر صبح کو جوش دیں۔ آدھا رہ جانے پر پن کر چینی تین پاؤ ملا کر شربت بنا دیں۔ خوراک ۳۔۳ تولہ صبح و شام ملا کر پانی ملا کر پلا دیں اوپر سے جوشاندہ ماء الجبن اور شربت ملا کر پلانا امراض دماغ، مالیخولیا کو لاجواب ہے۔ میں کہتا ہوں یہ ایک لاجواب فارمولا ہے اس کو ضرور استعمال کریں۔ مالیخولیا کا علاج حکم ڈھم سے بھی کرتے ہیں وہ اس طرح ہے کہ تالو کے بال استرے سے مونڈھ کر اس پر پچھنے لگا دیتے ہیں۔ اس پر مغز جمال گوٹہ کے چار دانے رگڑ کر لیپ روئی یا کپڑے کی ٹاکی پر لگا کر چھوڑ دیں اس کے اوپر گائے کے بچھڑے کا پیشاب لگاتے ہیں اس سے ڈھم سے پیپ بہنا شروع ہو جاتی ہے۔ اگر پیپ پیدا نہ ہو تو چار دن کے بعد اور لگاتے ہیں آٹھ دن کے بعد روئی یا ٹاکی اتار کر گائے کا گھی گرم کر کے لگاتے ہیں اس سے مالیخولیا کا مادہ خارج ہوگا اس طریقہ سے ایک حکیم صاحب تین پشت سے علاج کر رہے ہیں اور اندر کھانے کو معجون نجاح قرابادینی دیتے ہیں اس ڈھم سے سکتہ بھی دور ہو جاتا ہے۔ یہ بھی سابقین حکمانے لکھا ہے۔

## (۱۳۳) معجون نجاح

**ھوالشافی :** ہلیلہ سیاہ۔ آملہ۔ بلیلہ ہر ایک کے چھلکے تین تین تولہ۔ بسفائج۔ افتیمون۔ اسطوخودوس۔ تربد سفید صاف۔ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ بادام روغن سے چرب کر کے شہد سہ چند ملا لیں۔ خوراک ۵ ماشہ ہمراہ مناسبہ بدرقہ یہ مالیخولیا مرگی اختناق الرحم کو مفید ہے ایک حکیم صاحب مجھ سے بنوا کر کھلاتے ہیں۔ مجرب ہے۔ اگرچہ قرابادینوں میں بادام نہیں لکھا لیکن چونکہ ترپھلہ ہے اس لیے بادام روغن سے تر کر لیں۔ جب ڈھم کا زخم ٹھیک ہو جائے تو اس پر

بادام روغن یا روغن کدو کی مالش کریں یا تازہ مکھن کی مالش کرتے رہیں۔ نکات مطب مالیخولیا اگرچہ دماغی مرض ہے لیکن ظاہر ہے کہ اس سے قلب بھی متاثر ہوتا ہے اس لیے مریض کو خوف وحشت اور اختلاج قلب کی شکایات عوارض قلب کی شرکت سے ہی پیدا ہوتے ہیں اس لیے مالیخولیا کے علاج میں تفریح اور تقویت قلب کی خاص طور پر رعایت رکھنی چاہیے بعض متقدمین نے لکھا ہے کہ افتیمون مالیخولیا کی مشہور دوا ہے مصبر دانہ نخود کے برابر ۱۰ تولہ پانی جس میں افسنتین ۵ ماشہ جوش دی گئی ہو کے ساتھ کھالیں تو یہ مالیخولیا کا اچھا علاج ہے۔ اسی طرح انسان کے سر کے بال کوزہ میں بند کر کے جلا دیں راکھ بن جائے تو اس سے ایک تولہ لے کر روغن گل میں ملا کر ناک میں چند قطرے ٹپکا دیں۔ اس سے مالیخولیا' جنون سوداوی مادہ دور ہو گا یہ بھی پرانے اطبا کا مجرب ہے۔

## (۱۳۴) سفوف مالیخولیا و جنون

مغز دھنیا ۲ تولہ۔ صندل سفید ۶ ماشہ۔ طباشیر نقرہ ۶ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۶ ماشہ۔ مروارید سائیدہ ایک ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ تخم کاہو ۶ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی سائیدہ ۶ ماشہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۳ ماشہ۔ مصری کوزہ ۷ تولہ۔ صاحب نسخہ نے برومائید ۹ ماشہ بھی لکھا ہے لیکن میں اس کے عوض چھوٹی چندن ۹ ماشہ داخل کرنے کا مشورہ دیتا ہوں۔

**ترکیب تیاری:** ورق ایک ایک کر کے مصری کوزہ میں کھرل کرلیں کہ ورق کی چمک ختم ہو جائے تو دوسری ادویہ ملالیں۔ خوراک ۲ ماشہ سے ۴ ماشہ تک ہمراہ شیر گاؤ میں افتیمون ایک تولہ پوٹلی باندھ کر دودھ ایک سیر میں جوش دیں۔ پن کر شربت صندل سے میٹھا کر کے صبح و شام پلائیں۔ اس کے علاوہ یونانی حکماء کے یہ نسخہ جات بھی موقعہ محل دیکھ کر دینا مجرب ہیں۔ بصورت قبض اطریفل زمانی' اطریفل سنائی' اطریفل ملین' خمیرہ ابریشم سادہ' خمیرہ ابریشم جواہر والا' خمیرہ گاؤزبان عنبری' خمیرہ گاؤزبان جواہر والا' خمیرہ مروارید۔ دوائے مسک سادہ' مسک معتدل جواہر والی۔ معجون نجاح۔ خمیرہ صندل۔ خمیرہ گاؤزبان سادہ۔ شربت گڑھل۔

**نسخہ:** شربت قطن۔ پھول گلاب ۵ تولہ۔ پھول کپاس ۵ تولہ۔ پانی ڈیڑھ سیر میں جوشا کر تین پاؤ چینی ملا کر پکائیں۔ خوراک: ۲۔۳ تولہ صبح و شام پانی ملا کر پلا دیں۔

اب میں اس مرض کے علاج کو ختم کرتا ہوں میں نے اپنے اور اپنے دوستوں کے مجرب لکھ دیے اور پرانے اطبا کے مجرب نسخہ جات کا اشارہ کر دیا ہے۔ ڈھم کا طریقہ بھی لکھ دیا

ہے اب غذا کے متعلق بھی لکھ دیتا ہوں۔ غذا میں مسہل کے روز کھچڑی دیں ہر حال میں لطیف زود ہضم مثلاً بکری کا دودھ، گائے کا دودھ، آش جو، کھیر، فرنی، دال مونگ، ٹھنڈی ترکاریاں، چپاتی، ٹنڈے، خرفہ پالک، کدو گوشت بکری، مکھن ملائی گھی دیں۔

**پرھیز:** مباشرت، تھوم، پیاز، دال مسور، بینگن، آلو اروی، گوبھی زیادہ محنت مشقت زیادہ چائے نوشی، سیاہ لباس نہ پہنے، ہر روز عطر لگائیں، اور باغات کی سیر کریں اور مریض کو سفر پر لیجا کر عجائبات قدرت دکھائیں۔ ہمیشہ خوش رکھیں انشاء اللہ آرام ہوگا۔

## ۱۳۵۔ یاقوتی

میں اوپر لکھ آیا ہوں کہ اس مرض میں دل بھی متاثر ہوتا ہے لہٰذا ایک یاقوتی جو کہ میرے ایک ہم عصر طبیب اور اس کے استاد محترم تیار کرتے تھے لکھ دی ہے اور فرمایا کہ یہ ہماری اور ہمارے استادوں ریاست کپورتھلہ کے شاہی اطبا کی مجرب ہے۔

**ھوالشافی:** مروارید۔ بیخ مرجان۔ کہربا۔ فرنجمشک۔ ہر ایک ایک درم۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ نرکچور۔ بادرنجبویہ۔ لونگ۔ اگر خام۔ تیز پات۔ پوست ترنج۔ ابریشم مقرض ۲-۲ درم۔ گاؤزبان۔ درونج عقربی۔ لعل بدخشانی۔ یاقوت رمانی۔ عقیق۔ ورق سونا۔ ورق نقرہ۔ عنبر اشہب۔ زعفران۔ کافور۔ ایک ایک درم۔ کستوری آدھا درم۔ قند سفید ۱۵ تولہ۔ شہد خالص ۱۵ تولہ۔ قوام کر کے یاقوتی تیار کریں۔

**مقدار خوراک:** ۲ درم سے تین درم ہمراہ دودھ۔

**فوائد:** مفرح قلب دل دماغ جگر معدہ گردہ مالیخولیا سوداوی امراض میں مفید ہے۔ میں نے خود ان کو تیار کر کے دیکھا اور ہمارے ایک بھائی نے ان سے بنوا کر کھائی بھی تھی اس کے کھلانے سے ان کو بہت فائدہ ہوا۔ یہ بات ۱۹۴۴ء کی ہے۔

## ۱۳۶۔ مفرح بارد

یہ بھی لاجواب ہے۔

**ھوالشافی:** گل گاؤزبان۔ دانہ الائچی خورد۔ زرشک بے دانہ۔ مغز خیارین۔ صندل سفید سائیدہ۔ پوست سنگترہ ۲-۲ تولہ۔ زہر مہرہ۔ طباشیر۔ برگ نیلوفر۔ ورق نقرہ۔ ۹-۹ ماشہ۔ مروارید۔ کہربا۔ یشب سبز۔ بسد احمر۔ گل سیوطی۔ تخم فرنجمشک۔ ۵-۵ ماشہ۔ رُب سیب۔ رُب

انار۔ مربہ آملہ بنارسی ۵۔۵ تولہ۔ عرق کیوڑہ۔ مصری۔ ایک سیر تین چھٹانک کا قوام عرق کیوڑہ سے کرنے کے بعد ادویہ مسحوقہ ملالیں۔

**خوراک:** ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ۔ یہ معجون ہارٹ فیل ہونے سے بچاتی ہے۔ حکیم عبدالرحیم صاحب ایڈیٹر رسالہ لقمان رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو مجرب کہا ہے اور عام کرنے کی اجازت دی ہے۔ خاص کر صفراوی مزاج والوں کو زیادہ مفید ہے۔

## ۱۳۷۔ شربت لاجواب

**ھوالشافی:** یہ شربت قرابادین مجیدی کا مجرب ہے۔ گاؤزبان۔ گل گاؤزبان ۵۔۵ تولہ۔ گل سرخ۔ گل سیوتی۔ گل نیلوفر۔ ڈھائی ڈھائی تولہ۔ بادرنجبویہ۔ اسطوخودوس۔ افتیمون ۲۰۔۲۰ ماشہ۔ تخم فرنجمشک۔ ساذج ہندی۔ ۴۔۴ ماشہ۔ پانی ڈیڑھ سیر میں بھگو کر تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنادیں۔

**خوراک:** ڈھائی ڈھائی تولہ دن میں تین بار پانی ملا کر پلائیں۔

**فوائد:** صاحب نسخہ کا ساری عمر کا معمول ہے۔ جس کے استعمال سے سینکڑوں مریض مالیخولیا۔ خفقان دماغی۔ قلبی امراض اور سوداوی کے سینکڑوں مریض راضی ہوئے اس کے علاوہ شربت صندل۔ شربت گاؤزبان۔ شربت نیلوفر۔ شربت بنفشہ۔ شربت انار۔ شربت گڑھل۔ اور شربت عناب مرکب سے دیں۔

**شربت عناب مرکب:** عناب ۱۰ تولہ۔ آلو بخارا ۱۰ تولہ۔ بنفشہ۔ تخم کاسنی۔ نیلوفر ڈھائی ڈھائی تولہ۔ چینی ایک سیر کا شربت بنائیں۔

**فوائد:** مصفی خون۔ دافع مالیخولیا۔ یرقان۔ خفقان۔ پھوڑے پھنسیاں۔ گرمی جگر۔ سرسام سوداوی کو لاجواب ہے۔ ہر سات دن کے بعد قبض کشائی کریں۔ تمام شربت اطبا قدیم کی یادگار ہیں۔ ان شربتوں سے بھی فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ (مؤلف)

# مالیخولیا (مراقی)

یہ بھی مالیخولیا کی ایک قسم ہے۔ اس میں وہمی خیالات پیدا ہو جاتے ہیں۔ مریض معمولی باتوں کو مبالغہ کے ساتھ بیان کرتا ہے ایک بات کو بار بار کرتا ہے کھانا ہضم نہیں ہوتا بھوک کھل کر نہیں لگتی۔ نفخ اور قراقر کی شکایت رہتی ہے اس کا مادہ سوداوی خلط مراق میں ہوتا

ہے اس لیے اس کو مالیخولیا مراقی کہتے ہیں۔لوگوں سے نفرت کرتا ہے مریض کو ہر قسم کے رنج و غم سے آزاد کریں۔ روزانہ غسل کرائیں پاکیزہ لباس پہنائیں۔ سیر و تفریح کرائیں۔ غذا لطیف زود ہضم کھلائیں۔قبض نہ ہونے دیں۔مریض کی ہر بات سن کر اس سے محبت کریں۔ شفایابی کا یقین دیں۔

## (۱۳۸) شیرہ

**علاج :** لاجورد مغسولہ۔ زہر مہرہ سائیدہ ۴۔۴ رتی۔ مروارید ڈیڑھ رتی ملا کر صبح کو معجون نجاح میں رکھ کر کھلائیں اور اوپر سے شیرہ مکو۔ شیرہ کشنیز۔ شیرہ بادیان ۵۔۵ ماشہ۔ عرق برنجاسف ۱۲ تولہ۔ شربت ورد ۳ تولہ ملا کر پلائیں اور شام کو جوارش مصطگی بہ نسخہ کلاں ۷ ماشہ کھلا کر شیرہ بادیان شیرہ کشنیز ۵ ماشہ۔ عرق مکو ۷ تولہ میں نکال کر شربت احمد شاہی ۳ تولہ ملا کر پلائیں۔ پیٹ پر تکیہ آرد ماش بکری کے دودھ میں گوندھ کر پکائیں۔لیکن اس میں نمک ایک تولہ ہینگ ایک تولہ برگ سوئے ایک تولہ ملا کر گوندھیں پھر پکائیں اور کسٹرائل سے چپڑ کر باندھیں غذا کے بعد قرص پودینہ ۲ عدد دیں۔ اس سے ریاح خارج ہوں گے اپھارہ دور ہوگا دل دماغ اور معدہ کو طاقت آئے گی اپھارہ وغیرہ دور ہوگا یہ علاج حکیم شریف دہلوی کے خاندان کا ہے۔ جس سے کئی بندگان خدا شفا پا چکے ہیں۔ درج ذیل سفوف بھی مجرب ہے اس سے نیند بھی آ جاتی ہے۔

## (۱۳۹) گل سیوطی

چھوٹی چندن۔گل سیوطی۔ طباشیر۔صندل سفید ا۔ا تولہ۔ خوراک ۴۔۴ رتی ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ عرق کیوڑہ ایک تولہ ملا کر پلایا کریں۔

## (۱۴۰) لاجواب دوا

لائق حکیم کا فرمایا ہوا یہ معجون بھی لاجواب ہے۔
اطریفل زمانی۔ جوارش کمونی۔ گلقند ۵۔۵ تولہ۔ مربہ آملہ بنارسی۔ مربہ ہلیلہ بنارسی ۱۰۔۱۰ دانے۔ مصطگی۔ الائچی خورد ۲۔۲ تولہ۔ ورق نقرہ۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ مرجان ایک ایک ماشہ۔ مربہ کی گٹھلیاں نکال کر باریک کریں اور ادویہ ملا لیں۔

**خوراک:** ۹۔۹ ماشہ صبح و شام عرق گلاب اور عرق گاؤزبان ۵۔۵ تولہ سے دیں۔

**فوائد:** مالیخولیا مراقی کی لاجواب دوا ہے تبخیر معدہ اور امعا کا ازالہ کرتی ہے۔ ریاح کو خوب خارج کرتی ہے۔ فرحت طاقت اور خون پیدا کرتی ہے اس میں قبض کشائی ہاضم کا خیال رکھا گیا ہے لاجواب ہے۔ تیار کریں۔

## (۱۴۱) معجون مالیخولیا مراقی

**ھوالشافی:** سونف ایک تولہ۔ زیرہ سیاہ ۶ ماشہ۔ پودینہ ۲ تولہ۔ سونف رومی ایک تولہ۔ دارچینی ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ۳ ماشہ۔ ریوند خطائی ایک تولہ۔ گاؤزبان صاف پتی ایک تولہ۔ مغز بادام ۵ تولہ۔ جوارش کمونی ۴ تولہ۔ گلقند ایک پاؤ۔ تمام ادویہ ملالیں۔

**خوراک:** ایک تولہ سے ۲ تولہ ہمراہ شربت گاؤزبان مرکب۔

**ھوالشافی:** گاؤزبان چار تولہ۔ گل گاؤزبان۔ ۲ تولہ بادرنجبویہ ایک تولہ۔ عرق گاؤزبان۔ عرق گلاب۔ عرق بید مشک ہر ایک آدھ آدھ سیر۔ رات کو عرق میں بھگو کر کھانڈ ایک سیر ملا کر شربت بنائیں۔ ۳۔۳ تولہ ملا کر پلائیں انشاء اللہ آرام ہوگا۔

## (۱۴۲) انوشدارو

انوش دارو ایک قدیم معجون ہے جو کہ ہاضم طعام۔ دافع سنگرہنی ہے۔

**ھوالشافی:** گل سرخ ساڑھے ۳ تولہ۔ ناگرموتھ ۳ تولہ۔ لونگ پونے ۲ تولہ۔ مصطگی پونے ۲ تولہ۔ اسارون پونے ۲ تولہ۔ بال چھڑ پونے ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۱۴ ماشہ۔ الائچی کلاں ۱۴ ماشہ۔ جائفل ۱۴ ماشہ۔ دارچینی ۱۴ ماشہ۔ تج ۱۴ ماشہ۔ زعفران ۱۴ ماشہ۔ تیز پات ۱۴ ماشہ۔ مربہ آملہ ایک سیر۔ کھانڈ۔ شہد ہر ایک ساڑھے تین پاؤ۔ کھانڈ اور شہد کا قوام کر کے مربہ اور زعفران بھی پیس کر ملالیں اور اتار کر پسی ہوئی ادویہ ملالیں۔

**خوراک:** ۷۔۷ ماشہ۔ صبح وشام۔ الائچیوں کے بیج ۱۴۔۱۴ ماشہ ہوں۔

**فوائد:** دماغ اور دیگر اعضاء رئیسہ کو تقویت دیتے ہیں مجرب ہے۔ خفقان اور خوف کو زائل کرتی ہے رنگ کو نکھارتی ہے پسینہ اور بدن کو خوشبودار کرتی ہے۔ باہ کو تقویت دیتی ہے بھوک لگاتی ہے اس پر مداومت نشاط آور ہے یہاں تک کہ آدمی ہر وقت خوش خرم رہتا ہے وسواس کو زائل کرتی ہے بالوں کو دیر تک سیاہ رکھنے کے لیے نافع ہے۔ صاحب ذخیرہ لکھتے ہیں کہ میں نے اس کو مقوی باہ اور مقوی دل پایا ہے۔ علامہ ارزانی بھی فرماتے ہیں کہ میں نے اس کو

تقویت جگر اور سوء القینہ میں بہت مفید پایا ہے۔ علامہ حافظ محمد جلیل صاحب انصاری سابق وائس پرنسپل کامل طب کالج لکھنؤ پروفیسر معالجات طبیہ کالج نے بھی اس کی تصدیق کی ہے اور میں نے بھی تیار کر کے کافی فائدہ اٹھایا ہے۔ اگر اس میں مشک ۴ ماشہ۔ مروارید ۷ ماشہ۔ فرنجمشک ۷ ماشہ۔ ساذج ہندی ۷ ماشہ۔ آدھے نسخے میں ملا لیں تو انوش طلاء لولوی بن جاتی ہے جو زیادہ مفید ہے۔ میں نے تو سادہ ہی استعمال کیا ہے۔ نوٹ: ماضی میں آملہ کو ابال کر پن کر بناتے تھے اب مربہ آملہ ملا کر بنا لیتے ہیں لاجواب ہے۔

## (۱۴۳) حب افسنتین

طب جدید شاہدروی والے نے مالی خولیا مراقی اور بواسیر ریاحی کو ایک مرض مانا ہے اس نے اس لیے حب افسنتین تیار کی تھی۔

**ھوالشافی:** حب افسنتین۔ کچلہ مدبر ایک تولہ رب افسنتین ۵ تولہ۔ ہمراہ شہد نخودی گولیاں بنالیں۔ ۱-۲ حب بعد از غذا۔

**فوائد:** معدہ اور جگر کی پرانی کمزوری جس سے انسان وہمی ہو جاتا ہے اور مالیخولیا کے مریضوں کی طرح کئی قسم کی غیر طبعی حالتیں اس پر وارد ہو جاتی ہیں اس مرض کو مالیخولیا مراقی کہا جاتا ہے بعض اطبا اس کو بواسیر ریاحی بھی کہتے ہیں۔ قبض دائمی اور پیٹ میں نفخ رہتا ہے اور تبخیر کی حالت بنی رہتی ہے اس میں مجرب ہیں۔ کچلہ مدبر جس طرح کا ہو۔ آب افسنتین اس طرح بنا دیں کہ افسنتین ایک حصہ پانی ۱۰ حصہ میں رات کو بھگو کر صبح کو ابال لیں آدھا رہ جانے پر پن کر پانی کو نرم نرم آگ یا پانی کی بھاپ پر پکائیں۔ خشک ہو جانے پر تیار ہے۔ میں نے یہ خود تیار کیں مریضوں کو دیں ایک پادری صاحب بھی اس کو تیار کرتے اور مریضوں کو دیتے تھے اور کہا کہ کئی سال سے استعمال کر رہا ہوں اور کہا کہ ملیریا بخار اس کی چار گولیوں سے دور ہو جاتا ہے۔ نوبت کو روک دیتی ہے اور از حد مصفی خون ہیں۔ اس گولی کو پیس کر کھانڈ ملا کر ایک گولی کی آٹھ خوراک بنا کر کھلانا تشنجی امراض مثلاً کزاز۔ تشنجی کھانسی۔ اختناق الرحم میں مفید ہیں۔ معجون نانخواہ قرابادینی سادہ یا مشکی اس میں لاجواب ہیں کیونکہ ہاضم اور دافع ریاح ہے حکیم اجمل خاں رحمۃ اللہ علیہ تجویز کرتے تھے۔

## (۱۴۴) معجون مراق کم خرچ

**ھوالشافی:** مربہ ہلیلہ۔ گلقند ۶-۶ تولہ۔ گل بنفشہ۔ برگ سنا مکی ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ فلفل

سیاہ ۴ ماشہ۔ مغز بادام ۴ تولہ۔ مربہ کی گٹھلیاں دور کریں اور ادویہ پیس کر ملالیں۔

**خوراک:** ایک تولہ سے ۲ تولہ تک ہمراہ شیر گاؤ جوش دادہ۔

**فوائد:** ریاح خوب خارج کرتی ہے۔ قبض دور کرتی ہے۔ مقوی معدہ مفرح قلب اور ہاضم ہے جلدی سے تیار ہو جاتی ہے کم خرچ بالا نشین ہے۔ بے ضرر قبض کشا ہے۔

## (۱۴۵) حب لاجواب

رُب افسنتین ۶ ماشہ۔ کچلہ مدبر ۶ ماشہ۔ فلفل سفید۔ دانہ الائچی خورد۔ بال چھڑ۔ سادج ہندی ۵۔۵ ماشہ۔ ہمراہ شہد حب نخودی بنا دیں بعد از غذا۔ ایک یا دو گولی ہمراہ عرق سونف تیز ۵۔۵ تولہ سے کھائیں۔

**فوائد:** مراق، وسواس، جنون، کمزوری معدہ۔ تبخیر معدہ، قبض دائمی۔ غذا کے بعد اپھارہ ہونا، دودھ گھی ہضم نہ ہونا اور جسم کو نہ لگنا اس کے لیے مجرب ہیں۔ بیماری سے اٹھے ہوئے کو کھلانا ان کی طاقت کو فوراً بحال کرے گا انشاء اللہ مفید ہوں گی یہ بڑے حکیم کا مجرب ہے۔ ایک صاحب نے ایسے مرض کے لیے عرق بنایا تھا۔

**ھوالشافی:** سونف، پودینہ، کچور پاؤ پاؤ۔ الائچی کلاں ۵ تولہ۔ ان کا ۱۲ بوتل عرق نکال لیں۔ مناسب ادویہ کے ساتھ پلانا یا ویسے ہی پلانا بھوک لگاتا ہے ہاضم ہے کھٹے ڈکاروں کو مفید ہے۔ صاحب نسخہ تمام عمر بنا کر فروخت کرتا رہا اس عرق کی تعریف سنی اور صاحب نسخہ سے حاصل کرلیا۔

❀❀❀

# فالج

اس مرض میں جسم کا آدھا حصہ دایاں یا بایاں ڈھیلا ہو جاتا ہے یا نیچے کا آدھا حصہ ڈھیلا ہو جاتا ہے۔ یہ بلغمی مرض ہے اور سردی عارضی اور بلغمی رطوبات اس کو پیدا کرتی ہیں۔ سردی زیادہ لگنا۔ سرد موسم میں نہانا‘ بھیگ جانا‘ سرد اشیاء کا زیادہ کھانا اور برف یا سوڈا واٹر زیادہ پینا‘ سرد مشروبات‘ لسی‘ دہی زیادہ کھانا اور بخار میں ہوا کا لگ جانا عورتوں کا پیدائش کے وقت احتیاط نہ کرنا‘ بڑھاپا زیادہ ہونا یا کسی بھی طریقہ سے جسم میں سردی آ جانا اس کے اسباب ہیں۔ نوجوانوں کو ہو جائے تو جلدی شفایاب ہو جاتے اگر کمزور بوڑھوں کو ہو جائے تو بہت کوشش اور علاج کرنے سے چلنے پھرنے لگ جاتے ہیں۔ اگر زیادہ کمزوروں کو ہو جائے تو مشکل سے علاج پذیر ہوتے ہیں۔

**علاج:** مریض کو اندر بستر پر لٹا دیں موسم سرما میں اس کے پاس آگ کی انگیٹھی رکھیں یا ہیٹر لگا دیں کمرہ کو گرم کریں اور تمام سرد اشیاء سے پرہیز کریں۔ اطبا یونان نے ایسے مریضوں کی غذا بند کر دینے کو لکھا ہے لہٰذا سات روز تک آب و دانہ بند کر دیں اور صرف ایک پاؤ شہد ایک بوتل عرق گاؤزبان یا سونف میں ابال کر پن کر پلاتے رہیں اگر مریض زیادہ کمزور ہو یا برداشت نہ کر سکتا ہو تو کبوتر کا شوربا یا مونگ کا پانی ابال کر گرم مصالہ ڈال کر پلائیں۔ پانچویں روز منضج دیں۔ سونف ۷ ماشہ۔ جڑ سونف ۷ ماشہ۔ جڑ کرفس ۷ ماشہ۔ ملٹھی ۵ ماشہ۔ پرسیاؤشاں ۷ ماشہ۔ اسطوخودوس ۵ ماشہ۔ انجیر ۵ دانے۔ تخم خطمی ۷ ماشہ۔ گاؤزبان ۵ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دے کر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملا کر پلا دیں۔ آٹھ نو روز کے بعد اس میں سنا مکی۔ تربد سفید ۷۔ ۷ ماشہ رات کو بھگوئیں صبح کو مغز املتاس ۵ تولہ شیر خشت ۴ تولہ۔ ترنجبین ۴ تولہ۔ شکر سرخ ۴ تولہ۔ گلقند ۴ تولہ ملا کر پلائیں۔ مغز بادام پانچ ماشہ بھی گھوٹ کر ملا لیں۔ اگلے روز تبرید کا نسخہ دیں پھر منضج ۵ روز تک پلا کر اس کے بعد دو مسہل حب ایارج ۹۔۹ ماشہ کے دو مسہل بغیر املتاس کے دیں اس تنقیہ کے بعد گولیاں یا معجونات دیں انشاءاللہ

منضج اور مسہل اطبا قدیم نے فالج لقوہ استرخاء تمام امراض میں لکھا ہے اور حکیم آرام ہوگا یہ شریف خاں دہلوی کا طریق علاج یہی ہے۔ایک مریض عمر ۲۰ سال فالج میں مبتلا ہو گیا ابھی پاکستان نہیں بنا تھا مریض کو بخار بھی تھا۔اسے کشتہ بارہ سنگا اور یہ معجون بنا کر دی گئی اور تیل بھی بنا کر دیا گیا اللہ تعالیٰ کے فضل سے مریض درست ہو گیا اور آج تک زندہ ہے اور کوئی شکایت باقی نہ رہی۔

(۱۴۶)

**ھوالشافی:** سنڈھ۔اسگندھ ناگوری۔سورنجاں۔دارچینی۔مگھاں (فلفل دراز)۔مرچ سیاہ۔خولنجاں (جڑ پان) ۲۔۲ تولہ۔گل بابونہ ۳ تولہ۔لونگ۔جائفل۔عقرقرحا اک ایک تولہ۔ مغز بادام۔مغز ناریل ۴۔۴ تولہ۔باریک کر کے تین گناہ شہد ملا کر ۶۔۶ ماشہ صبح و شام کھلانا شروع کر دیا اور اس تیل کی مالش کرنی شروع کر دی۔

**نسخہ تیل:** کائپھل۔کٹھ کوڑی۔اجوائن۔روغن بابونہ ۵۔۵ تولہ۔رات کو بھگو کر صبح کو جوش دیں۔پانی ڈیڑھ سیر میں جب آدھا رہ جائے تو تیل میٹھا تین پاؤ ڈال کر پکائیں حتیٰ کہ تیل رہ جائے تو پن کر بوتل میں ڈال لیں اس تیل کی مالش کریں ان دونسخہ سے فالج کا مریض درست ہو گیا اگر اس کے ساتھ درج ذیل عرق بھی نکال کر پلا دیں تو زیادہ مجرب ہو گا۔

(۱۴۷)

**ھوالشافی:** پودینہ۔سونف۔اجوائن دیسی پاؤ پاؤ۔دارچینی ۱۰ تولہ۔چھ بوتل عرق نکال کر اس سے ۱۰ تولہ لے کر چار تولہ شہد ملا کر پلا دیں تو اس سے فالج لقوہ استرخا دور ہووے یہ مالش اور ہر مالش کرنے کا طریقہ رات کو مریض کو پانی روٹی کھلا کر اس کے بعد مالش کریں اوپر روئی باندھ دیں یا گرم کپڑے کی پٹیاں باندھ دیں چار پہر تک پانی سرد ہوا اور کوئی خوراک نہ دیں۔مالش دروازہ بند کر کے کریں۔

(۱۴۸) معجون جید

ان مایہ ناز ہستیوں کی ایجاد ہے جن کا نام طب میں سورج کی طرح چمکتا رہے گا۔ دارچینی ۳ تولہ۔ثعلب مصری ۳ تولہ۔مصطگی رومی۔بوزیدان۔شقاقل مصری۔جڑ پان۔

گاؤزبان۔ بادرنجبویہ۔ سنبل الطیب۔ اشنہ۔ بسباسہ۔ کٹھ شیریں۔ دانہ پیپل۔ برگ فرنجمشک۔ سعد کوفی ہر ایک ۶۔۶ ماشہ۔ سورنجاں شیریں ۴ ماشہ۔ بہمن سرخ ۴ ماشہ۔ بہمن سفید ۴ ماشہ۔ ہلیلہ کابلی ۴ ماشہ۔ تخم خشخاش سفید ۴ ماشہ۔ زرنباد ۴ ماشہ۔ عود ایک ماشہ۔ لونگ ڈیڑھ ماشہ۔ زعفران ڈیڑھ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۷ ماشہ۔ دار فلفل ۷ ماشہ۔ درونج عقربی ۷ ماشہ۔ لسان العصافیر ۷ ماشہ۔ پودینہ ۷ ماشہ۔ اسطوخودوس ۷ ماشہ۔ ساذج ہندی ۷ ماشہ۔ تج ۷ ماشہ۔ کستوری خالص ایک ماشہ۔ شہد سہ چند۔

**خوراک :** ۴ ماشہ سے ۹ ماشہ تک۔

**فوائد :** اس کا استعمال فالج لقوہ کو لاجواب ہے مقوی دماغ مقوی اعصاب ہے۔ اور قرابادین اکمل والوں نے اس کو تیار کیا ہے۔ پرانے اطبا مثلاً حافظ مولوی جلیل احمد انصاری کا معمول تھی۔

## (۱۴۹) معجون کچلہ شاہی

یہ ایک لاجواب معجون ہے جو کہ میں نے تقریباً ۱۰ عدد کتابوں میں پڑھی بڑے بڑے حکما اس کے مداح ہیں یہ مثلاً حکیم لقمان نظام آبادی۔ حکیم علم الدین بھاگووالیہ۔ حافظ جلیل احمد انصاری وغیرہ وغیرہ اس کو مجرب بیان کرتے ہیں میں نے خود اس کو تیار کیا ہے اور چنیوٹ کے ایک حکیم اس کو سیروں کے حساب سے فروخت کر چکے ہیں۔

**ھوالشافی :** کچلہ مدبر دودھ والا یا کوئی اچھا ہو ۲۰ تولہ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ دارچینی۔ جائفل۔ جاوتری۔ مصطگی رومی۔ عود بلساں۔ سنڈھ۔ عود ہندی۔ لونگ۔ میتھرے۔ آملہ صاف قاقلہ۔ سنبل الطیب۔ صندل سفید۔ دار فلفل۔ زعفران۔ پودینہ۔ چوب چینی۔ سونف ایک ایک تولہ۔ ۱۔۱ تولہ شہد خالص ڈیڑھ سیر۔

**خوراک :** ایک ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک۔

**فوائد:** استرخا۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ تشنج اور اعصابی امراض کو مجرب ہے۔

**نکات مطب :** یہ دوائی سخت کڑوی ہے میں اس کی شہد سے گولیاں تیار کر لیتا ہوں کھانے میں آسانی رہتی ہے اور شہد پورا کرنا اگر نہ ہو پائے تو دودھ میں شہد ملا کر دیں یا ماء العسل سے کھلا دیں۔

## (۱۵۰) معجون کچلہ نمبر ۲

اس میں کچلہ کم مقدار میں ہے لاہور کے نامور طبیب اس کو بناتے ہیں اور فوائد یہ ہیں بیان کرتے ہیں۔ مصفی خون۔ دافع جھولہ (فالج)۔ نقرس۔ بدن کو فربہ کرتی ہے۔ بوڑھوں کو عصا پیری ہے۔ جوانی عود کر آتی ہے۔ الحکیم کی فائلوں میں اس طرح لکھا ہے۔

**ھوالشافی :** فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ جائفل۔ بسباسہ۔ مصطگی۔ عود بلسان۔ سنڈھ۔ لونگ۔ آملہ۔ سنبل الطیب۔ الائچی خورد۔ اجوائن دیسی۔ سونف۔ زعفران۔ صندل سفید۔ دار فلفل ایک ایک تولہ۔ کچلہ مدبر ۴ تولہ۔ شہد سہ چند خوراک ایک ایک ماشہ میں نے اس کی بھی گولیاں تیار کی ہیں۔ ایک تولہ سفوف میں شہد ملا کر ۶۰ گولیاں بنالیتا ہوں۔ چار چاول فی گولی کچلہ پھر بھی آ جاتا ہے اس نسخہ کو میں نے بنایا اور کئی دوستوں کو بتایا بھی ہے اس سے معجون کچلہ کے تمام فوائد حاصل کیے جاسکتے ہیں میرا معمول مطب ہے۔ (مؤلف)

۱۰۔۱۰۔۲۴

## (۱۴۷) مالش

فالج کے مریضوں کو مالش کی بھی ضرورت ہوتی یہ مالش لاجواب ہے تیار کر کے فائدہ اٹھائیں۔

**ھوالشافی :** کچلہ غیر مدبر موٹا موٹا کوٹ کر۔ ۵ تولہ کالی مرچ۔ سنڈھ۔ لونگ۔ کٹھ تلخ۔ میٹھا تیلیہ۔ چڑپان۔ دارچینی۔ تخم دھتورہ۔ جائفل۔ جاوتری ایک ایک تولہ۔ سب کو دو سیر پانی میں بھگوئیں تین روز کے بعد (برتن کو گرم مقام یا دھوپ میں رکھیں) ایک سیر تیل میٹھا ملا کر پکانا شروع کریں آگ نرم نرم ہو حتیٰ کہ تمام پانی جل جائے۔ تو پن لیں۔ تھوڑا سا روغن معمولی گرم کر کے مریض کو دھوپ میں انگیٹھی گرم کے قریب مالش کریں اور جذب ہو جائے تو ہوا نہ لگنے دیں اور گرم کپڑا اوڑھا دیں۔ فالج۔ رعشہ۔ استرخا۔ اور خدر میں نہایت زود اثر اور مجرب ہے اس سے سوکھی ہوئی ٹانگ یا بازو ہرا ہوسکتا ہے میں نے مجرب پایا۔

## (۱۵۲) مالش : ۲

میرا ایک ہم عصر طبیب اس کو تمام عمر بناتا اور فیض پاتا رہا اس نے بھی نسخہ عطا کر دیا۔

**ھوالشافی :** برگ مدار۔ برگ دھتورہ۔ برگ ارنڈ۔ کنڈیاری۔ سنبھالو۔ افتیمون ۵۔۵ تولہ۔ کٹھ تلخ۔ کاپھل۔ سورنجاں تلخ۔ بابونہ ۲۔۲ تولہ۔ پانی تین سیر میں بھگوئیں۔ صبح کو جوش

دے کر آدھ سیر رہ جائے تو پن کر آدھ سیر روغن کنجد ملا کر پکا کر مالش بنالیں اس تیل کی مالش کریں اور اندرونی طور پر معجون فلاسفہ جوڑوں کی دردوں کو بھی لاجواب ہے۔ فلاسفہ کھلائیں کورس چالیس یوم اور صاحب نسخہ کے حق میں دعا فرمائیں۔

## (۱۵۳) مالش (سادہ)

فالج۔ لقوہ۔ نمونیہ۔ درد گردہ۔ درد قولنج۔ تشنج۔ اس مالش سے قولنج کھل جاتی ہے درد گردہ رک جاتا ہے۔

**ھوالشافی:** جائفل۔ لونگ۔ سنڈھ۔ دارچینی۔ اجوائن دیسی تولہ تولہ تیل میٹھا ۵ چھٹانک میں پکالیں۔ اس کی مالش کریں لاجواب ہے میں نے کئی بار تیار کی ہے معمول مطب ہے کم خرچ سادہ ہے۔

## (۱۵۴) گٹی

لاہور کے ایک طبیب جو کہ گٹی بازار میں مطب کرتے تھے میں ان کو ملنے گیا اور تبادلہ خیالات کرتے ہوئے انہوں نے اپنا ایک مشہور کورس اس طرح بتایا کہ حفظ ما تقدم بھی اور مریض ہونے پر بھی میرا مجرب ہے وہ یہ ہے کہ صبح کو معجون فلافہ ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک بوقت عصر جوارش جالینوس ۷ ماشہ۔ رات کو معجون کچلہ یا حب کچلہ۔ کورس چالیس یوم۔ لیکن کچلہ کا مرکب ۷ یوم کے بعد تین یوم ناغہ کریں فرمانے لگیں اس کورس سے کئی آدمی شفایاب ہو چکے ہیں اور چالیس دن استعمال کرنے سے تندرست کھائے تو ایک سال امراض اعصاب کا حملہ ہونے کا خطرہ نہیں رہتا مریض اگر تندرست ہو گیا ہے تو سال بعد یہ کورس استعمال کریں اور تمام عمر کا سدباب ہو جائے گا۔ آج وہ حکیم فوت ہو چکے ہیں۔ خدا غریق رحمت کرے۔

## (۱۵۵) حیات

معجون فلاسفہ اطبا قدیم کی لاجواب تجویز ہے اس کو مادۂ حیات بھی کہتے ہیں سابقہ نسخوں میں بابونہ اور گل بابونہ کا ذکر ہے میں اس طرح بناتا ہوں ھوالشافی سنڈھ۔ مرچ سیاہ۔ گلھاں۔ دارچینی۔ آملہ۔ پوست بھیڑہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز چلغوزہ۔ شطرج ہندی۔ زرادند۔ مدہرج ثعلب مصری۔ مغز ناریل ۴۔۴ تولہ۔ بابونہ ۹ تولہ۔ مویز منقیٰ ۱۲ تولہ۔ شہد دو چند۔ ڈھائی چند۔ یا سہ چند تیار کریں۔ تیار کرنے کے بعد چالیس روز کھلانا شروع کریں ایک دفعہ حکیم سید

نبر واسطی مرحوم سے میں نے ذکر کیا کہ اگر کسی آدمی کے ہاتھ پاؤں سونا شروع کر دیں تو زیادہ دنوں سے کوئی معجون کھانی چاہیے فرمانے لگے کہ معجون فلاسفہ سابقہ حکما نے لکھا ہے کہ اگر کوئی اس کو ایک سال کھائے تو جسم کے کسی حصہ کا فالج نہیں رہ سکتا۔ اور حکما قدیم نے یہ بھی لکھا ہے اگر میاں بیوی دونوں معجون فلاسفہ تین ماہ متواتر کھائیں تو اولاد نرینہ پیدا ہو۔ جوارش جالینوس بھی کایا پلٹ دوا ہے جو کہ صدیوں سے مجرب چلی آ رہی ہے۔ اطبا قدیم نے اس کے کئی فوائد بیان کیے جو کہ بالکل صحیح ہیں۔ ضعف معدہ۔ کمزوری عامہ۔ تبخیر معدہ۔ بدبوئے دہن۔ کثرت بول۔ مخرج ریاح۔ بلغمی کھانسی۔ بادی بواسیر۔ درد کمر۔ دافع پتھری گردہ ومثانہ پتھری بنانے والے مادے کو دور کرتی ہے۔ سبب غیر طبعی کو دور کرتی ہے اور مقوی باہ ہے۔ اگر اس میں کچلہ مدبر فی خوراک چار چاول ملا کر دیا جائے تو مقوی باہ دوا بن جاتی ہے اور اگر کشتہ فولاد ایک رتی ملا کر کھلایا جائے تو از حد مقوی جگر دوا بن جاتی ہے۔ تیسری چیز کچلہ کی معجون یا گولیاں ہیں۔

## (۱۵۶) حب کچلہ ۱:

کچلہ مدبر ۲ تولہ۔ دارچینی۔ بسباسہ۔ جائفل۔ لونگ۔ عود صلیب ایک ایک تولہ کی۔ عرق اجوائن کے ساتھ گولیاں بنا دیں۔ (از: قرابادین اکمل اعظم) خوبصورتی کے لیے ورق نقرہ لگا دیں یہ لاجواب گولیاں ہیں۔ میں نے خود تیار کی ہیں۔ لاہور میں ایک طبیب ان کو از حد مقوی اعصاب بیان کرتا ہے۔ ضلع گوجرانوالہ میں ایک عطائی ان کو بنا کر کے نزلہ زکام کی لاجواب بنا کر دیتا ہے ہمراہ عرق سونف پودنہ۔ مکہ معظمہ میں ایک طبیب ان کو بعد از طہر کھلاتا ہے ان کا دعویٰ ہے کہ کھلانا معین حمل ہے معمول مطب ہیں۔

## (۱۵۷) حب کچلہ ۲:

میں اسے گزشتہ ۵۰ سال سے تیار کر رہا ہوں۔

**هوالشافی:** کچلہ لے کر روغن گاؤ میں بریاں کریں کہ پھول جائیں۔ اتار کر گرم گرم کوٹ لیں اس میں سے ڈھائی تولہ لے کر فلفل دراز ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ سونٹھ۔ دارچینی۔ سہاگہ ایک ایک تولہ باریک کریں۔

**خوراک:** ایک رتی کیپسول میں بند کر کے دیں۔

**فوائد:** عرق انساء جھولہ درد کمر کمزوری ہاضمہ قبض دائمی ذات الجنب بلغمی بخار تیز بخار میں لاجواب ہیں۔ افیون کی عادت کو چھڑاتی ہیں اس میں اس قدر منقی ڈالیں کہ فی گولی ایک رتی سے زیادہ نہ آئے اس کو بعد از غذا کھلانا مجرب ہے ایک مشہور دواخانہ ایک سو سال سے کسی اور نام سے فروخت کر رہا ہے پچاس سال سے تو میں بھی استعمال کر رہا ہوں۔

## (۱۵۸) حب کچلہ : ۳

یہ گولیاں بھی مجھ سے ایک طبیب بنواتا ہے اور فالج مزمن وغیرہ اعصابی امراض میں مفید بتاتا ہے۔ بلکہ مجرب ہیں۔ تیار تو میں ہی کرتا ہوں۔

**ھوالشافی :** کچلہ مدبر ۲ تولہ۔ شنگرف رومی ایک تولہ۔ دارچینی۔ مگھاں۔ مرچ سیاہ۔ جائفل۔ لونگ۔ عقرقرحا۔ سنڈھ ۶۔۶ ماشہ۔ آب ادرک سے کھرل کر کے ۱۔ ا رتی کی گولیاں بنا لیں۔

**ھوالشافی :** دارچینی ۶ ماشہ پانی میں جوشا کر اس میں شہد ۲ تولہ ملا کر اس جوشاندہ سے کھلانا فالج استرخا کو مجرب ہے۔

## (۱۵۹) حب فالج سم الفاری

**ھوالشافی :** سم الفار ڈیڑھ ماشہ۔ کچلہ مدبر ساڑھے ۴ ماشہ۔ بسباسہ۔ جائفل۔ مگھاں۔ لونگ۔ عودِ صلیب۔ زعفران ہر ایک ۶۔۶ ماشہ۔ جڑ پان۔ لونگ ہر ایک ساڑھے ۳ ماشہ۔ درونج عقربی ۹ ماشہ۔ آب ادرک صاف ایک بوتل سے کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنا دیں۔

**مقدار خوراك :** ایک گولی صبح دو گولی شام ہمراہ شربت شہد عرق گاؤزبان سے دیں۔ سات یوم کھلا کر تین یوم ناغہ کریں۔

**فوائد :** اعصاب کے تمام امراض کو مجرب ہیں۔ اگر صبر تحمل سے کچھ روز کھائی جائیں تو فالج لقوہ رعشہ۔ کو لاجواب ثابت ہوں گی۔ مشہور دواخانہ سو سال سے استعمال کرتا اور بذریعہ اشتہارات فروخت کر رہا ہے۔ اس کے اجزا ہی گواہی دے رہے ہیں انشاء اللہ مجرب ہوگا۔ سچ ہے سم الفار کے مرکبات پرانی امراض کو دور کرنے میں لاجواب ہوتے ہیں میں نے خود بارہا تجربہ کیا ہے۔ کہ امراض کہنہ میں سم الفار اکسیر ہے۔

## (۱۶۰) تدبیر

ایک حکیم جو کہ اپنے زمانہ کے لقمان ہی تھے ان کو ایک حکیم صاحب اپنا ایک صدری نسخہ فالج کے لیے عطا فرمایا وہ یہ ہے۔

**ھوالشافی :** شنگرف رومی مدبر در حنظل ایک ماشہ۔ کچلہ مدبر ۳ ماشہ۔ کشتہ فولاد شنگرفی ڈیڑھ ماشہ۔ باریک کر کے خوراک ۲ چاول ہمراہ مکھن کیپسول میں بند کر کے دیں۔

**طریقہ کچلہ مدبر:** آب کنوار گندل میں تر کریں جب لعاب کنوار گندل خشک ہو جائے تو ان کو درمیان سے چیز کر پتہ نکال دیں پھر اس میں ادرک ڈال دیں کہ تر ہو جائیں خشک ہونے پر باریک کریں۔ شنگرف مدبر ایک تولہ کو ایک عدد حنظل میں رکھ کر بھوبھل میں پکائیں۔ دوسرا طریقہ ۵ تولہ شنگرف کی ڈلی پوٹلی باندھ کر آٹھ سیر حنظل کتر کر ایک برتن میں ڈالیں اور شنگرف کی پوٹلی اس میں لٹکا دیں اور منہ بند کر کے دیگ دان پر چڑھا کر دو دن رات آگ نرم نرم پر پکائیں کہ جب حنظل سوختہ ہو جائے تو تیار ہے۔ کشتہ فولاد شنگرفی فولاد ۵ تولہ لے کر اس کے اوپر کیکر کے تکوں کا پانی یا جامن کا پانی اس قدر ڈالیں کہ دو انگل اوپر چڑھ جائے خشک ہونے پر دیکھیں کہ باریک ہو گیا ہے ورنہ ترش دہی ڈال دیں۔ خشک ہونے پر ۵ ماشہ شنگرف ملا کر گودا کنوار گندل سے زور دار ہاتھوں سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح ہر بار شنگرف ملا کر گیارہ آتشہ کریں اور داخل ترکیب کریں۔ یہ ایک لاجواب مرکب ہے تیار کر کے فائدہ اٹھائیں۔

## (۱۶۱) بدرقہ

یہ عرق فالج، لقوہ، خدر، رعشہ، تشنج، کزاز، استرخا، کہنہ پرسوت، تمام ریحی امراض کو مجرب ہے۔ خام مواد بلغمی اور رطوبتوں کو مفید ہے۔ ریاح خارج کرتا اور ہضم کو قوی کرتا ہے۔ دیگر ادویات کے ساتھ عمدہ بدرقہ ہے۔

**ھوالشافی :** جائفل۔ جاوتری ایک ایک تولہ۔ اسطوخودوس تمال پتر۔ لونگ گل سرخ۔ سنڈھ ۵۔۵ تولہ۔ جڑ پان۔ دارچینی۔ اجوائن دیسی ۱۰۔۱۰ تولہ۔ سنا مکی ۶ تولہ۔ شہد خالص آدھ سیر۔ مناسب پانی میں بھگو کر اس کا پانچ بوتل عرق نکال لیں اور کستوری ایک ماشہ کی پوٹلی باندھ کر نیچہ میں رکھیں کہ عرق اس پر گر کر اثر کر جائے۔

**مقدار خوراک:** ۷۔۷ تولہ صبح و شام۔ لیکن ملتان کے ایک حکیم جو کہ طبیہ کالج کے پرنسپل تھے کہ ہم نے یہ عرق اس طرح نکال کر پلایا تو بعض مریضوں کو نکسیر پھوٹ نکلی لہٰذا ہم نے اس کا ۱۰ بوتل عرق نکال لیا پھر کوئی تکلیف نہ ہوئی ایک اضافہ اور کیا کہ کستوری ایک ماشہ اور زعفران ایک ماشہ دونوں کی پوٹلی باندھ کر عرق نکالا اور خوبصورت بھی بن گیا اور ہمارا کئی بار کا مجرب ہے نسخہ کے اجزا بھی لاجواب ہیں اور حکماء کا تبصرہ بھی لکھ دیا ہے۔

**فوائد:** آپ اس کو تیار کر کے فائدہ اٹھائیں بچوں کو بھی مفید ہے۔ وزن عمر کے مطابق دیں۔ معیادی بخار کے بعد جن آدمیوں کو ایک ہاتھ یا پاؤں میں خرابی ہو جاتی ہے ان کو معجون فلاسفہ کے ساتھ دیں۔ انشاء اللہ خرابی دور ہو گی۔ بچوں کے فالج میں خمیرہ گاؤزبان جدوار عود صلیب والا ایک ماشہ کی مقدار میں دیا کریں۔ اور مالشیں دہی میں دیا کریں۔

دوسری اعصابی مرض لقوہ ہے جس سے منہ دائیں یا بائیں ٹیڑھا ہو جاتا ہے منہ سے رال بہتی ہے ایک طرف کی آنکھ کھل جاتی ہے۔ کھایا پیا نہیں جاتا۔ مریض سیٹی نہیں مار سکتا نہ تھوک سکتا ہے۔ ماؤف جانب کی آنکھ کھلی رہتی ہے اور اس سے آنسو بہتے رہتے ہیں۔

**علاج:** اس کے پرہیز و علاج وہ ہی ہیں مریض کو اندھیرے میں رکھیں۔ سرد ہوا سرد پانی سے بچائیں اور منہ میں جائفل یا لونگ رکھیں روزانہ ایک کبوتر جنگلی کا شوربا پلائیں۔ ماء العسل پلا دیں ایک پاؤ شہد کو ایک بوتل عرق سونف میں ابال کر ایک دن رات میں سارا پلا دیں۔

## (۱۵۸) لاجواب دوا

ایک لاجواب دوائی کہ اس کو منہ میں ملتے رہیں لعاب دہن کثرت سے نکلے گا اور آرام آئے گا۔

**ھوالشافی:** عاقر قرحا۔ سنڈھ ۲۔۲ تولہ۔ رائی۔ کلونجی وج ایک ایک تولہ۔ جائفل ۹ ماشہ۔ لونگ ۶ ماشہ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز ۷۔۷ ماشہ۔ مصطگی ۵ ماشہ۔ سفوف تیار کریں۔ اس میں سے ۶ ماشہ سے لے کر ۱۰ ماشہ تک شہد میں ملا کر انگلی سے منہ میں ایک گھڑی ملتے رہیں یوں منہ سے بکثرت لعاب نکلے گا اور صحت ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔ چہرہ کو باندھے رکھنا بھی ضروری ہے۔ سرد ہوا سے بچائیں۔ چہرہ پر روغن زیتون مل کر شیشہ سامنے رکھ کر چہرہ کو سیدھا کرنے کی روزانہ کوشش کہ یہ بھی لقوہ کو دور کر دیتا ہے جب میں دنیاپور میں تھا ایک شام کو

ایک لڑکی کو لقوہ ہو گیا حکیم شریف مرحوم نے گڑ کا حلوہ بنا کر بندھوا دیا صبح تک لقوہ دور ہو گیا قراباذین مجددی والے حکیم صاحب نے ایک علاج شرطیہ بتایا کہ اس سے لقوہ تین دن میں دور ہو جاتا ہے۔

(۱۶۳)

**ھوالشافی :** سداب۔ خبازی۔ چھان گندم۔ تخم خطمی۔ گل بابونہ ڈھائی ڈھائی تولہ۔ دیگچی میں بند کر کے پکائیں۔ مریض کو اس جگہ بٹھا دیں جہاں ہوا نہ لگتی ہو اس پانی کی مریض کے چہرہ کو بھاپ دیں اور موٹا کپڑا اوڑھا دیں۔ پسینہ بہت زیادہ آئے گا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ایک آدمی چہرہ کو دبا کر سیدھا کرنے کی کوشش کرے کپڑے سے باندھ دے جب پسینہ خشک ہو جائے تو مریض کو لٹا کر اس کے ناک میں روغن مبارک کے چند قطرے ٹپکا دیں۔ انشاءاللہ تین دن میں علاج لقوہ بھی دور ہو گا۔

## (۱۶۴) روغن مبارک

میتھرے اور کلونجی۔ مساوی الوزن لے کر چار چند روغن زیتون میں پکا کر پتال جنتر سے تیل نکال لیں میں تو اس طرح ہی تیار کر لیتا ہوں کہ میتھی اور کلونجی ۱۰۔۱۰ تولہ لے کر تیل میٹھا ایک سیر میں پکا دیں کہ اور یہ جل جائیں تو پن لیں۔ یہ بھی روغن مبارک ہے اس کے اور بھی فوائد ہیں درد مفاصل' ریگن پر ملنا اور کان میں ثقل سماعت میں ٹپکانا اور اندر کھانے سے محلل ریاح ہے۔ امراض رحم میں اس کا پتہ رکھنا بقول حکیم جلیل احمد انصاری مجرب ہے اور پان کے پتے پر ۱۰ قطرہ رکھ کر کھلانا محلل ریاح ہے اور مقوی باہ ہے۔ بیرونی طور پر فالج' لقوہ' کزاز' عرق النساء' نقرس کا دافع ہے میں نے خود تیار کر کے لقوہ کے مریض کو مالش بھی کی اور ناک میں ٹپکایا اور کھانے کو درج ذیل گولیاں دیں جس سے تین دن میں لقوہ درست ہو گیا وہ یہ ہے۔

## (۱۶۵) گولیاں

شنگرف۔ میٹھا تیلیہ مدبر۔ مرچ سیاہ۔ سہاگہ بریاں۔ مگھاں ا۔ا تولہ۔ آب ادرک سے تین دن کھرل کر کے گولیاں بنا لیں بقدر دانہ مونگ ایک ایک عدد صبح دوپہر شام ہمراہ

مناسب بدرقہ دیں۔

**فوائد :** تپ بلغمی، نزلہ، زکام، نمونیہ، جھولہ، کھانسی بلغمی سوائے تپ دق کے ہر بخار کا دافع ہیں۔ بڑے بڑے حکماء نے اس کی لقوہ میں تعریف کی ہے اور انہیں کو تیل میٹھا یا روغن گل میں حل کر کے لگانا بھی مفید لکھا ہے اور مقوی باہ بھی ہیں اور لو بلڈ پریشر کو پورا کرتی ہیں دستوں کو بند کرتی ہیں۔ اگر اسہال زیادہ آتے ہوں تو اندر جو کا سفوف تین ماشہ ملا کر اور قدرے افیون ملا کر دیں تو ہر قسم کے اسہال کو بند کرتی ہیں۔ آٹھ پہر میں چار گولی دے سکتے ہیں۔ دودھ گھی ہضم کرنے میں لاجواب ہیں۔ تپ سرسوتک کو ایک یوم میں دور کرتی ہیں۔

## (۱٦٦) حب اکبر لقوہ

کستوری ایک ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ زیرہ سیاہ ۴ ماشہ۔ اجوائن دیسی ۸ ماشہ۔ کچلہ مدبر صرف آب ادرک والا۔ ١٦ ماشہ۔ حب نخودی بنا دیں۔ ہمراہ شہد صبح کو حلوہ کھلا کر غذا شوربہ نان گندم۔ سرد ہوا۔ سرد اشیا اور مجامعت سے پرہیز کریں۔ قبض دور کر کے دیں منہ میں مرچ سفید اور دار چینی رکھیں۔

**طریقہ تدبیر کچلہ:** ہر کچلوں کو آب ادرک میں بھگوئیں کہ آب ادرک اوپر آ جائے موسم گرما میں آٹھ دن اور سرما میں پندرہ دن کے بعد پتہ اور چھلکا دور کر کے ہاون دستہ میں کوٹ لیں اور داخل ترکیب کر لیں۔ یہ گولیاں لاجواب مقوی اعصاب ہیں اگر منضج اور مسہل کے بعد کھلا دیں اور لا علاج مریض اعصابی دور ہوں گے لقوہ اور فالج کو لاجواب ہیں۔

## (۱٦۷) دوائے شنگرف

آج سے قبل سولہ سال کی بات ہے کہ مجھ کو لقوہ ہو گیا میں علاج کے لیے لاہور ہومیوپیتھی والوں کے پاس گیا لیکن عید کی چھٹیاں تھیں وہ نہ ملے تو حکیم محمد عظیم صاحب قاسمی لاہور کے پاس گیا وہ طبیہ کالج کے فاضل بھی تھے اور نظریہ مفرد اعضاء کے موجد کے خاص رفقاء تھے آپ نے دم بھی فرمایا اور یہ علاج بھی بتایا کہ اندھیرے میں رہو اور ایک پاؤ شہد عرق سونف ایک بوتل میں اُبال کر آٹھ پہر تک پیو اور لونگ یا جائفل منہ میں رکھو ایک کبوتر کی یخنی بھی پیو اور لونگ۔ دار چینی۔ الائچی کلاں کا قہوہ اور چائے بھی ڈال کر پکائیں اور شنگرف والی دوائی بھی اس کے ساتھ تین خوراک ملا کر کھائیں میں آٹھ دن ایسا ہی کرتا رہا اور مجھ کو کافی

فائدہ ہوا۔ دوائی شنگرف یہ ہے۔
**ھوالشافی :** شنگرف رومی ایک تولہ۔ جائفل ایک تولہ۔ لونگ ۲ تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ عاقر قرحا ایک تولہ۔ مگھاں ۲ تولہ۔ سنڈھ ۲ تولہ۔ پہلے شنگرف اور دارچینی کو کھرل کریں کہ چمک نہ رہے باقی ادویہ باریک کر کے ملالیں دوا تیار ہے خوراک ۲ سے ۴ رتی تک۔

## (۱۶۸) یوگراج

اس کے بعد میں حکیم اجمل خاں رحمۃ اللہ علیہ کے خاندان کے گھر گلبرگ گیا اور انہوں نے معجون یوگراج صبح کو ۵ ماشہ اور معجون سیر ۳ ماشہ تریاق فاروق ۳ ماشہ ملا کر کھلائیں اور کہا کہ ترش اشیا سے پرہیز کریں۔ نمک کم کھائیں اور لونگ منہ میں رکھیں انہوں نے کہا کہ ہمارا تو سال ہاسال سے یہ ہی علاج ہے۔ اس سے مریض راضی ہو جاتے ہیں۔

اسی دوران میں ایک بوڑھا حکیم دہلوی ملا اور فرمایا کہ غذا سے پہلے معجون فلاسفہ اور بعد از غذا حب کچلہ کھایا کریں۔ ماء العسل پیا کریں۔ اور روغن مال کنگنی، روغن زیتون اور روغن کٹھ ملا کر چہرہ گردن اور اعصاب پر مالش کیا کریں اس سے شفا ہو جائے گی ہمارا تو یہ ہی خاندانی معمول ہے اور مجرب ہے۔

## (۱۶۹) خفقان

ایک پنساری جس کا باپ حکیم بھی تھا میرا خاصا واقف تھا اس نے بتایا کہ ہم نے لقوہ کے کئی مریضوں کو دوائے مسک حار سادہ کئی بار مریض کو بتائی ہے ان کو شفا ہو جاتی ہے اور صاحب اسرار کنز یا شریانیہ نے بھی اس کو مجرب کہا ہے۔

**فوائد :** دل دماغ اور ارواح کو قوی کرتی ہے۔ خفقان، وحشت، مالیخولیا، امراض باردہ مثلاً فالج، لقوہ، رعشہ، استرخا، کزاز اور کمزوری معدہ و رطوبت کو مفید ہے۔

**ھوالشافی :** زرنباد۔ درونج کہربا بسد ہر ایک ۳۔۳ تولہ ابریشم مقرض۔ بہمن سرخ و سفید۔ سنبل الطیب۔ ساذج ہندی۔ الائچی خورد۔ لونگ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ اشنہ۔ مگھاں۔ سنڈھ۔ سوا۔ سوا تولہ۔ مشک ۷ ماشہ۔ شہد سہ چند میں ملالیں۔

**خوراک :** ۵۔۵ ماشہ۔ ہمراہ عرق عنبر عرق گذر مصری ملا کر پلا دیں قرابادینی نسخہ قدیم سے مجرب چلا آ رہا ہے۔ مفید ہے۔

**نکات مطب:** پرانے حکما نے لکھا ہے کہ ریٹھہ کا چھلکا باریک کر کے اس کی نسوار لی جائے تو لقوہ۔ دردسر۔ شقیقہ دعصابہ۔ مرگی۔ جنون۔ مالیخولیا کو مفید ہے اس سے مریض کے نتھنوں سے بلغمی رطوبت بہہ نکلتی ہے جو کہ مفید ہوتی ہے اس طرح سرکہ سے منہ کو دھونا یا اس میں رائی باریک پیس کر منہ کو روزانہ دھونا بھی فاضل جلیل احمد انصاری اور پرانے اطبا کا مجرب ہے۔ حب اکبر لقوہ۔ صاحب نسخہ کا فرمان ہے کہ اس سے لاعلاج لقوہ بھی دور ہو جاتا ہے اس نسخہ سے کئی دیرینہ مریض شفایاب ہوئے اور کئی صاحب نے اس کی تصدیق کی ہے۔

**ھوالشافی:** میٹھا تیلیا۔ جائفل۔ مگہاں۔ اجوائن۔ مرچ سیاہ۔ سنڈھ۔ جاوتری ۲،۲ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ ۴ ماشہ ۲ تولہ کوٹ کر نخودی گولیاں بنا دیں یا آب ادرک سے کھرل کر کے گولیاں بنا لیں۔

**مقدار خوراک:** دو گولی صبح کو و شام کو ہمراہ ماء العسل ۲ تولہ عرق خاص ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ غذا شوربہ مرغ، کبوتر یخنی، گوشت آب نخود دیں تمام سرد اشیا سے پرہیز رکھیں۔ پرسوتک میں عرق اجوائن ۷ تولہ سے دیں اور وجع المفاصل میں دودھ گائے سے دیں۔

**عرق خاص:** گاؤزبان، سونف منقی ایک ایک پاؤ عرق صرف ۲ بوتل نکال لیں فالج کو بھی مفید ہیں۔ ملتان کے ایک حکیم پرنسپل طبیہ کالج نے فرمایا کہ تیلیہ کو مدبر کر کے ڈالیں اور فرمایا کہ نسخہ کے مجرب ہونے میں شک نہیں۔

## (۱۷۰) ضماد

لقوہ والے کا چہرہ اکڑ جاتا ہے اور کوئی علاج کارگر نہیں ہوتا اس پر یہ ضماد کریں۔

**ھوالشافی:** کالے تل۔ بابونہ ۲۔۲ تولہ لے کر پانی ڈال کر ضماد تیار کریں اور تیل میٹھا ملا کر خوب رگڑ کر ضماد بنا کر پٹہ بنا کر سارے منہ پر دونوں طرف باندھ دیں اس سے پٹھے نرم ہو جائیں گے اور سر پر ہاتھ رکھ کر جبڑے کو کھینچ کر سیدھا کر کے باندھ دیا کریں لاعلاج لقوہ بھی دور ہو گا۔ عقرقرحا۔ نوشادر۔ دارچینی۔ سنڈھ باریک کر کے نسوار دینا بھی مفید ہے اور دارچینی۔ مگہاں۔ مرچ سیاہ۔ لونگ۔ جائفل۔ سنڈھ۔ عقرقرحا۔ سات اجزاء ہموزن لے کر شہد سے حب بنا کر رکھیں اس میں سے ۲ یا تین عدد گولیاں منہ میں رکھیں انشاء اللہ لقوہ لکنت اور بدبوئے دہن دور ہو گی۔ لاجواب گولیاں ہیں اکیلے جائفل رکھوانے سے زیادہ مفید ہیں۔ ان گولیوں کا

کھلانا بھی بلغمی امراض میں مفید ہے یہ گولیاں سرد امراض میں انشاء اللہ مفید ہیں ایک مریضہ کو لقوہ ہو گیا کئی حکما سے علاج کروایا لیکن ٹھیک نہ ہوا ایک حکیم نے یہ لیپ بتایا اس نے لگایا دیرینہ مریضہ ٹھیک ہو گئی۔

## (۱۷۱) لیپ

**ھوالشافی:** سنڈھ ۲ تولہ۔ مصبر ایک تولہ لے کر دو عدد انڈے کی سفیدی میں باریک کر کے جس طرف کی آنکھ کھلی ہو اس طرف لگا دیں اور شام کو گرم پانی سے دھو دیا کریں اس سے پرانا لقوہ درست ہو گیا حالانکہ کئی ٹیکے لگ چکے تھے میں یہ ضماد خود لگاتا رہا۔

## (۱۷۲) اسپغول

ایک صاحب جو کہ لقوہ کو مل کر درست کرتے تھے انہوں نے ایک لاجواب عمل بتلایا کہ ایک چھٹانک: اسپغول سالم رات کو دو سیر پانی میں بھگو دیں صبح اس پانی کو منہ میں ڈال کر زور سے کلیاں کرائیں روز اسی طرح کریں انشاء اللہ لقوہ درست ہوگا اس طرح چہرے کے عضلات کی ورزش ہو جاتی ہے لیسدار پانی کو منہ میں لے کر پھینکنا لقوہ کو دور کر دیتا ہے وہ فرماتے تھے میں تمام عمر کا بتلا رہا ہوں اور مفید ہے۔

## (۱۷۳) آئینہ

ایک مریضہ نے مجھ سے ذکر کیا کہ ہمارا ایک آدمی لقوہ میں مبتلا ہو گیا کافی علاج کیے ٹھیک نہ ہوا آخر ایک تجربہ کار نے بتایا کہ مریض کو روزانہ روغن زیتون کی چہرہ اور گردن کے پٹھوں پر مالش کر کے آئینہ کے سامنے رکھ کر اپنے چہرہ کو درست کرنے کی کوشش کرے وہ ایسا ہی کرتا رہا اس سے پرانا لقوہ دور ہو گیا۔

# رعشہ

رعشہ میں ہاتھ یا سر بغیر اختیار کے ہلتا رہتا ہے یہ بھی پٹھوں کی مرض ہے اس مرض میں کھانا پینا بھی مشکل سے ہوتا ہے اور کوئی دوسرا آدمی کھانا کھلاتا ہے پہلے نیند میں نہیں ہوتا اور آخری شدید حالت میں مریض کو نیند بھی کم ہو جاتی ہے اور سارا جسم ہی حرکت کرتے دیکھا گیا ہے یہ خشکی سے ہو جاتا ہے جوانوں کا جلدی ٹھیک ہو جاتا ہے لیکن بوڑھوں کا مشکل سے جاتا ہے۔ عام طور پر اس کا علاج کوئی نہیں کرتے لیکن طبیب کو اس کا علاج بھی یاد ہونا چاہیے۔ اگر مزاج میں خشکی کا غلبہ ہو تو مغز بادام۔ مغز کدو۔ خیارین۔ مغز تربوز۔ دودھ میں گھوٹ کر میٹھا ملا کر نیم گرم پلائیں موسم گرما میں ٹھنڈا کر کے پلائیں۔ میں نے جہاں تک خیال کیا ہے اس مرض میں سم الفار سفید کے مرکبات مفید لکھے ہیں اور تجربہ میں بھی مفید ثابت ہوئے ہیں ایک مریض نے مجھ کو بتایا کہ مجھ کو سخت رعشہ ہو گیا حتیٰ کہ کاروبار کے لائق نہ رہا کسی آدمی نے سم الفار کھانے کو کہا اور میں نے خشخاش کے دانے کے برابر کھانا شروع کرایا میرا رعشہ دور ہو گیا اس سے بھی تصدیق ہو گئی کہ سم الفار واقعی مفید ہوتا ہے۔

## (۱۷۴) سم الفار

**ھوالشافی:** سم الفار ایک ماشہ۔ چینی سفید ۸۰ ماشہ۔ بارہ گھنٹہ کھرل کریں۔

**خوراک:** ایک ایک رتی صبح و شام بعد از غذا لاجواب مجرب ہے۔

## (۱۷۵) حب رعشہ

**ھوالشافی:** سم الفار سفید ایک رتی۔ جاوتری ایک تولہ۔ لعاب کنوار گندل میں کھرل کریں۔ ایک سو گولی تیار کریں خوراک ایک ایک عدد بعد از غذا صبح و شام دیں یہ بھی ایک صاحب کا فرمودہ ہے اور ساتھ میں مربہ ادرک بھی دیا کریں۔

## (۱۷۶) ہیراکسیس

سم الفار سفید ایک

بسباسہ۔ ۶۔۶ ماشہ۔ ہلیلہ کابلی۔ دارچینی۔ پودینہ۔ اسطوخودوس۔ ہرایک ۱۰۔۱۰ ماشہ۔ جند بیدستر۔ ہینگ خالص۔ زعفران ۴۔۴ ماشہ۔ کچلہ مدبر ایک تولہ۔ کھرل کرکے ہمراہ شہد گولی ایک رتی بنا دیں۔ صبح و شام ہمراہ ماء العسل دیں۔ یہ رعشہ کے علاوہ مقوی باہ بھی ہیں۔ اگر رعشہ کے ساتھ سر درد ہو تو اسطوخودوس ۳ ماشہ باریک کرکے دیں اور تقویت اعصاب کریں دوا لمسک معتدل جواہر والی۔ کشتہ سونا۔ ایک چاول دیں حب فالج والا دیں۔

## (۱۷۷) حب فالج

برادہ کچلہ مدبر ۲ تولہ۔ تخم سوئے ایک تولہ۔ لونگ ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ گودہ کنوار گندل سے کھرل کریں اور گولیاں دانہ ماش برابر بنا دیں۔ ایک عدد بعد غذا دیں۔ غذا مرغن دیں۔ یہ گولیاں دافع فالج امراض اعصاب دونوں کولا جواب ہیں۔ بڑے حکما کی مجرب ہیں۔

## (۱۷۸) روغن ہفت برگ

برگ مدار۔ برگ بکائن۔ برگ بیدانجیر۔ برگ سنبھالو۔ برگ سہانجنہ۔ برگ زقوم۔ ۵۔۵ تولہ کو پانی میں جوش دیں اور آدھارہ جانے پر پن کر ایک سیر تیل میٹھا ملا کر مالش بنا لیں کہ پانی جل جائے اور تیل رہ جائے۔

**فوائد :** یہ تیل امراض رعشہ، فالج ہر قسم کے اعصابی امراض میں مفید و مجرب ہے۔

## (۱۷۹) رسالہ اجملی

ایک پرچہ رسالہ ''اجملی'' نکلا کرتا تھا انہوں نے اپنے مجربات میں یہ نسخہ لکھا ہے یہ بھی یاد کرلیں۔

**ھوالشافی :** لونگ ۲۰ ماشہ۔ بالچھڑ ۱۰ ماشہ۔ اسطوخودوس ۱۰ ماشہ۔ دارچینی ۷ ماشہ۔ پودینہ ۷ ماشہ۔ ہلیلہ کابلی ۷ ماشہ۔ ہینگ ۴ ماشہ۔ غاریقون ۴ ماشہ۔ تربد سفید ۴ ماشہ۔ جند بیدستر ۴ ماشہ۔ عاقرقرحا ۳ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ سم الفار سفید ۲ رتی ہمراہ شہد گولیاں ایک ایک رتی بنا دیں بعد از غذا ۲۔۲ گولیاں ہمراہ مناسب بدرقہ دہلی کے حکما کے مجربات میں سے ہے۔

اگر تنقیہ کرنا ہو تو مرگی والا منضج دے کر مسہل دیں مریض کے تمام جسم کے افعال کو دیکھیں قبض ہو تو دور کریں کمی خون ہو تو اس کا علاج کریں۔ پیٹ میں کیڑے ہوں تو علاج کریں عورت کے رحم کے امراض ہوں تو نو دن تک صبح کو دیں۔ پرانے رعشہ میں مفید ہیں۔

متقدمین نے جند بیدستر ایک ماشہ ہمراہ ماء العسل مجرب لکھا ہے۔ اس کے علاوہ معجون سیر۔ معجون اذاراقی۔ معجون فلاسفہ۔ معجون یوگراج گوگل کھلانا بھی مجرب ہے۔ یہ نسخہ بھی مجرب ہے۔

## (۱۸۵) عقرقرحا

سم الفار ایک چاول۔ عقرقرحا ایک تولہ باریک کر کے بنالیں۔ ایک ایک رتی کی پڑیاں بنا کر ایک پڑی ہمراہ سونف رومی۔ عقرقرحا۔ دارچینی ۳۔۳ ماشہ۔ پانی ۱۵ تولہ میں جوش کر شہد خالص ۲ تولہ ملا کر پلائیں اس سے ہر قسم کا رعشہ دور ہو جاتا ہے۔ پرانے حکما کا مجرب ہے۔ سرد اور بلغمی اشیا سے پرہیز رکھیں اور قبض نہ ہونے دیں آپ کسی ایک نسخہ کو سمجھ کر دیں گے تو ضرور کامیاب ہوں گے۔

۷۰۸/۷

## (۱۸۶) اکسیر رعشہ

یہ ایک بہت بڑے حکیم صاحب کا مجرب ہے۔

**ھوالشافی:** سم الفار سفید۔ شنگرف رومی ایک ایک تولہ۔ لونگ۔ زعفران ۶۔۶ ماشہ۔ باریک کر کے کھرل میں رکھیں اور مغز بادام مقشر ۱۶ عدد ملا کر کھرل کریں۔ لیکن ۱۰ گھنٹہ تک متواتر کھرل کریں کہ اس میں وقفہ نہ ہو یہ اس کے تیار کرنے کا راز ہے کہ اس طرح حرارت زیادہ جمع ہو جاتی ہے تیار ہے۔

**خوراك:** ایک چاول ملائی یا حلوہ میں رکھ کر کھلائیں۔

**فوائد:** رعشہ، فالج، لقوہ، تشنج کمزوری عامہ۔ حذر۔ کزاز تمام ریحی امراض باردہ کو لاجواب ہے۔ اس کے علاوہ حد درجہ کا مقوی باہ بھی ہے میں کہتا ہوں اس کو تیار کر کے اپنے پاکٹ میں رکھیں ضرورت پر آپ کو کام دے گا۔ مرض ملیریا میں ایک خوراک روزانہ دیں۔ بلغمی دمہ میں ایک خوراک روزانہ دیں اس سے عام کمزوری اعصاب دور ہو گی۔ مریض راحت معلوم کرے گا سردی نہ لگے گی پرانا نزلہ وزکام دور ہو گا بوڑھوں کو عصا کا کام دے گا۔ معجون فلاسفہ میں رکھ کر کھلانا امراض باردہ کو لاجواب ہو گا۔ پٹھوں کو طاقت دے گا۔ جو دو خوراک کھالے گا آپ کا گاہک بن جائے گا گردہ مثانہ کو طاقت دے گا از سر نو شباب کو قائم کر دے گا۔ انشاء اللہ کایا پلٹ ہو گا۔

❀❀❀

# تشنج

یہ ایک ایسا مرض ہے جس میں آدمی بے ہوش ہو جاتا ہے آنکھوں کے ڈھیلے اوپر چڑھ جاتے ہیں ہاتھ پاؤں اکڑ جاتے ہیں۔ جب یہ گردن اور کمر کے عضلات میں ہوتا ہے تو اس کو کزاز کہتے ہیں۔ تحقیقات جدید کے مطابق تشنج کوئی مرض نہیں بلکہ بعض امراض کی علامت ہے اور طرق کے طور پر ہوتا ہے۔ مثلاً خناق' ذات الجنب۔ بچوں میں دانت نکالنا۔ قبض شکم' بدہضمی ہیضہ' بخار مرگی یا عورتوں میں ہسٹریا دودھ کا پستان میں جم جانا' زہر خوردہ اشخاص میں زہر کے پورا اثر ہو جانے یا زہریلے جانوروں کے کاٹنے کے بعد زہر کا اکثر کر جانے کی علامت میں سے ایک علامت ہے یا شدید سردی لگنا یا ترش اشیا کا کثرت سے کھانا جوان عورتوں میں کمی حیض یا بندش حیض' ایام حمل' مردوں میں جلق اور کثرت جماع' غصہ' غم' بعض دماغی امراض مثلاً دماغ پر چوٹ لگنا دماغ میں خون کی کمی یا زیادتی دماغ کے پردوں کی سوزش وغیرہ وغیرہ اس کے اسباب ہوتے ہیں یا سنگ مثانہ' ڈر جانا' ملیریا بھی اس کا سبب ہوتا ہے۔ چہرہ سرخ بعد میں نیلا ہو جاتا ہے۔ گردن میں درد ہوتی کسی طرف مڑ نہیں سکتی آنکھوں سے آنسو بھی جاری ہو جاتے ہیں۔

**علاج:** دورہ کے وقت مریض کو سیدھا لٹا دیں اور سر کو قدرے اونچا کریں۔ گردن اور سینہ کے کپڑوں کو ڈھیلا کر دیں اعضا متشنج پر کسی گرم روغن کی مالش کریں۔ نوشادر ۳ ماشہ۔ چونہ ایک تولہ پانی میں ملا کر مریض کو سونگھا دیں۔ پیشاب بند ہو سلائی سے نکال دیں۔ قبض ہو تو خفیف مسہل یا حقنہ سے قبض کشائی کریں۔ ضرورت شدید پر پاشویہ کریں یا پنڈلیوں پر رائی کا پلستر لگا دیں روغن کٹھ کی مالش کریں یا ذیل کی مالش کریں۔

**(۱۸۲) مالش:۱**

روغن کٹھ۔ روغن بابونہ۔ روغن گل ملا کر مالش کریں اس سے تشنج دور ہوگا۔

## (۱۸۳) مالش: ۲

بابونہ مثل سرمہ کریں اور روغن گل۔ روغن تارپین۔ موم سفید۔ ۵۔۵ تولہ۔ روغن گل کو گرم کریں اس میں موم چھوڑ دیں پگھل جانے پر اتار کر روغن تارپین ملالیں اور بابونہ سحوقہ ملا کر قیروطی بنالیں اس کی مالش کریں۔

ایک صاحب نے کہا تھا کہ اس مالش سے تشنج۔ تمدد اور نمونیہ دور ہو جاتے ہیں۔ ایک بزرگ کا فرمان ہے کہ روغن گل۔ روغن بابونہ۔ موم خالص ۵۔۵ تولہ ملا کر قیروطی بنالیں تو یہ مالش سرد امراض سینہ یا پٹھوں پر کرنا اکسیر ہے۔ رفع قبض کے لیے قرص ملین یا اطریفل زمانی ہفتہ میں دو بار دیں اگر بلغمی رطوبات سے ہو تو منضج پلا کر مسہل دیں اور مسہلوں سے فارغ ہونے کے بعد یہ گولیاں دیں۔

**ھوالشافی:** عاقر قرحا۔ ہینگ۔ جاؤشیر۔ کٹھ شیریں ۳۔۳ ماشہ۔ جند بیدستر ڈیڑھ ماشہ۔ مرچ سیاہ ڈیڑھ ماشہ۔ ہمراہ شہد گولیاں مرچ سیاہ کے برابر بنا کر ۳۔۳ عدد کھلانا مفید ہیں۔ ٹھنڈی ہوا غذا سے پرہیز کریں۔ بادی اور ثقیل اشیا نہ کھائیں انشاء اللہ تشنج دور ہو گا۔

## (۱۸۴) لیپ لاجواب

السی ایک تولہ۔ میتھرے۔ تل ٦۔٦ ماشہ۔ باریک کر کے تیل میٹھا ملا کر ضماد بنا کر گردن پر لیپ کریں اس سے کزاز دور ہو گا۔ کزاز کے مریض کو کسی جگہ زخم ہو گا اس کا علاج بھی کریں۔

حب لاجواب ایک صاحب نے کزاز کے لیے اپنا مجرب نسخہ رسالہ لقمان ۱۹۵۲ء میں شائع کر دیا تھا وہ یہ ہے صاحب نسخہ اس کو کزاز جس میں جسم اکڑ کر کمان کی طرح ہو جاتا ہے مجرب کہتے ہیں۔

## (۱۸۵) زعفران

**ھوالشافی:** سم الفار سفید۔ افیون۔ زعفران ایک ایک تولہ لے کر عرق پیاز تیس تولہ میں کھرل کریں کہ نغدہ بن جائے تو ایک بڑے پیاز میں رکھ کر گل حکمت کر کے بھوبھل میں دبا دیں۔ چار پانچ گھنٹہ کے بعد نکال کر باجرہ کے برابر گولیاں بنا دیں۔ بڑے آدمی کو ایک سے ۲ گولی حسب برداشت عرق پیاز یا شہد سے دیں۔ کزاز کے لیے مجرب ہے اس کے علاوہ وجع

المفاصل۔ وجع الصدر۔ ذات الجنب اور امراض باردہ کے لیے لاجواب نیز مقوی باہ بھی ہیں۔

## (۱۸۶) حکایت

ایک شخص کو کزاز ہو گیا اس کو ہسپتال میں داخل کرایا گیا بہت کوشش کرنے سے زیادہ تکلیف تو ہٹ گئی لیکن کھچاؤ مکمل ختم نہ ہوا ہسپتال والوں نے اس کو خارج کر دیا ایک یونانی حکیم ان کا رشتہ دار تھا اور میرا بھی دوست تھا اس کو بتایا اس نے کہا کہ اس کو تین چار بوتل ماء العسل پلاؤ تین بوتل پلانے سے کھچاؤ درست ہو گیا۔ ماء العسل: ایک پاؤ شہد کو ایک بوتل عرق گاؤزبان یا سونف میں ملا کر جوشا کر پن لیں دو دن میں ایک بوتل ختم کریں اسی طرح کیا گیا اور وہ مریض ٹھیک ہو گیا۔

## (۱۸۷) جند بیدستر

فاضل جالینوس اور دوسرے پرانے حکما کا فرمان ہے کہ جند بیدستر تشنج کی لاجواب دوا ہے۔ خواہ کھائی جائے یا تیل میں ملا کر مالش کی جائے اور علامہ طبری صاحب فردوس الحکمت نے کزاز میں ہینگ خالص بقدر نخود شہد میں ملا کر کھلانا مجرب لکھا ہے اسی طرح جند بیدستر بھی مجرب ہے کزاز میں تریاقی ادویہ سے بھی کام لیا جاتا ہے۔ چنانچہ جدوار۔ درونج عقربی۔ کچور۔ فلفل سیاہ۔ مساوی الوزن کا سفوف کر کے ۴۔۴ رتی ہمراہ شربت شہد سے کھلانا یا گوگل ایک لاکھ چوٹ خوردہ کھلانا دافع کزاز ہیں اس سے زہریلے مادے جو کہ پٹھوں سے مل کر خراب کرتے ہیں وہ دور ہو جاتے ہیں تو کزاز دور ہو جاتا ہے۔ اور جدوار۔ عنبر۔ مروارید ناسفتہ مساوی الوزن باریک کر کے گولی بقدر فلفل سیاہ بنانا اور کھلانا امراض قلب اور دافع کزاز ہیں۔ یہ بڑے بڑے حکما کے مشورے ہیں۔

## (۱۸۸) اکسیر کزاز

ہینگ خالص پونے دو ماشہ۔ فلفل سیاہ پونے ۲ ماشہ دونوں کو ملا کر پہلے کھلائیں اوپر سے عرق سونف ۱۰ تولہ میں شہد خالص ۲ تولہ جوش دے کر پلا دیں تو بقول پرانے حکما اور حافظ جلیل احمد انصاری کزاز فوراً دور ہو گا اور اسی طرح شیخ اور دوسرے حکما کا فرمان ہے کہ اگر تشنج امتلائی میں بخار پیدا کر دیا جائے تو تشنج فوراً دور ہو جاتا ہے ان ادویہ میں سے ہینگ اور جند بیدستر

ہموزن لے کر شہد سے گولی بقدر جائفل بنا کر کھلائی جائے تو تشنج فوراً رفع ہو جاتا ہے۔ تشنج کو دور کرنے میں انگریزی ادویہ میں سے برومائیڈ کا استعمال مفید کہا۔ آپ اس کی جگہ چھوٹی چندن کا سفوف استعمال کریں تو تشنج دور ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

## (۱۸۹) حکیم دلبر حسین

حکیم دلبر حسین بھٹی ایک مشہور شاہی حکیم کے فرزند ارجمند تھے انہوں نے اس نسخہ کو مجرب کہا ہے اور خاندان کا کئی بار مجرب کہا ہے۔

**ھوالشافی :** سم الفار۔ مصطگی رومی ا۔ا تولہ۔ لونگ۔ گل دار کتھ سفید ۲۔۲ تولہ۔ آب لیموں کاغذی سو عدد۔ شنگرف رومی ٦ ماشہ۔ ڈنڈا نیم جس کے نیچے تانبہ کا پیسہ لگایا گیا ہو رگڑیں کہ تمام آب لیموں ختم ہو جائے اور گولیاں بنانے کے لائق ہو جائے تو موٹھ کے برابر گولیاں بنالیں۔

**خوراک :** ایک عدد صبح و شام بعد از غذا ہمراہ دودھ گائے سے دیں غذا مرغن ہو۔

**فوائد:** یہ گولیاں صاحب نسخہ کے ارشاد کے مطابق تشنج کزاز، خذر، رعشہ، لقوہ، فالج، ضعف اعصاب، ضعف باہ، درد کمر، کو لاجواب ہیں۔

## حکایت

میرے علاج کے دوران ایک عورت کو زچگی کے بعد تشنج ہو گیا میں نے مگنیشیا فاس ٦ ایکس دوائی بایو کیمک گھنٹہ گھنٹہ کے بعد کھانے کی ہدایت کی فوراً تشنج دور ہو گیا اسی طرح کئی بچوں کو تشنج ہوا تو صرف چار خوراک سے ہی دور ہو جاتا ہے۔ ایک خاندانی حکیم لکھتے ہیں کہ اگر کزاز غدد کی خشکی سے ہو جس کی نشانی یہ ہے کہ جسم پر کوئی روغن ملا جائے تو فوراً جذب ہو جائے تو یہ قیروطی تیار کر کے مالش کیا کریں اس سے سخت کھچاوٹ نرم ہو کر اعضا ٹھیک ہو جائیں گے انشاء اللہ۔

## (۱۹۰)

**ھوالشافی :** روغن گل۔ روغن بابونہ۔ روغن ناریل۔ روغن بنفشہ۔ روغن گائے۔ روغن السی۔ چربی بکرا۔ چربی مرغ۔ روغن بادام۔ روغن مغز تخم کدو مساوی ملا کر قیروطی بنالیں۔ اس

کو مالش کریں پہلے اس اعضاء پر گرم پانی کا نطول کریں پھر اس قیروطی کی مالش کریں اس سے خشک اعضاء نرم ہو کر چل پڑیں گے۔ انشاء اللہ۔ حکیم صابر ملتانی رحمۃ اللہ علیہ جو کہ پہلے ڈاکٹر تھے لیکن انگریزی علاج سے تسلی نہ ہوئی تو موجد طب جدید حکیم احمد دین شاہدروی کی خدمت میں حاضر ہو کر طب جدید شاہدروی میں شامل ہو گئے بلکہ رسالہ کے ایڈیٹر بن گئے اس کے بعد مفرد اعضا کی بنیاد رکھی اور قریباً اٹھارہ کتب آپ نے نظریہ پر لکھیں۔ میں کئی بار ان سے ملا ان کی وفات کے بعد ان کے شاگردوں اور ساتھیوں سے ملتا رہتا ہوں ان کا اس مرض تشنج اور کزاز کا مجرب نسخہ حاضر ہے جو کہ انہوں نے تریاق کزاز و تشنج کے نام سے پیش کیا ہے۔

## (۱۹۱) تریاق کزاز و تشنج

**ھوالشافی :** جائفل ایک تولہ۔ جاوتری ایک تولہ۔ مگھاں ۲ تولہ۔ عاقر قرحا ایک تولہ۔ ہینگ ۳ تولہ۔ سنبل الطیب ۲ تولہ۔ آب تھوم ۱۰ تولہ۔ میں رگڑ کر رکھیں یا نخودی گولیاں بنا لیں۔

**خوراك :** ایک ماشہ سے ۲ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ پانی نیم گرم۔

**فوائد:** عضلاتی غدی ہے ہر قسم کے کزاز و تشنج میں تریاق کا حکم رکھتا ہے دورہ فوراً رک جاتا ہے اس کے علاوہ مرگی اختناق الرحم، ڈبہ اطفال، تبخیر معدہ، ریاح شکم بوجہ رطوبات کے لیے مجرب ہے۔ ناظرین میں نے آپ کے سامنے تشنج، کزاز کے اور فالج، لقوہ، رعشہ وغیرہ امراض کے بیش قیمت نسخے لکھ دیے ہیں آگے فائدہ اٹھانا آپ کا کام ہے۔ اب میں چار نسخے اور لکھتا ہوں جو کہ میرے کئی بار کے مجرب ہیں وہ بھی آپ کو کام دیں گے۔

## (۱۹۲) دوائے گرم

یہ نسخہ دوائے گرم کے نام سے ایک خاندان میں صدیوں سے مشہور چلا آتا تھا وہ کسی کو بتاتے نہ تھے آخر کسی طرح ایک حکیم صاحب نے حاصل کر کے اپنی کتاب میں شائع کیا اور لوگوں تک پہنچ گیا۔ نسخہ واقعی لاجواب و مجرب ہے عارضی سردی ہو پٹھوں کی سردی ہو حرارت غریزی کم ہو جائے یا اور کسی وجہ سے سردی ہو جائے تو یہ دوا مفید ثابت ہوتی ہے۔ میں نے خود اس کو تیار کر کے فائدہ اٹھایا ہے۔

**ھوالشافی :** عاقر قرحا۔ لونگ۔ جائفل۔ جاوتری۔ دارچینی۔ مگھاں۔ سنڈھ ۱۵۔ ۱۵ ماشہ۔ زعفران ٦ ماشہ۔ کستوری ۲ رتی۔ مویز منقیٰ ۱۰ تولہ۔ کچلہ سوختہ ۸ عدد۔ تمام ادویہ کو باریک

کر کے رکھیں کچلوں کو کوزہ میں رکھ کر دو سیر کی آگ دیں اور نکال کر تمام ادویہ ملا کر لوہے کے ہاون دستہ میں چار گھنٹہ تک کوٹ کر رکھیں۔

**خوراک:** ڈیڑھ ماشہ ہمراہ چائے اور بے ہوش مریض کو نسوار بھی دے دیں ایک خوراک سے فائدہ نہ ہو تو دوسری خوراک دے دیں میں کچلوں کو سوختہ کر کے جلا کر نہیں ڈالتا بلکہ ۳ ماشہ کچلہ مدبر ڈال کر بناتا ہوں۔ میں کہتا ہوں کہ فالج لقوہ اور کمزوری باہ میں اور پرسوتک کے بخار میں ایک ایک ماشہ کھلانا لاجواب ہے۔ میں نے اس کو کئی بار تیار کیا ہے۔ لاجواب ہے۔

## (۱۹۳) دوائے مسک ہندی

اس کو لال گھاسا اور دوائے مسک ہندی بھی کہتے ہیں جو کہ قلیل خوراک اور کثیر النفع ہے بڑی بڑی مقویات یاقوتیاں اور اس کے سامنے ہیچ ہیں اس کو صندوقچے میں رکھیں میرے ہم عصر دو تین حکیم اور میں خود بھی اس کا مداح ہوں۔

**هوالشافی:** شنگرف منقی۔ میٹھا تیلیہ مدبر۔ زعفران کشمیری۔ لونگ۔ مرچ کالی۔ مگھاں۔ دارچینی۔ ساذج ہندی۔ پپلا مول۔ شیطرج ہندی۔ چوب چینی۔ عاقر قرحا۔ جائفل ۶-۶ ماشہ۔ زنجبیل ۶ ماشہ۔ شنگرف کو پہلے آب ادرک میں کھرل کریں میٹھا تیلیہ کو مدبر کریں اور تمام ادویہ کو باریک کھرل کریں کہ مثل سرمہ بن جائے۔

**خوراک:** ایک رتی شہد میں ملا کر چٹائیں۔

**فوائد:** قلب اور دماغ کو فوراً قوت بخشتی ہے تحریک قلب۔ تجدید قوت اور حرارت غریزی کے لیے جواہر مہرہ سے زیادہ پر اثر ہے۔ تمام بلغمی اور سرد امراض کو فائدہ دیتی ہے۔ طبیعت کو جلد بحال کر دیتی ہے۔ لائق طبیب وقت پر مناسب بدرقوں سے استعمال کر کے نفع اٹھاتے ہیں۔ مثلاً نمونیہ کا مریض ہو یا بلغمی بخار کا مریض ہو یا کمزوری ہو اس سے ایک ایک خوراک صبح شام کھلانے سے کمزوری دور ہو گی میں نے اس کو تیار کر کے مفید پایا ہے۔

## (۱۹۴) جوارش مفرح

اس کا نام جوارش مفرح ہے کہتے ہیں کہ یہ بھی قرابادینی نسخہ ہے لیکن مجھ کو کسی قرابادین میں نہیں ملا میں تو اس کا سہرہ حکیم احمد دین موجد طب جدید شاہدروی کے سر پر باندھتا ہوں جن کی وجہ سے یہ نسخہ ملا ہے۔ اس کا ذکر آگے بھی آئے گا۔

**ھوالشافی:** سنڈھ ایک تولہ۔ ساذج ہندی ایک ماشہ۔ دارچینی ٦ ماشہ۔ لونگ ایک تولہ۔ سنبل الطیب ٦ ماشہ۔ جائفل صاف ٦ ماشہ۔ درونج عقربی ٢ تولہ۔ ورق سونا دو رتی۔ ورق چاندی ایک ماشہ۔ کستوری خالص ٣ رتی۔ شہد سہ چند خوراک ٣ ماشہ سے ٦ ماشہ تک یونہی منہ میں ڈال لیں یا چائے یا دودھ سے یا اس کا قہوہ بنا کر یا قہوہ میں گھول کر پئیں تندرست اشخاص شوقیہ کھائیں۔ جز پان ٦ ماشہ۔

**فوائد:** اس کا ذائقہ بھی نہایت خوش گوار ہے کسی زہر کے کھانے سے یا کسی زہردار جانور کے کاٹنے سے یا کسی دیگر مرض کی وجہ سے جب انسان کی طاقتیں کمزور ہو جائیں حواس کند ہو جائیں اعصاب میں سستی اور دماغ میں غنودگی ہو۔ دل گھٹتا ہو۔ ہاتھ پاؤں سرد ہوتے ہوں۔ بے حسی بڑھ رہی ہو غرضیکہ جب کسی شخص کی دماغی اور قلبی طاقت میں فتور آ جائے اور کوئی عارضہ لاحق ہو جائے تو اس دوا کا وقت ہوتا ہے یہ فوراً حرارت غریزی کو ترقی دے کر انسان کو چست وقوی اور توانا بنا دیتی ہے۔ بحالت صحت اس کے استعمال سے دل و دماغ روشن ہوتے ہیں۔ حافظہ قوی، عقل تیز اور ذہن درست ہوتا ہے بدن میں طاقت آتی ہے قوت باہ بڑھ جاتی ہے قوت ہضم تیز ہو جاتی ہے۔ اعصاب قوی اور دماغ روشن ہونے سے نسیان، فالج، لقوہ قدر جموذ رعشہ وغیرہ امراض رفع ہو جاتے ہیں۔ وسواس، جنون، وحشت وغیرہ میں بہت نافع ہے۔ مقوی معدہ ہونے سے ہر قسم کی شکایت معدہ میں مفید ہے۔ قعر یا فم معدہ میں درد ہو نفخ ہو ریاح غلیظہ ہوں۔ ترش ڈکار آتے ہوں منہ سے پانی اور لعاب جاری ہو۔ منہ سے بدبو آئے زبان کا ذائقہ خراب ہو گیا ہو معدہ وجگر وطحال میں صلابت رہتی ہو غیثان تے یا ہچکی ہو آلات غذا میں رطوبات غلیظہ پیدا ہوتے ہوں۔ سب کو دور کر کے اعضاء مذکورہ میں تیزی لاتی اور قوی کر دیتی ہے آلات تنفس پر عمدہ اور موثر ہونے کی وجہ سے رطوبات حلق و ریہ کو دور کرتی اور آواز کو صاف کر دیتی ہے بلغم کو تحلیل کر کے حجرہ حلق اور پھیپھڑوں کو تمام آلائش سے پاک و صاف کرتی ہے تمام امراض بلغمی مثلاً نزلہ زکام سعال کہنہ مزمنہ، ضیق النفس، ذبہ وغیرہ سب میں مستعمل ہے۔ مقوی اعضائے مخصوصہ مردانہ وزنانہ ہے۔ مقوی باہ ورحم ہے حیض کی کمی بے قاعدگی رحم کی کمزوری نفخ رحم اختناق رحم وغیرہ میں خاص طور پر مفید وموثر ہے اس سے حیض باقاعدہ ہو جاتا ہے اور رحم قابل حمل ہو جاتا ہے دماغی اور جسمانی ورزش کے بعد اور غم فکر میں اس کا استعمال طبیعت کو ہشاش بشاش اور خوش وخرم کرتا ہے۔ ہارٹ فیل ہونے سے بچاتی ہے

یا جس گھر میں ہارٹ فیل ہونے کا مرض ہو اس گھر کے دوسرے افراد کو کھلانا مجرب ہے اس سے انسان کے جسم میں ایسی طاقت آ جاتی ہے کہ عام امراض کو قبول کرنے سے بچاتی ہے۔ امتحان میں فیل ہونے والے بچوں کو کھلائیں تو پاس ہوں گے جن کا قد نہ بڑھتا ہو ان کے کھلانے سے قد بڑھ جاتا ہے جن بچوں کو ڈبہ نہ چھوڑتا ہو یا میعادی بخار کے بعد یا عام مرضوں کے بعد کمزوری ہو اس کے استعمال کرنے سے تمام کمزوریاں دور ہو جاتی ہیں۔ جماع کے بعد کھانے سے فوراً طاقت عود آتی ہے۔ مرض ہیضہ میں جب تمام جسم سرد مثل برف کے ہو تو کھلائیں فوراً جسم گرم ہو کر اسہال بھی بند ہو جائیں گے۔ غرضیکہ تمام حالات کمزوری میں مجرب ہے اور تمام عمر کا معمول ہے۔

۱۷-۱-۱۷

## (۱۹۵) نسخہ نمبر ۴: سرمائی غذا

اب ایک دوائے غذائی بیان کرتا ہوں جو کہ ایک حکیم صاحب نے مجھ کو بتائی اور کھانے کو کہا اور خود بھی کھاتے تھے اور فرماتے تھے کہ یہ اعصاب کو طاقت دیتی ہے اور موسم سرما میں چار ماہ کھانا کمزوروں اور بوڑھوں کو مفید ہے۔

**ھوالشافی :** مغز بادام۔ مغز ناریل۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مویز منقیٰ۔ انجیر زرد۔ دارچینی ۵۔۵ تولہ جبکہ گڑ اس تمام کے مساوی کوٹ کر رکھیں میں نے بھی اس کو بنایا اور مفید پایا اور دوسری ملاقات میں میں نے کہا کہ حضرت صاحب آج کل گڑ میں سوڈے وغیرہ پڑتے ہیں لہٰذا کیا کریں تو آپ نے فرمایا کہ آپ کی بات ٹھیک ہے کھجوریں گٹھلی نکال کر وزن کے برابر ڈال لیں پھر میں نے کہا کہ تل اور مغز اخروٹ بھی ۵۔۵ تولہ ملا کر بنا دیں تو فرمایا بالکل ٹھیک ہے اور میں نے کہا اس میں دارچینی ہے وہ قبض کرتی ہے تو آپ نے فرمایا کہ جن ادویہ میں مصمر ہے ان سے قبض کشائی کریں۔ مثلاً حب تنکار، حب ایارج یا ایارج فیقرا۔ اس ادویہ سے کمزوری دور ہو گی بوڑھوں کے لیے عصا پیری ہے اور اعصابی امراض مثلاً فالج لقوہ۔ استرخا میں بطور دوائے غذائی کے کھلائی جا سکتی ہے۔ وہ حکیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ حضرت محمد عظیم قاسمی جو کہ طبیہ کالج کے فاضل بھی تھے اور آج کل نظریہ مفرد اعضا کے عامل تھے۔ لاہور جیسے بڑے شہر میں کامیاب علاج کیے۔

# کان کے امراض

## کانوں میں میل جمع ہونا

کان کی خارش اور پھنسیاں۔ کان درد۔ کان بہنا۔ کان بجنا۔ بہرا پن۔ کان میں کیڑے پڑ جانا تمام امراض کا علاج انشاء اللہ لکھا جائے گا۔

کان درد میں پھنسی پیدا ہو رہی ہوتی ہے یا سردی سے ہوتا ہے یا نزلہ و زکام سے ہوتا ہے تشخیص کر کے علاج کریں۔

## (۱۹۶) روغن درد کان

گھی گاؤ ایک تولہ۔ کافور ایک تولہ دونوں کو ملا کر آگ پر رکھیں جب کافور حل ہو جائے تو افیون ۴ رتی اس میں حل کر لیں۔ دو قطرہ ذرا نیم گرم کان میں ڈالیں کان درد فوراً رفع ہو گا۔ انشاء اللہ۔

## (۱۹۷) کالی مرچ

کان کو گرم پانی یا گرم دودھ کے بخارات دینے سے بھی درد بند ہو جاتی ہے پھنسی ہو تو گھی دیسی ۵ تولہ میں مرچ کالی ۶ ماشہ ڈال کر پکائیں یہ گھی نیم گرم کان میں ڈالیں اس سے بھی درد بھی بند ہو جائے گی پھنسی بھی پھٹ جائے گی زخم بھی درست ہو گا۔

## (۱۹۸) معجون عشبہ

کان میں پھنسیاں اور خارش ہو تو معجون عشبہ ۶ ماشہ رات کو کھلا دیں اور صبح کو اطریفل شاہترہ ۷ ماشہ ہمراہ عرق مصفی خون۔ شربت عناب سے میٹھا کر دیں اور اطریفل زمانی یا اطریفل ملین سے قبض کشائی کریں انشاء اللہ کان کی خارش اور پھنسیاں بھی دور ہوں گی۔

## (۱۹۹) روغن کمیلہ

پرسیاؤشاں۔ برگ آڑو۔ تخم مکو ۶۔ ۶ ماشہ۔ کمیلہ ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا ۲ رتی۔ ۵ تولہ

میٹھا تیل میں جلا کر پن کر رکھیں قدرے نیم گرم پھنسیوں پر لگا دیں اور کان میں بھی ٹپکا دیں۔

## (۲۰۰) روغن کان اکسیری

کافور ایک تولہ۔ ست اجوائن ایک تولہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ۔ ایک شیشی میں ڈال دیں جب تیل بن جائے تو اس میں بادام روغن۔ روغن کدو ہر ایک سوا دو تولہ ملا لیں۔ دو دو قطرہ کان میں ڈالیں ریم گوش کو بھی مفید ہے اور بہرہ پن میں بھی اکسیر ہے بہت بڑے حکیم کا تجربہ شدہ ہے۔

## (۲۰۱) کوڑی سوختہ

کان میں پیپ صاف کرنے کے لیے۔ سمندر جھاگ یا کوڑی سوختہ باریک کر کے ۲ رتی کان میں ڈال کر سرکہ چند قطرے ڈال دیں۔ اس سے ابال آئے گا اور روئی سے اندر باہر سے صاف کریں اس سے کان کی پیپ صاف ہو جائے گی دیسی ہائیڈروجن ہے۔

## (۲۰۲) بتی انزروت

اس کے بعد انزروت باریک کر کے شہد میں ملا کر بتی بنا کر رکھنا چند روز میں پیپ کو خشک کر دیتا ہے۔

## (۲۰۳) پھٹکڑی

اسی طرح پھٹکڑی سفید خام باریک کر کے شہد میں لت کر کے بتی بنا کر رکھنا بقول کامل صناعت اور پرانے حکما مجرب ہے اور فاضل جلیل انصاری لکھتے ہیں اس بتی پر انزروت باریک کردہ ملا کر رکھنا اور شہد میں قدرے آب نیم ملانا اور بتی بنانا میرا تمام عمر کا مجرب ہے اور بقول علامہ سویدی رسونت کا فتیلہ بنا کر کان میں رکھنا کان کے زخموں کو مجرب ہے یہ جالینوس اور دوسرے آٹھ دیگر حکما کا قول ہے۔

## (۲۰۴) پارہ اور گندھک

کجلی پارہ ایک حصہ گندھک آملہ سار سات حصہ ملا کر کھرل کریں کہ مثل سرمہ ہو جائے اس سے ایک ماشہ اور ایک تولہ تیل میٹھا یا تیل سرسوں میں ملا کر کان میں ٹپکانا سات سال کا

پرانا زخم کان درست ہو جاتا ہے یہ علامہ صابر ملتانی موجد طب نظریہ مفرد اعضاء کا قول ہے اور مجرب ہے۔

## (۲۰۵) آب چشم شفا

خرابی خون کو داد چنبل تک ۲ چاول سے مطابق چاول کے عمر کھلانا اندر کو دوا اسی اور مجرب ہے۔ مجفف قروح ہے۔ روغن اکسیری کان جو کہ مطب سلیمانی منڈی جہانیاں مولانا عبداللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مطب کا خاص نسخہ ہے اس کا نام انہوں نے فردوس گوش رکھا ہے کئی سالوں کا مجرب ہے۔ سپرٹ ایک تولہ۔ گلیسرین ایک تولہ۔ آب چشم شفا ساٹھ قطرے ملا لیں۔

**فوائد:** کانوں میں شائیں شائیں کان کی پھنسی پیپ پڑنا۔ کان درد کو مجرب ہے میں نے خود اس کا تجربہ کیا ہے آب چشم شفا۔ ست کافور یا عام کافور ۲ حصہ۔ ست پودینہ ایک حصہ۔ ست اجوائن ایک حصہ۔ روغن سونف ایک حصہ ملا لیں یہ ہی آب چشم شفا ہے۔ روغن ترب آب مولی ۱۰ تولہ۔ تیل میٹھا ۱۰ تولہ یہ پانی جل جائے اور تیل رہ جائے تو اس کو کان میں ٹپکانا درد گوش اور ریاح کو تبدیل کرتا ہے ثقل سماعت کو حکیم شریف خاں دہلوی کا مجرب ہے۔

## (۲۰۶) روغن برائے ثقل سماعت

گرانی کان ایک دن میں دور کرتا ہے۔ پرانے اطبا کا نسخہ ہے۔ میتھرے اور کلونجی ۱۰۔ ۱۰ تولہ لے کر باریک کر کے ایک سیر تیل میٹھا میں جلا لیں اور پن لیں اور کان میں ٹپکانا مفید ہے اور بھی اس کے کئی فائدے ہیں۔ جو شخص روغن بادام کے چند قطرے ہفتہ میں ایک بار ڈالتا رہے تو کان میں درد وغیرہ اور امراض کان سے محفوظ رہے گا اسی طرح روغن بنفشہ جو کان میں ڈالے گا تو میل کان خود بخود ڈھل جائے گی اسی طرح روغن سرسوں یا روغن گل کان میں ڈالنا مجرب ہے۔ کان میں کیڑے پڑ جائیں تو مصبر کو باریک کر کے پانی میں حل کر کے کان میں ڈالیں تو کیڑے زندہ یا مردہ ہو کر نکل جائیں گے روغن تارپین کے چند قطرے ٹپکانے سے کان کے کیڑے نکل جائیں گے۔ انشاء اللہ۔

## (۲۰۷) روغن مجرب

جو کہ مجھ کو ایک بہاول پوری حکیم صاحب سے ملا انہوں نے فرمایا کہ صابر صاحب کا

معمول ہے۔ بالکل اکسیر ہے میں ہر وقت مطب میں تیار رکھتا ہوں۔

**ھوالشافی :** روغن سرسوں تیس تولہ۔ روغن تارپین پندرہ تولہ۔ کافور ایک تولہ۔ ست پودینہ ایک تولہ۔ کاربالک ایسڈ ایک تولہ۔ رتن جوت حسب ضرورت تیل کو گرم کریں اس میں رتن جوت قدرے ملا کر ایک اُبال دے لیں کہ رنگ سرخ ہو جائے تو پن کر اس میں دوسری ادویہ اس طرح ملا لیں کہ روغن تارپین میں کافور ملا لیں اور ست پودینہ اور کاربالک ملا لیں تیل بن جانے پر تمام ملا لیں تیار ہے۔

**طریقہ استعمال :** ڈراپر بھر لیں کان کو روئی سے صاف کر کے دو قطرے صبح و شام ٹپکا دیں اور روئی سے بند کر دیں کان کے زخم۔ کان کے کیڑے بیرونی زخم اس سے چپڑ دیں لاجواب مجرب ہے۔ معمول مطب ہے۔

## (۲۰۸) روغن گوش

یہ پرانے حکما کا مجرب ہے قرابادین اکمل اعظم اور پرانی کتب میں اس کا بیان ہے اور ایک حکیم اس کو آزما کر مجرب کہتا ہے۔

**ھوالشافی :** تیل میٹھا ایک پاؤ۔ آملہ۔ برگ مہندی۔ ایک ایک تولہ۔ برگ نیم خشک ۴ ماشہ۔ مرچ کالی ۳ ماشہ۔ کمیلہ ۳ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۴ رتی۔ پہلے تیل کو گرم کریں پھر ادویہ ملا لیں ایک دو جوش آنے پر نیچے اتار لیں ابھی تیل گرم ہی ہو تو کمیلہ ڈال دیں اور اچھی طرح ہلا دیں بارہ گھنٹہ کے بعد چھان لیں حسب ضرورت دوا ذرا نیم گرم کان میں ڈالیں۔

**فوائد :** اس سے کان کی پھنسیاں اور کان بہنا دور ہو گا۔ انشاء اللہ پرانے حکما کا مجرب ہے اور دیسی ادویہ سے تیار ہوتا ہے۔

## (۲۰۹) پارہ

طب جدید شاہدروی نے کئی نسخے تیار کیے جس میں ایک یہ بھی ہے۔

**ھوالشافی :** پارہ ایک رتی کھانڈ ۱۰ تولہ ۱۲ گھنٹہ کھرل کریں۔

**مقدار خوراک :** ایک ایک رتی۔ کان بہنے کے لیے کھلانا کورس تین ہفتہ تین خوراک روزانہ کھلانا اور کان میں پھونکنا بھی مجرب ہے۔ کھانے سے کسی جگہ سے پیپ بہتی ہو رک جائے گی۔ انشاء اللہ۔

## (۲۱۰) تیل لاجواب

**ھوالشافی** : تیل میٹھا ۱۰ تولہ۔ برگ نیم سبز ایک تولہ۔ رتن جوت ا تولہ۔ چھلکا ریٹھا ایک تولہ۔ تینوں کو تیل میں پکالیں۔ اور پن کر رکھیں کان کو ہائیڈروجن سے صاف کر کے صبح و شام نیم گرم ٹپکا دیں انشاء اللہ کان بہنا رک جائے گا۔

## (۲۱۱)

کان میں اگر بھن بھن کی آوازیں آ رہی ہوں تو بلغم کی اصلاح کریں اور کشتہ مرجان ایک رتی کو معجون نانخواہ ۷ ماشہ میں رکھ کر صبح و شام کھلائیں۔ اور ذیل کا سفوف دیں۔

## (۲۱۲) سفوف

اجوائن دیسی۔ پودینہ۔ نوشادر۔ فلفل سیاہ۔ سنڈھ۔ الائچی خورد۔ نمک سیاہ ۵۔۵ تولہ باریک کر کے ۳۔۳ ماشہ بعد از غذا دیں۔ اطریفل کشنیزی ۷ ماشہ رات کو دیں۔ اطریفل ملین ہفتہ میں دو بار دیں روغن گل نیم گرم چند قطرے روزانہ دیں۔ کورس ایک ماہ کے استعمال سے آرام ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ کمزوری دماغ میں خمیرہ گاؤزبان جدوار عود صلیب والا کھانا مجرب ہے۔ از حکیم اجمل خان رحمۃ اللہ علیہ۔ کان کے امراض میں قبض کشائی' دافع درد ادویہ دینا ہاضمہ کی اصلاح کرنا اور خون کا صاف کرنا ضروری ہوتا ہے۔

## (۲۱۳) شربت

یہ شربت مجرب ہے۔

**ھوالشافی**: شاہترہ۔ چرائتہ۔ منڈی بوٹی۔ ہلیلہ سیاہ۔ صندل سرخ۔ عشبہ مغربی۔ برہم ڈنڈی۔ برادہ شیشم۔ ہر ایک ڈھائی ڈھائی تولہ۔ عناب چالیس دانے۔ پانی دو سیر میں بھگو کر ابال لیں ایک سیر رہ جائے تو پن کر کھانڈ ایک سیر ملا کر شربت بنالیں۔

**خوراک**: دو دو تولہ پانی ملا کر یہ سادہ شربت عرق مصفی خون میں ملا کر پلائیں۔

## (۲۱۴) عرق مصفی خون

**ھوالشافی** : عناب ایک پاؤ۔ منڈی بوٹی ایک پاؤ۔ شاہترہ ایک پاؤ عرق ۷ بوتل نکال

لیں۔ ۵ تولہ شربت عناب دو تولہ میں ملا کر پلائیں کان بہنا۔ کان کی پھنسیاں۔ آنکھوں کے کگرے اور آنکھوں پر بار بار پھنسیاں نکلنا سب دور ہو جائیں گے۔

## (۲۱۵) طب جدید شاہدرہ والوں کے دو مجرب تیل

آب دھتورہ ایک پاؤ میں تیل میٹھا ایک پاؤ ملا کر پکالیں کہ صرف تیل رہ جائے تو اس کو پن کر کان میں ٹپکانا۔ درد گوش۔ زخم گوش اور بہرہ پن کو مفید ہے۔

## (۲۱۶) دوسرا تیل

آب برگ مدار ۲ حصہ۔ تیل میٹھا ایک حصہ ملا کر پکائیں جب پانی جل جائے اور تیل رہ جائے تو اس کو نیم گرم کان میں ٹپکانا اس کے استعمال سے درد گوش۔ زخم گوش اور کان کے کیڑے دور ہو جاتے ہیں۔ دونوں تیل تمام عمر کے مجرب ہیں اور اعصابی امراض پر مالش کے لیے بھی دیے جاتے ہیں۔

## (۲۱۷) روغن بہرہ پن

۱۷.۱.۸

روغن تارپین ۲ تولہ۔ روغن سرسوں ۶ تولہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ۔ ست پودینہ تیل تارپین میں حل کر کے تیل سرسوں ملالیں تیار ہے۔ کان درد بہرہ پن اور اونچا سننا کے لیے نظریہ مفرد اعضا والوں کا مجرب ہے۔

## (۲۱۸) روغن گل

اگر کان خشکی سے بھرے ہوں یا مختلف آوازیں آتی ہوں تو روغن گل۔ روغن بادام۔ روغن خشخاش ملا کر سر پر نیم گرم ملیں اور روغن لبوب سبعہ کان میں ڈالیں اور سر پر مالش کریں اگر کمی خون ہو تو کشتہ فولاد یا شربت فولاد پلا دیں۔ رات کو اطریفل کشنیزی ۷ ماشہ کھلائیں۔ گرم خشک گرم خشک اغذیہ سے پرہیز کریں۔ روغن کمیلہ کا تذکرہ بھی کانوں میں آتا ہے۔ ایک لیٹر تلوں کے تیل میں نیم کے خشک پتے ۳۰ گرام ڈال کر جلائیں اور اس کے بعد کمیلہ ۱۰۰ گرام ڈال کر فوراً تیل کو نتھار لیں اور اچھی طرح ہلائیں ٹھنڈا ہونے کے بعد پن لیں اور نیم گرم کان میں ڈالیں۔ درد اور ریم گوش کے علاوہ پھوڑے، پھنسیاں اور خارش پر بھی ملا جاتا ہے لاجواب مجرب ہے۔

## (۲۱۹) نانا جان

ایک حکیم کو میں ملنے گیا اور تبادلہ خیالات کے دوران نسخہ جات طلب کیے اس کے نانا جان اونچے درجے کے طبیب تھے۔ تو انہوں نے فرمایا کہ ابا جان اور نانا جان کا مجرب نسخہ حاضر ہے۔

**ھوالشافی :** آب پیاز۔ آب برگ دھتورہ۔ روغن کنجد۔ سرکہ ۸۔۸ تولہ۔ آب تھوم ۴ تولہ۔ قلعی دار برتن میں پکائیں کہ صرف تیل رہ جائے تو چھان کر فی تولہ روغن میں افیون ۶ رتی کافور ایک ماشہ باریک کر کے گرم حالت میں ملا لیں۔ ضرورت کے وقت قطرہ نیم گرم ڈالیں۔

**فوائد:** پھنسی، پیپ کا ورم اور زخم اور درد اس کے علاوہ کانوں میں شائیں شائیں کا حکمی علاج۔ مطب میں ہر وقت تیار رکھتے ہیں اور اگر یہ تیار نہ ہو تو یہ تیل جلد تیار ہونے والا ہے تیار کر کے ڈالیں۔

## (۲۲۰) گلیسرین

روغن بادام۔ شہد۔ گلیسرین۔ ٦۔٦ ماشہ۔ امرت دھارا دو ماشہ ملا لیں ضرورت کے وقت نیم گرم ڈالیں فوائد مذکورہ بالا۔

## (۲۲۱) افیون

کان میں درد کی حالت میں افیون قریباً ۴ رتی۔ روغن گل ڈھائی تولہ میں حل کر کے نیم گرم ڈالیں۔

## (۲۲۲) ٹنکچر اوپیم

کیسٹر آئل ولایتی ڈھائی تولہ میں ٹنکچر اوپیم ایک ڈرام ملا کر نیم گرم ڈالیں اس سے فوری درد بند ہوگی۔

V.1.N

## (۲۲۳) ایک لاجواب تیل

سپرٹ رکٹی فائیڈ۔ روغن زیتون ہموزن ملا لیں۔ دو قطرہ صبح و شام کان میں ٹپکا دیں

اور روئی سے بند کر دیں۔ پرانے سے پرانا کان بہنا دور ہوگا۔ حکیم اقبال حسن یزدانی لاہور جو لاہور میں ایک حکیم گذرے ہیں ان کا مجرب ہے آپ ایک پرچہ کے مالک بھی تھے میں ان سے بھی ملتا رہا اور فیض پاتا رہا۔

## نکات مطب

کان کے علاج میں ہوشیاری سے کام لیں۔ برشعشہ کھلائیں۔ دافع درد۔ دافع ورم۔ دافع سوزش ادویہ استعمال کریں۔ پچکاری نہ کریں کیونکہ کان کا پردہ زخمی ہوتا ہے اور پھٹ جاتا ہے لہٰذا روئی سے صاف کریں۔ قبض دور کریں اور اگر کان بہتا ہو یا پھنسیاں ہوں تو مصفیات دیں اگر زیادہ ہی خرابی ہو تو خلط کے مطابق منضج اور مسہل کریں۔ کمزوری دماغ میں مقوی دماغ۔ مثلاً کشتہ نقرہ۔ کشتہ مرجان۔ خمیرہ گاؤزبان عنبری میں رکھ کر دیں۔ زیادہ خشکی ہو تو حریرہ پلا دیں۔ اطریفل زمانی۔ اطریفل کشنیز۔ اطریفل اسطوخودوس۔ جوارش جالینوس۔ حب کبد نوشادری۔ خمیرہ گاؤزبان۔ جدوار عود صلیب والا۔ دوائے مسک سادہ یا ماء اللحم پلائیں۔ کان کے زیادہ ورم میں کانوں کے پیچھے جونکیں لگوائیں۔ گرم پانی یا دودھ کا بھپارہ دینا اور کان کی میل میں روغن بنفشہ یا روغن گل نیم گرم ڈالیں۔ اس میں میل خود حل ہو جائے گی اور روئی سے صاف کریں۔ کان میں تنکے نہ ڈالیں بلکہ روئی لگا کر ڈالیں اس طرح آپ تمام امراض کان کا علاج کر سکیں گے۔ شہد خالص اور روغن گل ملا کر کان میں ڈالنا زخم اور ورم کو دور کرتا ہے۔

# امراض ناک

نکسیر آنا ایک مشہور مرض ہے کہ ناک سے خون جاری ہو جاتا ہے یہ گرمی کے زمانہ میں زیادہ ہوتا ہے۔ بخاروں میں بحران کے دن آتا ہے لیکن اگر سیاہ رنگ کا ہو بند نہ کریں جب سرخ رنگ کا آنے لگ جائے تو بند کریں۔ کیونکہ اس سے کمزوری ہو جائے گی یہ بھی ایک مرض ہے جو کہ چودہ چودہ سال تک رہتی ہے۔

**علاج:** اگر گرمی سے ہو تو شربت صندل۔ شربت نیلوفر۔ شربت انار۔ شربت انجبار پلا دیں۔ لعاب بہی دانہ پانی میں نکال کر شربت نیلوفر ملا کر پلا دیں یا دونوں بازوؤں کو رسی سے باندھ دیں جس طرف نکسیر بہتی ہو تو دوسری طرف کا بازو اوپر اٹھا دیں۔ چند منٹ رکھنے سے نکسیر بند ہو گی۔ پھٹکڑی کھیل پانی میں حل کر کے اس کو ناک میں قطور کریں اس سے نکسیر رک جائے گی۔ سرد پانی کے چھینٹے ماریں سر اور ماتھے پر برف سے پٹی ٹھنڈی کر کے رکھیں گرم اغذیہ اور گرم ماحول سے پرہیز کریں۔

## (۲۲۴) دال چنا

رسالہ آب حیات جو کہ پاکستان سے پہلے نکلتا تھا اس میں ایک حکیم نے نسخہ شائع کرایا تھا کہ ایک دن کھانے سے ایک سال تک نکسیر نہ پھوٹے گی اس کا تجربہ کیا۔ نسخہ یہ تھا کہ دال چنا ۶ ماشہ رات کو گائے کے دودھ ۳ تولہ میں چھ ماشہ بھگو دیں۔ صبح کو اس کو باریک کر کے شکر سرخ ۶ ماشہ ملا کر چاٹ لیں اس کے چاٹنے سے نکسیر دور ہو گی اور جتنے دن چاٹے گا اتنے سال نکسیر نہ ہو گی۔ مثلاً اگر کوئی سات دن چاٹے تو سات سال تک نکسیر نہ بہے گی۔

## (۲۲۵) لاجواب تیل

میں نے اس کا تجربہ کیا ہے کہ روغن گل ناک میں روز سڑکتے رہیں اس سے سال ہا سال کی نکسیر دور ہو گی۔ اونٹ کے بال جلا کر اس کی نسوار لینے سے بھی نکسیر بند ہو جاتی ہے۔ کاغذ سوختہ کی نسوار لینے مین نکسیر کا خون بند ہو جاتا ہے۔ مازو۔ کتھ سفید۔ پھٹکڑی پھلہ۔

پھٹکڑی۔ کشنیز خشک۔ گیری مساوی الوزن باریک کر کے اس کی نسوار لینے سے نکسیر بند ہو جاتی ہے۔

## (۲۲۶) شربت دافع نکسیر

**ھوالشافی :** انجبار۔ شاہترہ۔ نیلوفر۔ عناب ۵۔۵ تولہ۔ کچل کر ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو کر جوشا دیں۔ پانی آدھا رہ جائے تو پن کر تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنا لیں۔ خوراک ڈھائی ڈھائی تولہ پانی میں ملا کر پلانا دافع نکسیر مزمن ہے۔ صاحب قرابادین مجددی اس کو سال ہا سال کا مجرب بیان کرتے ہیں۔

## (۲۲۷) کشتہ صدف مرواریدی

کشتہ صدف مرواریدی کو لعاب کنوار گندل میں آگ دے کر ایک ایک ماشہ کھلانا۔ یا سنگ جراح کو آب نیم میں کھرل کر کے آگ دیں ایک ایک ماشہ کھلانا بھی اندرونی خون آنے کو مجرب ہے۔

## (۲۲۸)

**ھوالشافی :** ایک تولہ اسپغول کو شربت نیلوفر ۵ تولہ اور عرق بید مشک یا عرق گاؤزبان ۵ تولہ سے روزانہ کھلانا۔ کورس چودہ روز نکسیر کو دور کرنے میں مجرب ہے۔ گل ملتانی اور آملہ کو باریک کر کے ماتھے پر لیپ کرنا دافع نکسیر ہے۔ اندر سے خون آنے کو روکنے کے لیے ایک عجیب چیز قدرت نے پیدا کی ہے اس کی نظیر نہیں ملتی تمام نئے اور پرانے طبیب اس پر متفق ہیں کہ یہ لاجواب ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ ایک خوراک سے ایک گھنٹہ میں خون بند ہو جاتا ہے۔ وہ کہربا شمعی ہے۔ اس میں اور ادویہ بطور امداد ملا کر سفوف بنا لیا جائے تو اندر سے کہیں بھی خون آتا ہو تو روک دیتا ہے۔ کہربا۔ گیری۔ سنگ جراح۔ دم الاخوین۔ طباشیر۔ الائچی خورد۔ بسد سوختہ مساوی الوزن باریک کر کے ایک ایک ماشہ کھلانا ہمراہ شربت مرکب۔

## (۲۲۹) شربت مرکب

**ھوالشافی :** حب آس ۹ تولہ۔ انجبار ۹ تولہ۔ صندل سفید ۳ تولہ۔ کھانڈ ایک سیر شربت بنائیں۔

خوراک: ۳-۳ تولہ صبح و شام ہمراہ پانی ۱۰-۱۰ تولہ ملا کر پلانا اندر سے ہر قسم کا خون آنے کو روکتا ہے نکسیر کے مریضوں کو دیکھا جائے تو ان میں گرمی کا اثر زیادہ ہوتا ہے اس لیے ادویہ سے خون بھی ٹھنڈا ہو جائے گا اور نکسیر بھی رک جائے گی۔

## (۲۳۰) نکات مطب

خون بہت زیادہ خارج ہو جانے سے کمزوری واقع ہو جاتی ہے اس کے بعد خون پیدا کرنے والی ادویہ کشتہ فولاد یا شربت فولاد دیں۔

**ترکیب تیاری:** تین پاؤ کھانڈ کا سادہ شربت تیار کر کے فیریٹ ایمونیا سائٹراس ڈیڑھ تولہ عرق گلاب ۵ تولہ میں حل کر کے شربت میں ملا لیں تیار ہے۔

**خوراک:** ایک ایک تولہ صبح دوپہر شام پانی میں ملا کر پلائیں اس سے کمی خون دور ہو جاتی ہے۔ انشاء اللہ۔ گھبراہٹ وغیرہ ہو تو مفرح بارد یا مفرح شیخ الرئیس ۵-۵ ماشہ بعد از غذا صبح و شام کھلایا کریں۔ اس سے دل کی کمزوری بھی رفع ہو گی۔ مریض کو تازہ مکھن چینی ڈال کر کھلانا اور دماغ کو تر رکھنا بھی مفید ہے۔

**غذا و پرہیز:** گرم خوراک۔ گرم ماحول آگ کے نزدیک کام کرنا۔ گرمی میں پھرنا۔ گوشت انڈے کریلے زیادہ کھانا۔ ترک کر دیں اور ٹھنڈی ترکاریاں کدو۔ ٹینڈا۔ دال مونگ وغیرہ کھلائیں اور بادام کی سردائی گھوٹ کر پلانا بھی مفید ہے۔

## (۲۳۱) ناک سے بدبو آنا

نزلہ زکام کا ناک میں جم کر ناک میں کیڑے بھی پڑ جاتے ہیں۔ نیم گرم پانی میں قدرے نمک حل کر کے صبح و شام اس رس سے ناک کو دھوئیں اور حلق میں غرارے کریں اس سے انشاء اللہ بدبو رفع ہو گی۔ روغن گل ناک میں سڑکتے رہیں۔ قدرے کافور بھی حل کر لیا کریں۔ اس سے ناک کی پھنسی کو بھی فائدہ ہو گا۔ روغن کدو۔ روغن چنبیلی کا سڑکنا بھی مفید ہے۔ یہ نسوار مجرب ہے۔

## (۲۳۲) برگ نیم

**ھوالشافی:** برگ نیم خشک ۵ ماشہ۔ نوشادر ۳ ماشہ۔ اسطوخودوس ۵ ماشہ۔ گل بنفشہ ۵

ماشہ۔ مرچ سیاہ ۳ ماشہ۔ باریک کر کے رکھیں اس کی نسوار دیں۔ خوراکی طور پر اطریفل کشنیز۔ اطریفل اسطوخودوس۔ اطریفل شاہترہ دیں اور اطریفل زمانی ہفتہ میں دو بار دیں۔

## (۲۳۳) روغن بادام

**ھوالشافی:** امرت دھارا ایک تولہ۔ روغن بادام ۵ تولہ میں ملالیں اس کا ایک ایک قطرہ صبح وشام ناک میں ٹپکانا ناک سے بدبو آنے کو مجرب ہے۔ نزلہ زکام کو بھی مفید ہے۔

## (۲۳۴) چوب چینی

چوب چینی اور عشبہ کا پاؤڈر ایک ایک ماشہ کھانا بھی لاجواب ہے۔ اگر مرض بہت ہی پرانی ہو تو منضج گل بنفشہ ۷ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۹ دانے۔ جڑ کاسنی ۷ ماشہ۔ جڑ سونف ۷ ماشہ۔ پرسیاؤشاں ۵ ماشہ۔ گاؤزبان ۵ ماشہ۔ ملٹھی ۷ ماشہ اسطوخودوس ۵ ماشہ۔ تخم خبازی ۷ ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملا کر پلا دیں۔ آٹھ دن کے بعد مسہل دیں اور حب ایارج سے تنقیہ کریں اس سے ضرور بالضرور دماغ صاف ہو کر بدبو بھی دور ہو گی۔ آتشک کے مریضوں کو بھی ناک میں بدبو پیدا ہو جاتی ہے تو شربت مصفی خون پلا کر مسہل دیں اور آتشک کے نسخوں میں شامل کر کے کھلائیں۔

## (۲۳۵) رسکپور

**ھوالشافی:** رس کپور۔ دار چکنا۔ سم الفار کا جوہر نکال کر ایک ایک چاول کیپسول میں بند کر کے کھلا دئیں۔ انشاء اللہ بدبو دور ہو گی یہ نسوار بھی مجرب ہے کہ

## (۲۳۶) نسوار

فلفل دراز عرق گلاب میں گھس کر قدرے روغن زیتون ملا کر ناک میں سڑکنا بقول شیخ الرئیس ناک کے فضلات تحلیل ہو کر ناک کی بدبو دور ہو گی۔ یا

## (۲۳۷) مرہم

مغز تخم کرنجوہ ۳ ماشہ۔ گھی گاؤ ایک تولہ میں باریک مثل مرہم کے بنا کر ناک میں سڑکنا بھی لاجواب ہے اور روغن بنفشہ کا سڑکنا دافع زخم و ورم ہے۔

## (۲۳۸) جوارش

یہ جوارش بھی لاجواب ہے۔

**ھوالشافی :** ترکٹہ ڈیڑھ تولہ۔ برگ ریحان۔ خشک پودینہ۔ بالچھڑ۔ لونگ۔ دار چینی۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ مصطگی۔ زرنباد۔ اسارون۔ ہر ایک پونے چار ماشہ۔ ناریل دریائی ڈیڑھ ماشہ۔ ناگ کیسر۔ زعفران ایک ایک ماشہ۔ کافور ۴ رتی۔ شہد سہ چند۔ خوراک ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۰ تولہ سے صبح وشام کھلائیں۔ ناک کی بدبو کو دور کرتی اور مقوی معدہ و ہاضم طعام میں لاجواب ہے۔

## (۲۳۹) ناک کے کیڑے

نزلہ زکام کے جم جانے سے ناک کو صاف نہ کرنے سے یا ناک کے اندر مکھی بیٹھ کر انڈے دے جانے سے پیدا ہو جاتے ہیں۔

**علاج:** نک چھکنی اور کلونجی باریک کر کے نسوار دینے سے کرم نکل جاتے ہیں۔

## (۲۴۰)

کھگھر بیل باریک کر کے نسوار لینا بھی دافع کرم ہے۔

## (۲۴۱) نیم

شیرہ برگ نیم۔ شیرہ برگ آک مساوی الوزن ملا کر ٹپکانا بھی مجرب ہے۔

## (۲۴۲) تارپین

آڑو یا نیم کے پتے جوش دے کر اس میں روغن تارپین ملا کر ناک میں پچکاری کرنے سے کیڑے نکل جائیں گے۔

## (۲۴۳) نسوار لاجواب

**ھوالشافی :** تمباکو زردہ ۶ ماشہ۔ نک چھکنی چھ ماشہ۔ سوئے کے پتے چھ ماشہ۔ تخم الائچی خورد ۲ ماشہ۔ قلمی شورہ۔ لونگ۔ جائفل ۲۔۲ ماشہ۔ کستوری ۲ رتی۔ پوٹاشیم پرمینگنیٹ ۱۰ رتی باریک کر کے نسوار دیں۔ یہ نسوار دینے سے کرم ناک اور نزلہ زکام مزمن بھی دور ہو جائے گا۔

شاہی نسوار ہے اس کے بعد ناک کے زخموں کو درست کریں۔

## (۲۴۴)

اگر ناک میں زخم ہوں تو اطریفل شاہترہ رات کو کھلائیں گندھک محلول ۳۔۳ قطرہ بعد از غذا دیں اور لوبان ایک رتی۔ خمیرہ گاؤزبان سادہ میں رکھ کر صبح کو کھلائیں۔ انشاء اللہ اس سے زخم بھی دور ہوں گے۔ روغن گل ناک میں ٹپکائیں۔

## (۲۴۵) کثرت سے چھینکیں آنا

مریض کو کثرت سے صبح اٹھتے ہی چھینکیں شروع ہو جاتی ہیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دماغ پھٹ جائے گا۔

**علاج:** روغن بادام شیریں یا روغن کاہو یا روغن خشخاش یا روغن کدو یا روغن گل۔ ان میں سے کوئی لے کر ناک کو پہلے گرم پانی سے دھو کر قطور کریں۔ کھانے کے لیے خمیرہ گاؤزبان یا خمیرہ خشخاش۔ یا برشعثا بمناسب عمر کھلائیں۔

## (۲۴۶) حب عطاس

**ھوالشافی:** ملٹھی کا آٹا۔ ریوند چینی ۱۴۔۱۴ ماشہ کو پوست خشخاش ۱۰ تولہ کے جوشاندہ سے کھرل کر کے گولیاں بنا دیں۔

**خوراک:** ۲ سے ۳ عدد تک کھلانا ایک دن میں روک دیتا ہے اور مکمل کورس ۱۰ دن تک بقول علامہ سرہندی لاجواب علاج ہے اوپر کے روغنوں کی سر پر مالش بھی کریں۔

## (۲۴۷) جڑ پان

اور جڑ پان باریک کر کے نخودی گولیاں بنا لیں اور کھائیں۔ بقول حافظ جلیل احمد انصاری لاجواب علاج ہے۔

## (۲۴۸) برگ دھتورہ

اور برگ دھتورہ خشک مثل سرمہ (باریک کریں) ایک تولہ گیری ۲ تولہ باریک کریں اور اس کی نسوار لیں

## (۲۴۹) سونٹھ

اجوائن خراسانی ۲ تولہ۔ سنڈھ ۹ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ کھانڈ ۵ تولہ مثل سرمہ باریک کریں۔

**خوراک:** ایک ایک ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ پانی کھلانا لاجواب ہے۔ ان دونوں نسخوں سے ابتدائی زکام بھی رک جاتا ہے۔

**نکات مطب:** اس مرض میں ناک کی اندرونی جھلی میں سوزش ہوتی ہے۔ اور مسکنات سے اس کو آرام ہو جاتا ہے۔ گرم اور ترش اشیاء سے پرہیز کریں اور دماغ کو طاقت دیں۔ انشاءاللہ کثرت عطاش دور گی۔

## (۲۵۰) حب طب جدید

تخم دھتورہ۔ سنڈھ۔ اجوائن خراسانی ایک ایک تولہ لے کر گوند کیکر کے لعاب سے نخودی گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی صبح و شام کھلانا دافع عطاس ہیں۔

## (۲۵۱) ناک کی خشکی

پرانے بخاروں میں اور گرمی میں کام کرنے والوں کو دوران کھجلی پیدا ہو جاتی ہے۔

**علاج:** ٹھنڈا پانی ناک میں پہنچائیں۔ بدن میں تری پہنچائیں۔ بہی دانہ ۳ ماشہ۔ عرق گاؤزبان ۶ تولہ میں بھگو کر لعاب نکال کر اس میں عناب ۵ دانہ۔ مغز تخم کدو ۳ ماشہ۔ مغز تربوز ۳ ماشہ۔ تخم کاہو ۳ ماشہ۔ تخم خرفہ سیاہ ۳ ماشہ۔ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں شیرہ نکال کر شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر پلا دیں اور روغن کدو شیر عورت میں ملا کر ناک میں ٹپکا دیں روغن لبوب سبعہ کی سر پر مالش کریں اور مربہ آملہ ورق نقرہ میں لپیٹ کر کھلائیں اور مفرح بارد ۵ ماشہ۔ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ۔ شربت عناب ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ اس سے ضرور بالضرور فائدہ ہوگا۔ ماء الجبن کرائیں اور عرق ماء الجبن میں شربت ارزانی ملا کر پلایا کریں اور مغز تخم کدو ۳ ماشہ۔ شیر بوزہ ایک تولہ میں گھس کر ناک میں چڑھانا بھی مجرب ہے۔

**غذا:** پھلوں میں انگور، سنگترہ، مالٹا دیں اور گرم ترش اشیاء سے پرہیز کریں اور ٹھنڈی ترکاریاں بکری کا گوشت، کدو، توری، ٹینڈے، شلغم، دال مونگ دیں انشاءاللہ آرام ہوگا۔

## (۲۵۲) سونگھنے کی حس کا جاتے رہنا

مریض کو خوشبو یا بدبو کا احساس نہیں ہوتا۔ علاج اس مرض میں بھی ناک کے اندر سدہ ہوتا ہے۔ اسطوخودوس ۹ ماشہ رات کو بھگو کر صبح کو جوش دے کر پلائیں یا خمیرہ بنفشہ ایک تولہ۔ عرق سونف ۱۵ تولہ میں جوشا کر پلائیں اس سے بھی یہ مرض دور ہوگی۔

## (۲۵۳) کلونجی

**ھوالشافی :** کلونجی اور فلفل سیاہ ایک ایک تولہ باریک کر کے نسوار دیا کریں۔ سونف ۶ ماشہ ذرا کوٹ کر ایک پانی پاؤ میں ابال لیں آدھا رہ جائے تو پن کر گلقند ۵ تولہ ملا کر نیم گرم پلائیں کورس سات دن اس سے بھی قوت عود کر آئے گی۔ روغن گل کو روزانہ ناک میں ٹپکانے سے بھی فائدہ ہو جاتا ہے۔ کافور ۳ رتی۔ روغن بنفشہ ایک تولہ میں ملا کر ٹپکانا بھی مجرب ہے۔ اگر زیادہ ضرورت ہو تو بلغم کا منضج کریں اور مسہل دیں اور اطریفل زمانی ہفتہ میں دو بار دیں۔ گندھک محلول ۳۔۳ قطرہ بعد از غذا دیں۔ اخراج بلغم کے بعد قرص خبث الحدید۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ نقرہ ایک خوراک جوارش جالینوس میں رکھ کر کھلایا کریں اور نمک طعام کو گرم پانی میں حل کر کے ناک کو دھویا کریں انشاء اللہ یہ مرض دور ہوگا۔

**نکات مطب :** معجون فلاسفہ کا کھلانا بھی لاجواب ہے۔ اور کلونجی اور میتھرے روغن زیتون میں پکا کر پن کر ناک میں ٹپکانا علامہ انطا کی اور دوسرے حکماء کے نزدیک مجرب ہے۔

## (۲۵۴) ناک کی بواسیر

اس مرض میں ناک کے اندر مسے پیدا ہو جاتے ہیں یہ بھی مرض کبھی رحم میں کبھی مقعد میں اور کبھی ناک میں پیدا ہو جاتی ہے۔ مریض کو ہمیشہ نزلہ زکام لگا رہتا ہے کبھی مسہ بڑھ کر ناک کو ٹیڑھا کر دیتا ہے کبھی باہر بھی لٹک آتا ہے۔ ناک سے پانی خارج ہوتا ہے کبھی خون بھی آجاتا ہے۔

**علاج:** مریض اگر طاقتور ہو تو سر کا فصد کریں یا گدی پر جونکیں لگا دیں اور یہ منضج کا نسخہ استعمال کریں۔

**ھوالشافی :** گل بنفشہ ۷ ماشہ۔ برگ شاہترہ ۵ ماشہ۔ عناب ۵ دانے۔ گاؤزبان ۵ ماشہ۔

تخم خطمی ۷ ماشہ۔ تخم کاسنی ۵ ماشہ۔ سونف ۷ ماشہ۔ مکو ۵ ماشہ۔ رات کو بھگوئیں گرم پانی میں صبح کو چھان کر گلقند ۴ تولہ ملا کر پلائیں نویں روز اس میں سنا مکی۔ گل سرخ ۷۔۷ ماشہ ملا کر بدستور بھگو کر مغز فلوس ۵ تولہ۔ ترنجبین ۴ تولہ۔ شکر سرخ ۴ تولہ۔ شیرہ بادام ۵ دانہ ملا کر پلائیں اس سے اسہال آئیں گے۔ اگلے روز تبرید دیں تیسرے روز مسہل کے نسخے میں ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ ۷۔۷ ماشہ کا اضافہ کریں۔ مسہل سے پہلے حب ایارج ۹ ماشہ۔ روغن بادام سے چرب کر کے ورق نقرہ میں لپیٹ کر کے کھلائیں ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ۔ صبح کو مسہل کا نسخہ مغز املتاس کے ہمراہ دیں اس طرح ایک ایک روز کے وقفہ سے تین مسہل دیں۔ ہفتہ کے بعد اطریفل اسطوخودوس ۷ ماشہ میں کشتہ مرجان ایک رتی رکھ کر صبح کو کھلائیں اور کشتہ منور کشتہ مرجان ایک ایک رتی خمیرہ گاؤزبان جواہر والا میں رکھ کر شام کو کھلائیں۔

## (۲۵۵)

**ھوالشافی :** پوست انار باریک کر کے ایک کپڑے کی بتی پر شہد لگا کر اس پر سفوف چھڑک کر ناک میں رکھیں یا کپڑے کی بتی سرکہ میں تر کر کے پودینہ کا خشک سفوف چھڑک کر ناک میں رکھیں۔

## (۲۵۶) مسے

**ھوالشافی :** مرض شدید ہو تو پھٹکڑی بریاں ۳ ماشہ۔ سہاگہ ۲ ماشہ۔ نوشادر ایک ماشہ۔ انزروت ۲ ماشہ۔ مرکی ۲ ماشہ۔ زنگار ۲ ماشہ۔ نیلا تھوتھا بریاں ایک ماشہ باریک کر کے رکھیں اس میں تھوڑی سے دوا لے کر پودینہ کے پانی میں تر کر کے ناک میں رکھیں یا کبھی چند قطرے ٹپکا بھی دیا کریں۔ اس مسہ نرم اور ڈھیلا ہو جائے گا اب موچنے سے پکڑ کر اس کو نکال دیں اور اوپر سپرٹ لگا دیں کہ خون نہ بہے یا زنگار ایک ماشہ باریک کر کے شہد ملا کر جو کہ ایک تولہ ہو اس سے کپڑے کی بتی بنا کر ناک میں رکھیں۔ کبھی پھٹکڑی ایک ماشہ بھی ملا لیں اور رکھیں اگر جلن محسوس ہو تو گھی لگا دیا کریں۔

## (۲۵۷) جالینوس

جالینوس اور اس کے ہم عصر اطبا نے انار ترش' انار شیریں دونوں کے پانی اور اس کے

چھلکے کوٹ کر اس سے شیاف بنا کر ہر وقت رکھنا لکھا ہے اور تالو پر بھی انار کا ضماد کریں تو مجرب ہے زیادہ تکلیف نہیں دیتا اور کبھی اس شیاف پر پھٹکڑی زرد در زنگار اور نوشادر چھڑک کر رکھنا بھی مجرب ہے اور شیاف ہر وقت رکھیں۔ اور کبھی کبھی نکال بھی دیا کریں۔ مسوں کو مٹانے میں مجرب ہے۔

## (۲۵۸) گندھک

**ھوالشافی :** چرائتہ۔ اسطوخودوس۔ پودینہ۔ جڑ سونف ۵۔۵ ماشہ جوشا کر پن کر میٹھا ملا کر صبح کو پلائیں اور گندھک محلول ۵۔۵ قطرہ بعد از غذا پانی میں ملا کر پلائیں اور اطریفل شاہترہ ۷ ماشہ رات کو دیں۔ جوز السرو۔ انجیر دشتی بورہ ارمنی پانی میں جوش دے کر اس سے ناک کو دھوئیں اور مرہم زنگار سر پر لگایا کریں (احقر مولف) ساری عبارت کا مطلب یہ ہے کہ ناک کی اندرونی جھلی پر مواد کو آنا روک دیا جائے اور منضج، مسہل سے دماغ کو صاف کیا جائے اور خون کو صاف کیا جائے قبض کو دور کر دیا جائے تو ناک کے مسے خشک ہو جاتے ہیں یا جھڑ جاتے ہیں۔ لیکن کچھ عرصہ لگ جاتا ہے۔

## (۲۵۹) زنگار

**ھوالشافی :** زنگار۔ نوشادر۔ سجی۔ مساوی الوزن باریک کریں اور اس میں شہد ملا کر اس کی بتی بنا کر رکھا کریں۔ بواسیر آہستہ آہستہ دور ہو جائے گی۔ لیکن یہ دوا لگتی ضروری ہے اس پر گھی لگا دیا کریں جب سوزش دور ہو جائے پھر رکھ دیا کریں انشاء اللہ مسے گل جائیں گے۔

**پرھیز :** جس غذا سے نزلہ زکام بڑھتا ہے نہ کھائیں۔ ترش اشیاء سے پرہیز رکھیں اور مریض کو برداشت کرنے کی ہدایت کریں اور اطریفل زمانی ہر روز یا تیسرے دن ضرور بالضرور دیا کریں۔

## (۲۶۰) اطریفل زمانی

**ھوالشافی :** اطریفل زمانی۔ اطریفل اسطوخودوس۔ اطریفل کشنیز۔ گلے کے اوپر تمام امراض کو مفید ہیں۔

**نکات مطب :** اگر مسے کا رنگ سفید ہو تو بلغمی مادہ ہے اور اگر رنگ سرخ ہو تو دموی مادہ

ہے اور مسے کا رنگ سیاہ ہے تو سوداوی مادہ ہے اس لیے مادہ کے موافق منضج مسہل کریں۔ انشاء اللہ آپ اتنی بڑی مرض پر قابو پالیں گے۔

## (٢٦١) یورک ایسڈ

اب بواسیر ناک کا مضمون ختم ہوگیا ناک کی خارش اور پھنسیاں۔ یہ اندر بھی پیدا ہو جاتی ہیں ساتھ ہیں تکلیف دہ بخار بھی ہو جاتا ہے۔ گرم پانی میں بورک ایسڈ یا سہاگہ پھلہ ملا کر روئی کو ایک سلائی پر لگا کر اس سے پھنسیوں پر گرم گرم ملیں اس سے پھنسی پھٹ جائے گی پھر اس پر زنک اوکسائڈ گلیسرین ملا کر لگایا کریں اس سے زخم بھی درست ہو جائے گا اگر بار بار ہوتی ہوں تو یہ شربت ایک بوتل بنا کر پلا دیں۔

## (٢٦٢) شربت

**هوالشافی :** منڈی بوٹی۔ عناب ایرانی۔ ۷۔۷ تولہ پانی سوا سیر میں ملا کر رات کو بھگو دیں صبح جوش دیں تین پاؤ رہ جائے تو تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنا دیں۔

**خوراك :** ڈھائی ڈھائی تولہ صبح و شام پانی ملا کر پلائیں انشاء اللہ اس شربت کے پلانے سے بار بار پھنسیاں ناک کے اندر نکلنا یا آنکھوں کے اوپر پر نکلنا بند ہو جائیں گی ایک ١٠ سالہ لڑکی کے سر پر پھنسیاں اس قدر نکلیں کہ تمام سر پر ایسا مواد نکل کر جم گیا کہ مٹی کا لیپ کیا ہوا ہے اور بال بھی کافی گر گئے اس کو یہ شربت بنا کر پلایا گیا اس سے سر کے تمام زخم درست ہو گئے بلکہ بال بھی پھر پیدا ہو گئے یہ شربت کم خرچ بالانشین ہے۔ بار بار آنکھیں دکھنے آ جاتی ہوں تو پھر بھی یہ شربت پلا دیں اس سے آنکھیں بھی درست ہو جائیں گی۔ اس سے ککرے بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ تریاق چشم ہے اور منڈی ایک لاجواب بوٹی ہے جو کہ خون بھی صاف کرتی ہے اور آنکھوں کے لیے اکسیر ہے یہ ایک کایا پلٹ بوٹی ہے اس کا ایک پھول تازہ کھانے سے ایک سال آنکھ نہیں دکھتی۔ جسم پر جلن اور خارش ہو تب بھی پلا دیں۔

# متفرقات برائے امراض دماغ و جسم

V.1.N

## (۲۶۳) دال ماش

ایک حکیم صاحب نے کہا کہ سردی کے موسم میں یہ دوا بنا کر خود بھی کھاتے ہیں اور بچوں کو بھی کھلاتے ہیں اس کے کھانے سے ان کے جسم سڈول رہتے ہیں اور قد بھی بڑھتا ہے اور امتحان میں فیل نہیں ہوتے۔

**ھوالشافی:** دال ماش۔ دال نخود۔ دال مونگ۔ نشاستہ گندم۔ مغز بادام مقشر۔ خشخاش ایک ایک پاؤ۔ دانہ الائچی خورد۔ دارچینی ۲-۲ تولہ۔ سونف ڈھائی تولہ۔ گھی۔ کھانڈ ڈیڑھ ڈیڑھ سیر۔ پہلے تمام دالیں کڑاہی میں ڈال کر بریاں کریں پھر نشاستہ بھی نرم نرم آنچ پر بریاں کریں پھر تمام ادویہ باریک کر کے ملالیں۔

**خوراک:** ۳-۳ تولہ صبح و شام سردی کے موسم میں ذرا گرم کر کے کھائیں۔ گرم ترش اشیا سے پرہیز کریں۔

**فوائد:** دماغ و بدن کو طاقت دیتی ہے۔ حافظہ کو تیز کرتی ہے۔ بدن کو موٹا کرتی ہے۔ دماغی کام کرنے والوں کو لاجواب ہے۔ سونف میری طرف سے اضافہ ہے۔ میں نے بھی ایک مریض کمزور کو بنا کر دیا تھا جو کہ ہر طرح کمزور تھا وہ ٹھیک ہو گیا لاجواب نسخہ ہے۔

## (۲۶۴) معجون پیٹھا پاک

ایک صاحب نے کہا کہ مجھ کو ایک حکیم نے نسخہ دیا تھا جس کو ہمیشہ تیار کر کے خود بھی کھاتا ہوں اور اپنے بچوں کو بھی کھلاتا ہوں اس سے بچے تندرست، چست و چالاک رہتے ہیں اور پڑھائی میں بھی کامیاب رہتے ہیں۔ میں نے کہا کہ وہ بھی بتا دیں اس نے کہا کہ وہ معجون پیٹھا پاک ہے جو کہ قرابادینی ہے وہ یہ ہے۔

**ھوالشافی:** ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ سنڈھ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ ہر ایک ۱۴-۱۴ ماشہ۔ جائفل لونگ۔ جاوتری۔ ثعلب مصری ہر ایک سوا دو دو تولہ۔ شہد خالص ایک سیر۔ چینی سفید ایک سیر۔ مغز پستہ۔ کشمش۔ روغن گاؤ ۱۰-۱۰ تولہ۔ مغز ناریل ۵ تولہ۔ مغز بادام شیریں ۱۰ تولہ۔ مغزیات

کوٹھی میں بھون لیں۔ ادویہ کا سفوف کریں اور شہد و کھانڈ کا قوام کر کے ادویہ ملا لیں۔ اب تمام معجون کے برابر مربہ پیٹھا۔ اور سوگی کشمش ملا کر رکھ لیں۔

**خوراک:** ایک ایک تولہ۔ صبح و شام دودھ سے کھائیں۔

**فوائد:** مقوی گردہ مثانہ ہے۔ کھانسی، دمہ، مرگی، دوران سر، کمزوری معدہ، تپ دق، جریان، رقت منی، بواسیر، کمزوری جسم اور چہرہ کی بے رونقی کو مجرب ہے۔

**نکات مطب:** ورق جسم میں ہضم نہیں ہوتے ویسے ہی نکل جاتے ہیں۔ فی خوراک ایک چاول کشتہ چاندی ملا لیں اور کھا لیں یا ورق نقرہ ۶ ماشہ میں ۶ ماشہ چینی ملا کر باریک کھرل کریں اور فی خوراک ا رتی ملا لیا کریں یہ دونوں طریقے میں نے بتائے ہیں۔ فوائد میں لاجواب ہے میں نے خود تیار کی تھی از حد لذیذ تیار ہوتی ہے مربہ پیٹھا بازار سے لے کر ملا لیں یہ بھی لاجواب چیز ہے صاحب نسخہ نے ٹھیک کہا ہے اور میں نے بھی اس کو بنا کر مجرب پایا ہے۔

## (۲۶۵) اطریفل دماغی

**ھوالشافی:** پوست ہلیلہ زرد ۴ تولہ۔ پوست بلیلہ ۳ تولہ۔ پوست آملہ ۳ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ مصطگی رومی ۲ تولہ۔ خشخاش سفید ۲ تولہ۔ مغز کشنیز ۳ تولہ۔ مغز بادام ۳ تولہ۔ مغز تخم کدو ۳ تولہ۔ مغز خیارین ۳ تولہ۔ بادام روغن حسب ضرورت سے ہلیلہ جات کو تر کریں ایک سیر یا پانچ پاؤ مصری کا قوام کر کے ادویہ ملا لیں اور ایک دفتری ورق نقرہ بھی ملا لیں۔

**خوراک:** ۳ تولہ رات کو کھایا کریں۔

**فوائد:** مقوی دماغ و مقوی بصر۔ مقوی معدہ ہے۔ کمزور دماغ والوں کو لاجواب ہے۔ چند دنوں میں فائدہ دکھائے گا میں کہتا ہوں کہ دائمی نزلہ زکام والے مریضوں کو لاجواب ہے۔ اور سر درد والوں کو بھی مجرب ہے۔ بڑے دواخانہ کا اشتہاری نسخہ ہے۔

## (۲۶۶) لاجواب خمیرہ

**ھوالشافی:** کوکنار ۱۰ تولہ کو آدھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو جوش دیں ایک پاؤ رہ جائے تو آدھ سیر چینی ملا کر قوام کریں پھر مغز کدو شیریں۔ مغز بادام۔ مغز کشنیز ۱۰-۱۰ تولہ۔ مغز تربوز۔ تخم خشخاش ۲-۲ تولہ۔ گوند کیکر۔ گوند کتیرا ۳-۳ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ۔ کستوری ۴ رتی۔ کیسر ۲ ماشہ۔ ورق نقرہ ۴۰ عدد۔ روح کیوڑہ میں کھرل کر کے ملا دیں۔

**خوراک :** ایک تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان یا مناسب بدرقہ کمزوری دماغ دائمی نزلہ وزکام کی حافظہ کو لاجواب ہے۔

## (۲۶۷) مقوی دماغ کم اجزا والا

**ھوالشافی :** مغز بادام ایک پاؤ۔ آرد نخود بریاں ایک پاؤ۔ ہر دو کو روغن زرد ایک پاؤ میں بریاں کریں بعد میں شکر سفید تین پاؤ ملا لیں اور اگر غلظت معدہ کا خوف ہو تو سنڈھ ۲ تولہ بریاں بروغن زرد ملا لیں۔

**خوراک :** ۳ تولہ سے ۵ تولہ۔ حافظہ۔ مقوی دماغ۔ خوش ذائقہ لذیذ ہے۔ ہندوستان کے ایک وید صاحب کا لاجواب تحفہ ہے۔

## (۲۶۸) حلوہ نخود کلاں

**ھوالشافی :** چھوہارا ایک سیر۔ گھی ایک سیر۔ کھانڈ ڈیڑھ سیر۔ نخود بریاں آدھ سیر۔ دال ماش بمعہ چھلکا آدھ سیر۔ مغزیات آدھ سیر۔ (گری۔ مغز اخروٹ۔ پستہ۔ بادام۔ چلغوزہ۔ فندق)۔ لیکن سونگی اور مونگ پھلی نہ ڈالیں۔ لیکن مغز بنولہ ۱۰ تولہ لے لیں۔

**ترکیب تیاری:** چھوہارے رات کو بھگو کر صبح کو گٹھلی نکال دیں اور نخود بریاں کوٹ کر ملا لیں۔ اب گھی میں تمام مغزیات بمعہ نخود چھوہارے قدرے تل لیں اور کھانڈ کی گاڑھی چاشنی ملا کر تمام ادویہ ملا لیں۔ یا کھانڈ ویسے ہی ملا لیں خوراک ۲ تولہ سے چار تولہ تک۔ ہمراہ دودھ یا چائے از حد مقوی دماغ و جسم دافع ہزال ہے۔ جسم کی ہر قسم کی کمزوری کا دافع ہے۔ اگر زیادہ مقوی باہ بنانا ہو تو ایک عدد زردی بیضہ مرغ ملا کر کھائیں از حد مقوی باہ بھی ہے۔

**نکات مطب :** میں نے اس نسخہ کو خود تیار کر کے کھایا اور مفید پایا دماغ کیلئے از حد مفید ہے۔

## (۲۶۹) روغن نیم

**ھوالشافی :** روغن نیم۔ شگوفہ نیم۔ کمیلہ مصفّٰی۔ گل مغیل ۵۔۵ تولہ۔ توتیا خام ایک ماشہ۔ روغن کنجد ایک پاؤ میں پکا لیں۔ پہلے ادویہ کوٹ کر اس کی ٹکیاں بنا لیں پھر تلیں۔ اور پن لیں کان کو پہلے صاف کر کے ٹپکا دیں صبح و شام بہتے کان اور بیرونی پھنسیوں پر لگا دیں۔ بفضل خدا کان بہنا اور پھنسیاں دور کرتے ہیں۔ ملک محمد رمضان ناصر فیصل آبادی کا مجرب ہے۔ ان کا معمول مطب تھا۔

# خنازیر

اس مرض میں گردن کی گلٹیاں جاتی ہیں دونوں طرف یا ایک طرف کی گلٹیاں متورم ہو کر پھٹ جاتی ہیں جن کے زخم اوپر سے کم اور اندر سے گہرے ہوتے ہیں۔ پھر یہ گلٹیاں بغل اور جسم کے اندر داخل ہو جاتی ہیں۔ مریض نہایت کمزور ہو جاتا ہے۔ آخر دق سل میں مبتلا ہو کر راہی ملک عدم ہو جاتا ہے۔

## (۲۷۰) سم الفار

مریضہ عمر ۲۰ سال مطب میں لائی گئی۔ دونوں طرف کی گلٹیاں متورم ہو کر پھٹ کر بہہ رہی تھیں۔ مریضہ نہایت کمزور تھی۔

**علاج:** سم الفار ایک ماشہ۔ کھانڈ ۸۰ ماشہ کھرل کر کے ایک ایک رتی کھلانا شروع کر دیا دن میں دو خوراک بیرونی طور پر یہ مرہم لگانی شروع کر دی اس کی گلٹیاں دور ہو کر کمزوری بھی دور ہو گئی اور زخم درست ہو گئے۔

## (۲۷۱) مرہم

**ھوالشافی:** نیلا تھوتھا۔ مرچ سیاہ۔ مہندی۔ ایک ایک تولہ۔ مکھن صد آب شستہ سہ چند۔ میں ملا کر مرہم بنالیں یہ مرہم اس قدر مجرب ہے کہ خنازیری زخم پرانے سے پرانے کھول کر زخم کشادہ کر کے صاف کر دیتی ہے زخم برگ نیم ابال کر اس سے دھو کر مرہم لگا دیں یا تھوری مقدار میں پھٹکڑی گرم پانی میں ملا کر دھو کر لگا دیں۔ بورک لوشن سے دھو کر دن میں دو بار لگا دیں خراب زخموں کو ایک ماہ تک لگ جاتا ہے۔ لیکن آرام مستقل آ جاتا ہے۔ گلٹیوں پر پچھنے لگا دیں تو ان کو کھول کر صاف کر دیتی ہے اس کے علاوہ عام خراب زخموں خراب دھدر کو مفید ہے یہ ایک نسخہ ہی زخموں کے لیے کافی ہے۔ اگر آپ پچھنے لگانے سے خوف کھاتے ہوں تو ایک اور چیز آپ کو بتا دیتا ہوں جو کہ ایک ماہر معالج خنازیر سے حاصل ہوا۔ میں نے اس سے سوال کیا کہ گلٹیوں کو کس طرح کھول کر علاج کرتے ہیں تو فرمانے لگے کہ چاقو کی ضرورت

نہیں۔ مرہم بتا دیتا ہوں اس سے گلٹیاں پھٹ جائیں گی۔ چنانچہ میرے پاس بھی مریض آیا جس کی چند گلٹیاں پھٹی تھیں اور دوسری سخت تھیں مرہم لگا دی گلٹیاں پھٹ گئی پھر ذیل سلیمان کردہ مرہم لگا دی گئی مریض درست ہوا وہ مرہم یہ ہے

۷۰۱۰۲

## (۲۷۲) مرہم

**ھوالشافی :** مصبر لے کر شیر مدار سے تر کر کے لیپ کروایا کریں۔ گلٹیاں پھٹ جائیں گی یہ ایک راز ہے کہ دستکاری بھی نہ کرنی پڑی اور زخم کھل گئے لاجواب مرہم ہے کم خرچ اور بالا نشین۔ گلٹیاں پھٹ بھی جاتی ہیں۔

۷۰۱۰۲

## (۲۷۳) کم خرچ علاج

**ھوالشافی :** ایک کم خرچ بالانشین علاج یہ ہے کہ ریٹھہ کے پوست کی گولیاں بنالیں یا کیپسول بھرلیں۔ ۴۔۴ رتی کھلانے سے خنازیر کا نام نشان تک نہیں رہتا۔ یہ نسخہ ہندوستان کے ایک ڈاکٹر سے ملا ہے۔

## (۲۷۴) لاجواب گولیاں

**ھوالشافی :** سم الفار سفید ایک ماشہ۔ پارہ صاف ۲ ماشہ۔ عاقر قرحا ۲۰ ماشہ۔ مصطگی رومی ۲۰ ماشہ۔ پہلے پارہ اور سم الفار کو کھرل میں ڈال کر آب لیموں سے کھرل کریں۔ جب پارہ نابود ہو جائے تو آب لیموں سے کھرل کر کے حب نخودی بنا دیں۔

**خوراک :** ایک گولی سے دو گولی تک مونگ کی دال کے جوشاندے سے کھلائیں۔ یہ لاجواب گولیاں ہیں۔ آتشک کے لیے بھی مجرب ہیں یہ گولیاں قرابادین اکمل اعظم والے کی مجرب ہیں میں نے بھی تیار کر کے فائدہ اٹھایا ہے۔

## (۲۷۵) مرہم لاجواب

**ھوالشافی :** رال سفید۔ رتن جوت ۲۔۲ تولہ۔ مردار سنگ۔ نیلا تھوتھا ۱۰۔۱۰ ماشہ۔ موم ۴ تولہ۔ تیل میٹھا ۸ تولہ۔ اول تیل اور موم کو ملا کر گرم کریں بعد میں تمام ادویہ باریک شدہ ملا کر خوب کھرل کر کے رکھیں اس کو خنازیر کی گلٹیوں پر دیر تک مالش کرتے رہیں اس سے خنازیر کی گلٹیاں تحلیل ہو جاتی ہیں اس مرہم کو میں نے تیار کر کے تجربہ کیا ہے۔

## طب آیوردیدک کی لاجواب گولیاں

(۲۷۶) طب آیوردیدک کی لاجواب گولیاں
حب کچنار ۔ گوگل ۔ سفوف پوست کچنار آدھ سیر ۔ ترپھلہ ۲۴ تولہ سنڈھ مرچ
**ہوالشافی :** فلفل دراز' پوست برنا ۴۔۴ تولہ ۔ الائچی خورد ۔ دارچینی ۔ تیز پات ایک ایک تولہ ۔ گوگل
سیاہ ۔ صاف ایک سیر تین تولہ ۔ پہلے گوگل کو پانی میں ملا کر اس قدر کوٹیں کہ گٹھلی نہ رہے پھر دوسری
ادویہ ملا کر کامل ایک دن کوٹیں ۔ گولیاں نخودی بنا لیں ۔
**خوراک :** ۲ سے آٹھ گولی تک صبح و شام ہمراہ عرق منڈی تیز سے کھلائیں اس کے ایک سے
تین ماہ تک کھلانے سے خنازیر کی گلٹیاں اندر ہی اندر تحلیل ہو جائیں گی ۔ رسولیوں' بھگندر'
باؤ گولا کو بھی لاجواب ہیں ۔

## (۲۷۷) مجربات متقدمین

**ہوالشافی :** رات کو اطریفل غددی ۵ ماشہ ۔ صبح کو اطریفل شاہترہ ۷ ماشہ ۔ عرق مکو سے
کھلائیں اور کشتہ بارہ سنگا گھی میں ملا کر مالش کریں اس سے گلٹیاں تحلیل ہو جائیں گی ۔ سرس کو
بھی خنازیر میں مجرب لکھا ہے اس کے بیجوں کی معجون بنا کر کھلانا مجرب ہے ۔ میں نے خنازیر پر
ایک رسالہ لکھا ہے ۔ شائد کبھی چھپ جائے ۔

## (۲۷۸) رسکپور گولیاں

میں نے ایک طبیب سے خنازیر کے لیے تجربہ شدہ نسخہ طلب کیا تو انہوں نے اپنا
مجرب نسخہ بیان کیا وہ یہ ہے
**ہوالشافی :** رس کپور ۔ نیلا تھوتھا ایک ایک تولہ ۔ ہلیلہ سیاہ ۳ تولہ ۔ آب لیموں ایک سو
عدد سے کھرل کر کے نخودی گولیاں بنا لیں ۔
**خوراک :** ایک عدد اچار کے چھلکے میں لپیٹ کر کھلائیں بیرونی طور پر خنازیر پر رگڑ کر
لگائیں ۔ ناسور بھگندر خنازیر ۔ آتشک کو مجرب ہیں ۔
**غذا :** گوشت مرغی یا بکرا مرغن یا دال نخود مرغن اشیاء سے پرہیز ۔

❀❀❀

# امراض چشم

آنکھ کے امراض کئی ہیں ان میں آنکھ دکھنا ہے۔ موسم گرما میں عام آنکھیں دکھنے آ جاتی ہیں اور گرد و غبار سے آنکھیں آ جاتی ہیں اس کے لیے یہ لوشن میں کئی بار تیار کر کے مفت آنکھوں میں ڈالا کرتا ہوں۔

## (۲۷۹) لوشن

**ھوالشافی:** شورہ قلمی ۴ تولہ۔ پھٹکڑی خام ایک تولہ۔ پھٹکڑی پھلہ ڈیڑھ تولہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ باریک کر کے ایک بوتل خالص عرق گلاب میں ڈال کر کارک لگا کر دھوپ میں رکھیں۔ دوا تیار ہے دکھتی ہوئی آنکھوں میں ڈراپر سے صبح و شام چار چار قطرے ڈالتے رہیں اس سے آنکھیں بالکل دور ہوں گی۔ آنکھیں روشن ہوں گی۔ زہریلی دوا بناتے وقت آنکھوں میں دھواں پڑ جائے تو اس کو آنکھوں میں ڈالیں۔ پانی بہہ کر آنکھوں سے زہریلے دھوئیں کا اثر دور ہو جائے گا۔ ایک گاؤں میں گیا تو وہاں ایک عورت آنکھوں میں دارو ڈالتی تھی لوگ اس سے لے بھی جاتے تھے اور تعریف بھی کرتے اس سے پوچھا تو وہ اس نسخے میں ایک ماشہ افیون خالص ڈالتی تھی جس سے زیادہ زود اثر ہو جاتا تھا۔

## (۲۸۰)

ایک بچہ متورم آنکھوں کے ساتھ۔ مطب میں آیا۔ میں نے یہ دارو مطب میں تیار کر کے رکھا ہوا تھا۔ ڈال دیا کئی دن سے خراب آنکھیں ٹھیک ہو گئیں اوپر والا عرق اور یہ دارو بھی میرا معمول مطب رہ چکا ہے۔

**ھوالشافی:** پھٹکڑی خام ۳ ماشہ۔ رسونت مصفّٰی ۴ ماشہ۔ مصری بیکانیری ڈیڑھ ماشہ۔ افیون ۶ رتی۔ نیلا تھوتھا ۳ رتی۔ عرق گلاب ۵ تولہ میں حل کریں۔ دو دن کے بعد چھان لیں۔ ۲-۲ قطرہ صبح و شام آنکھوں میں ڈالیں۔

**فوائد :** رمد چشم، پھولا، سرخی چشم، شب کوری، خاص کر بچوں کے آشوب چشم، ککروں پر ۹۵ فیصدی بچوں پر مفید ثابت ہوا ہے۔

## (۲۸۱) بےنظیر نسخہ

اس بےنظیر نسخے کو میں نے کئی بار بنا کر تجربہ کیا ہے۔

**هوالشافی :** پھٹکڑی سفید ۱۲ تولہ باریک کر کے لوہے کی کڑاہی میں آگ پر رکھیں۔ جب پگھل جائے تو ایک تولہ افیون خالص باریک کر کے پھٹکڑی پر ڈال دیں اور آہنی سیخ سے ہلاتے رہیں۔ حتیٰ کہ پھٹکڑی و افیون پھلہ ہو جائے اتار کر باریک کریں۔ اب ایک ماشہ یہ دوائی ڈھائی تولہ عرق گلاب میں حل کر کے اکسیری لوشن کا لیبل لگا کر رکھیں۔ ۲-۲ قطرے صبح و شام آنکھوں میں ڈراپر سے ڈالیں درد اور ورم دور ہوگا اور مدت سے بگڑی ہوئی آنکھیں درست ہوں گی یہ اکسیر سوزاک والے کو ۲-۲ رتی صبح و شام مناسب بدرقہ سے دیں تو سوزاک دور ہوگا۔ مروڑ میں دیں تو مروڑ دور ہوں گے۔ نزلہ و زکام میں خمیرہ خشخاش میں دیں بہتا ہوا نزلہ درست ہوگا۔ بچوں کی کالی کھانسی میں ہم وزن سوہاگہ پھلا ملا کر دینے سے کالی کھانسی کا زور ایک دن میں ختم ہوگا میں نے اس نسخہ کو بنا کر بہت فائدہ حاصل کیا ہے۔ بشرطیکہ افیون خالص ہو۔

## (۲۸۲) صندل سرخ

**هوالشافی :** رسونت اصلی۔ پھٹکڑی سفید۔ ہلیلہ کابلی۔ گرہ ہلدی۔ صندل سرخ کی لکڑی۔ افیون تمام اجزاء کو عرق گلاب سے کسی نہ گھسنے والے برتن میں گھسیں جب لیپ بن جائے تو آنکھوں میں لگا دیں۔ انشاء اللہ ایک بار کے لیپ سے آنکھوں کا ورم دور ہوگا۔ آنکھوں کو بار بار ہاتھوں سے نہ ملیں۔ بلکہ ململ کا پرانا کپڑا دھو کر ہلدی کے ابال سے رنگ لیں یا برگ نیم ابال کر اس پانی سے کپڑا بھگو کر خشک کر کے ہاتھ میں رکھیں اس سے میل کو بھی فائدہ ہوگا اور آنکھ کو بھی آرام ہوگا۔ ہلیلہ بلیلہ آملہ کشنیز خشک۔ ۶-۶ ماشہ عرق گلاب ۱۰ تولہ میں بھگو کر رکھیں اس سے کپڑا بھگو کر دن میں چند بار آنکھوں کو دھونا آنکھوں کے امراض میں مجرب کام دیتا ہے اس عارضہ میں اطریفل کشنیز۔ اطریفل زمانی۔ مربہ ہلیلہ کھانا بہت مفید ہے۔

## (۲۸۳) اکسیری لوشن

یہ طب جدید شاہدرہ والوں نے تجویز کیا ہے اور اُنہوں نے اس کا بار بار تجربہ کیا ہے اور میں نے بھی اس کو مفید پایا بلکہ معمول مطب ہے۔

**ھوالشافی:** دار چکنا ۵ گرین۔ عرق گلاب یا آب مقطر ایک بوتل میں حل کر لیں تیار ہے ڈراپر سے صبح وشام آنکھوں میں ٹپکائیں۔ رمد چشم کے مایوس مریض اس سے شفایاب ہوں گے۔ اس سے آنکھیں دھوئی بھی جاتی ہیں مجرب ہے۔ پھنسیوں پر بھی لگایا جاتا ہے اس سے غرغرے کرنا منہ کے لیے مجرب ہے۔ بہتے کان کے لیے بھی مفید ہے۔

## (۲۸۴) سرمہ

مریض عمر چالیس سال مطب میں آیا اور کہا کہ آنکھ کے اندر کی طرف دانہ نما چیز ہے جس کے لیے میں ڈسکہ بھی گیا تھا لیکن آرام نہیں آیا۔ اس کو ایک دارو دے دیا جس سے مریض کو شفا ہو گئی۔ بلکہ اس سے کئی مریض راضی ہو گئے۔ یہ نسخہ بھی طب جدید شاہدرہ والوں نے ہی مشہور کیا ہے ایک صاحب نے اس کو سرمہ ممیرہ کے نام سے فروخت کرنے کا بندوبست کیا ہوا ہے میں بھی اس کو تقریباً تمام امراض چشم میں دیتا ہوں اس سے ناخونہ ککرے پڑے بھی دور ہو جاتا ہے۔ گلیسرین میں ملا کر لگاتا ہوں اس سے آنکھ کی پھنسیاں بھی دور ہو جاتی ہیں۔

یہ سرمہ آنکھوں کے امراض، ضعف بصر، ککرے، دھند، جالا، پھولا، آشوب چشم کا شافی علاج ہے۔

**نسخہ:** زنک آکسائیڈ ۱۲ تولہ۔ نیلا تھوتھا ایک تولہ۔ باریک کھرل کر کے رکھیں اور سلائی سے لگا دیں اور اگر صبح کو بورک ایسڈ سے دھو کر لگائیں تو پرانے ککرے بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں کئی صاحب مجھ سے آ کر نسخہ پوچھ کر لے گئے انہوں نے جا کر کئی مریضوں کو دیا تمام کو فائدہ ہوا۔ ایک دواخانہ اس کو تیار کر کے ہزارہا شیشیاں فروخت کر چکا ہے اور میرا بھی ۵۰ سال سے معمول ہے۔

## (۲۸۵) دارو

میں اپنی ہمشیرہ کے ہاں گیا تو اس سے کئی آدمی دارو لینے آئے کئی جانوروں کے بچے

کے لیے اور کئی آنکھ میں چوبھ کے لیے میں نے ہمشیرہ صاحبہ کو کہا کہ یہ کون سا دارو ہے وہ کہنے لگیں کہ میری ساس اس کو تیار کر کے لوگوں کو مفت دیتی تھی اور مجھ کو اس نے بتایا ہے میں بھی خیرات کرتی ہوں کئی آدمی روز آتے ہیں اُن تمام کو دیا جاتا ہے۔

**ھوالشافی:** نوشادر۔ سہاگہ سفید۔ شورہ قلمی۔ ۵۔۵ تولہ لے کر باریک کر کے تابہ پر رکھیں اور قدرے پانی کے قطرے بھی ڈال دیں نیچے آگ جلائیں۔ جب تمام ادویہ کا پانی خشک ہو جائے تو سرد ہونے پر نکال کر پیس کر شیشی میں ڈال لیں سلائی سے آنکھ میں ڈالیں جانوروں کی آنکھ میں چٹکی سے ڈالیں قدرے لگے گا۔ دو بار سے فائدہ ہو گا اُس سے نسخہ لے کر میری دوسری ہمشیرہ بھی تیار کر کے خیرات کرتی رہی میں نے خود بھی بنا کر رکھا موسم برسات میں گیلا ہو جاتا ہے لیکن فائدہ میں کمی نہیں آئی۔ یہ نسخہ لاجواب ہے۔ میں نے خود کئی مریضوں کو دیا ہے۔ آپ بھی تیار کر کے فائدہ اٹھائیں۔

## (۲۸۶) لید

ہمارے گاؤں میں ایک بوڑھی عورت سے بچوں کو دارو ڈلواتے تھے وہ روز کئی کئی عورتوں کے بچوں کو چٹکی سے دارو ڈالتی اور فائدہ ہو جاتا ایک دن میں نے اس عورت سے نسخہ پوچھا تو اس نے بتایا۔ ایک مٹی کے برتن میں گدھا یا گدھی کی لید تازہ لے کر اس کے درمیان پھٹکڑی سفید رکھ کر نیچے آگ جلائیں وہ پھلا ہو جائے گی ٹھنڈی ہونے پر باریک کر کے رکھیں اس کو آنکھوں میں ڈالیں یہ ہی نسخہ ہمارے سارے خاندان میں مشہور ہے سینکڑوں بچے اس سے شفا پا چکے ہیں۔

## (۲۸۷) زنک

مریض بچہ کی آنکھوں پر اس قدر ورم آ گیا کہ آنکھیں اندر چھپ گئیں اس کے لیے یہ لیپ بہت زیادہ مفید ہے۔ زنک اوکسائیڈ کو گلیسرین میں ملا کر مرہم بن بنا لیں اس کو آنکھ کے اوپر لگا دیں دن میں دو بار لگائیں۔ شام تک ورم کم ہو جائے گا آنکھ میں اگر پھنسی ہوئی وہ بھی دور ہو جائے گی۔ آنکھ کے اندر بھی پڑ جائے تو کوئی حرج نہیں کیونکہ جست آنکھ کے لیے بڑی مفید چیز ہے اور زنک اوکسائیڈ جست کا کشتہ ہی ہے۔ لوہار کی دکان میں بھی بن سکتا ہے۔

## (۲۸۸) آیورویدِ

طب آیورویدک والوں نے جہاں بڑے قیمتی نسخے تیار کیے ہیں وہاں ایک کم خرچ سرمہ بھی تیار کیا ہے جو کئی سال سے مجرب چلا آ رہا ہے چنانچہ میں نے بھی تیار کر کے اس سے فائدے حاصل کیے ہیں۔

**فوائد:** پرانی سرخی، دھند، جالا، غبار، ککرے، ناخونہ، نیا پھولہ بھی اس سے کٹ جاتا ہے۔ مقوی بصر بھی ہے اور خارش چشم کو بھی مفید ہے بلکہ بے ہوش مریض کی آنکھوں میں لگانے سے بے ہوشی دور ہو جاتی ہے۔

**هوالشافی:** فلفل سیاہ ۲ ماشہ۔ فلفل دراز ۴ ماشہ۔ سمندر جھاگ ۴ ماشہ۔ سرمہ سیاہ مدبر ۲ تولہ۔ نمک سیندھا ۲ ماشہ۔ باریک کریں۔

**طریقہ سرمہ مدبر:** سرمہ کو آگ میں گرم کر کے آب ترپھلہ میں سات بار بجھاؤ دیں۔ سرمہ مدبر ہے آنکھوں میں لگتا ہے اور پانی خوب نکالتا ہے۔ روز ڈالیں یا دوسرے دن ڈالا کریں مجرب ہے۔

## (۲۸۹) سرمہ بہاولپوری

ضلع بہاولپور میں ایک صاحب اس سرمہ کو تیار کر کے بذریعہ اشتہارات فروخت کر رہے ہیں اس کا بہت فائدہ بیان کرتے ہیں۔ آنکھوں کی بصارت بڑھانے میں اکسیر ہے کمزوری بصر، پانی گرنا، ککرے، دھند، غبار، سرخی چشم کو لاجواب ہے۔

**هوالشافی:** سرمہ سیاہ ۱۰ تولہ۔ سرد چینی ۶ ماشہ۔ ملا کر دو دن خوب کھرل کریں پھر شورہ قلمی ۴ ماشہ۔ کشتہ جست ۶ ماشہ۔ کف دریا ۶ ماشہ باریک کھرل کر کے ملا لیں اور صدف مروارید کی نہایت اعلیٰ کو عرق گلاب میں کھرل کر کے ملا لیں۔ مامیراں چینی ایک تولہ باریک کر کے ملا کر عرق گلاب سے ایک ہفتہ کھرل کریں خشک ہونے پر ست پودینہ ۲ رتی۔ ست الائچی ۲ رتی۔ کافور بھیم سینی اعلی ایک ماشہ ملا کر کھرل کریں۔ تیار ہے۔ سلائی سے صبح و شام لگائیں۔

## (۲۹۰) ٹولہ

آج سے کئی سال پہلے ایک فقیروں کا ٹولہ جگہ جگہ کیمپ لگا کر دارو ڈالتا تھا وہ دارو دیتے

نہیں تھے۔ وہ روز ایک روپیہ لے کر دارو آنکھ میں ڈال دیتے تھے وہ کئی سو روپے روز کما لیتے تھے۔ کہتے تھے کہ سوائے موتیا بند کے آنکھ کے ہر مرض کا علاج ہے۔ جب ان کا دارو ختم ہوا تو ایک پنساری سے نسخہ لینے گئے۔ پنساری آگے ہی اس نسخہ کا طلبگار تھا جب انھوں نے دوائیں خریدیں تو پنساری نے کہا کہ نسخہ یہ ہی ہے اُس نے حلفاً کہا کہ یہ ہی ہے جس کو بنا کر رکھا ہوا ہوتا ہے اور روز ڈالتا ہوں قدرے عرق گلاب میں محلول کر کے بھی سلائی سے لگانا یا سرمہ کی طرح لگانا مفید ہے۔

**ھوالشافی :** زنک اوکسائڈ ۸ تولہ۔ نیلا تھوتھا ساڑھے ۷ ماشہ۔ فلفل سفید ساڑھے ۷ ماشہ۔ عرق گلاب ایک بوتل سے کھرل کر کے خشک کریں تیار ہے۔ دیکھو! کیسے کیسے صدری راز میں نے کوشش کر کے جو حاصل کیے تھے تمام ہی اس کتاب میں لکھ دیئے ہیں۔

## (۲۹۱) سرمہ نور

ایک مریضہ آنکھوں کی تکلیف کے لیے مختلف ڈاکٹروں کے پاس پھرتی رہی لیکن اس کو آرام نہ آیا تو اس کو ایک حکیم نے یہ دارو دے دیا جس سے اُس کی آنکھوں کی تمام تکلیف دور ہو گئی نسخہ سرمہ طب جدید شاہدرہ والوں کا ہے۔ اور تقریباً ۹۰ سال سے بذریعہ اشتہارات فروخت ہو رہا ہے۔ یہ دوا آنکھوں کے لیے ایک نعمت ہے۔ اس کا نام سرمہ نور ہے نسخہ اس کا یہ ہے۔

**ھوالشافی :** کشتہ جست ۵ تولہ۔ سرمہ سیاہ ۵ تولہ کو آب سرس ایک پاؤ میں کھرل کریں پھر سفیدہ کاشغری۔ سمندر جھاگ ایک ایک تولہ۔ زنگار۔ افیون ۹۔۹ ماشہ۔ آب گل کنیر سفید ۱۰ تولہ میں کھرل کریں تیار ہے۔ اور سفیدہ کاشغری، سمندر جھاگ کو آب بادیان سبز ایک پاؤ میں کھرل کریں اور تمام کو ملا لیں۔

**فوائد :** پرانی سرخی دمعہ۔ ککرے۔ مرض سبل۔ ناخونہ۔ خارش۔ بیاض وغیرہ میں سلائی سے لگا دیں مزمن آشوب چشم میں سلائی سے لگا دیں۔ نئی آشوب چشم میں ایک ماشہ سرمہ کو عرق بادیان ۳ تولہ میں حل کر کے ایک گھنٹہ کے بعد اس کا زلال لے کر ڈراپر سے لگا دیں آرام ہو گا میرا دعویٰ ہے کہ اگر کسی حکیم کے دواخانہ میں یہ ایک سرمہ ہی ہو تو اس کی شہرت کو چار چاند لگ جائیں گے۔ انشاءاللہ۔

## (۲۹۲) شیاف

پڑ بال آنکھوں کے اندر بال پیدا ہو جاتے ہیں وہ بہت سخت چبھتے ہیں جس سے آنکھوں کو تکلیف ہوتی ہے اور پانی بہتا ہے۔ اس کے لیے اوپر کا سرمہ۔ سرکہ میں حل کر کے بال اکھاڑ کر اس جگہ پر لگائیں پڑبال کا نکلنا بند ہو جائے گا یہ شیاف جو کہ میں نے تیار کر رکھے تھے کئی مریضوں کو دیئے تمام کو فائدہ ہوا دور دور سے یہ شیاف لینے کے لیے مریض آتے رہے۔

**ھوالشافی :** توتیا سبز۔ پھٹکڑی مدبر۔ سہاگہ۔ زنگار۔ سونامکھی۔ ہیراکسیس ۶۔۶ ماشہ۔ زنک اوکسائیڈ۔ گوندکیکر ۳۔۳ ماشہ پانی سے شیاف بنا دیں ٹکڑوں کے لیے رات کو سلائی تین تین بار پھیر دیا کریں اور پڑبال کو اکھیڑ کر اس جگہ شیاف کو گھسیں۔ چند بار اس طرح کرنے سے پڑبال دور ہوں گے انشاءاللہ۔

**طریقہ پھٹکڑی مدبر:** زیرہ سفید اور برگ حنا ایک ایک تولہ پانی میں بھگو دیں اس پانی سے پھٹکڑی کو کھرل کریں خشک ہونے پر داخل ترکیب کر لیں۔ میں نے ان شیاف کا خوب تجربہ کیا ہے آپ بھی مطب میں بنا کر رکھیں اور ٹکڑوں پر قدرے پانی میں گھس کر لگائیں۔

## (۲۹۳) ملتانی حکیم

ایک حکیم ملتان میں ہیں اور متعدد کتابوں کے مصنف اور طبیہ کالج ملتان کے پرنسپل بھی ہیں انہوں نے نہایت پیار اور محبت سے اپنا تجربہ آنکھوں کے لیے بتایا اور کہا کہ متواتر چالیس سال سے تیار کر کے فائدہ اٹھا رہا ہوں۔ کئی خراب مریض اس دوائی سے راضی ہو چکے ہیں۔ آپ بھی تیار کریں۔

**ھوالشافی :** برگ حنا ۵ تولہ۔ رسونت عمدہ ۵ تولہ۔ کچری لیموں ۳ تولہ۔ تمر ہندی ۵ تولہ۔ پوست خشخاش ۳ تولہ۔ انار دانہ ۳ تولہ۔ پھٹکڑی سفید پھلہ ۵ تولہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ لعاب کنوار گندل ایک پاؤ۔ سوائے افیون اور پھٹکڑی کے تمام ادویہ پانی میں بھگو دیں۔ آٹھ پہر کے بعد ہاتھوں سے مل کر پن لیں پھر اس محلول کو نرم آگ پر پکائیں جب غلیظ قوام ہو جائے تو پھٹکڑی اور افیون ملا لیں جب گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے تو اتار لیں۔ اب اس کے شیاف بنا لیں یا عرق گلاب دو آتشہ یا سہ آتشہ ایک بوتل میں حل کر لیں اور تیار کر کے ڈراپر سے ڈالا

کریں۔ یا شیاف کو عرق گلاب میں گھس کر سلائی سے لگایا کریں۔ آنکھوں کے اوپر ضماد بھی کر لیا کریں تو بھی بہتر ہے۔

**فوائد:** رمد چشم۔ آماس چشم۔ سوزش چشم۔ آشوب چشم نزلی۔ خاص کر گکروں کو لاجواب ہے۔ حکیم صاحب نے ذاتی طور پر مجھ کو محبت سے عطا فرمایا اور معمول مطب بنانے کو کہا یہ دن میں تین بار بھی ڈالا جا سکتا ہے اور انہوں نے فرمایا کہ ۵۰ سال سے استعمال کر رہا ہوں۔

## (۲۹۴) شاہترہ

مریضہ عمر ۴۰ سال نے مطب میں آ کر شکایت کی کہ آنکھوں پر پھنسیاں ہمیشہ ہوتی رہتی ہیں ایک کم ہوتی ہے تو دوسری تیار ہو جاتی ہے ایک عرصہ سے انہوں نے تنگ کر رکھا ہے علاج بتا دیں۔

**هوالشافی :** پوست نیم۔ چرائتہ۔ کشنیز خشک۔ گلو خشک۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ شاہترہ ایک ایک پاؤ۔ ان تمام میں مناسب پانی ڈال کر ۵ سیر عرق نکال کر دیا گیا۔ اور کہا کہ ۵۔۵ تولہ صبح و شام پی لیا کریں اور ساتھ یہ ضماد بھی تیار کر دیا۔

**هوالشافی :** گلیسرین ڈیڑھ تولہ۔ زنک اوکسائیڈ ایک تولہ ملا کر ڈبی میں بند کریں اور صبح و شام پلکوں کی پھنسیوں پر لگایا کریں یہ ضماد پلکوں کے ورم پھنسیوں خارش کو اکسیر ہے اور عرق خارش، فساد خون، پھوڑے، پھنسیاں، مصفی خون، دافع تپ ہے خارش ہر قسم کو مجرب ہے۔ اگر شربت عناب سے میٹھا کر کے پلائیں تو نہایت مجرب ہے۔ بس اس علاج سے اس مریضہ کی آنکھیں ٹھیک ہو گئیں اور تقریباً ۳۰ سال پیچھے زندہ رہی جب ملی علاج پر راضی ہوئی۔

## (۲۹۵) چاکسو

آنکھوں کے لیے چاکسو اور جست دونوں رحمت الٰہی ہیں پرانے زمانے میں گھر میں عورتیں چاکسو کا دارو بنا کر آنکھوں میں ڈالا کرتی تھیں۔ یہ شیاف بھی امراض چشم کو مجرب ہے میں نے خود تیار کر کے مفید پائی اور ایک بوڑھے حکیم نے بھی اس کی تصدیق کی۔

**هوالشافی :** چاکسو مدبر۔ سرمہ سیاہ ایک ایک تولہ۔ سمندر جھاگ۔ پھٹکڑی پھلہ۔ کشتہ جست۔ مصری کالپی ۶۔۶ ماشہ۔ رسونت ایک تولہ کو پانی میں حل کر کے تمام دوائیں اس میں کھرل کر کے شیاف بنالیں تیار ہیں۔ پانی میں گھس کر لگایا کریں امراض چشم کے لیے مفید

ہیں۔ کیونکہ چاکسو اور جست دونوں داخل ہیں۔ چاکسو کی پوٹلی باندھ کر دودھ ابلتے میں لٹکا دیں جب خوب گرم ہو جائے تو مل کر اوپر کا سیاہ چھلکا دور کر کے اندر کا زرد مغز نکال کر خشک کر لیں چاکسو کی پوٹلی باندھ کر بادیان کے پانی میں اُبال کر اس کا چھلکا دور کر کے اندر کا مغز خشک کر کے شامل کریں۔

## (۲۹۶) دیسی آئی لوشن

**ھوالشافی :** رسونت ۶ ماشہ۔ پھٹکڑی خام ۳ ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ لودھ پٹھانی ۳ ماشہ۔ کافور ۲ ٹکیاں۔ ہلدی خام ۲ ماشہ۔ برگ نیم خشک ایک ماشہ۔ عرق گلاب ۱۰ تولہ میں بھگو دیں دو روز کے بعد فلٹر کریں یا باریک کپڑے سے چھان لیں ڈراپر سے ڈالیں اس سے ہزار ہا بچوں اور بڑوں کو شفا ہو چکی ہے۔ ''الحکیم'' کے پرچے میں کسی صاحب نے رفاہ عامہ کے لیے نسخہ درج کروایا تھا نسخہ کے اجزا ہی گواہی دے رہے ہیں کہ یہ لاجواب نسخہ امراض آنکھ کو مجرب ہے۔

## (۲۹۷) دل محمد روڈ

ایک حکیم صاحب جو کہ طبیہ کالج کے فاضل تھے پھر نظریہ مفرد اعضا کے عامل ہو گئے لاہور دل محمد روڈ پر دکان کرتے تھے۔ اب وہ فوت ہو چکے ہیں ان کے داماد نے مجھ کو حکیم صاحب مرحوم کا معمول نسخہ وعمل عطا فرمایا۔

**ھوالشافی :** چھلکا ہلیلہ زرد۔ سونف۔ دھنیا دونوں کے چاول نکال کر ۵۔۵ تولہ باریک کر کے بادام روغن ۵ تولہ ملا کر شہد سہ چند سے معجون بنا دیں۔

**خوراک :** ۶۔۶ ماشہ صبح و شام۔ ہمراہ دودھ یا مناسب بدرقہ صبح کو تیل سرسوں انگوٹھے پر لگا کر آنکھ کے چاروں طرف مالش کریں اور ''یا نورُ یا بصیرُ'' پڑھتے جائیں اور سرمہ جو کہ اُن کا معمول ہے وہ رات کو آنکھ میں قدرے لگائیں وہ یہ ہے۔

## (۲۹۸) سرمہ کیکر

**ھوالشافی :** فلفل سفید ۲ تولہ۔ نیلا تھوتھا ایک تولہ۔ کوئلہ کیکر ٹہنی جو کہ اُنگل کے برابر ہو اس کے کوئلے آگ میں کریں اور داب دے کر بجھا دیں۔ ۹ تولہ عرق گلاب سے کھرل کر کے مثل سرمہ کریں یہ سرمہ آنکھوں کے امراض کو لاجواب ہے اس وزن کا تیار کریں تو نیلا تھوتھا

۱/۱۲ حصہ آئے گا۔ مجرب ہے۔

## (۲۹۹) کحل الجواہر خورد

پرانے زمانہ کے نسخوں میں کحل جواہر کے نام سے کئی نسخے ہیں جن کے اجزا آج کل نایاب ہیں کئی ملتے ہی نہیں اب ایک نسخہ جس کے اجزا مل جاتے ہیں۔ تیار کرلیں یہ کحل الجواہر کا کام دے گا ایک صاحب نے بڑے وثوق سے پیش کیا ہے۔

**ھوالشافی:** ایک تولہ سرمہ سیاہ لے کر آب کیلا میں کھرل کریں رات کو تازہ پانی کنویں کا ڈال دیں اور شبنم میں رکھ دیں صبح کو نتھار کر پھر آب کیلا سے کھرل کریں اور شام کو اور تازہ پانی ڈال کر شبنم میں رکھ دیں صبح نتھار کر پھر اسی طرح کریں۔ پھر پارہ صاف ایک ماشہ۔ ورق نقرہ ۱۰ عدد۔ ورق سونا ۵ عدد۔ مروارید ناسفتہ ایک ماشہ ملا کر اتنا کھرل کریں کہ سرمہ بن جائے اس کا کوئی نام رکھ لیں اس کو تیار کریں یہ آنکھوں کی کمزوری کو دور کر کے عینک اتار دے گا انشاء اللہ یہ کحل الجواہر خورد ہے۔

## نکات مطب

امراض چشم میں قبض دور کرنا مفید اثر ہے اگر نزلہ ہو اس کا علاج کریں۔ دماغ کمزور ہو تو اس کا علاج کریں۔ اگر خون خراب ہو تو اس کو صاف کریں۔ اطریفل کشنیز۔ اطریفل اسطوخودس۔ اطریفل زمانی۔ اطریفل ملین۔ بصورت قبض۔ بصورت کمزوری دماغ خمیرہ گاؤزبان سادہ یا عنبری یا جواہر والا یا امراض دماغ میں جو حریرے نقل کیے ہیں ان کا پلانا بھی مفید ہے کشتہ مرجان سادہ یا جواہر والا بھی کمزوری دماغ کی حالت میں دیں۔ کمی خون میں شربت فولاد کا پلانا۔ خرابی خون میں اطریفل شاہترہ۔ عرق منڈی ۷ تولہ میں شربت عناب ۲ تولہ ملا کر پلانا۔ گوہانجنی میں گندھک مدبر ایک ماشہ۔ شربت بنفشہ ایک تولہ میں ملا کر کھلانا۔ موسم سرما میں شہد ایک تولہ میں ملا کر کھانا شربت مصفی خون پلانا۔ حب تنکار سے قبض کشائی کرنا درد چشم ورم چشم اور ککروں کا زور توڑ دیتا ہے۔ جماع سے پرہیز رکھنا۔ مرکبات میں سے اطریفل منڈی۔ اطریفل بادیان۔ کھانا بھی مجرب ہیں۔

## (۳۰۰) نسخہ اطریفل منڈی

**ھوالشافی:** ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ۔ کشنیز خشک۔ برگ شاہترہ۔ اصل

السوس۔ اسطوخودوس ایک ایک تولہ۔ گل منڈی کل کے برابر۔ بادام روغن سے چرب کرکے سہ چند شہد سے قوام کریں۔

**خوراک:** ایک تولہ آنکھ کی پرانی سرخی اور دیگر امراض چشم کو مفید ہے۔

## (۳۰۱) اطریفل بادیان

آنکھ کے جملہ امراض میں اس کی مداومت مفید ہے حفظ ما تقدم استعمال کرنا امراض چشم سے آرام رہتا ہے۔

**نسخہ:** پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ کشنیز خشک۔ گل سرخ۔ صعتر فارسی۔ ایک ایک تولہ۔ سونف کل کے برابر۔ بادام روغن سے چرب کرکے سہ چند شہد سے قوام بنادیں۔

**خوراک:** ایک ایک تولہ۔

## (۳۰۲) اطریفل فولادی

امراض آنکھ ابتدائے نزول الماء اور شقیقہ وعصابہ۔ کمزوری بصر۔ کمی خون۔ بواسیر ہر دو قسم کو مجرب ہے۔

**هوالشافی:** کشتہ فولاد ۲ تولہ ۴ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ ۴ ماشہ۔ مویز منقی ۱۴ ماشہ۔ نمک لاہوری ۱۴ ماشہ۔ فلفل دراز ۴ ماشہ۔ ستاور ساڑھے ۳ تولہ۔ ملٹھی ۴ تولہ ۸ ماشہ۔ آملہ۔ بادام روغن ۵۔۵ تولہ۔ مصری ۲۰ تولہ۔ شہد ۳۰ تولہ۔ قوام کر کے ملالیں۔

**خوراک:** ۵۔۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان میں نے یہ اطریفل تیار کی نہایت لذیذ ہے۔

## (۳۰۳) شربت منڈی

منڈی کے متعلق مشہور ہے کہ ایک دانہ کھانے سے ایک سال آنکھ نہیں دکھتی ایک صاحب کی ایک آنکھ تھی وہ ہر سال دکھنے آجاتی میں نے گل منڈی ایک پاؤ کھانڈ تین پاؤ کا شربت بنا کر دیا اور ہدایت کی کہ صبح وشام پی لیا کریں۔ اس سے اس کی آنکھ دکھنا بند ہوگئی۔ ۶ ماہ کے بعد ایک بوتل بنادیتا تھا۔ ایک صاحب کی آنکھ سے اپریشن کے بعد پانی نہ تھمتا تھا تو میں نے یہ خمیرہ بنادیا

## (۳۰۴) خمیرہ

**ھوالشافی:** گل منڈی ایک پاؤ کو رات کو دو سیر پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں ایک سیر رہ جائے پھر پن کر ایک سیر کھانڈ ملا کر قوام کریں اس میں مغز بادام مقشر ایک پاؤ۔ گھی دیسی ایک پاؤ ملا کر گھوٹ کر رکھ لیں۔

**خوراک:** ۵۔۵ تولہ صبح و شام کھلانا شروع کیا اس سے آنکھ کا پانی تھم گیا نظر بحال ہوگئی یہ میں نے ہی تجویز کیا تھا کئی مریضوں کو بنا کر دیا اس کے استعمال سے آنکھ کا بار بار آنا اور کمزوری بصر کو فائدہ ہوا۔ میں آپ کے سامنے تمام عمر کے مجربات پیش کر رہا ہوں آگے فائدہ اٹھانا آپ کا کام ہے۔

## (۳۰۵) سونف

سونف کے متعلق مشہور ہے اس کا کھانا مفید ہے چنانچہ سلمٰی ستاروں کا کام کرنے والے ہر وقت سونف چباتے رہتے ہیں۔ اگر سونف کے پودے کے پانی میں سرمہ کھرل کر کے رکھیں تو آنکھ میں ڈالنا آنکھ کو مفید ہے کئی آدمیوں کا تجربہ ہے۔ سونف کے پودے پر شبنم اتار کر اس میں سرمہ رگڑ کر لگانا ایک صاحب نے تیار کیا ہوا دکھایا اور کہا مقوی بصر ہے۔

## (۳۰۶) حکیم اسحاق

حکیم شریف خان صاحب مرحوم اطریفل کشنیز قرابادینی امراض آنکھ میں تجویز کرتے تھے۔ لیکن حکیم اسحاق بن عمران جو کہ اپنے وقت کے نامور طبیب گذرے ہیں۔ انہوں نے یہ معجون تجویز کی تھی۔ شب کوری امراض معدہ و چشم میں اس کا استعمال مفید ہے۔

**ھوالشافی:** ہلیلہ سیاہ۔ چھلکا ہلیلہ کابلی۔ چھلکا ہلیلہ زرد۔ آملہ۔ چھلکا بلیلہ۔ ۲۔۲ تولہ۔ سنڈھ۔ دار چینی۔ مگھاں۔ جڑ پان۔ بالچھڑ۔ تیز پات۔ تج۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ شقاقل۔ لونگ۔ چتہ۔ اندر جو۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ۷۔۷ ماشہ۔ خشخاش سفید۔ تل سفید ہر ایک ۱۰۔۱۰ ماشہ۔ مغز بادام شیریں و تلخ ۳۔۳ ماشہ۔ جائفل۔ سونف۔ سوئے۔ سونف رومی مصطگی ۷۔۷ ماشہ۔ پودینہ خشک ۷ ماشہ۔ تربد صاف سوا تولہ۔ قند سفید ۹ تولہ۔ بادام روغن ۲ تولہ۔ شہد ایک سیر ملا کر رکھیں۔ چالیس دن کے بعد ۵ ماشہ سے ۸ ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان

۱۰ تولہ سے دیں دماغی امراض کے جس میں آنکھ نزلہ وزکام مزمن۔ نسیان۔ سردرد مزمن۔ کمزوری دماغ کے لیے مفید ہے۔

## (۳۰۷) کم خرچ سرمہ

سرمہ سیاہ ڈھائی تولہ۔ دانہ الائچی سفید ۳ ماشہ باریک کر کے ۵ تولہ سونف کو کوٹ کر ۱۰ تولہ پانی میں رات کو بھگو کر صبح کو جوش دیں پانی ۵ تولہ رہ جائے تو پن کر اس پانی سے سرمہ کو کھرل کریں یہ بینائی کو تیز کرنے والا سرمہ ہے۔ پانی بہنا کو بھی مفید ہے۔

## (۳۰۸) اکسیری دوا

ایک دواخانہ کا راز ہے جس کو وہ کئی سال سے اشتہاروں کے ذریعہ فروخت کر رہا ہے ککروں اور آشوب چشم میں لاجواب ہے۔

**ھوالشافی :** سیماب انگریزی ایک تولہ۔ سہاگہ پھلہ ایک تولہ۔ ملتانی مصری ایک تولہ۔ افیون ۴ رتی۔ خوب باریک کریں رات کو پپوٹے الٹ کر ایک چاول ڈال دیں صبح کو آرام ہوگا اس طرح ککروں پر لگانا بھی مجرب ہے صبح تک آشوب چشم کو آرام ہوگا۔

## (۳۰۹) کیلومل

ایک سرمہ جس کا میں نے پاکستان بننے سے پہلے اور قدرے بعد بھی تجربہ کیا۔ جس کو دیا اس نے ہی تعریف کی۔ لیکن اب مشکل یہ ہے کہ کیلومل نہیں ملتا اگر مل جائے تو سرمہ لاجواب ہے۔ ایک شخص کی آنکھ میں قاضی دستار کا دودھ غلطی سے لگ گیا آنکھ میں آگ سی لگ گئی سرمہ ڈالا فوراً آرام آ گیا۔ نہایت مجرب ٹھنڈا سرمہ ہے کئی بار تجربہ کیا۔

**ھوالشافی :** کیلومل ۳ ماشہ۔ زنک اوکسائڈ ۶ ماشہ۔ بورک ایسڈ ڈیڑھ تولہ۔ ست پودینہ ۴ رتی باریک کریں۔ دھند جالا۔ پانی بہنا۔ ککرے کو مجرب ہے۔

## (۳۱۰) چٹکلہ

ایک چٹکلہ اگر آنکھ میں آشوب ہو یا اور کوئی مرض ہو جس سے اصل مرض کو آرام ہو لیکن آنکھ اچھا کام نہ کرتی ہو تو مرچ سیاہ ۱۵ عدد کوٹ کر گھی میں ملا کر کھائیں تو صبح کے کھانے سے شام تک آنکھ کھل جائے گی میں نے کئی آدمیوں کو بتایا بلکہ ایک دفعہ خود بھی اس کا تجربہ کیا

جس سے مجھ کو فوراً آرام آ گیا مقوی بصر بھی ہے۔ کھانڈ بھی ملا لیں۔

## (۳۱۱) سرمہ کامل

ایک شخص ہمیشہ عینک لگا کر اخبار پڑھتے تھے لیکن ایک دن وہ عینک کے بغیر اخبار پڑھ رہے تھے تو اس کے ایک دوست نے کہا کہ آج عینک کے بغیر اخبار پڑھ رہے ہو تو اس نے کہا کہ ایک نسخہ سرمہ کامل گیا ہے تیار کیا ہے اور استعمال کیا ہے کہ نظر تیز ہو گئی ہے۔

ھوالشافی: سرمہ سیاہ ۲ تولہ۔ مرچ کالی ۵ دانے۔ ہرڑ زرد ۲ عدد۔ اخروٹ ۲ عدد۔ دونوں کو جلا کر مرچ سیاہ اور سرمہ ملا کر کھرل کریں تیار ہے جب سے مجھ کو یہ ملا تو میں نے اپنی لائبریری سے نسخہ کی تلاش کی تو نسخہ مل گیا کم خرچ بالا نشین ہے۔ آیورویدک نسخہ ہے۔

## (۳۱۲) سرمہ مقوی بصر

ایک مشہور و معروف دواخانہ اس کو تیار کر کے ان الفاظ سے اشتہار دے کر فروخت رہا ہے کہ اس کے استعمال سے قوت بصارت کبھی کمزور نہیں ہوتی بلکہ عینک بھی اتر سکتی ہے کم خرچ ہے اور اس کے اجزا بھی نایاب نہیں۔

ھوالشافی: کشتہ جست ۴ تولہ۔ سرمہ سیاہ ۲ تولہ۔ پھٹکڑی سفید پھلہ ۲ تولہ۔ صدف مرواریدی سوختہ۔ مرجان سوختہ۔ نبات سفید ایک ایک تولہ۔ ورق نقرہ ۱۱۰ عدد جملہ ادویہ باریک کر کے عرق سونف تیز۔ عرق گلاب تیز سے اس قدر کھرل کریں کہ سرمہ بن جائے تیار ہے۔ صبح و شام لگایا کریں۔

## (۳۱۳) کحل مقوی چشم

ھوالشافی: سرمہ سیاہ ۵ تولہ۔ سکہ (سیسہ) صاف ڈیڑھ تولہ۔ پارہ صاف ایک تولہ۔ ست پودینہ ایک ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ سکہ کو گلا کر پارہ میں ملا لیں کہ کٹکہ بن جائے پھر دوسری ادویہ ملا کر کھرل کریں کہ سرمہ بن جائے آنکھوں میں ٹھنڈک پیدا کرتا ہے پانی جانا خارش دھند غبار کو مفید ہے۔ مشہور معروف دواخانوں کا اشتہاری نسخہ ہے اور میں نے بھی اس کو تیار کیا ہوا ہے ضرورت مندوں کو دیا جاتا ہے۔ چیز تعریف کے لائق ہے۔

## (۳۱۴) سبز دارو

ھوالشافی: نوشادر۔ پھٹکڑی۔ شورہ قلمی ۴۔۴ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۴ رتی۔ باریک کر کے تانبہ

کی تھالی میں ڈال کر کھٹی لسی ڈال کر تانبہ کے دستے سے رگڑنا شروع کریں آٹھ پہر کے بعد کھرل کرنا بند کر کے خشک کر لیں اور سرمہ کی طرح باریک کر کے رکھیں پلکوں کو الٹا کر ذرا سی دوائی مل دیں یہ عمل صبح وشام کریں۔ پرانی سے پرانی تکلیف ککروں کی اس سے دور ہو جائے گی اگر دوائی زیادہ لگے تو ایک بار ہی لگا دیں یا کبھی کبھی لگایا کریں۔ اس سے ککرے پانی بن کر بہہ جائیں گے۔ انشاء اللہ ایک مشہور آدمی نے اس کو مجرب کہا ہے نئے ککروں میں نہ لگائیں۔

## (۳۱۵)

ایک خاندان آنکھ پر چوٹ کے علاج میں مشہور تھا وہ مریض آئے تو اندر سے جا کر آنکھ کو ایک چیز سے دھو دیتے اور آنکھ کے اندر بھی ڈال دیتے مریض کو فوراً آرام آجاتا وہ کسی کو نہ بتاتے آخر یہ بھید بھی کھل گیا صرف کھانے کے نمک کو پوٹلی میں باندھ کر نیم گرم پانی میں پھیر کر اس کو آنکھ پر ڈالتے اور اندر بھی ڈال دیتے جس سے مریض کو فوراً آرام آجاتا یہ واقعہ ''پیام صحت'' میں چھپا تھا۔ جس سے خدا جانے کتنے آدمی شفایاب ہو چکے۔ زخم آنکھ کو بھی آرام آجاتا ہے۔

## (۳۱۶) دارو اکسیر

یہ ایک لاجواب نسخہ ہے جس کو میں نے تیار کر کے فائدہ اٹھایا ہے۔

**ھوالشافی:** افیون خالص ۳ ماشہ لے کر اس کی رتی رتی کی گولیاں بنالیں ایک تولہ جست لے کر کڑاہی میں ڈال کر لوہار کی دکان پر لے جا کر آگ پر رکھیں۔ جب اس سے سبز رنگ کی لاٹ نکلنے لگے تو افیون کی گولی اس میں ڈال دیں اور ہلاتے رہیں اس طرح سب افیون ختم کر دیں پھر اس کو کپڑے میں پن کر کانسی کے برتن میں کانسی کے کٹورے سے رگڑیں کہ سیاہ ہو جائے اس کو آنکھ میں لگا دیں اس سے رمد چشم۔ سرخی۔ ورم دور ہو جاتا ہے بے ضرر ہے ہر قسم کے مزاج کے موافق ہے درد چشم دور ہو جاتی ہے اگر اس سے ایک ماشہ لے کر ایک تولہ سرمہ سیاہ میں کھرل کر کے رکھیں تو بچوں، بوڑھوں کی آنکھوں سے جو گیدھ آتی ہے دور ہو جاتی ہے اور بچوں کو روزانہ ڈالنے میں پانی جانا آنکھ دکھنے والوں کو آرام دیتا ہے۔ اگر بغیر افیون کے کشتہ بنایا جائے تو کانسی کے تھال میں کانسی کے کٹورے سے رگڑ کر تیار کیا جائے تب بھی مفید

ہے۔

## (۳۱۷) حلوہ

آنکھوں کے امراض میں یہ حلوا بھی مجرب ہے۔

**ھوالشافی :** گل منڈی۔ سونف۔ کشنیز خشک ۵۔۵ تولہ۔ روغن زرد میں بریاں کریں پھر کھانڈ ایک پاؤ کا گاڑھا قوام کر کے ملالیں۔

**خوراک :** ہر روز ۱۔۱ تولہ صبح و شام کھلایا کریں۔ اگر آنکھ میں کوئی چیز پڑ جائے تو گھی یا روغن زیتون یا تیل میٹھا یا گلیسرین دو دو قطرے ڈالیں تو چیز نکل جائے گی یا کسٹرائیل صاف سلائی سے لگائیں۔

## (۳۱۸) مازو

اور پرانے زمانے کے حکما نے لکھا ہے کہ اگر مازو باریک کر کے یا لونگ موٹے سر والے مثل سرمہ باریک کر کے پلکوں کو الٹ کر اس پر چھڑک دیا جائے کہ پلک الٹی رہے اور مازو یا لونگ کا پوڈر لگا رہے تو پرانے سے پرانے ککرے دور ہو جاتے ہیں۔

## (۳۱۹) جالینوس

جالینوس اور اس کے ہم عصر اطباء کا نسخہ ککرے بہت زیادہ بڑھ گئے ہوں کہ آنکھوں پر ورم آ جائے تو زنک اوکسائیڈ گلیسرین میں ملا کر لگا دیں ورم دور ہو گا۔ اور آئی آنکھ پر خواہ کتنی تکلیف ہو ورم سوجن سرخی ہو تو یہ لوشن ڈالیں۔

## (۳۲۰)

ایک صاحب نے ایک دوائی آنکھ میں ڈالنے والی ''الحکیم'' کے پرچہ میں لکھی اور کہا کہ ہزار ہا مریضوں پر تجربہ کیا ہے۔

**ھوالشافی :** رسونت عمدہ ۶ ماشہ۔ پھٹکڑی خام ۳ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ لودھ پٹھانی ۳ ماشہ۔ کافور ۲ ٹکیاں۔ ہلدی خام ۶ ماشہ۔ برگ نیم خشک ایک ماشہ۔ عرق گلاب ۱۰ تولہ میں دو روز بھگو کر فلٹر کریں سرد جگہ رکھیں صبح و شام آنکھ میں ٹپکا دیں اس سے ورم، سرخی، ککرے دور ہو کر آرام ہو گا۔

## (۳۲۱) شیاف وردی

گل سرخ ۱۵ ماشہ۔ کیسر ۸ ماشہ۔ افیون ۱۰ ماشہ۔ سنبل الطیب ۲ ماشہ۔ گوند کیکر ایک ماشہ۔ بارش کے پانی سے رگڑ کر شیاف دیں۔ یا پانی میں رگڑ کر آنکھ میں لگا دیں شدید سے شدید درد آنکھ کو دافع ہے اگر دستکاری کے بعد بھی درد ہو تب بھی لاجواب ہے۔ نیز اطریفل کشنیز ۶ ماشہ۔ ایارج فیقرا ۴ رتی ملا کر کھلا دیں اور ماتھے پر یہ ضماد لگا دیں۔

## (۳۲۲) تخم کاہو

**ھوالشافی:** تخم کاہو۔ افیون۔ اجوائن خراسانی۔ مرمکی۔ گوند کتیرا ایک ایک تولہ۔ اس کا ضماد تیار کریں یا اطریفل کشنیز ایک تولہ حب ایارج ایک ماشہ ملا کر کھلائیں شقیقہ وعصابہ امراض چشم، امراض کان وامراض دماغ کو قرابادین مجددی والے کا لاجواب مجرب ہے۔ مایوس سے مایوس مریضوں، کا علاج اس طریقہ سے کیا گیا اور کامیابی ہوئی۔

## (۳۲۳) پرانے کگروں کا لاجواب دارو

نمک شیشہ۔ نیلا تھوتھا۔ پھٹکڑی سفید ایک ایک تولہ۔ ایک سیر پانی میں پکائیں۔ لیکن برتن لوہا چینی کا ہو۔ آدھارہ جانے پر پانی مقطر کریں اور اگر چھ ماشہ رسونت بھی ڈال دیں تو رنگت بھی ٹھیک ہو جائے گی اس کو ڈراپر سے ہرگز نہ ڈالیں بلکہ رات کو لکڑی یا چاندی کی سلائی سے لگائیں۔ جب آنکھوں سے پانی خوب خارج ہو جائے تو سرچو سے گلیسرین یا ویزلین لگائیں اور سو رہیں چند روز میں پرانے سے پرانے کگرے دور ہوں گے۔ سوائے موتیابند کے ہر مرض میں مفید ہے۔

## (۳۲۴) لاجواب دوائی

افیون ایک ماشہ۔ نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔ گلیسرین ۲ تولہ میں اس قدر کھرل کریں کہ محلول بن جائے اس کو صاف شیشی میں رکھیں اس میں سلائی ڈبو کر صبح و شام لگانے سے پرانے کگرے تحلیل ہو جاتے ہیں۔

## (۳۲۵) توتیائی اکسیر

نیلا تھوتھا ۴ رتی مثل سرمہ باریک کریں اور ویزلین صاف ڈھائی تولہ میں باریک

کھرل کر کے ملا لیں۔ اس کو سلائی سے قدرے صبح و شام لگایا کریں اس سے پرانے ککرے ٹھیک ہوں گے کیونکہ حذاق کا قول ہے کہ نیلا تھوتھا ککروں کے لیے لاجواب اکسیر ہے آپ بھی بنا کر ڈال لیا کریں مجرب ہے۔

## (۳۲۶) آب چونا

اگر آنکھ میں گرم تیل یا اور کوئی چیز پڑ جائے جس سے آنکھ کو گرمی پہنچ جائے یا جل جائے تو آب چونا میں روغن السی یا روغن کنجد یا زیتون مساوی وزن ملا کر ڈالیں تو جلن فوراً دور ہو گی اور آنکھ بچ جائے گی۔

## نکات مطب

روزانہ مسواک کرنا اور آنکھوں میں تازہ پانی صبح آنکھوں کو اندر سے دھونا بصارت کو تیز کرنے کا لاجواب عمل ہے میرا ۶۰ سال سے روزانہ کا عمل ہے۔

❀❀❀

# نزلہ زکام

نزلہ زکام یہ ایک عام مرض ہے۔ نزلہ حلق پر گرتا ہے اور زکام ناک سے پانی آتا ہے جلن ہوتی ہے بخار ہو جاتا ہے چند دن کے بعد گاڑھا ہو جاتا ہے جم جاتا ہے رطوبت آنے والی زرد یا سبز ہو جاتی ہے۔ اس کو معمولی نہ سمجھیں اس سے بڑے بڑے امراض جنم لیتے ہیں لہٰذا اس کا علاج جلدی کریں لہٰذا اس کے لیے میں تمام عمر کے مجربات اور حکمائے مشہور کے مجربات اور اقوال آپ کے سامنے پیش کروں گا۔

**(۳۲۷)**

ایک دفعہ نزلہ زکام کی عام شکایت سردیوں میں ہوئی تو اس کے لیے ایک طبیب یہ نسخہ بتاتا رہا حتیٰ کہ مجھ کو بھی یہ ہی بتایا جس سے تمام مریضوں کو اور مجھ کو بھی آرام آ گیا۔

**ھوالشافی:** عناب ۵ دانے۔ لسوڑیاں ۹ دانے۔ بہی دانہ ۳ ماشہ پانی میں جوش دے کر چھان کر شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر صبح پلا دیں شام کو پھر جوش دے کر شربت بنفشہ ملا کر پلانا پہلے دن میں ہی آرام آ جاتا ہے۔ سوزش ناک وحلق درست ہو جاتی ہے بخار اتر جاتا ہے سینکڑوں مریض اس سے راضی ہوئے۔

**(۳۲۸)**

اگر نزلہ وزکام گاڑھا ہو جائے تو۔

**ھوالشافی:** گل بنفشہ ۷ ماشہ۔ عناب ۵ دانے لسوڑیاں ۹ دانے۔ گاؤزبان ۵ ماشہ۔ تخم خطمی ۷ ماشہ۔ تخم خبازی ۷ ماشہ۔ ملٹھی مقشر ۵ ماشہ۔ پانی میں جوش دے کر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملا کر صبح وشام پلانا جو کہ نیم گرم ہو اور اگر بخار بھی ہو تو خوب کلاں ۷ ماشہ چھڑک کر پلانا نزلہ زکام کا لاجواب علاج ہے۔ چند دن پلانے اور سرد اشیاء سے پرہیز کرنے سے نزلہ وزکام اور اس سے ہونے والی کھانسی بھی دور ہو جاتی ہے مجرب ہے۔

**(۳۲۹) خمیرہ بنفشہ**

گل بنفشہ تین چھٹانک لے کر تین سیر پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں ایک سیر رہ

جانے پر چینی ڈیڑھ سیر ملا کر شربت سے گاڑھا قوام بنا کر نیچے اتار کر مسد سے گھوٹ لیں کہ سفید ہو جائے تیار ہے قبض کو دور کرتا ہے اور سینہ اور حلق کے امراض میں مجرب ہے دراصل میں شربت بنفشہ ہی ہے اور بنفشہ نزلہ وزکام میں اکسیر ہے۔ اور اگر اس کو ملین بنانا ہو تو اس طرح بنائیں۔

## (۳۳۰) سپستان

گل بنفشہ ۵ تولہ۔ سنا مکی ۵ تولہ۔ عناب ۱۰ دانے۔ لسوڑیاں ۱۵ دانے۔ خطمی ۴ تولہ۔ خبازی ۴ تولہ۔ ملٹھی ۳ تولہ۔ گاؤزبان ۴ تولہ۔ دو سیر پانی میں بھگو کر جوش دیں۔ آدھارہ جانے پر دو سیر کھانڈ ملا کر قوام بنا دیں پھر مغز فلوس خیار شنبر ۱۰ تولہ۔ عرق بادیان میں بھگو رکھیں اور پن کر شربت کے قوام میں ملا لیں اب شربت رکھیں یا خمیرہ کے قوام پر لے جا کر خمیرہ بنا لیں۔

**فوائد:** کھانسی، نزلہ وزکام، بخار، دردسر، دردچشم وغیرہ میں مفید ہے اور قبض دور کرتا ہے میں کہتا ہوں کہ یہ نسخہ اگر تیار کریں تو نزلہ وزکام، بخار، نمونیہ، کھانسی، قبض اور سینہ کے امراض میں اور نسخے کی کم ہی ضرورت ہو گی کیونکہ یہ امراض سینہ کو لاجواب مجرب ہے اور بڑے حکما کا معمول مطب ہے۔

## (۳۳۱) تخم دھتورہ

جب نزلہ بالکل پتلا ہو اور ناک آنکھوں سے پانی جاری ہو تو یہ گولیاں اکسیر اعظم ہیں۔

**ھوالشافی :** اجوائن خراسانی۔ سنڈھ۔ تخم دھتورہ ایک ایک تولہ۔ ہمراہ شہد یا لعاب گوند سے گولیاں بنا کر ایک ایک عدد صبح وشام ہمراہ مناسبہ بدرقہ سے کھلائیں فوری طور پر پتلا نزلہ گاڑھا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے معمول مطب ہے۔

## (۳۳۲) ملٹھی

ایک حکیم صاحب کی بیاض سے نسخہ ملا۔ جو کہ تجربہ پر لاجواب ثابت ہوا نزلہ کو گاڑھا کر دیتا ہے پتلی بلغم کو فوراً قوام پر لے آتا ہے۔

**ھوالشافی :** ملٹھی ۲ تولہ۔ عناب ۳ تولہ۔ لسوڑیاں ۱۰۰ دانہ۔ بنفشہ ۳ تولہ۔ گاؤزبان ۳ تولہ۔ خشخاش ۵ تولہ۔ کوکنار ۳ تولہ۔ پانی ڈیڑھ سیر ڈال کر پکا کر تین پاؤ ڈال کر شربت بنا دیں ۲-۲ تولہ صبح وشام دوپہر پانی تازہ یا نیم گرم پلانا فوراً پتلی بلغم کو گاڑھا کر دیتا ہے گلے کی خراش کم ہو جاتی ہے کھانسی کو آرام آ جاتا ہے یہ ایک ایسا لاجواب مجرب ہے تمام نسخہ جات کو چھوڑ

کر پتلی بلغم میں اس کو معمول بنانا چاہیے۔ معمول مطب ہے۔

## (۳۳۳) شربت خشخاش

اس کے علاوہ شربت خشخاش اور شربت زوفا قرابادینی ۲۔۲ تولہ ملا کر پلانا بھی ایک صاحب کا خاندانی مجرب ہے۔ پتلی بلغم کو گاڑھا کر کے فوراً آرام کی صورت پیدا ہو جاتی ہے بخار اتر جاتا ہے۔

## (۳۳۴) خاندانی حکیم

ایک صاحب جو کہ خاندانی حکیم تھے نزلہ زکام و کھانسی کے لیے ان سے اپنا لاجواب جوشاندہ تھا جو کہ ان کا تمام عمر کا معمول مطب تھا بنوایا اور کہنے لگے کہ اس سے ۶۔۶ ماہ کا بگڑا ہوا نزلہ دور ہو جاتا ہے اس کا مناسب وزن ادویہ ڈال کر شربت بھی بنایا جا سکتا ہے۔

**ھوالشافی :** گاؤزبان ۵ ماشہ۔ بنفشہ ۶ ماشہ۔ ملٹھی ۵ ماشہ۔ سونف ایک تولہ۔ منقیٰ ایک تولہ۔ انجیر چار دانے۔ عناب ۵ دانے۔ آدھ سیر پانی میں جوشا کر دن میں تین بار نیم گرم پلا دیں یہ ایک دن کا وزن ہے اسی مقدار میں ادویہ ملا کر شربت بھی بن جاتا ہے حکیم صاحب نے اس سے کئی علاج کیے۔

## (۳۳۵) شربت بنفشہ

اس کے علاوہ تین بڑے حکماء نے مجھ سے بیان کیا کہ شربت بنفشہ ۵ تولہ یا ۷ تولہ بنفشہ ڈال کر ایک بوتل شربت تیار کیا جائے تو نزلہ و زکام کھانسی کے لیے یہ ہی کافی ہے میرے خود تجربہ میں آیا ہے کہ شربت بنفشہ مفرد بھی موسم گرما میں تازہ پانی ڈال کر اور موسم سرما میں نیم گرم پانی ڈال کر پلانا اکسیر اعظم ہے۔

# نزلہ

یہ ایک مشہور مرض ہے۔ اس میں حلق یا ناک میں رطوبت گرتی ہے ساتھ بخار بھی ہو جاتا ہے۔ پہلے پتلا پانی خارج ہوتا ہے ناک یا گلے کے اندر جلن ہوتی ہے پھر گاڑھا ہو جاتا ہے۔ رطوبت جم جاتی ہے اس کا رنگ زرد یا سبز ہو جاتا ہے۔ پرانا ہو جائے یا مدت تک رہے تو ناک کے اندر مسے پیدا ہو جاتے ہیں ہڈی بڑھ جاتی ہے۔ ناک کے اندر کیڑے پڑ جاتے ہیں۔ ناک کی دیوار ٹیڑھی ہو جاتی ہے۔ زخمی ہو جاتی ہے ورم بھی کر جاتی ہے رات کو ناک بند

ہو جاتی ہے اگر علاج مکمل نہ ہو تو کھانسی، دمہ، ٹی بی، عام کمزوری ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اس کو معمولی نہ سمجھیں اور علاج کی طرف جلدی متوجہ ہوں تمام عمر کے تجربات حاضر ہیں۔ اور اشتہاری نسخے یا جو دوستوں کے مجربات تمام حاضر ہیں۔ مؤلف۔

## اصول علاج

اگر نزلہ پتلا ہو تو گاڑھا کریں اگر گاڑھا ہو تو پتلا کریں۔ مزمن مرض میں کمزوریٔ دماغ، کمزوری ہاضمہ اور قبض کو دور کرنے کی کوشش کریں۔ انشاء اللہ آپ مزمن سے مزمن نزلہ کا کامیاب علاج کر سکیں گے انشاء اللہ۔

## (۳۳۶) تریاق نزلہ

پرانے اطبا نے ایک نسخہ تریاق نزلہ کے نام سے لکھا ہوا ہے اس کو تمام دواخانے تیار کرتے ہیں لاجواب نسخہ ہے اگر بلغم کا منضج کر کے مسہل دے کر تریاق نزلہ کو استعمال کیا جائے تو پرانے حکما کا بیان ہے کہ اس کے بعد بیس بیس سال نزلہ نہیں ہوتا۔

**ھوالشافی:** اسطوخودوس ۵ ماشہ۔ گل گاؤزبان۔ کشنیز خشک۔ حب آس ہر ایک دس، دس تولہ۔ تخم کاہو۔ اجوائن خراسانی۔ کوکنار ۳۰۔ ۳۰ تولہ۔ خشخاش سفید ۴۰ تولہ۔ آٹھ ادویہ کو کوٹ کر پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں پھر پن کر پونے چار سیر چینی ملا کر قوام گاڑھا کریں۔ پھر سرد ہونے پر گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ رب السوس۔ نشاستہ گندم۔ گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ مرکی ۵۔ ۵ تولہ باریک کر کے ملا دیں۔

**خوراک:** ۶۔ ۶ ماشہ۔ عرق گاؤزبان ۱۰۔ ۱۰ تولہ۔ شربت خشخاش ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔

## نکات مطب

یہ کتابوں میں نہیں ہے نشاستہ کو گھی میں تل کر ڈال لیں ورنہ جلدی پھپھوندی آ جائے گی اس نسخہ سے گرم و سرد نزلہ دونوں دور ہو جاتے ہیں کھانسی کو لاجواب ہے آنکھوں سے پانی بہنا دردِ سر نزلی بھی دور ہو جاتا ہے۔ ایک صاحب اشتہار دے کر اور ایک خاص نام رکھ کر فروخت کر رہے ہیں لاجواب مجرب ہے۔ تمام یونانی دواخانوں میں تیار ملتا ہے اگر پورے اجزا ڈال کر بنایا جائے تو اور نسخہ جات سے بے نیاز کر دیتا ہے۔

## (۳۳۷) حب شفا قرابادینی

یہ بھی ایک عام چیز ہے۔ لیکن تجربہ میں لاجواب ثابت ہوئی ہے کئی صاحب اس کو اور نام دے کر فروخت کر رہے ہیں نزلہ وزکام، بلغم، کھانسی، بخار میں لاجواب ہے کئی آدمی پاؤڈر بنا کر کیپسول میں بند کر کے دیتے ہیں۔

**ھوالشافی :** تخم دھتورہ ۳ تولہ۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔ سنڈھ ایک تولہ۔ گوند کیکر ایک تولہ۔ گولیاں چنے کے برابر بنالیں۔ ۱۔۱ گولی صبح وشام ہمراہ پانی مناسب بدرقہ۔ بخار نوبتی کو روکتی ہیں۔ امراض باردہ کو لاجواب ہیں۔ ایک تجربہ کار لکھتے ہیں کہ ایک آدمی کے بال ۱۷ سال میں سفید ہو گئے اس کو یہ گولیاں چار ماہ تک متواتر کھلائی گئی تو بال از سر نو سیاہ ہو گئے۔ دائمی سر درد کو بھی لاجواب ہیں۔ ایک صاحب فرماتے ہیں کہ پہلے نزلہ سے دمہ تھا۔ مریض کو یہ گولیاں ایک ماہ کھلائی گئیں تو دمہ دور ہو گیا میں نے بھی ایک بوڑھے شخص کو دی تھیں اس کا پرانہ دمہ دور ہو گیا۔ لاجواب مرکب ہے۔

## (۳۳۸) اضافہ

سابقہ نسخہ میں فی گولی یہ ملالیں کشتہ ابرک سیاہ۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ مرجان ۲۔۲ چاول ملا کر گولیاں بنا کر کھلانا دہلی کے پرانے حکما تپ دق کو مجرب بیان کرتے ہیں۔ نزلہ وزکام مزمن میں مجرب ثابت ہوتی ہیں کم خرچ بالانشین ہیں۔ افیون کی عادت کو بھی چھڑاتی ہیں لیکن متواتر کھانا اور اس کے ساتھ گھی دودھ کا استعمال بھی ضروری کرتا ہے تاکہ تخم دھتورہ کی خشکی دور ہو۔ اس سے کئی آدمی افیون بھی چھوڑ چکے ہیں میں نے بھی کئی مریضوں کو دیا ہے۔

## (۳۳۹) مزید اضافہ

اس کو پاؤڈر رکھ کر کشتہ گئودنتی ملا کر کھلانا ملیریا بخار کو مجرب ہے اور کشتہ سنکھ ملا کر کھلانا مبارکی کو باہر لے آتا ہے ایک بڑے تجربہ کار حکیم نے جو کئی کتابوں کے مصنف بھی ہیں خاص راز کے طور پر بتایا اور تیار شدہ بھی دکھایا۔

## (۳۴۰) کشتہ سہ دھاتا

ایک اور صاحب جو کہ رسالہ کے ایڈیٹر بھی تھے انہوں نے بیان کیا کہ حب شفا ایک گولی صبح وشام ہمراہ خمیرہ گاؤزبان سادہ ایک تولہ میں رکھ کر پورا ایک ماہ کھلانا دائمی نزلہ زکام کو دور کرتا ہے۔ کئی بار میرے تجربہ میں آچکا ہے۔ اس کے ساتھ کوئی حریرہ بھی دیں لاجواب

اکسیر ہے۔ایک صاحب جو کہ لاہور میں مطب کرتے ہیں امتحان کے دوران ان سے جریان کے لیے نسخہ طلب کیا تو فرمانے لگے کہ حب شفا کے ساتھ کشتہ سہ دھاتا کھلانا ہمارے اُستادوں کا مجرب ہے۔ اب فوت ہو چکے ہیں اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے۔ لاہور میں ان کا دواخانہ موجود ہے۔

## (۳۴۱) خمیرہ خشخاش

بہاول پور کے طبیہ کالج میں کئی بار حاضر ہوتا رہا اور اُستادوں سے مشورے وغیرہ کرتا رہا اور دواسازوں سے بھی ملتا رہا ایک دن ایک نسخہ تیار کر رہے تھے کہ خمیرہ گاؤزبان سادہ کے نسخہ میں گھوٹتے وقت خشخاش سفید ۱۰ تولہ۔ مغز بادام مقشر ۱۰ تولہ ملا کر گھوٹیں تو یہ نسخہ آگے سے زیادہ مفید ہوگا۔ حابس بھی زیادہ ہوگا اور مغز بادام کے ملنے سے مقوی دماغ بھی زیادہ ہوگا خمیرہ خشخاش کام بھی دے گا نیند بھی لے آئے گا یہ نسخہ بھی مجرب ہے۔ چکروں کو (نفث الدم کو دور کرکے) مفید ہوگا۔

## (۳۴۲) انعام

ایک اور صاحب جو کہ تمام عمر سیر و سیاحت کرتے رہے اور دور دراز جا کر لوگوں کا علاج کرتے رہے اور بواسیر بھی نکالتے رہے اس سے نزلہ و زکام کے لیے نسخہ طلب کیا تو فرمانے لگے ایک راز کی بات بتاتا ہوں کہ یہ نسخہ اس طرح تیار کریں۔

**ھوالشافی:** گل گاؤزبان۔ کشنیز خشک۔ ابریشم مقرض۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ صندل سفید۔ تخم بالنگو۔ تخم فرنجمشک۔ بادرنجبویہ تولہ تولہ۔ گاؤزبان ۳ تولہ۔ خشخاش سفید ۵ تولہ۔ منقیٰ ۵ تولہ۔ انجیر ۵ تولہ۔ پانی ۲ سیر میں رات کو بھگو کر صبح کو جوش دیں اور شہد ایک پاؤ۔ کھانڈ ایک سیر ملا کر خمیرہ بنا دیں۔ بعدہٗ طباشیر نقرہ۔ دانہ الائچی خورد۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف۔ ورق نقرہ۔ کشتہ سنگ یشب۔ گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ ککروسنگی۔ رب السوس۔ ۶-۶ ماشہ۔ خمیرہ میں ملالیں۔

**خوراک:** ۶-۶ ماشہ۔ صبح وشام ہمراہ عرق گاؤزبان ۷-۷ تولہ۔

**فوائد:** نزلہ و زکام مزمن، کمزوری دماغ و جسم، کی کیلشیم، کھانسی، صفراوی، چکر ہول دل، کمزوری بعد امراض، دافع چکر میں لاجواب ہے۔ فرمانے لگے اس نسخہ سے امراء سے انعام حاصل کر چکا ہوں۔ میں نے بھی تیار کرکے مریض کو دیا فائدہ ہوا میرے خیال میں خمیرہ میں آخری ادویہ نہ ملائیں ان کا پاؤڈر بنا کر ۴-۴ رتی خمیرہ کھاتے وقت رکھ کر کھلائیں میں اس طرح بھی کرتا رہا ہوں۔ دیکھو اس کتاب میں کیسے کیسے راز بتا رہا ہوں جو کہ عام کتابوں میں

نہیں اور خاندانی مجرب ہیں۔ مشکل سے حاصل ہوئے۔

## (۳۴۳) کچلہ مدبر

دو بوڑھے حکیم جو کہ کئی سالوں سے مطب کر رہے تھے اُن سے علیحدہ علیحدہ ملاقات کی۔ تبادلہ خیالات کرنے سے ان سے نزلہ وزکام مزمن کے لیے نسخہ طلب کیا تو فرمانے لگے کہ نزلہ مزمن میں معجون کچلہ دیا کریں ہمارے تجربہ میں تمام عمر کا آ رہا ہے۔ اس سے مزمن نزلہ اور کمزوری بھی دور ہو جاتی ہے۔ یہ معجون کچلہ کھلائیں۔ جو کہ فالج' لقوہ' رعشہ' مرگی' اصلاح معدہ' کمزوری اعصاب وباہ' آتشک' بوڑھوں کی کمزوری کو مجرب ہے۔

**ھوالشافی:** کچلہ مدبر سوا ۲ تولہ۔ برگ گاؤزبان ڈیڑھ تولہ۔ اسطوخودوس ساڑھے ۱۳ ماشہ۔ کتیرا ساڑھے ۱۳ ماشہ۔ مغز ناریل ساڑھے ۱۳ ماشہ۔ مغز چلغوزہ ساڑھے ۱۳ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۹ ماشہ۔ زرنباد ۹ ماشہ۔ شقاقل ۹ ماشہ۔ صندل سفید ۹ ماشہ۔ آملہ ۹ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۹ ماشہ۔ عود ہندی۔ لونگ۔ ساڑھے ۴۔۴ ماشہ۔ شہد سہ چند۔

**خوراک:** ۲۔۲ ماشہ ہمراہ مناسب بدرقہ۔ اس سے کمزوری عام۔ سردی اعصاب دور ہو جاتی ہے۔ یہ وہ نکات ہیں جو کہ عام کتابوں سے نہیں ملتے۔ اور میں نے متواتر ۵۰ سال کے تجربات آپ کی خدمت میں پیش کر دیئے ہیں۔

## (۳۴۴) حب نزلہ وزکام

حب نزلہ وزکام لاجواب مجرب پرانے حکما کا تجویز کردہ ہے۔

**ھوالشافی:** افیون آدھ رتی۔ جدوار ایک رتی۔ جوہر لوبان ایک رتی۔ آرد ملٹھی ۳ رتی۔ اس وزن کی گولیاں بنالیں۔ ایک ایک گولی صبح وشام کھلانا نزلہ وزکام کھانسی کو اسی دن رام ہو گا۔ بخار بھی دور ہوگا۔ کھانسی کی شدت کم ہوگی پرانے حکما کا معمول مطب نسخہ ہے۔

## (۳۴۵) لاجواب کورس

نزلہ وزکام ۱۵ سالہ جس سے سارے جسم اور دل ودماغ اعصاب کی کمزوری ہو جائے اس کے لیے لاجواب کورس حاضر خدمت ہے۔ رات کو اطریفل زمانی اس قدر کھلا دیں کہ قبض کشائی ہوتی رہے روز یا تیسرے دن۔ صبح کو خمیرہ خشخاش ۷ ماشہ ہمراہ عرق سونف ۵ تولہ سے دیں۔ دوپہر کو خمیرہ گاؤزبان عنبری ۳ ماشہ۔ ہمراہ عرق پودینہ ۵ تولہ سے دیں عصر کے وقت جوارش جالینوس ۷ ماشہ۔ عرق گاؤزبان ۷ تولہ سے کھلائیں۔ یہ کورس ۱۵ دن سے لے کر

چالیس دن تک کریں اس کے استعمال سے کمزوری نزلہ وزکام کمزوری عامہ دور ہوگی یہ ایک لاجواب کورس ہے۔

## (۳۴۶) کورس مہاجن

ایک مہاجن ہندو کو نزلہ وزکام نے اس قدر تنگ کر رکھا تھا کہ ہر وقت ہی نزلہ زکام رہتا تھا۔ وہ ایک حکیم کے پاس گیا اور علاج کا طالب ہوا۔ حکیم صاحب نے فرمایا کہ شفا ہو جائے گی اور علاج بتلا دیا۔

**ھوالشافی :** ایک معجون ۔ ایک شربت ایک عرق کا استعمال کریں۔ شربت بنفشہ اصلی ۷ تولہ لے کر ایک بوتل شربت تیار کریں اور سونف ایک سیر لے کر آٹھ بوتل عرق نکال لیں ڈھائی تولہ شربت ۷ تولہ عرق ملا کر اس سے معجون فلاسفہ ۷ ماشہ تک صبح کو کھلائیں اسی طرح عصر کے وقت کھائیں حتیٰ کہ معجون فلاسفہ ایک سیر کھائیں۔ اس کے استعمال سے اُس مہاجن کا نزلہ وزکام کمزوری عامہ دور ہوگئی۔

**نکات مطب :** شرب بنفشہ نزلہ کا خاص علاج ہے لیکن کمزوری معدہ کرتا ہے اس کے لیے عرق سونف شامل کیا۔ معجون فلاسفہ تمام جسم کا مقوی ہے۔ بلغمی امراض کو دور کرنے میں عصاء پیری ہے اور اس کے بعد کئی سال نزلہ وزکام نہ ہوا۔ عام صحت بحال ہوگئی۔

## (۳۴۷) مایوسیہ

صاحب قرابادین اکمل اعظم اور قرابادین مجددی نے ایک کم اجزاء کا نسخہ تجویز کیا ہے جو کہ نزلہ وزکام مایوسیہ کو لاجواب ہے میں نے اس کا کئی بار تجربہ کیا ہے۔ سوفی صد مفید ہے۔

**ھوالشافی :** عنبر۔ زعفران۔ جدوار۔ ۳۔۳ ماشہ۔ گولی بقدر مونگ بنا دلیں۔ ایک ایک گولی صبح وشام اس کے استعمال سے کمزوری دل و دماغ دور ہو کر نزلہ رک جاتا ہے۔ ایک اور صاحب جو کہ طبیہ کالج کے فاضل تھے انہوں نے بیان کیا کہ کچلہ مدبر ۳ ماشہ بھی شامل کریں بلکہ تیار شدہ چار اجزا کی کھائیں اور فرمایا کہ تمام عمر کی معمول مطب ہیں۔ ایک پنساری نے ایک تجربہ کار بوڑھے حکیم سے کہا کہ میرا ایک لڑکا ہمیشہ بیمار رہتا ہے۔ کبھی کچھ کبھی کچھ ہو جاتا ہے۔ تو انہوں نے بھی یہ نسخہ کچلہ کے بغیر تیار کر کے دیا۔ اس کے بعد اس بچے کی تمام بیماریاں دور ہوگئیں۔ قد بڑھ گیا اور خوبصورت ہو گیا۔ میں کہتا ہوں یہ ایک کم اجزا کا لاجواب نسخہ ہے میرے تجربہ میں کئی بار آیا ہے۔ آپ بھی تیار کریں خاص راز کی بات ہے۔

## (۳۴۸) بھیروی

ایک بھیروی حکیم جو کہ ضلع شیخوپورہ میں کئی سال سے مطب کر رہے ہیں میں نے نزلہ وزکام دائمی کمزوری دماغ کے لیے نسخہ طلب کیا۔ فرمانے لگے میرا ایک نسخہ تمام عمر کا معمول ہے اور آپ کو بڑے راز کی بات بتاتا ہوں میں نے اس کا تمام عمر استعمال کرتا رہا ہوں۔

**ھوالشافی** : خمیرہ گاؤزبان سادہ ۷ ماشہ۔ لعوق سپستاں کو کنار والی ۷ ماشہ۔ ورق نقرہ میں لپیٹ کر صبح و شام کھلائیں۔ کورس تین ہفتہ سے چار ہفتہ تک مزمن نزلہ وزکام۔ کھانسی خرابی گلا کو لاجواب ہے۔ اگر لعوق سپستان نہ ہو تو تریاق نزلہ پوست والا ۷ ماشہ رکھ کر کھلائیں۔

## (۳۴۹)

ہمارے پاس ایک پرانا قصبہ جھبراں ہے وہاں ایک صاحب ہر سال نزلہ وزکام کی گولیاں ایک شیشی میں بند کر کے فروخت کرنے آتے تھے اور لوگ ان سے خرید لیتے تھے اور تمام لوگ تعریف کرتے' نزلہ وزکام کے علاوہ بھی عام کمزوری کو مفید ہوتی۔ لیکن وہ صاحب نسخہ نہ بتاتے آخر ایک مقامی طبیب سے جو کہ میرے ہم راز تھے نسخہ حاصل ہو ہی گیا۔ اور مجھ کو عطا کر دیا لاجواب نسخہ ہے۔

**ھوالشافی** : کچلے آٹھ عدد موٹے موٹے لے کر ہر روز دودھ بکری میں بھگوتے رہیں آٹھ دن کے بعد اس کا پتہ دور کر کے دو سیر دودھ بکری میں اُبال لیں کہ دودھ کی ربڑی بن جائے تو صاف کر کے ۲۰۰ چوٹ لگا دیں پھر مگھاں۔ مرچ سیاہ۔ سنڈھ ا۔ا تولہ ملا کر ۲۰۰ چوٹ لگائیں۔ افیون ۲ ماشہ۔ کیسر ۲ ماشہ ڈال کر ۲۰۰ چوٹ لگائیں۔ پھر منقیٰ بے دانہ ڈھائی تولہ ڈال کر ایک ہزار چوٹ لگائیں اور حب نخودی بنالیں۔ ایک' ایک گولی صبح و شام ہمراہ تریوڑ۔ بواسیر نزلہ دائمی' قوت باہ دوا مستعمل ہے۔ درد مفاصل درد رینگن کو لاجواب ہیں۔ وہ اس نسخے سے ہزاروں روپے کماتا تھا بڑی مشکل سے حاصل کیا۔ پوری کتاب کی قیمت کا نسخہ ہے۔ مقوی اعصاب بھی ہے۔

## (۳۵۰) سرفہ نزلی

مریض عمر ۳۰ سال تین چار ماہ سے نزلہ و زکام' کھانسی میں مبتلا تھا۔ کئی حکیموں ڈاکٹروں کے علاج کے بعد آیا اور کہا کہ نزلہ وزکام نے گھر کر لیا ہے۔ بہت ہی تکلیف میں مبتلا ہوں۔ علاج کریں۔ سرفہ نزلی۔

**ہوالشافی :** تخم جوز ماثل ۳ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۳ ماشہ۔ سنڈھ ۳ ماشہ۔ ریوند چینی ۳ ماشہ۔ گوند کیکر ڈھائی ماشہ۔ مگھاں ڈھائی ماشہ۔ ہمراہ شہد حب نخودی بنا کر۔

**خوراک :** ۲۔۲ عدد صبح و شام ہمراہ آب نیم گرم ۵ روز کے لیے دے دیا کریں۔ کیونکہ مریض کئی ماہ سے تکلیف میں تھا اس لیے اس کے ساتھ مغز بادام ۱۱ عدد۔ خشخاش سفید ۶ ماشہ۔ مغز چہار ۶ ماشہ کا حریرہ بنا کر گولیوں کے ساتھ صبح و شام دیا گیا جس سے مریض کو پہلے ہی دن فائدہ ہوا۔ میں نے ان گولیوں کا کافی بار تجربہ کیا ہے آپ بھی تیار کر کے فوائد حاصل کریں۔

## (۳۵۱) حریرہ دماغی

ایسے مریضوں کو کمزوری دماغ کے لیے یہ سفوف بھی مفید رہتا ہے۔ مغز بادام۔ مغز بنولہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ سونف۔ کشنیز خشک ۵۔۵ تولہ۔ چینی ۵ تولہ۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک دودھ میں گھول کر پی لیں۔ اس سے کمزوری دماغ و نزلہ بھی دور ہو جاتا ہے۔ یہ طریقہ بھی لاجواب ہے۔ یہ حریرہ ہے۔

## (۳۵۲) حب نزلہ وزکام

**ہوالشافی :** تخم دھتورہ مدبر۔ کچلہ مدبر۔ مغز بنولہ۔ زیرہ سفید۔ کشنیز خشک۔ سلاجیت ۶۔۶ ماشہ۔ مغز بادام ایک تولہ۔ مصطگی رومی ۳ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۳ ماشہ۔ آب ترپھلہ سے ایک دن کھرل کریں۔ گولیاں نخودی بنا دلیں۔

**خوراک :** ایک' ایک گولی صبح و شام ہمراہ مناسبہ بدرقہ اگر نزلہ وزکام موجود ہو تو۔ بہی دانہ ۳ ماشہ۔ عناب ۵ دانہ۔ لسوڑیاں ۹ دانہ کے جوشاندہ میں شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر صبح و شام اس کے ساتھ دیں اگر نہ ہو ویسے صبح و شام ایک' ایک گولی بعد از غذا دیں کورس سوا ماہ۔ یہ گولیاں نزلہ کے علاوہ جسم کو طاقت بھی دیتی ہیں۔ مقوی اعصاب و دماغ۔ مقوی باہ اور ممسک ہیں۔

**طریقہ جوز ماثل مدبر:** ایک تولہ کو سات بار ایک' ایک تولہ پوست خشخاش کے جوشاندہ سے تر و خشک کریں۔ یہ نسخہ اجل حکیموں کے مطب نسخہ ہے کئی کتابوں کے مصنف اس کو معمول مطب بنائے رکھتے ہیں۔ حکیم اجمل خاں کے مطب میں بھی استعمال ہوتا تھا۔

## (۳۵۳) حب سم الفار عنبری

**ہوالشافی :** جوہر سم الفار ایک ماشہ۔ سلاجیت ۶ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۶ ماشہ۔ عنبر ۳ ماشہ۔ گولی بقدر مرچ کالی بنا لیں۔ ایک ایک عدد صبح و شام بعد از غذا۔

**فوائد:** مزمن نزلہ، کمزوری دماغ و اعصاب، جسمانی کمزوری، سرعت انزال، بوجہ کمی خون و کمزوری اعصاب یہ لاجواب گولیاں کا یا پلٹ ہیں بڑے بڑے حکیم کسی اور نام سے فروخت کرتے ہیں۔

## (۳۵۴) حب لاجواب

میٹھا تیلیہ مدبرا ایک تولہ۔ جائفل ایک تولہ۔ جاوتری ۶ ماشہ۔ سلاجیت ۶ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ باریک کر کے تمام ادویہ کو عرق گلاب سے کھرل کر کے آدھ۔ آدھ رتی کی گولیاں بنالیں۔ اور سایہ میں رکھ کر خشک کریں۔

**خوراک:** ایک، ایک گولی صبح دوپہر شام دیں۔ یہ گولیاں لاجواب ہیں۔ ایک دن میں نزلہ و زکام کو روک دیتی ہیں اور ایک ماہ متواتر استعمال کرنے سے مزمن سے مزمن نزلہ رک جاتا ہے۔

**نکات مطب:** نسخہ میں شامل میٹھا تیلیہ دافع بخار ہے اور افیون دافع خراش ہے زعفران اس کا تریاق ہے دوسری ادویہ حل کر کے یہ نسخہ لاجواب ہے۔ کثرت بول سرعت انزال کو بھی مفید ہے۔ بڑے بڑے وید حکیم اس کا اشتہار کسی اور نام سے دے کر سینکڑوں روپیہ کما رہے ہیں۔ میں بڑی محنت اور کوشش سے اشتہاری نسخہ جات حاصل کر کے آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں تا کہ اس سے ایک کتاب ہر باب میں اعلیٰ سے اعلیٰ نسخہ جات مل سکیں۔ انشاء اللہ مخلوق کو میرے ذریعہ فائدہ حاصل ہوگا۔

## (۳۵۵) اکسیر راز معجون برشعشہ

چار، چار رتی صبح و شام کھلانا نزلہ و زکام، کھانسی مزمن کو مجرب ہے بڑے بڑے حکما کا راز ہے اس کے کیپسول اور گولیاں بھی بنائے جا سکتے ہیں۔ چنانچہ میں نے اس کا پاؤڈر اور گولیاں تیار کر رکھی ہیں اور مناسبہ بدرقہ سے دیتا ہوں۔

**ھوالشافی:** سفوف برشعشہ۔ فلفل سفید۔ فلفل سیاہ۔ اجوائن خراسانی ۲۰۔ ۲۰ ماشہ۔ افیون ۱۰ ماشہ۔ زعفران ۵ ماشہ۔ سنبل الطیب ۳ ماشہ، عاقر قرحا ۳ ماشہ۔ فرفیون ۳ ماشہ باریک کر کے آدھی رتی کی گولی بنالیں یا کیپسول میں بند کر کے دیں یا شہد ایک حصہ پانی ۳ حصہ جوشا کر اس کے ساتھ دیں تمام فوائد برشعشہ کے اس میں ہیں۔ میں نے تیار کر کے کافی فائدہ حاصل

کیا ہے۔ایک رتی پاؤڈر میں ایک چاول افیون آ جاتی ہے ڈیڑھ رتی عرق سونف ۵ تولہ میں حل کر کے بچوں کو ۲۴ گھنٹے میں قدرے قدرے پلا دیں۔اسہال کو مفید ہے۔

## (۳۵۶) ترپھلہ

ایک پرانا نزلہ و زکام دائمی کا مریض ایک حکیم صاحب کے پاس گیا اور اس سے نزلہ و زکام دائمی کا علاج دریافت کیا تو حکیم صاحب نے اس کو یہ نسخہ بتایا۔مریض نے خود کھایا اور کئی مریضوں کو بتایا وہ راضی ہوئے مجھ کو اس بات کا علم ہوا تو میں نے نسخہ طلب کیا الحمدللہ نسخہ مل گیا اور میں نے بھی مریض کو دیا وہ اس پر بھی راضی ہوئے۔

**ھوالشافی:** ترپھلہ تین پاؤ کو گھی گاؤ ایک پاؤ میں بریاں کریں پھر خشخاش ایک پاؤ۔ سونف ایک پاؤ۔ دھنیا ایک پاؤ۔ مغز بادام ایک پاؤ۔ پھر کھانڈ اس قدر ملا دیں کہ میٹھا ہو جائے۔

**خوراک:** ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک نزلہ و زکام دائمی کمزوری دماغ کو لاجواب ہے۔

**نکات مطب:** یہ نسخہ نہایت اعلیٰ وزن کا مرکب ہے ترپھلہ کایا پلٹ ہے اس میں مقوی دماغ اور مقوی معدہ دافع تبخیر ادویہ شامل ہیں اور خشخاش دافع نزلہ ہے۔امراض آنکھ اور امراض نزلہ دماغی میں اکٹھا استعمال ہوا ہے۔

## نکات مطب

نزلہ و زکام کو معمولی مرض نہ سمجھیں بلکہ اس کا علاج غور سے کریں کیونکہ اس کے بگڑ جانے سے سرسام۔دردسر۔نزول الماء۔تپ دق۔نمونیہ جیسی شدید امراض پیدا ہو جاتی ہیں۔ ناک کے اندر سوزش دائمی ہو جاتی ہے۔ناک کے اندر ہڈی بڑھ جاتی ہے ناک کی دیوار گل کر ٹیڑھی ہو جاتی ہے۔نزلہ و زکام کی حالت میں فاقہ کرانا بڑی بڑی کوشش کرنے سے نہ ہٹنے والے زکام کو بھی آرام آ جاتا ہے۔نیم گرم پانی میں قدرے نمک ملا کر صبح و شام غرارے کرنا مفید ہے گلے سے بلغم گرنا۔ برگ نیم جوشا کر اس پانی میں نمک ملا کر اس سے غرارے کرنا زیادہ مفید ہے۔نزلہ و زکام دور کرنے میں لاجواب ہے۔نمک سے نزلہ و زکام کے جراثیم فوراً ختم ہو جاتے ہیں ورم بھی دور ہو جاتا ہے۔

## (۳۵۷) فلفل دراز

مریض عمر ۶۰ سال۔ ہر وقت نزلہ وزکام کا شکار رہتا تھا اس کو میں نے مگھاں ۳ ماشہ صبح کو جوشا کر مناسب میٹھا دودھ ملا کر پینے کو بتایا گویا کہ مگھاں کا قہوہ اس سے مریض کو فائدہ ہوا اور کئی اور مریضوں کو اس نے بتایا تمام کو فائدہ ہوا۔ کیونکہ طب جدید شاہدرہ والوں نے اس کو مجرب لکھا ہے اور میرے تجربہ میں مفید ثابت ہوا ہے۔

## (۳۵۸)

مریض عمر ۵۰ سال۔ قریباً چھ ماہ سے نزلہ وزکام میں مبتلا تھا۔ اب اس کو پسلی میں درد بھی شروع ہو گیا۔ کمزوری عام ہو گئی اس کو یہ دوا دی گئی۔ جس سے مریض کی تمام تکلیف دور ہو گئی۔

**ھوالشافی :** کچلہ حسب ضرورت لے کر گائے کے گھی میں ملا کر آگ پر رکھیں اور ہلاتے رہیں کہ کچلے پھول کر بریاں ہو جائیں اتار کر پن کر گرم گرم ہی کوٹ لیں اس سے ڈھائی تولہ لے کر فلفل دراز۔ مرچ سیاہ۔ سنڈھ۔ دارچینی۔ سہاگہ ایک ایک تولہ باریک کر کے ملا لیں۔

**خوراک :** ایک رتی منقیٰ میں لپیٹ کر یا کھانڈ میں رکھ کر کھلانا از حد مفید ہے۔ مریض کو ایک ہفتہ کھلایا گیا جس سے اس کا نزلہ وزکام دائمی، درد پسلی، بلغمی بخار دور ہو گیا میں نے اس کی منقیٰ ڈال کر گولیاں بنا کر رکھی ہیں۔ فی گولی ایک رتی آ جائے تو لاجواب مجرب ہے ایک مشہور معروف دواخانہ اس کو سو سال سے زیادہ عرصہ سے ایک خاص نام سے فروخت کر رہا ہے میں بھی متواتر ۵۰ سال سے اس کو بلغمی امراض پر استعمال کر رہا ہوں۔

روغن گل یا روغن بنفشہ۔ ناک میں سڑکنا ناک کی اندرونی جھلی کے ورم کو دور کرتا ہے۔ خالص دیسی گھی گرم کردہ ناک میں سڑکنا ناک کی اندرونی کی خشکی اور ورم کو دور کرتا ہے۔ نزلہ میں جب ناک کے اندر جلن ہو، پانی بہہ رہا ہو تو کوئی نسوار مت دیں۔ ہاں جب نزلہ جم گیا ہو تو جو نسواریں باب سر درد میں گزر چکی ہیں یا یہ دو نسوایں جو کہ لاجواب ہیں لخلخہ کا نسخہ بھی تیار رکھیں بند نزلہ وزکام یہ بھی ناک کی نالیاں کھولنے میں مجرب ہے۔

## (۳۵۹)نسوار کالی مرچ

مرچ کالی ۶ ماشہ۔ برگ نیم خشک ۲ تولہ۔ سوڈا میٹھا ۴ تولہ۔ پوٹاشیم پرمینگنیٹ ۲ ماشہ باریک کر کے رکھیں۔ سر درد۔ نزلہ بند۔ زکام بند۔ دماغ کا بھارا ہونا۔ کو مجرب ہے۔

## (۳۶۰)نسوار اکسیری

**ھوالشافی :** نک چھکنی ۵ تولہ۔ کائپھل ۵ تولہ۔ بالچھڑ ۵ تولہ۔ تخم سرس ۵ تولہ۔ گل لونگ ایک تولہ۔ کافور ایک تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ مرچ کالی ایک تولہ۔ باریک کریں۔

**فوائد:** دردسر ہر قسم۔ امراض چشم و ہلکا نزلہ و زکام جدید و قدیم زکامی بخار۔ سرسامی امراض کو مجرب ہے ہر مطب میں رکھنے کے قابل ہے۔

## (۳۶۱)حب نزلہ لاجواب

**ھوالشافی :** سنڈھ۔ مرچ کالی۔ نمک۔ مگھاں۔ پپلا مول۔ برہمی بوٹی۔ عاقر قرحا۔ پوکھر مول۔ پوست چترہ۔ کاکڑا سنگی ۲-۲ تولہ۔ میٹھا تیلیہ مدبر ۴ تولہ۔ گندھک آملہ سار۔ پارہ ۲-۲ تولہ۔ شنگرف مصفیٰ ۲ تولہ۔ پہلی کجلی کریں۔ پھر شنگرف ملا کر کھرل کریں اور تمام ادویہ باریک شدہ ملا کر آب پان سے چار پہر کھرل کریں کالی مرچ کے برابر گولیاں بنا دیں۔ ایک ایک گولی صبح و شام۔ ہمراہ عرق سونف۔ ایسے مریض جن کا نزلہ زکام پرانا ہو گیا ہو ساتھ میں کھانسی اور بخار بھی ہو اس دوا سے دور ہو جاتا ہے۔ مناسب بدرقہ سے دیں۔ میں نے خود تیار کر رکھی ہے۔ اس سے عجیب و غریب فوائد حاصل ہوتے ہیں اور طبیبوں نے اس کی تعریف کی۔ ملیریا ایک دن میں دور ہو جاتا ہے۔

## (۳۶۲)لخلخہ

**ھوالشافی :** شیشے کی صاف بوتل میں نوشادر ایک تولہ۔ چونا ایک تولہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ باریک کر کے ملا لیں اور ایک تولہ پانی ملا کر مضبوط کارک لگا دیں۔ بوقت ضرورت شیشی کا منہ کھول کر مریض کے ناک کے قریب لے جائیں۔ گیس نکل کر مریض کے ناک میں چلی جائے گی اور ناک کی بند نالیاں کھل جائیں گی بے ہوش مریض کو بھی ہوش آجاتی ہے۔

**فوائد :** درد سر، درد داڑھ، بند نزلہ و زکام کو یہ لاجواب ہے۔ صرف نوشادر ۳ ماشہ۔ چونا ۶ ماشہ۔ تھوڑا سا پانی ملا کر تیار کریں یہ بھی کام دیتا ہے۔ لیکن شیشی کا کارک بند رکھیں ورنہ گیس نکل کر بے کار ہو جائے گا۔

## (۳۶۳) برفی دماغی

لاجواب ہے ایک بزرگ کا فرمودہ ہے اور ایک حکیم کا کئی بار کا مجرب ہے۔

**ھوالشافی :** بنفشہ۔ ملٹھی ۳۔۳ تولہ۔ ڈوڈا پوست مسلم ۸ عدد۔ ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو کر جوش دیں ایک سیر پانی رہ جانے پر پن کر ایک سیر چینی ملا کر گاڑھا قوام کریں کہ تھالی میں جم جائے پھر مغز بادام مقشر ۳ تولہ۔ مغز ناریل ۵ تولہ۔ مغز تخم کدو شیریں ۳ تولہ۔ خشخاش ۳ تولہ۔ اجوائن دیسی مصفیٰ ۳ تولہ۔ سونف مقشر ۴ تولہ۔ کشنیز خشک ۴ تولہ۔ نشاستہ گندم ۵ تولہ۔ روغن گائے ایک پاؤ پختہ میں بریاں شدہ مغز پستہ ۳ تولہ۔ دارچینی ڈیڑھ تولہ۔ الائچی دانہ ۳ تولہ۔ برگ گاؤزبان صاف ۳ تولہ باریک کر کے ملا لیں تمام ادویہ اس قوام میں رکھ لیں اور ورق نقرہ ۱۲ عدد بھی اس کے اوپر لگا دیں پھر سرد ہونے پر اس کی ٹکڑیاں کاٹ لیں۔

**خوراک :** ۲ سے ۴ تولہ تک۔ ایک لاجواب برفی ہے جو کہ دوائے غذائی ہے۔

**فوائد:** دافع نزلہ و زکام ہے۔ دافع کھانسی خشک و تر ہے۔ اس کے علاوہ مقوی دماغ اور مقوی بصر ہے۔ نزلہ و زکام سے سینہ میں ہونے والی خشکی اور بلغم خشک ہو جاتی ہے اس سے سل کی استعداد پیدا ہو جاتی ہے۔ نزلہ و زکام کھانسی درست ہونے کے بعد اس کو ضرور بالضرور کھلائیں یہ تمام خرابیاں دور کر دیتی ہے اور موٹا ہونے کی خواہش والے بچوں بڑوں کو کھلائیں اس سے موٹے ہو جائیں گے امراض صدر و دماغ کو مفید ہے۔

## (۳۶۴) اکسیر جوشاندہ

۱۷.۱.۲۴

ہندوستان کے ایک بہت بڑے وید جو کہ کئی کتابوں کے مصنف اور لاثانی معالج ہیں۔ انھوں نے اس جوشاندے کو اپنے ملک میں بہت رواج دیا ہے۔

**ھوالشافی :** بنفشہ۔ گل گلاب۔ ملٹھی صاف۔ سونف۔ لسوڑیاں۔ عناب۔ ریشہ خطمی۔ منقیٰ۔ گاؤزبان۔ گل ایک ایک سیر۔ دارچینی آدھ سیر کوٹ کر ڈبہ میں بند رکھیں۔

**خوراک :** ۶ ماشہ ایک پاؤ پانی میں جوشائیں آدھا رہ جانے پر پن کر حسب ضرورت میٹھا

اور دودھ ملا کر گرم گرم چائے کی طرح پئیں۔

**فوائد:** کھانسی۔ بخار۔ نزلہ و زکام۔ نمونیہ۔ گلے اور پھیپھڑے کے ورم اور سوجن کو لاجواب ہے۔ گرمیوں میں بھگو کر خیساندہ ہی پی لیں میں نے اس جوشاندے کا خوب تجربہ کیا ہے آپ بھی معمول مطب بنالیں۔

## (۳۶۵) لاجواب گولی

سہاگہ پھلہ۔ فلفل دراز۔ میٹھا تیلیہ مدبر۔ کشتہ سنکھ ایک' ایک تولہ۔ آب ادرک سے تین دن کھرل کر کے گولی بقدر ایک' ایک رتی بنادیں۔

**فوائد:** ایک' ایک گولی صبح و شام زکام کھانسی اور دمہ میں برگ پان میں رکھ کر چوسا دیں یا آب ادرک و شہد میں ملا کر چٹا دیں۔ انفلوئنزا میں عرق گاؤزبان سے دیں۔ ورم حلق میں نیم گرم پانی سے دیں۔ گلے پڑنے میں لعاب بہی دانہ یا شربت شہتوت سے دیں۔ ایک گولی دینے سے بخار ہوتا ہی نہیں۔ اگر ہو جائے تو ایک دن میں دور ہو جاتا ہے بلکہ اس کے استعمال سے گلے کے اوپر کے کل امراض مثلاً دانت درد۔ درد کان۔ درد آنکھ۔ مریض سن پات دور ہو جاتے ہیں۔ میں نے ان گولیوں کا خوب تجربہ کیا ہے۔

## نکات مطب:

**ھوالشافی:** میٹھا تیلیہ مدبر۔ ورم اور بخار کی خاص دوا ہے اس کے دینے سے پہلے اندر کے ورم دور ہونے شروع ہو جاتے ہیں۔ سہاگہ اور مگھاں میٹھا تیلیہ کا تریاق ہے۔ کشتہ سنکھ دافع بخار ہے مبارکی کے دانے باہر نکالتا ہے۔ زہروں کا تریاق ہے۔ حتیٰ کہ سانپ کے زہر کا بھی تریاق ہے۔ غرضیکہ کم خرچ نسخہ ہے جوڑوں کے ورم کا بخار نمونیہ اور اس کا بخار کھانسی اور نزلہ و زکام کا بخار دور ہو جاتا ہے۔ اسہال کو روکتا ہے میعادی بخار کو بھی توڑ دیتا ہے ویدک نسخہ ہے۔

## (۳۶۶) ترکٹہ

ریاست بہاولپور کے ایک گاؤں جھنڈیر کے حکیم صاحب نے حب نزلہ و زکام تیار کیا ہے اور اس کی تعریف میں کہتے ہیں کہ یہ نسخہ لاجواب ہے۔ کئی سال سے معمول مطب ہے۔

فوائد میں بے نظیر ہے میں نسخہ کا طالب ہوا تو انہوں نے بتلا دیا۔

**ھوالشافی:** ترپھلہ ۶ تولہ۔ ترکٹہ ۶ تولہ۔ تخم دھتورہ ۱۲ تولہ باریک کرکے شہد سے نخودی گولیاں بنالیں۔

**خوراک:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ مناسب بدرقہ۔ شربت بنفشہ یا شربت مرکب یا صرف پانی سے دیں تین دن میں اثر کرتی ہے اور متواتر تین ہفتہ استعمال کرنے سے دائمی نزلہ دور ہو جاتا ہے اس کے علاوہ کمزوری اعصاب۔ کثرت ریاح کو دور کرتا ہے۔ قبض کی حالت میں اطریفل زمانی یا اطریفل ملین دیا کریں۔ دودھ میں ملٹھی جوش دے کر کھلایا کریں یہ بھی کم خرچ اور لاجواب نسخہ ہے۔ برشعشہ کی طرح مفید ہے۔ سفر حضر میں بھی ساتھ رکھا جا سکتا ہے۔

## (۳۶۷) حب انفلوئنزا

نظام آباد سے ایک رسالہ "لقمان" نکلتا تھا جس کے ایڈیٹر ایک بہت بڑے حکیم تھے۔ قیام پاکستان سے پہلے ۱۹۴۰ء میں یہ نسخہ شائع ہوا تھا۔ صاحب نسخہ کا بیان تھا کہ اس سے ہزارہا بندگان خدا شفا پا چکے ہیں۔

**ھوالشافی:** میٹھا تیلیہ مدبر۔ شنگرف مدبر۔ لونگ۔ جائفل۔ جاوتری۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز ہر ایک ۲-۲ ماشہ۔ عقرقرحا ایک ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۲ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۲ رتی۔ کستوری ایک رتی۔ عنبر ۲ رتی۔ زعفران۔ ورق نقرہ ایک ایک رتی۔ کہربا شمعی ہر ایک ڈھائی ڈھائی رتی۔ جملہ ادویہ کو باریک کرکے رس ادرک سے کھرل کرکے دانہ سرسوں کے برابر گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک:** ایک سے ۲ عدد ہمراہ عرق چار نیم گرم۔ چوبیس گھنٹہ میں دو بار سے زیادہ نہ دیں۔

**فوائد:** موسم سرما کے جملہ عوارضات مثلاً اوجاع و آلام۔ ہر قسم حمیات نوازل کھانسی کے علاوہ انفلوئنزا وبائی مع ورم غشا مخاطی آلات تنفس کے لیے تریاق کامل ہے۔ دوسری خوراک سے ہی تمام عوارضات میں کمی ہو جاتی ہے۔ بمبئی کے ایک ڈاکٹر نے استعمال کرکے ہزارہا روپیہ کمایا۔ موسم سرما میں اس کو تیار کرکے رکھنا اور بطور حفظ ما تقدم استعمال کرنا قیام صحت میں

اضافہ قوت اور جسمانی و مردانی کے لیے پیر مغا ثابت ہوگا۔ گزشتہ زمانہ میں اس سے ہزارہا جانیں شفایاب ہو چکی ہیں۔

## (۳۶۸) حب نزلہ وزکام

یہ ایک ایسی کتاب کا نسخہ ہے جس کتاب کے مصنف نے فی نسخہ ایک اشرفی انعام دینا مقرر کیا تھا اور تمام کتاب لکھی تھی۔

**ھوالشافی :** اجوائن خراسانی۔ گوند کیکر۔ رب السوس۔ ملٹھی کا آٹا۔ گوند کتیرا۔ زعفران۔ کاکڑا سینگی۔ ریوند چینی۔ جوز ماثل ایک ایک تولہ۔ حب نخودی بنا دیں۔

**خوراک :** ایک سے ۲ عدد ہمراہ مناسب بدرقہ۔ برائے بخار نزلی۔ پتلی بلغم کو گاڑھا کرے۔ کھانسی نزلی۔ بخار نزلی۔ بخار نوبتی کو کھلانا اور معمول بنانا مطب کی کامیابی کا راز ہے۔

**نکات مطب:** یہ نسخہ برشعشہ کے قائم مقام ہوسکتا ہے۔ افیون کی جگہ جوز ماثل ہے اور زعفران سے اس کی اصلاح کر دی ہے اور اس کو بے ضرر کر دیا ہے۔ کھانسی مزمنہ۔ نزلہ مزمن کو روکنے میں لاجواب ثابت ہوگا۔ انشاء اللہ۔ میرے ایک ہم عصر طبیب اس کو ہر وقت تیار رکھتے ہیں۔

## (۳۶۹) لاجواب گولیاں

نزلہ وزکام اور کمزوری اعصاب کے لیے یہ گولیاں لاجواب ہیں۔ بڑے بڑے حکما کی دکانوں میں معمول مطب ہیں۔ بعد از طہر کھانا معین حمل ہیں۔ افیون کی عادت کو چھڑاتی ہیں۔ دائمی نزلہ وزکام میں ایک صاحب کی اشتہاری دوا ہے۔

**ھوالشافی :** دارچینی۔ جائفل۔ جاوتری۔ عود صلیب۔ لونگ ایک ایک تولہ۔ کچلہ مدبر ۲ تولہ۔ حب نخودی بنا کر ورق نقرہ لگا دیں۔

**خوراک :** ایک ایک گولی بعد از غذا کھلائیں۔ غذا مرغن کھلائیں لاجواب نسخہ ہے۔ میں نے بھی تیار کر کے فائدہ اٹھایا ہے ضلع گوجرانوالہ میں ایک عطائی اس سے کافی فائدہ اٹھا رہا ہے۔ وہ اس کو عرق صعتر فارسی۔ عرق اجوائن دیسی کے ساتھ دیتا ہے کئی آدمیوں کو دے چکا ہے۔

## (۳۷۰) حب جدوار

جدوار۔ افیون۔ زعفران ۳-۳ ماشہ۔ مغز بادام۔ مغز تخم کدو۔ گوند کیکر۔ رب السوس۔

دار چینی۔ کندر ۲۔۲ ماشہ۔ خشخاش ۴ ماشہ۔ ہمراہ شہد نخود کی گولیاں بنالیں۔

**خوراک :** ۱۔۱ عدد گولی صبح وشام کورس ایک ماہ۔ یہ لاجواب گولیاں ایک بہت بڑے حکیم کی معمول مطب ہیں۔ اس کے ساتھ شربت بنفشہ دیں۔ نزلہ وزکام و کھانسی کو لاجواب ہیں۔

## (۳۷۱) نکات مطب

پرانے نزلہ کے مریضوں کو کچلہ کے مرکبات یا افیون و کچلہ کے مرکبات یا بھلانوہ کے مرکبات دیں۔ ایک لاجواب معجون حاضر ہے۔

**ھوالشافی :** اسطوخودوس ۵ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ڈھائی تولہ۔ پوست آملہ ڈھائی تولہ۔ بھنگرہ ڈھائی تولہ۔ سیاہ کلونجی۔ فلفل سیاہ۔ پپلا مول۔ سنڈھ۔ ناگ کیسر۔ ناگر موتھا۔ دانہ الائچی کلاں ۲۔۲ تولہ۔ کباب چینی۔ کچلہ مدبر ایک ایک تولہ۔ بھلاوہ ۶ عدد روغن گائے ۱۰ تولہ۔ شکر سفید ایک سیر شہد آدھ سیر۔ بھلاوہ کو توڑ کر گھی میں پکائیں اور پن کرادو یہ اس گھی میں چرب کر لیں اور شہد و کھانڈ کا قوام کر کے ملالیں اور تین ماہ کے بعد استعمال کریں۔

**خوراک :** ۶۔۶ ماشہ۔

**فوائد :** نزلہ وزکام مزمن شب غیر طبعی کمزوری حافظہ۔ کو لاجواب ہے۔ یہ کراچی کے ایک ۵۰ سالہ تجربہ کار حکیم کی مجرب ہے۔

## (۳۷۲)

سفوف بادام ملین مقوی دماغ وچشم دافع نزلہ۔

مغز بادام ۳ تولہ۔ سونف ۳ تولہ۔ کشنیز ۳ تولہ۔ اسطوخودوس ۳ تولہ۔ چار مغز ۲ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ۔ پوست بہیڑہ ۲ تولہ۔ آملہ ۲ تولہ۔ خشخاش ایک تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ایک تولہ۔ برگ سنا مکی ایک تولہ۔ باریک کر کے خوراک ۶ ماشہ سے تولہ تک صبح وشام اس کا میں نے تجربہ کیا ہے لاجواب ہے۔

## (۳۷۳) شربت اعجاز

ایک صاحب نے ''الحکیم'' کے پرچے میں ایک مریض کے حالات لکھے کہ نزلہ وزکام کھانسی، گلا خراب کمزوری عامہ کمی ہاضمہ کھانسی بلغمی کی شکایت لکھی اور جواب کا طالب ہوا

میں شائع ہوا۔

جواب آگے پرچے میں شائع ہوا۔
هوالشافی: صبح کو شربت اعجاز ۲ تولہ میں عرق گاؤزبان ۵ تولہ ملا کر اس کے ساتھ کشتہ ابرک سفید ۲ رتی کھلائیں۔ بارہ بجے جوارش شاہی ٦ ماشہ کھلا کر عرق اسطوخودوس ٦ تولہ میں شہد ایک تولہ حل کر کے پلائیں۔ عصر کے وقت سفوف کچور مفرد ایک ماشہ میں کشتہ بارہ سنگا ۲ رتی رکھ کر شربت فریادرس ۳ تولہ میں عرق گلاب۔ عرق الائچی خورد۔ ۵۔ ۵ تولہ ملا کر پلا دیں۔ اس سے نزلہ وزکام کھانسی، خرابی گلا۔ کمزوری دل و دماغ دائمی نزلہ وزکام دور ہوگا۔ میں کہتا ہوں یہ ایک لاجواب کورس ہے اس سے بخار مزمن دق درجہ اول کمزوریٔ عامہ اور گرمی دور ہوگی۔

## (۳۷۴)

ان دو کورسوں کے بعد بھی اگر کمزوری باقی رہے تو ورق سونا ایک ماشہ۔ مگھاں ایک تولہ۔ باریک کریں کہ ورق کی چمک نہ رہے تو ایک سو کیپسول ایک ایک رتی کے بھر لیں ایک کیپسول روزانہ دودھ گائے سے دیں اس سے نزلہ وزکام کے بعد کمزوریٔ عامہ دور ہوگی۔

**خوراك:** ایک، ایک گولی صبح وشام دیں بلغمی امراض کو لاجواب ہے۔

## (۳۷۵) حب کچلہ مغز بادام والا

**هوالشافی:** کچلہ مدبر ایک تولہ۔ مگھاں ۳ تولہ۔ مویز منقیٰ ۷ تولہ۔ مغز بادام مقشر ۵ تولہ۔ حب نخودی بنالیں۔

**خوراك:** ایک، ایک گولی صبح وشام بعد از غذا۔

**فوائد:** مقوی اعصاب۔ لقوہ۔ پرانی بلغمی کھانسی۔ بھوک کی کمی۔ بخار مزمن۔ سردی زیادہ لگنا۔ اگر گولیاں نہ بنیں تو معجون کی شکل بنا کر رکھ لیں اور بقدر نخود کاٹ کر دیا کریں۔

# امراض دہن

منہ۔ زبان۔ و امراض ہونٹ۔ منہ پکنا یا منہ آنا۔ یہ ایک مرض ہے جس میں منہ کے اندر چھالے پھنسیاں پیدا ہو جاتی ہیں منہ کے اندر زخم پیدا ہو جاتے ہیں۔ ایک تکلیف دہ مرض ہے۔

## (۳۷۶) نیلا تھوتھا

نیلا تھوتھا خام۔ پانی میں اس قدر ملائیں کہ رنگت معمولی سبز ہو جائے۔ اس سے غرارے کرنا۔ منہ آنے کو مفید ہے۔ میں نے خود کئی بار تجربہ کیا ہے۔

## (۳۷۷) کھنب

پرانی کھنب جو کہ پک کر سیاہ ہو جاتی ہے اس کا منہ میں دھوڑنا اکسیر کا حکم رکھتا ہے اس کا بھی تجربہ کیا ہے لاجواب ہے۔

## (۳۷۸) لاجواب غرغرہ

دھنیا خشک ۶ ماشہ۔ پھٹکڑی پھلہ ۳ ماشہ۔ برگ حنا ۳ ماشہ۔ زیرہ گلاب ایک ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۲ رتی۔ پانی ایک پاؤ یا ڈیڑھ پاؤ میں اُبال کر صبح و شام غرارے کریں اس سے منہ پکنا دور ہو جاتا ہے۔

## (۳۷۹) لاجواب دھوڑا

زہر مہرہ خطائی۔ کباب چینی۔ طباشیر۔ کتھ سفید۔ زیرہ گل سرخ۔ دانہ الائچی خورد۔ مغز کول ڈوڈا۔ مساوی الوزن لے کر باریک کریں اور منہ میں تین بار چھڑکیں اس سے منہ آنا جلد ہی دور ہو گا چونکہ یہ مرض گرمی سے زیادہ ہوتا ہے۔ شربت بزوری یا شربت صندل یا نیلوفر۔ بنفشہ کا مرکب شربت پلا دیں۔ اگر بہت ہی جلن ہو لعاب بہی دانہ یا لعاب اسبغول ملا

کر پلا دیں ضرور بالضرور آرام ہوگا۔

## (۳۸۰)لاجواب چٹکی

برگ گاؤزبان جلا کر اس کے مساوی الوزن کتھہ سفید ملا کر پوڈر بنالیں اس کو منہ میں لگانا منہ آنے کو مجرب ہے۔ اور رسونت خالص کو عرق گلاب میں حل کر کے زبان پر لگانا بقول علامہ سویدی اور جالینوس اور دوسرے تیرہ اکابر کا قول ہے کہ رسونت سے منہ زبان کے زخم درست ہو جاتے ہیں۔

## (۳۸۱)مازو

اسی طرح مازو اور پھٹکڑی باریک کر کے چھڑکنا اور گل انار کا چھڑکنا یا مہندی کا چھڑکنا جالینوس اور اکابرین کا مجرب ہے۔

## (۳۸۲)لاجواب چٹکی ۲

**هوالشافی :** طباشیر نقرہ۔ کشنیز خشک۔ پوست سماق۔ پھٹکڑی۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین۔ مغز کنول گٹہ اندر سے پتہ نکالا ہوا۔ ہر ایک ڈھائی ڈھائی تولہ۔ کتھہ گلابی۔ کافور ۴۔۴ تولہ۔ دانہ الائچی خورد۔ مازوسبز۔ دانہ الائچی کلاں۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مائیں۔ حب آس۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ تخم خرفہ۔ گل بنفشہ ہر ایک سوا سوا تولہ۔ کلی انار ۵ تولہ۔ گوند کتیرا۔ گوند کیکر ے۔ ۷ ماشہ۔ تمام ادویہ باریک مثل سرمہ کریں۔

**خوراک :** ایک ایک ماشہ صبح و شام۔ حلق میں ڈال دیں۔ منہ آیا ہو تو زبان پر مل دیں۔ بچوں کی یہ امراض۔ اسہال۔ بدہضمی۔ ورم لوزتین۔ ورم لثہ۔ استرخاء۔ لہات (گلے پڑنا)۔ منہ پک جانا۔ گھنڈی گل جانا۔ بدہضمی ہو جانا کے لیے مجرب ہے میں نے اس نسخہ کو بنا کر خوب شہرت حاصل کی ہے آپ بھی بنا کر رکھیں اس سے جما ہوا خراب دودھ قے آ کر نکل جاتا ہے۔ لاہور میں کئی خاندان اس کو تیار کرتے ہیں اور مریض بچے ان کے پاس لائے جاتے ہیں میں نے تو کتاب سے بنا کر فائدہ حاصل کیا ہے نہایت خوشبودار چٹکی ہے۔

## (۳۸۳)حکایت

مریض نے آ کر شکایت کی کہ عرصہ چار ماہ سے منہ خراب ہے کسی دوائی سے فائدہ نہیں

ہوا ٹیکے بھی لگوا چکا ہوں۔ گلیسرین بھی لگواتا رہا ہوں۔ فائدہ نہیں ہوا۔ مریض کا منہ کھول کر معائنہ کیا تو دیکھا کہ مریض کے منہ میں بہت زیادہ گہرے زخم ہیں اور سفید رنگ کے چھلکے ہیں۔

**علاج:** کتھ سفید۔ گیری ایک، ایک تولہ۔ پھٹکڑی پھلہ ۶ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۴ رتی باریک سفوف کریں۔ اس سفوف کو پانی میں گھول کر روئی پر لگا کر تمام چھالوں پر ملتا رہا۔ تمام سفیدی اتار دی گئی نیچے سے خون آنا شروع ہو گیا۔ روئی سے صاف کر کے گلیسرین لگا دی اس طرح سے لاعلاج منہ پکنا درست ہو گیا۔ معمولی تکلیف میں غرارے کرنا کافی ہے۔

## (۳۸۴) منہ پکنا

مریضہ عمر چالیس سال ایک عرصہ سے منہ پکنے کی شکایت کی یہ دوا دے دی گئی اور گوشت انڈے گرم اشیاء سے منع کیا۔ ٹھنڈی ترکاریاں کھلائیں۔ منہ درست ہو گیا یہ سفوف معمول مطب رکھا۔

**ھوالشافی:** گل سرخ۔ کتھ سفید۔ شورہ قلمی۔ دانہ الائچی خورد ۳۔۳ ماشہ۔ کافور ایک ماشہ۔ نیلا تھوتھا بریاں ۶ رتی۔ اس کو منہ میں ملیں اور رال نیچے گرائیں اس کے بعد گرم پانی سے کرولی (کلی) کر کے گھی سے چپڑ دیں۔ انشاء اللہ مزمن سے مزمن تکلیف کو آرام ہو گا۔

## (۳۸۵) اکسیر سلطانی

**ھوالشافی:** نیلا تھوتھا پھلا ۶ ماشہ۔ کتھ سفید ۱۶ تولہ۔ باریک کریں اس کو منہ میں ملا کریں دو بار کے ملنے سے شفا ہو گی لاجواب نسخہ ہے۔ کم خرچ بالانشین ہے اگر کسی طرح آرام نہ آئے تو شربت مصفی خون یا نقوع شاہترہ سے خون صاف کریں اور مسہل دیں۔ مسہلوں سے فارغ ہونے کے بعد اطریفل شاہترہ ۷ ماشہ رات کو کھلائیں اور معجون عشبہ ۷ ماشہ کھلا کر عرق مصفی خون شربت عناب سے میٹھا کر کے دیں۔ پارے کے مرکبات کھانے سے منہ آیا ہو تو دال چنے ابال کر غرارے کرائیں یا پوست بیخ سہانجنہ۔ پوست کیکر۔ برگ چنبیلی۔ برگ ہرن کھری ملا کر جوشا کر غرارے کریں اس سے منہ آنا ٹھیک ہو جائے گا جب قلاع میں سوزش شدید ہو تو یہ غرارے کریں۔

## (۳۸۶) غرارے

**ھوالشافی:** مغز فلوس ۳ تولہ۔ عرق گلاب ۱۲ تولہ میں بھگو کر چھان کر آب کشنیز سبز ۳ تولہ اضافہ کر کے کلیاں کرائیں زیادہ مفید بنانے کے لیے رسونت ۳ ماشہ۔ کتھہ سفید ۳ ماشہ اضافہ کریں۔ غرارے کریں اس سے سوزش بھی دور ہوگی اور زخم بھی درست ہوں گے۔

## (۳۸۷) لاجواب نسخہ

پارہ صاف ایک تولہ کو ۱۰ تولہ چینی میں ۱۲ گھنٹہ تک کھرل کریں اس پاؤڈر کو بچہ کے منہ میں مل دیں۔ انشاء اللہ چھالے ٹھیک ہو جائیں گے اور ہلکا سا جلاب بچہ کو دے دیں دانہ خشخاش کے برابر روزانہ بچہ کو کھلائیں تو منہ درست ہوگا۔ مریض اگر جوان مریض کو حقہ سگریٹ سے پرہیز کرائیں گرام غذائیں نہ دیں۔ ٹھنڈی ترکاریاں کھلائیں۔ اور بچہ ہو تو ماں کی خوراک ٹھنڈی کر دیں۔

## (۳۸۸) حکیم اجمل خاںؒ کا نسخہ

طباشیر۔ زیرہ گلاب۔ تخم خرفہ۔ مغز کنول گٹہ۔ کتھہ سفید۔ دانہ الائچی خورد۔ کافور۔ مساوی الوزن باریک کر کے ململ کے کپڑے سے چھان کر دھوڑا کریں۔ بچوں کو جوارش مصطگی ۳۔۳ ماشہ۔ کھلایا کریں۔ انشاء اللہ منہ پکنا ٹھیک ہو جائے گا۔

## (۳۸۹) لاجواب عرق

اس نسخہ کا سہرا طب جدید شاہدروی حکیم احمد دین کے سر ہے۔

**ھوالشافی:** دارچکنہ ڈھائی رتی عرق مقطر آب یا عرق گلاب ایک بوتل میں حل کریں یہ لاجواب عرق ہے اس سے غرارے کرنے سے منہ پکنا' ورم حلق۔ گلے پڑنا دور ہو جاتا ہے اس کو آنکھوں میں ٹپکانا یا دھونا لاجواب ہے۔ کان میں ٹپکانا یا کانوں کو اس سے دھونا پیپ کو صاف کر دیتا ہے رحم کو دھونے سے اس کے زخم ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ بچوں کو مروڑ اور پیپ دار اسہال آتے ہوں تو ۲۔۲ قطرہ پانی میں ملا کر پلانا مجرب ہے۔ زخم کو دھویا جائے تو موجودہ پیپ صاف ہو جاتی ہے اور آئندہ پیپ کے پیدا ہونے سے روکتا ہے۔ میرا تجربہ شدہ ہے۔

17.1.22

## (۳۹۰) وٹامن بی ۱۲

ایک نئی تحقیق وٹامن بی ۱۲ سرخ رنگ کا ٹیکہ اور شربت بھی ملتا ہے اس ٹیکے کو منہ میں چھڑکنا یا گلیسرین میں حل کر کے لگانا خطرے کی حد تک پہنچا ہوا منہ ٹھیک ہو جاتا ہے۔ کئی صد بار کا مجرب ہے انشاء اللہ نئے اور پرانے حکماء کے تجارب اور اپنے تجربے لکھ دیئے ہیں۔ دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (مؤلف)

ایسے بچوں اور بڑوں کو شربت عناب اور عرق منڈی ملا کر پلاتے رہیں آئندہ خون بھی صاف ہو گا اور بار بار منہ پکنا خارش ہونا جلن ہونا زہر باد ہونا آنکھوں بار بار آنا موقوف ہو جائے گا۔ سہاگہ پھلہ ایک ڈرام شہد ڈھائی تولہ میں ملا کر لگانا مجرب ہے۔

❀❀❀

# رال بہنا

یہ بھی ایک مرض ہے جس سے مریض کے منہ میں پانی سا جمع ہو کر نیچے گرتا ہے اس کو رال بہنا کہتے ہیں۔ دراصل یہ مرض بھی معدہ کی خرابی سے ہوتا ہے اگر منہ میں زخم سے رال بہتی ہو تو اس کا علاج لکھا جا چکا ہے اور اگر معدہ کی خرابی سے ہو تو کھٹی ڈکاریں آنا معدہ میں درد کا ہونا اس پر شاہد ہو گا اور اگر کیڑوں کی وجہ سے ہو گی تو کیڑوں کا ازالہ کریں۔ ہاضمہ کے لیے طب جدید شاہدرہ والوں کا چورن مجرب ہے استعمال کریں وہ یہ ہے۔

## (۳۹۱) چورن شاہدروی

نمک لاہوری ۱۲ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ تولہ۔ سوڈا بائی کارب ایک تولہ۔ ست لیموں ۶ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۹ ماشہ۔ فلفل دراز ایک تولہ۔ سنڈھ ۲ تولہ۔ نمک سونچر ڈیڑھ تولہ۔ نمک سانبھر ڈیڑھ تولہ۔ نمک دریائی ڈیڑھ تولہ۔ روغن دارچینی ۳ ماشہ۔ روغن شفا ۹ ماشہ۔ تمام ادویہ کو باریک کر کے روغن ملا لیں۔

**خوراک:** ۲ سے ۳ ماشہ تک۔ بعد از غذا روغن شفا' ست پودینہ ایک حصہ ست اجوائن ایک حصہ۔ کافور ۲ حصہ ملا لیں روغن سفا بن جائے گا۔

**فوائد:** آلات ہضم کی ہر خرابی کو دور کرتا ہے۔ نفخ معدہ وامعا۔ قراقر معدہ۔ کمی اشتہا۔ درد شکم۔ ترش ڈکار۔ تمام امراض کا دافع ہے۔ یہ نسخہ کوئی معمولی نسخہ نہیں بلکہ ایک سو سال سے منوں کے حساب سے بن کر فروخت ہو چکا ہے۔ میں نے اس کا خود تجربہ کیا ہے یہ طب جدید شاہدروی کے چالیس نسخہ جات سے ہے۔ اس کے علاوہ یونانیوں کے سفوف مثلاً نمک جالینوس۔ نمک سلیمانی۔ قرص پودینہ بھی لاجواب ہیں۔

## (۳۹۲) زرشک

اگر صفراوی مزاج ہو اور رال بہتی ہو تو زرشک ۳ ماشہ۔ آلو بخارا ۵ دانہ۔ سونف ۵

ماشہ۔ عرق سونف ۱۲ تولہ میں پیس کر شربت انار شیریں یا شربت سکنجبین سادہ ۲ تولہ ملا کر پلائیں اور جوارش انارین یا جوارش تمر ہندی ۷۔۷ ماشہ بعد از غذا دیا کریں اور ہاضم سفوف بھی دیا کریں۔

## (۳۹۳) خبث الحدید

بڑی عمر والوں کو اکثر شکایت ہوتی ہے۔ تو یہ قرص مرجان۔ قرص خبث الحدید ایک، ایک عدد جوارش جالینوس ۷ ماشہ میں رکھ کر صبح و شام دیں۔ بعد از غذا۔ حب کبد نوشادری ۲۔۲ عدد ملا دیں۔ اطریفل ملین ہفتہ میں دو بار دیں یا معجون فلاسفہ ۷ ماشہ۔ عرق سونف ۱۰ تولہ سے رات کو دیں۔ اور مربہ زنجبیل ۷۔۷ ماشہ کھانا بھی مجرب ہے۔ جوارش مصطگی ۷۔۷ ماشہ کھلانا بھی مجرب ہے۔

## (۳۹۴) زنجبیل

سنڈھ کو منہ میں رکھنا یا شہد سہ چند میں ملا کر کھلانا بھی مفید ہے۔

## (۳۹۵) معجون عاقرقرحا

عقرقرحا کو منہ میں رکھنا یا معجون بنا کر کھلانا بھی مفید ہے۔ اسی طرح دارچینی کا چبانا اور کھلانا بھی نفع مند ہے۔ عام طور پر یہ مرض بلغمی ہوتا ہے اس لیے سرد اشیاء، سرد مشروب چاول کیلے سے پرہیز کریں اور گرم مصالحہ دار اشیاء کھلائیں۔ انشاء اللہ رال بہنا درست ہوگا۔

# بدبوئے دہن

اس مرض میں مریض کے منہ سے بدبو آتی ہے یہ بھی اندرونی مرض ہے مرض پائی اور ریا میں بھی منہ سے بدبو آتی ہے۔ کھانسی سل دق میں بھی منہ سے بدبو آتی ہے۔ خرابی ہضم میں بھی منہ سے بدبو آتی ہے۔ پان اور تمباکو کھانا اور سگریٹ یا حقہ پینے والوں کے منہ سے بدبو آتی ہے۔ گرانی شکم ہو تو مریض کو قے کرائیں مثلاً مولی کے بیج ۲ تولہ ابال کر سکنجبین سادہ ملا کر پلا دیں اس سے قے آئے گی یا گلے میں مرغی کا پر پھیر دیں اس سے قے ضرور بالضرور آ کر معدہ صاف ہو جائے گا۔ اس کے بعد قرص ملین سے آنتیں بھی صاف کریں اور ہاضم ادویہ

دیا کریں۔ اگر زیادہ ہی غلاظت ہو منضج بلغم پلا کر مسہل دیں اور جب ایارج سے عام تنقیہ کریں۔ نیز......

## (۳۹۶) سنبل الطیب

گل سرخ۔ مازو سبز۔ صندل سرخ۔ چھالیہ پودینہ بسباسہ۔ سنبل الطیب پانی میں جوش دے کر کلیاں کرائیں اور کھانے کے بعد کشتہ خبث الحدید' جوارش جالینوس ۷ ماشہ میں رکھ کر کھلائیں یا شربت فولاد یا کشتہ فولاد دوائے مسک معتدل میں رکھ کر کھلائیں۔ بدہضمی کی صورت میں قرص بسباسہ یا نمک سلیمانی یا جوارش کمونی ۷۔۷ ماشہ کھلائیں۔ مربہ زنجبیل' ایک' ایک تولہ۔ بعداز غذا۔ عرق سونف۔ عرق اجوائن ٦۔٦ تولہ۔ کھانا بلغمی مادہ کو اکسیر ہے۔ پھٹکڑی کو پانی میں حل کر کے غرارے کرنا مفید ہے۔ پودینہ کو چبانا یا اس کی چٹنی کھانا اس کا عرق پینا۔ اس کے جوشاندے سے غرارے کرنا ہر طرح مفید ہے۔ اسارون کو منہ میں رکھنا اس کا چبانا۔ شہد میں ملا کر کھانا یا غرارے کرنا لاجواب ہے۔ دارچینی کا سفوف ۳۔۳ ماشہ صبح و شام عرق سونف یا عرق پودینہ سے کھانا یا اس کا چبانا لاجواب ہے۔

## (۳۹۷) مرچ سیاہ

مرچ کالی کو سہ چند شہد میں ملا کر کھانا اور زبان پر ملنا بھی لاجواب ہے۔

## (۳۹۸) خوشبودار گولیاں

طباشیر ایک ماشہ۔ کتھ سفید ایک ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ایک ماشہ۔ ملٹھی مقشر ایک ماشہ۔ مغز بادام دو دانہ۔ کافور ۴ رتی۔ کستوری ۴ رتی۔ عنبر ۴ رتی۔ ست پودینہ ۲ رتی۔ عرق گلاب سے رگڑ کر گولیاں بنانا دانہ مونگ کے برابر اور پان میں رکھ کر کھانا شاہی نسخہ ہے اور حکیم اجمل خاں کے مجربات سے ہے۔ لونگ کو ابال کر غرارے کرنا یا شہد ملا کر کھانا یا چبانا بھی لاجواب ہے۔

۱۷.۱۱.۲۰

## (۳۹۹) حب لاجواب

جڑ پان۔ کچور مساوی الوزن لے کر گولیاں نخودی بنا دیں۔ منہ میں رکھ کر چوسنا مجرب ہیں۔ منہ آنا اور منہ کی بدبو کو دافع ہیں اور حکیم فیروز الدین مالک پرچہ ''الحکیم'' لاہور کے

مجربات میں سے ہے نیز بادرنجبویہ جوشا کر اس کی کلیاں کرنا بدبوئے دہن کا دافع ہے۔

## (۴۰۰) جوارش مفرح

جوارش مفرح طب جدید جس کا ذکر پیچھے ہو چکا ہے کھلانا مفید ہے۔ معجون فلاسفہ جوارش جالینوس کا کھلانا بھی مفید ہے۔ جوارش بسباسہ۔ جوارش مصطگی کا کھلانا بھی اکسیر ہے۔

# بطلان ذوق

میں زبان کا ذائقہ نہیں رہتا۔ آدمی خواہ کچھ کھائے زبان پر ذائقہ نہیں رہتا۔ مجھ سے کئی آدمیوں نے ذکر کیا کہ ہم نے بڑی کوشش کی ہے ہر چیز علیحدہ علیحدہ پکا کر کھا کر دیکھا ہے۔ لیکن زبان کا ذائقہ کچھ نہیں آتا۔ زیادہ تر یہ مرض نشہ کرنے والوں کو ہوتا ہے۔ یا کبھی نزلہ و زکام کھانسی میں بھی ہو جاتا ہے۔ زیادہ بلغم سے بھی مزا پھیکا ہو جاتا ہے۔ علاج اس مرض کا تعلق بھی زیادہ تر معدہ سے ہے۔ اگر نزلہ و زکام کی وجہ سے ہو تو نزلہ کا جوشاندہ پلا کر جلاب دیں۔

## (۴۰۱) گل سرخ

اس کے علاوہ عقر قرحا۔ سماق۔ گل سرخ ۳۔۳ ماشہ۔ شہد دو تولہ۔ جوشا کر اس سے غرارے کریں۔

## (۴۰۲)

**ھوالشافی :** جڑ پان۔ لونگ۔ مگھاں ۳۔۳ ماشہ۔ عقر قرحا۔ کچور ۲۔۲ ماشہ۔ مصری کوزہ ایک تولہ۔ عرق پودینہ یا جوشاندہ سے کھرل کر کے گولیاں بنا لیں اور منہ میں رکھ کر چوسا کریں اس سے زبان کا ذائقہ دوبارہ پیدا ہو جائے گا اسی طرح لونگ کو منہ میں رکھ کر چباتے رہنا بھی مفید ہے۔ جوارش جالینوس۔ جوارش مصطگی۔ معجون زنجبیل۔ یا مربہ ادرک کا کھانا بھی مجرب ہے۔ رائی۔ یا اجوائن منہ میں چبانا اور زبان پر ملنا بھی لاجواب ہے۔ اصلاح ہضم اور کمزوری معدہ کے لیے قرص خبث الحدید ایک رتی جوارش جالینوس ۷ ماشہ میں رکھ کر کھلانا یا قرص فولاد۔ دوائے مسک معتدل جواہر میں رکھ کر کھلانا لاجواب ہے اور بلغمی اشیا کھانا ترک کر دیں اور گوشت چنے گرم مصالحہ کھائیں۔ افیون اور منشیات کو ترک کر دیں جوارش مفرح کھانا اکسیر

ہے۔

# لکنت

اس مرض میں مریض لفظ اچھی طرح ادا نہیں کرسکتا دراصل یہ دوسرے امراض فالج، لقوہ، تشنج، سرسام میں بطور عرض پیدا ہو جاتی ہے اور اکثر بلغمی مادہ سے ہوتی ہے۔ اگر بلغمی مادہ سے ہوتو بلغم کا منضج دے کر مسہل دیں۔

## (۴۰۳) مغز بادام

مغز بادام ایک تولہ شہد سہ چند میں ملا کر زبان پر ملیں اور مغز پستہ کو سہ چند شہد میں ملا کر کھلایا کریں اس سے لقوہ وغیرہ دور ہو کر زبان ٹھیک ہو جاتی ہے۔

## (۴۰۴) مغز چرونجی

یا مغز چرونجی شہد سہ چند میں معجون بنا کر کھلا دیں یہ بھی مجرب ہے۔

## (۴۰۵) رائی

فلفل سیاہ۔ رائی۔ نوشادر۔ عقر قرحا۔ لونگ۔ سنڈھ ۳۔۳ ماشہ پانی میں ابال کر روز غرارے کریں اور اس سے بھی فائدہ ہوگا یا کبابہ خنداں۔ دار فلفل۔ جڑ پان وج ترکی۔ عقر قرحا۔ ۱۔ ا تولہ۔ گل اسطوخودوس ۵ تولہ۔ شہد ۱۰ تولہ میں ڈال کر رات کو زبان پر ملا کریں۔

## (۴۰۶) معجون لکنت

نمک لاہوری۔ عاقر قرحا۔ اذخر مکی۔ صعتر فارسی۔ ۳۔۳ تولہ۔ جائفل۔ جاوتری۔ فلفل سیاہ۔ دار فلفل ایک، ایک تولہ۔ شہد خالص آدھ سیر میں ملا کر ۳۔۳ ماشہ۔ صبح وشام کھلائیں اور قدرے زبان پر مل دیا کریں۔ انشاء اللہ اس سے لکنت دور ہوگی مجرب ہے۔ کبھی تیز بخاروں میں بھی یہ مرض پیدا ہو جاتی ہے۔ اس حالت میں خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا ۵ ماشہ۔ عرق شیر۔ عرق ماء الجبن ۶۔۶ تولہ سے صبح وشام دیں اور روغن لبوب سبعہ کی روز گردن کے مہروں پر مالش کریں اور بلغمی میں اطریفل اسطوخودوس ۶ ماشہ۔ بعد از غذا دیں اور کمزوری میں خمیرہ گاؤزبان عنبری صبح وشام دیں۔ معجون فلاسفہ کا کھلانا بھی مجرب ہے۔

## (۴۰۷) آب ادرک

عقر قرحا کو باریک کر کے زبان پر ملنا بھی مفید ہے۔ آب ادرک اور شہد مساوی الوزن ملا کر زبان پر ملنا لکنت کو دور کرتا ہے۔ حکیم زکریا فرماتے ہیں کہ اجوائن تازہ کے پانی میں شہد ملا کر زبان پر ملنا ہمارے مجربات سے ہے۔

## (۴۰۸) دوائے لکنت

**ھوالشافی :** اسطوخودوس۔ فلفل سیاہ۔ جڑھ پان۔ عقر قرحا۔ کندر۔ تج۔ لونگ۔ نوشادر۔ زمین قند۔ نمک لاہوری۔ سہاگہ پھلہ۔ مغز بادام ایک ایک تولہ۔ شہد چار چند ملا کر رکھیں اور صبح وشام ۳ ماشہ زبان پر مل دیا کریں اور پانی نیچے گراتے رہیں۔ چند یوم میں لکنت دور ہوگی۔ انشاءاللہ۔

## (۴۰۹) معجون انقرویا

صاحب کامل صناعت بیان فرماتے ہیں کہ معجون انقرویا زبان کے لکنت اور استرخا کو مجرب ہے۔ بلکہ اگر زبان پر مل دی جائے تو اسی وقت فائدہ ہو جاتا ہے۔ نسخہ اس کا یہ ہے۔

**ھوالشافی :** ہلیلہ سیاہ۔ بلیلہ۔ آملہ ہر ایک ۳۔۳ تولہ۔ شونیز ۲ تولہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ الائچی ۷ ماشہ۔ سعد ۶ ماشہ۔ بلادر ۶ ماشہ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ سنڈھ۔ فلفل مویہ۔ سونف روحی ایک ایک تولہ۔ شکر سفید ۵۰ تولہ کا گاڑھا قوام مثل شہد بنا کر ادویہ ملا لیں اور چھ ماہ تک غلہ جو میں رکھیں اس کے بعد کام میں لائیں۔ اس سے بقدر چھ چھ ماشہ کھانا استرخا زبان کو مجرب ہے اور اگر رائی کثرت کے ساتھ کھائی جائے تو لکنت کو مجرب ہے یہ امام سویدی۔ ابن سینا اور دوسرے گیارہ اکابر حکما کا قول ہے۔

## (۴۱۰) نمک خوردنی

اور نمک باریک پیس کر شہد میں ملا کر بچہ کی زبان پر ملنا وہ بچہ جو کہ جلدی بولتا نہ ہو جلدی بولنے لگ جاتا ہے۔

## (۴۱۱)

کبوتر کا انڈا شہد کے ساتھ بچوں کو کھلایا جائے تو بچہ بہت جلد بولنے لگ جاتا ہے۔ خواہ

زبان پر ملا ہی جائے تو بھی مفید ہے۔ اسی طرح مویز منقیٰ کا کھانا بھی ثقل لسان کے واسطے حکما کا مجرب ہے۔

## بولنا بند ہو جانا

جہاں تک میرے علم کا تعلق ہے میں نے طب یونانی کئی کتب دیکھیں مگر مجھ کو یہ مرض نہیں ملا کہ مریض کھائے پیے اور بولنا بند ہو جائے۔ لیکن ایسے مریض سامنے آئے ہیں کہ بول نہیں سکتے اس مرض کا نام اور تجربہ مجھ کو بانی طب نظریہ مفرد اعضاء علامہ صابر ملتانی اور اس کے شاگردوں سے حاصل ہوا ہے وہ یہ ہے کہ مریض ۱۳ سالہ بچی مطب میں لائی گئی جو کہ پاگلوں کی طرح ادھر ادھر دیکھتی تھی لیکن بول نہیں سکتی تھی اور منہ سے رال بہتی تھی۔ زبان پھول کر موٹی ہو گئی تھی۔

### (۴۱۲) صابر ملتانی

علاج: حب مقوی خاص۔ حب صابر دونوں ملا کر چائے کا قہوہ شہد ملا کر دیا گیا۔ زبان پر سفوف عقر قرحا مل دیا گیا اور جوشاندہ اسطوخودوس۔ دن میں تین بار پلایا گیا اس سے مریضہ جو کہ کئی دن سے بول نہیں سکتی تھی۔ دوسرے دن ہی بولنے لگ گئی۔ نسخہ جات حاضر ہیں۔

### حب مقوی خاص

مرچ سرخ ۱۲ تولہ۔ رائی یا تارا میرا ۱۲ تولہ۔ کچلہ مدبر ۴ تولہ۔ کشتہ فولاد ۴ تولہ۔ سم الفار سفید ۳ ماشہ۔ باریک کر کے پانی کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں۔

### (۴۱۳) حب صابر

رائی۔ گندھک آملہ سار۔ گودہ تمہ باریک کر کے حب نخودی بنالیں۔

**فوائد حب مقوی خاص:** عصبی امراض، فالج، لقوہ، رعشہ۔ ادھرنگ ریاحی۔ درد۔ نزلہ وزکام بولنا بند ہو جانا' کے لیے مجرب ہے۔

**فوائد حب صابر:** نزلہ وزکام رکی ہوئی بلغم، بولنا بند ہو جانا، پھوڑے پھنسی، خارش کو دور کرتا ہے قبض کشا ہے۔

١٧٠/٠٨١

## (۴۱۴) سفوف عقر قرحا

عقر قرحا۔ نوشادر۔ لونگ۔ جڑ پان ایک' ایک تولہ۔ حب صابر کا سفوف ایک تولہ ملا کر سفوف بنا دیں۔ تھوڑی دوا زبان پر مل کر منہ ڈھیلا چھوڑ دیں اس سے لعاب نکلے گا جن کے منہ سے رال بہتی ہو یا زبان بند ہو اور لکنت ہو ان کو اکسیر ہے۔

## (۴۱۵) جوشاندہ اسطوخودوس

**ھوالشافی :** اسطوخودوس ۶ ماشہ۔ بسفائج ۶ ماشہ۔ افتیمون ۶ ماشہ۔ خوب کلاں ۶ ماشہ۔ عناب ۹ دانہ پانی میں جوشا کر پن کر نیم گرم پلا دیں یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی تین خوراک روزانہ دیں۔

**فوائد:** جسم میں رکی ہوئی بلغم کو خارج کرتا ہے۔ بند نزلہ۔ کھانسی اور دمہ بلغمی۔ درد سر کو مفید ہے۔ دماغ کا جھاڑو ہے سوداوی امراض کو مجرب ہے۔ نقل از رسالہ مفرد اعضاء جنوری ۱۹۷۵ء۔

**غذا :** صبح کو انڈے نمکین ہمراہ قہوہ۔ دوپہر گوشت اگر کبوتر کا مل جائے تو زیادہ بہتر ہے ورنہ کوئی گوشت اُس کے علاوہ انڈے اچار پکوڑے رات کو صرف سالن کھا کر قہوہ پلائیں از حکیم شریف خان مرحوم دنیا پوری۔

# ورم زبان

اس مرض میں زبان سوج جاتی ہے گلے کی رگیں درد کرتی ہیں بخاروں اور پرانے امراض میں ایسا ہو جاتا ہے بعض دفعہ سوزش کے بعد پیپ بھی پڑ جاتی ہے۔ اصل سبب کو دیکھ کر علاج کریں۔

## (۴۱۶) حقنہ

سب سے پہلے مریض کو کسٹرائیل ۵ تولہ دودھ میں ملا کر پلائیں۔ اگر نہ پی سکے تو اس کو کسٹرائیل ۵ تولہ۔ صابن دیسی ۶ ماشہ۔ نمک طعام ۲ تولہ۔ پانی ڈیڑھ سیر میں ملا کر حقنہ دیں تا کہ آنتیں صاف ہو جائیں اور تکلیف کا بھی ازالہ ہو جائے۔ مغز املتاس ۶ تولہ۔ آدھ سیر دودھ میں ملا کر غرارے کرائیں اور رفع قبض کے لیے بھی دے دیں۔

## (۴۱۷) کوکنار

گل انار ۴ ماشہ۔ کوکنار ۴ عدد۔ کز ماج ۶ ماشہ۔ دھنیا ۶ ماشہ۔ مسور سالم ۶ ماشہ۔ پیلک ۶ ماشہ۔ برگ توت ۶ ماشہ پانی میں جوش دے کر اس کی کلیاں کرائیں۔ ورم کی شدت میں فصد سرارو کر دیں یا زبان پر جونکیں لگوائیں۔ کھانے کے لیے ہلیلہ مربی کو دھو کر چاندی کے ورق میں لپیٹ کر لعاب بہی دانہ ۳ ماشہ۔ شیرہ خرفہ ۳ ماشہ۔ شیرہ عناب ۵ دانہ۔ شیرہ تخم کاہو ۳ ماشہ۔ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ۔ شربت عناب ۴ تولہ ملا کر پلا دیں۔ انشاء اللہ سکون ہو گا۔

## (۴۱۸) تخم حلبہ

اگر ورم میں پیپ بڑھ جائے تو ورم کے پھاڑنے کے لیے تخم حلبہ۔ تخم کتان۔ تخم کنوچہ۔ تخم خطمی ۷۔۷ ماشہ پانی میں ابال کر اس سے غرارے کرائیں اس سے ورم پھٹ جائے گا۔

## (۴۱۹) تخم السی

اور زخم صاف کرنے کے لیے تخم السی۔ تخم خطمی ۱۔۱ تولہ۔ پانی مین جوش دے کر مغز املتاس۔ شہد خالص ۲۔۲ تولہ۔ دودھ گائے تین پاؤ میں حل کر کے اس سے غرارے کریں اس سے زخم صاف ہو جائے گا۔

## (۴۲۰) روغن گل

روغن گل میں روئی تر کر کے بار بار لگا دیں اس سے زخم ورم بھی دور ہوتا رہے گا۔ ملٹھی ۲ تولہ کو کوٹ کر آدھ سیر پانی میں جوش دے کر ایک تولہ شہد اور ۶ ماشہ سہاگہ حل کر کے اس سے کلیاں کرنا ورم زبان کو بے حد مفید ہے۔

## (۴۲۱) کشنیز خشک

اور برگ توت سیاہ۔ کشنیز خشک ۹ ماشہ۔ تین پاؤ پانی میں جوش دے کر ایک تولہ سرکہ ملا کر غرارے کرنا ورم زبان کو زائل کر دیتا ہے۔

## (۴۲۲) بادیان

سونف کے جوشاندے سے کلیاں کرنا بھی لاجواب ہے۔

## (۴۲۳) ہلیلہ زنگی

سرسوں۔ ترپھلہ۔ ناگرموتھہ ایک' ایک تولہ۔ تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب آدھ سیر رہ جائے تو ہلیلہ زنگی ایک عدد کا سفوف ملا کر غرارے کرنے سے منہ زبان اور ہونٹ اور گلے کا جوش اور پکنا تمام درست ہو جاتے ہیں۔

## (۴۲۴) سرس

پوست سرس کے جوشاندے سے کلیاں کرنا ورم زبان کو تحلیل کر دیتا ہے۔ آب مکو تازہ۔ یا جوشاندہ بنا کر اس سے کلیاں کرنا بھی نہایت سریع الاثر ہے کیونکہ دافع ورم ہے۔

# زبان کا پھٹنا

گرمی' خشکی ترش اشیا کا کھانا۔ مصالحہ دار اشیا کا کھانا خرابی معدہ و پان میں چونہ زیادہ لگ جانا۔ سے بھی زبان پھٹ جاتی ہے۔ رنگت سرخ ہو جاتی ہے۔ کھانے پینے میں تکلیف ہوتی ہے۔

**علاج :** دہی سے کلیاں کرائیں۔ قبض دور کریں۔ قرص ملین چار عدد دوسرے دن دیا کریں۔ قرص ملین کا کئی دفعہ تذکرہ ہوا ہے لیکن نسخہ نہیں لکھا وہ یہ ہے۔

## (۴۲۵) قرص ملین

**ھوالشافی :** پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ خشک۔ تربد صاف ہر ایک ۲۔۲ تولہ۔ سونف۔ مصطگی۔ اسطوخودوس۔ سقمونیہ۔ ریوند چینی۔ بادام روغن۔ ۵۔۵ تولہ۔ شہد سہ چند سے معجون بنا دیں تو یہ اطریفل بن جائے گی اور اگر اس میں شہد نہ ملائیں اور مشین سے ایک' ایک ماشہ کی ٹکیاں بنا لیں تو یہ قرص ملین بن جائے گی۔

**خوراک:** ۲ سے ۴ قرص تک حکیم اجمل خاں دہلوی رحمۃ اللہ کا یہ مجرب نسخہ ہے۔ میری اس کتاب میں جس جگہ بھی امراض آنکھ' امراض دماغ اور کسی جگہ بھی اگر قرص ملین کا نام ہو تو یہ قرص مراد ہوں گی۔ ورنہ اس کے ساتھ وہ نسخہ موجود ہوگا۔ حکیم اجمل خان صاحب فرماتے ہیں کہ دائمی قبض میں دو ماہ تک متواتر کھلاتے رہیں اس کے بعد کبھی کبھی دے دیا کریں۔ انشاء اللہ دائمی قبض بھی دور ہوگی۔ امراض پیٹ' امراض صدر و امعا میں بھی وہ اس کو ہی تجویز کرتے

تھے۔

## (۴۲۶) بہی دانہ

لعاب بہی دانہ ۳ ماشہ میں سہاگہ پھلہ ایک ماشہ ملا کر لگایا کریں۔

## (۴۲۷) مغز کدو

لعاب بہی دانہ ۳ ماشہ پانی میں بھگو کر اس کا لعاب نکال لیں۔ عناب ۵ دانے۔ مغز کدو۔ مغز تربوز ۳۔۳ ماشہ پانی میں پیس کر لعاب بہی دانہ ملا کر شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر صبح و شام پلا دیں اور اگر سوزش زیادہ ہی ہو تو کوکنار ۳ عدد۔ اسپغول ۶ ماشہ۔ تخم خشخاش ۳ ماشہ۔ عرق گلاب میں جوش دے کر اس سے کلیاں کرائیں اور بہی دانہ منہ میں رکھیں۔ مکھن منہ میں لگا دیں۔

## (۴۲۸) روغن نارجیل

یہ مرہم بھی مجرب ہے۔ گری کا تیل ۲ تولہ۔ موم سفید ایک تولہ۔ آگ پر رکھیں جب یک جان ہو جائیں تو کندر ۳ ماشہ۔ سرمہ کی طرح باریک کر کے ملا لیں۔ اس سے زبان کو چپڑتے رہیں زبان کا پھٹنا درست ہو گا۔

## (۴۲۹) کاکڑا سنگی

یہ پاؤڈر بھی مجرب ہے۔ کاکڑا سنگی۔ دانہ الائچی خورد۔ لودھ پٹھانی۔ کتھ سفید۔ سنگ جراح۔ زیرہ سفید۔ طباشیر نقرہ۔ مساوی الوزن باریک کریں اور چھڑکا کریں۔

## (۴۳۰) بکری کا دودھ

بکری کا دودھ منہ میں رکھنا بھی مفید ہے۔ لعاب اسپغول۔ آش جو لگانا پوٹلی اسپغول لگانا۔ روغن بنفشہ۔ روغن نیلوفر۔ روغن کدو۔ بادام روغن لگانا۔ مغز بادام پیس کر لگانا اور کشنیز خشک چبانا یا تازہ مکھن میں بیسواں حصہ نمک سائیدہ ملا کر ملنا لاجواب ہے۔ یہ روغن زبان کی جلن کو بھی مفید ہیں۔

**غذا:** ٹھنڈی ترکاریاں کھائیں۔ اور گرم اور ترش اشیاء سے پرہیز رکھیں اور ٹھنڈی ترکاریاں آش جو۔ اور نرم کھچڑی و چاول وغیرہ کھائیں۔

## ہونٹوں کا ورم، پھنسیاں اور زخم

اس مرض میں بھی جسم کے اندر خلط غالب آ جاتی ہے۔ اس سے ورم اور زخم تک ہو جاتے ہیں۔ خلط غالب دیکھ کر اس کا منضج مسہل اور فصد سے تنقیہ کریں دافع ورم، دافع درد ادویہ لگائیں۔ ہاضمہ کی خرابی ہو تو اس کی اصلاح کریں۔ قبض کشائی کریں حرارت بڑھ گئی ہو تو اس کو سرد کریں سرد مشروبات مثلاً صندل۔ نیلوفر۔ یا بنفشہ کا شربت دیں۔ اور یہ ضماد لگا دیں۔

### (۴۳۱) جدوار

صندل سرخ۔ گل ارمنی۔ جدوار۔ رسونت ۶۔۶ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۳ ماشہ۔ آب سبز مکو میں گھس کر ضماد کریں۔ دن میں دو بار لگائیں برائے قبض قرص ملین یا اطریفل ملین یا اور کوئی قبض کشا دوا دیں۔

### (۴۳۲) آرد جو

رسونت۔ گل بابونہ۔ صندل سرخ۔ آرد جو۔ گیری ۶۔۶ ماشہ۔ جدوار ۲ ماشہ۔ ہری مکو کا پانی اور سبز دھنیا کے پانی سے تمام ادویہ باریک کر کے ضماد بنا کر لگانا بھی مجرب ہے۔

### (۴۳۳) مرہم

سفیدہ کاشغری۔ ۳ ماشہ۔ گل ارمنی ۳ ماشہ۔ کافور ایک ماشہ۔ لعاب اسپغول میں کھرل کریں خشک ہونے پر مکھن ایک تولہ ملا کر مرہم بنا کر لگانا ورم کو مجرب ہے۔

### (۴۳۴) موم قدرتی

روغن گل۔ روغن بادام۔ یا روغن زیتون یا مکھن کافور ملا کر لگانا ہونٹوں کے پھٹنے میں مجرب ہے یا روغن گل میں قدرے موم ملا کر لگانا بھی مفید ہے۔ رسونت کو آب مکو میں لگانا اور امرت دھارا کو روغن کنجد میں ملا کر لگانا بھی مجرب ہے اور ناف پر روغن بنفشہ یا روغن کنجد یا مکھن لگائیں۔ اسپغول کی پوٹلی باندھ کر پانی میں بھگو کر ہونٹوں پر ملنا بھی مفید ہے۔ یہ مرض آتشک کے مریضوں کو بھی ہو جاتا ہے لہٰذا آتشک والا علاج کریں۔

### (۴۳۵) نیم

برگ نیم ایک تولہ۔ کمیلہ ۶ ماشہ۔ پانی میں جوش دے کر اس سے لبوں کو دھوئیں اور

مرہم سفیدہ کاشغری لگا دیں۔

## (۴۳۶) ضماد

ایک ضماد اور حاضر ہے۔ مازو سبز۔ نشاستہ گندم۔ گوند کتیرا۔ سفیدہ کاشغری ایک ایک ماشہ۔ موم سفید ۳ ماشہ۔ مغز ساق گاؤ ۳ ماشہ۔ چربی مرغ ۶ ماشہ۔ روغن گل ۶ ماشہ۔ تمام کو پگھلا کر اور اوپر والا سفوف ملا کر مرہم بنا دیں اور اس کے لگانے سے ہونٹوں کا پھٹنا سوجنا اور پھنسیاں دور ہو جاتی ہیں۔

## بواسیر لب یا سرطان لب

یہ مرض بھی احتراق خون سے پیدا ہوتا ہے۔ اطبا قدیم اس پر متفق ہیں کہ اس مرض میں داخلی طور پر سفوف ہلیلہ جات کو شربت افتیمون یا شربت اسطوخودوس وغیرہ سے کھانا اور احتراق خون کا ازالہ کر کے اور سودا کے بگاڑ سے اس کی اصلاح کرنا مسہلات سودا اور مسکنات خون کا استعمال اس مرض میں مفید ہے۔ حالات اجازت دیتے ہوں تو فصد چار رگ یا سرارو کی کر دیں اور بواسیر لب پر نمک اور سرکہ لگانا مفید ہے۔

## (۴۳۷) مرہم داخلیون

آب مکو۔ آب کاسنی میں ملا کر مداوت کے ساتھ لگانا سرطان لب کو مجرب ہے۔

## (۴۳۸) ماء الجبن

ماء الجبن کرنا بھی لاجواب ہے۔ زنگار اور نوشادر کو پرانے شہد میں ملا کر لگانا اس مرض میں مفید ہے۔

**نکات مطب:** میرے خیال میں آتشک کا علاج کرنا مفید ہے۔ (مؤلف)

## حمرا ماشری یا سرخ باد

ایک ہی مرض کے نام ہیں اس میں چہرے پر ورم اور سرخ پھنسیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ چہرہ سرخ ہو جاتا ہے اور اس مرض میں خون گرم ہو جاتا ہے لیکن اس کا اظہار چہرہ پر ہوتا ہے۔ میں نے خود کئی مریض دیکھے کہ چہرہ سرخ ورم کر جاتا ہے۔ پھنسیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ زخم بھی ہو جاتے ہیں۔ جن میں سخت جلن پیدا ہو جاتی ہے۔ عام طور سے بچوں کو مرض ہوتا ہے۔ علاج

خون کو ٹھنڈا کریں اور چہرے پر محلل ضماد لگا دیں۔ قبض دور کریں۔

## (۴۳۹) شربت عناب

شربت عناب ۲ تولہ۔ عرق شاہترہ ۔ عرق گاؤبان ٦ ۔٦ تولہ ملا کر صبح و شام پلائیں۔ بچوں کو حسب عمر کم دیں۔ فصد سرارو یا قیفال کر دیں۔

## (۴۴۰) آلو بخارا

رسونت مصفی ایک، ایک رتی صبح و شام شیر خوار بچوں کو ماں کے دودھ میں مناسب عرق میں ملا کر پلانا اکسیر ہے۔ آلو بخارا املی کا نقوع شربت نیلوفر یا شربت عناب یا شربت صندل سے دینا لاجواب ہے۔

## (۴۴۱) ضماد سرخ باد

**ھوالشافی :** گیری۔ صندل سفید۔ دھنیا کو سرکہ میں حل کر کے لیپ کریں اس سے جلن سرخی ورم دور ہو جاتے ہیں۔

## (۴۴۲) حب لاجواب

یہ گولیاں کئی دواخانوں کی مجرب اور لاجواب ہیں۔

**ھوالشافی :** تخم خیارین۔ تخم خرفہ۔ کشنیز۔ گیری۔ طباشیر ٦ ۔٦ ماشہ۔ صندل سرخ ۳ ماشہ۔ زعفران ۴ چاول۔ چاول نشاستہ گندم ۲ ماشہ۔ عرق گلاب سے گھوٹ کر گولی بقدر جنگلی بیر بنا دیں اور سایہ میں خشک کریں۔

**مقدار خوراک:** بچوں کو ایک گولی بلحاظ عمر اور بڑوں کو ۲ سے ۳ عدد تک کھلائیں۔ ہمراہ شربت انار یا مناسب عرق و شربت پہلے دن ہی ماشرا دور ہو گا درد ورم سرخی اور زخم درست ہوں گے انشاء اللہ۔ لاجواب نسخہ ہے۔ شربت سکنجبین سادہ ۳ تولہ۔ عرق گلاب۔ آب تازہ ۱۰۔۱۰ تولہ میں ملا کر پلانا بھی لاجواب ہے۔

## (۴۴۳) صندل

ہر دو صندل۔ برگ نیم مساوی الوزن کو عرق گلاب میں رگڑ کر ضماد کرنا لاجواب ہے۔

## (۴۴۴)

عناب ولائتی ایک پاؤ۔ شاہترہ ایک سیر۔ پوست درخت نیم۔ کشنیز خشک ۱۰۔۱۰ تولہ۔ دو روز بھگو کر عرق صرف چار بوتل نکال لیں۔

**خوراک:** بچوں کو ۹ ماشہ سے تولہ تک بڑوں کو ۵ تولہ سے ۷ تولہ تک شربت عناب سے پلانا سرخ، ورم چہرہ، آنکھوں پر پھنسیاں اور فساد خون کو لاجواب کم اجزا کا نسخہ ہے۔

## (۴۴۵) حب لاجواب

**ھوالشافی:** پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ ریوند چینی ہر ایک ۳۔۳ ماشہ۔ طوطیا بریاں ۴ رتی۔ عرق گلاب میں مثل سرمہ بنا کر گولیاں بقدر دانہ ماش بنا دیں۔

**مقدار خوراک:** ایک، ایک گولی صبح و شام ہمراہ مناسب بدرقہ یا مناسب عرق سے دینا لاجواب ہے۔ دو گولیاں مریض کی والدہ کو بھی دیں اس مرض کے علاوہ بچوں کی تمام امراض متعلقہ فساد خون کو لاجواب ہیں۔

## (۴۴۶) شربت مصفی خون

**ھوالشافی:** عناب ۵ تولہ۔ صندل سفید اصلی ۲ تولہ۔ منڈی ۲ تولہ۔ پانی ایک سیر میں بھگو کر صبح کو جوش دے کر ڈیڑھ پاؤ چینی ملا کر شربت بنا دیں۔

**مقدار خوراک:** ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک عرق شاہترہ عرق گاؤزبان ۳۔۳ تولہ میں ملا کر پلانا لاجواب ہے۔

## (۴۴۷) حکایت

ایک نوجوان کے چہرے پر ماشرا پیدا ہو گیا۔ ورم کے علاوہ بہت سا پانی بھی نکلنا شروع ہو گیا۔ گھر والے حیران ہو گئے کہ کیا بنے گا یہ ضماد دیا گیا۔

**ھوالشافی:** رسونت۔ پھٹکڑی۔ ہلیلہ زرد کو پانی میں گھس کر لگایا گیا اس سے فوراً سوزش اور ورم اتر گویا اور سرکہ ملا کر لگانا زیادہ مفید ہے۔

## (۴۴۸) سنگ یہود

اگر باچھیں پھٹ جائیں تو سنگ یہود کو روغن گل میں رگڑ کر ضماد کریں۔

## (۴۴۹) آب انار

سرمہ سیاہ کو آب انار ترش میں ضماد بنا کر لگانا مجرب ہے۔

## (۴۵۰) کتھہ سفید

کتھہ سفید کو عرق گلاب میں ملا کر لیپ کرنا اور مصفیات کھلانا بھی لاجواب ہے۔

## لبوں کی پھڑکن

یہ بھی ایک مرض ہے جس میں لب ایک یا دونوں پھڑکتے ہیں اور کبھی ان کے ساتھ چہرہ اور آنکھیں بھی پھڑکنے لگ جاتی ہیں۔ یہ مرض تیز امراض کے بحران یا فم معدہ کی مشارکت سے یا زیادہ غلیظ فضلات دماغ اور ہونٹوں کی عروق کے خون سے ممتلی ہونے کے سبب سے ہو جاتا ہے۔ اگر امراض حادہ شدیدہ میں ظاہر ہو تو سمجھ لینا چاہیے کہ اس کا سبب بحران ہے۔ اگر فم معدہ کی مشارکت سے ہو تو غشیان کی علامت پائی جائے گی اور طبیعت قے کی طرف راغب ہوگی یا ہچکی شروع ہو جائے گی اسی طرح اگر ریاح غلیظ کے سبب سے ہو تو ریح کا غلبہ پایا جائے گا۔ فضلات دماغ اس کا سبب ہو تو دماغ مختل اور حواس باختہ ہوں گے۔ ابتدائے عروق میں ہونٹ زیادہ سرخ، چہرہ گلگوں، نبض بھرپور طبیعت کسل مند اور منہ کا ذائقہ شیریں ہوگا۔ اطبا قدیم نے لکھا ہے کہ ہونٹوں کا پھڑکنا بعض اوقات صرع یا لقوہ کی علامت ہوتی ہے۔ اگر مشارکت معدہ اس کا سبب ہو تو سب سے اول قے کرائیں ثقیل قابض نفاخ اشیاء کا استعمال اس مرض میں مضر ہوتا ہے۔

**غذا:** غذا زود ہضم دیں اور شکم پروری نہ کرنے دیں۔ اگر غلبہ خون سے ہو تو رگ قیفال یا رگ زیر زبان کا فصد کر دیں یا اطراف تلیوں کنپٹیوں تک کریں گردن میں پچھنے لگانا یا سینگیاں کھچوانا بھی مفید ہے۔

## (۴۵۱) شفتین

سبب مرض امتلائے معدہ ہو تو گرم پانی میں نمک ۹ ماشہ سے ایک تولہ ملا کر پلا دیا اس سے قے ہو جائے گی اگر اس سے بھی قے نہ آئے تو شربت سکنجبین سادہ یا سرکہ ۲ تولہ نمک ۶ ماشہ۔ آب گرم میں حل کر کے پلا دیں اس سے قے آ جائے گی یا سوئے۔ تخم ترب

۲-۳ ماشہ پانی میں جوش دے کر سکنجبین ملا کر پلانا بھی قے آور ہے۔ اگر فضلات دماغ یا سدہ ریاح سے ہو تو اطریفل زمانی یا اطریفل ملین ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ عرق گلاب دیں اس سے دماغ کا تنقیہ ہو جائے گا۔

## (۴۵۲) اسطوخودوس

**ھوالشافی :** اسطوخودوس، بادرنجبویہ۔ گل بنفشہ ۹-۹ ماشہ سونف ۳ ماشہ۔ عرق گلاب ۱۵ تولہ میں رات کو بھگوئیں صبح کو جوش دیں ۱۰ تولہ رہ جانے پر پن کر شربت بنفشہ دو تولہ پاؤڈر سنا مکی ۶ ماشہ ملا کر نیم گرم پلا دیں۔ دماغ کے فضلات اور سدے نکالنے اور اس کا تنقیہ کرنے میں لاجواب ہے۔

**نکات مطب :** دماغ میں گاڑھی بلغم کے رک جانے کو مجرب ہے۔ دماغ اور معدہ دونوں کو صاف کر دیتا ہے۔ عرق گلاب ایک پاؤ کر لیں دماغ کے تمام امراض کو مفید ہے۔

## (۴۵۳) گلاب

گلاب ۱۵ تولہ سے ایک پاؤ تک لیں خوشبودار کرنا ہو تو ۱۵ دانہ الائچی خورد بھی ملا لیں۔ مربہ زنجبیل ایک، ایک تولہ عرق سونف سے کھانا یا سفوف زنجبیل کو شہد میں ملا کر کھانا اور زنجبیل کو سرکہ میں گھس کر ہونٹوں پر لگانا عظیم نفع مند ہے لونگ ۳ ماشہ کو ماء العسل کے ساتھ کھانا اور پانی میں لیپ بنا کر لگانا مجرب ہے۔ جائفل کو منہ میں رکھنا یا جائفل کو روغن گل میں طلا بنا کر لگانا بھی مفید ہے۔ دارچینی کھانا یا ہونٹوں پر لگانا یا جوشاندہ بنا کر پینا یا شہد میں ملا کر چاٹنا بھی مفید ہے۔

## (۴۵۴) معجون

یہ معجون بھی مفید ہے۔ اور ریاح سے ہونے والے اختلاج کو مفید ہے۔

**ھوالشافی :** زیرہ سیاہ۔ لونگ۔ فلفل سیاہ۔ دانہ الائچی خورد ایک، ایک تولہ۔ شہد سہ چند۔

**خوراک :** ۶-۶ ماشہ ہمراہ عرق سونف ۱۰ تولہ سے صبح و شام کھانا ریاح معدہ کو اکسیر ہے۔

## (۴۵۵) سنبل الطیب

سنبل الطیب اور برگ پودینہ کا جوشاندہ بنا کر اس سے لبوں کا دھونا اور اسی جوشاندہ کو

شہد یا شکر سے میٹھا کر کے پینا دافع مرض ہے۔ ہونٹوں کے پھٹ کنے کو روک دیتا ہے۔

## (۴۵۶) کامل صناعت

زبان کی مرض ایک اور بھی ہے جس میں زبان پر مینڈک کی شکل میں ورم ہوتا ہے اور صاحب کامل صناعت فرماتے ہیں۔

**ھوالشافی :** پوست انار۔ نمک۔ صعتر فارسی تینوں باریک کر کے زبان پر ملیں اور شیخ الرئیس نے بھی اس کی تصدیق کی ہے اور بھی کئی حکما اس نسخہ کے حق میں ہیں۔

## (۴۵۷) بیضہ مرغ

اور پھٹکڑی بریاں۔ سورنجاں دونوں باریک کر کے سفیدی بیضہ مرغ میں ملا کر زبان کے نیچے رکھنا صاحب کامل صناعت کا فرمودہ ہے۔

## (۴۵۸)

اور علامہ ابن سہیل نے صاحب مختارات کا یہ قول نقل کیا ہے ہیں کہ مازو اور نوشادر باریک کر کے مقام ماؤف پر ملنا مفید ہے۔

❀❀❀

# دانتوں کی بیماریاں

اس باب میں دانت درد، پائی اوریا، دانتوں کا رنگ خراب ہو جانا، دانتوں کا ہلنا، دانتوں کے کرم، وغیرہ وغیرہ کا بیان ہے۔ اور سب سے زیادہ مرض پائی اوریا ہے جس کو ناسور لثہ بھی کہتے ہیں۔ ان امراض کا سبب زیادہ سرد اشیاء کا کھانا یا سرد کے بعد فوراً گرم اشیاء کا کھانا، خرابی ہاضمہ، خرابی خون یا خون میں آتشکی یا سوزاکی کا مادہ ہونا، پارے والی ادویہ کا کھانا، عورتوں میں زمانہ حمل اور جسم میں کیلشیم کا کم ہونا اس کے اسباب ہیں میں نے تمام عمر اس مرض کے لیے بہتر سے بہتر منجن بنائے ہیں اور مجھ کو اس مرض پر بہت سے تجربات کے بعد بہت اچھے نسخے اور تریاق مل گئے ہیں تمام ہی حاضر ہیں۔ میں اصول علاج بھی تمام ہی لکھ دوں گا۔ انشاء اللہ اور ایک لاجواب تجربہ جو کہ ایلوپیتھی تمام ٹیکے اور کیپسول فیل ہو جانے پر بھی کامیاب رہتا ہے اس راز کا بھی طریقہ سمجھا دوں گا۔ وہ نہایت کامیاب ہے اور ایک یا دو انگریزی ادویہ بھی لکھ دوں گا کیونکہ ڈاکٹر صاحبان بھی ہماری دیسی ادویہ استعمال کرتے رہتے ہیں۔ لہٰذا ہر طرح امراض دانت میں آپ کامیاب ہوں گے۔ انشاء اللہ۔ مؤلف کا تجربہ ہے کہ جن لوگوں کا ہاضمہ ٹھیک رہتا ہو جگر صحیح کام کرتا ہو اور خون صاف ہو تو ایسے لوگوں کے دانت ٹھیک رہتے ہیں اور نزلہ و زکام دائمی کے مریض دانتوں کو جلدی خراب کر لیتے ہیں۔ عام صحت ٹھیک رہنے سے دانت بھی ٹھیک رہتے ہیں۔

## (۴۵۹) نمک

اسی طرح متقدمین حکماء نے لکھا ہے کہ نمک باریک پیس کر شہد میں ملا کر ملنا امراض دانت سے محفوظ رکھتا ہے۔

## (۴۶۰) کاپھل

کاپھل کو جوشاکر اس کا منہ میں رکھنا اور اس سے کلیاں کرنا دانتوں کا محافظ ہے۔ اور ہفتہ میں دو بار نمک باریک کردہ سرسوں کے تیل میں ملا کر ملنا دانتوں کا محافظ ہے۔ غذا کھانے کے بعد کلی کرنا، دانتوں سے غذا کے ٹکڑے نکال دینا، روزانہ مسواک کرنا، کیکر، شیشم، نیم، پیلو،

لکڑی کی مسواک کرنا دانتوں کا محافظ ہے۔

## (۴۶۱) نمک شیشہ

نمک سفید۔ پھٹکڑی بریاں۔ نیلا تھوتھا بریاں' ایک' ایک ماشہ ملا کر ایک سیر گرم پانی میں حل کر کے ایک تولہ سرکہ ملا کر اس سے دن میں دو بار غرارے کرنا مرض پائی اوریا کا خاص علاج ہے اور خون کی صفائی کے لیے اطریفل شاہترہ ۷ ماشہ کھلانا خون کو صاف کرتا ہے اور پیپ کو روکتا ہے۔ دانت اگرچہ ہڈی کی قسم ہے لیکن جن پٹھوں سے بندھے ہوئے ہوتے ہیں ان کو درد کا احساس ہوتا ہے۔ اس لیے جب پٹھے کمزور ہو جاتے ہیں تو دانت ہلنے لگ جاتے ہیں۔ لہٰذا دانتوں میں درد ہو تو مسکنات استعمال کریں مثلاً برشعثہ کھلائیں۔ اور نسوار دیں اس سے دانت درد کو آرام آتا ہے۔ مثلاً کافور ایک ماشہ۔ نوشادر ایک تولہ باریک کر کے اس کی نسوار دیں اس سے افاقہ ہو کر درد بند ہوتا ہے۔ افیون کو کسی روغن میں حل کر کے لگانا دانت درد کو بند کرتا ہے۔

## (۴۶۲) منجن

یہ منجن دانت درد کو مجرب ہے۔ لاجواب نسخہ ہے۔

**ھوالشافی :** عاقرقرحا۔ لونگ۔ جائفل۔ افیون۔ کافور۔ اجوائن خراسانی مساوی الوزن باریک کریں اور درد والے دانت پر رکھ دیں یا مل دیں اس سے دانت درد فوراً بند ہو گا اس میں تمام ادویہ تسکین دینے والی ہیں۔

## (۴۶۳) شیر مدار

اسی طرح اگر دانت کو پانی ٹھنڈا لگتا ہو تو۔ نمک شیشہ کو شیر مدار میں تر کر کے ۵ سیر کی کوزہ میں بند کر کے آگ دیں اس کو دانتوں پر ملیں درد فوراً بند ہو گی۔ غریبانہ نسخہ مگر لاجواب ہے بڑے حکما کا مجرب ہے۔

## (۴۶۴) روغن لونگ

روغن لونگ یا روغن دارچینی یا کاربالک ایسڈ یا روغن تارپین کی پھریری سوراخ میں رکھنا دانت درد کو بند کر دیتا ہے۔

## (۴٦۵) افیون

افیون ایک ماشہ کو روغن گل میں حل کر کے روئی کی پھریری سے درد والے دانت پر رکھنا دانت درد کو بند کرتا ہے۔

## (۴٦٦) سہاگہ

افیون ایک ماشہ۔ سہاگہ ۳ ماشہ کی باریک بتیاں بنا کر سوراخ والے دانت میں رکھ دیں تو درد بند ہو گا۔

## (۴٦۷) باؤبڑنگ

کمیلہ اور بابڑنگ ۳۔۳ ماشہ لے کر جوشا کر اس سے غرارے کرنا دانتوں کے کرم کو ہلاک کر دیتا ہے اور درد بند ہو جاتا ہے۔

## (۴٦۸) شحم حنظل

اسی طرح شحم حنظل ٦ ماشہ پانی میں اُبال کر اس کے غرارے کرنا کرم دانت کو ہلاک کر دیتا ہے۔

## (۴٦۹) کتھہ

کتھہ سفید ٦ ماشہ۔ پھٹکڑی ٦ ماشہ۔ نیلا تھوتھا دو رتی پانی ایک سیر میں حل کر کے اس کے غرارے کرنا مسوڑھوں کی پیپ اور ورم کو دور کر کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ یہ تمام علاج مجرب ہیں اس کے آگے اور مفید منجن اور ترکیب بھی حاضر ہیں۔ قبض ہو تو دور کریں۔ ہاضمہ خراب ہو تو اس کی اصلاح کریں۔ ہفتہ میں دو بار قبض کشائی ضرور کریں۔

## (۴۷۰) سرکہ

سرکہ اور نمک ملا کر منہ میں رکھنا دانت درد اور مسوڑھوں کو مفید ہے۔ یہ کامل صناعت' امام سویدی اور دوسرے کئی حکما کا قول ہے اور یہ سردی اور گرمی سے ہونے والے تمام قسم کے درد کو نافع ہے۔

## (۴۷۱) پوٹاشیم

اور پھٹکڑی بریاں ایک ماشہ' پوٹاشیم پرمینگنیٹ ایک رتی ملا کر آدھ سیر پانی میں حل کر

کے غرارے کرنا دانتوں سے پیپ اور میل کو صاف کرنے میں مجرب ہیں۔ منجن ملنے کے بعد ایک گھنٹہ اس سے غرارے کراتا ہوں معمول اور مجرب ہے۔

## (۴۷۲) منجن کم اجزاء والا

**هوالشافی:** پھٹکڑی سفید ۵ تولہ۔ سنگ جراح ۵ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۵ ماشہ۔ باریک کریں یہ منجن مجھ کو انیس احمد از لاہور نے اپنا تجربہ شدہ بتلایا تھا میں اسی دن سے تیار کرتا ہوں اور انہوں نے کہا تھا کہ ایک ماہ تک روزانہ ملیں اس سے دانت سفید خوبصورت چمکدار ہو جاتے ہیں اور پائی اوریا دور ہو جاتا ہے۔ مسوڑوں پر پھر گوشت آ جاتا ہے۔ کئی آدمیوں کو دیا اور کئی کو بتا دیا انہوں نے بنا کر مفید ہونے کی تصدیق کی ہے۔

## (۴۷۳) منجن لاجواب

ایک دواخانہ کا مشہور نسخہ ہے دانتوں کا درد۔ دانتوں کی جڑوں میں پانی پڑ جانا' خون آنا' پائی اوریا' میل جم جانا' بدبوئے دہن ہونا اور دانتوں میں کرموں کا ہونا تمام کو لاجواب ہے۔

**هوالشافی:** پھٹکڑی سرخ ۲ تولہ۔ کوڑ ۲ تولہ۔ کٹھ تلخ ۲ تولہ۔ چھلکا ریٹھا ۳ تولہ۔ نیلا تھوتھا ایک ماشہ۔ مثل سرمہ باریک کریں اس نسخہ میں تمام ادویہ ایک دوسرے سے بڑھ کر کرم کش' دافع بدبو اور خون کو بند کرنے والی ہیں۔ میں نے اس کو تیار کر کے مریضوں کو دے کر فائدہ اٹھایا ہے صاحب نسخہ کا اشتہاری نسخہ ہے۔

## (۴۷۴) تیزاب نمک

دانتوں کے میل صاف کرنے کے لیے ایک مشین ہے جس کے آگے بالوں جیسا ایک برش ہے جس سے وہ دانت صاف کرتے ہیں اور بہت پیسے لیتے ہیں میں آپ کو ایک دو نسخے ایسے بتاتا ہوں جس سے دانت آپ خود صاف کر لیں۔

**هوالشافی:** تیزاب نمک خرید لیں اور مریض کے منہ میں ہر دو مسوڑوں پر روئی رکھ لیں اور ہلکا سا تنکا میں روئی لگا کر تیزاب سے بھگو کر دانتوں پر پھیر دیں لگتے ہی کریڑا گرنا شروع ہو جائے گا اور کسی لوہے کے اوزار سے کھرچ کر صاف کریں دانت مثل موتی چمکنے لگ جائیں گے۔ لیکن تیزاب مسوڑھوں پر نہ لگے ایک دندان ساز سے بڑی کوشش سے حاصل ہوا۔

## (۴۷۵) چکن سپاری

اسی طرح ایک منجن حاضر ہے دانت مثل موتی چمکا دیتا ہے۔

ھوالشافی: طوطیا ۲۵ گرام۔ فلفل سیاہ ۵۰ گرام۔ چکن سپاری ۱۰۰ گرام۔ پھٹکڑی سفید ۱۵۰ گرام جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ کر کے کڑاہی میں ڈال کر چولہے پر رکھیں اور آب لیموں آدھا کلو ڈال دیں اور آگ جلا دیں حتیٰ کہ تمام ادویہ جل کر پھلہ سا بن جائیں تو اتار کر باریک کریں تیار ہے اس کو دانتوں پر مل کر ایک گھنٹہ کے بعد کلی کریں۔

اور پھر رات کو سوتے وقت مل دیں اور لعاب تھوکتے رہیں ایک گھنٹہ کے بعد کلی کریں اور صبح اٹھ کر گرم پانی سے کلی کر کے پھر منجن مل دیں۔

فوائد: ماخورہ، منہ سے رال بہنا، خون بہنا، دانتوں کا ہلنا، دانتوں کا درد ہونا، ان تمام کو مجرب ہے۔ اگر دانت چمکانے کا شوق ہو تو پھر ایک تولہ دوائی مذکور نمک خوردنی ۶ ماشہ۔ ست اجوائن ایک ماشہ۔ روغن لونگ ۴ بوند ملا لیں تیار ہے۔ دانتوں کا میل کریڑا۔ جس سے دانت کا رنگ خراب ہو گیا ہو ایک ہفتہ کے استعمال سے دور کر دیتا ہے۔ جو آدمی اس کی صداقت کو نہ مانے تو اپنے سامنے بٹھا کر ملا دیں اور پانچ منٹ کے بعد اس کو کلی کرائیں اور دانت شیشہ سے دکھلائیں جس طرح ریتی لوہے کا زنگ دور کر دیتی ہے یہ منجن اسی طرح دانتوں کا میل صاف کر دیتا ہے بے شک اشتہار دے کر کام کریں ایک لاجواب فارمولا ہے میں نے خود تیار کر کے اس سے کافی فائدہ اٹھایا ہے ایسے نسخوں کو لوگ قبر میں لے جاتے ہیں۔ لہٰذا حاضر ہے۔

## (۴۷۶) اکسیر منجن

یہ ایک ویدک کا لاجواب اشتہاری نسخہ ہے جو کہ بھارت میں مطب کرتے ہیں اور کئی کتابوں کے مصنف بھی ہیں۔ ان کی فارمیسی کا لاجواب مرکب ہے۔

ھوالشافی: کھیل پھٹکڑی ۲۰ تولہ۔ پوست کیکر ۱۵ تولہ۔ پوست نیم ۱۵ تولہ۔ عاقر قرحا۔ دنداسہ۔ فلفل سیاہ۔ سیندھا نمک۔ ہر ایک ۱۰۔۱۰ تولہ۔ کبابہ خندا ۵ تولہ۔ کافور ڈھائی تولہ۔ ست اجوائن ڈھائی تولہ کو باریک مثل سرمہ کریں صبح و شام دانتوں پر ملیں دانتوں اور مسوڑھوں کے درد۔ ٹیس اور ورم۔ خون اور پیپ آنا کو روکتا ہے۔ پائی اوریا کو جڑ سے ختم کر دیتا ہے۔ میں نے اس منجن کو تیار کیا ہے لاجواب مرکب ہے میں نے تجربہ کر کے مفید بلکہ مجرب پایا ہے۔ صاحب نسخہ اس کو بھارت میں بذریعہ اشتہار فروخت کر رہے ہیں۔ آپ جس طرح

چاہیں کریں۔

## (۴۷۷) انبہ ہلدی

رسالہ ''الحکیم'' جو کہ لاہور موچی دروازہ سے نکلتا تھا وہ لاجواب پرچہ تھا اس میں اعلیٰ سے اعلیٰ مضمون چھپتے تھے میں نے ۱۹۴۹ء میں لگوالیا تھا اس سے ایک حکیم صاحب کا لاجواب نسخہ برائے دنداں حاضر ہے۔

**ھوالشافی:** مازو۔ عقر قرحا۔ پھٹکڑی۔ ہیرا کسیس۔ توتیا بریاں۔ انبہ ہلدی۔ کتھہ سفید۔ سرمہ اصفہانی۔ تیز پات۔ باؤبڑنگ۔ تمبا کو سوختہ۔ چوب چینی۔ ۱۲ اجزا مساوی الوزن مثل سرمہ باریک کریں صاحب نسخہ نے بیان کیا ہے کہ ہزاروں بار کا مجرب ہے میں نے اس نسخہ کو تیار کر کے رکھا ہوا ہے اور مریضوں کو دیتا ہوں اس نسخہ میں کرم کش ادویہ اور زخموں کو درست کرنے والی ادویہ لاجواب موجود ہیں۔ اس لیے بنا کر اشتہار دے کر ہزاروں روپے پیدا کیے جا سکتے ہیں لاجواب فارمولا ہے میں نے خود تیار کیا ہے۔

## (۴۷۸) مجرب

یہ منجن بھی میں نے بڑے بڑے حکماء کے مجربات میں پڑھا ہے بلکہ خود بھی تیار کر کے مریض کو دے کر مفید پایا ہے۔ مجھ کو شروع سے مجربات حاصل کرنے کا شوق تھا اس لیے نسخہ جات کو حاصل کر کے خود تجربات کیے ایک منجن کا لاجواب نسخہ حاضر ہے۔

**ھوالشافی:** مائیں۔ عقر قرحا۔ سنڈھ۔ مرچ سیاہ۔ پھٹکڑی پھلہ۔ نوشادر۔ مصطگی۔ نمک طعام۔ سہاگہ پھلہ۔ دانہ الائچی خورد۔ سنگ جراح۔ کتھہ سفید۔ ہیرا کسیس سبز۔ زیرہ سفید۔ کشنیز خشک۔ سپاری پوست بادام سوختہ ہر ایک ۳۔۳ تولہ باریک کریں۔ پھر کافور ایک تولہ۔ کاربالک ایسڈ ایک تولہ۔ افیون ۶ ماشہ۔ تمام ادویہ باریک کر کے کاربالک ایسڈ قطرہ قطرہ ملا کر کھرل کر کے ملا لیں۔

**فوائد:** دانتوں کے امراض، درد، دانت ہلنا، سرد پانی لگنا، مسوڑھے پھول جانا، خون بہنا اور ماسخورہ کو دور کر کے دانتوں کو سفید اور مضبوط بناتا ہے۔ لاجواب منجن ہے۔ میں نے اس کو خود تیار کر کے اکسیر پایا ہے کئی مریضوں کو دیا انہوں نے مفید ہونے کی تصدیق کی یہ بھی اشتہاری نسخہ ہے۔

## (۴۷۹) حکیم وزیر چند

حکیم وزیر چند ایک بہت بڑے طبیب تھے۔ معلوم نہیں آج کل کہاں ہیں زندہ ہیں یا سورگباش ہو چکے ہیں۔ ۱۹۵۱ء کے پرچہ ''لقمان'' نظام آباد میں انہوں نے ایک نسخہ سلک المروارید میں چھپانے کے لیے کہا اور اور کہا کہ یہ نسخہ میرا تمام عمر کا معمول ہے اور کئی ڈاکٹر صاحبان جو کہ خود دانتوں کی مرض میں مبتلا تھے انہوں نے منجن طلب کیا اور بعد شفا کے نسخہ کے طالب ہوئے۔ میں نے بھی اس کا تجربہ کیا مفید ثابت ہوا۔

**ھوالشافی :** چھلکا بادام سوختہ ۵ تولہ۔ کچلہ سوختہ ۳ تولہ۔ کتھ سفید ۲ تولہ۔ مرچ سفید۔ الائچی خورد بمعہ پوست۔ کبابہ خنداں۔ نمک کھاری۔ عاقر قرحا ۲-۲ تولہ۔ کباب چینی ڈیڑھ تولہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ ملا کر تیار کریں۔ صبح وشام ملیں اور منہ ڈھیلا چھوڑ دیں اس نسخہ کو میں نے خود تیار کیا اور مفید پایا۔ بلکہ لاجواب ہے۔ آپ بھی تیار کر کے مریضوں کو دیں اور اپنی حذاقت کا سکہ جمائیں۔

## (۴۸۰) پیام صحت

حکیم ملک محمد رمضان ایڈیٹر ماہنامہ ''پیام صحت'' فیصل آباد ایک بہت بڑے فاصل طبیب تھے۔ ان کا معمول مطب منجن حاضر ہے۔ بطور حفظ ما تقدم استعمال کرنے سے دانتوں کے امراض سے محفوظ رکھتا ہے جبکہ حالت مرض میں ملنا مجرب ہے۔

**ھوالشافی :** پھٹکڑی پھلہ۔ سہاگہ خام۔ کشتہ سنگ جراح۔ عاقر قرحا۔ سمندر جھاگ۔ نمک لاہوری۔ ۵-۵ تولہ۔ برگ نیم خشک ۵ تولہ۔ مرچ کالی۔ الائچی خورد۔ کافور ایک' ایک تولہ باریک کر کے رکھیں اور دانتوں پر ملا کریں یہ دانتوں کو چمکا دے گا اور امراض سے بھی بچائے گا اور موجودہ مرض کو دور کرے گا۔

## (۴۸۱) سمندر سوکھ

ایک گھریلو نسخہ ایک خاندان کی عورتوں سے نسخہ ملا کہ وہ سمندر جھاگ گھر رکھتی ہیں اور اس سے دانتوں کو کھرچ کر صاف کر لیتی ہیں اس سے کریڑا صاف ہو جاتا ہے واقعی میں نے بھی اس کا تجربہ کیا ہے کہ اس سے دانتوں کو کھرچنا کریڑے کو اتار دیتا ہے آپ بھی کر لیا کریں۔

## (۴۸۲) ویدوں کا شعر

طب آیورویدک والے کئی نسخے شعروں میں بیان کرتے ہیں کبھی اپنے شاگردوں کو مخاطب کرتے ہیں کبھی اپنی بیوی کو کبھی آپ کو لہٰذا ایک شعر حاضر ہے۔

**ھوالشافی :** ترپھلہ ترکٹہ طوطیا تینوں لون پتنگ۔ دانت بجر ہو جان گے اک مازو پھل کے سنگ۔ ترجمہ: ہرڑ بھیڑہ آملہ۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ سنڈھ۔ نمک سیاہ۔ نمک سفید۔ نمک شیشہ۔ پتنگ لکڑی۔ نیلہ تھوتھا۔ مازو۔ مساوی الوزن باریک کریں۔ آج کل پتنگ لکڑی نایاب ہے اس کی جگہ پھٹکڑی پھلہ ملا کر تیار کر لیتا ہوں اور نیلا تھوتھا کو بریاں کر کے ملاتا ہوں۔ اس طرح سے تیار کرنے سے لاجواب منجن تیار ہوتا ہے۔ کئی خاندان اس کو پوشیدہ رکھ کر فروخت کرتے ہیں۔ نسخہ کے مجرب ہونے میں شک نہیں آپ بھی تیار کریں مفید ثابت ہو گا۔

## (۴۸۳) لاجواب منجن

یہ منجن ایک آیورویدک دواخانہ کا اشتہاری نسخہ ہے لاجواب اور مفید ہے۔

**فوائد :** دانتوں کے تمام امراض میل' غلاظت کو دور کر کے چمکا دیتا ہے۔ منہ کی بدبو کو زائل کرتا ہے' پھولے ہوئے مسوڑھے کی سوجن دور کرتا ہے' دانت درد کو دور کرتا ہے' خون بہنے کو روکتا ہے' دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔

**ھوالشافی :** نیلا تھوتھا پھلہ ایک تولہ۔ کافور ایک تولہ۔ لونگ ۲ تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ پھٹکڑی پھلہ ۴ تولہ۔ سمندر جھاگ ۸ تولہ۔ گیری ۶ تولہ۔ چاک مٹی ۱۶ تولہ۔ چھال مولسری۔ لودھ پٹھانی۔ مازو۔ ۲۔۲ تولہ باریک کھرل کریں صبح وشام دانتوں پر مل کر دو گھنٹہ بعد کلی کریں میں نے اس کو تیار کر کے مفید پایا ہے۔

## (۴۸۴) رسونت

رسونت کو پانی میں جوشا کر اس سے کلیاں کرنا ورم مسوڑھ اور منہ پکنا کو مفید ہے نیز باریک کر کے شہد میں ملا کر مسوڑھوں پر لگانا ان کے ورم اور زخم کو دور کرنے میں لاجواب تدبیر ہے۔ پرانے حکما کا مجرب ہے۔

(۴۸۵) تحفہ

ایک صاحب نئے دانت لگانے' صاف کرنے اور دانتوں کے امراض کا علاج کرتے تھے اصل بات یہ کہ وہ دوست بھی تھے انہوں نے اپنا چلتا ہوا راز بتا دیا جس سے وہ سیکڑوں روپے کماتے تھے آج وہ اللہ تعالیٰ کو پیارے ہو چکے ہیں ان کا تحفہ حاضر ہے۔

**ھوالشافی:** ترپھلہ ۳ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۶ ماشہ۔ پوست انار ایک تولہ۔ پھٹکڑی پھلہ ۳ تولہ۔ الائچی خورد۔ کافور۔ لونگ ۶۔۶ ماشہ۔ سمندر جھاگ ۳ تولہ۔ عقر قرحا ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ سنگ جراح ایک تولہ۔ نوشادر ۶ ماشہ۔ مازو ۳ تولہ۔ مائیں ایک تولہ۔ ناگرموتھا ایک تولہ۔ گل سرخ ایک تولہ۔ سہاگہ پھلہ ۳ تولہ۔ بالچھڑ ایک تولہ۔ چوب چینی ایک تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ کباب چینی ایک تولہ۔ نمک اندرانی ۳ تولہ۔ مصطگی رومی ایک تولہ۔ کتھ ایک تولہ۔ نمک لاہوری ۳ تولہ۔ کل ۲۵ اجزا ہیں ان کو باریک کریں۔ وہ اس کو دو طرح استعمال کرتے تھے پاؤڈر بھی پیکٹوں میں بند کر کے فروخت کرتے یا اس کو سپرٹ میں ڈال کر بند کر دیتے اور چند دن کے بعد چھان کر شیشوں میں بند کر کے دانتوں پر پھریری سے لگاتے تمام امراض دانت میں یہی برتتے اور مفید پاتے۔ یہی نسخہ ان کی کامیابی کا راز تھا۔ الحمدللہ مجھ سے کچھ چھپاتے نہ تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے۔ آمین

(۴۸۶)

مجھ کو کئی صاحبان نے بتایا کہ ہم نے اگر دانت اکھاڑنا ہوتا ہے تو ڈاکٹر کے پاس نہیں جاتے ہم آک کے دودھ کی پھریری دانت پر رکھ دیتے ہیں اس سے درد بھی بند ہو جاتا ہے اور دانت بھی چند دن میں بغیر درد کے اکھڑ جاتا ہے۔ ایک صاحب حاضر ہوئے جن کو آک کا دودھ رکھنے سے تمام چہرہ اور گلا ورم کر گیا تھا اور اس طرف کا بازو بھی ورم کر گیا تھا اس نے بتایا کہ آک کا دودھ رکھا اس کا زہر چڑھ گیا ہے۔ علاج ہلیلہ زرد توڑ کر رکھنے کو دی۔ منہ میں اور کہا کہ بیس منٹ کے بعد اس چھلکے کو پھینک دیں دوسرا رکھ لیں اس طرح کیا گیا جس سے آک کا زہر دور ہو گیا اور تمام ورم اتر گیا۔ مریض نے کہا کہ چند منٹ کے بعد چھلکا سفید ہو جاتا تھا۔ معلوم ہوا کہ ہلیلہ نے تمام آک کا دودھ یا اس کا زہر دور کر دیا ٹھیک ہے۔ ہلیلہ تریاق زہر ہے۔

## (۴۸۷) زنبور

دودھ آک ایک تولہ۔ گھی دیسی ایک تولہ۔ جائفل آدھا دانا۔ تینوں ملا کر آگ پر رکھیں دودھ جل جائے اور گھی رہ جائے تو اس کی پھریری درد والے دانت پر رکھیں۔ درد بند ہو جائے گا۔ اگر دانت اکھاڑنا ہو تو اس کو متواتر صبح وشام لگاتے رہیں دانت خود بخود کھوکھلا ہو کر گر جائے گا ایک مریض نے ذکر کیا تھا میں نے کئی آدمیوں کو بتایا مجرب ثابت ہوا۔ گویا دیسی زنبور ہے۔

## (۴۸۸) لیموں کا رس

لیموں کا رس پیالی میں ڈال کر اس سے دانتوں کو دھونا دانتوں پر لگانا چند دن میں دانتوں کو جراثیم سے صاف کر دیتا ہے تمام قسم کے ردی مادے خارج ہو جاتے اور جراثیم ہلاک ہو جاتے ہیں۔

## (۴۸۹) سنگترے

سنگترے کا رس اور لیموں کا رس پینے سے مسوڑھوں کے امراض دور ہو جاتے ہیں۔ دانتوں کا نیند کے دوران پیسنا اگر خرابی معدہ کے سبب ہو تو قرص ملین یا اطریفل ملین یا حب تنکار سے قبض کشائی کریں اگر زیادہ خرابی یا ترشی ہو تو باقاعدہ منضج اور مسہل کرا کے معدہ کو صاف کریں اور جوارش مصطگی نسخہ کلاں، صبح وشام کھلائیں یا اطریفل اسطوخودوس یا اطریفل کشنیز دیا کریں اس سے بلغم بھی صاف ہوگی اور دانت بھی ٹھیک ہو جائیں گے اور کشتہ فولاد جوارش جالینوس ملا کر کھلانا بھی مجرب ہے۔

## (۴۹۰) عرق پودینہ

حکیم ثابت فرماتے ہیں کہ عرق پودینہ عرق اجوائن ۵۔۵ تولہ شہد سے شیریں کر کے رات کو پینے سے دانتوں کا بجنا موقوف ہو جاتا ہے اگر کرم ہوں تو ان کا علاج کریں اور الائچی خورد۔ سونف۔ مصطگی۔ طباشیر۔ زرنباد۔ ۱۰۱ تولہ۔ گلقند ۵ چھٹانک میں ملا کر معجون بنا کر۔ ایک، ایک تولہ صبح وشام ہمراہ عرق بادیان ۱۰ تولہ لینے سے خرابی معدہ دور ہو کر دانت بجنے کا مرض دور ہو جاتا ہے۔

## (۴۹۱) ترکُنا

ترپھلہ ۳ حصے۔ ترکُنا دو حصے۔ شہد تین گنا ملا کر معجون بنا دیں اور بادام روغن ایک حصہ بھی ملا لیں۔ شہد چار گنا ہو تو زیادہ بہتر ہے تیار کرنے کے بعد ایک ہفتہ تک رکھیں۔ بعد میں عرق بادیان یا اجوائن یا دونوں ملا کر ۹۔۹ ماشہ کے ہمراہ صبح و شام کھلائیں یہ ایک تریاقی دوا ہے جس سے دانت پیسنا دور ہو گا۔ چونکہ یہ مرض بلغمی مادے سے زیادہ ہوتا ہے اس لیے معجون فلاسفہ کا کھلانا بھی مجرب ہے۔

## (۴۹۲) سونٹھ

سنڈھ بریاں ایک تولہ۔ نمک سفید ۳ ماشہ۔ باریک کر کے ملنے سے دانتوں کا ترش ہونا دور ہو جاتا ہے۔ روغن بادام شیریں دانتوں پر ملنا مفید ہے۔ مصری ایک تولہ نمک ایک ماشہ ملا کر ملنا دانتوں کی ترشی کو دور کرتا ہے۔

## (۴۹۳) نسخہ اجملی

گو پچھلے صفحات میں جو نسخے لکھے ہیں وہ دانت کے ہلنے میں مفید ہیں تاہم حکیم اجمل خان رحمۃ اللہ علیہ کا علاج اور مشورہ حاضر ہے۔ ہلتے دانتوں پر سفوف پوست مغیلاں۔ یا سنون کلاں ملا کریں۔ اور کھانے میں قرص فولاد دوائے مسک المعتدل جواہر والی میں رکھ کر صبح و شام دیں اور قرص خبث الحدید ایک عدد جوارش جالینوس میں رکھ کر بعد از غذا دیں اور رات کو اطریفل اسطوخودوس ۷ ماشہ دیا کریں۔ سفوف پوست مغیلاں۔ چھلکا۔ جڑ کیکر ۴ تولہ۔ کتھہ پاپڑی۔ سپاری۔ سنگ جراح ایک' ایک تولہ۔ فلفل سیاہ۔ سنڈھ ایک' ایک ماشہ۔ ناگر موتھہ ۲ تولہ۔ باریک کر کے ملا دیں۔ ہلتے دانتوں کو جماتا ہے مسوڑھوں کی حفاظت کرتا ہے' گرنے سے محفوظ رکھتا ہے پرانے اطبا کا مجرب۔ اور معمول مطب ہے۔

## (۴۹۴) تمباکو اور دانت

**ھوالشافی :** دانتوں سے خراب رطوبت کو نکالتا ہے۔ نزلی رطوبتوں کو خارج کرتا ہے۔ تمباکو سورتی۔ فلفل سیاہ ایک' ایک تولہ۔ نمک سانبر ڈیڑھ ماشہ باریک کر کے دانتوں پر ملنا خراب رطوبت کو نکال دیتا ہے۔ از اجمل خاں رحمۃ اللہ علیہ

## (۴۹۵) منجن

سنون خاص از ''الحکیم'' کسی صاحب نے دانتوں کے امراض کے متعلق سوال کیا۔ اور حکما سے علاج طلب کیا۔ نسخہ مجرب جواب میں لکھا گیا۔

**ھوالشافی :** مصطگی۔ دانہ الائچی خورد۔ فلفل سیاہ و فلفل سفید۔ لونگ۔ پھٹکڑی پھلہ۔ عقر قرحا۔ نمک سیاہ۔ تمباکو۔ کتھہ سفید۔ سنڈھ۔ توتیا سبز ایک ایک تولہ۔ پوست بادام سوختہ ۸ تولہ۔ باریک کر کے سنون بنالیں اور دانتوں پر ملا کریں جملہ امراض دانت کو مجرب ہے۔ الحکیم جون ۱۹۶۴ء۔

## (۴۹۶) حکیم نابینا

حکیم حافظ محمد عبدالوہاب صاحب انصاری عرف حکیم نابینا صاحب مرحوم کی ذات کو کون نہیں جانتا آپ حیدر آباد دکن کے شاہی معالج تھے۔ ان کا نسخہ برائے سنون حاضر ہے۔

**ھوالشافی :** تمباکو بریاں۔ پھٹکڑی بریاں۔ تیج مل۔ سنڈھ۔ نمک سیاہ۔ فلفل سیاہ ۵۔۵ تولہ۔ گیرو اصلی ۳۰ تولہ۔ باریک کر کے رکھیں امراض دانت پر ملا کریں مجرب ہے۔

## نکات مطب

دانتوں پر منجن مل کر منہ کو بند رکھیں اور کم از کم ایک گھنٹہ بعد کلی کریں بعد میں خالص تیل سرسوں یا دیسی گھی سے چپڑ دیا کریں۔ مریض مطب میں آتا ہے وہ کہتا ہے کہ درد بند کرو۔ آپ اس وقت روغن لونگ یا امرت دھارا لگا دیں درد بند ہو جائے گا یا یہ نسخہ تیار کر کے رکھیں لگاتے ہی درد بند ہو جائے گا۔

## (۴۹۷) کلورل ہائیڈریٹ

**ھوالشافی :** کلورل ہائیڈریٹ۔ کافور۔ ست پودینہ مساوی مقدار میں ملا کر۔ دھوپ میں رکھیں حل ہو جائے پھریری سے لگائیں۔ لگاتے ہی درد بند ہو گا۔

## (۴۹۸) پائیوریا

ایک نسخہ پائی اوریا کے لیے انگریزی طریق علاج کا حاضر ہے۔ ایک دواخانہ کا راز ہے۔ میں نے اس سے سینکڑوں مریض راضی ہوتے تھے۔

**ھوالشافی:** کافور ایک تولہ۔ کاربالک ایسڈ ۶ ماشہ۔ ٹنکچر آیوڈین ۳ تولہ کو ملا کر دھوپ میں رکھیں تیل تیار ہے۔ رات کو بعد از غذا نمک باریک سائیدہ دانتوں پر ملیں اور منہ ڈھیلا چھوڑ دیں۔ ۱۵ منٹ کے بعد آب گرم سے غرارے کریں اس کے بعد تیل لگا دیں اور منہ کو نیچے کر دیں خوب پانی خارج ہوگا صبح اٹھ کر بورک لوشن سے غرارے کریں۔ اس طرح چند روز عمل کریں پائی اوریا کا شافی علاج ہے۔ اندر کھانے کے لیے وٹامن سی ۱۰۰ ملی گرام کی ایک گولی صبح وشام ہمراہ پانی کھلائیں۔ وٹامن سی دانتوں اور مسوڑھوں کا شافی علاج ہے اس لیے آب لیموں کا تذکرہ کیا ہے۔ یہ ترش اشیاء میں پایا جاتا ہے یا سفوف زیبقی۔ نمبر ۳۔ ایک ایک رتی کھلانا مفید ہے۔ نسخہ اس طرح بنالیں کہ پارہ صاف ایک رتی چینی ہزار رتی۔ پہلے کھانڈ ایک تولہ میں پارہ کھرل کریں ایک گھنٹہ کے بعد اور چینی ملا کر کھرل کریں کہ ساری چینی کھرل میں مل جائے ایک دن کھرل کریں۔

**خوراک:** ایک ایک رتی دن میں چار خوراک دیں اس سے ماخورہ دور ہوگا از حد مفید ہے۔ (حکیم احمد دین طب جدید شاہدرہ)

اب ایک لاجواب نسخہ کا میں ذکر کرنے والا ہوں تمام ادویہ اس کے سامنے ہیچ ہیں۔

1.1.17 ✓

## حکایت

ایک مریض نوجوان مطب میں حاضر ہوا اور کہنے لگا کہ حکیم صاحب آپ کے پاس دانتوں کا علاج بھی ہے یا نہیں میں نے کہا کہ کیوں نہیں اس کے بعد اُس نے اونچے سے اونچے کیپسول اور ٹکیاں دکھائیں اور بڑے ڈاکٹروں کے نام لیے اور کہا کہ میں تو مایوس ہوگیا ہوں کہ شاید دانتوں کا علاج ہی نہیں میں نے کہا علاج تو ہے اگر آپ مان جائیں اور اپنے دانت دکھلائیں دیکھا تو پائی اوریا تھا اور دو دانت نکلوا بھی چکا تھا میں نے کہا کہ اب دانت نکلوانے کی ضرورت نہیں۔ بقیہ تمام دانت ٹھیک ہو جائیں گے۔ انشاء اللہ۔

## (۴۹۹) علاج

رائی۔ ہانبچی۔ اجوائن دیسی ۴۔۴ تولہ۔ گندھک ملہ سار ۱۲ تولہ۔ باریک سفوف کریں۔

**خوراک:** ۴ رتی سے ایک ماشہ تک دن میں چار بار اسی سفوف ۲۵ تولہ میں جمال گوٹہ کے مغز صاف کردہ ایک تولہ ملا کر پیس کر تھوڑا سا انزروت ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔

**خوراك:** ایک سے چار گولی تک لاجواب مسہل ہے۔ بیرونی طور پر دانت پر لگانے سے درد بند کرتا ہے۔ جمالہ گوٹہ کے بغیر پاؤڈر کی چار خوراک روزانہ دیں اور رات کو ۲ گولی جمالہ گوٹہ والی دے دیں اس سے اسہال بھی آ جائیں گے ایک دن چھوڑ کر دوسری یا تیسری رات دیا کریں اس سے انشاء اللہ دانت درد بند ہو گا۔ لیکن جب جمال گوٹہ والی دوائی لگائی گئی تو مریضوں کو مسوڑھوں پر ورم ہو آ گیا۔ لہٰذا جمال گوٹہ کے بغیر پاؤڈر کو گھی میں ملا کر تل کر گرم گرم گھی سے صبح و شام چپڑنا شروع کر دیا اس سے مریض کو کوئی تکلیف نہ ہوئی اور دانت درد جو کہ نامور ایلوپیتھی ڈاکٹروں سے بند نہ ہوا تھا بالکل ٹھیک ہو گا۔ اب میں اس طرح کرتا ہوں کہ گندھک والا پاؤڈر زیرو سائز کیپسول (۴ رتی) میں بند کر کے دن میں تین چار کیپسول کھلاتا ہوں اور رات کو حب تنکار ۲ عدد کھلاتا ہوں اور گندھک والا پوڈر ایک حصہ گھی ۵ حصہ میں ملا کر پکا کر صبح و شام نیم گرم سے دانتوں کو چپڑ دیا۔ اس طرح آرام آ گیا اور وہ مریض اپنے رشتہ داروں کو لے کر حاضر ہوتا رہا کہیں بیرون ملک کام کرتا تھا۔ بنوا کر بھی لے جاتا رہا۔

## (۵۰۰) کبریت

یہ ایک لاجواب نسخہ ہے ایک تولہ گندھک والا پاؤڈر کو ۵ تولہ تیل میں پکا کر رکھیں اس کا دھدر چنبل پرانے زخم پر لگانا مفید ہے دانتوں پر گھی کے بغیر صرف اندر باہر رکھ دیں ملیں نہیں اس سے بھی درد بند ہو جاتا ہے۔ اور مریض کو روزانہ ۵ تولہ گھی دیسی کھلائیں کہ گندھک خشکی نہ کرے۔ یوں ورم اتر جاتا ہے۔

**نکات مطب:** دانتوں کے علاج میں لکھا ہے دافع ریاح، ہاضم، مقوی معدہ اور قبض کشا دافع مروڑ اور تبخیر معدہ ہے اور اس نسخہ کا سہرہ عالی جناب حکیم محمد صابر ملتانی موجد نظریہ مفرد اعضا کے سر پر ہے۔ جنہوں نے اس نسخہ کو تجویز کیا اور ہم جیسوں کو عطا کر دیا اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے میں تو کہتا ہوں کہ جس مرض کی سمجھ نہ آئے اس میں دے دیں دو تین دن میں مریض کو آرام آنا شروع ہو جائے گا۔ خیر یہ نسخہ ایک لاجواب چیز ہے اور دیسی ادویہ کا مرکب ہے۔ غریبوں کا غم خوار ہے۔

## (۵۰۱) عطائی

ایک عطائی کا نسخہ تیزاب گندھک ایک تولہ میں چار گنا عرق گلاب ملا کر رکھ لیں اس

کی پھریری دانت کی کھوڑ میں رکھ دیں اس سے دانت درد بند ہوگا اور کرم بھی مر جائے گا۔ اگر دانت بوسیدہ ہوگیا ہو تو اس کو اکھڑوا دیں۔ نیلا تھوتھا اور سہاگہ دونوں ملا کر پھلہ کریں پھر باریک کر کے رکھیں اس کو دانت کے سوراخ میں بھر دیں۔ کرم دنداں کی ہلاکت کے لیے بے نظیر ہے۔ کملیہ کو باریک کر کے دانتوں کے اندر باہر ملنا یا رکھ دینا دانتوں کو مفید ہے۔ کرم دنداں کو ہلاک کرتا ہے (بقول شیخ الرئیس) کافور' کاربالک ایسڈ دونوں ہم وزن ملا کر رکھیں روئی کی پھریری سے لگانا درد دانت اور پائی اور یا کو مجرب ہے۔ ایک نائی اس نسخہ سے کافی شہرت حاصل کر چکا ہے۔

## (۵۰۲)اکسیری علاج

**ھوالشافی :** سہاگہ سفید۔ نرکچور۔ کافور ایک ایک تولہ۔ تیزاب گندھک ۵ تولہ باریک کر کے ادویہ تیزاب میں ملا کر رکھیں۔ دانت کی کھوڑ میں ایک قطرہ ڈال دیں۔ اس سے دانت کے کرم بھی دور ہوں گے اور پیپ بھی خشک ہوگی۔ پہلے روئی سے دانت کی پیپ صاف کریں صاحب نسخہ کا صدری راز تھا جس سے بہت مریض ٹھیک کر چکا تھا رسالہ میں شائع کرا دیا۔ اس باب میں دانتوں کے تمام امراض آ گئے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اعلیٰ سے اعلیٰ منجن لکھ دیئے ہیں۔

## (۵۰۳) مرک سال

ایک ہومیو پیتھی نسخہ حاضر ہے جو کہ پائی اور یا کو مجرب ہے۔ مرک سال ۳۰ طاقت دن میں چار خوراک ۲۰۰ طاقت ہفتہ میں دو خوراک اور اگر ہزار طاقت ہو تو ۱۵ دن میں ایک خوراک دیں پائی اور یا دانتوں سے بدبو آنا' پیپ آنا' انشاء اللہ بند ہوگا۔

## (۵۰۴)

انشاء اللہ آپ اس نسخہ کو نہ بھولیں کہ پھٹکری پھلہ ایک ماشہ' پوٹاشیم پرمینگنیٹ ۲ رتی ملا کر گرم پانی میں گھول کر اس سے غرارے روز کرنا مفید تر ہے۔

# امراض حلق

نرخرہ کا ورم۔ مری کا ورم۔ خناق۔ درد گلو۔ گلے میں پھنسیاں۔ آواز کا بیٹھ جانا۔ ان تمام امراض میں۔ کھانسی۔ درد گلو اور حلق میں خراش ہوتی ہے۔ پانی پینے اور کھانے کے وقت تکلیف ہوتی ہے بخار بھی چڑھ جاتا ہے آواز بیٹھ جاتی ہے۔ زیادہ تکلیف ہو تو حلق بند جاتا ہے۔ سانس تکلیف سے آتا ہے اور مریض نہایت کمزوری محسوس کرتا ہے۔ اگر خناق کا علاج نہ کامیاب ہو تو موت بھی واقع ہو جاتی ہے گلے میں پھوڑے بھی بن جاتے ہیں۔ لہٰذا تمام امراض کا خیال کر کے علاج کریں۔ بہترین نسخے حاضر ہیں۔

ان تمام امراض کی ابتدا میں گلے میں خراش کھانسی۔ درد گلو کی شکایت ہوتی ہے مریض ابھی کمزور نہیں ہوتا بخار ہوتا ہے اس وقت طب جدید شاہدروی کا یہ نسخہ تیار ہو تو مریض فوراً شفایاب ہو جاتا ہے۔

## (۵۰۵) میٹھا تیلیہ

**ھوالشافی :** میٹھا تیلیہ خام ایک ماشہ مثل سرمہ باریک کریں اور چینی ۸۰ ماشہ ذرا ذرا ڈال کر کھرل کرتے جائیں کہ مثل سرمہ ہو جائے اور بارہ گھنٹہ تک کھرل کریں تیار ہے۔

**خوراک :** ایک رتی ہمراہ پانی ۲۔۲ گھنٹہ کے بعد دیں۔ انشاء اللہ ایک دو گھنٹہ میں گلے کے تمام حاد امراض دور ہو جائیں گے۔ بخار و ورم کھانسی' درد گلو دور ہو جائے گا انشاء اللہ۔ اگر نزلہ کی وجہ سے ہو تو یہ نسخہ لاجواب ہے۔

## (۵۰۶) عناب

عناب ۹ دانہ۔ لسوڑیاں ۹ دانہ۔ بہی دانہ ۳ ماشہ۔ پانی میں جوش دے کر پن کر شربت بنفشہ ۲ تولہ ملا کر صبح و شام پلائیں ایک دفعہ پاکستان سے پہلے یہ مرض وبا کی طرح پھوٹ نکلا۔ چنانچہ میں بھی اس مرض میں مبتلا ہو گیا ایک حکیم صاحب اللہ تعالیٰ ان کو غریق رحمت کرے

انہوں نے یہ نسخہ ہی تمام لوگوں کو پلانے کو کہا اور مجھ کو بھی پلایا گیا دو دن میں شفا ہو گئی۔ اگر زیادہ تکلیف ہو اور گلا زیادہ خراب ہو تو گاؤزبان ۵ ماشہ۔ اسی نسخہ میں ملا کر جوشا کر شربت بنفشہ کے علاوہ شربت شہتوت سیاہ ملا کر پلائیں۔ انشاء اللہ آرام ہو گا۔ اگر ورم بلغمی ہو تو اور سردی کا موسم ہو یا ورم زیادہ ہو تو۔

## (۵۰۷) گل بنفشہ

گل بنفشہ ۷ ماشہ۔ عناب ۵ دانہ۔ لہسوڑیاں ۹ دانہ۔ گاؤزبان ۵ ماشہ۔ تخم خطمی ۷ ماشہ۔ پانی میں جوشا کر شربت توت سیاہ میں ملا کر پلائیں۔ انشاء اللہ آرام ہو گا۔

## (۵۰۸) سبز مکو

شدید درد میں افیون ایک ماشہ۔ مرمکی ایک ماشہ۔ زعفران ۴ رتی۔ ہری مکو کے پانی میں مل کر گلے کے باہر لیپ کر دیں انشاء اللہ آرام ہو گا۔ اس مرض میں فصد کرنا اور کانوں کے پیچھے پچھنے لگوانا یا سینگیاں لگوانا اور جونک لگانا بھی مجرب ہے۔

## (۵۰۹) املتاس

خناق میں املتاس لاجواب ہے۔ دو تین بڑے بڑے حکما اور ایک میرے ہم عصر حکیم نے بھی اس کی تعریف کی ہے بلکہ میں نے خود بھی خناق میں مجرب پایا ہے وہ اس طرح ہے کہ املتاس لا کر اس کو گرم کر کے اس کا گودا نکال لیں اور چار تولہ گودا کو گرم پانی میں بھگو کر چھان لیں اور بادام روغن ۶ ماشہ اور نہ ملنے کی صورت میں گھی ۶ ماشہ۔ مصری ۳ تولہ ملا کر نیم گرم پلائیں۔

مغز املتاس ۵ تولہ کو سیر بھر گرم پانی میں بھگو کر پن کر غرارے کریں۔ اور مغز املتاس کو گرم پانی میں رگڑ کر نیم گرم کر کے گلے پر ضماد کریں اور ضماد کو دن میں تین بار نیم گرم کرتے رہیں پلانا ایک بار کافی ہے اور غرارے دن میں کئی بار کریں اگر دودھ میں گھول کر کریں تو زیادہ مفید ہو گا اس طرح سے خناق کے مریض ٹھیک ہو گئے۔

## (۵۱۰) ضماد خناق

گل بنفشہ۔ تخم السی۔ اکلیل الملک۔ مکو۔ پودینہ۔ گل بابونہ۔ گل خیرا ۶۔۶ ماشہ۔ آب مکو

یا جوشاندہ مکو میں کھرل کر کے لیپ بنا دیں اور قدرے تیل میٹھا ملا کر ضماد کریں۔ اور ہر تین گھنٹہ کے بعد نیا تیار کر کے لگائیں انشاء اللہ اس سے ورم تحلیل ہو گا اور مریض کو آرام آئے گا۔

## (۵۱۱) حکایت

ایک مولوی صاحب کو خناق شدید ہو گیا اور کوئی علاج کارگر نہ ہوا ایک حکیم صاحب نے کہا کہ جونکیں لگانے والا لاؤ۔ چنانچہ لا کر گلے کے دونوں طرف جونکیں لگوا دی گئیں اور مولوی صاحب کا گلا کھلنا شروع ہو گیا اور کئی دن کے بھوکے تھے کھانے کو مانگا گرم دودھ میں میٹھا ڈال کر پلایا گیا اور لا علاج مریض صحت مند ہو گیا۔

## (۵۱۲) حکایت نمبر۲

ایک شخص کا خناق اس قدر خراب ہوا کہ پھوڑا بن گیا ایک حکیم صاحب نے مونگی کو لے کر پانی میں ابال لیا کہ دانے پھوٹ گئے۔ پن کر اس کو رگڑ کر گھی ملا کر لیپ کیا گیا اس طرح دن رات میں تین لیپ کیئے گئے گلے کا پھوڑا پھوٹ گیا اب گرم پانی میں شہد ملا کر غرارے کیئے گئے اس سے مریض صحت یاب ہو گیا۔

## (۵۱۳) حکایت نمبر۳

ایک مریض کو گلے کی شدید خرابی اور ورم بخار تھا اس کو مسور سالم برگ شہتوت اور کوکنار دو عدد جوشا کر اس سے غرارے کرنے کو کہا گیا اس سے گلے سے چھلکے اترے اور قدرے پیپ بھی نکلی اور مریض تندرست ہو گیا۔ تین بار کرنے سے مکمل شفا ہو گئی۔ بنفشہ بھی گلے کا علاج ہے۔ شربت بنفشہ یا خمیرہ بنفشہ کا کھانا اور باہر گلے میں رگڑ کر نیم گرم لیپ کرنا بھی لاجواب ہے۔

## (۵۱۴) غرغرہ لاجواب

برگ توت۔ برگ پیلک۔ کشنیز خشک۔ عدس سالم۔ ایک ایک تولہ۔ گل بابونہ۔ گل بنفشہ۔ تخم خطمی۔ تخم خیارین۔ برگ گاؤزبان ۶۔۶ ماشہ۔ پانی دو سیر میں پکائیں جب پانی ایک سیر رہ جائے تو پن کر مغز خیارشنبر ایک تولہ مل کر نیم گرم سے غرارے کرائیں۔ انشاء اللہ اس سے ورم گلو خناق کو آرام ہو گا حضرت مولانا عبدالمجید سوہدروی رحمۃ اللہ علیہ کا مجرب ہے۔

(۵۱۵)

اگر گلے میں درد زیادہ ہو تو اجوائن خراسانی کوکنار ۶۔۶ ماشہ۔ برگ بیری۔ برگ لہسوڑا ۵۔۵ عدد جوشا کر غرارے کریں ایک سیر پانی کافی ہے۔ اس سے درد بھی جاتا رہے گا اور ورم بھی تحلیل ہوگا اور یہ لیپ گلے پر لگانا لاجواب ہے۔

(۵۱۶)

رائی ایک تولہ لیپ آرد جو ۴ تولہ کو پانی میں گوندھ کر لیپ کر دیں اور بیس منٹ کے بعد اتار دیں رائی کی جلن سے فوراً اندرونی ورم دور ہوگا اگر ورم کو پھاڑنا مقصود ہو یا تحلیل کرنا ہو تو یہ غرارے کرائیں۔

(۵۱۷) لیپ

**ھوالشافی:** گل بابونہ۔ تخم کنوچہ۔ مویز منقیٰ۔ اکلیل الملک۔ ایک ایک تولہ۔ برگ مکو۔ تخم خطمی ۵۔۵ تولہ۔ آرد جو ۱۰ تولہ۔ روغن گل یا تیل میٹھا پانی میں گھوٹ کر مرہم کی طرح بنا کر تیل مذکور ملا کر نیم گرم لیپ کریں اس سے ورم پک کر تحلیل ہوگا یا پھٹ جائے گا۔

(۵۱۸) غرغرہ

**ھوالشافی:** انجیر ۵ دانے۔ منقیٰ ۲۰ دانہ۔ تخم کنوچہ۔ تخم کتان۔ تخم میتھی۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ چھان گندم ۶۔۶ ماشہ۔ پانی تین پاؤ میں جوش دیں پانی آدھا رہ جانے پر پن کر روغن گل ایک تولہ شہد خالص ۲ تولہ ملا کر اس سے غرارے کرائیں منضج۔ مفجر۔ محلل ورم ہے۔ لاجواب غرغرہ ہے۔

(۵۱۹) رازیؒ

پرانے حکما رازی۔ صاحب غنی کا قول ہے کہ خناق کے مریض کے حلق میں اگر یہ دوا پھونکی جائے یا اس ضماد کیا جائے تو لاجواب ہے۔

(۵۲۰) ضماد

**ھوالشافی:** تخم حرمل۔ تخم ترب۔ ہینگ۔ مرکی۔ بورہ ارمنی۔ نوشادر۔ مساوی الوزن لے

کراس کا باہر ضماد بھی کیا جائے نیز شہد ملا کر اور ماء العسل بنا کر غرارے بھی کئے جائیں تو مایوس مریض بھی راضی ہوں گے یا سرمہ کی طرح باریک کر کے پھونکی جائے ہر طرح مفید ہے۔

## (۵۲۱) حضرت انصاریؒ

اور حضرت مولانا حافظ جلیل احمد صاحب انصاری فرماتے ہیں کہ گل بنفشہ۔ تخم خطمی۔ عدس مقشر۔ تخم کتان۔ تخم حلبہ ۶-۶ ماشہ پانی میں جوش دے کر اس سے غرارے کرانا مایوس مریضوں کو پیام شفا ہے اور میرا تمام عمر کا کئی بار کا مجرب ہے۔

## (۵۲۲)

کئی مصنفوں نے جن پر میرا سو فی صد اعتماد ہے لکھا ہے کہ ریٹھہ ایک تولہ پانی حسب ضرورت لیں گھول کر اس سے غرارے کرئیں اگر مریض بے ہوش ہے تو اس کا سر خود ہلائیں۔ انشاء اللہ ایک ایک گھنٹہ کے بعد غرارے کرتے رہیں۔ انشاء اللہ چند بار کے غرارے کرانے سے لا علاج مریض بھی راضی ہو گا اسی طرح دن میں کئی بار غرارے کرائیں جب منہ کھل جائے تو مریض کو نرم غذا از قسم حلوہ' دلیا' دودھ میں کھانڈ ملا کر دیں آرام ہو گا۔

## (۵۲۳) خناق کلبی یا ذبحہ

خناق کلبی جس کو حکما لا علاج لکھتے ہیں اس کے لیے بھی نسخہ حاضر ہے۔ اگر خدا کو منظور ہوا تو شفا ہو جائے گی۔

**ھوالشافی:** مصبر۔ شنگرف۔ جمال گوٹہ۔ طوطیا سبز تمام کو باریک کر کے باجرہ کے دانہ کے برابر گولیاں بنا لیں ایک گولی تازہ پانی سے کھلائیں اس سے قے اور اسہال آ کر مریض کو شفا ہو گی یہ وہ قسم ہے کہ جس سے منہ کھلا رہتا ہے اور زبان باہر نکل آتی ہے۔ اور ہر چیز ناک سے باہر آ جاتی ہے۔ اس کو ذبحہ بھی کہتے ہیں۔

## (۵۲۴) خانیوال کے ایک سپوت کا تجربہ

اگر خناق پک گیا ہو اور پھوٹنے میں نہ آتا ہو تو۔

**ھوالشافی:** رائی نیم کوفتہ ایک تولہ کو پاؤ بھر پانی میں اُبال کر رکھیں اور سرکہ انگوری پاؤ بھر خوب گرم کر کے رکھیں اب باری باری غرارہ کریں۔ کبھی سرکے کا کبھی رائی کا انشاء اللہ چند بار

غرارے کرنے سے خناق پھٹ جائے گا اس کے بعد شہد خالص ۲ تولہ کو پانی ۱۰ تولہ میں ابال کر بطور چائے کے پئیں زخم درست ہو جائے گا۔

۱۷۔۱۔۱۸

## (۵۲۵) بیخ کنیر

اور صاحب کنز الحکما کا فرمان ہے کہ انجیر کو منہ میں رکھ کر چوسنا تمام اقسام خناق کو مجرب ہے اسی طرح منقیٰ کو بھلا کر منہ میں رکھنا سابقین کے نزدیک مفید الاثر ہے۔

اب میں ایک ایسے نسخے کا ذکر کرنے لگا ہوں جو کہ اورام کو تحلیل کرنے میں لاجواب ہے۔ کہتے ہیں کہ یہ نسخہ قرابادینی ہے لیکن مجھ کو کسی قرابادین سے نہیں ملا ہم کو تو حکیم احمد دین موجد طب جدید شاہدروی کی وساطت سے ملا ہے اور انہوں نے اس کا اشتہار دے کر اور تمام شاگردوں کو کہا کہ اس کو معمول مطب بنا لیں چنانچہ میں نے بھی کئی بار اس کو تیار کیا اور برتا لاجواب ہے۔ اب میں اس کے فوائد کی فہرست لکھ دیتا ہوں تا کہ قارئین کو زیادہ ورق گردانی نہ کرنی پڑے۔

**فوائد:** خناق کے ورم میں سرکہ میں ملا کر گلے کے باہر اس کا لیپ کر دیں اور اندر سرکہ عرق مکو ۵۔۵ تولہ میں قدرے ملا کر غرارے کریں' انشاء اللہ لا علاج مریض راضی ہو گا۔ اب میں اس نسخے کے تمام فوائد بیان کرتا ہوں۔ تمام یونانی ادویہ اور ایلوپیتھی ادویہ سے زیادہ مفید ہے۔ تمام اورام صلبہ ظاہری اور باطنی کے لیے اکسیر ہے۔ ہر قسم کے دنبل سرطان خنازیر رسولی۔ ثالیل وغیرہ اس کے ضماد کرنے سے تحلیل یا نضج پا جاتے ہیں۔ زیر جلد جما ہوا خون اور بہق و برص و کاف و غش وغیرہ کے مواد کو بہت جلد تحلیل کر کے کل داغ وغیرہ معدوم کر دیتی ہے۔ سر کا گنج اور اقسام بثورات جن سے رطوبت فاسدہ بہتی ہو یا کھرنڈ بند جاتے ہوں اس کے چند روزہ ضماد سے دور ہو کر خود بخود اندمال پا کر جلد صاف ہو جاتی ہے۔ بلکہ اکھڑے ہوئے بال بھی دوبارہ پیدا ہو جاتے ہیں۔ داء الثعلب اور داد الحیہ میں بھی بال پیدا ہو سکتے ہیں۔ ہر قسم کے داد چنبل کے لیے بھی مفید ہے' عسر الاندمال ہوں یا گندے اور مواد ردیہ سے پر ہوں ان پر اس کا استعمال کرنا نہایت موزوں ہے اورام اندرونی مثلاً ورم طحال' ورم جگر' خاص کر اورام صلبہ خواہ معدہ میں ہوں یا امعا میں' ذات الجنب وغیرہ یا اورام رحم یا مثانہ وغیرہ اور دفع نفخ کے لیے نہایت زود اثر ہے ریاح' احتباس اور ریح بواسیر کے تحلیل کرنے میں یکتا ہے۔ جگر اور طحال کے سدے کھول دیتی ہے اگلا و ضماداً دونوں طرح استعمال ہوگی ہے۔ ضربہ یا

سقطہ کی وجہ سے کسی عضلہ کے ڈھیلے جانے یا کسی وجہ سے اعصاب میں مواد بھر جانے سے اگر تشنج یا صلابت یا تقعد پیدا ہو جائے تو اس کی مالش سے تمام مواد تحلیل پا کر اعصاب صاف ہو جاتے ہیں اور بالکل آرام آ جاتا ہے مذکورہ بالا امراض میں مالش کے لیے اس کا اندرونی استعمال بھی کر لینا جائز ہے مفاصل کی درد ورم صلابت چند روز کھانے اور لگانے سے دور ہو جاتی ہے امراض نساء میں بھی بہت مفید ہے، رحم کا منہ بند ہو جانا، کھل کر حیض نہ آنا یا رحم میں ورم صلب یا رسولی کا ہونا یا رطوبت رحمی کثرت سے تراوش پاتی ہو تو اس کے کھانے یا شیاف رکھنے یا بخور کرنے یا پچکاری کرنے سے بہت فائدہ حاصل ہو جاتا ہے اور رحم تمام آلائشوں سے پاک اور صاف ہو جاتا ہے۔ اور بواسیر کے مسے اس کے کھانے، ضماد یا حمول یا بخور کرنے سے تحلیل اور پژمردہ ہو جاتے ہیں۔ مواد بلغمی کسی جگہ جمع ہو کر کیسا ہی غلیظ الزج ہو چکا ہو یہ دوا اس کو تحلیل کر دیتی ہے۔ اس تاثیر کی وجہ سے مرض زکام، سرفہ کہنہ، سر درد۔ نزلی ذات الجنب، ضیق النفس، وغیرہ میں نہایت مفید ہے سر کے مواد میں پیشانی پر لگا دیں۔ پھیپھڑے وصدر کی بیماریوں میں سینہ اور پشت پر مالش کریں۔ نفخ شکم وصلابت وکلانی میں اکلاً وضماداً مفید ہے۔

**ترکیب استعمال :** کھانے کے واسطے ایک مقدار دے کر حبوب کی صورت میں کسی مناسب شربت کے ساتھ دیں۔ مالش کے لیے روغن زیتون یا روغن کنجد میں ملا کر ضماد کریں۔ پچکاری کے واسطے صرف پانی میں حل کریں۔ ضماد کے واسطے حسب ضرورت قیروطی سادہ یا پانی یا سرکہ یا روغن ملا سکتے ہیں۔ بخور کے لیے کوئلوں کی آگ پر جلا کر دھونی دیں۔ شیاف اور فرزجہ حمول کے لیے قیروطی سادہ یا روغن زرد میں ملا کر لگائیں۔

**خوراک :** ۴ رتی سے ایک ماشہ تک۔ نسخہ ملاحظہ کریں۔

## (۵۲۶) نسخہ

بیخ کنیر ۵ تولہ۔ اشق صاف ۳ تولہ۔ مصبر ۲ تولہ۔ زراوند مدحرج ۲ تولہ۔ تخم ترب ۲ تولہ۔ رائی ۲ تولہ۔ گوگل ۲ تولہ۔ سرکہ انگوری حسب ضرورت۔ پتھر کی کونڈی میں ڈال کر کھرل کرتے جائیں جب قوام حبوبی پر آ جائے تو ۱۰ تولہ گھی گاؤ ملا کر اور کھرل کریں کہ دہنیت جاتی رہے تیار ہے اور دوا کا قوام حبوبی بن جائے۔ تجربہ حکیم شریف صاحب مرحوم دنیا پوری اس کو اپنڈے سائٹس پر لیپ کرواتے تھے اس سے ورم تحلیل ہو جاتا تھا۔ ایک مریضہ کو ٹیکہ لگا اور تحلیل نہ ہوا میں نے اس کے اوپر سرکہ سے ضماد کر دیا اور اس کا ورم دور ہو گیا اس طرح ورم جگر

پر لیپ کیا وہ بھی دور ہو گیا۔ ورم طحال پر لیپ کیا تو سخت ورم طحال نرم ہو کر دور ہو گیا۔ بیخ کبر کیا ہے۔ حکیم شریف خان فرماتے ہیں کہ کری جس پر ڈھیلے لگتے ہیں اس کا چھلکا لے کر بنا لیا کریں اصلی کبر آج کل نایاب ہے۔ یہ تمام عبارت علامہ صابر ملتانی رحمۃ اللہ علیہ کی قلم سے ہے میں نے خود اس کا تجربہ کیا ہے۔

## (۵۲۷) حکایت

ہمارے ابا جان مرحوم کو نزلہ لگ جانا۔ گلہ خراب ہو جانا' بخار ہو جانا' مدتوں سال سے تھا ایک دفعہ حملہ ہوا تو اتفاقاً ایک موچی آ گیا اس نے کہا کہ ہم تو ایسی مرض میں پھٹکڑی خام بقدر دانہ گندم استعمال کرتے ہیں تو آرام آ جاتا ہے۔ لہذا پھٹکڑی منگوا کر کھلائی گئی فوراً آرام ہو گیا اس کے بعد ہم گھر والوں کو جب بھی تکلیف ہوتی تو پھٹکڑی خام استعمال کرتے فوراً شفا ہو جاتی یہ گھریلو چٹکلہ لاجواب ثابت ہوا اور کئی دفعہ اس کو تجربہ کیا۔

## (۵۲۸) ٹنکچر آیوڈین

اللہ تعالیٰ نے ہر شئے میں کسی نہ کسی مرض کے لیے خاص شفا رکھی ہے۔ مثلاً انار جگر کے لیے شیر بوزا دق سل کے لیے۔ شیر ڈاچی استسقا کے لیے اس طرح توت شہتوت گلے کے لیے اس کے غرارے کرنا۔ گلے پر باندھنا اس کا شربت پینا اس کا رب بنا کر کھانا بالخاصہ مفید ہے۔ اس طرح اگر گلا خراب ہو مثلاً نزلہ زکام کھانسی میں نمک کے گرم پانی میں ملا کر غرارے کرنا لاجواب ہے۔ مثلاً ایک ماشہ نمک گرم پانی میں حل کر کے ناک اور گلے کو صاف کر کے جراثیم نزلہ و زکام و کھانسی کا دافع ہے اور اگر ۵ قطرے ٹنکچر آیوڈین ملا کر غرارے کرنا ایسے گلوں کو بھی مفید ہے جن کو ڈاکٹر اپریشن کا مشورہ دیتے ہیں۔ خناق چونکہ ایک خطرناک مرض ہے اس لیے اس کے مجربات کافی لکھ دیئے ہیں۔

## (۵۲۹) گلے کی خرابی بوجہ نزلہ و زکام

**ھوالشافی :** صبح و شام خمیرہ ابریشم سادہ کھلا کر اوپر سے گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ ابریشم مقرض۔ ملٹھی ۳۔۳ ماشہ۔ عناب ۵ دانے۔ جوش دے کر پلائیں اور بعد از غذا حب کبد نوشادری ۲۔۲ عدد دیں۔ رات کو اطریفل اسطوخودوس ۹ ماشہ دیں۔ نمکین گرم پانی کے غرارے

کریں غذا نرم رکھیں اور ترش اشیا سے پرہیز کریں۔ اور بعد از مرض کمزوری دماغ کے لیے خمیرہ گاؤزبان عنبری یا جواہر والا ۶۔۶ ماشہ کھلائیں۔

## (۵۳۰) بحتہ الصوت

گلے کی ایک مرض بحتہ الصوت بھی ہے جس سے مریض کی آواز بند ہو جاتی ہے بولا نہیں جاتا۔ گلے میں ورم سوزش اور بولنے سے تکلیف ہوتی ہے۔ زبان خشک ہو جاتی ہے زیادہ دیر تک تقریر کرنے یا اونچا بولنے یا زیادہ سرد اشیاء کے استعمال سے یا گرد و غبار یا دھواں گلے میں پہنچ جانے سے آواز بیٹھ جاتی ہے۔

**علاج :** اگر سندھور کھانے سے ہو تو نمک تمباکو کو پان میں رکھ کر کھلائیں دو تین بار کھلانے سے گلا کھل جائے گا اگر سردی اور بلغم سے ہو تو ملٹھی پرسیاؤشاں ۵۔۵ ماشہ۔ لسوڑیاں ۵ دانے۔ سونف رومی ۶ ماشہ۔ جڑ سونف ۵ ماشہ۔ پانی میں جوش دے کر چینی ملا کر صبح و شام پلائیں۔

## (۵۳۱) کرفس

جڑ کرفس۔ سونف رومی۔ تخم سوئے۔ پودینہ ۶۔۶ ماشہ۔ شہد ۲ تولہ پانی میں جوش دے کر غرارے کرائیں اور جڑ پان یا ادرک منہ میں رکھ کر چوستے رہیں اگر گرمی سے ہو تو لعاب بہی دانہ۔ شربت بنفشہ یا خمیرہ بنفشہ یا شربت شہتوت ملا کر پلائیں۔ صرف شربت بنفشہ بھی کافی ہے۔ کبھی یہ مرض آتشک کے مریضوں کو بھی ہو جاتی ہے۔ اگر آتشک ہو تو جوہر آتشک منقیٰ یا کیپسول میں رکھ کر شربت عناب اور شیر بکری سے کھلائیں۔

## (۵۳۲) جوشاندہ لاجواب

**هوالشافي :** سونف ایک تولہ کو جوشا کر مصری یا شہد سے میٹھا کر کے پلانے سے آواز کا بیٹھ جانا، کھانسی، ملیریا بخار اور لکنت، بدہضمی، اپھارہ، قبض اور خرابی دودھ مستورات، جس بول دور ہو جاتے ہیں مجرب ہے۔ اس کا لعوق تیار کرلیں کہ ڈیڑھ پاؤ سونف لے کر ایک سیر پانی میں رات کو بھگو کر صبح کو جوش دیں آدھا رہ جانے پر پن کر آدھ سیر کھانڈ ملا کر قوام کرلیں۔

**خوراک :** ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک دن میں تین بار کھلانا آواز کھولنے میں مجرب ہے اور تمام فوائد مذکورہ بالا بھی اس سے حاصل ہو جاتے ہیں کم اجزا کا ہے۔

## (۵۳۳) ایک لاجواب کشتہ

**ھوالشافی :** پھٹکڑی سفید ۵ تولہ لے کر پندرہ تولہ شیر مدار سے کھرل کریں دوسرے دن آب برگ دھتورہ سے کھرل کیں پھرٹکیاں بنا کر خشک کر کے کوزہ میں بند کر کے آٹھ سیر اپلوں کی آگ دیں۔

**خوراک :** ایک رتی ہمراہ نیم گرم حلوہ میں رات کو کر کھلائیں اور اوپر سے پانی نہ پلائیں۔

اس کشتہ سے نزلہ وزکام دائمی اور آواز کا بیٹھ جانا اور تپ ملیریا دور ہو جاتے ہیں۔

## (۵۳۴) لاجواب گولیاں

زیادہ بولنے والے وکیل، بیرسٹر، قاری، واعظ، لیکچرار، پروفیسر، شاعر، ایکٹروں، طالب علموں وغیرہ کے لیے تحفہ ہے۔ گلے کی رکاوٹ نزلہ دور ہو کر آواز سریلی ہو جاتی ہے گانے والوں کے لیے لاجواب چیز ہے۔

**ھوالشافی :** جوہرلوبان خانہ ساز۔ کبابہ۔ زعفران۔ لونگ۔ دارچینی۔ ملٹھی۔ جڑ پان۔ فلفل دراز ہر ایک ۳۔۳ ماشہ۔ مغز چلغوہ ۶۰ عدد۔ مصری کوزہ ۶ ماشہ باریک کر کے رس پان میں گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک :** ایک یا دو عدد منہ میں رکھ کر چوسا کریں مذکورہ امراض کے لیے لاجواب گولیاں ہیں۔

## (۵۳۵) تان سین گولیاں

ست ملٹھی ۶ تولہ۔ لونگ ایک ماشہ۔ تخم الائچی خورد ایک ماشہ۔ کبابہ خنداں ایک ماشہ۔ ناگرموتھا ایک ماشہ۔ بالچھڑ ایک ماشہ۔ کستوری ایک رتی۔ دارچینی ایک ماشہ۔ برادہ صندل سفید ایک ماشہ۔ ست پودینہ ایک ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ تمام اشیاء روح کیوڑہ میں کھرل کر کے گولی بقدر مونگ بنالیں ایک یا دو گولی پان سادہ میں رکھ کر کھلائیں اس کے کھلانے سے منہ میں خوشبو کی لپٹ پیدا ہو جاتی ہے آواز کھل جاتی ہے ہر قسم کی کھانسی اور امراض پھیپھڑہ میں مجرب ہے۔ آواز سریلی ہو جاتی ہے۔ نسخہ قیمتی ہے لیکن فوائد میں لاجواب ہے اور طاقت بھی دیتا اور حواس قائم کرتا ہے۔

## (۵۳۶) حب آواز کشا

ان گولیاں کو میں تیار کر کے رکھتا ہوں کھانسی خشک وتر آواز کا بیٹھ جانا میں مجرب ہیں، جڑ پان، شکر تیغال، بہی دانہ، رب السوس، گوند کیکر، دارچینی ایک ایک تولہ۔ مرچ سفید ۶ ماشہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ مصری کوزہ ۴ تولہ ملا کر حب نخود کی بنا لیں۔ لاجواب گولیاں ہیں کھانسی خشک وتر کو دور کر کے آواز کو مثل کوئل بنا دیتی ہیں کم خرچ بالانشیں ہیں اور کئی بار کی مجرب ہیں۔ کھانسی زیادہ خشکی سے ہو تو بادام روغن یا بادام کا کوئی مرکب دیں یا لعوق بادام کھلائیں یا صرف مغز بادام آرد ملٹھی اور منقیٰ بے دانہ کی گولیاں بنا کر منہ میں رکھ کر چوسا کریں یا حب بحتہ الصوت چوسا دیں۔

## (۵۳۷) گوند کتیرا

**ھوالشافی :** مغز بادام۔ مغز کدو شیریں۔ تخم خشخاش۔ گوند کیکر دیسی۔ گوند کتیرا۔ ست ملٹھی ایک ایک تولہ۔ چینی تمام کے برابر شامل باریک کر کے قدرے پانی کا چھٹا دے کر گولیاں بقدر جنگلی بیر بنا دیں اور منہ میں رکھ کر چوسا کریں۔ نزلہ وزکام خراش حلق اور کھانسی خشک وتر کو لاجواب ہے۔ خانیوال کے ایک دواخانہ کا اشتہاری نسخہ ہے۔

## (۵۳۸) عرق سونف

**ھوالشافی :** شربت بانسہ بھی عرق سونف میں ملا کر پینا خرابی حلق کو مفید ہے۔ جوشاندہ بھی مجرب ہے۔ انجیر ۳ دانے۔ ملٹھی ۶ ماشہ۔ منقیٰ ایک تولہ۔ گاؤزبان۔ سونف۔ سنڈھ۔ تخم السی۔ ۳۔۳ ماشہ پانی آدھ سیر میں جوشا دیں کہ ۱۵ تولہ رہ جائے تو شربت بنفشہ یا شہد ۲ تولہ ملا کر پلانا خراش گلا کھانسی حلق کی پھنسیاں اور ورم کو دور کرنے میں مجرب ہے۔

## کوا گرنا

بلغم کی زیادتی سے حلق کی جھلی ڈھیلی ہو کر کوا گر جاتا ہے اس کی خراش سے کھانسی پیدا ہو جاتی ہے۔ چت لیٹنے سے زیادہ ہو جاتی ہے۔ کبھی کھانسی کی شدت سے جی متلاتا ہے۔ بلکہ قے کی طرف مائل ہو کر قے بھی آ جاتی ہے۔ اس مرض کا نام استرخالہاۃ ہے۔

## (۵۳۹) مازو

**ھوالشافی :** مازو سبز۔ پھٹکڑی پھلہ۔ باریک کردہ پیس کر گلا میں لگا دیں۔

## (۵۴۰) گل انار

پھٹکڑی، مازو سبز۔ گل انار۔ سہاگہ ۳۔۳ ماشہ۔ پانی آدھ سیر میں ابال کر اس سے غرغرہ کرا دیں۔ انشاء اللہ استرخا لہاۃ دور ہو گا یا مازو۔ گل انار چھالیہ۔ گل سرخ سماق مساوی باریک کر کے منہ میں رکھ کر گلے میں لگا دیں۔ انشاء اللہ آرام ہو گا۔

## (۵۴۱) اکسیر برائے گلا

طباشیر الائچی سبز۔ مغز کنول ڈودہ۔ نسپال۔ کتھ سفید۔ گیری زیرہ سفید۔ مساوی الوزن۔ دار چینی کل کے برابر باریک کر کے رکھیں اور بچہ کے گلا میں چٹکی سے لگا دیں اس سے گلے کے تمام امراض ورم لوزتین۔ خراش حلق۔ کھانسی دور ہو جائے گی۔

## (۵۴۲) لعوق برہمی

**ھوالشافی :** برہمی۔ برگ بانسہ۔ فلفل دراز۔ پوست ہلیلہ زرد۔ مساوی الوزن۔ شہد سہ چند۔

**خوراک :** ۶۔۶ ماشہ۔ دن میں دو تین بار کھلانا۔ آواز صاف کرنے، کھانسی وضیق النفس کو لاجواب ہے۔ اس کو بھی بڑے حکما نے مجرب کہا ہے۔

## (۵۴۳) نگلنے میں دقت

کھانا مشکل سے نگلنا بھی ان امراض کی قسم ہے۔ اس میں وہی مجربات جو کہ بیان ہوئے ہیں کھلائیں اس میں نزلہ و زکام کا ہونا ورم لوزتین ہونا خراش گلو ہونا ثابت ہے۔

**غذا:** حلوہ، دلیا گندم، مرغن غذا مت کھائیں اور نزلہ ہو تو اس کا علاج کریں۔ خناق سے ہو تو جو نسخہ جات لکھ آیا ہوں ان کو استعمال کریں۔ اگر گلے میں پھنسیاں ہوں تو گل روغن میں پھٹکڑی گھس کر لگائیں۔ یا ذیل کا نسخہ تیار کریں۔

## (۵۴۴) حلق میں پھنسیاں

رسونت۔ پھٹکڑی۔ مازو۔ ایک ایک تولہ۔ باریک کر کے سپرٹ ریکٹی فائیڈ ۱۰ تولہ میں بھگو کر تیسرے روز پن لیں اور حلق میں روئی سے لگائیں اس سے گلے کی پھنسیاں دور ہوں گی۔

## (۵۴۵) مجرب جوشاندہ

**ھوالشافی** : انجبار۔ مائیں۔ حب آس۔ الائچی خورد۔ ناگ کیسر۔ پھٹکڑی ۶۔۶ ماشہ۔ ڈیڑھ سیر پانی میں ابالیں جب پانی آدھا رہ جائے تو اس سے غرارے کرنے سے حلق کی پھنسیاں دور ہو جاتی ہیں۔ قبض ہو تو قبض کشائی کریں۔ لعوق سپستان خیار شنبری کھلائیں۔ خمیرہ گاؤزبان سادہ عرق گاؤزبان میں جوش دے کر پلا دیں یا لعوق معتدل۔ لعوق سپستان ایک ایک تولہ پانی نیم گرم میں گھول کر کے پلائیں اور شربت بنفشہ یا شربت شہتوت پلائیں۔ انشاء اللہ تمام پھنسیاں اور ورم گلو سے کھانا نہ کھائے جانا درست ہو گا۔ تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ گانے والوں یا تقریر کرنے والوں کو یہ مرض زیادہ ہوتا ہے بادام حلق ورم لوزتین وغیرہ میں بطور عرض پیدا ہو جاتا ہے اور بلغم کے ساتھ پیپ بھی آنی شروع ہو جاتی ہے۔

**علاج:** آب زلال۔ چونہ ایک تولہ کو ایک سیر پانی میں بھگو کر تین دن کے بعد نتھار کر اس سے غرارے کرانا مفید ہے یا پھٹکڑی ۳ ماشہ کو آدھ سیر پانی میں حل کر کے غرارے کرائیں۔

## (۵۴۶) برگ ببول

جوشاندہ برگ ببول یا پوست ببول سے غرارے کرنا مفید ہے یا رسونت بریاں ۶ ماشہ کو شہد ۲ تولہ میں ملا کر روئی کی پھریری سے گلے میں لگانا مجرب ہے یا یہ گولیاں بنا کر چوسا یا کریں ترش اشیا اور سرخ مرچ کم سے کم کھائیں اور یہ گولیاں چوسنے کو دیں۔

## (۵۴۷) ورم، خنجرہ

کتیرا گوند۔ ست ملٹھی۔ تخم خطمی۔ گل بنفشہ۔ نشاستہ گندم۔ مغز تخم خیارین۔ ایک ایک تولہ۔ کو لعاب اسپغول میں گولیاں بقدر کو کنار دشتی بنا دیں اور ہر تین گھنٹہ کے بعد چوسایا کریں۔ انشاء اللہ ورم خنجرہ، خراش گلو اور پھنسیاں دور ہو جائیں گی۔ مجرب ہے۔

## (۵۴۸) حلق میں جونک چمٹ جانا

اجوائن دیسی اور مرچ کالی باریک پیس کر نلکی سے گلے میں پھونک دیں اور اگر ناک میں ہو تب بھی پھونک دیں جونک اجوائن سے بھاگتی ہے اور اپنی جگہ چھوڑ دیتی ہے۔

## (۵۴۹) معدہ میں جونک

اگر خار معدہ میں جونک چلی جائے تو سرکہ اور نمک ملا کر پلا دیں یہ جونک کا زہر ہے اس کے بعد مسہل دے دیں جونک بذریعہ اسہال خارج ہو جائے گی۔ تمبا کو کا جوشاندہ گلے میں پٹکانا بھی جونک کو خارج کر دیتا ہے۔ اگر بچے کے حلق میں روپیہ، دونی، چونی یا لوہے کا ٹکڑا پھنس جائے تو بچے کو الٹا کر کے اس کے شانوں پر پیٹھ تھپکی دیں اس سے وہ چیز نکل جائے گی۔ انشاء اللہ

## (۵۵۰) سرکہ

الامام سویدی اور فاضل جالینوس کا قول ہے کہ تیز سرکہ سے غرغرہ کرنا جونک کو نکال دیتا ہے۔ اور اگر حلق میں کانٹا وغیرہ چبھ جائے تو ہالیوں ۳ ماشہ کو روزانہ گرم پانی سے کھلائیں اور اس کے بعد قے کرائیں انشاء اللہ چبھی ہوئی چیز قے سے نکل جائے گی۔

## (۵۵۱) اچھو لگنا

اگر کھاتے وقت یا پیتے وقت اچھو لگ جائے تو نوشادر یا نمک تھوڑا سا کھالیں اس سے اچھو کی تکلیف دور ہو جاتی ہے اگر پینے کی چیز سے اچھو لگ جائے تو روٹی کا ٹکڑا کھانے سے تخفیف ہو جاتی ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ۔

# امراض صدر و سینہ

کھانسی یہ ایک مشہور مرض ہے' لیکن اس کا علاج نہایت ہوشیاری سے کریں کیونکہ اس کے بگڑ جانے سے سل و دق' دمہ' زخم سینہ ہو جاتے ہیں اور پرانی کھانسی میں نمونیہ بار بار ہوتا ہے' کھانسی کا مریض سامنے آئے تو پتہ کریں کہ بلغم پتلی ہے یا گاڑھی' گلے میں خراش تو نہیں۔ اس میں ہوا کی نالیوں کا تشنج پھیپھڑے یا ان کی جھلی کی سوزش اور ورم۔ بدہضمی۔ کمزوری دماغ سے نزلہ و زکام دائمی کا ہونا غرض کھانسی کے علاج میں ان باتوں کا خیال رکھنا اور قبض دور کرنا کھانسی کے علاج کے بعد ہاضمہ کو درست کرنا اور بار بار حملہ ہونے کے سبب کو دور کرنا اور عام جسم کو تقویت دینا اس سے پرانی سے پرانی کھانسی دور ہو سکتی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اب کھانسی کے علاج میں مفرد اور مرکب نسخے لکھے جائیں گے جن کو میں اور میرے ہم عصر اطباء نے مجرب کہا ہے اور اس مرض کے کامیاب علاج ہوں گے۔

حکیم احسن بغدادی جو کہ مشہور طبیب گزرے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ جن لوگوں کا سینہ کمزور ہو اور آئے دن کھانسی میں مبتلا ہو جاتے ہوں وہ موسم سرما کے آغاز میں اور موسم گرما کے آغاز میں شربت سپستان کی ایک بوتل پی لیا کریں تو وہ حفظ ما تقدم کے طور پر وہ امراض صدر سے محفوظ رہیں گے۔ نسخہ یہ ہے۔

## (۵۵۲) دیرینہ کھانسی

**ھوالشافی:** سپستان فربہ نیم کوفتہ ۱۵ تولہ۔ ملٹھی مقشر ۳ تولہ۔ بنفشہ ۵ تولہ۔ پرسیاؤشاں ۲ تولہ رات کو آب گرم دو سیر میں بھگو دیں۔ صبح کو اُبال لیں اور پانی ایک سیر رہ جانے پر ایک سیر کھانڈ ملا کر شربت بنا دیں۔

**خوراک:** ۳ تولہ نیم گرم پانی میں ملا کر دن میں دو بار دیں۔

**فوائد:** دیرینہ سے دیرینہ کھانسی اس سے زائل ہو جاتی ہے۔ نمونیہ درد پہلو شوصہ ذات الصدر' سرفہ سعال' ربو' نزلہ و زکام دائمی قبض سب دور ہو جاتے ہیں۔

## (۵۵۳) تخم خبازی

حکیم موسیٰ طبیب جو کہ مشہور طبیب گذرے ہیں ان کا یہ تجویز کردہ نسخہ سینہ کے تمام امراض اور امراض گلو میں لاجواب ہے۔

**ھوالشافی :** عناب، لسوڑیاں، مویز منقیٰ ۵۔۵ دانے۔ انجیر ۲ دانے۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ خطمی۔ تخم خبازی۔ پرسیاؤشاں۔ برگ بانسہ۔ بہی دانہ۔ ملٹھی مقشر ۵۔۵ ماشہ جو مقشر ایک تولہ۔ نیم کوفتہ سب اجزاء کو نیم گرم پانی میں جو کہ تین پاؤ ہو چھ گھنٹہ بھگو کر جوش دیں کہ آدھارہ جائے تو چھان کر شیرہ بادام مقشر ۷ عدد ملا کر مصری ملا کر شیریں کر کے سردیوں میں گرم قہوہ کی طرح اور گرمیوں میں نیم گرم پلا دیں۔ قبض ہو تو اسی نسخہ میں ۹ ماشہ سے ڈیڑھ تولہ تک مغز املتاس ملا کر پلائیں۔ ناظرین یہ ایک لاجواب جوشاندہ ہے یہ آٹھ پہر کے لیے ہے دوسرے دن نیا تیار کر کے پئیں۔ میرے خیال میں یہ نسخہ خراش گلا سے لے کر تمام امراض سینہ، نزلہ و زکام، نمونیہ، دمہ، سل کو لاجواب ہے۔ اس میں جو کا جوشاندہ بھی آ گیا ہے جو کہ بقول شیخ دق سل کی لاجواب دوا ہے، قبض کشا بھی ہے۔ خشک وتر کھانسی کو مجرب ہے اس جیسا نسخہ عام کتابوں میں نہیں ملتا۔

## (۵۵۴) لعوق

یہ کم اجزا کا لعوق بھی لاجواب مجرب حکما ہے۔

**ھوالشافی :** لسوڑیاں ۵ تولہ کو نیم کوب کر کے ایک سیر پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں آدھارہ جانے پر ۵ تولہ مغز املتاس حل کر کے دوبارہ چھان لیں اور آدھ سیر چینی ملا کر چٹنی کے قوام پر لے آئیں اگر کھانسی خشک ہو تو بادام روغن بھی ملا لیں یا ویسے ہی چاٹ لیا کریں۔ یہ کھانسی اور دمہ میں بھی لاجواب ہے اور املتاس جس طرح قبض کشا ہے اس طرح سینہ کو بھی صاف کر دیتا ہے، سینہ کی نالیوں سے بلغم کو پتلا کر کے نکال دیتا ہے اور پھیپھڑے کی حفاظت کرتا ہے۔

## (۵۵۵) حب سیکراں

یہ تینوں نسخے ایک دوسرے سے بڑھ کر ہیں ان کو معمول مطب بنانا کافی ہے آگے بڑے امراض کے علاج کا ذکر اور اصول علاج میں پتلی بلغم کو گاڑھا کیا جائے اور گاڑھی بلغم کو

پتلا کیا جائے اور اس کے بعد بلغم کو روکا جائے تو انشاء اللہ کھانسی پرانی سے پرانی دور کی جاسکتی ہے۔

**ھوالشافی :** تخم دھتورہ۔ سنڈھ۔ اجوائن خراسانی۔ مساوی الوزن۔ لعاب گوند کیکر سے نخودی گولیاں بنالیں۔ ایک' ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی جب بلغم پتلی ہو جھاگ دار ہو کھانسی شدید ہو ناک سے پانی بہتا ہو تو اس وقت اس کے دینے کا وقت ہے۔ رقیق بلغم نکلتی ہو تو اس کی ایک دو خوراکوں سے بلغم گاڑھی ہونی شروع ہو جاتی ہے۔ فوراً سکون ہو جاتا ہے یہ گولیاں اگر نوبتی بخار سے قبل کھلائیں تو بخار کو روک دیتی ہیں' مروڑ کو بھی مفید ہیں۔ ادعیہ منی پر بھی مسکن اثر رکھتی ہیں مرض جریان اور سرعت انزال کو دور کرنے اور امساک پیدا کرنے میں بھی مجرب ہیں۔

## (۵۵۶) حب عنصل

جب مریض آئے تو کہے کہ کھانسی تو ہوتی ہے لیکن بلغم نہیں نکلتا گاڑھا ہے تو یہ گولیاں دیں۔ یہ گولیاں گاڑھی بلغم کو پتلا کر کے نکال دیتی ہیں۔ نزلہ و زکام میں گاڑھی بلغم ہو' پرانی کھانسی ہو اور لیس دار گاڑھا بلغم رکا ہوا ہو تو اس کو دینے کا وقت ہے۔

**ھوالشافی :** عنصل بریاں۔ اشق۔ مرکی۔ ایک ایک تولہ۔ ست لوبان ۶ ماشہ۔ ست ریٹھہ ایک تولہ۔ شہد سے نخودی گولیاں بنالیں۔

**خوراك :** ایک گولی صبح دوپہر شام اس سے بلغم گاڑھی سینہ میں ہو یا ناک میں پتلی ہو کر نکلنے لگ جاتی ہے۔ اس لیے ضیق النفس' سرفہ شیوخ' سعال مزمن' نزول ماء فی الصدر کو لاجواب مجرب ہیں۔ البتہ ان کے استعمال سے بلغم پتلی ہو کر کھانسی بڑھ جاتی ہے۔ اس لیے مریض کو کہہ دیں کہ کھانسی بڑھنے سے ہی بلغم نکلے گی جب یہ مطلب پورا ہو جائے تو پھر حب سیکراں دیں۔ انشاء اللہ پرانی کھانسی بھی دور ہو گی یہ دونوں نسخے حکیم احمد دین موجد طب جدید شاہدروی کے مجرب ہیں۔

**طریقه ست ریٹھه :** چھلکا ریٹھہ۔ حسب ضرورت لے کر کوٹ کر ۱۰ گنا پانی میں رات کو بھگوئیں۔ صبح کو جوش دیں آدھا رہ جانے پر پن کر نرم نرم آگ پر ست نکال کر خشک کر لیں اس کو شامل نسخہ کر لیں۔ عنصل آج کل نایاب ہے اس کے عوض تخم پیاز دو تولہ شامل کر لیں تو بھی مفید ہیں۔ لاجواب گولیاں ہیں۔

## (۵۵۷) اکسیر کھانسی پتلی بلغم والی

کھانسی کے لیے خشخاش اور پوست خشخاش آٹھ گنا پانی میں جوش دیں پھر صاف کر کے مناسب کھانڈ ملا کر مثلاً اگر خشخاش و کوکنار ۵۔۵ تولہ ہوں تو کھانڈ آدھ سیر کافی ہے۔

**خوراک:** ایک تولہ تک کھلائیں تو یہ کھانسی کے لیے مفید ہے جالینوس، رازی اور دوسرے سولہ حکیموں کا قول ہے۔ اور زمانہ حال کے ایک مشہور طبیب نے لکھا ہے کہ ایک دفعہ کھانسی وبائی طور پر شروع ہوگئی اور کوئی نسخہ کارگر نہ ہوا تو خیال میں یہ نسخہ آیا کوکنار باریک کر کے ایک ایک ماشہ کی پڑیاں باندھ کر رکھ دیں رات کو عشا کی نماز کے بعد ایک خوراک ہمراہ پانی یا چائے دیں یا جوشا کر اس کی چائے بنا کر پئیں انشاء اللہ اس سے کھانسی کو فائدہ ہوگا میں نے خود اس نسخے کا تجربہ کیا۔ لاجواب ہے۔ اسہال کو بھی روک دیتا ہے اور کھانسی کو مجرب ہے۔

## (۵۵۸) چٹنی

مریض عمر چالیس سال کو کھانسی کی تکلیف ہوگئی۔ کھانسی اس قدر شدید تھی کہ مریض ایک منٹ بھی آرام سے نہیں بیٹھ سکتا تھا۔ اس کی حالت دیکھ کر یہ شربت تیار کر کے دیا گیا۔

**ھوالشافی:** عناب ۳۰ دانے۔ لسوڑیاں ۵۰ دانے۔ ملٹھی ۳ تولہ۔ زوفہ ۳ تولہ۔ گل بنفشہ۔ خطمی۔ خبازی۔ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ انجیر ۲۰ دانے۔ پرسیاؤشاں سوا دو تولہ۔ بانسہ ۲۔ ۲ تولہ۔ پانی دو سیر میں رات کو بھگو کر صبح کو جوش دیں ایک سیر رہ جانے پر چینی ایک سیر ملا کر شربت بنائیں۔

**خوراک:** ۲۔۲ تولہ۔ پانی نیم گرم سردیوں میں اور گرمیوں میں تازہ پانی ملا کر پلائیں اس کے استعمال سے بلغم اگر پتلی ہو تو گاڑھی ہو کر نکل جاتی ہے۔ اگر گاڑھی ہو تو پتلی ہو کر خارج ہو جاتی ہے۔ یہ ان دنوں کی بات ہے جب پاکستان بن رہا تھا۔ اس مریض کو فوراً فائدہ ہو گیا اس دن سے لے کر آج تک معمول مطب بنا ہوا ہے۔ سینکڑوں مریض اس شربت سے شفا پا چکے ہیں۔ جن کو ایک بوتل پلا دی کھانسی اس کی دور ہوگئی اور کئی سال بعد بھی نہ لگی۔

**نکات مطب:** دس۔ دس دن کے بعد قبض کشائی کیا کریں یہ بلغم کا منضج بھی ہے اگر سر درد ہو تو اس میں اسطوخودوس ۲ تولہ شامل کر کے بنا دیں۔ اگر قبض زیادہ ہو تو گل سرخ ۲ تولہ۔ سنا مکی ۲ تولہ کا اضافہ کر کے بنا دیں۔ اگر دل کی خرابی ہو تو ابریشم مقرض ۲ تولہ شامل کر کے بنا دیں

اگر گلے کی زیادہ خرابی ہو تو گاؤزبان ۲ تولہ شامل کر کے بنا دیں۔ یہ تمام نکات اس لیے لکھ دیئے ہیں کہ مبتدی حضرات بھی فائدہ اٹھا سکیں یہ سینہ سے بھرے ہوئے بلغم کو نکال دیتا ہے۔ اور میرے پچاس سال کے تجربہ میں آیا ہے کہ کسی طبیعت کے خلاف نہیں ہوا۔ نمونیہ میں اس کے ساتھ کشتہ بارہ سنگا دے دیں اور سینہ کے امراض میں اس کی ایک بوتل پلا دینا کافی ہے۔ سل کی ابتدا میں پلا دیں تو سل ہوتی ہی نہیں۔ رات کو لعوق کی طرح چٹا دینا کافی ہے۔ بہترین لعوق ہے۔

## (۵۵۹) لاجواب شربت

میں ایک حکیم کے پاس بیٹھا تھا اس سے نسخہ جات کا تبادلہ ہو رہا تھا۔ ایک مریض نے کھانسی کا شربت مانگا۔ حکیم صاحب نے دے دیا اور فرمانے لگے یہ کھانسی کا لاجواب شربت ہے میں نسخہ کا طالب ہوا فرمانے لگے یہ میں نے خود ہی تجویز کیا ہوا ہے اور موسم سرما میں لوگ خود بخود خرید کر لے جاتے ہیں۔ میرا ذریعہ معاش بن گیا ہے۔

**ھوالشافی :** بنفشہ۔ بانسہ۔ ۵۔۵ تولہ۔ لسوڑیاں ۶۰ دانے۔ عناب ۳۰ دانے خطمی۔ خبازی۔ ملٹھی ۲۔۲ تولہ۔ پانی دو سیر میں بھگو کر ابال کر پن کر ایک سیر چینی ملا کر شربت بنا دیں۔

**خوراك :** ۲۔۲ تولہ دن میں چار بار موسم کے مطابق پانی ملا کر پلانا اور چٹانا لاجواب ہے۔ میں نے بھی بنا کر مریض کو دیا حرف بحرف ٹھیک پایا لاجواب فارمولا ہے تیار کر لیا کریں۔

## (۵۶۰) کشتہ مرجان

ایک مریض ۶۰ سالہ نے کہا کہ مجھ کو شدید کھانسی تھی اور میں نے ایک شخص سے گولیاں لے کر کھائی ہیں۔ کھاسی اس رات کے بعد نہیں آئی اس سے کئی آدمی لے جاتے ہیں میں اس آدمی کے پاس جا کر نسخہ طلب کیا۔ اس نے بتا دیا کہ میں نے کتاب سے دیکھ کر بنایا ہے۔

**ھوالشافی :** تخم دھتورہ ۳ تولہ۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔ سنڈھ ایک تولہ۔ گوند کیکر ایک تولہ۔ باریک کر کے گولیاں بقدر دانہ مرچ یا نخود بنا لیں۔

**خوراك :** ۱۔۱ عدد صبح و شام ناظرین یہ نسخہ حب شفا قرابادینی کا ہے اس میں شک نہیں کہ نزلہ و زکام کھانسی، پتلی بلغم، بخار، ملیریا، نوبتی کا لاجواب علاج ہے پرانے تمام اطبا کا معمول رہا

ہے میں نے خود ہمیشہ تیار کر کے رکھتا ہوں اس سے پتلی بلغم والی کھانسی کے مریض فوراً شفا پا جاتے ہیں۔ تمام قرابادینوں میں یہ نسخہ ملتا ہے اس کو خمیرہ گاؤزبان سادہ ٦ ماشہ میں ایک گولی رکھ کر صبح وشام کھانا کورس ایک ماہ ایک بڑے رسالہ کے ایڈیٹر نے بتایا تھا کہ ہمارا لاجواب کورس ہے اگر کشتہ مرجان ایک رتی بھی ملا کر دیں تو زیادہ مفید ہو جاتا ہے۔

## (۵٦۱) جند بیدستر

ایک بوڑھے حکیم سے لوگ کھانسی کی گولیاں آ کر لے جاتے تھے میں پاس ہی بیٹھا تھا میں نے کہا یہ کون سی گولیاں ہیں۔ فرمانے لگے ہمیشہ سے یہ تیار کر کے استعمال کر رہا ہوں۔ اور کوئی نسخہ کبھی بنایا ہی نہیں۔

**ھوالشافی:** جند بیدستر ایک ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ رب السوس ایک ماشہ۔ دار چینی ۳ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ گوند کیکر ۴ ماشہ۔ گوند کتیرا ۱۵ ماشہ۔ نشاستہ گندم ۵ ماشہ۔ گولی بقدر مرچ سیاہ بنادیں۔

**خوراک:** ایک ایک عدد گولی صبح وشام دن رات میں چار گولی سے زیادہ نہ دیں۔ میں نے ان گولیوں کو تیار کر کے لاجواب مفید پایا ہے۔ کھانسی کے علاوہ احتلام، سرعت انزال کو بھی مفید ہیں۔ حافظ جلیل احمد صاحب انصاری۔ اور مصنف مرج البحرین بھی اس کو مجرب لکھتے ہیں۔ دافع نزلہ وزکام ہیں۔

ایک دفعہ میں ایک گاؤں میں گیا ایک مریضہ حاضر ہوئی جس کو دو ماہ سے کھانسی لگی ہوئی تھی اور کئی ٹیکے اور گولیاں کھا چکی تھی اور کہنے لگی کہ ڈاکٹر صاحب نے کہا ہے کہ دو ماہ ٹیکے لگیں گے اور بیس ٹیکے پنسلین کے لگوا چکی ہوں لیکن کھانسی ٹس سے مس بھی نہیں ہوئی۔

**ھوالشافی:** یہ گولیاں پاکٹ میں تھیں دے دی گئیں۔ اس کے بعد مریضہ کو فوراً آرام آ گیا اسی طرح ایک مریضہ کو ہندوستان میں کھانسی شروع ہوئی۔ پھر مہاجر ہو کر ہمارے گاؤں میں آباد ہو گئے۔ اس کو بھی مزمن کھانسی تھی۔ یہ گولیاں ہی دی گئیں۔ فوراً آرام آ گیا۔

## (۵٦۲) میعہ سائلہ

**ھوالشافی:** افیون پونے دو ماشہ۔ گوند کیکر ساڑھے تین ماشہ۔ میعہ سائیلہ ۷ ماشہ۔ کندر ۷ ماشہ۔ رب السوس ۷ ماشہ۔ گولی بقدر دانہ ماش یا مسور بنا دیں ان گولیوں سے نزلہ حار ہو یا بارد درست ہو جاتا ہے۔ ان گولیوں کو کئی بار بنایا اور مفید پایا لیکن اب میعہ سائلہ نہیں ملتا۔ یہ

گولیاں بھی پرانے اطبا کی ایجاد ہیں ان کا نام قرابادینوں میں حب سلارس ہے۔

## (۵۶۳) نظریہ

گاڑھی بلغم کو پتلا کرنے میں نظریہ مفرد اعضا والوں کی یہ دوا مجرب ہے اس سے گاڑھی بلغم ایک دو دن میں ہی پتلی ہو کر خارج ہو جاتی ہے۔

**ھوالشافی :** اجوائن دیسی۔ رائی۔ بانچی ۴۔۴ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱۲ تولہ۔ باریک کریں۔

**خوراک :** ۴ رتی سے ایک ماشہ تک اس میں نمک خوردنی فی خوراک ۴ رتی ملا کر دینے سے گاڑھی بلغم پتلی ہو کر خارج ہو جاتی ہے اور کھانسی کو آرام آ جاتا ہے۔

## (۵۶۴) اضافہ

اور اسی گندھک والے نسخے میں سنڈھ ۵ تولہ۔ نوشادر ڈھائی تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ [illegible] کر کھلانا بلغم کو پتلا کر دیتا ہے۔

## (۵۶۵) کرنجوہ

اور اگر بلغم گاڑھی کرنی ہو تو مغز کرنجوہ ۵ تولہ آملہ ۵ تولہ۔ پھٹکڑی پھلہ ۱۰ تولہ ملا کر ۴ رتی سے ایک ماشہ تک کھلانا بلغم پتلی کو گاڑھا کر دیتی ہے نظریہ مفرد اعضا کے نسخے ہیں۔

آگے طب جدید شاہدروی کے معمول مطب نسخے ہیں پہلے بلغم پتلی کو گاڑھا کرنے میں مفید ہے جبکہ دوسرا گاڑھی کو پتلا کرنے میں مجرب تھا اب نظریہ مفرد اعضا والوں کے نسخے لکھ دیئے ہیں یہ بھی مجرب ہیں اور تجربہ پر لاجواب ثابت ہوئے ہیں۔ ناظرین خود تیار کر کے دے دیا کریں۔ مؤلف۔

## (۵۶۶) منڈی چوہڑکانہ

قیام پاکستان سے پہلے کا ذکر ہے کہ میں ایک ٹی بی کے مریض کے پاس چند دن رہنے کو گیا اتفاق اسی دن منڈی چوہڑکانہ میں ایک طبیب جو کہ میرے واقف تھے ملاقات ہوئی تو اس جگہ جانے کا پوچھا کہ مریض کے پاس آیا ہوں جو کہ رشتہ دار ہیں انہوں نے فرمایا کہ کھانسی کے لیے ایک شربت بناتا ہوں میرے استاد نے مجھ کو بتایا تھا کہ کھانسی کے لیے شربت

فریادرس سے زیادہ مفید کوئی چیز میرے تجربہ میں نہیں آئی۔ لہٰذا میں آپ کو کہتا ہوں کہ شربت فریادرس کو کھانسی میں نہ بھولیں۔ میں تو کہتا ہوں کہ نزلہ وزکام سے لے کر ٹی بی تک میں یہ شربت مفید ہے اسی طرح ایک حکیم نے جو کہ خاندانی تھا کہا کہ میں نے دق وسل کا ایک مریض شربت فریادرس اور کشتہ ابرک سفید اور کشتہ گئودنتی کلورائی سے ٹھیک کیا ہے۔ نسخہ ذیل میں ہے۔

**ھوالشافی:** گاؤزبان۔ صندل سفید۔ پرسیاؤشاں۔ عودصلیب۔ خشخاش سفید ۲۔۲ تولہ۔ ملٹھی۔ سونف۔ تخم خطمی۔ گل سرخ ۱۔۱ تولہ۔ مویز منقیٰ ۲۵ عدد۔ پوست خشخاش مسلم ۵ عدد۔ پانی دو سیر میں بھگو کر ابال کر ایک سیر کھانڈ ملا کر شربت بنا دیں۔ خوراک ۲۔۲ تولہ دن میں تین بار۔

## (۵۶۷) شربت اعجاز

حکیم محمد ازرانی صاحب نے شربت اعجاز ترتیب دے کر طبی دنیا پر احسان کیا ہے۔ یہ شربت تر وخشک کھانسی کے لیے اکسیر ہے۔ بہت سے حکما کا معمول مطب ہے۔ دہلی اور لکھنو کے تمام دواخانوں کا مشہور شربت ہے میں نے سنا تھا کہ ایک شخص کا روزگار ہی شربت اعجاز تھا۔ اس میں ایک نقص ہے کہ شربت میں تیار کردہ گوندیں ملائی جاتی ہیں اس سے شربت بوتل میں جم بھی جاتا ہے ایک حکیم صاحب نے اس کا حل یہ بتلایا کہ کھانسی کے مریض کو شربت تیار کر کے دیں اور گوندوں کا سفوف الگ بنا کر دے دیں اور کہیں کہ پیتے وقت اوپر چھڑک کر پی لیں موسم سرما میں گرم پانی اور گرما میں میں تازہ پانی ملا کر پئیں اور کھانسی کے لیے لاجواب ہے۔ کئی حکیم اس کا اور نام رکھ کر فروخت کر رہے ہیں۔

**ھوالشافی:** عناب ۳۰ دانے۔ لسوڑیاں ۶۰ دانے۔ بہی دانہ ڈیڑھ تولہ۔ ملٹھی۔ خطمی۔ خبازی۔ گل نیلوفر۔ گل بنفشہ۔ ۲۔۲ تولہ۔ برگ بانسہ ایک پاؤ پانی چار سیر میں بھگو کر ڈیڑھ سیر رہ جانے پر ڈیڑھ سیر کھانڈ ملا کر دو بوتل شربت تیار کر لیں اور گوند کیکر اور گوند کتیرا ہر ایک ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ باریک کر کے ملائیں۔ لکھا تو اس طرح ہے اس کی خرابی میں نے بیان کر دی ہے کہ پیتے وقت چھڑک کر پینے کو دیں ویسے کھانسی کے لیے لاجواب معمول اطبا ہے۔

## (۵۶۸) لڑکی

ایک لڑکی نوجوان شادی کے بعد کھانسی میں مبتلا ہو گئی۔ شہری لوگ تھے کافی زیادہ

ڈاکٹروں کو دکھایا لیکن کھانسی کو معمولی فرق بھی نہ ہوا وہ میرے پاس آئے لڑکی کی بیماری کا ذکر نہایت مایوسی سے کیا۔ میں نے کہا کہ شفا تو اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے لیکن تشخیص اور علاج ہمارے ذمہ ہے یہ شربت تیار کر کے دیا گیا۔

**ھوالشافی :** ملٹھی ۱۰ عناب۔ کاکڑا سنگی۔ جڑ پان۔ کلونجی۔ خوب کلاں۔ ۱۰-۱۰ تولہ۔ کوکنار ۱۵ تولہ۔ آٹھ سیر پانی میں بھگو کر جوشا کر پن کر چھ سیر کھانڈ ملا کر شربت بنا دیں۔ خوراک ایک چائے کے چمچ کے برابر پانی ملا کر پلائیں۔ یہ شربت بنا کر دیا ایک بوتل سے کھانسی بالکل بند ہوگئی۔

**فوائد :** نزلہ وزکام سوزش جس میں سفید رنگ کا ریشہ خارج ہوتا ہو خسرہ چیچک، تورکی اور کھانسی کو مجرب ہے۔ دستوں کو بند کرتا ہے بلغم کو گاڑھا کر کے خارج کر دیتا ہے نیند آور ہے ان ادویہ کا آٹھ بوتل عرق نکال کر فی بوتل ایک سیر کھانڈ ملا کر شربت تیار کرایا جا سکتا ہے یہ لاجواب شربت حکیم ڈاکٹر صابر ملتانی موجد نظریہ مفرد اعضاء کا تجویز کردہ ہے۔ اور قصبہ دنیا پور میں اشتہار دے کر کھانسی بند شربت کے نام سے ان کے شاگرد رشید حکیم یٰسین مدظلہ عالی اور حکیم شریف خان مرحوم کا معمول مطب ہے۔

**نکات مطب :** اس میں کلونجی ہے جس کے بارے میں رسول پاک ﷺ کا ارشاد ہے کہ موت کے سوا تمام بیماریوں کا علاج ہے۔ میں اس نکتہ سے کئی فائدے اٹھا چکا ہوں صدق اللہ و رسولہ۔

## (۵۶۹) وبائی کھانسی

ایک دفعہ کھانسی وبا کی طرح پھیل گئی۔ پتلی بلغم اور کھانسی کا اتنا زور ہوا کہ مریض رات بھر نہ سو سکتے تھے۔ یہ نسخہ تیار کر کے دیا تو تمام مریضوں کو آرام ہو گیا کسی کو مناسبہ وزن کے جوشاندہ ہی بنا کر دیا گیا اس سے بھی فائدہ ہو گیا۔

**ھوالشافی :** ملٹھی ۳ تولہ۔ عناب ۳ تولہ۔ لسوڑیاں ۱۰۰ دانہ۔ بنفشہ ۳ تولہ۔ گاؤزبان ۳ تولہ۔ خشخاش سفید ۵ تولہ۔ پوست خشخاش ۳ تولہ۔ پانی ڈیڑھ سیر میں بھگو کر اُبال کر تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنا دیں۔

**خوراک :** ۲-۲ تولہ دن میں تین بار پلایا گیا فوراً شفا کی کرن نظر آ گئی نیز تمام ادویہ کوٹ کر ڈھائی ڈھائی تولہ کی پڑیاں بنا کر مریض کو دیں اور ایک پڑیا روز جوشا کر دن میں تین بار کھانڈ

ملا کر پینے سے بھی فائدہ ہو جاتا۔ کئی بار اس کا تجربہ کیا ہے لاجواب کھانسی بند شربت ہے۔ یہ ایک لاجواب نسخہ ہے پہلے دن ہی کھانسی بند ہو جاتی ہے۔

## (۵۷۵)ایک لاجواب تحقیق

لعوق سپستان کھانسی کے لیے یونانی حکما کا لاجواب مرکب ہے لیکن تیار کرنے کے بعد جلدی خراب ہو جاتی ہے اس کا میں نے پاؤڈر تیار کر کے مفید پایا ہے وہ یہ ہے۔

**ھوالشافی :** لسوڑیاں ۵۰ دانے۔عناب ۲۰ دانے۔ پوست خشخاش ۲ تولہ۔ آرد ملٹھی ایک تولہ۔تخم خطمی ۴ ماشہ۔ خبازی ۴ ماشہ۔ بہی دانہ ۳ ماشہ۔ جو مقشر ایک تولہ۔ مغز بادام شیریں ایک تولہ۔تخم خشخاش سفید ایک تولہ۔ گوند کیکر۔ گوند کتیرا ۳۔۳ ماشہ۔ رب السوس ۳ ماشہ کو باریک کر کے ایک پاؤ چینی ملا کر سفوف بنا دیں۔

**خوراک :** ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں یا جوش دے کر پلا دیں یا گرم پانی یا چائے میں گھول کر پلا دیں تمام فوائد لعوق سپستان کے اس سے حاصل کر لیں اور آئے روز پھپھوندی سے نجات حاصل کریں میں نے اس طرح تیار کر کے فائدہ حاصل کیا ہے یہ میں نے کسی کتاب سے نہیں پڑھا۔

## (۵۷۶) معجون برشعثہ

یونانی حکما کی ایک لاجواب نسخہ معجون برشعثہ ہے جو کہ لاجواب مرکب ہے۔ جن امراض میں لکھا ہے ان تمام کو مفید ہے اس میں افیون ہے جو کہ ہر مزاج کو اثر دیئے کے بغیر نہیں رہتی اس کا تریاق زعفران ان میں موجود ہے لہٰذا لاجواب مرکب لیکن زمانہ چونکہ معجون کو نہایت اہمیت دیتا اس لیے اس کا پاؤڈر تیار کر لیا ہے اس کی گولیاں بھی بنالی جاتی ہیں۔ اس کو کیپسول میں بند کر کے اس زمانے کے کے کیپسول برشعثہ کے نام سے دیتے ہیں ہم نے بھی اس کا پاؤڈر بنایا ہوا ہے۔

**ھوالشافی :** فلفل سفید۔ فلفل سیاہ۔ اجوائن خراسانی ۲۰۔ ۲۰ ماشہ۔ افیون ۱۰ ماشہ۔ زعفران ۵ ماشہ۔ سنبل الطیب ۳ ماشہ۔ عقر قرحا ۳ ماشہ۔ فرفیون ۳ ماشہ باریک کریں۔

**خوراک :** ایک رتی سے ۳ رتی تک دیں۔ اگر پرانے طریقہ کا بنانا ہو تو شہد سہ چند ملا کر تین ماہ تک جو یا گندم کے ڈیڑھ من میں دفن کریں تیار ہے تمام کتب میں نسخہ ملتا ہے لاجواب

ہے تمام دواخانے نئے اور پرانے اس کو تیار کر کے رکھتے ہیں۔

**فوائد :** کھانسی نزلہ و زکام۔ اسہال نو، مرض ملیریا، بخار اور درد گردہ، سرعت انزال میں لاجواب ہے۔ اس کا ذکر جریان میں آئے گا۔ کمزوری دماغ کی حالت میں اس کے حریرہ جات کا استعمال کرنا لاجواب اکسیر بن جاتا ہے۔ ایک گھڑی میں فائدہ دے دیتا ہے۔

**نوٹ :** ایک رتی پاؤڈر میں ایک چاول افیون آ جاتی ہے۔ لہٰذا رتی یا آدھی رتی عرق سونف ۱۰ تولہ میں حل کر کے دینا بچوں کے اسہال میں مفید ہے۔ محلول بنا کر دے دیں۔

## (۵۷۲) لاجواب ٹکیاں

کھانسی کے لیے اطبا یونانی نے چوسنے والی ادویہ اور لعوق بھی تیار کیے ہیں کئی صد نسخے لعوق کے تیار کیے ہیں۔

**ھوالشافی :** آرد ملٹھی ۵ تولہ۔ کاکڑا سنگھی ۲ تولہ۔ نشاستہ گندم ۲ تولہ۔ شکر تیغال ۲ تولہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ۔ چینی ۲۰ تولہ۔ باریک کر کے مشین سے ٹکیاں بنوالیں یا گولیاں کھانسی کے مریض کو منہ میں رکھ کر چوسا دیں۔ کھانسی ہر قسم کو لاجواب ہے۔ انڈیا کے ایک وید کے دواخانہ کا اشتہاری نسخہ ہے اور لاجواب ہے۔

## (۵۷۳) لعوق شمعون

لعوق شمعون کھانسی کے لیے لاجواب ہے۔ کئی اطبا کا معمول ہے۔

**ھوالشافی :** تخم خشخاش۔ گوند کتیرا۔ گوند کیکر۔ نشاستہ گندم۔ مغز تخم کدو۔ مغز بادام ۲۔۲ تولہ۔ آرد ملٹھی ایک تولہ۔ شہد خالص ایک پاؤ ملا کر ۶۔۶ ماشہ صبح و شام کھلائیں۔ اگر خشکی زیادہ ہو تو بادام روغن دو تولہ حل کر لیں اور کبھی بہی دانہ ایک تولہ بھی ملا کر بناتے ہیں۔ از قرابادین اکمل اعظم۔

## (۵۷۴) شربت کرنل صاحب والا

ریاست بہاولپور کے طبیہ کالج میں بیٹھا ہوا تھا تو ایک طبیب نے کہا کہ شربت کرنل صاحب والا تیار کرنا ہے۔ میں نے کہا کہ وہ کون سا شربت ہے تو پرنسپل صاحب نے فرمایا کہ ایک کرنل صاحب کو کھانسی نے تنگ کر رکھا تھا اس کے لیے طبیہ کالج کے حکیموں کا بورڈ بیٹھا اور ایک شربت کا نسخہ تجویز کیا اس کو تیار کر کے دیا تو کرنل صاحب کو فائدہ ہو گیا اس کا نام ہی کرنل

صاحب والا رکھ دیا میں نے نسخہ طلب کیا تو انہوں نے لکھوا دیا۔

**ھوالشافی :** ابریشم مقرض۔ اسطوخودوس۔ گاؤزبان۔ بنفشہ۔ پرسیاؤشاں۔ عناب دیسی۔ خطمی۔ خبازی۔ منقیٰ ۲۔۲ تولہ۔ پانی دو سیر کھانڈ ایک سیر شربت بنا دیں۔

**خوراک :** ۲۔۲ تولہ دن میں چار بار پانی ملا کر پلائیں ایک لاجواب شربت ہے۔

## (۵۷۵) سفوف سعال از دواخانہ بہاولپور

جڑ پان۔ کاکڑا سنگی۔ طباشیر نقرہ۔ فلفل دراز۔ انیس شیریں۔ سعد کوفی۔ رب السوس۔ شکر تیغال۔ مساوی الوزن پاؤڈر بنا دیں اور شربت اعجاز میں ملا کر چٹائیں کھانسی ہر قسم کے لیے لاجواب لعوق بن جاتا ہے۔ جو کہ طبیہ کالج میں مریضوں کو دیا جاتا ہے میں نے خود دیتے دیکھا۔

## (۵۷۶)

ایک حکیم صاحب کے مطب میں بیٹھا ہوا تھا۔ حکیم صاحب مریض دیکھ کر پرچیاں لکھ رہے تھے اور دواخانہ کا ملازم دوائیں لا کر سامنے رکھ دیتا جس میں ایک شربت سبز رنگ کا برائے سعال لکھا ہوا تھا میں نے کہا کہ یہ کونسا شربت ہے فرمانے لگے یہ ایک خاص نسخہ ہے اس کو کھانسی کے ہر مریض کے لیے تجویز کرتا ہوں یہ میرا معمول مطب ہے۔ اس کے ساتھ اور پڑیاں وغیرہ بھی ہوتی ہیں۔ اور میرا اپنا ہی تجویز کردہ ہے میں نے نسخہ طلب کیا فرمانے لگے یہ تو ایک راز ہے لیکن تجھ سے چھپایا بھی نہیں جا سکتا۔ آپ نے لکھا ہوا نسخہ میرے سامنے رکھ دیا۔

**ھوالشافی :** بنفشہ۔ عناب۔ تخم خبازی۔ گل نیلوفر۔ تخم خشخاش۔ آٹھ آٹھ تولہ۔ بہی دانہ ٦ تولہ۔ برگ بانسہ ۱۰ تولہ۔ گاؤزبان چار تولہ۔ کوکنار آٹھ تولہ۔ سویا کلپا آٹھ تولہ۔ ملٹھی ایک پاؤ۔ اسطوخودوس آٹھ تولہ۔ بارہ اجزا ہیں۔ مناسب پانی ڈال کر صرف آٹھ بوتل عرق نکال لیں اور فی بوتل تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنا لیں اور سبز رنگ شامل کر لیں۔

**خوراک :** صبح دو سیر شام پانی ملا کر پلائیں اس سے انشاء اللہ تمام اقسام کھانسی کو آرام ہوگا اور سوما کلپا کی وجہ سے سانس کی رکاوٹ بھی دور ہوگی۔ بلغم خارج ہوگی میرا تمام عمر کا معمول ہے۔

## (۵۷۷) کفنول سیرپ

**ھوالشافی:** بانسہ ایک سیر۔ زوفہ آدھ سیر۔ بنفشہ ایک پاؤ۔ کوکنار ۱۰ تولہ۔ ملٹھی ۱۰ تولہ۔ پانی چودہ سیر ڈال کر بارہ بوتل عرق کشید کریں۔ فی بوتل تین پاؤ چینی ملا کر شربت تیار کریں۔

**خوراک:** ایک تولہ سے دو تولہ تک پانی میں ملا کر دیں اس شربت کو میں نے کئی بار تیار کیا ہے کھانسی ہر قسم کو مجرب ہے اس کا شربت جوشاندہ سے بھی بنا کر دیا جا سکتا ہے۔ میں نے صرف جوشاندہ کا شربت بنا کر بھی دیا ہے اور عرق کا بھی ہر طرح مفید ہے اور معمول مطب بنایا ہوا ہے کالی کھانسی کو مجرب ہے۔ از ڈاکٹر رفیق ٹوبہ ٹیک سنگھ۔

## (۵۷۸)

جب پاکستان بن رہا تھا تو مجھ کو ایک نسخہ کتاب سے ملا اور میں نے ایک حکیم کو بطور تحفہ بھیجا میں جب اس کے پاس گیا تو اس نے مجھ کو مبارک باد دی اور کہا آپ نے بہت ہی اچھا نسخہ لکھ کر بھیج دیا۔ پھر آپ نے شربت تیار کر دکھایا اور کہا کہ بخار کے مریضوں اور نزلہ زکام، کھانسی اور دمہ کے مریضوں کو دے رہا ہوں اور کہا کہ اس میں جو دو دوائیں انگلش تھیں وہ نہیں ڈالیں اس کے بعد اس دواخانہ سے میں نے سینکڑوں بلکہ ہزاروں بوتلیں نکلتی دیکھیں اور خود بھی کئی بار تیار کیا جس مریض کو دیا اس نے اس کے مفید ہونے کا کہا۔ یہ نسخہ پوری کتاب پر بھاری ہے۔

**ھوالشافی:** ملٹھی چار تولہ۔ پوست خشخاش ۴ تولہ۔ گاؤزبان ۴ تولہ۔ تخم کاسنی ۴ تولہ۔ گلو سبز ۱۰ تولہ۔ بانسہ ۱۰ تولہ۔ صندل سفید چار تولہ۔ مالیدہ خشخاش ۱۰ تولہ۔ زوفہ دو تولہ۔ تخم خرفہ ۲ تولہ۔ لسوڑیاں ۲ تولہ۔ بنفشہ ۲ تولہ۔ پانی ۱۰ سیر میں بھگو کر آٹھ بوتل عرق نکال لیں اور چھ سیر چینی ملا کر شربت بنا لیں اور سرخ رنگ شربتوں والا یا سبز رنگ ملا کر دواخانہ میں رکھ لیں یہ تھا ایک دواخانہ کا راز۔ میں نے اپنے دواخانہ میں بانسہ ۱۰ تولہ کی بجائے آدھ سیر ملاتا ہوں تو بخار و کھانسی کو زیادہ مجرب ہو جاتا ہے۔ فی بوتل ایک تولہ کیلسیم ہائپو فاسفیٹ آف لائم شربت تیار ہونے کے بعد کونڈے میں رگڑ کر ملا لیں۔ تو ٹی بی اور سوکڑے والے بچوں کو زیادہ مفید ہو جاتا ہے۔ اس شربت کے فوائد دیکھ کر حکیم موصوف سے کئی حکیم نسخہ طلب کرتے تھے لیکن حکیم صاحب نے نہ بتایا اور مجھ کو کہا کہ یہ نہ بتائیں میں نے کہا اچھا اب میں سب کچھ لکھ دینے کو تیار ہوں کہ دنیا فانی ہے یہ نسخہ ان نسخوں میں سے ہے کہ اپنی اولاد کو بھی نہیں بتاتے ہیں میں

طب کا خادم ہوں اس لیے لکھ دیا ہے تا کہ دکھی انسانوں کو شفا ہو۔ لاجواب شربت ہے۔ ہزار نسخوں سے اچھا ہے۔

## (۵۷۹) کھانسی اور بنفشہ

شربت بنفشہ یا خمیرہ بنفشہ۔ یا گلقند بنفشہ امراض سینہ کو مفید ہے۔ اعضا صدر کو نرم کرتی ہے بلغم کو چھانٹتا ہے صفرا کو کاٹتا ہے، خشکی کو رفع کرتا ہے اور قبض کشا ہے۔ لطف یہ ہے کہ ہر طبیعت کو موافق ہے۔

**طریقہ :** ۵ تولہ بنفشہ لے کر تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنا دیں۔ خمیرہ بنانا ہو تو ۱۰ تولہ بنفشہ کو دو بوتل پانی میں بھگو کر جوش دے کر تین پاؤ چینی ملا کر خمیرہ بنا لیں میٹھا ہے ہر طرح بچے وغیرہ بھی کھا لیتے ہیں۔ دو تین بڑے طبیبوں نے کہا ہے کھانسی اور نزلہ و زکام میں صرف بنفشہ ہی بوتل بنا دیا کریں میں نے خود بھی بنا کر دیا ہے اور ذاتی طور پر بھی استعمال کر کے مفید پایا ہے۔ خمیرہ اور شربت کے علاوہ اس کا روغن بھی بنا کر رکھیں امراض گلو پر یا امراض سینہ ہوں سینہ پر مالش کریں اسے امراض سینہ کے لیے تریاق تصور کریں آزمائے پر اس کی قدر معلوم ہوگی۔

## (۵۸۰) امراض سینہ اور بانسہ

بانسہ کا درخت بھی رحمت الٰہی ہے امراض سینہ، کھانسی، دمہ، دق وسل اور نزلہ و زکام کے لیے لاجواب ہے۔ طب یونانی۔ طب آیورویدک نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ اس درخت کے نیچے سونے سے کھانسی اور بخار کو آرام آ جاتا ہے۔ اور انگریزی طب نے بھی اس کا شربت بنا کر جو کہ سیرپ ٹولو کے نام پر مشہور ہے اس کے مفید ہونے کو لکھا ہے حیران ہوں کہ طب جدید شاہدروی نے بھی اس کو تریاق لکھا ہے اور نظریہ مفرد اعضاء والوں نے بھی اس کو اپنے نسخہ جات میں استعمال کیا ہے اور ہومیوپیتھی والوں نے اس کو بلا تشخیص بلا علامت کھانسی کے لیے مجرب کہا ہے اور اس کا ٹنکچر اور طاقتوں میں مفید کہا ہے۔ اور اس کا نام جسٹیشیا رکھا ہے۔

اس کا تجربہ میں نے خود کیا ہے چوبیس گھنٹوں میں اس کی خوراک ڈیڑھ تولہ ہے لہذا شربت ایک بوتل میں ۱۵ تولہ بانسہ کے پتے جوشا کر بنا دیں نزلہ و زکام کھانسی اور بخار کو لاجواب ہے میرے کئی دوستوں نے اس کی تصدیق کی ہے اس کے تمام اجزا جلا کر نمک بنا دیں تو ہر رتی سے ایک ماشہ تک کھلانا امراض سینہ کو لاجواب ہے۔ ایسا مفرد کم خرچ نسخہ امراض

سینہ کو لاجواب ہے۔ آیورویدک نے اس کے کئی مرکب تیار کیے جو کہ تمام ہی امراض سینہ کو لاجواب ہیں۔ اس کا شربت اور معجون بھی تیار کی جاتی ہے۔

## (۵۸۱) لاجواب نسخہ امراض سینہ و کھانسی

**ھوالشافی:** الائچی خورد۔ تیز پات۔ دارچینی ا۔ا تولہ۔ مگھاں چار تولہ۔ مصری۔ آرد چھوہارا گٹھلی دور کردہ۔ آرد ملٹھی۔ مویز منقیٰ آٹھ آٹھ تولہ۔ پہلے چھوہاروں کو کوٹ کر تمام ادویہ کوٹ کوٹ کر ملالیں اور شہد خالص ۱۰ تولہ ملا کر معجون سی بنالیں۔

**خوراک:** چار رتی سے ایک ماشہ تک چوبیس گھنٹوں میں چھ ماشہ تک چوسیں۔

**فوائد:** گلے کی خرابی۔ گلے کی سوجن سے ہونے والی کھانسی۔ گلا خشک اور کھانسی بار بار اٹھتی ہو تو لاجواب مجرب ہے۔ اس کے علاوہ ہچکی‘ قے‘ نفرت و طعام‘ نمونیہ کی کھانسی اور دق کی کھانسی میں لاجواب ہے۔ اگر بلغم میں خون آتا ہو وہ بھی رک جاتا ہے۔ ۴ ماشہ گرم پانی ۱۰ تولہ میں گھول کر پلانا لاجواب ہے۔ جوشاندہ بن جاتا ہے۔ میں نے تیار کر کے اس سے فوائد حاصل کیے ہیں اس کو معمولی نہ سمجھیں یہ ایک لاجواب امراض سینہ کے لیے مجرب ہے۔

میں نے اس کو تیار کر کے نہایت مفید پایا ہے یہ ایک لاجواب میٹھی معجون ہے یہ آیورویدک کا نسخہ ہے۔ جو بچے یا بوڑھے آئے دن امراض سینہ میں مبتلا رہتے ہیں کبھی کھانسی کبھی نمونیہ سینہ میں ٹھنڈک کا احساس والوں کے لیے مجرب ہے۔

## (۵۸۲) مچھلی

**ھوالشافی:** بہتے پانی سے چھوٹی چھوٹی مچھلیاں پکڑ کر چار گنا گھی گائے میں پکائیں جب سرخ ہو جائیں تو مچھلیاں پھینک دیں اور گھی کو سنبھال لیں اس کی خوراک جوان آدمی کے لیے ایک تولہ صبح اور ایک تولہ رات کو سوتے وقت دودھ میٹھا میں ملا کر پئیں چند روز میں پھیپھڑے طاقتور ہو جائیں گے دمہ‘ سل کو مفید ہے۔ تپ دق‘ پرانی کھانسی۔ ہوائی نالیوں کی خرابی اور قصبۃ الریہ کے نقائص اس سے دور ہو جاتے ہیں۔ بچوں کی دق‘ سوکھا‘ مسان میں مفید ہے ان بچوں کو تین سے ۶ ماشہ تک یہ گھی شہد میں ملا کر چٹانا اور سینہ پر مالش کرنا لاجواب ہے۔ اس کے علاوہ دودھ‘ گھی‘ مکھن‘ بالائی بیضہ نیم برشت‘ چوزہ مرغ کی یخنی بقدر ہضم پلانا امراض سینہ کو مفید تدبیر ہے اور چربی گردہ بز ایک تولہ موم دیسی ایک تولہ۔ روغن بنفشہ ۳ تولہ۔ کافور ایک

ماشہ پگھلا کر قیروطی بنا کر سینہ پر ملنا اقسام سعال میں مفید ہے اس سے سینہ کے عضلات نرم ہو جاتے ہیں اور تنفس میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔

## (۵۸۳) حب کھانسی لاجواب

ایک مریضہ کو بعمر چالیس سال کو اس کا خاوند لے کر مطب میں حاضر ہوا۔ اور آ کر کہا کہ حکیم صاحب آپ کے پاس کھانسی کا علاج ہے میں نے کہا ہاں الحمدللہ ہے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی اس کے بعد اس نے اپنی کہانی شروع کی کہ عرصہ ۶ ماہ سے کھانسی ہے کئی ٹیکے لگ چکے ہیں کئی انگریزی سیرپ پلا چکا ہوں کوئی فرق نہیں پڑتا میں نے کہا کہ کھانسی کیسی ہے بلغم پتلی ہے یا گاڑھی ہے اس کا رنگ کیا ہے۔ ساتھ چھینکیں بھی آتی ہیں یا نہیں وہ حیران ہو کر میاں بیوی کہنے لگے ہم بڑے بڑے ڈاکٹروں کے پاس گئے ہیں کسی نے ایسا کوئی سوال نہیں کیا میں نے کہا کہ یہ بنیادی غلطی ہے کہ کھانسی کی قسم کا پتہ نہ کیا اور علاج شروع کر دیا میں نے کہ کھانسی کی تو حکما یونان نے بیس قسم لکھی ہیں اور وہ ٹھیک ہیں۔ الحمدللہ تمام اقسام کو جان کر علاج کرتا ہوں۔ تب مریضہ نے کہا کہ کھانسی میں بلغم پتلی ہے۔

**علاج:** حب کھانسی تیار تھیں دے دی گئیں اور چوتھے دن آنے کو کہا مریضہ نے آتے ہی کہا کہ مجھ کو اب کافی آرام ہے تین دن کی گولیاں اور دی گئیں تو آرام ہو گیا اس گولیوں سے اور بھی کئی علاج کئے۔

**ھوالشافی:** زعفران سوا دو ماشہ۔ پوست بیخ لفاح اگر نہ ملے تو تخم دھتورہ۔ اجوائن خراسانی۔ مصطگی رومی۔ کہربا شمعی۔ گوند کتیرا۔ گوند کیکر۔ نشاستہ۔ تخم کاہو۔ گل گاؤزبان۔ تخم خشخاش سفید۔ مغز تخم خیارین۔ افیون ۹۔۹ ماشہ۔ رب السوس ۱۰ ماشہ۔ گل ارمنی ڈیڑھ تولہ۔ ریوند چینی ۷ ماشہ۔ تمام ادویہ کو باریک کر کے پھر کو کنار ۲ تولہ لے کر ۱۵ تولہ پانی میں جوشا دیں کہ ۵ تولہ رہ جائے تو پن کر اس پانی سے کھرل کریں اور گولیاں بقدر مونگی بنا دیں۔

**خوراک:** ایک سے ۲ گولی تک صبح و دوپہر و شام ہمراہ مناسبہ بدرقہ یا چائے تازہ پانی سے دیں۔

**فوائد:** نزلہ و زکام، کھانسی، پتلی بلغم، نفث الدم، سل کی کھانسی اس کے علاوہ جریان اور امساک کو لاجواب ہے یہ نسخہ قرابادین اکمل اعظم میں حکیم علوی خان کی ایجاد ہے۔ پھر تمام دواخانے دہلوی اور حکیم شریف خانی اور لکھنؤ والے اطبا کا معمول مطب ہے۔ پنڈت مہاتما

گاندھی نے بھی فرمائش کی تھی کہ ایک کتاب طب کی لاجواب لکھوائی جائے اس میں بھی لکھا ہوا ہے اور کئی آدمیوں نے اس کا اور نام رکھ کر اشتہاری دنیا میں نام پیدا کیا ہے۔ اس نسخہ میں کہربا شمعی اور گل ارمنی وغیرہ ادویہ حابس خون ہیں۔ لہٰذا نفس الدم کو بھی مفید ہے۔ افیون۔ دھتورہ۔ اجوائن خراسانی۔ مسکن ادویہ ہیں۔ ان کا تریاق زعفران موجود ہے۔ لہذا یہ نسخہ ہر طرح مفید ہے اور معجون برشعشعہ کی طرح مفید ہے ان کو نزلہ وزکام وکھانسی میں معمول مطب بنانا کامیابی کا راز ہے۔ اگر ورق نقرہ سے مزین کرلیں تو خوبصورتی بھی ہو جائے گی اس کے علاوہ کھانسی کے لیے تریاق نزلہ قرابادینی ۶۔۶ ماشہ۔ کا صبح وشام کھلانا اور خمیرہ گاؤزبان سادہ کا جوشاندہ بنا کر پلانا بھی کھانسی کو لاجواب ہے۔ مفردات میں آرد ملٹھی کر شربت بنفشہ میں لعوق بنا کر چاٹنا بھی اکثر مفید ہے اور بانسہ۔ ملٹھی اور کاکڑا سنگھی ۵۔۵ تولہ کا پاؤڈر بنا کر ۳۔۳ ماشہ شہد میں ملا کر صبح وشام چٹانا بلغمی کھانسی اور سرفہ شیوخ میں لاجواب ومجرب پایا ہے۔

## (۵۸۴) ستو پلادی چورن

یہ ایک ویدک کم اجزا کا نسخہ ہے لیکن کھانسی، نزلہ وزکام دق وسل، کی کھانسی، بخار، خراش، گلو میں لاجواب ہے۔

**ھوالشافی:** دارچینی ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ مگھاں ۴ تولہ۔ طباشیر نقرہ ۸ تولہ۔ مصری سولہ تولہ۔ باریک سفوف کریں۔

**خوراک:** ۴ رتی سے ماشہ تک تین ماشہ گھی اور ۶ ماشہ شہد ملا کر چٹائیں یا پہلے ہی بادام روغن سے مچرب کر کے رکھ لیں اور مناسب شہد میں ملا کر چٹائیں شہد کے علاوہ شربت بنفشہ یا شربت شہتوت میں ملا کر چٹانا بھی لاجواب ہے۔ اگر زیادہ خشکی ہو تو لعاب بہی دانہ یا اسپغول میں بھی ملا کر چٹا دیں۔ یہ تمام ویدوں کا لاجواب مجرب ہے میں نے خود کئی ویدوں کے ہاں تیار دیکھا اور خود بھی کئی بار تیار کیا ہے یہ بچوں کی امراض سینہ اور معیادی بخار میں بلاتشخیص دیا کریں۔ انشاء اللہ اس سے کھانسی، بخار، ملیریا، میعادی بخار دور ہو گا۔ خشک کھانسی میں مت دیں کہ یہ بلغم کو مزید خشک کرتا ہے۔ بلغمی کھانسی دق وسل کی کھانسی اور بخار ہاتھ پاؤں کی جلن، کمی بھوک دور کرتا ہے، زکام میں ایک ایک ماشہ ہمراہ نیم گرم دیں۔ دق میں ست گلو کشتہ مرجان ملا کر دینا کامیابی کا ضامن ہے یا مالتی بسنت کے ہمراہ دیں۔ میں نے اس کو تیار کر

کے حرف بحرف مجرب پایا ہے۔ لاہور کے ایک طبیب نے مجھ کو کہا تھا کہ ستو پلادی چورن کو ہمارے استاد نے ہم کو نصیحت کے طور پر کہا تھا کہ اس کو مطب میں ضرور تیار رکھیں اور بخاروں میں کشتہ سنکھ وغیرہ ملا کر دیا کریں۔ امراض بچگان کھانسی اور بخار میعادی میں کھلانا حتیٰ کہ سوکھا اطفال کو بھی مجرب ہے۔ بھوک بڑھاتا اور بخار کو توڑ دیتا ہے۔ نمونیہ میں بارہ سنگا ملا کر دیں۔

## (۵۸۵) قرص امراض صدر

**ھوالشافی:** گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ ملٹھی۔ کوکنار۔ خطمی۔ سونف ۳۔۳ تولہ۔ بہی دانہ۔ شکر تیغال۔ تخم کتان۔ ست گلو خانہ ساز۔ طباشیر نقرہ۔ دانہ الائچی خورد۔۲۔۲ تولہ۔ شیرہ نبات سفید کی مدد سے ۴۔۴ رتی کے قرص بنا دیں۔

**خوراک:** ۲۔۲ قرص دن میں تین بار ہمراہ مناسبہ بدرقہ نزلہ وزکام کھانسی امراض صدر کو لاجواب ہیں از حکیم عادل فریدی ان کو شربت بنفشہ یا شربت بانسہ یا مناسب جوشاندہ کے ساتھ کھلانا کھانسی نفث الدم کو لاجواب ہے۔ کسی صاحب نے رسالہ ''الحکیم'' میں سوال شائع کیا تھا کہ قرص صدر کا نسخہ بنا دیں تو عادل فریدی نے بنا دیا۔

## (۵۸۶)

جوشاندہ مجرب جو کہ ایک صاحب نے اپنا معمول بتایا کہ اس سے تین تین ماہ کا بگڑا ہوا نزلہ دور ہو جاتا ہے۔

**ھوالشافی:** عناب ۵ دانہ۔ گاؤزبان ۵ ماشہ۔ بنفشہ ۶ ماشہ۔ ملٹھی ۵ ماشہ۔ سونف ایک تولہ۔ منقیٰ ایک تولہ۔ انجیر چار دانے۔ پانی تین پاؤ میں جوشا دیں۔ آدھ سیر رہ جائے تو نیم گرم چینی ملا کر دن میں چار بار پلا دیں اس سے بخار بھی اتر جاتا ہے اور بلغم بھی ختم ہو جاتی ہے یہ وزن ایک دن کا ہے اس کا شربت بھی بن سکتا ہے بارہ گنا پانی میں ملا کر ایک بوتل شربت بنا لیں اور بارہ روز کر لیں روزانہ کے جوشانے سے بچ جائیں گے اور مریض کو تیار کر کے دیں لاجواب مرکب ہے۔ چینی ایک سیر ملا لیں حکیم صاحب نے اس کو تمام عمر کا معمول بنایا ہے اور سردیوں میں عام بکتا ہے۔

## (۵۸۷) لاجواب گولیاں

**ھوالشافی:** سہاگہ پھلہ۔ فلفل دراز۔ کشتہ سنکھ۔ بچھناک مدبر۔ برابر وزن لے کر آب

گرما میں تیار کر کے رکھیں نزلہ وزکام کھانسی گرمی کا دافع ہے اور امراض سینہ میں و گلے میں مجرب ہے۔ یہ نسخہ اس قسم کا ہے جیسے چاروں اجوائنیں یا چاروں نمک۔ کئی مرکبات ملا کر مرکب تیار کر دینا لکھا ہے۔

## (۵۹۰) اکسیری گولیاں

جس کی ایک ہی خوراک سے نزلہ وزکام کھانسی کافور ہو جاتے ہیں۔ ضیق النفس میں جوشاندہ ملٹھی سے دیں۔

**ھوالشافی :** افیون۔ کوزہ مصری۔ بادام مقشر۔ زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ شنگرف رومی پونے تین ماشہ۔ گولی بقدر فلفل سیاہ بنائیں نزلہ و زکام کے لیے مفید ہے۔ اگر ساتھ کھانسی ہو تو رب السوس دار چینی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ملا کر بنائیں ایک گولی رات کو سوتے وقت آب نیم گرم سے دیں اور صبح تک پانی نہ پئیں ایک یا دو رات میں آرام ہو گا۔ نسخہ تو یہ پاکستان سے پہلے کا ملا ہوا ہے لیکن تیار نہ کیا اب ملتان کے ایک طبیب جو کہ ماشاء اللہ طبیہ کالج کے پرنسپل ہیں اُنہوں نے اس کو چالیس سال سے زیادہ عرصہ کا معمول مطب کہا ہے اور ہدایت کی ہے کہ صفراوی مزاج والوں اور دق وسل کی کھانسی کے مریضوں کو نہ دیں۔ لیکن ایک نکتہ جو کہ میں نے بیان کرنا ہے وہ ان حکیموں نے نہیں کیا وہ یہ ہے کہ یہ گولیاں سرعت انزال، کثرت بول اور اسہال کو مجرب نیز ملیریا بخار کی دافع بھی ہیں۔ ایک وقت میں ان گولیوں سے نزلہ وزکام، اسہال کثرت بول اور سرعت انزال اور قوت باہ کا علاج بھی کر سکتے ہیں۔

## (۵۹۱)

جوشاندہ کا رواج شروع سے ہی چلا آ رہا ہے اور اس کے مفید ہونے میں شک نہیں۔ کئی دواخانے جوشاندہ بنا کر ڈبہ میں بند کر کے خوب تجارت کر رہے ہیں اب اس کے ست نکال کر جوہر جوشاندہ کے نام سے بک رہے ہیں۔ ہمدرد دواخانہ کراچی بھی جوشاندہ فروخت کرتا ہے میں نے ایک جوشاندہ لے کر کھول کر اجزا تول لیے وہ یہ ہیں۔

**ھوالشافی :** عناب ۵ دانے۔ لسوڑیاں ۱۱ دانے۔ ملٹھی ۶ ماشہ۔ بنفشہ۔ خطمی۔ خبازی۔ گاؤزبان ہر ایک ۵۔۵ ماشہ۔ لے کر جوشاندہ کا پیکٹ بنا کر رکھ لیں اور مریضوں پر برتیں یا تجارت کر لیں ایک گلاس پانی میں جوشا کر دن میں تین بار نیم گرم پلانا لاجواب ہے۔ (از

ہمدرد دواخانہ کراچی)

## (۵۹۲)جوشاندہ اکسیر

ایک اخبار میں اشتہار نکلا اور صاحب نسخہ نے خیرات کے طور پر لکھ کر تقسیم کیا تھا۔ اشتہار کا خلاصہ یہ تھا کہ چھ چھ ماہ سے نزلہ وزکام اور کھانسی میں مبتلا رہنے والے مریض اس کو استعمال کریں۔

**ھوالشافی:** تخم خطمی ۳ ماشہ۔ انجیر ۳ دانے۔ ملٹھی ۳ ماشہ۔ گاؤزبان ۳ ماشہ۔ زوفہ ۳ ماشہ۔عناب ۳ دانے۔میتھرے ۳ ماشہ۔ یہ ایک خوراک ہے۔ اتنا صبح اتنا شام کو جوشا کر ناشتہ سے قبل یا بعد اور رات کو ایک خوراک بنا دیں۔ امراض سے نجات دلاتا ہے۔ لیکن ہے ایک لاجواب جوشاندہ اس میں میتھرے شامل ہیں ان کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ یہ کارڈلیور آئل کے مقابل میں مفید ہے۔ میں کہتا ہوں کہ ایک ایک خوراک کو کوٹ کر اس کے پیکٹ تیار کرلیں اور اس میں بنفشہ ۳ ماشہ اور بانسہ ۳ ماشہ فی خوراک اضافہ کرلیں اس کو جوشا کر پلانا ان امراض میں تریاق ہے۔

## (۵۹۳)لعوق لاجواب

پرانے سعال وبلغمی دمہ۔

ھوالشافی: گوند کیکر۔ گوند کتیرا ۳-۳ تولہ۔ مغز بادام ۳ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۲ تولہ۔ مغز پستہ ۲ تولہ۔ تخم کتان ایک تولہ۔ سونف ایک تولہ۔ تخم حلبہ ۸ ماشہ۔ رائی بریاں ۶ ماشہ۔ شہد ۲ چند سے معجون بنائیں اور ۵-۵ ماشہ صبح وشام چٹا دیں اور اوپر سے مناسب شربت پلا دیں۔

## (۵۹۴)حب لاجواب

ملٹھی۔گل بنفشہ۔ گل زوفہ۔ گل گاؤزبان ایک ایک تولہ۔ سونف ۲ تولہ۔ کوکنار بریاں ایک تولہ ہمراہ شہد گولیاں بقدر کنار دشتی بنا دیں اور چوسا دیں لاجواب گولیاں ہیں یہ حابس دم بھی ہیں۔

میں نے کھانسی کے متعلق بہت اچھے سے اچھے نسخے بیان کیے ہیں اور ہدایات بھی کی ہیں۔ کیونکہ اس مرض سے بہت سی امراض کا شبہ ہوتا ہے۔ اس لیے میں کہتا ہوں کہ ہر طبیب اس سے آگاہ ہو۔ کھانسی رک جانے کے بعد مریض کے ہاضمہ کا خیال کریں اول تو ہر مرض

کے بعد کمزوری ہو جاتی ہے تمام اعضائے رئیسہ کمزور ہو جاتے ہیں۔ لیکن اس مرض میں چونکہ لعاب دار اشیا ہوتی ہیں لہٰذا معدہ کمزور ہو جاتا ہے۔ اس لیے کھانسی کے رک جانے کے بعد مریض کو کشتہ مرجان، کشتہ فولاد یا خبث الحدید، جوارش جالینوس میں رکھ کر کچھ دن کھلایا کریں۔ تا کہ کمی خون بھی پورا ہو جائے اور ہاضمہ بھی درست ہو جائے۔ خمیرہ گاؤزبان عنبری یا جواہر والا بھی چند یوم کھلائیں تا کہ دماغ اور اعصاب طاقت ور ہوں اگر نزلہ بار بار ہوتا ہو اس کا خیال کریں قبض رہتی ہو تو اس کو دور کریں عام کمزوری کو دور کریں۔

## (۵۹۵) پرانی بلغمی کھانسی، مقوی اعصاب و دافع لقوہ

**ھوالشافی:** کچلہ مدبر ایک تولہ۔ مگھاں ۳ تولہ۔ مویز منقیٰ ۷ تولہ۔ مغز بادام مقشر ۵ تولہ۔ کوٹ کر حب نخودی بنالیں۔ ایک ایک گولی صبح و شام بعد از غذا کھلائیں اس سے ہاضمہ درست ہوگا اعصاب طاقتور ہو جائیں گے، بلغم دور ہوگی اور نزلہ و زکام دائمی میں بھی کھلانا مجرب ہوگا۔ نزلہ و زکام کے لیے اعلیٰ سے اعلیٰ نسخہ لکھ آیا ہوں ان سے فائدہ حاصل کریں۔

## (۵۹۶) ایک لاجواب کورس

کشتہ بارہ سنگا ۲ رتی۔ لعوق کتان ۷ ماشہ میں رکھ کر کھلا کر اوپر سے شربت اعجاز یا شربت فریادرس یا شربت سعال ۲ تولہ نیم گرم پانی میں ملا کر کھلانا مزمن سے مزمن کھانسی کو مجرب ہے۔

## (۵۹۷) کشتہ مرجان

ایک بڑے طبیب نے کھانسی ہر قسم کے لیے سرفہ وبائی اور کالی کھانسی کے لیے کشتہ مرجان مجرب کہا ہے۔ مرجان ۵ تولہ لے کر آب برگ مدار مروق سے دو روز کھرل کریں۔ پھر ٹکیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں اور برگ بانسہ آدھ سیر کے نغدہ میں رکھ کر کثیر آگ دیں کہ کشتہ اچھی طرح ہو جائے۔

**خوراک:** بڑوں کو ۲ رتی اور بچوں کو دو چاول ہمراہ مناسبہ بدرقہ کھلانا کھانسی کا لاجواب کشتہ ہے اور اسی طرح ابرک سیاہ ایک تولہ۔ ابرک سفید محلوب ایک ایک تولہ لے کر ایک روز آب برگ بانسہ سے کھرل کریں دوسرے روز شیر مدار سے کھرل کریں۔ تیسرے روز آب مولی میں کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر بیس سیر کی آگ دیں۔

**خوراک :** بلغمی کھانسی کو شہد اور آب ادرک سے دیں اور صفراوی میں آب انار شیریں سے دیں اور خشک کھانسی میں شیرہ بادام و خشخاش سے دیں اور دمہ میں عرق بانسہ مروق یا شربت بانسہ سے دیں۔

ہر دو کشتے ایسے شخص کے فرمودہ ہیں کہ جن کے کلام میں ذرہ بھر شک نہیں ہے۔ ابرک سیاہ وسفید دونوں صدیوں سے امراض سینہ میں مجرب چلے آ رہے ہیں اور کشتہ مرجان کو نزلہ و زکام میں ہر طب میں مشہور ہے حتیٰ کہ ہومیوپیتھی نے بھی مرجان کے فوائد کو کھانسی بلکہ کالی کھانسی میں مصلح دوا مانا ہے۔

## (۵۹۸) لعوق

حب صنوبر بھی کھانسی کی لاجواب دوا ہے۔ ملین صدر ہے اور پرانی سے پرانی بلغمی کھانسی کو دور کرتا ہے۔

**نسخہ :** مغز چلغوزہ ۵ تولہ لے کر عرق سونف ۱۵ تولہ میں شیرہ بنا کر شہد اور چینی ۱۰۔۱۰ تولہ ملا کر قوام کر لیں اور زور سے گھوٹ کر خمیرہ سا بنا لیں۔

**خوراک :** ایک تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان سے دیں۔

## (۵۹۹) کشتہ سرطان

کشتہ سرطان بھی امراض سینہ میں پرانے اطبا کا مجرب ہے بازار سے حاصل کر کے اور برگ بانسہ کے شیرہ سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر سکھا کر کوزہ میں بند کر کے آگ دیں کہ خاکستر سفید ہو جائے۔

**خوراک :** ۴ رتی سے ایک ماشہ تک مناسب بدرقہ سے دیں یہ سل و دق لاغری، کمزوری اور ڈبہ کو لاجواب مفرد اور مرکب کے طور پر مفید ہے۔

## (۶۰۰) لاجواب تیل

روغن تارپین ایک تولہ میں روغن بنفشہ ۴ تولہ ملا لیں۔ سینہ پر نیم گرم مالش کریں سردیوں میں تیل مل کر اوپر روئی باندھ دیں۔ کھانسی اور اکثر امراض صدر کو مجرب ہے۔ یا بادام روغن چار تولہ یا تیل میٹھا چار تولہ ملا کر تیار کر لیں۔ تمام ہی مجرب ہیں۔

## (۶۰۱) روغن بنفشہ

روغن بنفشہ کی مالش کرنا تمام امراض صدر میں مفید ہے ۵ تولہ بنفشہ لے کر آدھ سیر پانی میں پکائیں پھر پن کر پاؤ بھر روغن کنجد ملا کر پکائیں کہ صرف تیل رہ جائے پن لیں تیار ہے۔ کئی لوگ اس میں روغن زرد ایک پاؤ ڈال کر بناتے ہیں اس طرح زیادہ لطیف ہو جاتا ہے۔

## (۶۰۲) حب سعال ہر قسم

**ھوالشافی:** رب السوس ۳ تولہ۔ مگھاں۔ دانہ الائچی خورد۔ دارچینی۔ گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ شکر تیغال ہر ایک ساڑھے چار چار ماشے ست پودینہ ڈیڑھ ماشہ سب کو باریک کر کے رس ادرک میں تر کریں پھر شہد ملا کر گھوٹیں اور گولیاں بقدر نخود بنا دیں اور بادام روغن سے چرب کر کے رکھیں۔

**خوراک:** ۲۔۲ گولی صبح و شام ہر قسم کی کھانسی کو لاجواب ہیں۔ (بقول مولانا سوہدروی رحمۃ اللہ علیہ)

## (۶۰۳) دوائے بالخاصہ

سل نفث الدم اور امراض پھیپھڑہ میں مفید ہے۔ اطبا قدیم اور حکیم اجمل خان مرحومؒ نے بھی اس کو مفید لکھا ہے۔

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار ایک ماشہ۔ باریک کر کے شربت اعجاز ۲ تولہ میں ملا کر کھلانا یا خمیرہ خشخاش ۷ ماشہ میں رکھ کر کھانا مفید ہے۔

سینہ کی دوسری مرض نمونیہ ہے اس میں پسلیوں کے مقام پر درد ہونے لگتی ہے۔ شدید بخار ہو جاتا ہے۔ ساتھ کھانسی اور دم کشی شروع ہو جاتی ہے کبھی وبائی طور پر بھی پھوٹ نکلتا ہے پھیپھڑوں میں ورم ہو جاتا ہے کبھی بلغمی جھلی ورم کر جاتی ہے اور کبھی سامنے سینہ میں درد ہونے لگتا ہے۔ ادویہ سے ورم تحلیل ہو جائے تو بخار اتر جاتا ہے اور کبھی پھیپھڑے کا ورم دور نہ ہو تو مثل پھوڑا بن جاتا ہے اور کبھی یہ ورم پھوٹ جاتا ہے اس سے سل بھی ہو جاتی ہے۔ خطرناک مرض ہے اس کا علاج ہوشیاری سے کریں اس مرض کے علاج میں نہایت کامیابیاں حاصل کی ہیں اور پرانے سے پرانا نمونیہ ذات الجنب درست کیا ہے۔ اس کے تمام مجربات اور طریقہ علاج اور ہدایات اور غذا کا بندوبست کرنا آپ کی خدمت میں حاضر ہے اور مجربات ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر ہیں۔

**حکایت :** مریض عمر ۳۰ سال کا بھائی مطب میں حاضر ہوا اور کہا کہ ہمارے ہاں چلیں کہ ہمارے بھائی کو بہت تکلیف ہے اس نے چھاتی پر ہاتھ رکھا ہوا ہے اور کھانسی شدید ہو رہی ہے۔ جا کر دیکھا تو مریض کو بخار تھا اور بائیں طرف پستان کے نیچے شدید درد تھی۔ مریض کو حوصلہ دیا اور تشخیص کی کہ ذات الجنب ہے۔

**علاج و پرہیز :** لسی دیسی گھی، چاول، نہانا، سرد پانی پینا، سرد ہوا میں نکلنا، سے پرہیز کریں۔ اور مریض کے قریب آگ کی انگیٹھی رکھیں۔

**غذا :** میں انڈا چائے، شوربہ، گوشت، مرغ یا بکرا دیں۔

## (۶۰۴) کشتہ بارہ سنگھا اجوائن والا

**علاج :** ایک رتی کھانڈ میں رکھ کر اور سرخ مالش تیار کر کے دی گئی شام کو اطلاع دیں شام کو مریض کا بھائی آیا اور کہا کہ مالش کرتے ہی درد میں کمی واقع ہو گئی بخار بھی اب کم ہے ہدایت کی کہ مزید مالش کر کے روئی باندھ دیں اور روئی کسی وقت بھی نہ کھولیں۔

**طریقہ :** صبح و شام مالش کر دیا کریں اور چوبیس گھنٹہ میں ۵ خوراک کشتہ بارہ سنگھا اجوائن والا کی دیں۔ مریض کو دو دن میں بالکل آرام آ گیا۔

## (۶۰۵) طریقہ تیاری کشتہ اجوائن والا

اجوائن دیسی اور قلمی شورہ ۲۔۲ تولہ لے کر دو تولہ بارہ سنگا کی ڈلیوں پر لیپ کر دیں پھر خشک ہونے پر سیر بھر کوئلوں میں رکھ کر کوئلہ کی آگ والا دیں اور دھوئیں سے بچیں آگ سرد ہونے پر بارہ سنگا کے ٹکڑے نکال لیں سفید ہو گئے ہوں گے ان کو باریک کریں۔

**خوراک :** ایک رتی سے ۲ رتی تک پان میں رکھ کر بھی کھلایا جا سکتا ہے یا رس ادرک سے دیں۔

## (۶۰۶) مالش سرخ

۱۰ تولہ میٹھا تیل آگ پر رکھیں گرم ہو جائے تو موم دیسی دو تولہ ڈال دیں جب وہ بھی گرم ہو کر حل ہو جائے تو نیچے اتار کر دو تولہ سندھور ملا کر کسی چیز سے ہلاتے رہیں کہ تمام موم اور تیل کے مرکب میں مل جائے تیار ہے اس کو مقام درد پر مالش کریں اس نے سرد ہو کر جم جانا ہے۔ دوبارہ کوئلوں کی آگ پر رکھ کر گرم کر لیا کریں اور مالش کریں یہ ایک لاجواب مالش

ہے جس سے سینہ کی تمام دردیں نمونیہ' ذات الصدر۔ ذات الجنب دور ہو جاتی ہیں میں نے اس مالش سے ایسے ایسے مریض شفایاب ہوتے دیکھے ہیں کہ جن کو بیس بیس ٹیکے لگ چکے تھے لیکن درد بند نہ ہوتی لیکن اس مالش سے ایک ہی دن میں ورم اتر گیا اور درد ختم ہو گیا یہ کشتہ اس طرح تیار کیا تھا۔

مریض عمر ۳۰ سال کا خاوند آیا اور کہا کہ میری بیوی بیمار ہے اس کا پتہ کریں جا کر دیکھا تو سخت بخار اور چھاتی میں درد تھا۔ سبب یہ ہوا کہ مریضہ نہر کے کنارے کپڑے دھوتی رہی اور شام کے قریب اسی جگہ غسل کر کے گھر آئی اس سبب سے سردی ہو کر بخار چڑھ کر نمونیہ ہو گیا سبب اس کا سردی میں تمام دن کام کرنا اور شام کو سرد پانی سے نہا لینا۔

**علاج:** کشتہ بارہ سنگا' شیر مدار والا۔ ایک ایک رتی کھانڈ ۶ ماشہ میں ملا کر ہمراہ چائے اور ایک انڈہ چاہے پھینٹ کر دیں یا ابال کر کھلا دیں اور مالش سفید دے دی گئی کہ درد پر مالش کر کے روئی باندھ دیں اور روئی کے اوپر بھی سینک دیں اور صبح کو اطلاع دیں۔ صبح کو خاوند نے آ کر کہا کہ دوائی کھانے اور مالش کے بعد درد کم ہو گیا تھا اور مریضہ سو گئی تھی اب اٹھی ہے اور آرام بتلاتی ہے۔

**علاج:** وہی مالش گرم کر کے روئی باندھ دیں اور وہی پڑیاں کشتہ بارہ سنگا دے دیں دو تین دن میں مریضہ ہر طرح سے ٹھیک ہو گئی۔

## (۶۰۷) مالش سفید نسخہ

تیل میٹھا ۱۰ تولہ کو گرم کریں اس میں موم دیسی ڈھائی تولہ چھوڑ دیں۔ جب پگھل جائے تو کافور ۳ ماشہ کو فتہ ملا لیں وہ فوراً تیل میں حل ہو جائے گا نیچے اتار لیں اور تیل تارپین ۱۰ تولہ ملا لیں اور ڈھانپ دیں تیار ہے اس کی مالش کر کے روئی باندھ دیں جس سے مریض کو فوراً افاقہ ہو جاتا ہے۔ ہر دو مالش سرخ و سفید متواتر ۵۰ سال سے تجربہ میں آ رہی ہیں صرف مالش سے ہی نمونیہ دور ہو جاتا ہے۔ لہٰذا دونوں مالشیں اس مرض میں لاجواب ہیں۔

## (۶۰۸) طریقہ کشتہ بارہ سنگھا

بارہ سنگھا کا برادہ کر کے شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر آگ دیں۔ پھر دوبارہ شیر مدار میں تر کر کے ٹکیاں بنا کر آگ دیں۔ تیار ہے۔ آگ فی چھٹانک کے حساب سے ۱۵ سیر کی ہو انشاء اللہ کشتہ تیار ہو گا اسی طرح کنوار گندل میں آگ دے کر کشتہ کر لیں تب بھی

ٹھیک ہے شیر مدار کی بجائے آب برگ اور مدار سے کھرل کر کے آگ دے لیں۔ تب بھی مفید ہے۔

## (۶۰۹) کشتہ صدف شیر مدار

ایک مریضہ جو کئی دنوں سے نمونیہ میں مبتلا تھی مختلف حکیموں سے علاج ہوتا رہا لیکن ناکام۔ مجھ کو بلایا گیا اور مریضہ کو کشتہ صدف شیر مدار والا کھانے کو دیا۔ جس سے مریضہ کو شفا ہو گئی۔

**ترکیب تیاری :** عام صدف لے کر شیر مدار میں غرق کریں اور خشک ہونے پر کوزہ میں بند کر کے آگ دیں۔

**خوراک :** ۲ رتی۔ کھانڈ میں رکھ کر عرق سونف تیز سے دیں یا چائے سے دیں۔ انشاء اللہ نمونیہ دور ہو گا۔ اس نسخے کی میرے ایک دوست نے بھی تعریف کی ہے اور یہ نسخہ کھانسی بلغمی اور ضیق النفس میں بھی مفید لکھا ہے۔ خشکی والے کو مکھن میں اور بلغمی والے کو شکرتری میں رکھ کر مناسب جوشاندہ سے دیں اور یہ لیپ بھی مجرب ہے لاچار مریض پر لگایا اسی دن شفایاب ہو گیا۔

## (۶۱۰) مصبر

مصبر۔ نمک۔ پیاز۔ ایک ایک تولہ لے کر ایک کونڈی میں ڈال کر سرکہ ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ تار بندھ جائے تیار ہے۔ ذرا گرم کر کے کپڑے پر لگا کر مقام درد پر چسپاں کریں اور اس کے اوپر دو گھنٹہ تک سینک دیں۔ دو گھنٹہ کے بعد مریض کو نیند آ جاتی ہے بوقت ضرورت ایک بار لیپ پھر کر دیں یہ لاجواب لیپ کم خرچ ہے۔

## (۶۱۱) لیپ

پاکستان بننے کے بعد ایک نوجوان مہاجر کو درد نمونیہ اس قدر شدید کہ نوجوان زندگی سے مایوس ہو گیا اس کو یہ لیپ لگایا گیا فوراً درد بند ہو گیا۔

**ھوالشافی :** چونہ آب نہ دیدہ لے کر چھاننی سے چھان لیں کہ ڈوڈی نہ رہے۔ زردی بیضہ مرغ تھالی میں لے کر ایک طرف چونہ رکھ لیں۔ دوسری طرف زردی قدرے زردی اور قدرے چونا انگلی سے حل کر کے لیپ کرتے جائیں یک دم نہ ملائیں کہ اسی طرح پتھر بن

جائے گا تمام لیپ لگا دیں۔ جگہ زیادہ ہو تو دو تین زردیاں لے کر بنا کر لگا لیں۔ لیپ کیا ہے ایک جادو ہے۔ لگاتے ہی درد بند ہو جاتا ہے۔ اسی طرح درد شقیقہ و درد اُل پر لگانا بھی مجرب ہے اس کو اتاریں نہ تیسرے دن خود بخود اتر جائے گا صرف ایک لیپ ہی کافی ہے۔ ایک دفعہ ورم طحال کے مریض کو تلی میں سخت درد ہو گئی اس پر بھی لگایا گیا درد فوراً بند ہو گئی۔ یہ ایک لاجواب لیپ ہے اس سے بھی میں نے کئی کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ آپ بھی لگایا کریں۔ اندر کشتہ صدف مذکور یا کشتہ بارہ سنگھا کھانے کو دے دیں۔ ہر چار لیپ سے کامیابیاں حاصل ہو گئیں۔

## (۶۱۲) کشتہ بارہ سنگھا

مریض عمر ۵۰ سال نمونیہ میں مبتلا ہو گیا میں گاؤں میں نہ تھا آیا تو مریض کی بیوی نے آ کر کہا کہ تین دن سے آپ کے بھائی کو بخار ہے درد یں بے شمار ہیں۔ دو تین آدمی بھی آ چکے ہیں آپ آ کر دیکھیں گیا تو مریض نے کہا حکیم جی آپ کہاں گئے تھے میں لاچار ہو چکا ہوں۔ کھانسی، درد، بخار حد درجہ کا ہے۔

**علاج :** تمام اوپر والے پرہیز اور غذا بنا کر علاج شروع کیا۔ پہلی خوراک سے ہی مریض کو آرام آنا شروع ہو گیا۔ تین خوراک سے شام تک بخار کھانسی اور درد میں کمی آ گئی مریض نے شکریہ ادا کیا اور تین دن میں بالکل آرام آ گیا وہ تریاق یہ ہے۔

**ھوالشافی :** افیون ۴ ماشہ۔ کشتہ بارہ سنگا شیر مدار والا ۴ ماشہ۔ قلمی شورہ ۳ تولہ۔ چھلکا بیخ مدار ماہ بیساکھ میں حاصل کردہ ۴ ماشہ۔ کیونکہ اس وقت یہ پودا عالم شباب پر ہوتا ہے۔ تیار کریں۔

**خوراک :** ۲ رتی۔ کیپسول میں بند کر کے دیں یا چینی میں رکھ کر دیں یہ بھی لاجواب تریاق ہے کہ اس مریض کو دیا اس کی تین چار خوراکوں سے درد یں بند ہو جاتی ہیں اس سے درد گردہ کا علاج بھی کیا جا سکتا ہے۔ لیکن حاملہ کو نہ دیں۔ بچوں کو نہ دیں یا کم نہ دیں نمونیہ میں ساتھ جوشاندہ بھی دیں۔ اس نسخہ سے میں نے کئی کامیابیاں حاصل کیں۔ لوگ کہتے تھے حکیم صاحب جس گھر چلے جاتے ہیں۔ نمونہ اور درد یں اس گھر سے کافور ہو جاتی ہیں۔ یہ نسخہ معمول مطب رکھا اب افیون خالص نہیں ملتی۔ اس واسطے ساتھ میں درد مالش کا نسخہ تیار کر دیا تھا وہ یہ ہے۔

## (۶۱۳) تیل مالش

صابن ڈیڑھ تولہ۔نوشادر ۶ ماشہ دونوں کو علیحدہ علیحدہ باریک کریں پھر کھرل میں ڈال کر تیز گرم پانی ۱۵ تولہ شامل کریں اور کھرل کرتے رہیں جب پانی صابن نوشادر کا محلول بن جائے تب روغن تارپین چار تولہ ملا کر کھرل کریں۔ جب سفید رنگ کا دہی جیسا محلول تیار ہو جائے تو شیشی میں سنبھال رکھیں اور اس کی مالش کر کے اوپر روئی باندھ دیں یہ بھی لاجواب مالش ہے جھولہ عرق النسا پر بھی مفید ہے۔ میں ہر مریض پر علیحدہ علیحدہ مالش بتاتا ہوں کہ ناظرین کو زیادہ سے علم مل سکے۔

## (۶۱۴) اشق

مریض عمر ۴۰ سال کی اطلاع ملی کہ دورات کا بیمار ہے رشتہ داروں میں سے تھا ان کا جا کر پتہ کیا خود دیکھا کہ مریض نمونیہ میں مبتلا ہے اس کو سخت تکلیف ہے۔ علاج: پرہیز و غذا سمجھا کر یہ گولیاں دی گئی اس سے مریض کو فوراً شفا ہونی شروع ہوگئی دو دن میں مکمل آرام آ گیا۔

**ھوالشافی:** اشق ۳ ماشہ۔ پھٹکڑی پھلہ ایک تولہ۔ سہاگہ پھلہ ۲ تولہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ داروگولہ ۲ ماشہ۔ پانی کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں۔ شدت درد میں ایک ایک گولی دو گھنٹہ بعد دیں۔ اس مرض کے لیے یہ گولیاں لاجواب ہیں۔ ذات الصدر یا ذات الریہ اور ایسی دردوں کو مجرب ہے۔ صاحب نسخہ حکیم عبدالرحیم صاحب نظام آبادی فرماتے ہیں کہ اس نسخے سے ایسے مریض شفایاب ہوتے دیکھے ہیں کہ جن کو کئی کئی ٹیکوں سے آرام نہ ہوا تھا۔ میں نے بھی تیار کر کے کئی مریضوں کو دیں تمام ہی شفایاب ہو گئے۔

**نوٹ:** آج کل داروگولہ کیمیائی طور پر آ رہا ہے اس وقت داروگھر بناتے تھے گندھک اور شورہ وغیرہ سے لیکن نسخہ میں کوئی شک نہیں ہے۔ مسکن درد اور محلل اورام ہے۔ اور تجربہ شدہ ہے۔

## (۶۱۵) قیروطی

اس کے ساتھ یہ قیروطی تیار کر کے مالش کریں اور روئی باندھ دیں۔

**ھوالشافی:** روغن گل۔ روغن بابونہ۔ موم دیسی۔ ۵۔۵ تولہ۔ آگ میں رکھ کر پگھلا کر مالش بنالیں اور دردوں پر مالش کریں یہ ایک بڑے تجربہ کار حکیم سے ملی ہے۔ محلل اورام مسکن

درد اور نرمی پیدا کرتی ہے۔

## (۶۱۶)

ایک حکایت ۱۹۵۰ء میں ضلع گوجرانوالہ میں حکما کا کنونشن ہوا تمام پاکستان کے حکیم اکٹھے ہوئے ایک دوسرے سے ملاقاتیں ہوئیں اور نسخہ جات کا تبادلہ بھی ہوتا رہا ایک صاحب نے نمونیہ کے لیے اپنا مجرب نسخہ بیان کیا۔ اور کہا کہ میرا ساری عمر کا مجرب ہے وہ یہ ہے۔

**ھوالشافی :** سم الفار سفید آدھ ماشہ لے کر شکر خام میں رگڑ کر درد کے مقام پر لیپ کریں اور اوپر سے آگ کی ٹکور دیں تو لاعلاج نمونیہ بھی ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اتفاق ایسا ہوا کہ میرے آتے ہی میرے پڑوس میں ایک شخص کو ۱۲ دن سے نمونیہ ہوا تھا لیکن ابھی تک آرام نہ آیا میں نے یہ لیپ لگا دیا اور پاچک دشتی کو آگ لگا کر سینک دے دیا۔ اور شام کو اطلاع کے لیے کہا مریض شام کو نہ آیا صبح کو پتا چلا کہ شام سے درد بند ہے اب درد کا نام بھی نہیں ہے اس کے بعد ایک دو بار تجربہ کیا اس کے بعد مطالعہ کرتے ہوئے یہ نسخہ حرز جان جلد چہارم مرتبہ حکیم مختار احمد شاہد ردی کے صفحہ ۹۸ پر اسی طرح لکھا ہوا پایا کہ ایک ہی ضماد سے نمونیہ کا فور سرکہ نیشکر ایک تولہ لے کر اس میں سم الفار سفید ۴ رتی باہم کھرل کر کے مقام درد پر ضماد کریں اور پاچک دشتی آگ سے سینک کریں پھر برگ ارنڈ اوپر رکھ کر پنبہ روئی رکھ دیں پٹی باندھ دیں کہ ہوا سے محفوظ رہے بس ایک ہی ضماد سے درد رفع ہو جاتا ہے۔ بارہا تجربہ میں آ چکا ہے میں نے ایسا مؤثر دوسرا نسخہ نہیں پایا کہ حکم آب حیات کا رکھتا ہو یہ نسخہ واقعی مجرب ہے۔ حیران نہ ہوں سم الفار اگر اصلی ہو تو پرانے امراض کے دور کرنے میں لاجواب ہوتا ہے۔

## (۶۱۷) شنگرف رومی

میرے ایک ہم عصر طبیب کا لاجواب مجرب نسخہ ہے وہ فرماتے ہیں کہ میرا اور میرے استاد کا ساری زندگی کا معمول ہے۔ ہم اس کے سوا اور کوئی نسخہ استعمال نہیں کرتے۔ کیونکہ یہ گولیاں اس مرض میں تریاق کا حکم رکھتی ہیں۔ وہ سفر حضر میں ہر وقت تیار رکھتے ہیں۔

**ھوالشافی :** شنگرف رومی۔ مرچ کالی۔ مگھاں۔ افیون۔ تخم دھتورہ ایک ایک تولہ لیں۔ ایک کپڑے کی تھیلی بنا دیں اور فلفل سیاہ اور مگھاں کو جوکوب کر کے شنگرف کی ڈلی درمیان میں رکھ کر مگھاں اور مرچاں اس کے اردگرد رکھ کر سی دیں اور روغن زرد اتنا ڈالیں کہ تھیلی ڈوب جائے اور آگ پر رکھیں کہ تھیلی سخت ہو جائے تو نکال کر افیون اور دھتورہ باریک

کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں ایک گولی مناسب بدرقہ سے دیں۔ درد کو فوراً روک دیں گی۔ صبح و شام حد تین گولی دیں اس سے تپ بھی دور ہوگا۔ انشاء اللہ۔

**نکات مطب :** اس نسخہ میں افیون اور تخم دھتورہ مسکن درد ہیں اور شنگرف محلل اورام ہے۔ نسخہ نوبتی تپ نوبتی درد میں لاجواب ہے مقوی باہ دافع سرعت انزال اور میرے خیال میں یہ دافع اسہال اور دافع بلغم ہے اور درد رینگن کے لیے لاجواب گولیاں تیار کریں اس کے ساتھ یہ ضماد بھی ان کا معمول تھا۔

## (۶۱۸) گوگل بھینسیا

**ھوالشافی :** رائی ۹ ماشہ۔ گوگل۔ ایلوا۔ سنڈھ۔ گوند کیکر۔ افیون ۳۔۳ ماشہ۔ آرد جو چار ماشہ پانی میں رگڑ کر ایک کپڑے پر لگا کر آگ کا سینک دیں درد کی جگہ لگا دیں جب خشک ہو جائے اوپر روئی باندھ دیں ایک ہی لیپ سے درد دور ہوگا۔ ان شاء اللہ لاجواب کورس ہے۔

## (۶۱۹) اکسیر اوجاع

مریض عمر ۵۰ سال کے بھائی نے آ کر آدھی رات کو اٹھایا کہ میرے بھائی کو دیکھیں، جا کر دیکھا مریض کو بخار اور درد سینہ تھا۔ کھانسی سخت تھی۔ دوا دی گئی صبح کو اطلاع ملی کہ دوا کیا تھی ایک تریاق تھی ادھر دوائی کھلائی گئی ادھر درد بند ہو گیا اور مریض نے کہا آپ بھی آرام کریں دو تین خوراک اور دی گئیں۔ مریض آٹھ پہر میں درست ہو گیا یہ دوائی دیسی اور انگریزی ادویہ کا مرکب ہے۔ ایک صاحب نے اس کا اشتہار دے کر خوب پیسے کمائے اور مقامی مطب میں شب روز کا معمول ہے۔ انہوں نے ان کا نام اکسیر اوجاع رکھا ہوا ہے۔ کئی سال معمول رہا۔ اب چونکہ میں ہومیوپیتھی کی طرف مائل ہو چکا ہوں لیکن اگر یہ مل جائیں تو تیار کر لیں۔ نسخہ کے مجرب اور زود اثر ہونے میں شک نہیں۔

**ھوالشافی :** کشتہ بارہ سنگا ۹ ماشہ۔ کچلہ مدبر۔ کشتہ سنکھ۔ کیفین ۶۔۶ ماشہ۔ اسپرین۔ سوڈا سیلی سلاس۔ سوڈا بائی کارب ایک ایک تولہ۔ باریک کھرل کریں۔

**خوراک :** ۲ رتی لیں ۲ ماشہ چینی ملا کر ہمراہ دودھ گرم دو تین بار عورتوں کو ۲ رتی بچوں کو حسب عمر دیں اس کے ساتھ یہ جوشاندہ بھی دیں تا کہ کھانسی کو آرام ہو جائے۔ عناب ۵ دانہ۔ لسوڑیاں ۱۱ دانہ۔ بہی دانہ ۳ ماشہ۔ بنفشہ ۴ ماشہ۔ ملٹھی۔ خطمی۔ خبازی۔ مکو خشک ۵۔۵ ماشہ جوشا

کر شربت بنفشہ سے میٹھا کر کے پلا دیں۔ اس نسخہ سے کئی کامیابیاں حاصل کیں جسم کے کسی حصہ میں بھی درد ہو جوڑوں کو ہو یا شقیقہ وعصابہ ہو بخار ہو یا بخاروں کی دردیں ہوں تمام کو مجرب ہیں۔ اس کے ساتھ یہ ضماد بھی لگا دیا کریں۔

## (۶۲۰) لیپ

کوکنار ایک تولہ۔ مصبر۔ ارہون۔ اشق۔۲۔۲ تولہ۔ سب کو کوٹ کر دودھ بھینس یا بکری میں پکا کر لیپ کریں ان شاء اللہ درد و ورم بھی دور ہو گا اور ہر قسم کے ورم کو بھی تحلیل کر دیتا ہے۔ ایک بہت بڑے تجربہ کار کا نسخہ ہے اس سے بڑے بڑے ورم تحلیل ہو جاتے ہیں۔

مریض عمر ۲۵ سال کے بھائی نے آ کر اطلاع دی کہ ہمارا بھائی بیمار ہے وہ سفر پر گیا ہوا تھا راستہ میں بارش سے بھی بھیگا ہے اور سرد ہوا بھی چل رہی تھی۔ آتے ہی بخار میں مبتلا ہو گیا ہے اور پسلی پر درد بھی بتلاتا ہے۔ جا کر دیکھا واقعی مریض کو درد پسلی اور بخار بہت زیادہ تھا۔

**تشخیص:** سردی سے بخار ہو کر نمونیہ ہو گیا۔

## (۶۲۱) سفوف بیشی ۲

**علاج:** سفوف بیشی نمبر ۲' ایک ایک رتی دیا گیا جس سے مریض کو آدھ گھنٹہ میں افاقہ ہونا شروع ہو گیا۔ مریض نے شکریہ ادا کیا وہ یہ ہے کہ میٹھا تیلیہ غیر مدبر ایک ماشہ لے کر ۱۰ تولہ چینی میں ملا کر بارہ گھنٹہ کھرل کریں خوراک ایک رتی دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

**فوائد:** نیا مریض ہو یا ورم کسی جگہ بن رہا ہو۔ مثلاً درد مفاصل۔ درد سینہ۔ درد رینگن پر ورم کی ابتدا ہو ورم معدہ' ورم دماغ' ورم گردہ یا چوٹ سے ورم بن رہا ہو تو اس کے لیے تریاق ہے اوپر کے سفوف شیشی نمبر ۲ سے ایک تولہ لے کر ۹ تولہ چینی ملا کر کھرل کیں۔

**خوراک:** ایک رتی یہ کمزور مریضوں کو بھی دے سکتے ہیں یہ ہر دو سفوف ہر وقت مطب میں تیار رکھتا ہوں اور صدہا مریضوں پر کامیاب علاج کر چکا ہوں۔ مؤلف۔

## (۶۲۲) قیروطی

ایک حکایت قیروطی آرد کرسنہ ایک مشہور قیروطی ہے جس کا ذکر تمام قرابادینوں میں ملتا ہے۔ لیکن اس کے تیل کا وزن نہیں ملتا تھا۔ لیکن پرانے تمام حکما کی معمول تھی مجھے اس کے

سارے نسخے کا شوق تھا لیکن نہیں ملتا تھا۔ آخر ایک کتاب میں میرے مطلب کا وزن مل گیا
کر لی شوق اس لیے تھا کہ اس میں کلونجی پڑتی ہے اور رسول پاک ﷺ کا ارشاد پاک ہے
کہ کلونجی ہر مرض کی دوا ہے اس لیے تیار کرنا چاہتا تھا۔

**ھوالشافی:** دانہ مٹر ۱۰ تولہ۔ آٹا ملٹھی ۴ تولہ۔ میتھرے ۱۰ تولہ۔ کلونجی ۴ تولہ۔ عاقر قرحا ۳ تولہ۔ موم آدھ سیر۔ روغن السی ایک سیر لیں۔ تمام ادویہ کا پاؤڈر بنا کر رکھیں اور تیل کو آگ پر رکھیں اور اس میں موم چھوڑ دیں جب پگھل جائے تو ادویہ کا پاؤڈر ملا کر اسی کڑاہی میں لوہے کے دستے سے اس قدر رگڑیں کہ تمام ادویہ مل جائیں۔ ڈبی میں بند کر لیں تیار ہے مقام درد پر مالش کر کے روئی باندھ دیں ایک بات یہ بھی یاد رکھیں کہ روئی ہر وقت بندھی رہے اس سے حرارت پیدا ہو گی اور ورم دور ہو گا۔ حکیم اجمل کے مطب میں بھی یہ نسخہ مروج تھا۔ سینہ پر مالش کرنا درد اور ورم کو افاقہ دے گا۔ دمہ کے مرض میں مالش کرنا بلغم کو آسانی سے خارج کرے گا۔ درد جوڑ پر مالش کرنا اس کو نرم کر دے گا بعض کتب میں ایک تولہ قیروطی میں مصبر ایک ماشہ، زعفران ایک ماشہ ملا کر لگانا بھی لکھا ہے اور قیروطی آرد کرسنہ ۲ تولہ میں روغن ہفت برگ ۳ تولہ ملا کر مالش کرنا۔ قیروطی میں روغن تارپین ملا کر مالش کرنا مفتی محمد حسن قرشی کے معمول میں ہے۔ بہر کیف یہ نسخہ لاجواب ہے اس کو مطب میں تیار رکھیں۔ روغن السی کے بجائے روغن گل سے بھی تیار کر لیں یہ ذات الجنب، ذات الصدر، ذات العرض۔ شوصہ، نمونیہ، دمہ، ڈبہ اطفال میں کارآمد ہے میں نے اس کو کئی بار تیار کر چکا ہوں۔ دافع تشنج بھی ہے کھانسی کے مریض کو مالش کے لیے دے دیں اس سے کھانسی کی بلغم تر ہو کر خارج ہو جائے گی۔

## (۶۲۳) برائے امراض سینہ نایاب گولیاں

یہ گولیاں بھی میں نے تیار کی تھیں ضلع ملتان میں ایک مجسٹریٹ نادر نامی متعین ہوئے وہ یہ گولیاں مفت تقسیم کرتے تھے لیکن کسی کو نسخہ نہ بتاتے تھے۔ لیکن جو شخص لے جاتا تعریف کرتا بہت سے لوگ نسخے کے طلب گار ہوئے لیکن کامیاب نہ ہو سکے۔ آخر کار ایک شخص نے حاصل کر کے ایک حکیم صاحب کو بتلایا انہوں نے بھی اس کو تیار کر کے مریضوں کو دیا اور کامیاب ہوتے رہے۔

**ھوالشافی:** دھتورے کے پھل حسب ضرورت لے کر اس کا اوپر کا ٹکڑا کاٹ کر سوراخ کر کے بیج نکال دیں اس میں نمک لاہوری اور ہلدی ۶۔ ۶ ماشہ بھر دیں اور کاٹا ہوا ٹکڑا اوپر رکھ

کر آرد گندم کا لیپ کر دیں۔ پھر اسے بھوبھل میں دبا دیں تا کہ آٹا سوختہ ہو جائے اور نکال کر آٹا اتار کر دھتورہ کو کونڈے میں ڈال کر خوب رگڑ کر گولیاں بنا لیں جو کہ خشک ہو کر چنے کے برابر رہ جائیں۔ فی پھل اتنا وزن رکھیں جتنے پھل دل چاہے تیار کر لیں۔ یہ گولیاں نمونیہ ذات الجنب، کھانسی اور دمہ میں نہایت اکسیر ہیں۔ میں نے بھی تیار کی تھیں۔ اور اس سے مریضوں کا علاج کیا لاجواب نکلیں۔

**نکات مطب:** اس نسخہ میں تین اجزا ہیں۔ تینوں اپنی اپنی جگہ پر لاجواب ہیں۔ دھتورہ دافع تشنج اور مسکن ہونے کی وجہ سے دافع سعال ہے دافع دمہ ہے نمک مخرج بلغم ہے اور ہلدی محلل اورام ہے۔ کسی ایک نسخہ میں ان تین اثرات کو جمع ہو جانا نسخہ کی امتیازی خصوصیت ہے۔

## (۶۲۴) حب مرتجے رس

ایک آدمی نے آ کر کہا کہ ہمارے گھر میں ایک عورت بیمار ہے۔ ہسپتال میں جا چکے ہیں۔ کئی ٹیکے لگ چکے ہیں۔ ہم مایوس ہو چکے ہیں۔ آخر کار رات کو خیال آیا ہے ان کو بھی دیکھا لیں۔ شاید آرام آ جائے۔ مریضہ کو دیکھا اور کہا کہ شفا تو اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے مریضہ کو آج ہی انشاء اللہ آرام ہو گا۔

**علاج:** دارچینی۔ سنڈھ۔ دانہ الائچی کلاں ہم وزن کا پاؤڈر ۴ رتی۔ آرد ملٹھی ۲ رتی۔ کشتہ بارہ سنگا ایک رتی۔ حب مرتجے رس ایک گولی۔ چینی ایک ماشہ ملا کر ایسی چار پڑیاں ہمراہ چائے تین تین گھنٹہ بعد دیں اور شام کو اطلاع دیں۔ شام کو تیمار دار نہ آئے اور صبح کو آئے اور کہا کہ رات کو مریضہ کو آرام آ گیا تھا اور ابھی کئی مریضوں کو دیں۔ الحمدللہ تمام کو آرام آ جاتا ہے۔ کشتہ بارہ سنگا تو آگے لکھ چکا ہوں حب مرتجے رس کا نسخہ حاضر ہے۔

**ھوالشافی:** میٹھا تیلیہ مدبر۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ گندھک آملہ سار۔ سہاگہ پھلہ ایک ایک تولہ۔ شنگرف رومی ۲ تولہ۔ آب ادرک سے رگڑ کر آدھ آدھ رتی کی گولیاں بنا دیں بچوں کو اس سے بھی کم دیں۔ طب آیورویدک میں یہ نسخہ عام مشہور ہے۔ بخار ہر قسم سوائے تپ دق۔ ملیریا، سن پات، نزلہ و زکام، نمونیہ، اسہال، وجع المفاصل، تپ دائمی، بدہضمی، دودھ گھی ہضم نہ ہوتا ہو، میعادی بخاری کو مجرب ہے۔ بخار کا زور ایک گھنٹہ میں دور کر دیتا ہے۔ کئی بار بگڑے ہوئے میعادی بخار کے کیس اس سے درست کر چکا ہوں مبارکی کے دانے دوسرے دن ہی نکل آتے ہیں۔ تقریباً ہر وید اس کو مطب میں رکھنے کی سفارش کرتے ہیں۔ مقوی بھی ہے۔

## (۶۲۵) اکسیری پڑیاں

کشتہ ہڑتال گئودنتی ۶ ماشہ۔ بیش مدبر ۶ ماشہ۔ قلمی شورہ ۴ تولہ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ باریک کریں۔

**خوراک:** ۲ رتی۔ جوشاندہ گل بنفشہ۔ ملٹھی۔ پرسیاؤشاں۔ تخم خبازی۔ خطمی ۷۔۷ ماشہ۔ گاؤزبان ۶ ماشہ۔ لسوڑیاں ۱۱ دانہ جوشا کر میٹھا کر کے پلانا مفید ہے۔ ذات الریہ کھانسی، بلغم کا مشکل سے نکلنا تمام کو لاجواب ہے۔

## (۶۲۶) حب نزلہ زکام و کھانسی

پیچش و اسہال اور سرعت انزال کو مجرب ہے نمونیہ میں کھانسی زور پکڑ جاتی ہے۔ تیار کر کے رکھیں۔ نسخہ کے اجزا سے ہی اس کے مفید ہونے کا یقین ہو جائے گا۔ بڑے بڑے اطبا کا مجرب ہے۔

**ھوالشافی:** فلفل سفید ایک ماشہ۔ دارچینی ۲ ماشہ۔ مگہاں ۲ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ جدوار۔ جائفل۔ زعفران۔ کباب چینی۔ مصطگی رومی۔ خصیۃ الثعلب۔ ۵۔۵ ماشہ۔ افیون ۱۰ ماشہ۔ لعاب گوند سے نخودی گولیاں بنالیں اور سایہ میں خشک کریں اور رات کو ایک گولی کھلائیں۔ لاجواب مرکب ہے۔

## (۶۲۷)

ایک خاص راز صاحب نسخہ اس کو بتانے کے لیے راضی نہ تھے آخر ایک طبیب نے کوشش کر کے حاصل کر ہی لیا اور کہا کہ جہاں تمام ٹیکے گولیاں فیل ہو گئی ہوں اس وقت بھی اس کو استعمال کریں۔ یقیناً ایک دو خوراک سے ہی شفا ہو جائے گی۔ لیکن شرط یہ ہے کہ مریض کا فصد نہ کیا ہو ورنہ نقصان ہو گا۔ نسخہ اس قدر مفید ہے کہ پانچ سے سات منٹ میں درد بند ہو گا۔

**ھوالشافی:** میٹھا تیلیہ ڈھائی تولہ حاصل کریں اور شراب برانڈی ولائتی آدھ بوتل میں ڈال دیں اور منہ بند کر کے بارہ روز اندر رکھیں۔ بارہ روز کے بعد میٹھا تیلہ تو نکال کر پھینک دیں اور ایک تولہ زعفران خالص کھرل میں ڈال کر اس پر شراب کا قطرہ قطرہ ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ حتیٰ کہ تمام شراب کھرل ہو جائے اور سنبھال لیں۔

**خوراک:** جوان آدمی کو صرف ایک رتی ہے ایک دو خوراکوں سے نمونیہ کافور ہو گا۔

**نکات مطب:** شراب میں میٹھا تیلیا کا اثر آ جائے گا اور یہ اکونائٹ مدر ٹنکچر بن جائے گا اس سے زعفران کو کھرل کرنا ہے دونوں اشیاء لاجواب اثر رکھنے والی ہیں ہم نے بھی میٹھا تیلیہ کے پاؤڈر کا ذکر اسی باب میں کیا ہے واقعی دافع بخار ہے۔ زعفران خالص۔ کے فوائد میں لکھا ہے کہ یہ محلل۔ محرک۔ دافع تشنج۔ مفرح مقوی دل و دماغ و جگر۔ مقوی باہ۔ مدر حیض۔ دافع عسر ولادت۔ دافع سردی۔ اس سے اور بھی کئی فوائد حاصل کیے جاتے ہیں۔ جب یہ دونوں مل کر تیسری چیز تیار ہو جائے گی تو واقعی دافع بخار و دافع نمونیہ بن جائے گی۔ یہ وہ راز ہیں کہ مدت کے بعد حاصل ہوئے ہیں۔

**غذا:** سرد چیز۔ سرد ہوا۔ سرد غذا نہ کھائیں۔ غذا میں انڈا۔ شوربہ گوشت۔ بکرا۔ یخنی۔ بکرا کا گوشت۔ ایک لاجواب غذا ہے۔ چوزہ مرغ آدھ سیر کا لے کر اس کا گوشت بنا کر پانی ڈال کر پکائیں کہ گل جائے تو نچوڑ کر اس کے اوپر کالی مرچ نمک دھنیا باریک کر کے چھڑک کر آدھا صبح آدھا شام پلا دیں۔ نمونیہ میں انتہائی مفید ہے کہ علاج سے بھی زیادہ فائدہ مند ہے۔ بار بار نمونیہ ہو جاتا ہو تو آرام آنے کے بعد روغن جگر ماہی کا کوئی مرکب کھلایا کریں۔ ماء اللحم پلا دیں۔ سردیوں میں سینہ کو گرم رکھیں۔ اور ایک ویدک کا لاجواب جوشاندہ حاضر ہے جس کو ایک وید نے کمال درجہ کا مفید لکھا ہے بلکہ اپنے آپ پر تجربہ کیا ہے۔ لاجواب نسخہ ہے۔

## (۶۲۸) لاجواب نسخہ

**ھوالشافی:** فلفل دراز۔ پپلا مول۔ چویہ چترہ۔ سرخ سنڈھ۔ ۵۔ ۵ ماشہ۔ جوکوب کر کے آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ چوتھا حصہ رہ جانے پر پن کر دو تولہ مصری ملا کر نیم گرم پلا دیں اسی طرح دن میں تین خوراک دیں یہ نسخہ لاجواب ہے۔ پرانے سے پرانہ نمونیہ اس سے دور ہو جاتا ہے۔

## (۶۲۹) بیسی لینم

اب ایک نسخہ نمونیہ کو روکنے کا میں عرض کرتا ہوں جس کی مثال کسی طب میں نہیں ہے یہ سہرا طب ہومیوپیتھی کے سر پر ہے وہ دوا یہ ہے کہ بیسی لینم ۲۰۰ کی ایک خوراک آٹھ دن کے بعد دیں۔ اگر ہزار طاقت کی ہو تو پندرہ دن کے بعد دیں۔ ان شاء اللہ تین چار خوراک دینے سے بار بار نمونیہ نہیں ہوگا۔ شربت کھانسی یا جوشاندہ کھانسی میں بادام روغن ڈال کر پلا دیں اس

سے ایک تو قبض دور ہو گی دوسرے اس کی طراوت سے پھیپھڑے کا ورم دور ہو گا پھیپھڑے سے خراش دور ہو گی سل کا خطرہ نہ رہے گا۔ ایک اور ہدایت نمونیا کے علاج کے بعد ایکسرے کرائیں اور معلوم کریں کہ ورم کی جگہ پر کوئی سوزش تو نہیں اگر ہو تو اس کو دور کریں ورنہ مریض سل میں مبتلا ہو جائے گا۔

**خوراک :** بکرے کے پائے پکا کر اس میں مرچ مصالحہ ڈال کر کھلانا نزلہ و زکام کھانسی اور نمونیہ میں مجرب ہیں۔ اسی طرح موسم سرما میں بھنا ہوا گوشت۔ کلہ پائے۔ مرغ و ماہی اور پرندوں کا گوشت اور اس کی یخنی کھانا پینا لاجواب حفاظتی تدبیریں ہیں۔ اگر اور کچھ نہ ہو تو انڈا مرغی دیسی ایک عدد صبح و شام ہی کھاتے رہیں۔ انشاء اللہ مفید ہو گا۔ نمونیا کے علاج میں ایک بات اور یاد رکھیں کہ مریض کو قبض نہ ہو ایک مریض کو دس دن تک ٹیکے لگتے رہے لیکن مریض کو افاقہ نہ ہوا مجھ کو بلایا گیا تو قبض کے بابت پوچھا مریض نے کہا اس دن کی اجابت نہیں ہوئی۔ قبض کشائی کی گئی۔ اسی رات ہی آرام آ گیا۔ حب تنکار اس مرض میں مفید ہے اور یہ گولیاں بھی دو تین حکما نے مجرب بیان کی ہیں وہ یہ ہیں۔

## (۶۳۰) قبض کشا

**ھوالشافی:** مصبر۔ آرد ترید۔ ملٹھی۔ مساوی الوزن لے کر گولیاں بقدر کو کنار دشتی بنا لیں۔

**فوائد :** نمونیہ۔ درد قولنج۔ درد گردہ و درد فم معدہ کے لیے جوشاندہ سونف سے یا آب گرم سے دیں اس سے قبض بھی دور ہو گی اور نمونیہ بھی دور ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ صرف مصبر بقدر نخود کھلانا بعض حکما نے مفید کہا اور مریض نے بھی تعریف کی ہے اس مرض میں دل کا بھی خیال رکھیں کہ کمزور نہ ہو جائے تو اس کو طاقتور کریں ذیل کے نسخہ کا استعمال مفید ہو گا۔

## (۶۳۱) مقوی قلب

**ھوالشافی :** کافور ایک ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ باریک کر کے رکھیں۔

**خوراک :** ۲ رتی ہمراہ شہد دیں۔ اس سے دل فوراً طاقتور ہو گا یا مرکبات یونانی جو کہ مقوی قلب ہیں دے دیا کریں ایک ویدک نسخہ حاضر ہے جو کہ تریاق کا حکم رکھتا ہے۔

## (۶۳۲) کستوری بھیروں رس

**ھوالشافی :** شنگرف رومی۔ کستوری۔ بچھناک مدبر۔ سہاگہ پھلہ۔ جاوتری۔ جائفل۔

فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ کافور ایک ایک تولہ۔ تمام ادویہ کو نمبروار کھرل کر کے پانی کے ہمراہ یا آب پان کے ہمراہ کھرل کریں اور ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔ اور سایہ میں رکھ کر خشک کریں۔

**فوائد :** جب نمونیہ۔ ڈبہ اطفال یا اور کسی بھی مرض میں دل کے فیل ہونے کا خطرہ یعنی مریض کو نقاہت، کمزوری از حد ہو نبض دھیمی ہو جسم ٹھنڈا ہو رہا ہو سرد پسینے آتے ہوں۔ ایسی حالت میں اس کا استعمال مفید ہوتا ہے۔ نمونیہ میں دیگر علاج کے علاوہ اس کا استعمال بھی جاری رکھنا چاہیے اس سے بخار کا درجہ حرارت کم رہتا ہے۔ جس سے مریض کو کسی قسم کی بے چینی و بے ہوشی وغیرہ نہیں ہونے پاتی نبض کی رفتار عمدہ رہتی ہے اور نمونیہ میں دل کے فعل کے بند ہونے کا جو اکثر اندیشہ لگا رہتا ہے اس سے نجات ملی رہتی ہے دردوں کو بھی جلد افاقہ ہو جاتا ہے اس کا نام کستوری بھیروں رس ہے اپنے فوائد میں تریاق ہے۔

**خوراک :** ایک رتی سے ۲ رتی تک چار گھنٹہ کے بعد تین ماشہ آب پان اور ۶ ماشہ شہد ملا کر دیں۔ اگر بلغم کا زیادہ غلبہ ہو تو ۶ ماشہ آب ادرک بھی ملا لیں۔ اگر بلغم خشک ہو تو لعاب بہی دانہ یا لعوق لسوڑیاں اور بادام روغن ملا کر دیں اور سخت سے سخت سن پات میں دے سکتے ہیں بچوں کو حسب عمر دیں۔

**نفخ الریہ:** یہ بھی پھیپھڑوں کا ایک مرض ہے اس مرض میں پھیپھڑوں کے اندر ہوا بھر جاتی ہے۔ اس مرض کی موٹی موٹی علامتیں یہ ہیں کہ بیمار کا سینہ تنا ہوا دکھائی دیتا ہے اور وہ آسانی سے جھک نہیں سکتا۔ انگلی سے سینہ کو ہلکی ہلکی ٹھوکریں لگا کر غور سے سُنا جائے تو طنبورہ بجنے کی سی آواز آئے گی۔ مریض ہمیشہ لمبا سانس کھینچے گا اکثر ہلکی سی خشک کھانسی ستاتی رہتی ہے۔ جو چت لیٹنے یا محنت کرنے سے بڑھ جاتی ہے۔ غور سے دیکھا جائے تو سینہ پھولا ہوا اور اوپر کی پسلیاں آگے کو بڑھی ہوئی دکھائی دیں گی۔

**علاج :** بیمار کو معتدل مقام پر رکھا جائے اور اس کی آب و ہوا تبدیل کی جائے دافع نفخ اور کاسر ریاح ادویہ اور اغذیہ کا استعمال کیا جائے۔ جوں جوں پھیپھڑوں کی ساخت درست ہو تو ہلکے مقویات دیتے جائیں۔

**غذا:** ریاح پیدا کرنے والی ثقیل دیر ہضم مثلاً چاول، آلو، اروی، دال ماش، گوبھی وغیرہ نہ دیں۔ ہلکی زود ہضم اور مرغوب طبع غذا دیں۔

## (۶۳۳) روغن زیتون

اس تیل کی مالش کریں اس سے پھیپھڑوں کا نفخ اور ریاح بہت جلد دور ہو جاتا ہے۔
**ھوالشافی:** تیل تارپین ایک تولہ میں کافور ۳ ماشہ حل کریں۔ پھر زیتون اس قدر ملائیں کہ کل وزن چار تولہ ہو جائے اب اسے سینہ اور پشت پر مالش کریں۔ اب دارچینی ۳ ماشہ کو کوٹ کر شیر گاؤ ایک پاؤ میں اُبال کر پن کر شہد سے میٹھا کر کے پلانا چند روز میں دور کر دیتا ہے۔

## (۶۳۴) سونٹھ کوفتہ

اسی طرح سنڈھ ۶ ماشہ کوفتہ کر کے شیر گاؤ میں جوش دے کر چھان کر مصری سے میٹھا کر کے پلانا مجرب ہے۔

## (۶۳۵) امرت دھارا

مندرجہ بالا میں ۳ ماشہ بادام روغن بھی ملا لیں۔ امرت دھارا کا کھلانا ۳ بوند شہد ایک ایک تولہ میں ملا کر چٹا کر اوپر سے عرق بادیان ۱۰ تولہ مصری سے شیریں کر کے پلانا اور امرت دھارا کو چار حصے روغن کنجد میں حل کر کے سینہ پر مالش کرنا بھی اکسیر اعظم ہے اور بقول ایلاتی ہینگ خالص بقدر نخودی بالائی میں رکھ کر کھلانا اس مرض میں لاجواب ہے۔

## (۶۳۶) روغن بسکھپرہ

بسکھپرا لے کر اس کا چہارم حصہ فلفل سیاہ کے ہمراہ کوٹیں پھر چار گنا تیل میٹھا میں ڈال کر پکائیں جب نغدہ سیاہ ہو جائے تو پن کر اس تیل کی سینہ پر مالش کرنا بھی مفید ہے۔

## (۶۳۷) معجون کچور

کچور باریک کر کے بادام روغن سے چرب کریں اور سہ چند شہد ملا کر معجون بنائیں اور ۴۔۴ ماشہ صبح و شام بکری کے آہن تاب سے کھلانا مجرب ہے آہن تاب اس طرح بنائیں کہ بکری کے تازہ دودھ میں لوہا گرم کر کے سات بار بجھائیں پھر چھان کر کھلا دیں۔
علامہ سرہندی کا قول ہے کہ سبز پودینہ کو سرکہ میں پیس کر سینہ پر ضماد کرنا اس مرض میں لاجواب ہے اور علامہ ابن فخر جو کہ قدما میں معروف طبیب گزرے ہیں۔

وہ لکھتے ہیں کہ سبز پودینہ کا رس نکال کر مروق کر کے اور شہد ملا کر ۱۰ تولہ کے قریب پلائیں اور روز تھوڑا تھوڑا اضافہ کر کے ۳۰ تولہ تک لے جا کر پھر روز کم کرتے جائیں اور سارے دن تک دس تولہ تک لے آئیں اس مدت میں مریض تندرست ہو جائے گا۔

**نکات مطب:** ان نسخہ جات سے معلوم ہوا ہر مخرج ریاح دوا پھیپھڑوں سے ہوا خارج کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے از حضرت مولانا عبدالمجید سوہدریؒ

**استسقاء ریہ:** یہ بھی ایک مرض ہے اس مرض میں پھیپھڑوں کے اردگرد پانی جمع ہو جاتا ہے۔ یہ بھی ایک خطرناک مرض ہے اور یاد رہے کہ مریض کو لٹا کر دیکھیں اس کے سینے کو ٹٹولیں تو پانی چھلکنے کی آواز آئے گی۔ مریض کو ابتدائے ورم پاؤں سے شروع ہوگا اور رفتہ رفتہ بڑھ کر تمام جسم پر ہو جائے گا۔ گردوں کے استسقا میں ورم پہلے چشم اور چہرہ پر نمودار ہوگا اور جگر کے استسقاء کی ابتدا میں ورم پیٹ پر ظاہر ہوگا لیکن پھیپھڑوں کے استسقا میں ورم پہلے پاؤں پر ظاہر ہوگا اور اطبا قدیم اس بات پر متفق ہیں کہ اس کا علاج آپس میں ملتا جلتا ہے اور حکما قدیم یہ بھی لکھتے ہیں کہ استسقاء خواہ کسی عضو میں ہو جگر کی رعائت ضرور رکھیں اور اصول علاج میں مدرات مفرجات اور مسہلات اس بیماری میں مفید ہیں۔ استسقاء صدر کے مریض کو پانی بہت کم پینا چاہیے پیاس کے وقت پانی کی جگہ مکو کاسنی اور سونف کے عرق پر گزارہ کریں۔

## (۶۳۸) استسقاء

تربد سفید ایک تولہ، آرد ملٹھی ۲ تولہ کو شیر زقوم میں دو بار تر و خشک کریں پھر برگ مکو کے پانی سے کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنالیں اور دو گولی رات کو عرق سونف نیم گرم سے کھلانا دست آ کر پانی خارج ہو جاتا ہے اور اسی طرح مدار کی جڑ کا چھلکا اتار کر مساوی الوزن نمک سیاہ باریک کر کے ایک ایک ماشہ ہمراہ مطبوخ سونف سے کھلانا اور برگ مدار کو گرم کر کے پھیپھڑوں پر باندھنا بھی مجرب ہے۔ چھلکا مدار کو خشک کر کے نمک ملا دیں پھر تیار کریں ایک ہندی طبیب کا فرمان ہے کہ تازہ نک چھکنی کو اونٹ کے پیشاب میں گھوٹ کر ضماد سینہ پر کرنے سے تین روز میں پانی نکل جاتا ہے۔

## (۶۳۹) مقطر

ہینگ۔ سہاگہ۔ مصبر۔ نوشادر مساوی الوزن لے کر ناگ پھنی کے مقطر رس میں چار روز تر کر کے اس کے پانی سے گولیاں بنا کر صبح کو خالی معدہ چھ گولیاں نیم گرم جوشاندہ سونف

سے کھلائیں اسہال کے ذریعہ پانی خارج ہو جائے گا۔

## (٦٤٠) کنوار گندل

اطباء قدیم کا یہ بھی مجرب ہے کہ بارہ سنگا کا کشتہ بھی اس طرح کریں کہ اول بارہ سنگا کو تپا بنا کر آب شیرہ برگ مدار میں چار بار بجھاؤ دیں پھر اس پانی سے کھرل کر کے پانچ سیر کی آگ دیں۔ پھر آب گھیکوار میں حل کر کے آگ دیں پھر اٹ سٹ کے پانی میں کھرل کر کے پانچ سیر کی آگ دیں۔

**خوراک:** ۲ رتی۔ معجون دبید الورد ٦ ماشہ میں رکھ کر دیں۔ انشاء اللہ استسقاء ریہ دور ہوگا اسی طرح آرد جڑھ تمہ ۵ تولہ حاصل کر کے اس میں سنڈھ ایک تولہ شامل کریں اور آب کنوار گندل سے کھرل کر کے دانہ نخود کے برابر گولیاں بنالیں۔

**خوراک:** صبح و شام نہار منہ دو دو گولی ہمراہ مطبوخ سونف ۵ ماشہ اور زیرہ سیاہ ۳ ماشہ سے دیں۔

## (٦٤١) چھک نمونی

اور چھمک نمونی کے پھل لے کر سرکہ تند میں کھرل کر کے مقام شش پر لیپ کرنا اس مرض میں لاجواب ہے۔

## (٦٤٢) گلقند

اور یہ معجون بھی اطباء قدیم نے مجرب لکھی ہے۔

**ھوالشافی:** گلقند ایک پاؤ۔ مصطگی رومی ۳ تولہ۔ فلفل دراز ۲ تولہ۔ سقمونیہ ایک تولہ تینوں کو باریک کر کے پچاس خوراک بنالیں۔

**خوراک:** رات کو سوتے وقت عرق سونف کے ہمراہ کھلائیں اس سے اسہال آئیں گے اور رطوبت خارج ہو جائے گی۔

## (٦٤٣) نیٹرم میور

اور ایک بایو کیمک نسخہ حاضر ہے۔ نیٹرم میور ٦ ایکس دن میں چار بار کھلائیں اور اگر مرض پرانا ہو تو ۱۲ ایکس کھلائیں اس سے استقاء ریہ کا مرض دور ہوگا۔

(۶۴۴)

سونف ۳ ماشہ۔ کٹیلی کی جڑ ۶ ماشہ اندرائن کی جڑ ۹ ماشہ۔ کچل کر گرم پانی میں بھگو
صبح کو چینی یا نمک ملائے بغیر پی لیں مدت کورس دس روز۔ انشاء اللہ استسقاء ریہ کا مرض دور
گا۔ عام کتابوں میں نفخ ریہ اور استسقاء ریہ کا اشارہ ملتا ہے مکمل علاج یا نسخہ جات نہیں
لیکن میں نے نفخ ریہ اور استسقاء ریہ کا علاج مکمل لکھ دیا ہے اور اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ
مریضوں کے لیے شفا کا باعث بنیں اور اطبا کے پاس نسخہ جات کا ذخیرہ ہو۔ آمین۔

# ضیق النفس (دمہ)

ربو سانس کی تنگی یہ ایک ایسا سخت مرض ہے جو کہ لا علاج تو نہیں لیکن مشکل علاج ضرور ہے اس کی کئی وجوہ ہیں جس کو ایک بار دورہ ہو جاتا ہے تو لوگ اس کو کہتے ہیں کہ دمہ دم کے ساتھ جاتا ہے تو مریض کے دل میں ایک وہم ہو جاتا ہے کہ میں ایک لا علاج مرض میں مبتلا ہوں اور حکیم صاحبان بھی تمام علامات کو مد نظر نہیں رکھتے کہ مریض کے تمام اعضا کے افعال کو درست کریں یا مریض اتنا وقت نہیں دیتے کہ لائق طبیب کو اپنا معالج سمجھیں وہ یہ ہی کہتے ہیں کہ رات آرام کی گذر جائے اور نت نئے نا تجربہ کار لوگوں سے علاج دریافت کرتے ہیں اس طرح مرض اور بھی مزمن ہو جاتا ہے لیکن یہ مرض کئی کئی سال کے مریضوں کی بھی دور ہوتی دیکھی ہے۔ کئی مریضوں نے مجھ سے ذکر کیا کہ میں بیس سال دمہ میں مبتلا رہا ہوں لیکن آپ ۱۰ سال سے بالکل آرام سے ہوں۔ وغیرہ وغیرہ۔

**علامات:** جس طرح بھاگنے سے یا تیز چلنے سے جلد جلد سانس آنے لگتا ہے اسی طرح اگر کسی کو آرام سے بیٹھے ہوئے یا لیٹے ہوئے کو سانس تیزی سے آنے لگ جائے تو سمجھ لیں کہ اس کو مرض ضیق النفس ہے۔ اور دورہ کے ساتھ آتا ہے اس میں پھیپھڑوں کی باریک نالیوں میں تشنج ہو کر سانس تنگی سے آتا ہے اور اس کی دو قسمیں ہیں۔

**اقسام:** تر اور خشک۔ خشک دمہ میں صرف ہوا کی نالیوں اور عضلات تنفس میں تشنج ہوتا ہے جس سے سانس مشکل سے آتا ہے اور مرطوب دمہ میں تشنج کے علاوہ ہوائی نالیوں میں بلغم جمع ہو جاتا ہے جس سے سانس مشکل سے آتا ہے جب نزلہ مزمن ہو جاتا ہے تو قوت ہاضمہ بھی کمزور ہو جاتی ہے جس کمزوری کی وجہ سے خون کی پیدائش کم ہو جاتی ہے۔ پھیپھڑے نزلہ کے

مادہ کو جوان کے اندر ہوتا ہے خون کی کمی کے سبب رفع نہیں کر سکتے اور آہستہ آہستہ یہاں تک نوبت پہنچ جاتی ہے نزلہ کا مادہ زیادہ خشک اور گاڑھا ہو جاتا ہے اور پھیپھڑے روز بروز کمزور ہونے لگتے ہیں حتیٰ کہ وہ اپنے وظیفہ طبعی کو بخوبی انجام نہیں دے سکتے اور سانس کی آمد و رفت میں دقت پیدا ہو جاتی ہے جس سے دمہ پیدا ہو جاتا ہے تمام تیز، گرم اور ترش اشیا پھیپھڑوں کو ضرر پہنچاتی ہیں اور لعوقات چٹنی حبوب جو کہ منہ میں رکھ کر چوسی جاتی ہیں۔ لہٰذا منہ میں زیادہ دیر رکھنے اور ان کا لعاب نگلتے رہنے سے ان کا اثر ان نالیوں پر پڑتا ہے جس سے ان امراض کو آرام آتا ہے۔

**اسباب:** دمہ سینہ کا مرض ہے لیکن اس کے اسباب اور بھی ہوتے ہیں۔ مثلاً معدہ، امعاء، ناک، حلق، حنجرہ اور امراض رحم مثلاً بندش حیض، دائمی قبض، خرابی خون، نفسیاتی خوف ڈر وہم مایوسی وغیرہ وغیرہ اور کئی مریضوں میں کسی خاص غذا کا کھانا یا خوشبوئیں کا سونگھنا گرد و غبار اور دھوئیں سے بھی دورہ ہو جاتا ہے تمام حالات اور اسباب کو مدنظر رکھ کر تسلی سے علاج کرنے اور مریض کا حوصلہ بڑھانے کی کوشش کرنے سے مرض دمہ ہمیشہ کے لیے دور ہو جاتا ہے۔

**علاج :** قبض اور بدہضمی کا خاص خیال رکھیں۔ نزلہ اگر ہو تو اس کو دور کریں ہاضمہ کو قوی بنا دیں اور اگر خون کم ہو تو پیدا کریں۔ اگر حمل سبب ہو تو رفع حمل کے بعد دمہ بھی رفع ہو جاتا ہے۔ گلے کی بیماریاں یا ناک کے اندر ورم بواسیر انف بھی سبب ہے۔ عورتوں میں امراض رحم ان کو دور کریں اور ساتھ دمہ کا بھی خیال رکھیں۔ ورم جگر ورم طحال امراض گردہ تمام امراض کا خیال کریں اور ساتھ ان کی اصلاح بھی کریں۔

دمہ کا مریض جب آ کر بیان کرے تو سوال کریں کہ بلغم گاڑھی یا پتلی ہے گلا خراب تو نہیں رہتا۔ ناک میں رسولیاں یا ناک بند رہتا ہے یا نہیں عورت ہو تو امراض نسوانی کے سوال کر کے نتیجہ پر پہنچ کر علاج اور مریض کو حوصلہ دیں۔ غذا اور پرہیز کی پابندی کریں۔ انشاء اللہ مرض پر کامیابی ہوگی۔

## (۶۴۵) ہشتاد سالہ

مریض عمر ۸۰ سال کو نزلہ و زکام کا دائمی مرض تھا اس کے بعد شدید حملہ ہوا اور سانس میں خرابی آ گئی۔ اس کے لیے یہ شربت تجویز کیا جس کا ذکر کھانسی کے ذیل میں بھی ہوا ہے۔

**ھوالشافی :** عناب ۳۰ دانے۔ لسوڑیاں دس دانے۔ ملٹھی زوفہ ۳-۳ تولہ۔ خطمی۔

خبازی۔ گل بنفشہ ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ انجیر ۲۰ دانے پرسیاؤشاں۔ بانسہ ۲ تولہ پانی ڈیڑھ سیر میں بھگو کر صبح جوش دیں۔ جب ایک سیر رہ جائے تو چینی ایک سیر ملا کر شربت تیار کریں۔

**خوراک :** ۲۔۲ تولہ صبح، دوپہر، شام آب گرم میں حل کر کے پلائیں اور دن رات میں کئی بار چٹائیں۔ دس روز پلا کر مسہل دیا گیا اس سے دورہ بھی موقوف ہو گیا اور پیٹ بھی صاف ہو گیا میں نے اس شربت سے کھانسی۔ نمونیہ اور دمہ کے کئی مریض ٹھیک کئے۔ لاجواب شربت ہے۔ متواتر پچاس سال سے تجربہ میں آ رہا ہے۔

## (٦٤٦) کلونجی

اسی طرح ایک مریض کو دورہ ایک ماہ سے تھا تو کلونجی باریک کر کے شہد سہ چند میں ملا کر معجون بنا کر ٦۔٦ ماشہ دن رات میں چار بار کھلائی گئی جس سے مریض کا دورہ موقوف ہو گیا اس کے بعد اوپر والا شربت بنا کر دیا گیا اور دس دن پلا کر یہ مسہل دیا گیا۔

## (٦٤٧) مسہل

سقمونیہ۔ تربد سفید۔ سنا مکی ایک ایک ماشہ۔ سفوف بنا کر قدرے گھی سے چرب کر کے دیا گیا اس سے مریض کو ۱۰ اسہال ہوئے اس کے بعد معجون فلاسفہ ڈیڑھ تولہ صبح کو اور بعد دوپہر جوارش جالینوس ۷ ماشہ۔ اور رات کو حب کچلہ ایک عدد دیا گیا اور سینہ پر روغن گل کی مالش کی گئی اس سے مریض کو پورے ٦ ماہ دورہ نہ ہوا۔

## (٦٤٨) گولیاں

مریض عمر ٦۰ سال ایک عرصہ سے دمہ کا مریض تھا وہ ایک دفعہ میرے پاس آیا وہ رشتہ داروں میں سے تھا اس نے مجھ سے ذکر کیا میں کئی سال سے دمہ کا مریض ہوں لیکن کوئی دوا فائدہ نہیں دیتی میں نے بطور تجربہ آٹھ گولیاں دے دیں ایک ماہ کے بعد مریض ملا کہنے لگا کہ مجھ کو تمام عمر اتنا فائدہ کسی دوا سے نہیں ہوا۔ وہ گولیاں یہ تھیں۔

**ھوالشافی :** سم الفار سفید ۳ ماشہ۔ افیون خالص ۳ ماشہ۔ باریک کر کے ایک شیشی میں بند کر کے کسی کوڑے کرکٹ کے ڈھیر میں دفن کریں چالیس دن کے بعد نکال لیں۔ سم الفار افیون کا مرکب مومیا شدہ ملے گا۔ اس کی گولیاں باجرہ کے دانے سے ذرا بڑی بنالیں اور ایک گولی شام کے وقت ملائی (بالائی) ۵ تولہ میں لپیٹ کر کھالیں۔ نسخہ تو یہ مقوی باہ دافع جریان

عرت ہے بلکہ ایک حکیم کا ذریعہ معاش ہی یہ نسخہ تھا اس کو تیار کر کے رکھتا لوگ دور دور سے آ کر لے جاتے۔ اس کا مجرب تھا۔ بطور تجربہ صاحب کتاب نے بھی ایسے ہی لکھا ہے اور میں نے بھی دے کر تجربہ کیا یہ نسخہ مجرب ہے بشرطیکہ بلغمی دمہ ہو کیونکہ سم الفار پرانی امراض میں اکسیر کا حکم رکھتا اور افیون دافع نزلہ و کھانسی ہے کمزوری کو بھی دور کرتا ہے۔

## (۶۴۹) مالش

ایک مریضہ دس بارہ سال سے کھانسی اور سانس کی مریضہ تھی اس کو اوپر والا شربت بنا کر دیا گیا اور سینہ پر یہ مالش روزانہ کرنے کو کہا۔

**ھوالشافی:** میٹھا تیل ایک پاؤ میں موم چار تولہ ڈال کر آگ پر رکھیں جب پگھل جائے تو نیچے اتار کر چار تولہ سندھور ملا کر کسی لوہے کی تار سے سرد ہونے تک ہلاتے رہیں سرد ہونے پر سنبھال لیں۔ صبح یا رات کو قدرے گرم کر کے مالش کر کے روئی باندھ دیں۔ اس طرح کرنے سے مریضہ کو کھانسی کے ساتھ سیاہ اور سرخی مائل بلغم کے ٹکڑے خارج ہونے شروع ہو گئے اور کھانسی قدرے بڑھ گئی۔ مریضہ کے خاوند کو تسلی دی کہ کھانسی بڑھنے سے بھی بلغم خارج ہوتی ہے۔ مریضہ کو تسلی ہو گئی کہ جو سانس میرا کبھی ٹھیک نہیں ہوتا تھا اب ٹھیک ہے۔ دو تین بوتل پلانے اور مالش کرنے سے دائمی کھانسی اور دمہ کی تکلیف بالکل ٹھیک ہو گئی۔ کئی بار ملی۔ نسخے اور علاج کی تعریف کی اسی دو تین مریضاؤں کو دمہ کے ساتھ بندش حیض کی تکلیف تھی ان کو دورہ توڑنے کے بعد ساتھ ہی مدررات استعمال کرئیں مثلاً مطبوخ قرطم۔ اور شربت ہفت دورہ سے حیض بھی ٹھیک ہو گیا دمہ بھی دور ہو گیا اور ساتھ ہی بانجھ پن دور ہو گیا اور ان کے بچے کھیلتے دیکھے۔

## (۶۵۰) چینی

ایک عطائی آدمی سے دور چار دمہ کے مریضوں نے دوا لی ان کو شفا ہو گئی میں اس کے پاس گیا اور نسخہ کے متعلق ذکر کیا۔ وہ اپنے بال بچوں کا علاج مجھ سے کرواتا تھا۔ اس نے فوراً بتا دیا۔

**ھوالشافی:** سم الفار سفید ایک ماشہ۔ چینی سفید ۲ تولہ میں ملا کر بارہ گھنٹہ کھرل کریں۔
**خوراک:** ایک رتی دوا حلوہ مکھن ملائی گھی ۵ تولہ سے کھائیں فرمانے لگے بس یہ ہی نسخہ ہے

اُس وقت مجھ کو موجد طب جدید شاہدروی حکیم احمد دین کی بات یاد آ گئی انہوں نے لکھا ہے کہ اس وزن کے نسخہ سے فالج، استرخا، لقوہ، کمی باہ، پرانی کھانسی، نوبتی تپ اور پرانی ہٹیلی امراض مثلاً ضیق النفس دور ہو جاتے ہیں یہ ان کا سفوف سمی نمبرا ہے۔ از ملفوظات طب جدید۔

## (۶۵۱) معجون زوفہ از قرابادین مجددی

**ھوالشافی:** زوفہ۔ ملٹھی۔ پرسیاؤشاں ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ مغز بادام۔ تخم السی۔ مغز چلغوزہ ہرایک ساڑھے دس دس ماشہ۔ فلفل سیاہ۔ سونف۔ پودینہ۔ جڑ سوسن ہرایک ساڑھے تین تین ماشہ۔ شہد سہ چند۔

**خوراک:** ۹-۹ ماشہ۔ ہمراہ عرق گاؤزبان وسونف سے دیں یا خمیرہ بنفشہ گرم پانی میں حل کر کے دیں مخرج بلغم ہے اور ضیق النفس کو لاجواب ہے۔ آجکل سوسن نایاب ہے۔ اس کی بجائے بانسہ یا جڑ پان شامل کرلیں یہ امراض سینہ کھانسی کی مفید دوا بن جاتی ہے۔

## (۶۵۲) حکیم دلبر حسن

صاحب لب المجربات حکیم دلبر حسن خان بھٹی بانی پرنسپل بھوپندرا طبیہ کالج پٹیالہ تحریر فرماتے ہیں کہ مزمن مرض ضیق النفس میں سم الفار سفید ایک تولہ کو مثل سرمہ باریک کریں اور افیون ۳ ماشہ۔ مصبر ۳ ماشہ۔ ملا کر خشک کھرل کرتے رہیں کہ مثل سرمہ ہو جائے پھر اس میں بادام روغن قطرہ قطرہ ڈالتے جائیں کہ پورا تین تولہ بادام روغن جذب ہو جائے تیار ہے اس سے تنکہ ڈبو کر پان پر لگا کر چاٹ لیں یا مکھن ملائی میں لگا کر کھائیں میں کہتا ہوں کہ بعد میں مذکورہ شربت کی ایک بوتل پلا کر مسہل دے کر اس نسخہ کو تیار کر کے دینا یا بلغم کا منضج پلا کر مسہل دے کر ایسے نسخوں کے کھلانے سے مرض دمہ جڑ سے دور ہوسکتا ہے اور تمام گذری طاقتیں بحال ہوسکتی ہیں انشاء اللہ یہ بھی لاجواب نسخہ ہے۔

## (۶۵۳)

جس نسخے کا میں اب ذکر کرنے لگا ہوں یہ نسخہ تو ایک قرابادینی ہے لیکن طب جدید شاہدروی والے حکیم احمد دین کے بھتیجے اور حکیم مختار احمد نے اس کا خوب تجربہ کیا بلکہ اس کو بذریعہ اشتہارات فروخت کر کے خوب پیسے کمائے۔ ادھر میں نے بھی اس کو تجربہ کیا ہے لاجواب ہے۔

**ھوالشافی :** شنگرف رومی ایک تولہ۔ مگھاں ۲ تولہ دونوں کو باریک کر کے پانی کی مدد سے یا دودھ گائے کی مدد سے ٹکیہ بنا دیں اور خشک ہونے پر گھی گاؤ ۱۰ تولہ ڈال کر پکائیں کہ ٹکیاں سرخ سیاہی مائل ہو جائیں تو نکال کر محفوظ رکھیں۔

**خوراک :** ۲ رتی سے ۳ رتی تک سادہ پان پر رکھ کر کھلائیں اور گھی کی جس میں ٹکیہ تلی ہیں سینہ پر مالش کریں۔ اس سے بلغمی رطوبات کم ہو جائیں گی خشک دمہ والے کو نہ دیں۔ چودہ دن کھلا کر چند دن ناغہ کریں اس دوا کا میں نے بھی تجربہ کیا ہے قرابادین میں اس کو کل بلغمی امراض میں مفید لکھا ہے۔ تجربہ میں ایک حکیم جو کہ سندھی تھے تصدیق کی ہے۔ حکیم صاحب جو کہ اپنے وقت کے لقمان تھے اور پرچہ بھی ''لقمان'' کے نام سے نکالتے تھے انہوں نے بھی اس کا اشتہار دیا تھا اور دمہ توڑ کے نام سے اس کو اشتہارات کے ذریعہ سے فروخت کرتے رہے انہوں نے اس طرح لکھا ہے کہ اسی طرح ٹکیاں چار عدد بنا کر گھی میں تل لیں لیکن پہلے بانسہ کے گل کا پانی ۲ تولہ اور گل تمباکو کا پانی ایک تولہ ملا کر گھی میں پکا لیں۔ تمباکو اور بانسہ کا اثر گھی میں آ جائے گا۔ تیار ہے۔

**خوراک :** ایک رتی پان میں رکھ کر چوسیں اور تھوک نگلتے جائیں اس سے سینہ کی بلغمی جھلی سے بلغم دور ہو گی جمع شدہ خارج ہو گی اور آئندہ بنی رک جائے گی پرانی بلغمی کھانسی کو بھی مجرب ہے۔ مدت کورس ۱۰ یوم۔

**نوٹ :** اگر گل تمباکو تازہ اور بانسہ نہ ملے تو تمباکو اور بانسہ کا جوشاندہ ملا کر تیار کر لیں۔ تمباکو بھی دافع بلغم ہے اور بانسہ بھی امراض صدر میں مانی ہوئی دوا ہے۔ حکیم صاحب نے ہر دوائی اس نسخہ میں شامل کر دی ہے۔ (مؤلف)

## (۶۵۴) تمباکو

تمباکو کے متعلق اور تجربہ بھی ہے کہ ایک حکیم صاحب کا سانس خراب ہو گیا انہوں نے منہ میں قدرے تمباکو رکھ لیا دورہ فوراً دور ہو گیا اب انہوں نے کئی مریضوں کو بتایا اور ایک رسالہ والے نے اس کا شربت بنا کر پلانا مجرب لکھا ہے۔

**طریقہ تیاری :** شیرہ برگ تمباکو سبز ایک پاؤ۔ قند سفید ایک پاؤ سے قوام بنا لیں۔

**خوراک :** ایک تولہ سے دو تولہ تک کم قوت والے کو کم دیں اس سے قے آئے گی اور پانچ دن میں دمہ دور ہو گا اس کو حافظ علامہ خلیل احمد انصاری وائس پرنسپل لکھنؤ نے مجرب اور معمول

لکھا ہے۔ پرانے حکماء نے مرض دمہ میں قے لانے کو مفید لکھا ہے اور کہا ہے کہ جس طرح معدہ اور امعا اسہال سے صاف ہوتے ہیں اسی طرح پھیپھڑے قے سے صاف ہو جاتے ہیں اور ایک ماہ بعد قے کرانا مرض دمہ میں مفید ہے اور حکیم عبداللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ روڑی والے نے اس طرح تحریر فرمایا ہے کہ مرض دمہ میں جو کہ بلغمی ہو قے اس طرح کرائیں کہ ریوند عصارہ ایک ماشہ سے ۲ ماشہ اگر قوی جثہ ہو تو گلقند میں ملا کر کھلائیں اس سے قے ہو جائے گی بلکہ اسہال بھی آ جائیں گے گویا کہ سینہ اور معدہ و امعا دونوں صاف ہو جائیں گے۔ اگر زیادہ آئیں تو بند کر دیں۔ اس کے لیے سفوف ٹھنڈک ایک ماشہ سے دو ماشہ تک کھلائیں ایسا کرنے سے مدت تک دورہ نہ پڑے گا۔ اس کے دوسرے دن بے چینی ہو تو گلقند ۵ تولہ۔ سونف ۲ تولہ گھوٹ کر پلائیں اس سے بے چینی بھی دور ہو جائے گی۔ اور ماہ اسوج اور چیت میں دینا افضل ہے دوسرے موسم میں سوائے سخت ضرورت کے نہ دیں اور کمزور مریضوں کو بھی دینے سے پرہیز کریں اور اگر مریض کا جسم قبول کرلے تو دے دیا کریں۔ ویسے مجرب ہے۔

نوٹ: اگر آپ تمبا کو نہ ملے تو جوشاندہ تمباکو سے شربت بنالیں تمباکو اعلیٰ قسم کا کڑوا ہو

از رسالہ فیصل آباد۔

## (۶۵۵) بیخ مدار

قیام پاکستان سے قبل کی بات ہے کہ ہمارے گاؤں کے نزدیکی قصبہ جھراں میں ایک ڈاکٹر جینی کے نام سے ہسپتال میں انچارج لگ گیا وہ دمہ کے مریضوں کو ایک دوائی اپنے پاس سے دیتا تھا اور کہتا تھا کہ یہ ہمارا خاندانی نسخہ ہے وہ مفت ہی دے دیتا۔ فائدہ ہونے پر مریض کچھ دیتا تو لے لیتا۔ ایک حکیم صاحب جو کہ اس قصبہ میں رہتے تھے انہوں نے نسخہ پوچھ لیا وہ یہ تھا آک کی جڑ جو کہ انگل کے برابر ہو لے کر کتر لیں اور خشک ہونے پر سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۲ رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ مناسب بدرقہ یا پان میں رکھ کر چوسائیں اس سے بلغمی مریضوں کو فائدہ ہو جاتا۔ یہ بھی ایک صدری راز تھا جو کہ میں مدت سے جانتا ہوں اب کتاب کی نظر کر دیا ہے۔ اللہ شافی۔

خرگوش کے امراض سینہ میں مفید ہونے میں نئے اور پرانے تمام اطباء متفق ہیں۔ قیام پاکستان سے پہلے ایک بچی دو سالہ کو سخت نمونیہ ہو گیا تو ایک عورت نے خرگوش کا خون پلانے کا مشورہ دیا گیا کسی کے گھر سے خون سے بھیگی ہوئی روئی لائی گئی اور پانی میں گھول کر پلائی گئی

اس لڑکی کو فوراً شفا ہوگئی جس سے اندازہ لگ گیا کہ واقعی اس میں شفا کی تاثیر موجود ہے اس کا شوق تھا پھر ۱۹۴۴ء میں کتاب حاذق جو کہ حکیم شریف خان کے خاندان (حکیم دانت طب کا شوق) کی تصنیف ہے۔ اس کے بچوں کے باب میں ایک واقعہ پڑھا کہ حکیم مذکور اجمل خان رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ایک صاحب اپنی اہلیہ کو لے کر حاضر ہوئے اور کہا اس کے سات بچے مرض ڈبہ میں فوت ہو چکے ہیں تو حکیم اجمل رحمۃ اللہ علیہ نے ان کو کہا کہ حمل کی حالت میں ہفتہ میں ایک بار دو خرگوش کا گوشت حاملہ کو کھلایا جائے پھر بچہ پیدا ہونے پر بھی اس کو جاری رکھا جائے اور ایک قطرہ خون خرگوش بچہ کو ہفتہ میں ایک بار دیا جائے چنانچہ ایسا ہی کیا گیا تو اس حمل والے بچہ کو مرض ڈبہ نہ ہوئی اور وہ جوان تندرست ہو گیا اور اس کا نام اجمل رکھا گیا اس حکایت سے بھی معلوم ہوا کہ امراض سینہ میں یہ طریقہ لاجواب ثابت ہوا۔ علامہ طبری جو کہ قدیم حکما میں سے ہیں وہ لکھتے ہیں کہ خرگوش کے بالوں کی دھونی پھیپھڑے کی رطوبتوں کو خارج کر دیتی ہے اور اس کے درد کو نفع دیتی ہے۔ پھر کتابوں میں کئی نسخے بچوں کے ڈبہ کے پڑھے جن میں خرگوش کے خون سے گولیاں بنانی لکھیں ۱۹۵۳ء میں لقمان کے ایک پرچہ خاص نمبر میں ایک ڈاکٹر جگت سنگھ کی طرف سے ایک نسخہ شائع ہوا کہ زندگی چند روزہ ہے اپنی یادگار کے طور پر ایک نسخہ چھوڑ رہا ہوں جس سے تپ دق کے جرثومے محض ایک خوراک سے مردہ ہو جاتے ہیں۔

**ھوالشافی:** نسخہ جنگلی خرگوش لے کر ایک شیشہ کی طشتری پر رکھ کر ذبح کریں۔ ۲ تولہ سے ڈھائی تولہ تک خون نکلے گا اس کو گرم دودھ میں ملا کر مریض کو پلائیں اور بعد میں کوئی مسہل دے دیں اور مریض کے پاخانہ کو جو کہ ایک گڑھا میں جو کہ تین فٹ گہرا ہو اس میں چونا ڈال کر مٹی ڈال دیں اس کے بعد مناسب دوا دے دیں۔ دق کے جراثیم اس کے جسم سے خارج ہو چکے ہوں گے اس کے بعد پتا چلا کہ فلاں گاؤں میں ایک شخص دوائی دمہ خیرات کرتا ہے وہ خرگوش کے سر میں دوا بناتا ہے اس کے پاس ملنے گیا اور نہ مل سکا لوگ اس وہ اسے شفایاب ہو جاتے ہیں پھر ایک کتاب قرابادین مجددی نظر سے گزری جس میں اس طبیب نے لکھا کہ خرگوش کے تمام اجزا سینہ میں مجرب ہیں ایک دو نسخے بھی لکھے۔

## (۲۵۶) خرگوش

**نسخہ نمبر ۱:** خرگوش کا سر ایک عدد لے کر اس میں لونگ اکیس عدد اور جائفل دو عدد منہ

کی طرف سے ڈال کر سی دیں اور کوزہ میں بند کر کے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں اور کوزہ سے جو کچھ برآمد ہو ۲۔۲ رتی بتاشہ میں رکھ کر کھلائیں اس سے اوپر والے نسخے کی تصدیق ہوگئی۔

**نسخہ نمبر ۲:** خرگوش کا سر گوشت سے پاک کر کے ایک دیگچی میں ڈال دیں اور ایک تولہ نوشادر باریک کردہ بھی ڈال کر منہ بند کر کے پکائیں جل کر خاکستر ہو جائے تو اس کے برابر چینی ملا کر ایک ایک ماشہ صبح وشام کھلایا کریں ایک مریض لڑکا دواخانہ میں لایا گیا اس کے گلے میں ایک ٹکڑا خرگوش کے کان لٹکایا ہوا تھا تو اس کی والدہ نے کہا کہ خرگوش کا کان گلے میں لٹکانے سے ڈبہ دور ہو جاتا ہے اب میں ایک لاجواب نسخہ کا ذکر کرنے والا ہوں جو کہ خرگوش سے تیار ہوتا ہے قریباً تیس میل سفر کر کے ایک بوڑھے حکیم کے پاس گیا۔ حکیم صاحب نے مہربانی فرمائی اور اپنے دس عدد معمولات نسخے بتا دیئے۔ اس کے بعد میں اس حکیم کے بیٹے کے پاس گیا جو کہ اسی گاؤں میں تھا انہوں نے کہا کیا کہ اباجی سے دمہ کا نسخہ بھی پوچھا ہے میں نے کہا نہیں فرمانے لگے وہ نسخہ ضرور پوچھ لیں وہ بہت مجرب ہے میں نے کہا اب جانا اچھا نہیں پھر آن کر پوچھ لوں گا اتفاق ایسا ہوا کہ گاؤں کے باہر اسی حکیم کا دواساز جو کہ ہمارے گاؤں کا تھا اس کے پاس ایک مریض لے کر جا رہا تھا ملا اور پھر دوبارہ جانے کو کہا میں نے انکار کیا اور اس نے اصرار کیا خیر میں پھر اس کے ساتھ چلا گیا حکیم صاحب پھر خوش ہوئے اور کہنے لگے یہ کہاں تھے میں نے کہ ابھی باہر ہی گیا تھا آگے سے آ رہے تھے اس کے بعد میں نے دمہ کے نسخہ کا ذکر کیا فرمانے لگے تجھ کو کس نے بتایا ہے میں نے کہا آپ نسخے کا ذکر کریں پھر انہوں نے تیار کیا ہوا نسخہ دکھایا اور کہا کہ یہ تیار ہے اور نسخہ کے متعلق کتاب کا ذکر کیا اور پوچھا کہ کیا وہ کتاب تمہارے پاس ہے۔ میں نے کہا ہے فرمانے لگے اس سے دیکھ کر تیار کر لیا کریں۔ نسخہ کے مجرب ہونے میں شک نہیں میں کئی بار تیار کر کے استعمال کر چکا ہوں۔

**ھوالشافی :** نمک لاہوری۔ نمک سانبھر۔ نمک سونچل ہر ایک ۵۔۵ تولہ۔ شورہ قلمی۔ نوشادر ٹھیکری ۱۰۔۱۰ تولہ۔ باریک کر کے ملا لیں اور ایک جنگلی خرگوش کو ذبح کر کے اس کا تمام خون کسی برتن میں لے کر اور یہ اجزاء اس میں لت پت کر لیں اور خرگوش کے پیٹ سے انتڑیاں ومعدہ نکال کر دوا کا آدھا حصہ اس میں ڈال دیں اور اس کے اوپر سم الفار سفید ۶ ماشہ باریک پیس کر ڈال دیں اور باقی ادویہ اس کے اوپر ڈال دیں اور خرگوش کا پیٹ سی دیں اور مٹی کی ہانڈی میں رکھ کر اوپر پیالہ اوندھا کر دیں اور گل حکمت کر کے اس کو چولہے پر رکھ کر نیچے

بیری کی لکڑی کی آگ خوب تیز سولہ پہر تک جلاتے رہیں پھر سرد ہونے پر کھول کر جو کچھ پیالہ میں لگی ہوئی ہو اور نیچے تہہ جو کہ کچھ ہو نکال کر باریک کر لیں۔ تیار ہے۔

**خوراک :** ۴ رتی دیسی کھانڈ میں رکھ کر کھلائیں اور غذا صرف روغنی چوری یعنی دیسی گھی کی بنائی ہوئی دیں باقی سب اشیا سے پرہیز۔ سات روز تک یہی کھلا کر پھر مریض کو ایسی چیزوں کا استعمال کرائیں جو اس کے مخالف ہوں یعنی جن کے استعمال سے مریض کا دورہ پڑتا ہو اگر مریض کو دورہ نہ پڑے تو اس کو پرہیز کی ضرورت نہیں ویسے دوا ایک ماہ مزید استعمال کرائیں اگر خدانخواستہ دوبارہ دورہ پڑ جائے تو نئے سرے سے عمل شروع کریں اور پورے چالیس دن استعمال کرائیں تاحین حیات مرض عود نہ کرے گا حکیم مذکور نے اس کی تسلی دی ہے۔

## (۶۵۷) شربت امراض صدر

یہ ایک بڑے دواخانہ کا معمول مطب ہے اور کئی سالوں سے مشہور چلا آ رہا ہے اسی نام سے شہرت دیتا ہے اور مندرجہ ذیل فوائد بیان کرتا ہے نزلہ و زکام اور اس سے پیدا ہونے والی سب بیماریوں کے لیے یہ شربت بے حد مفید ہے۔ بگڑے ہوئے نزلہ و زکام کو درست کرتا ہے اور اس کے بار بار حملوں کو روکتا ہے۔ ہوائی نالیوں میں بھرے ہوئے بلغم کو نکال پھینکتا ہے کالی کھانسی، بلغمی کھانسی، دمہ، نمونیہ اور خشک ٹھسکہ دار میں بے حد مفید ہے۔ پھیپھڑوں سے خون کی آمد کو روکتا ہے۔ اس کے علاوہ گلے کا درد، حلق کا ورم اور خناق کا ورم اور کن پھڑوں کو بھی مفید ہے۔ میرے کئی دوستوں نے اس کو تیار کر کے مفید پایا ہے۔

**ھوالشافی :** گل گاؤزبان پونے تین تولہ۔ گاؤزبان۔ تخم السی۔ ابریشم مقرض۔ ملٹھی۔ پرسیاؤشاں۔ اجوائن دیسی۔ سونف۔ ہر ایک سوا سوا تولہ۔ عناب پونے چار تولہ۔ کوکنار۔ تخم خطمی ہر ایک سوا دو دو تولہ۔ سپستان سوا تین تولہ۔ بہی دانہ ایک تولہ۔ سب ادویہ کوفتہ نیختہ کر کے پانی میں بھگو کر جوشا دیں اور چینی ملا کر شربت بنا دیں۔ (پانی ڈھائی سیر ڈال لیں اور پکا کر چینی ڈیڑھ سیر ملا کر شربت بنا دیں) اصل نسخہ میں بانسہ نہیں لیکن بانسہ چار تولہ شامل کر لیں۔

**فوائد :** مذکورہ بالا جو کہ اشتہار میں لکھے ہوئے ہیں۔

**طریقہ استعمال :** ۲۔۲ تولہ شربت میں عرق گاؤزبان حالت دورہ میں تین تین گھنٹہ کے وقفہ سے دیں اس سے عموماً دورہ موقوف ہو جائے گا اس کے بعد شربت مذکور ۲ تولہ میں

عرق گاؤزبان ۵ تولہ لیں۔ شیر گاؤ ۵ سے ۱۰ تولہ ملا کر صبح و شام پلائیں۔ پندرہ روز کے بعد رات کو قرص ملین چار عدد کھلائیں اور صبح کو کیسٹر آئل چار تولہ دودھ گائے میں ملا کر پلائیں اس سے اسہال آئیں گے اس کے بعد پھر شربت عرق گاؤزبان اور شیر گاؤ ملا کر پلاتے رہیں۔ پندرہ روز کے بعد پھر اسی طرح مسہل دیں اس طرح ڈیڑھ ماہ کرتے رہیں انشاء اللہ مادہ مرض پک کر اسہال کے ذریعہ سے خارج ہو جائے گا یہ طریقہ حکیم اجمل خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا کمزوری دور کرنے کے لیے کشتہ سونا معجون راحت المومنین میں رکھ کر کھلائیں اس کے علاوہ خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا یا عام کمزوری میں خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا بھی مجرب ہے۔ وقفہ کے زمانہ میں مقوی اعصاب ادویہ کھلائیں تاکہ دوبارہ دورہ پڑنے سے مریض طاقت پیدا ہوگئی ہو اور دوبارہ مرض کا مقابلہ کر سکے اور اخراج بلغم کے لیے لعوق حب الصنوبر بھی لاجواب ہے۔

## (۶۵۸) شاہکار جمیل

۱۹۴۶ء میں حکیم عبدالرحیم صاحب جمیل گجرات والے نے پرچہ میں شائع کیا اور حکما سے درخواست کی کہ اپنے اپنے مجربات ارسال کریں کہ میں نے ''شاہکار جمیل'' کے نام سے ایک کتاب شائع کرنی ہے لوگوں نے نسخہ جات بھیجنے شروع کر دیئے اور تین سال کے بعد کتاب شائع ہوگئی اور ہم تمام خریداروں کو پہنچ گئی اس کتاب میں ایک نسخہ دمہ کے لیے حکیم اشتیاق احمد صاحب آزاد بریلی کی طرف سے بھیجا گیا بھی شائع ہوا۔

**ھوالشافی:** مین پھل حسب ضرورت لے کر سرمہ کی مانند باریک کریں اور مریض دمہ کو دورہ کے وقت شربت زوفا مرکب ۲ تولہ میں ملا کر پندرہ پندرہ منٹ کے بعد چٹائیں ادھر دوا حلق میں جائے گی ادھر بلغم نکلنی شروع ہو جائے گی عرصہ تک استعمال کرنے سے دورہ پڑتا ہی نہیں یہ نسخہ انہیں الفاظ سے شاہکار جمیل طبع اول کے صفحہ ۱۸۲ پر شائع ہوا لیکن ملتان کے ایک طبیب جو کہ پروفیسر اسلامیہ طبیہ کالج ملتان کے ہیں انہوں نے اس کا تجربہ کیا۔ اور ایک چیز اضافہ کر کے اپنی کتاب میں ص شائع کیا۔ شربت زوفہ مرکب یہ ہے۔

**ھوالشافی:** برگ گاؤزبان۔ بادرنجبویہ۔ گل بنفشہ۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ ابریشم مقرض۔ ملٹھی۔ پرسیاؤشاں۔ مویز منقیٰ۔ انجیر۔ جڑ سونف ۲۔۲ تولہ۔ لسوڑیاں ۵۰ دانے۔ زوفہ خشک بارہ تولہ پانی تین سیر ملا کر جوش دیں جب پانی آدھا رہ جائے تو پن کر ڈیڑھ سیر چینی ملا کر شربت بنا لیں بس تیار ہے۔ حکیم صاحب ملتان والے نے کہا ہے کہ اس میں بانسہ ۱۰ تولہ ملا

لیں تو بہتر ہے اور کہا ہے کہ مرض دمہ کے دور کرنے میں میرا مجرب ہے۔ اگر بانسہ ملائیں تو شربت میں کھانڈ دو سیر ملائیں یہ نسخہ امراض سینہ کے لیے از حد مفید ہے۔ مین پھل سے بلغم پتلی ہو کر نکل جائے گی کیونکہ مین پھل کے خواص میں لکھا ہے کہ یہ محلل۔ منضج و مفجر اورام قے آور اور مسہل بلغم ہے اور مین پھل کو باریک کر کے کھلا کر اوپر سے آب گرم پلانے سے دس منٹ میں قے آ کر بلغم خارج ہو جاتی ہے۔

(۲۵۹)

مرض دمہ کو دور کرنے کا لاجواب کورس جو کہ ایک مشہور و معروف حکیم کا معمول مطب نسخہ ہے صاحب نسخہ کو ملنے گیا تو وہ تو فوت ہو چکے تھے ان کے رشتہ داروں کو ملا اور نسخہ کی تصدیق کی انہوں نے بھی کہا ہمارا بھی مجرب ہے اور نسخہ عطا کرنے والے نے بھی اس کو مفید پا کر کتاب میں شائع کرنے کو کہا۔

**ھوالشافی:** سم الفار سفید ۶ ماشہ۔ طباشیر نقرہ ۴ تولہ۔ نمک پھٹکنڈا۔ نمک بانسہ۔ دانہ الائچی خورد ایک ایک تولہ۔ باریک مثل سرمہ کریں اور ملا کر چار پہر کھرل کر کے رکھیں۔

**خوراک:** ناشتہ کے بعد ایک رتی مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر دیں۔ دن میں صرف ایک بار اس کے دوران میں دودھ گھی اور بالائی بکثرت کھلائیں اگر گرمی محسوس ہو تو درمیان میں ایک دن کا ناغہ کر لیا کریں موسم گرما یا مریض کا مزاج گرم ہو تو شربت بنفشہ یا شربت زوفہ دونوں ملا کر پلایا کریں تاکہ دوا برداشت ہو سکے۔ قبض کی حالت میں معجون ملین یا لعوق خیار شنبر کھلائیں۔ اگر دوا گرمی یا گھبراہٹ نہ کرے تو روزانہ استعمال کی جائے مگر سات دن کے بعد تین دن ناغہ ضرور کیا جائے جب تک مرض رفع نہ ہو دوائی استعمال کی جائے اور اس کے ساتھ ذیل کی لعوق بھی جو کہ کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔ ۶-۶ ماشہ دی جائے۔

(۲۶۰) لعوق دمہ

**ھوالشافی:** یہ لعوق دمہ کھانسی نمونیہ کل امراض صدر کو مفید ہے بلغم کو خارج کرتا ہے اور قبض بھی دور کرتا ہے۔

**نسخہ:** لسوڑیاں کوفتہ چار تولہ۔ ملٹھی۔ زوفا۔ السی کوفتہ ۲-۲ تولہ۔ نیلوفر۔ گل بنفشہ ایک ایک تولہ۔ گاؤزبان تین تولہ۔ تین پاؤ پانی میں بھگوئیں صبح کو جوش دیں آدھا رہ جانے پر اس میں

مغز فلوس شنبر ۵ تولہ حل کر دیں اور چھلنی سے چھان کر آدھ سیر چینی ملا کر قوام کریں اور بادام روغن ۵ تولہ ملا لیں اور گوند کتیرا۔ رب السوس ایک ایک تولہ ملا کر رکھیں۔

**خوراک :** ٦-٦ ماشہ دن میں دو بار دیں۔

## (٦٥٣) معجون ملین

**ھوالشافی :** سقمونیہ ٦ ماشہ۔ تربد صاف۔ دانہ الائچی خورد۔ ایک ایک تولہ۔ گلقند ۲ تولہ۔ جوارش جالینوس ۲ تولہ مربہ ہلیلہ جس کی گٹھلیاں دور کی گئی ہوں چار تولہ۔ تمام کو باریک کر کے ملا لیں۔

**خوراک :** ۴ ماشہ رات کو گرم دودھ میں ملا کر کھلائیں۔

**فوائد :** بے ضرر قبض کشا ہونے کے باوجود مقوی معدہ اور مخرج ریاح شکم ہے، خوش ذائقہ اور مقوی امعاء ہے۔ ایک حکیم صاحب کا اپنا ہی تجویز نسخہ کردہ ہے جو کہ بذریعہ اشتہارات فروخت ہو رہا ہے۔ مرض دمہ میں قبض کشائی کے لیے لاجواب ہے۔ لعوق خیار شنبر قرابادینوں میں دیکھ لیں۔

**نکات مطب :** نسخہ میں دو ایسے نمک ہیں جو کہ امراض سینہ کے لیے صدیوں سے مفید چلے آ رہے ہیں اس کے ساتھ سم الفار کا مل جانا نسخہ کو چار چاند لگا دے گا لعوق لاجواب ہے اس کا استعمال کامیابی کا ضامن ہے۔ میرے خیال میں اگر دمہ بہت ہی مزمن ہو اور بلغم بڑی ہی خراب ہو چکی ہو تو بلغم کا منضج اور مسہل دے کر استعمال کرائیں تو ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

## (٦٦٢)

ہمارے علاقہ میں ایک مشہور طبیب جو کہ عمر رسیدہ تھے وہ بلغمی کھانسی اور دمہ کے لیے ایک شربت زوفہ مرکب تیار کرواتے تھے مریضوں کو فائدہ ہوتے دیکھا اس کے بعد ایک طبیب نے مجھ سے ذکر کیا کہ کھانسی بلغمی اور دمہ کے لیے دار الشفا کتاب والا شربت مفید ہے۔ اس کو بھی تیار کر لیں۔

**ھوالشافی :** وہ کتاب شعروں میں ہے لہٰذا میں نے شعر تو نہیں لکھے البتہ نسخہ حاضر ہے۔

**نسخہ :** عناب ۳۰ دانے۔ لسوڑیاں ۳۰ دانے۔ انجیر ۲۰ دانے۔ مویز منقیٰ ۵۰ دانے۔ گل بنفشہ۔ ملٹھی۔ زوفہ۔ پرسیاؤشاں ۲-۲ تولہ۔ خطمی۔ خبازی۔ تخم کرفس۔ سونف رومی ہر ایک

ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ پانی ڈھائی سیر میں رات کو بھگو دیں۔ صبح کو جوش دیں پانی ایک سیر رہ جانے پر چھان کر ایک سیر چینی ملا کر شربت تیار کریں۔

**خوراک**: ۲۔۲ تولہ دن میں تین بار آب نیم گرم میں ملا کر پلائیں۔ صاحب دار الشفا نے اس کو دو ماہ متواتر پلانے کو لکھا ہے اور یہ بھی تاکید کی ہے کہ ہر ماہ میں ایک دن قے کرائیں اور ایک دن جلاب دیں۔ میرے خیال میں پندرہ دن کے بعد قے کرائیں اور پندرہ دن کے بعد جلاب دیں اور پورے دو ماہ شربت مذکور پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ اس طرح کرنے سے جسم کی شدھی ہو جائے گی۔ قے سے پھیپھڑے صاف ہوں گے جلاب سے انتڑیاں صاف ہوں گی۔

**غذا**: میں بھی سرد ترش اور بلغمی اشیا نہ کھائیں انشاء اللہ اگر کوئی شخص اس طرح کرے اور طبیب کی بات مان کر یہ علاج کرے تو محاورہ دمہ دم کے ساتھ غلط ثابت ہوگا۔

**نکات مطب**: اس شربت میں دو اشیا ایسی ہیں جو کہ عام شربتوں میں نہیں ہوتیں یعنی تخم کرفس اور سونف رومی۔ کرفس کاسر ریاح۔ منضج اور مدر بول وحیض ہے۔ درد قولنج۔ مروڑ۔ درد پہلو کو مفید ہے اور سونف رومی کے متعلق ایک قول یہ بھی ہے کہ بالخاصہ امراض معدہ کو مجرب ہے۔ ملطف محلل ریاح مسکن اوجاع منفث بلغم مدر بول وحیض، مدر شیر۔ دافع درد شکم، درد معدہ گردہ، مثانہ جگر وطحال کے سدوں کو کھولتی ہے، کاسر ریاح ہے اور کھانسی اور دمہ میں مخرج بلغم اور دافع تشنج ہے اس لیے مریض دمہ کے تمام راستے کھول دیتی ہے۔

## (۲۶۳) معجون مخرج بلغم برائے سعال بلغمی وضیق النفس

**ھوالشافی**: زوفہ۔ پودینہ۔ ملٹھی۔ رائی۔ فلفل سیاہ۔ تخم اوٹنگن۔ انیسون ایک ایک تولہ۔ شہد سہ چند میں ملا لیں۔

**خوراک**: ۶۔۶ ماشہ دن میں تین بار چٹانا۔ سینہ سے کھانسی اور بودار مادہ کو خارج کرنے کے لیے اطبا قدیم نے اس کو مجرب لکھا ہے۔ مثلاً طب اکبر اور علامہ حافظ جلیل احمد انصاری نے بھی اس کی تصدیق کی ہے میں نے بھی اس کو تیار کر کے مفید پایا ہے۔ نیز غاریقون۔ افتیمون ایک ایک تولہ لے کر شہد ۶ تولہ میں ملا کر ۹۔۹ ماشہ عرق گاؤزبان سے کھانا ربو کے مریض کو لاجواب ہے۔

## (۶۶۴) کنز الحکماء

اور صاحب کنز الحکماء بیان کرتے ہیں کہ پرسیاؤشاں۔ بادام تلخ۔ سونف رومی۔ تخم کرفس۔ پودینہ۔ زراوند۔ مدھرج۔ بھی ربو کے مادہ کو سینے سے نکالنے کے لیے مجرب ہیں۔

## (۶۶۵)

اس سے اوپر کے نسخے میں تخم کرفس اور سونف رومی کا ملانا زیادہ مفید ثابت ہوا۔

## (۶۶۶) قول شیخ

زعفران خالص۔ بقدر طاقت ۴ رتی سے ایک ماشہ تک کھلانا ان ادویہ میں سے ہے جو کہ سوء النفس اور سانس کی دشواری کو مفید ہے۔ کیونکہ آلات تنفس کو طاقت دیتی ہے اور سانس میں سہولت پیدا کرتی ہے۔ یہ شیخ الرئیس کا قول ہے۔

## (۶۶۷) شیخ الرئیس

پودینہ اور انجیر کو جوش دے کر پلانا۔ سینہ سے غلیظ اور لیسدار اخلاط کو قوت کے ساتھ خارج کرتا ہے یہ بھی شیخ کا قول ہے۔

## (۶۶۸) چوب چینی

چوب چینی کا مسلسل استعمال بھی ضیق النفس کو نمایاں طور پر مفید ہے۔ چوب چینی کے سات تراشے عرق گاؤزبان میں رات کو بھگو کر صبح کو جوش دیں۔ پھر چھان کر شہد ملا کر اور شیرہ مغز بادام سات دانہ کا اضافہ کر کے پلائیں۔ فاضل جلیل احمد انصاری رحمۃ اللہ علیہ کا مفید و مجرب ہے۔ غاریقون ساڑھے ۳ ماشہ کا کھانا سینہ سے دمہ کے مادہ کو خارج کرتا ہے یہ امام سویدی اور دوسرے سات حکیموں کا قول ہے۔

## (۶۶۹) لعوق پنبہ دانہ

شیخ نے ایک نسخہ لعوق حب القطن کے نام سے تجویز کیا ہے یہ سانس کی بیماریوں میں مفید ہے اور آواز کو صاف کرتا ہے۔

**ھوالشافی :** مغز پنبہ دانہ ۶ تولہ۔ دارچینی ساڑھے ۴ تولہ۔ لونگ ساڑھے ۴ تولہ۔ مغز

تخم اڈنگن ہر ایک ساڑھے چار چار تولہ۔ شقاقل ۳ تولہ۔ سنڈھ ۳ تولہ۔ کا پھل ۳
چلغوزہ۔ کتھ شیریں ۱۴ ماشہ۔ تخم السی بریاں ۱۴ ماشہ۔ مصطگی رومی ۱۴ ماشہ۔ شہد سہ چند۔

**خوراک:** ۴ ماشہ سے ۷ ماشہ تک یہ جالینوس کی ایجاد ہے قوت باہ کو مجرب ہے اس کی طاقت تین سال تک رہتی ہے۔

**فوائد:** آواز کو صاف کرتی ہے اور ضیق النفس کو مفید ہے۔ سوزش بول۔ سنگ گردہ ومثانہ کو نافع ہے اور میں نے اس کو تیار کیا اور امراض مردانہ میں بھی مفید پایا مجدد طب لقمان الملک حکیم حافظ محمد عبدالوہاب صاحب انصاری۔ عرف حکیم نابینا صاحب نے بھی اپنے مجربات میں اس کا ذکر قوت باہ کے علاج میں کیا ہے میں نے بھی تیار کیا اور مفید پایا۔

## (۶۷۰) لعوق اسپند

امام سویدی کا یہ قول بھی ہے کہ گائے کا خون خشک کر کے رکھا جائے اور مناسب مقدار میں کھلایا جائے تو یہ دمہ کے مادہ کو نکالنے میں لاجواب ہے۔

**ھوالشافی:** حرمل ۳ تولہ۔ تخم کتان ۳ تولہ۔ شہد خالص ۱۸ تولہ میں ملا کر رکھیں۔

**خوراک:** ۶۔۶ ماشہ کھلانا دمہ اور بلغمی کھانسی کو لاجواب ہے (از انصاری صاحب)

## (۶۷۱) حب لاجواب

گودا اندرائن لے کر ہمراہ شہد گولیاں بقدر دانہ جنگلی بیر بنالیں۔ ایک گولی صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ سے دیں اگر دو گولی سے اسہال آجائے تو ٹھیک ورنہ ایک اور کھلائیں تاکہ ایک اسہال اور آجائے۔

**غذا:** مرغن، روٹی شوربہ، گوشت شوربہ، نخود شلغم، کدو، توری اس کے ساتھ گھی کھلانا لازم ہے۔ اگر گھبراہٹ ہو تو دودھ گھی پلائیں یا شربت بنفشہ ۵ تولہ میں عرق گلاب، عرق گاؤزبان ۵۔۵ تولہ ملا کر پلائیں اور گرم ترش اشیا سے پرہیز کریں اس سے انشاء اللہ سینہ بھی صاف ہوگا اور پیٹ بھی صاف ہوگا ایک صاحب نے اس کو بارہا آزما کر تعریف کی ہے۔

## (۶۷۲) دعویٰ

اور ایک صاحب نے اس طرح بھی لکھا ہے کہ مریض کو پہلے تین دن غذا مرغن مثلاً دلیا گندم مرغن کھلائیں تین روز کے بعد ایک تولہ شحم حنظل کھلائیں اگر مریض طاقتور ہے تو ایک

ایک گھنٹہ کے وقفہ سے ایک ایک تولہ کھلائیں اس سے قے اور اسہال آئیں گے اور بلغم کی گانٹھیں نکل جائیں گی اگر مریض کمزور ہے تو ایک تولہ ایک تین روز کھلائیں لیکن غذا ہر حال میں مرغن رکھیں اور مریض کو اپنی نگرانی میں رکھیں کیونکہ دوا سخت ہے اس لیے ایک ہفتہ تک دودھ گھی کھلائیں اس سے انشاء اللہ مرض دمہ دور ہوگا نسخہ دعویٰ کا ہے۔

## (۶۷۳)

مولانا عبداللہ صاحب روڑی والے تحریر فرماتے ہیں کہ ہم نے کنز المفردات حصہ اول میں مور کے پر جلا کر پان میں رکھ کر کھلانے کا تجربہ مدینہ پاک کے رہنے والے ایک مریض پر کیا وہ تندرست ہو گیا اس نے کئی اور آدمیوں کو دیا وہ بھی تندرست ہو گئے۔ اب ان کے کنز المفردات کے تیسویں ایڈیشن میں اس کی تصدیق کی ہے کہ میں خود مریض تھا اور خود بنا کر کھائی راضی ہوا اور بھی کئی مریضوں کو دی تمام راضی ہوئے یہ نسخہ بھی مجرب ہے۔

**نکات مطب :** مور کے پروں میں تانبہ ہوتا ہے اور اس طرح کھانے سے وہ مقوی اثر کرتا ہوگا۔

## (۶۷۴) شواس کٹھار رس

طب آیورویدک کا لاجواب نسخہ ہے اس کو تمام وید تیار کر کے رکھتے ہیں اور تعریف کرتے ہیں۔

**ھوالشافی :** پارہ صاف۔ گندھک صاف۔ میٹھہ تیلیہ مدبر۔ سہاگہ پھلہ۔ منسل مدبر ایک ایک تولہ۔ فلفل سیاہ سات تولہ۔ زنجبیل ۳ تولہ۔ مگھاں ۳ تولہ یہ تمام ادویہ کو حسب طریق کھرل کر کے مثل سرمہ باریک کر کے رکھیں بس تیار ہے۔

**احتیاط :** پانی سے گیلا کر کے کھرل کریں کہ اڑ کر آنکھوں میں نہ پڑے اور باریک ہونے میں آسانی ہو پھر خشک کر لیں۔

**خوراک :** اگر بلغمی دمہ ہے اور کھانسی بھی ہے یا سردی کے باعث ہے یا موسم سرما ہے تو ایک سے تین رتی تک شہد آب ادرک یا آب پان میں ملا کر دن میں تین بار چٹائیں۔ اگر مریض دمہ کا مزاج صفراوی ہے اور ساتھ ہی موسم گرما ہے تو ایک تا دو رتی صبح و شام شربت بنفشہ۔ شربت شہتوت۔ شربت نیلوفر یا عرق گاؤزبان وغیرہ سے دیں۔ مصری کوزہ اور مکھن

میں بھی ملا کر دے سکتے ہیں۔ اگر مریض کا مزاج سوداوی ہو۔ خشکی رہتی ہو اور بلغم زور لگانے سے نکلتا ہو بلغم گاڑھی ہو تو اسے ایک ایک رتی صبح وشام بادام روغن اور شہد سے دیں اس کے ساتھ لسوڑیاں کی چٹنی بھی چٹائی جا سکتی ہے اور لعاب اسپغول یا بہی دانہ دینا بھی مفید ہے۔ بے ہوش مریض کو اس کی نسوار دینے سے فوراً ہوش آ جاتی ہے۔ درد پیٹ۔ گلے کا بیٹھ جانا۔ سنی پات۔ بلغمی بخار۔ نزلہ وزکام مزمن اور دمہ کی لاجواب دوا ہے لیکن اس کو مزاج دیکھ کر دینا چاہیے۔ صفراوی مزاج یا سوداوی میں سوچ سمجھ کر دیں۔ بلا سوچے سمجھے ہر مریض کو نہ دیں ایسے چیز لاجواب ہے۔ میں نے اس کو خود تیار کیا بلغمی بخار اور کھانسی کو ایک روز میں دور کر دیتی ہے۔ مشہور وید دیال کرشن اور وید جگن ناتھ دونوں اس پر بھروسہ کرتے ہیں۔

**طریقہ صفائی منسل:** منسل کو آب ادرک سے تین روز کھرل کر کے چار بار پانی سے دھو کر خشک کریں یا بکری یا گائے کے پیشاب میں ایک پہر میں ڈول جنتر سے پکائیں پھر گرم پانی سے دھو کر سکھا لیں منسل صاف ہو جائے گی داخل کریں۔

## (۶۷۵) روغن بانسہ

آیورویدک نے سینہ کے لیے کئی مرکبات تیار کیے ہیں جن میں سے ایک یہ ہے۔

**ھوالشافی:** رس تازہ بانسہ ایک سیر لے کر آدھ پاؤ روغن گائے اور آدھ سیر کھانڈ ملا کر قوام کریں اگر رس بانسہ تازہ نہ ملے تو ۱۵ ٹنگ بانسہ آدھ سیر کو چار سیر پانی میں بھگو کر جوشا دیں کہ ایک سیر پانی باقی رہ جائے تو اس پانی میں مذکورہ اشیا ملا کر قوام شہد کی مانند بنا لیں جب تیار ہو جائے تو اس میں ۱۰ تولہ باریک کردہ مگھاں کا سفوف ملا لیں جب بالکل سرد ہو جائے تو آدھ سیر شہد ملا لیں۔ دوا تیار ہے۔

**خوراک:** ۶ ماشہ سے تولہ تک چٹا کر اوپر سے دودھ نیم گرم پلائیں۔

**فوائد:** دق کی کھانسی اور دمہ کے لیے نہایت مجرب ہے۔ خاص کر جب پرانی کھانسی جو کہ خشک ہو اس کے لیے زود اثر ہے اگر کھانسی کے ساتھ خون آتا ہو تو بھی مفید ہے۔ جب بار بار کھانسی اٹھتی ہو تو اس کو تھوڑا تھوڑا چٹائیں، بچوں کی کھانسی میں دینا مفید ہے۔ دق، کھانسی، دمہ، درد دل، پسلی کا درد ان تمام امراض میں مفید ہے میں نے اس کو تیار کر کے مریض کو دیا ہے تجربہ پر مفید ثابت ہوا ہے۔

## (۶۷۶) سوم امرت رس

**ھوالشافی:** بانسہ۔ کٹائی خورد۔ ہر دو ایک ایک پاؤ۔ ملٹھی ۱۰ تولہ۔ سوما کلپا ۵ تولہ۔ کوٹ کر ساڑھے تین سیر پانی میں حل کر کے جوشا دیں جب تین پاؤ رہ جائے تو پن کر تین پاؤ چینی ملا کر شہد جیسا قوام کر لیں۔

**خوراك:** ایک ایک چمچ چائے والا دن میں تین چار مرتبہ چٹا دیں یا نیم گرم پانی ملا کر پلا دیں۔

**فوائد:** یہ شربت ہر قسم کی کھانسی کے لیے نہایت مفید ہے۔ دمہ میں بھی مفید ہے یہ قابل بھروسہ دوا بلغم کو ڈھیلا اور پتلا کرتی ہے جس سے بلغم آسانی سے خارج ہونے لگتی ہے۔ علاوہ ازیں دافع تشنج اور مسکن ہے اسی طرح یہ بلغمی نالیوں کی خراش کو دور کرتی ہے جس سے کھانسی اور دمہ کو اس کی تین چار خوراکوں سے ہی فائدہ ہونے لگتا ہے کالی کھانسی کو بھی مفید ہے۔

## (۶۷۷) کف کرتری رس

**ھوالشافی:** جاوتری۔ الائچی کلاں۔ پھل کنڈیاری۔ کڑوے تمباکو کی راکھ۔ تمباکو کوزہ میں بند کر کے ۵ سیر کی آگ دیں یہ راکھ اور ہر دوا ۲۔۲ تولہ۔ پرانے بانس کی جڑ پتر نو (بسکھپرا) یہ دونوں چار چار تولہ۔ پنجاگ۔ چرچٹہ دو سیر۔ کسی صاف کڑاہی میں آدھا چرچٹہ بچھا دیں اور مذکورہ چار ادویہ ڈال دیں پھر باقی چرچٹہ اوپر رکھ کر آگ لگا دیں۔ حتیٰ کہ تمام ادویہ جل جائیں اور بالکل راکھ ہو جائیں۔ کوئی کوئلہ نہ رہے کسی بانس کے ڈنڈے سے ہلاتے ہیں۔ اگر اس قدر احتیاط سے بھی اچھی طرح جلنے نہ پائے تو اور چرچٹہ ڈال کر اچھی طرح راکھ بنا لیں۔ اب اس تیار شدہ دوا کا جس قدر وزن ہو تو اس وزن کا آٹھواں حصہ سہاگہ پھلا ملا لیں اور سولہواں حصہ عمدہ کجلی ملا کر ایک دن کھرل کریں اور مضبوط ڈاٹ والی شیشی میں سنبھال لیں۔

**طریقه استعمال:** جس طرح قینچی کپڑے کو کترتی ہے ویسے ہی یہ بلغم کو کاٹ کر باہر نکال دیتا ہے۔ ایک پان کے پتے پر یہ رس دو رتی ڈال کر آہستہ آہستہ چبا کر تمام رس نگل لیں۔ دن رات میں تین یا چار بار یہ رس بموجب مرض کسی وقت بھی چٹا سکتے ہیں۔ بچوں کو نصف رتی شہد میں ملا کر چٹا دیں۔

**فوائد**: یہ رس اعلیٰ درجہ کا مخرج بلغم ہے اس کے استعمال سے غلیظ اور لیس دار بلغم رقیق ہو کر خارج ہونے لگتا ہے بلغم کے نکلنے میں تکلیف نہیں ہوتی۔ ذرا کھانے سے پکا ہوا بلغم نکل جاتا ہے۔ چنانچہ دمہ میں جب مریض بلغم نہ گرنے سے بے چین ہوتا ہے اس وقت اس کے استعمال کرنے سے بلغم کا اخراج ہو کر فوراً آرام آ جاتا ہے۔ دو تین خوراک سے ہی دمہ کا دورہ ختم ہو جاتا ہے۔ تین چار ہفتے روزانہ اسے استعمال کرنے سے دمہ کا دورہ کافی ایام کے لیے ہونا ہی بند ہو جاتا ہے۔ کھانسی بلغمی ہو یا خشک دونوں حالتوں میں یہ کارگر ثابت ہوتا ہے نہایت آزمودہ ہے اجزا ہی دیکھ کر اس کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ لاجواب ادویہ کا مرکب رس ہے۔ دافع امراض سینہ ہے۔

## (۶۷۸) طب جدید شاہدروی کے معالج کا راز

آک (مدار) کا دودھ کسی برتن میں نکال کر خشک کر لیں جب خشک ہو کر پپڑی سی بن جائے تو اتار کر اس کا وزن کریں اور دانہ دار چینی اس سے سو گنا لے کر باریک کریں جب تمام دوا مثل سرمہ ہو جائے تو سنبھال لیں جس مرض میں قے لانا مقصود ہو مثلاً۔ دمہ۔ پرانی کھانسی یا اس غذا کو جو کہ معدہ میں فاسد ہو رہی ہو اور قے لانا مقصود ہو تو ایک یا ڈیڑھ ماشہ گرم پانی سے کھلا دیں اس سے فوراً ایک دو الٹیاں آ جائیں گی میں نے خود اس کا تجربہ کیا ہے ایک رتی کے وزن سے بلغمی کھانسی بدہضمی مزمن میں مفید ہے۔ اگر ملیریا بخار سے پہلے دو خوراکیں دی جائیں تو ملیریا بخار کو روک دیتا ہے۔ بخار کی حالت میں دیا جائے تو پسینہ آ کر بخار اتر جاتا ہے۔ مرض صداع شقیقہ عصابہ درد دندان، درد گوش میں اس کی نسوار دی جاتی ہے۔ مرض زکام سرسام سکتہ سبات میں دیں تو دماغ ہلکا ہو جاتا ہے اور بے ہوش مریض کو ہوش آ جاتی ہے۔

**خوراک**: ایک ایک رتی دن میں چار بار کھلانا اس حکیم نے کہا ہے۔ میں خود دمہ کے کئی مریض اس سے ٹھیک کر چکا ہوں۔ کورس تین ماہ ان میں ایسے مریض بھی تھے جن کو نمونیہ کے بعد سل کا حملہ ہو چکا تھا اس کے کھلانے سے کھانسی، بخار، خرابی پھیپھڑا ٹھیک ہو گیا۔ کھانسی خشک ہو یا تر اسہال مروڑ خواہ خونی ہوں یا ویسے ہی ہوں ان کو بھی مجرب ہے اس کا میں نے بھی تجربہ کیا ہے لیکن صاحب نسخہ نے اس کو تمام عمر آزما کر مجھ کو بتایا ہے اس سے پرانا تپ دور ہو جاتا ہے اور دمہ جڑ سے چلا جاتا ہے۔

## (۶۷۹) ایک لاجواب حکایت

حکیم حاجی محمد یوسف صاحب آف جہانیاں تحریر فرماتے ہیں کہ ایک آدمی منڈی یزمان سے مطب میں آیا اور اپنے لیے دم کشی کی دوا لے گیا اس کو اللہ تعالیٰ نے اس مرض سے شفا عطا فرمادی اس کے بعد کئی آدمی دوا لینے آئے اور کہا کہ ہم کو ڈاکٹر ہدایت نے بھیجا ہے میں حیران تھا کہ ڈاکٹر ہدایت صاحب کون ہیں ایک دن ڈاکٹر صاحب خود تشریف لائے اور کہا کہ حاجی صاحب آپ مجھ کو پہچانتے ہیں میں نے کہا تعارف کراوا دو کہنے لگے میں خود ڈاکٹر ہوں اور دمے کا مریض تھا جب مجھ کو آرام نہ آیا تو میں فلاں وقت آپ کے پاس آیا آپ نے دو بوتلوں سے دوا نکال کر پڑیا باندھ دیں اور کہا کہ ایک وقت چنے کی روٹی ضرور کھائیں۔ اس دوائی سے مجھ کو آرام آ گیا اس کے بعد میں نے کئی مریض آپ کے پاس بھیجے ہیں ان تمام کو شفا ہوگئی۔ اب میں آپ کے شہر کے قریب رشتہ داروں کو ملنے آیا تھا تو میں نے کہا کہ حاجی صاحب کا شکریہ ادا کروں۔ وہ نسخہ جات یہ تھے۔

**ھوالشافی :** شنگرف رومی ایک تولہ۔ جائفل ایک تولہ۔ لونگ ۲ تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ عاقر قرحا ایک تولہ۔ فلفل دراز ۲ تولہ۔ سنڈھ ۲ تولہ۔ اول دارچینی اور شنگرف ملا کر خوب کھرل کریں اور باقی ادویہ ملا کر کم از کم دو گھنٹے کھرل کریں۔

**خوراک :** ۲ رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ قہوہ۔ شہد یا مناسب بدرقہ۔

**فوائد :** فالج، لقوہ، نقرس، قوت باہ، مزمن احتلام، جریان، کمزوری عام، بدہضمی، نفخ شکم، واما سلسل البول، ماہواری کی بے قاعدگی، موٹاپا، اسہال، سنگرہنی کو لاجواب ہے۔ عضلاتی غدی تریاق ہے یہ ایک جز ہے۔

## (۶۸۰) تخم میتھی

دوسرا جز یہ ہے۔

**ھوالشافی :** تخم میتھی ۴ تولہ۔ رائی ۲ تولہ۔ کلونجی ۲ تولہ۔ کاکڑا سنگی ۸ تولہ۔ شحم حنظل ۲ تولہ۔ باریک کریں۔

**خوراک :** ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک۔

**فوائد :** عضلاتی غدی۔ محرک شش ہاضم، مخرج بلغم، حابس، نزلہ و زکام، کھانسی، کالی کھانسی، بلغمی اسہال، بلغم کی زیادتی سے خرابی ہاضمہ، فم معدہ کا درد اور کھاری ڈکاریں آنا کو مفید ہے۔

شنگرف والی دوائی سے ۲ رتی سے ۳ رتی تک دوسری دوا سے ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک ملا کر پڑیا باندھ دیں دن میں چار خوراک اس سے کئی مریض راضی ہوئے جن کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔ دونوں نسخے نظریہ مفرد اعضا کے ہیں۔ اور یہ حکایت ترجمان نظریہ مفرد اعضا دنیا پور کے پرچے جنوری ۱۹۷۹ء کے دوسرے پرچے فروری میں ہے۔

## (۶۸۱) حب مقوی خاص

حکیم شریف صاحب مرحوم نے مجھ کو بتایا کہ حب مقوی خاص نمونیہ اور دمے کے مریض کو موسم سرما میں یا ویسے حفظ ماتقدم کھلانا دمہ اور نمونیہ سے محفوظ رکھتا ہے میں نے اس کا خود تجربہ کیا ہے۔ اگر قبض ہو تو ساتھ حب صابر بھی دے لیا کریں۔

**ھوالشافی:** رائی بارہ تولہ۔ مرچ سرخ ۱۲ تولہ۔ کشتہ فولاد ۴ تولہ۔ کچلہ مدبر ۴ تولہ۔ سم الفار سفید ۳ ماشہ باریک کر۔ کے حب نخودی بنا دیں۔

**خوراک:** ایک سے ۴ گولیاں دن رات میں دیں۔ یہ ایک لاجواب نسخہ ہے۔

**فوائد:** کمزوری عام، دمہ، مقوی باہ، لقوہ، فالج، رعشہ اور اھرنگ، قے، دمہ ہیضہ میں جب جسم بالکل سرد ہو فوراً گرم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ اگر قبض ہو۔ تو

**حب صابر:** گندھک آملہ سار۔ رائی۔ تمہ۔ مساوی الوزن لے کر پانی سے حب بقدر نخودی بنا لیں۔ تمہ کو بمعہ بیج کوٹ لیں۔ بیج نکالنے کی ضرورت نہیں۔

**فوائد:** اس کے استعمال سے تمام بلغم بذریعہ اسہال خارج ہو جاتی ہے۔ پیٹ میں رکی ہوئی ہوا فوراً خارج ہو جاتی ہے۔ نزلہ و زکام کھانسی میں اگر گاڑھی بلغم ہو تو اس کو فوراً پتلی کر دیتا ہے۔ اس کے علاوہ مصفی خون ہے۔ دائمی قبض میں روزانہ ۴ سے چھ گولی کھلانا دائمی قبض کو دور کرتی ہیں۔ اگر کسی کو اسہال آئیں اور ساتھ قے بھی ہو تو اس کو دن میں ۲۔۲ کر کے کھلاتے جائیں۔ انشاء اللہ قولنج بھی کھل جائے گی۔ تبخیر معدہ کو لاجواب ہیں۔ قولنج ایلاوس کو بھی کھول دیتی ہیں۔ کمزوری دل کو بھی مفید ہے۔ بیج زیادہ مفید ہوتے ہیں۔ مدر حیض بھی ہیں۔ موٹاپا کے مریضوں کو مفید ہیں۔ یہ چاروں نسخے مفرد اعضا والوں کے ہیں۔ (مؤلف)

## (۶۸۲) لاجواب جوشاندہ

دمے کے مریض کو اکثر بلغم گاڑھی ہوتی ہے اس کے لیے لاجواب جوشاندہ یہ ہے۔

**هوالشافی :** گاؤزبان چار ماشہ۔ گل گاؤزبان ۳ ماشہ۔ عناب ۵ دانہ۔ ابریشم مقرض ۳ ماشہ۔ ملٹھی مقشر ۳ ماشہ۔ پانی میں ابال کر چینی ملا کر پلائیں۔ اگر بلغم اور زیادہ پتلی کرنی ہو تو چھلکا گندم ۵ ماشہ اضافہ کریں اور اگر دورہ شدید ہو تو سویا کلپا ۵ ماشہ شامل کر کے جوشا کر پلا ئیں اس سے دورہ بھی جلدی ختم ہو جائے گا۔ سوما کلپا کا پرانی کتب میں ذکر نہیں ملتا یہ وہ بوٹی ہے جس کا جوہر ایفیڈرین ہے ٹکیاں دمے کے مریض کھاتے رہتے ہیں یہ پہلی دوا ہے جس سے انگریزی ڈاکٹر دمہ کا علاج کرتے تھے۔ یہ سوما کلپا اس کا جوہر ہے۔ جس کا ذکر اوپر کے جوشاندے میں ہے یہ دمہ کی مسلم دوا ہے۔ اس سے سینے کی نالیوں کا تشنج دور ہو جاتا ہے اور دمہ کو آرام آ جاتا ہے اس کے اور بھی فوائد ہیں۔ مثلاً وجع المفاصل کو مفید ہے۔ ہاضمہ کی اصلاح کرتی ہے۔ اور امعا کے فعل کو درست کرتی ہے۔

**خوراك :** اس کی بچوں کو ایک سال کے بچے کو ایک رتی اس طرح عمر کے مطابق زیادہ کرتے جائیں۔ بڑے آدمی کی ایک ماشہ سے ۴ ماشہ تک بھی دے سکتے ہیں۔ جوشاندہ خیسانده یا پاؤڈر یا شربت بنا کر دیں۔ عام حالت میں مفید ہے۔ ایک پاؤ سوما کلپا کو دو سیر پانی میں جوشا کر پن کر تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنا کر پلانا خوراک ۴ ماشہ سے آٹھ ماشہ تک بچوں کو پندرہ بوند دن میں تین بار ہمراہ دودھ پانی یا شہد میں ملا کر پلانا یا مرکب شربت نیا مثلاً بانسہ ایک پاؤ سوما کلپا ایک پاؤ پانی چار سیر میں بھگو کر جوشا کر جب تین پاؤ رہ جائے تو تین پاؤ چینی ملا کر تیار کر لیں۔

**خوراك :** ۴ ماشے سے آٹھ ماشہ تک یہ بھی مرکب شربت بچوں کو بڑوں کو لاجواب ہے۔ اب میں ایک شربت کا ذکر کرنے لگا ہوں جو کہ ۱۹۳۶ء میں ایک صاحب کی طرف سے بطور اشتہار نکلا کرتا تھا اور لاجواب تھا۔

## (۶۸۳) بلاٹا اور ینٹالس

دو ماشہ سوما کلپا فی خوراک کے حساب سے پانی میں جوشا کر چینی ملا کر شربت بنائیں اب اس کو ایک خوراک سمجھ لیں اور فی خوراک ہومیوپیتھی دوا۔ بلاٹا اوری ان ٹیلس 1x۔ ۵ قطرہ ملا لیں تیار ہے۔ بس اس حساب سے شربت کی خوراک مقرر کر لیں دن میں چار خوراک تک پلا سکتے ہیں۔ یہ ایک لاجواب مرکب ہے۔ صبح و شام ایک خوراک پلا دیا کریں۔ بلاٹا اوری ان ٹیلس نمبر ایک اس طرح تیار کریں کہ بلاٹا اوری ان ٹیلس مدر ٹنکچر ایک اونس خرید کر

اس میں نو اونس سپرٹ رکٹی فائیڈ ملا لیں تیار ہے۔ اس سے فی خوراک ۵ قطرہ ملا کر رکھیں یا پلاتے وقت ملا لیا کریں۔ اس کے کئی پاؤڈر بھی حکمانے لکھے ہیں۔

## (۶۸۴) سوما کلپا

سوما کلپا ایک تولہ۔ گل سرخ صاف ۲ تولہ۔ خوراک ایک ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان یا سوما کلپا ۲ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۳ ماشہ۔ گاؤزبان ۳ ماشہ۔ ملٹھی مقشر ۳ ماشہ کا جوشاندہ بنا کر شیریں کر کے پلانا مفید ہے یا کسی شربت سے کھلانا۔ یا صرف بوٹی کا پوڈر بنا کر رکھ لینا۔ خوراک ۴ رتی سے ایک ماشہ دن میں تین بار آب نیم گرم یا شہد سے دیں اور بوقت دورہ ۲ ماشہ تک کھلائیں۔ اس سے انشاء اللہ دورہ جلدی ختم ہو جائے گا۔ اور ضرورت کے وقت ایک گھنٹہ کے بعد دیں۔ انشاء اللہ دورہ فوراً ختم ہوگا۔

## (۶۸۵) سیندھور

ایک وید صاحب نے اس طرح بھی لکھا ہے کہ رس سندھور (گندھک اور پارہ کا مرکب ہوتا ہے اور خاص طریقہ سے بنتا ہے۔) ایک تولہ سفوف سوما کلپا ایک پاؤ دو گھنٹہ رگڑ کر ٹکیا بنا لیں یا پڑیا باندھ لیں۔ بڑے آدمی کو ایک خوراک ۳ رتی سے چھ رتی تک ہے دورہ کے وقت چھ چھ گھنٹہ کے وقفہ سے دیں دورہ نہ ہو تو صبح و شام دیتے رہیں۔ تازہ پانی سے یا شہد سے دیں اور شام کی غذا۔ سورج ڈوبنے سے پہلے کھلائیں۔ ایک صاحب نے فی خوراک کشتہ ابرک سفید ملا کر کھانے کو لکھا ہے۔ حکیم محمد صدیق طب جدید کے عامل نے ایک سفوف مرکب بھی تجویز فرمایا ہے وہ یہ ہے۔ سوما کلپا ۱۰ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ ماشہ۔ تخم دھتورہ ایک ماشہ۔ برگ بانسہ صاف پتے ۶ تولہ باریک کریں۔

**خوراک:** ۴ رتی سے ماشہ تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔

## (۶۸۶) پھٹکڑی

پھٹکڑی پھلہ ۲ رتی۔ چینی ۲ رتی میں ایک ٹکی افیڈرین باریک کر کے ملا کر پڑیاں باندھ لیں اور شربت بنفشہ سے دیں اس سے دورہ فوراً ٹوٹ جاتا ہے میں نے خود کئی بار تیار کر کے مفید پائی ہیں اگر پھٹکڑی کو شیر مدار سے تر کر کے پھلہ کریں تو اور بھی مفید ہے یہ بھی ایک راز ہے۔

## (۶۸۷) فلفل دراز

اب میں ایک ایسے راز کا ذکر کرنے لگا ہوں کہ جس سے اشتہار بازوں نے لاکھوں روپے کمائے ہیں اس طرح کے جتنے نسخے حاصل کیے ہیں آپ کے سامنے حاضر ہیں۔ نسخہ پھٹکڑی سرخ ۵ تولہ۔ سیندھا نمک ۵ تولہ۔ شیر مدار ڈیڑھ سیر میں رکھ کر کوزہ میں بند کرکے گجپٹ کی آگ دیں تیار ہے جو کچھ کوزہ سے نکلے باریک کرلیں۔

**خوراک :** ۲ رتی۔ مگھاں کا پوڈر ۱۲ رتی ملا کر ایک پڑیا بنالیں ایسی تین پڑیاں بنالیں چاند کی چودہ تاریخ کو رات کے وقت دودھ میں چاول ڈال کر مریض خود کھیر پکائے اور تھالی میں ڈال کر تین گھنٹہ تک چاند کی کرنیں اس پر پڑنے دے۔ اس کے بعد پڑی کھیر پر چھڑک کر کھائے اور جتنی دیر مریض چل سکتا ہے گھوم کر آئے اور تین ماہ تک تیل کھٹائی اور سرد بادی اشیاء سے پرہیز کرے اور تین ماہ تک جماع بھی نہ کرے۔ اس طرح تین خوراک ہر چودہ چاند کو کھائے دودھ گائے کا ہو۔ چاول سٹھی کے ہوں اور ہانڈی مٹی کی ہو اور ڈوئی لکڑی کی ہو۔ رات کے دو بجے کھیر تیار کرے اور کسی کا سایہ کھیر پر نہ پڑنے دے تیار کر کے کیلے کے پتے پر یا چینی کے برتن میں رکھے۔ امر داس بھاٹیہ نے لکھا ہے کہ صبح سے شام روزہ رکھ کر رات کو کھائے۔ ایک اور صاحب نے لکھا ہے کہ مریض کے کپڑے بھی سفید ہوں اور ماہ کاتک کی چودہ تاریخ سب سے افضل ہے۔ دوسرا نسخہ جو کہ رسالہ حاذق گجرات ۱۹۴۱ء میں شائع ہوا تھا۔ جس میں کھانے کا طریقہ تو یہ ہی تھا۔ لیکن نسخہ یہ تھا کہ صرف مگھاں کو چھتیس گھنٹہ متواتر کھرل کریں اور اسی طرح کھیر تیار کر کے کھلائیں اور ایک مریض جو کہ دوا لیتے گیا اور میں نے کہا دوا کھانے سے پہلے مجھ کو دکھالیں اس پڑی کو تولا گیا تو وہ پانچ ماشہ تھی۔ اور کھانے کا طریقہ یہ ہی تھا اور مگھاں و ککڑ سنگی کا پاؤڈر تھا، چوتھی شہادت یہ ہے حکیم و ڈاکٹری ہری چند ملتانی تحریر فرماتے ہیں کہ کئی کمپنیاں چتر کوٹ بوٹی کے نام کا اشتہار نکال رہی ہیں وہ نسخہ ذیل میں ملاحظہ کریں۔

## (۶۸۸) کاکڑا سنگی

کاکڑا سنگی ۶ ماشہ۔ مگھاں ۶ ماشہ باریک کر کے ایک خوراک بنالیں لیکن لکڑی کے چٹو میں لکڑی کے دستے سے کوٹ کر پوڈر بنالیں۔ باقی سارا طریقہ کھیر پکانے اور کھانے کا اوپر لکھ دیا ہے اب جس طرح چاہیں۔ آج تک جتنے نسخے پورنماشی کو کھلانے کے لیے ملے ہیں

آپ کے سامنے حاضر کر دیے ہیں پورنماشی کے معنی چودہ تاریخ چاند کی ہے۔

## (۶۸۹) ایک کم خرچ مرکب

اجوائن دیسی مصفا ایک پاؤ کو لعاب کنوار گندل ایک سیر میں بند کر کے ہانڈی میں ڈالیں اور آٹھ گھنٹہ آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر خوراک ایک ماشہ روزانہ دو سے تین خوراک دیں یہ بھی ضیق النفس کی بہترین دوائی ہے کیونکہ کنوار بوٹی بلغم کی بہت بڑی دوا ہے اس طرح ایک نسخہ میں نے اور میرے ایک دوست حکیم نے اس کا تجربہ کیا ہے وہ اس طرح ہے کہ ایک سیر گودا کنوار گندل میں نمک سفید صرف تین تولہ ملا کر آگ پر رکھیں اور کھرپہ سے ہلاتے رہیں کہ خشک ہو جائے تیار ہے۔

**خوراک:** ۲ رتی سے ۴ رتی تک ہے۔ ہمراہ شربت میں کہتا ہوں یہ نسخہ بھی اس قدر مفید ہے کہ گاڑھی بلغم کو پتلا کر کے نکال دیتا ہے۔ زبردست ہاضم اور قبض کشا ہے۔ یہ غریبانہ دوا بھی تیار کر لیا کریں یہ سینہ کو صاف کرنے میں لاجواب ہے۔ بچوں کو دو چاول دیں۔

## (۶۹۰) حب دمہ

یہ بھی ایک کم اجزا کا نسخہ ہے جس میں زیادہ اشیا نہیں۔ جن جن مصنفین نے اس کو لکھا ہے مجھے ان کی زبان پر ذرہ بھی شک نہیں جن میں کچھ مہاجر ہیں اور کچھ یہاں کے رہنے والے ہیں۔

**ھوالشافی:** میٹھا تیلیہ ایک تولہ اور مرچ کالی ایک تولہ لے کر آب ادرک تین پاؤ سے کھرل کر کے دانہ مسور کے برابر گولیاں بنا لیں۔

**خوراک:** ایک گولی صبح و شام یا صرف ایک وقت عرق گاؤزبان و سونف یا مناسب بدرقہ۔

**غذا:** مرغن معمولی مرض ایک ہفتہ میں اور پرانی ایک مہینہ میں ختم ہو جاتی ہے۔ مہاجر حکیم نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ ہمارا مجرب ہے اور کبھی فیل نہیں ہوا طیکہ میٹھا تیلیہ اصلی ہو۔ اور آب ادرک مقطر ہو۔ مریض دمہ جن کی بلغم گاڑھی ہو جس کے مواد غیر پختہ ہوں ان کو نہ دیں۔ اس کے علاوہ یہ گولیاں دافع بخار، بلغمی اور جسمانی دونوں دردوں کو بھی لاجواب ہیں۔

**غذا:** ہر حال میں مرغن رکھیں۔ مرچ سیاہ اور آب ادرک سے اس کی اصلاح ہو جاتی ہے بڑے بڑے اطبا کے مطب کا راز ہے تیار کریں۔

## (۶۹۱) مقوی دوا

میں نے پچھلے نسخہ میں لکھا تھا کہ وقفہ کے زمانہ میں مقوی ادویہ دیں۔ ایک نسخہ لاجواب حاضر ہے۔

**ھوالشافی:** سلاجیت ۵ تولہ۔ کچلہ مدبر (آب کنوار گندل و آب ادرک والا) ۵ تولہ۔ کشتہ فولاد چار تولہ۔ مرچ سیاہ دو تولہ۔ زعفران کشمیری ایک تولہ۔ افسنتین ایک تولہ۔ اس کی عرق گلاب سے گولیاں نخودی بنالیں۔

**خوراک:** ایک ایک گولی صبح وشام ہمراہ دودھ۔

**فوائد:** کمزوری، اعضائے رئیسہ، کمی باہ، سستی، سرعت انزال، کمزوری ہاضمہ، قبض دائمی، نزلہ وزکام دائمی، مقوی جگر، مولد خون۔ دودھ گھی ہضم کرنے والی گولیاں ہیں۔ بڑے بڑے نامور اطبا کے بیاض کا نسخہ ہے جس کو میں نے بھی آزما کر مفید پایا ہے۔

## (۶۹۲) کشتہ جواہرات

لقمان الملک حکیم نابینا صاحب شاہی حکیم حیدر آباد دکن فرماتے ہیں کہ نزلہ زکام اور دمہ کے مریضوں کو کشتہ جواہرات ایک چاول۔ خمیرہ گاؤزبان سادہ میں رکھ کر کھلانا آئندہ نزلہ وزکام کو روک کر ضیق النفس کو مفید ہے۔ میں نے بھی اس کو مفید پایا ہے وہ یہ ہے۔

**ھوالشافی:** مروارید۔ زمرد۔ یاقوت۔ ورق نقرہ۔ ورق سونا ۶۔۶ ماشہ۔ مرجان ایک تولہ کو آب مکو سبز۔ لعاب کنوار گندل ۱۰۔۱۰ تولہ سے کھرل کر کے ۱۰ سیر کی آگ دیں اسی طرح تین بار کریں۔ اگر اس کو امراض شش اور امراض دماغ کے لیے تیار کرنا ہو تو ایک آگ خمیرہ گاؤزبان کے جوشاندہ سے دیں۔

**فوائد:** نزلہ وزکام مزمن۔ کمزوری دماغ، عام کمزوری، شوگر، جریان کو لاجواب ہے۔

## (۶۹۳) قرابادین

اطبا قدیم نے جس طرح دل دماغ اور جگر کے لیے خمیرہ گاؤزبان عنبری یا جواہر والا اور دوائے مسک جواہر والی تیار کی ہے اس طرح امراض سینہ کے لیے معجون راح المومنین تیار کی ہے جو کہ امراض سینہ اور کمزوری عام نزلہ وزکام میں مفید ہے اس کا حکیم اجمل خان رحمۃ اللہ علیہ کے معالجات میں بھی ذکر ملتا ہے۔ چنانچہ اس طرح لکھا ہوا پایا۔ کشتہ طلا ایک چاول، معجون راح

المومنین ۷ ماشہ میں رکھ کر شام کو دیں اس کا ذکر اور بھی بڑے اطبا کے معالجات کھانسی اور دمہ کے مریضوں میں ملتا ہے دو معجون مقویات جسم اور دافع نزلہ و زکام ادویہ سے بنائی گئی ہے جس میں کستوری بھی ہے اور پرانے اطبا کی لاجواب تجویز ہے۔ اور ان کے معمولات ہیں۔ نسخہ قرابادینوں میں دیکھ لیں۔

## (۶۹۴)

اسی طرح ایک صاحب جن کی بات سو فیصدی ٹھیک ہوتی ہے کہ مریض دمہ کو خالص تیل پودینہ۔ (پیپر منٹ آئل)۔ شیشی میں بند کر کے دیں اور دورہ کے وقت ایک ماچس کی تیلی ڈبو کر چوس لیں اسی طرح دن رات میں کئی بار چوسیں اس سے انشاء اللہ دورہ کم ہو جائے گا۔ دورہ کے وقت کئی ادویہ آگ پر رکھ کر دھواں دینے سے دورہ موقوف ہو جاتا ہے۔ ایک دو مجرب نسخے حاضر ہیں۔

## (۶۹۵) برگ قنب

بھنگ کے خشک پتے ۔ قلمی شورہ۔ برگ دھتورہ خشک مساوی الوزن باریک کر کے رکھیں اس کی سگریٹ بنالیں یا چلم میں بھر کر۔ یا کوئلوں پر رکھ کر دھؤاں لیں اس سے فوراً دورہ موقوف ہوگا۔ بڑے اطبا کا مجرب ہے۔

**ھوالشافی :** قلمی شورہ ۲ تولہ۔ برگ دھتورہ خشک ۲ تولہ۔ ست لوبان ۲ ماشہ۔ سونف دیسی ۵ تولہ۔ باریک کریں اس کو کوئلوں پر ڈال کر یا چلم میں بھر کر دھواں لیں اس سے دورہ فوراً موقوف ہوگا۔ حکیم احمد دین موجد طب جدید جو کہ اس زمانہ کے بہت بڑے حکیم گزرے ہیں ان کا اور ان کے شاگردوں کا اشتہاری نسخہ ہے۔ ایک نکتہ دوا کا دھؤاں منہ کے رستہ سے لے کر ناک سے نکالنے کا ہے اس سے دورہ فوراً موقوف ہوتا ہے۔

## (۶۹۶) ایک وید کا غریبانہ مجرب نسخہ

چاروں اجوائن۔ چاروں نمک ایک ایک تولہ کو شیر مدار سے لت کر کے نغدہ بنالیں۔ ثمر دھتورہ میں سے تخم نکال کر اس میں بھر دیں اور دھاگا سے بند کر کے کوزہ میں رکھ کر ۱۰ سیر کی آگ دیں۔

**خوراک :** ایک رتی سے دو رتی تک خشک دمہ میں بالائی ۵ تولہ میں رکھ کر کھلایا کریں اور بلغم

والے کو ۶ تا ۹ ماشہ شہد میں رکھ کر کھلائیں تو دورہ کو بھی توڑ دے گی اور اس کے بعد صبح وشام کھلانا مفید ہے۔ بڑے وید صاحب نے کم خرچ نسخوں میں اس کا ذکر کیا اور مجرب لکھا ہے ہاضم طعام اور مخرج بلغم ہے۔ یہ وہ وید صاحب ہیں جو کہ تمام پرانی کتابوں کا اردو میں ترجمہ کرنے والے اور نامور طبیب ہیں۔

## (۶۹۷) نکات مطب

جب مریض کے ناخن سبز ہو جائیں اور آواز باریک ہو جائے تو ایسا مریض لاعلاج ہو جاتا ہے اور دورہ کے وقت شانوں اور گردن کے مہروں میں درد ہو اور گردن بلند کرنے کے سوا دم نہ آئے تو بہت بڑی قسم کا دمہ ہوتا ہے اور پٹھ کنڈا کا عام پودا جلا کر اس سے دو چند چینی ملا کر یا شہد میں ملا کر چٹانا دمہ۔ کھانسی ۔بلغمی کھانسی کو امراض سینہ میں لاجواب ہے۔ اس سے کئی مریض سینہ کے جو کہ بہت خرابی تک پہنچ چکے تھے شفایاب ہوتے دیکھے گئے۔ متواتر پچاس سال سے میرے پاس کئی مریضوں کا ریکارڈ ہے۔ بہت مجرب غریبانہ چٹکلہ ہے۔ اس کا نمک نکال لینا یا ویسے ہی رکھنا مفید ہے۔

اب میں اس زمانہ کے ایک لائق حکیم جو کہ اس زمانہ کا لقمان تھا اس کا لاجواب علاج آپ کی نذر کرتا ہوں۔ انشاء اللہ اس سے ناظرین کے علم میں اضافہ ہوگا اور ایک خطرناک مرض کا لاجواب فارمولا آپ کے ہاتھ آجائے گا۔ یہ علاج نظام آباد کے ایک سپوت کا ہے۔ ان کے مطب میں ایک دمہ کا مریض لایا گیا۔ جس کا سانس خراب تھا۔ اس کو پہلے نمونیہ ہوا تھا۔ اس کے بعد کھانسی اور دمہ کی شکایت ہوگئی اس میں سانس تنگی سے آتا ہے۔ حکیم صاحب نے اس کی عمر پوچھی جو کہ پینتیس سال تھی اور عرصہ ڈیڑھ سال سے اس مرض میں مبتلا تھا۔ حکیم صاحب نے اس کو یہ منضج بلغم تیار کر کے دیا۔ صرف سات دن کے لیے۔

**ھوالشافی :** گاؤزبان۔ گل گاؤزبان ۷۔ ۷ ماشہ۔ بادرنجبویہ ۳ ماشہ۔ ابریشم مقرض ۲ ماشہ۔ پرسیاؤشاں ۶ ماشہ۔ گل بنفشہ ۳ ماشہ۔ انجیر ۵ دانے پانی آدھ سیر میں جوش دے کر چھان لیں اور چینی ملا کر دن میں تین بار پی لیا کریں۔ سات دن کے بعد مریض آیا تو سانس کی تکلیف کچھ کم تھی بلغم کا نضج ہو چکا تھا اس کو قے کرائی گئی۔ پہلے اس کو باریک پسی ہوئی سرخ کا ہی آدھا چاول کھلا کر یہ جوشاندہ پلایا گیا۔ تخم مولی ۶ ماشہ۔ ملٹھی مقشر ۶ ماشہ۔ گلقند ۲ تولہ۔ شہد ۵ تولہ کو آدھ سیر پانی میں گھوٹ کر چھان کر نیم گرم کر کے قدرے نمک شامل کر کے پلایا

گیا اور مرغ کا پر گلے میں پھیرا گیا جس سے مریض کو قے آئی اور بلغم نکلی جو کہ آدھ سیر سے کم نہ تھی اور مریض کا سانس درست ہو گیا اور مریض کو درج ذیل گولیاں ایک ہفتہ کے لیے دی گئیں بیٹھا تیلیہ۔ مرچ کالی ایک ایک تولہ آب ادرک ایک بوتل سے کھرل کر کے مرچ کالی کے برابر گولیاں بنا کر ایک ایک عدد صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان وسونف سے کھائیں۔

**غذا:** مرغن سات دن کے بعد مریض درج ذیل کو کشتہ تانبہ دیا گیا۔ برادہ تانبہ ایک تولہ لے کر شیر مدار ۵ تولہ سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر دو سیر کی آگ دیں۔ اسی طرح پھر شیر مدار لیں۔ کھرل کر کے دو سیر کی آگ دیں اسی طرح بارہ بار کریں۔ تیار ہے۔

**خوراک:** آدھ چاول سے ایک چاول۔ سرخ سیاہی مائل کشتہ تیار ہوتا ہے۔ پندرہ خوراک دیں اس کے بعد مریض آیا جو کہ خوش و خرم تھا۔ رنگ انار کی طرح سرخ تھا۔ پھر اس کو ذیل کا کشتہ سونا دیا گیا جس سے مریض کو فائدہ ہوا اور تمام کمزوریاں دور ہو گئیں۔ برادہ سونا ٦ ماشہ لے کر آب ادرک مقطر ۵ تولہ سے کھرل کریں پھر آب پان مقطر ۵ تولہ سے کھرل کریں پھر ٹیپ رس کنوار گندل ۵ تولہ سے کھرل کریں۔ پھر شیر مدار ۵ تولہ سے کھرل کر کے ٹکی بنا کر ۱۰ تولہ برگ پان کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے بیس سیر کی آگ دیں۔ تیار ہے۔

**خوراک:** ایک چاول مناسب بدرقہ سے دینا جسم کی کل کمزوریاں دور کرنے میں لاجواب ہے۔ بڑے بڑے قابل اطبا کے صندوقچہ کا نسخہ ہے بڑے بڑے اشتہار اس کے نکل چکے ہیں۔ اس قدر طاقتور ہے کہ اس کی خوراک روزانہ دیں۔ آٹھ آٹھ بلکہ دس۔ دس دن کے بعد دیں۔ لاجواب مجرب ہے۔

## (٦٩٨) حب سعال حکیم عبدالوہاب

کھانسی اور دمہ کے باب میں ایک گولیاں تحریر فرماتے ہیں۔ گو نسخہ تو ایک کتاب کا ہے لیکن ان کے مجربات میں سے ہے۔

**ھوالشافی:** عاقر قرحا چھ ماشہ۔ فلفل دراز کے دانے۔ فلفل دراز کو کپڑے میں لپیٹ کر بھوبھل میں دبائے رکھیں اس کے بعد ہاتھوں سے ملیں اس طرح ملنے سے جو دانے حاصل ہوں ان کو لے لیں اور کام میں لائیں۔ سہاگہ پھلہ جڑ پان ایک ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ لعاب کنوار گندل میں چار روز تک کھرل کریں کہ شیرہ کنوار گندل زیادہ سے زیادہ جذب ہو جائے خوراک ایک تا دو گولی کھلانا مفید ہے۔

**(۶۹۹) اکسیری پڑیا**

**ھوالشافی:** ہڑتال گئو دنتی۔ ہڑتال ورقی۔ برادہ بارہ سنگا۔ مرجان سرخ ایک ایک تولہ۔ صدف مرواریدی۔ سہاگہ سفید ڈھائی ڈھائی تولہ کو باریک کر کے شیر مدار ۱۰ تولہ میں بھگو دیں۔ تین چار روز کے بعد ٹکیاں بنا کر خشک کر کے کوزہ میں بند کر کے ۴۵ سیر کی آگ دیں۔ نکال کر باریک کریں۔

**خوراک:** ایک رتی مکھن بالائی عرق شیر یا مناسبہ بدرقہ سے دیں۔ یہ نسخہ دارالعلاج گجرات میں شائع ہوا تھا۔ لیکن ایک حکیم جو کہ ہمارے ہی علاقے کا تھا وہ سندھ چلا گیا جہاں اس نے مریض دمہ اور کھانسی میں دے کر بہت کامیابیاں حاصل کیں۔ نسخہ کے اجزا ہی گواہی دے رہے ہیں کہ مجرب ہے مرجان اور ورقیہ کے کشتے ان امراض میں مفید ہوتے ہیں۔ ورقی میں سم الفار جز ہوتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ تمام کو پہلے باریک کریں اور دس تولہ شیر مدار سے کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر خشک کر کے آگ دیں اس طرح تیار کرنے سے زیادہ مفید ہوگا۔ آپ بلا جھجک تیار کریں۔

ناظرین حضرات میں نے امراض سینہ کھانسی، دمہ استسقاء ریہ کے لیے لاجواب نسخہ جات جو کہ میرے تجربہ میں مفید اترے اور دوستوں کے مجرب ہیں۔ جن کی بات میں مجھے ذرا بھی شک نہیں لکھ دیے ہیں۔ آپ سوچ سمجھ کر موقعہ محل دیکھ کر علاج کریں گے۔ تو ضرور بالضرور کامیاب ہوں گے اور روز اللہ تعالیٰ سے دعا بھی کرتے رہیں کہ شفا دینے والی وہ ہی ایک ذات ہے ہمارا تو ایک وسیلہ ہے اس مرض میں غذا سرد ترلسی چاول وغیرہ سے پرہیز کرئیں اور مریض کے دل سے اس وہم کو نکالیں کہ دمہ دم کے ساتھ جاتا ہے اور عام طاقت کو بحال کریں گرمی کے زمانہ میں صدوری اور سردیوں میں عرق ماء اللحم پلاتے رہیں۔ گوشت مرغا دیسی کی یخنی۔ بکرے کے گوشت کی یخنی۔ مچھلی کا گوشت کھلانا امراض سینہ میں مفید ہے۔

## نفث الدم (خون تھوکنا)

نفث الدم بھی ایک مرض ہے جس میں مریض کو دانتوں، ناک، معدہ اور گلے سے خون آتا ہے اس بیماری میں خون سینے سے آتا ہے اس کے ساتھ کھانسی بھی ہوتی ہے۔ پہلے نمونیہ وغیرہ بھی ہوتا ہے پھر اس مرض کا ظہور ہوتا ہے۔ مریض کو بستر پر لٹا دیں اور خون بند کرنے والی ادویہ استعمال کریں۔ گرم ترش نیز مرچ مصالحہ نہ کھانے دیں اور مریض کو سرد ماحول میں

رکھیں انشاء اللہ خون بند ہو جائے گا۔

علاج: کچی لسی

ایک پرانے زمانہ کے طبیب کے پاس ایک لڑکا لایا گیا جس کو کھانسی کے ساتھ خون آ رہا تھا۔ مریض کے لواحقین نے حکیم صاحب کو سے پوچھا کہ کتنے دن میں خون بند ہو گا حکیم صاحب نے فرمایا ایک گھنٹہ میں اس کے بعد حکیم صاحب نے ایک پڑی ایک ماشہ کی دودھ کی لسی کے ساتھ کھلا دی اور لیٹنے کو کہا آدھ گھنٹہ کے بعد حکیم صاحب نے کہا کہ کھانس۔ وہ لڑکا کھانسنے لگ گیا لیکن خون نہ آیا مریض کے وارث راضی خوشی ہو کر لے گئے۔

## (۷۰۰) کہربا شمعی

**ھوالشافی:** وہ کہربا شمعی کا سفوف تھا جو کہ اندر سے خون آنے کو روک دیتا ہے۔

**خوراک:** ایک ماشہ۔ شربت صدر جس کا ذکر پیچھے ہوا ہے وہ بھی نفث الدم میں لاجواب ہے۔ خون آنے کو روک دیتا ہے۔

## (۷۰۱) شربت انجبار مرکب

**ھوالشافی:** انجبار ۵ تولہ۔ تخم خشخاش ۵ تولہ۔ کوکنار ۱۱ عدد۔ گل بنفشہ ۲ تولہ۔ بہی دانہ ایک تولہ۔ ملٹھی ایک تولہ۔ صندل سفید اصلی ایک تولہ۔ حب آس ایک تولہ۔ پانی ڈیڑھ سیر میں رات کو بھگو کر صبح کو جوش دیں جب تین پاؤ رہ جائے تو پن کر چینی تین پاؤ ملا کر شربت بنائیں۔

**خوراک:** ۵ تولہ صبح و شام پانی ملا کر پلائیں۔ بعدہٗ دم الاخوین۔ نشاستہ گندم۔ گوند کیکر ہر ایک ۴۔۴ ماشہ لے کر باریک کریں اور ایک چھٹانک شربت پیتے وقت ایک ماشہ اوپر چھڑک کر پئیں ہر جگہ سے جریان خون کو اور خاص کر نفث الدم کو مجرب ہے۔ شربت انجبار میں عرق گاؤزبان ۴۔۴ تولہ ملا کر دم الاخوین۔ کہربا شمعی۔ گوند کیکر ہر ایک ۲۔۲ ماشہ ملا کر پلا دیں اگر اس سے قوی کرنا ہو تو کافور ۲ چاول اور افیون ۲ چاول ملا کر پلانا نفث الدم کو ایک دن میں زائل کر دیتے ہیں۔ صاحب قرابادین مجددی والے کا معمول مطب اور مجرب ہے۔

## (۷۰۲) قرص کہربا

پرانے زمانہ کا تجویز کردہ نسخہ جو خون تھوکنے میں مجرب ہے۔

**ھوالشافی :** کہربا شمعی۔ گوند کیکر۔ نشاستہ گندم۔ مغز تخم خیار۔ مغز تخم کدو۔ ۱۰۔۱۰ ماشہ۔ گل انار اقاقیہ ۵۔۵ ماشہ۔ باریک کر کے لعاب اسپغول سے ۴۔۴ ماشہ کے قرص بنائیں۔

**خوراک:** ایک قرص سے ۲ قرص تک ہمراہ شربت انجبار یا شربت صندل سے دینا لاجواب ہے۔ قرص توڑ کر کھائیں۔

## (۷۰۳) ایک غریبانہ نسخہ

چمڑے کے پرانے جوتے کے تلے جلا کر رکھ لیں۔

**خوراک :** ایک ایک ماشہ۔ ہمراہ پانی دینا خون تھوکنے کو روک دیتا ہے۔ اس کا تجربہ کئی حکماء نے اور میں نے خود بھی کیا ہے۔ مجرب ہے۔

## (۷۰۴) کشتہ سنگ جراح

سنگ جراح ۵ تولہ لے کر ایک پاؤ برگ نیم سبز یا برگ بکائن سبز میں رکھ کر سات سیر کی آگ دیں۔ خوراک ایک' ایک ماشہ صبح و شام مکھن ملائی میں رکھ کر کھلانا نکسیر بول الدم۔ بواسیر۔ مروڑ۔ کثرت حیض کے لیے مفتی سلیم اللہ خان لاہوری کے مجربات میں سے ہے۔

## (۷۰۵) سفوف نفث الدم

گل سرخ۔ طباشیر۔ گل مختوم۔ گل ارضی۔ تخم خرفہ ۵۔۵ ماشہ۔ گل نار فارسی۔ کہربا شمعی۔ تخم خشخاش سفید۔ رب السوس۔ اقاقیہ۔ عصارہ بڑ۔ گوند کیکر ۳۔۳ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ باریک کر کے ملائیں اور اسپغول سالم چار ماشہ ملالیں۔

**خوراک :** ۴ ماشہ دن میں تین بار ہمراہ شربت انجبار یا عناب ۵۔۵ تولہ سے دیں اس سے نفث الدم دور ہوگا ایک بڑے طبیب کا معمول مطب ہے۔

**نکات مطب :** خون کسی جگہ سے آتا ہو تو افیون مفرد یا اس کا کوئی مرکب روک دیتا ہے یہ راز ہے۔

## (۷۰۶) اکسیر نفث الدم

کشتہ صدف مروارید ی ۴ رتی کھلا کر بانسہ کے خشک پتے تین تولہ گھوٹ کر اس پانی سے صبح و شام کھلانا پھیپھڑوں سے خون آنے کو روک دیتا ہے لاجواب مرکب ہے۔ سل ودق

میں بھی مفید ہے۔

## (۷۰۷) اکسیر رودنی خون سل و دق نفث الدم

سنگ جراح۔ دم الاخوین۔ بسد سوختہ۔ سرطان سوختہ۔ گیری۔ گوند کتیرا۔ گوند کیکر۔ مساوی الوزن ملا کر رکھیں۔

**خوراک:** ۲ ماشہ سے ۳ ماشہ تک ہمراہ عناب ۹ دانہ۔ لسوڑیاں ۱۱ دانہ۔ بہی دانہ ۳ ماشہ کا جوشاندہ بنا کر شربت بنفشہ سے شیریں کر کے پلانا کھانسی اور نفث الدم کا لاجواب علاج ہے۔ بڑے بڑے حکما کا تجویز کردہ معمول مطب نسخہ ہے۔ اندر کے زخم کو مندمل کر دیتا ہے۔

## (۷۰۸) سفوف نفث الدم

کشتہ سرمہ سفید۔ شادنج عدسی مغسولہ۔ کشتہ سنگ جراح۔ کشتہ خرمہرہ زرد۔ ایک ایک تولہ۔ کشتہ عقیق ۹ ماشہ۔ خوراک ہر تین گھنٹہ کے بعد ہمراہ شربت انجبار ۳ تولہ۔ عرق گاؤزبان ۷ تولہ سے کھلانا اندر سے کسی جگہ سے خون آتا ہو تو روک دے گا۔

**طریقہ کشتہ سرمہ سفید:** ملٹھی کوفتہ کو جو کہ ۱۰ تولہ پانی میں بھگو دیں اور سرمہ کو گرم کر کے اس پانی میں بجھاؤ دیں اس طرح سات بار کریں۔ پھر کوزہ میں بند کر کے ۱۵ سیر آگ دیں۔ تیار ہے۔ داخل ترکیب کر لیں۔

## (۷۰۹) کھانسی

مریض عمر ۵۰ سال۔ دواخانہ میں آیا اور بیٹھ کر کہنے لگا کہ حکیم صاحب آپ کے پاس سینہ سے خون آنے اور کھانسی کی دوا بھی ہے۔ میں نے کہا کیوں نہیں وہ حکیم ہی کیا ہے جو کہ تحصیل علم سے واقف نہ ہو اس نے کہا کہ کئی سالوں سے اس مرض میں مبتلا ہوں کہ کھانسی بھی ہے اور خون بھی کبھی زیادہ کبھی کم آتا رہتا ہے۔

**علاج:** گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ ست ملٹھی ۵۔۵ تولہ۔ شیر مدار ایک تولہ۔ باریک کر کے ملا کر نخودی گولیاں بنا لیں۔

**فوائد:** خشک کھانسی رکی ہوئی بلغم جس میں لیس بہت ہو دم کشی ہو اور خون آتا ہو ہمراہ دودھ گرم دیں۔ لیکن میں نے شربت کھانسی سے دی۔ چھ دن کے بعد مریض دوبارہ آیا اور کہا

آپ نے سچ کہا تھا خون دوسرے دن ہی بند ہو گیا ہے۔ حالانکہ میں معروف ڈاکٹروں کے زیر علاج رہ چکا تھا۔ لیکن خون نہ رکتا تھا نہ کھانسی کم ہوتی تھی۔ اب نہ خون ہے نہ کھانسی اب میں ہر طرح سے تندرست ہوں۔ (از نظریہ مفرد اعضاء)

## (۷۱۰) ہلدی

مریض عمر ۳۰ سال۔ کھانسی اور نفث الدم کی شکایت نہایت کمزور۔ ڈاکٹروں نے کہا کہ ٹی بی ہے بخار' کھانسی ہر وقت دامن گیر رہتے ہیں مریض غریب تھا۔ میں نے کہا کہ دوائی تو مفت دی جائے گی۔ البتہ دیسی گھی تو آپ نے کھانا ہوگا۔ مریض نے منظور کر لیا۔

**ھوالشافی :** دودھ آک ایک تولہ۔ ہلدی ۱۵ تولہ ملا کر کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

**خوراک :** ایک ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ پانی۔

**غذا :** مرغن (اگر چاول ۱۰ تولہ ہوں تو گھی ۵ تولہ اسی طرح اگر دلیا گندم ۱۰ تولہ ہو تو گھی ۵ تولہ ہو۔) اس سے خونی قے خونی دست سوزاک بھی درست ہو جاتا ہے۔ یہی وہ نسخہ ہے۔ جس کو علامہ صابر ملتانی بانی نظریہ مفرد اعضاء نے دعویٰ کے ساتھ پیش کیا ہے۔

## (۷۱۱) شربت اعجاز نظریہ مفرد اعضا

عناب ۲۰ دانہ۔ لسوڑیاں ۶۰ دانے۔ کشنیز خشک ۱۰ ماشہ۔ بہی دانہ ڈیڑھ تولہ۔ ملٹھی۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ ریشہ خطمی۔ گل بنفشہ ہر ایک ۲۔۲ تولہ۔ برگ بانسہ ۱۰ تولہ۔ یہ تمام ادویہ ۲ سیر پانی میں بھگو کر جوشا کر پن کر ایک سیر کھانڈ ملا کر شربت بنائیں۔

**خوراک :** مناسبہ گوند کیکر۔ گوند کتیرا۔ ہر ایک ۱۰۔۱۰ ماشہ باریک کر کے ملا لیں۔

**فوائد :** یہ شربت نفث الدم۔ خشک کھانسی سینہ کی جلن' بول الدم کو مجرب ہے۔ یہ وزن انہوں نے تجویز کیا ہے۔ گوندوں کا پاؤڈر لیتے وقت ملا کر پئیں۔

## (۷۱۲) سفوف کھانسی

برگ گاؤزبان۔ سونف۔ ملٹھی مقشر کا پاؤڈر مساوی الوزن خوراک ۳۔۳ ماشہ۔ ہمراہ پانی یا دودھ دیں۔

**فوائد:** پھیپھڑہ، آنتوں کے زخم، نزلہ و زکام، کھانسی، حلق، سینہ اور نفث الدم میں مجرب ہے۔ یہ چاروں نسخے نظریہ مفرد اعضا والوں کے ہیں اور مجرب ہیں ان نسخوں کے استعمال سے نفث الدم، ٹی بی، کھانسی اور گلے سے خون آنا آنتوں کے زخم دور ہو جاتے ہیں۔ اوپر والے مریض کو یہ گولیاں کھلانے سے تمام تکالیف دور ہو گئیں۔

## (۷۱۳)

ایک مریض کا ذکر رسالہ مفرد اعضاء دنیا پور جون ۱۹۹۱ء میں اس طرح ہوا کہ مریض نہایت کمزور، رنگ سیاہ سوکھ کر ہڈیوں کا ڈھانچہ بن گیا۔ گھبراہٹ، سانس اکھڑا ہوا۔ ہر سانس کے ساتھ جان کا خطرہ، ٹی بی، سینہ میں بلغم کا اجتماع تھا تو حکیم صاحب نے یہ خمیرہ ابریشم سادہ تیار کر کے دیا۔

**ھوالشافی:** ابریشم مقرض ۱۰ تولہ۔ گل سرخ۔ بہمن سفید۔ گاؤزبان ڈھائی ڈھائی تولہ۔ لسوڑیاں ۵ تولہ۔ پانی تین کلو میں جوش دے کر آدھا رہ جانے پر سوا کلو چینی ڈال کر خمیرہ بنا کر دیا گیا۔

**فوائد:** اس سے مریض کے سینے سے غلیظ بلغم خارج ہو کر سانس درست ہو گیا۔ کھانسی کو سکون ہو گیا۔ نیند آنے لگ گئی۔ جسم پر گوشت آنے لگا۔ اس کے بعد کشتہ جواہرات دیا گیا جس سے مریض کی تمام طاقتیں بحال ہو گئیں۔ کشتہ جواہرات بھی ذیل کے خمیرہ سے دیا گیا۔

## (۷۱۴) شاخ مرجان

شاخ مرجان۔ صدف صادق۔ حلزون۔ ابرک سفید۔ محلوب۔ ابرک سیاہ محلوب۔ بارہ سنگا۔ گئودنتی۔ مساوی الوزن لے کر آب کنوار میں کھرل کر کے آگ دیں۔ اس کے بعد پھر آب کنوار گندل سے خوب کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر آگ دیں۔ خاکستری رنگ کا کشتہ تیار ہو گا۔

**خوراک:** ایک رتی سے ۲ رتی تک۔ اکسیر عضلاتی غدی تیار ہے۔ میں نے خود اس کشتہ کو تیار کر رکھا ہے۔

**فوائد:** دمہ بلغمی کھانسی پھیپھڑوں سے غلیظ بلغم نکال دیتا ہے۔ عضلات اور قلب کو طاقت دے کر حرارت غریزی پیدا کرتا ہے۔ کمزوری کو دور کرتا ہے۔ اس خمیرے اور کشتے سے مذکورہ

مریض کے جملہ عوارضات دور ہو گئے۔ یہ علاج بھی مفرد اعضاء والوں نے اپنے رسالہ میں لکھا ہے اور میں نے محنت کر کے کشتہ تیار کر لیا تھا۔ ابرک دونوں اور سنکھ صدیوں سے امراض کھانسی و بخار میں مشہور چلے آتے ہیں۔ بارہ سنگا نمونیہ کو دور کرتا ہے۔ مرجان کمزوری دماغ کو دور کرتا ہے۔ صدف صادق مفرح کیلشیم بھی ہے یہ تمام اجزا ان امراض میں یونانی آیورویدک نے استعمال کرنے کو کہا ہے۔ اب نظریہ مفرد اعضا والوں نے بھی اس کی تصدیق کر دی ہے۔ اس کشتہ کو شربت اعجاز اور دوسرے عرقوں کے ساتھ دینا بھی مفید ہے۔ پرانا بخار، دق درجہ اول، دوم بخار ٹائیفائیڈ میں دوران مرض کھلانا یا بعد میں کمزوری کے لیے دینا مجربات سے ہے۔ خمیرہ زیادہ دیر ٹھیک نہیں رہتا۔ لہٰذا شہد ملا کر بنائیں یا خمیرہ گاؤزبان سادہ کو جوش دے کر اسے کھلانا بھی مفید ہے۔ کیونکہ خمیرہ میں بھی ایسے ہی اجزا ہیں۔ یا شربت بانسہ مفرد سے دینا بھی غربا کے لیے مفید ہے۔ مثلاً بانسہ ۱۵ تولہ چینی تین پاؤ شربت یا خمیرہ بنالیں۔ یہ خمیرہ بھی مجرب ہے

# امراض قلب

امراض قلب میں کمزوری قلب۔ دل کی دھڑکن اور درد دل عام ہیں۔ ان کے کئی اسباب ہوتے ہیں۔کبھی تو دل میں تکلیف ہوتی ہے اور کبھی اور دل پر اثر انداز ہوتا ہے۔ دل ایک عضورئیس ہے اس کے لیے مقوی خوشبودار اشیا کی ضرورت ہے یہ خوشی اور غمی اس پر فوراً اثر انداز ہو جاتی ہے ہر مریض میں دل کی خرابی ہوسکتی ہے۔ اس لیے ہر مریض کے علاج میں دل کا خیال رکھیں میں نے اس میں جو مرکبات استعمال کیے ہیں یا میرے ہم عصر طبیبوں نے مجھ کو مشورے کے طور پر عطا کیے ہیں وہ آپ کے سامنے حاضر ہیں یا حکیموں نے اپنے اور اپنے اشتہاروں کے مجربات عطیہ کے طور پر دیے ہیں۔ وہ انشاء اللہ کم خرچ بھی ہیں اور قیمتی بھی ہے۔ وہ تمام ہی حاضر ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے سے دکھی لوگوں کو شفا نصیب فرمائے۔ آمین۔ ان میں یاقوتیاں بھی ہیں۔ اور کشتہ جات بھی۔ مفردات بھی ہیں مرکبات بھی ہیں اور تمام حاضر ہیں امراض دل میں مریض اگر بے ہوش ہے تو اس کو ہوش میں لانے کی نسوار دیں۔ اس سے مریض کو ہوش آ جائے گی پھر اس کے حسب حال نسخہ تجویز کریں۔ اور چہرہ پر سرد پانی کے چھینٹے ماریں۔

## (۷۱۵) سمی نمبر ۳

مریضہ عمر چون سال قیام پاکستان سے پہلے کا واقعہ ہے کہ ہندوؤں کے دھرم شالہ کے نگران کے بھائی کی بیوی کو دل کی بیماری تھی وہ بے ہوش ہو جاتی تھی وہ کئی علاج کر چکے تھے لیکن آرام نہ آیا مجھ کو بلایا گیا مریضہ کو نسوار دے کر ہوش دلایا گیا اور سفوف سمی نمبر ۳ ایک رتی خوراک کی پڑیا باندھ دی گئی اس سے مریضہ کو فوراً فائدہ ہو گیا اور ساتھ اس کو خوش رکھنے کو کہا گیا۔ غم اس کا دور کرنے کی تدبیریں بتائی گئیں۔ سم الفار سفید ایک رتی۔ چینی سفید ۱۰ تولہ۔ پہلے سم الفار کو باریک رک کے ایک تولہ چینی ملا کر چار گھنٹہ کھرل کریں۔ پھر تمام چینی ڈال کر

کھرل کرتے جائیں اور بارہ گھنٹہ کھرل کریں۔ تیار ہے۔

**فوائد :** کمزوری ہر قسم ملیریا بخار، پیاس، جلن دار اور کمزوری دل میں خمیرہ گاؤزبان عنبری اور دوالمسک معتدل جواہر والی دل کی مشہور ادویہ ہیں۔ اُن سے بھی زیادہ مفید ہے۔ تقریباً پچاس سال سے زیر تجربہ ہے۔ سمی نمبر ۳ نے ایسے ایسے فوائد دکھائے ہیں کہ عقل حیران رہ جاتی ہے۔ امراض دل میں تو لاجواب ہے۔ اس مریضہ کو اس سے بالکل شفا ہو گئی۔

## (۱۷۶) نسخہ قلیل اجزاء

ایک مریضہ عرصہ سے دل کی مریضہ تھی وہ کئی جگہ سے علاج کرا چکی تھی اب وہ میرے ایک ہم عصر طبیب کے زیر علاج تھی اس کو یہ گولیاں تجویز کی گئیں اس سے مریضہ کو فوراً شفا ہو گئی کم اجزا کا نسخہ ہے۔

**هوالشافی :** مروارید۔ زعفران۔ جدوار۔ ۳۔۳ ماشہ۔ گولی بقدر مونگ۔ بنا کر ورق نقرہ لگائیں مریضہ ایک ایک عدد دن میں تین بار کھلائی گئیں جس سے فوراً شفا ہو گئی ان گولیوں سے اور بھی کئی علاج کیے کم اجزا کا لاجواب نسخہ مقوی دل و دماغ اعضاء رئیسہ شریفہ ہے معمول مطب بنائیں۔

## (۱۷۷) جواہر مہرہ

طب یونانی کی لاجواب مانی ہوئی دوا ہے۔ صلدیوں سے جواہر مہرہ مجرب چلا آرہا ہے۔ دل کی کمزوری بلکہ ہر قسم کی کمزوری جو کہ پرانی امراض کے بعد ہو جاتی ہے ان تمام کو مجرب ہے۔ بلکہ اگر کمزوری قلب سے دل بیٹھ رہا ہو تو دے دیں۔ فوراً طاقت ور ہو جاتا ہے۔ اس کے ملتے جلتے کئی نسخے ہیں۔ لیکن حکیم اجمل خان مرحوم کے خاص نسخہ یہ ہے زہرہ مہر خطائی ایک تولہ۔ مروارید۔ بسد احمر۔ کہربا شمعی۔ لاجورد مغسولہ۔ یاقوت کبود۔ یاقوت اصفر۔ یشب سبز۔ زمرد اخضر۔ عقیق سرخ۔ ورق نقرہ۔ مصطگی رومی۔ ۷۔۷ ماشہ۔ ورق طلا۔ جدوار خطائی ناریل دریائی۔ عنبر اشہب۔ کستوری خالص۔ مومیائی۔ ہر ایک ساڑھے تین تین ماشے۔ پہلے تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک کریں پھر تمام ادویہ کو ملا کر چودہ دن کھرل کریں تیار ہے۔ لیکن کستوری اور عنبر کو آخری دن میں ملا لیں اور تمام پتھر پہلے کھرل کریں اس سے کھرل کرنے میں آسانی رہے گی۔ یہ لاجواب مرکب ہے اس کو تیار کریں یا کسی معتبر دواخانے کا بنا ہوا خرید

لیں۔ وجہ کمزوری اسہال ہوں یا ہیضہ یا بخاروں کی کمزوری ہو تمام کو مجرب ہے۔

## (۷۱۸) مرکب نسخہ

**ھوالشافی:** دوائے مسک جواہر والی۔ ۵ تولہ۔ خمیرہ گاؤزبان سادہ ۱۰ تولہ۔ مربہ آملہ گٹھلی دور کردہ ۱۵ تولہ ملا لیں۔ خوراک ۶۔۶ ماشہ۔ صبح و شام ہمراہ جوشاندہ الائچی خورد کوفتہ ۱۵ دانے دینا امراض دل کمزوری عام کو لاجواب ہے۔ یہ نسخہ مجھ کو شیخوپورہ کے ایک حکیم نے اس وقت بتایا تھا جب میں نے ایک مریض کے بارے میں مشورہ لیا تھا اس سے مریض کو فوراً افاقہ ہو گیا اور پھر کئی بار تجربہ کیا ہمیشہ مجرب پایا۔

## (۷۱۹) مفرح دل بدل جواہر مہرہ

**ھوالشافی:** کشتہ صدف مروارید ی۔ کشتہ نقرہ۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ یشب ایک ایک تولہ۔ دانہ الائچی سفید ۵ تولہ۔ طباشیر ۱۰ تولہ۔ مصری کوزہ ایک پاؤ۔ مثل سرمہ باریک کریں۔

**خوراک:** ایک ماشہ مربہ گاجر۔ مربہ آملہ۔ مربہ سیب۔ مربہ بہی۔ مربہ پیٹھہ اس میں سے جو مل جائے دھو کر ایک تولہ میں سفوف رکھ کر دودھ گائے سے کھلائیں۔ مرد' عورت' نوجوان' بوڑھے' بچے' تمام کو مفید ہے۔ مکھن میں رکھ کر کھلانا بھی مفید ہے۔ یہ دوا اختلاج القلب۔ کمزوری دل و دماغ کو لاجواب نسخہ ہے۔

## (۷۲۰) طباشیر نقرہ

مریضہ عمر ۲۵ سال کا حمل ساقط ہو گیا اس کو کئی دن خون کی زیادتی رہی اور مریضہ کو اس بیماری سے کمزوری حد درجہ اور خفقان ہو گیا۔ رنگ زرد تھا۔ پیاس زیادہ تھی۔ نبض بھی زور زور سے چلتی تھی اور دل بھی زور زور سے دھڑکتا تھا۔ اس کو گرمی اور کمزوری سمجھ کر یہ سفوف دیا گیا۔

**ھوالشافی:** طباشیر نقرہ۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید۔ الائچی خورد۔ زہر مہرہ خطائی ۵۔۵ تولہ۔ ناریل دریائی ۳ تولہ۔ کشتہ عقیق ۲ تولہ۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ مثل سرمہ باریک کریں۔

**خوراک:** ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک ہمراہ مناسب مربہ یا شربت۔

**فوائد :** قے متلی سے غشی گھبراہٹ بے چینی بخار کی تیزی۔ اندر سے خون آنا' نکسیر' کثرت حیض ونفاس' اسہال بچگان' زیادتی پیاس کو مجرب ہے۔ یہ سفوف ۲ ماشہ کو مصری ۲ تولہ مکھن ۵ تولہ میں ملا کر کھلانا وار سر اندھالی آنا کو مفید ہے۔ صفراوی مزاج آدمی کو زیادہ مفید ہے۔ ایک حکیم نے فرمایا کہ اس میں ایک ماشہ مروارید کا اضافہ کر لیا کریں یہ سفوف مفرح طب جدید والوں کی طبی اربعین کا نسخہ ہے۔ اور ہمارا پچاس سالہ مجرب ہے۔

## (۷۲۱) سفوف مفرح

مریض عمر ۵۰ سال عام مرضوں سے کمزور ہو گیا۔ کمزوری اعصاب۔ کمزوریٔ دل۔ کمیٔ ہاضمہ۔ زندگی سے بیزاری اور غشی کے دورے بھی ہو جاتے تھے۔ ہاتھ پاؤں سرد رہتے تھے اس کو یہ جوارش تیار کر کے دی گئی۔ اس سے فوری طور پر فائدہ شروع ہو گیا اس سے مریض کے وارث بھی راضی ہو گئے اور وہ ڈاکٹر جو کہ اس کے معالج رہ چکے تھے اس کی صحت دیکھ کر طب یونانی کے کمال پر حیران رہ گئے۔

**ھوالشافی :** سنڈھ ایک تولہ۔ ساذج ہندی ۶ ماشہ۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ لونگ ایک تولہ۔ جڑ پان ۶ ماشہ۔ سنبل الطیب ۶ ماشہ۔ جائفل ۶ ماشہ۔ درونج عقربی ۲ تولہ۔ کشتہ یا ورق سونا ۲ رتی۔ ورق چاندی ایک ماشہ۔ کستوری ۳ رتی۔ شہد صاف ایک پاؤ ملا لیں تیار ہے۔

**خوراک:** ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک۔

**فوائد :** دل ودماغ معدہ وجگر کی مقوی ہے۔ کمزوری باہ کمزوری اعصاب کو مفید ہے۔ اس کے استعمال سے بھوک خوب لگتی ہے۔ دودھ گھی ہضم ہونے لگتا ہے۔ بدن میں چستی ہوشیاری آتی ہے۔ امراض مستورات میں کمی حیض' بندش حیض' کمزوری بعد از پیدائش بعد طہر معین حمل ہے یہ نسخہ بھی طب جدید شاہدوی والوں کا ہے اور میرا پچاس سالہ معمول مطب ہے کم اجزا کا نسخہ ہے لیکن فوائد میں بے نظیر ہے ایک دن میں ہی صحت بحال ہو جاتی ہے۔

## (۷۲۲) مفرح یاقوتی

ایک صاحب رات کے وقت آئے اور آ کر کہنے لگے حکیم صاحب میری بیوی بے ہوش ہے۔ کئی ماہ سے بیمار ہے کبھی غشی کے دورے اور کبھی عام کمزوری سے بے ہوش ہو جاتی ہے۔ ہاتھ پاؤ سرد ہو جاتے ہیں۔ دو تین ڈاکٹروں سے بھی علاج کروایا ہے اور دو تین حکیم بھی

لا چکے ہیں۔ لیکن صحت نہیں ہوئی اب بے ہوش ہے ذرا ساتھ چل کر دیکھ لیجئے۔ میں چلا گیا مریضہ بے ہوش تھی اسے نسوار سے ہوش دلوائی مریضہ کے جملہ حالات سنے اور ان کو کہا کہ اس کو خوش رکھنے کی کوشش کریں۔ اور علاج کے لیے مفرح یاقوتی تجویز کی مریضہ کو رات کو دو خوراک دے دیں جس سے مریضہ کو فائدہ ہوا اور مریض کے وارثوں نے کہا اس کا مکمل علاج کرو۔ میں نے کہا اس یاقوتی سے بڑھ کر کوئی علاج نہیں اس سے مریضہ دوبارہ دورہ غشی کا نہ ہوا اور دن بدن اس کی صحت ٹھیک ہوگئی۔ بھوک کھل گئی عام لوگ بھی اس کی صحت دیکھ کر راضی ہوگئے۔

**ھوالشافی :** مفرح یاقوتی یہ ہے۔ اوپر کے دو مریضوں والے نسخے سفوف مفرح ۵ تولہ۔ جوارش مفرح ۱۰ تولہ۔ سفوف سمی نمبر۲ ایک تولہ۔ کستوری ۳ ماشہ۔ یاقوت سرخ مدبر ایک تولہ۔ مربہ بہی ۱۵ تولہ۔ مربہ سیب ۱۵ تولہ۔ دونوں مربے باریک کر کے تمام ادویہ ملا لیں۔

**خوراک :** ۳ ماشہ سے ٦ ماشہ تک۔ ہمراہ دودھ۔ یہ یاقوتی بھی طب جدید والوں کی تجویز کردہ ہے۔

**فوائد :** یہ پرانی امراض خواہ اعصابی ہوں فوراً حرارت پیدا کرتی ہے۔ مقوی اعضاء رئیسہ شریفہ۔ امراض دماغی۔ مالیخولیا۔ خفقان۔ غشی۔ صرع۔ سکتہ۔ مراق۔ کمزوری حاملہ۔ کسی زہر کے کھانے سے یا مرض کی کمزوری میں حد درجہ مفید ہے۔

**طریقه :** سفوف سمی نمبر۲ سم الفار سفید ایک ماشہ۔ چینی سفید ۱۰ تولہ۔ کھرل کریں۔ یاقوت کو کٹھالی میں گرم کر کے عرق گلاب میں سرد کرتے جائیں کہ خستہ ہو جائے تو ہاون دستہ میں کوٹ لیں۔ پھر کھرل میں ڈال کر مثل سرمہ باریک کر کے تمام ادویہ ملا لیں تیار ہے۔

## (۷۲۳) معجون قلب

میرا ایک دوست طبیب یہ معجون تیار کر کے دیتا ہے اور یہ بھی کہتا ہے کہ میرے ابا جی بھی اس کو ہی بنا کر دیتے ہیں۔ کم خرچ کم اجزا ہے۔ لیکن دل کے مریضوں کو مفید ہے۔

**ھوالشافی :** صندل سفید۔ گل گاؤزبان ایک ایک تولہ۔ کشنیز خشک۔ کہربا شمعی ۹-۹ ماشہ۔ یشب سائیدہ عرق بید مشک میں کھرل شدہ ۷ ماشہ۔ مروارید ۳ ماشہ۔ عرق کیوڑہ میں کھرل شدہ صدف صادق ۳ ماشہ۔ کشمکش ۵ تولہ۔ کوٹ کر معجون بنا لیں۔

**خوراک:** ۲ ماشہ ہمراہ عرق کیوڑہ ۵ تولہ۔ عرق بید مشک ۵ تولہ سے دیں۔ خفقان تپاک قلب کو حضرت مولانا عبدالحمید سوہدروی کی مجرب ہے۔ غربا کو صدف ۵ ماشہ ہی ملا کر بنا دئیں۔

## (۷۲۴) تریاق قلب

ایک بزرگ حکیم فرماتے ہیں کہ تفریح قلب کے لیے یہ نسخہ بھی معمول مطب بنالیں۔ ہمارا تو روز کا معمول ہے۔ اور حکیم بھی مشہور ہیں۔ اب اللہ تعالیٰ کو پیارے ہو چکے ہیں۔

**ھوالشافی:** لاجورد مغسولہ ۲ تولہ۔ زہر مہرہ مسحوقہ ۲ تولہ۔

**خوراک:** چار رتی سے ایک ماشہ تک مربہ سیب یا بہی یا گلقند میں رکھ کر کھلائیں۔ دونوں اجزا مل جانے سے لاجواب دوائی بن جاتی ہے۔ کشتہ فولاد و مرجان مساوی ملا کر چار چار چاول مکھن یا مناسبہ مربہ سے دینا کمزوری دل و جگر و گرمی اور جریان کے مریضوں کو دینا مجرب ہے۔ لاجورد مغسولہ۔ یشب سائیدہ۔ دونوں ملا کر چار چار رتی کھانا ہائی بلڈ پریشر کو مفید ہے۔

(از وید گنگا رام گاندھی)

## (۷۲۵) حکیم سعید احمد پھلواری

حکیم سعید احمد صاحب پھلواری جن کا مطب لاہور شہر اردو بازار کے نزدیک تھا میں نے ان سے قلب کی کمزوری کے متعلق ایک نسخہ پوچھا تو آپ نے یہ نسخہ لکھ دیا اور فرمانے لگے ہمارا تو یہ ہی معمول ہے۔ ہمیشہ تیار کر کے رکھتا ہوں۔

**ھوالشافی:** مروارید۔ صدف مروارید۔ زہر مہرہ خطائی۔ یشب سبز۔ عقیق۔ مرجان۔ یاقوت۔ زمرد۔ ایک ایک ماشہ۔ ورقہ نقرہ ۳ ماشہ کو عرق کیوڑہ۔ عرق بید مشک ۱۰۔۱۰ تولہ سے کھرل کریں اور کستوری ۲ رتی۔ عنبر ۲ رتی۔ خوب کھرل کرنے کے بعد ملا کر دو گھنٹہ کھرل کریں۔ تیار ہے۔

**خوراک:** چار چاول سے دو رتی تک۔ خمیرہ ابریشم سادہ میں رکھ کر کھلایا کریں۔ فرمانے لگے یہ نسخہ مجھ کو استادوں نے بتایا تھا اب میں نے تجھ کو بتا دیا ہے۔ اس کو معمول مطب بنالیں یہ بھی جواہر مہرہ ہے۔

**(۷۲۶) بدل مسک**

ایک صاحب جو کہ خاندانی حکیم تھے ان سے تبادلہ خیال ہوا اور دوائے مسک معتدل کا ذکر ہوا تو فرمانے لگے وہ تو قیمتی ہے اور ہم سے لوگ نہیں خریدتے ہمارے استادوں نے اس کا ایک بدل تیار کیا ہوا ہے ہم تو اس کو استعمال کرتے ہیں۔ تو میں نے سوال کیا کہ مجھ کو بھی اس راز سے واقف کر دیں۔ فرمانے لگے آپ سے اخفا کیسا۔ یہ نسخہ ہمارا تمام عمر کا معمول ہے اور امراض قلب میں دیتے ہیں۔

**ھوالشافی :** صندل سفید اصلی۔ زرشک شیریں۔ دھنیا۔ گل سرخ صاف پتی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ ہر ایک ڈھائی ڈھائی تولہ۔ دارچینی۔ گاؤزبان صاف پتی سوا سوا تولہ۔ زہر مہرہ خطائی۔ کشتہ صدف مروارید۔ ڈھائی ڈھائی تولہ۔ ورق نقرہ ۲۵ عدد۔ چینی نو چھٹانک۔ شہد تین چھٹانک عرق گلاب سے قوام بنا کر تمام ادویہ مسحوقہ ملا لیں تیار ہے۔

**خوراک :** ۶ ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان کبھی کھلاتے وقت اس کے ساتھ مساوی الوزن خمیرہ گاؤزبان سادہ بھی ملا لیتے ہیں۔ یہ غربا کے لیے مفید ہے۔ دل و دماغ کو پوری طاقت دیتا ہے۔ واقعی یہ نسخہ مفید ہے کسی عالی دماغ کا تجویز کردہ ہے۔

**(۷۲۷)**

ایک حکیم جو کہ میرے ہم راز تھے اپنے مطب میں دو شربت تیار کر کے رکھتے تھے اور مریضوں کو دیتے وقت ملا کر دیتے تھے۔ انہوں نے ایک رسالہ میں ان کو شائع کروایا تھا فرماتے تھے یہ غریبوں کے لیے کستوری اور سونا والی ادویہ سے بہتر ہیں۔

**ھوالشافی :** شربت غنچہ۔ شربت قطن۔ یعنی گلاب کے پھولوں کا شربت۔ اور کپاس کے پھولوں کا شربت اگر اکٹھا تیار کرنا ہو تو گل سرخ ۵ تولہ۔ گل کپاس ۵ تولہ ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو کر ابال کر تین پاؤ رہ جانے پر تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنائیں۔

**خوراک :** ۵۔۵ تولہ۔ پانی ملا کر پلانا خفقان قلب اور دل کے اور امراض دماغ اور قبض کو لاجواب ہے۔ تجربہ اس کی تصدیق کرے گا۔

**(۷۲۸) ٹھنڈک**

میرا ایک رشتہ دار جو کہ مختلف بیماریوں میں مبتلا رہا۔ مثلاً پہلے نمونیہ ہوا اس کے بعد پھر

بخار ہو گیا۔ اس کے بعد خون کا مروڑا لگ گیا اس سے نہایت کمزور ہو گیا۔ وہ ایک جگہ قرار نہیں کر سکتا تھا۔ ہر وقت اداس رہتا۔ گرمی، جلن، تپش کی شکایت کرتا وہ میرے پاس آیا اور کہا میرے ساتھ شہر چلیں۔ وہاں ایک حکیم کے پاس جانا ہے۔ اس کے ساتھ چل دیئے تو حکیم صاحب نہ ملے۔ اس کے شاگردوں نے کہا کہ پرسوں تک ملیں گے ہم پھر گئے تو حکیم صاحب پھر نہ ملے میں نے اس سے کہا کہ دو بار آئے ہیں وہ نہیں مل سکے اگر کہو تو میں خود علاج کروں وہ رضا مند ہو گیا میں نے یہ نسخہ تیار کر کے دیا گیا جس سے مریض کی تمام تکلیفیں ایک دو دن میں ہی ختم ہونا شروع ہو گئیں۔

**ھوالشافی :** طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ برادہ صندل سفید۔ کشنیز خشک۔ گل نیلوفر۔ کہربا شمعی ہر ایک ڈھائی ڈھائی تولہ۔ ناریل دریائی ڈیڑھ تولہ۔ ورق نقرہ آدھی دفتری۔ کشتہ مرجان چھ ماشہ۔ کشتہ عقیق ایک تولہ۔ زہر مہرہ سبز سائیدہ ۲ تولہ۔ کشتہ سنگ یشب ۶ ماشہ۔ پاؤڈر آرسینک نمبر چار ایک تولہ۔ سفوف کریں۔

**خوراک :** ایک ماشہ سے دو ماشہ تک ہمراہ مناسبہ بدرقہ۔ مثلاً شربت صندل سفید۔ انار۔ مربہ سیب۔ مربہ گاجر یا جیسا مناسب مل سکے اس نسخہ سے اس کی تمام تکالیف جن کا اوپر ذکر ہوا ہے ایک ایک کر کے کافور ہو گئیں۔ اس نسخہ کا نام ٹھنڈک ہے۔ جس کو حکیم مولانا عبداللہ صاحب روڑی والوں نے کنز المجربات جلد اول میں ذکر کیا ہے اب تک اپنے مطب میں اور بذریعہ اشتہارات سیکڑوں ڈبیاں تیار کر کے فروخت کر چکے ہیں میں بھی قریباً پچاس سال سے تیار رکھتا ہوں اس کو تمام گرم امراض میں مفید پاتا ہوں۔ صاحب نسخہ نے کہا کہ کہربا کی بجائے کشتہ سنگ جراح شامل کر لیں۔ اس کو دودھ میں رگڑ کر آگ دے لیں۔ ناریل دریائی کو باریک کر کے خواہ کتنا وقت لگ جائے۔ صندل سفید بھی اصلی لے کر ریتی سے برادہ خود بنائیں۔ پاؤڈر آرسینک اس طرح تیار کریں کہ سم الفار سفید اس طرح تیار کریں کہ ایک ماشہ طباشیر ایک تولہ چینی ملا کر بارہ گھنٹہ کھرل کریں۔ نمبر ایک ہے اس سے ایک تولہ لے کر طباشیر ایک تولہ چینی سفید ۲ تولہ ملا کر کھرل کریں۔ نمبر ۲ ہے۔ اب نمبر ۲ سے ایک تولہ لے کر ساڑے تین تولہ طباشیر۔ اور ساڑھے تین تولہ چینی لے کر بارہ گھنٹہ کھرل کریں یہ نمبر ۳ ہے۔ مین تو اس کو ڈال لیتا ہے لیکن ایک جگہ لکھا ہے کہ نمبر ۴ شامل کریں۔ پھر نمبر ۳ سے ایک تولہ لے کر سات تولہ چینی ملا کر کھرل کریں۔ یہ نمبر چار ہے اس سے ایک تولہ شامل کریں۔

فوائد: اس کے بے شمار ہیں۔ اب میں آپ کے لیے ایک نکتہ بیان کرتا ہوں کہ آپ نے نمبر چار بنانا ہو تو ایک رتی سم الفار لے کر ۱۰ تولہ چینی ملا کر بارہ گھنٹے کھرل کر لیں تو نمبر تین بن جائے گا یوں اس میں ہزارواں حصہ سم الفار آ جائے گا۔ اس کو ڈال لیں۔ کمزوری دل و دماغ و دردسر میں مغز بادام ۷ عدد۔ چھوہارا ۲ عدد۔ الائچی کلاں ایک عدد کو رات بھر پانی میں بھگو دیں۔ صبح اٹھ کر بادام چھیل کر چھوہارہ کی گٹھلی نکال کر الائچی کے دانے لے کر گھوٹ کر مکھن گاؤ ۵ تولہ مصری ۵ تولہ اور ٹھنڈک ۲ ماشہ میں ملا کر کھلائیں۔ اس سے بڑی بڑی یاقوتیوں جیسا فائدہ ہوگا۔ اسہال، مروڑ کو سدہ نکال کر لعاب بہی دانہ یا لعاب اسپغول سے دینا دو تین خوراک سے ہی فائدہ ہو جائے گا۔ قے، متلی، گھبراہٹ، پیاس اور بخار جس میں قے آتی ہو، اسہال آتے ہوں۔ مربہ سیب مربہ آملہ۔ یا گلقند سے دیں۔ فوراً فائدہ ہوگا۔ اندر جو خون آتا ہو مثلاً نکسیر۔ استحاضہ۔ نفث الدم یا بواسیر میں شربت انجبار یا شربت صندل یا چاولوں کے پانی سے دیں۔ فوراً رک جائے گا۔ سوزاک میں ٹھنڈک ایک ماشہ شورہ قلمی، پھٹکڑی پھلہ ۴۔۴ رتی ملا کر صبح و شام دیں۔ جلن بول اور سوزاک کو آرام ہوگا۔ احتلام جریان میں ٹھنڈک ۹ ماشہ۔ کشتہ قلعی تین ماشہ۔ ملا کر بارہ خوراک بنا لیں۔ صبح کو صرف ایک خوراک ہمراہ (موسم کے مطابق) شربت بزوری یا شربت صندل یا دودھ کی لسی یا نیم گرم دودھ سے دیں یا اوپر والے چٹنی۔ مغز بادام۔ الائچی والے نسخہ سے دیں۔ ذکاوت حس اور احتلام کو مجرب ثابت ہوگی۔ ایک حکیم نے اپنا ایک راز اس طرح بتایا کہ حمل کی حفاظت کے لیے میں اس کو ایک ماشہ صبح کو شربت سیب یا رب سیب سے اور عصر کے وقت ایک ماشہ ہمراہ شربت فولاد سے دیتا ہوں۔ اس سے حمل کی حفاظت ہوتی ہے۔ اسقاط نہیں ہوتا۔ خفقان، دل دھڑکن کو آرام رہتا ہے۔ میں اس کو کئی بار آزما چکا ہوں۔ میں نے بھی ایک حاملہ کو کھلایا اس کا حمل ساقط ہو جاتا تھا اس بار نہ ہوا۔ بچہ نہایت تندرست خوبصورت پیدا ہوا ان تمام امراض میں میں نے اس کو مجرب پایا ہے خود تیار کر لیتا ہوں یا ان سے منگوا لیتا ہوں۔ کئی حکیم مجھ سے تیار کروا کر لے جاتے ہیں۔ اجزا خالص ہونے ضروری ہیں۔ نسخہ کے مجرب ہونے میں شک نہیں۔

## (۷۲۹) یاقوتی لاجواب

برائے امراض قلب میں حکیم یار محمد صاحب مؤلف کتب کثیرہ کے داماد سے پوچھا کہ

یاقوتیاں تو کتابوں میں عام ہیں لیکن میں نے اگر یاقوتی تیار کرنی ہو تو کون سی تیار کروں آپ نے فرمایا کہ میرے ماموں جان حکیم یار محمد صاحب آف للیانی صاحب اس طرح تیار کرتے تھے۔ اور میں بھی تیار کر لیتا ہوں۔ آپ بھی اس کو تیار کر لیا کریں۔ یہ ایک لاجواب مرکب ہے۔

**ھوالشافی:** طباشیر ۳ ماشہ۔ گل گاؤزبان۔ گل سرخ ۷۔۷ ماشہ۔ برادہ صندل سفید۔ مغز تخم کدو۔ تخم خرفہ۔ ہر ایک ساڑھے تین تین ماشہ۔ ورق سونا۔ ورق نقرہ۔ عنبر اشہب ایک ایک ماشہ۔ مروارید۔ یاقوت۔ کہربا شمعی۔ شاخ مرجان ۲۔۲ ماشہ۔ رب سیب۔ قند سفید۔ شہد ۸۔۸ تولہ۔ قند سفید کا ۸ تولہ پانی ملا کر قوام کریں۔ پھر رب سیب ملا کر قوام پورا کریں۔ پھر شہد ملا کر اتاریں اور اوپر کل ادویہ ملا کر رکھیں۔ جواہرات کو روح کیوڑہ میں کھرل کر کے ملا لیں۔

**خوراک:** ۴۔۴ ماشہ۔ ہمراہ شربت انار یا شربت سیب ۳ تولہ۔ عرق کیوڑہ و بید مشک ۴۔۴ تولہ ملا کر کھلایا کریں۔

**فوائد:** لاجواب یاقوتی ہے۔ خفقان، مالیخولیا، دل، دماغ اور جگر کو طاقت اور تفریح بخشتی ہے۔ مراق دل، ہڑکہ وخشک وسواس کے مریضوں کو چند دنوں میں پورا فائدہ کرتی ہے اور آسانی سے تیار ہوتی ہے۔

## (۷۳۰) یاقوتی نمبر ۲

ارواح کو قوی کو خوب طاقت بخشتی ہے۔ خفقان، کمزوری قلب، ہول دل، نقاہت بدن، غشی، کمزوری اعضاء رئیسہ وغیرہ دل کی تمام امراض کی مستند سریع الاثر اور آسان دوا ہے۔ کمزوری دماغ، کمزوری اعصاب، کمزوری جگر کے لیے موثر ہے اور بالخصوص گرم مزاجوں کو از حد مفید ہے۔

**ھوالشافی:** یاقوت۔ مروارید۔ زمرد۔ ورق نقرہ ۳۔۳ ماشہ۔ طباشیر کبود۔ گل گاؤزبان اہر ایک ۲ تولہ۔ تین ماشہ گلوکوز چار تولے۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ روح کیوڑہ تین تولہ۔ روح بید مشک ۸ تولہ۔ پہلی چار ادویہ کو پیس کر روح کیوڑہ میں بید مشک میں کھرل کریں۔ جو کہ ۱۲ گھنٹہ تک اس کے بعد تمام ادویہ ملا کر روح بید مشک سے کھرل کریں تیار کریں۔

**خوراک:** ایک ایک ماشہ۔ صبح و شام ہمراہ مربہ پیٹھہ۔ مربہ گذر۔ سیب یہ بھی۔ یا گلقند۔

خمیرہ گاؤزبان سادہ میں رکھ کر کھلائیں یہ دونوں یاقوتیاں حکیم غوث محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ جو کہ حکیم یار محمد صاحب للیانی والے کے داماد تھے انہوں نے اپنے اور اپنے ماموں جان کے معمول مطب بتائے۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں کی مغفرت فرمائے۔

## (۷۳۱) مفرح میاں صاحب والی

ایک مولوی صاحب جو کہ منڈی چشتیاں کے رہنے والے تھے وہ لوگوں کے پیر بھی تھے اور میرے بھی واقف تھے ان کو کسی حکیم نے ایک کم خرچ نسخہ عطا فرمایا اور انہوں نے ایک حکیم صاحب جو کہ قصبہ چھراں کے رہنے والے تھے ان کو عطا فرمایا انہوں نے مجھ کو عطا فرما دیا۔ انہوں نے اس کا نام مفرح میاں صاحب رکھا ہوا تھا اور مریضوں کو دیتے دیکھا۔

**ھوالشافی :** کشتہ صدف مروارید ایک تولہ۔ زہر مہرہ خطائی۔ طباشیر نقرہ۔ دانہ الائچی خورد۔ ورق نقرہ ۳۔۳ ماشہ۔ چینی سفید ۵ تولہ میں اتنا کھرل کریں کہ چمک ختم ہو جائے اور ۵ تولہ گلوکوز ملا لیں۔

**خوراک :** ایک ماشہ ہمراہ مناسبہ بدرقہ یا اس چٹنی سے دیں۔

**چٹنی :** مربہ گاجر۔ مٹھائی پیٹھ ایک ایک پاؤ۔ مغز بادام ۵ سے ۱۰ تولہ ملا کر ۲ تولہ میں ایک ماشہ رکھ کر کھلائیں اور اگر حاملہ کو دینا ہو تو ست پودینہ ۲ چاول ملا کر کھلائیں اس سے حاملہ کی قے اور گھبراہٹ بھی دور ہو گی یہ بھی غریبانہ مفرح ہے۔

## (۷۳۲) جوارش سلیمانی مشکی دوائے مسک معتدل جواہر والی

**ھوالشافی :** خمیرہ گاؤزبان سادہ۔ دوائے مسک معتدل جواہر والی۔ جوارش جالینوس ۵۔۵ تولہ ملا کر تیار کر لیں۔

**خوراک :** ۶۔۶ ماشہ از حد ہاضم، مقوی و مفرح ہے اگر اس میں ملاتے وقت امرت دھارا فی خوراک ۲ قطرہ ملا لیں تو اور بھی زیادہ ہاضم ہو جائے گی ایک حکیم لاہور میں مطب کرتے تھے میں نے انہیں ایک مریض کو بنا کر دیتے دیکھا اس نے کمی ہاضمہ اور کمزوری باہ کی شکایت کی تھی واقعی تینوں چوٹی کی ادویہ اور مجرب ہیں۔

## (۷۳۳) جوارش مفرح بارد

جوارش جالینوس ۲ ماشہ۔ خمیرہ گاؤزبان سادہ ۴ ماشہ میں ٹھنڈک ۴ رتی رکھ کر کھلائیں یہ

ایک خوراک ہے۔ ہاضم دافع تبخیر اور مفرح ہے۔ یہ دواخانہ سلیمانی منڈی جہانیاں کا لاجواب مرکب ہے۔ جوارش جالینوس ۱۹ اجزا' ٹھنڈک ۱۳ اجزا' خمیرہ گاؤزبان ۱۲ اجزا۔ کل ۴۴ اجزا کا مرکب ہے اس کو تیار کرلیا کریں۔

## (۷۳۴) سفوف گاؤزبان سادہ

خمیرہ گاؤزبان تو عام لوگ بناتے ہیں۔ لیکن سفوف خمیرہ گاؤزبان آپ نے نہیں دیکھا ہوگا۔ ایک صاحب نے رسالہ ''الحکیم'' میں یہ نسخہ بدل خمیرہ گاؤزبان کے دیا تھا۔ فوائد خمیرہ کے ہیں۔

**ھوالشافی:** طباشیر نقرہ۔ تودری سفید۔ بہمن سفید۔ صندل سفید۔ کشنیز خشک۔ برگ گاؤزبان۔ گل گاؤزبان۔ الائچی خورد۔ مغز کنول ڈوڈا۔ ایک ایک تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ چینی سفید ۱۲ تولہ۔ پہلے طباشیر اور ورق اور کھانڈ ایک تولہ ملا کر کھرل کریں کہ ورقوں کی چمک ختم ہو جائے پھر تمام ادویہ ملا کر سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ۶ ماشہ۔ شربت سیب ۳ تولہ۔ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ۔ عرق کیوڑہ ۲ تولہ۔ ملا کر صبح وشام دیں یہ لاجواب مرکب خمیرہ گاؤزبان کا بہترین بدل ہے۔ خمیرہ خراب بھی ہو جاتا ہے۔ اور بنانا بھی ہر کسی کا کام نہیں۔ لہٰذا یہ آسان ترکیب لاجواب ہے۔ میرے خیال میں ورق نقرہ زیادہ ہیں۔ لہٰذا ورق نقرہ ۳ ماشہ شامل کر کے بنا دیں اور آدھی رتی چاندی فی خوراک آ جائے گی جو کہ ٹھیک ہے۔ (مؤلف)

## (۷۳۵) خمیرہ عطیہ شہاب الدین صاحب پرنسپل طبیہ کالج بہاولپور

**ھوالشافی:** مروارید ایک تولہ۔ یاقوت ایک تولہ۔ دونوں کو عرق گلاب ایک پاؤ میں کھرل کریں۔ نمبر ۲ کہربا شمعی۔ طباشیر نقرہ۔ عنبر اشہب ۶۔۶ ماشہ۔ سفوف کریں اور اوپر والی ادویہ میں ملالیں۔ نمبر ۳۔ گل گاؤزبان۔ گل نیلوفر۔ گل بنفشہ۔ گل سرخ ایک ایک تولہ۔ عرق یا پانی میں جوشا کر پن کر کھانڈ ایک سیر شہد آدھ سیر ملا کر قوام کریں اور شربت سیب ۵ تولہ ملا کر قوام مکمل کریں اور اوپر والی ادویہ ملا کر رگڑیں تیار ہے۔ اور ورق نقرہ ۵۰ عدد رگڑتے وقت شامل کریں۔ گرمیوں میں کھانڈ سوا سیر اور شہد ایک پاؤ شامل کریں اور قوام میں شربت صندل ۵ تولہ ملالیں یا جوشاندہ میں صندل سفید ایک تولہ ملا کر بنا دیں۔ یہ خمیرہ شہاب الدین صاحب

مذکور کا خود تجویز کردہ اور تمام عمر کا مجرب ہے اور انہوں نے بڑی محبت سے عطا فرمایا وہ مجھے بھائیوں جیسا عزیز سمجھتے تھے وہ مجھ کو بڑے بڑے القاب دیتے کبھی استاد اطبا کہتے کبھی بابا طب کہتے تو میں عرض کرتا آپ پروفسر ہیں میں کیا ہوں تو آپ فرماتے ہم بھی ہیں لیکن چونکہ تمام طبوں کے واقف آپ ہیں اور ہم صرف طب یونانی کے عامل ہیں۔ لہٰذا آپ بابا طب کہلوانے کے حق دار ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے دینا ہے جس کو چاہتا ہے دیتا ہے۔ فرمانے لگے یہ میرا تمام عمر کا معمول اور مجرب ہے تیار کرلیں۔

## (۷۳۶) معجون علم الدین

حکیم علم الدین بھاگو والیہ کی ذات کو کون نہیں جانتا اُن کی کتابیں بھی لاجواب ہیں اور معالج بھی بہترین تھے۔ انہوں نے بھی یہ معجون غربا کے لیے تجویز کی تھی جو کہ لاجواب ہے۔

**هوالشافي :** کہربا شمعی۔ بسد احمر۔ عقیق۔ یشب سبز۔ زہر مہرہ خطائی ۶۔۶ ماشہ۔ کو عرق گلاب میں مثل سرمہ کھرل کریں بعد میں صندل سفید۔ آملہ۔ گل سرخ صاف پتی۔ کشنیز خشک۔ ۴۔۴ تولہ کو بھی سفوف میں ملالیں اور عرق بید مشک آدھ سر کا چینی ایک سیر سے قوام کریں اور ادویہ مذکور تمام بمعہ ورق نقرہ ۳۰ عدد ملالیں۔

**خوراك :** ۶۔۶ ماشہ صبح وشام دیں۔

**فوائد :** مقوی دل دماغ ہے گرم مزاج کے جریان کو بھی مفید ہے اور حاملہ کو بھی مفید ہے۔ قیمتی نسخہ جات سے کم قیمت ہے۔ لیکن فوائد میں لاجواب ہے۔ گرمی کے زمانہ میں جب پیاس زیادہ لگتی پاؤں کے تلوے جلتے اور چکر آتے ہوں تو ان کا معمول مطب یہ سفوف تھا۔ طباشیر۔ فرنجمشک۔ گل گاؤزبان۔ ابریشم مقرض۔ ۲۔۲ تولہ ملالیں۔

## (۷۳۷) سفوف نقرہ

حکیم محمد حسن قرشی کا تجویز کردہ ہے اور حکیم و ڈاکٹر مظفر حسین اعوان نے اس کو لاجواب کہا ہے اور میں نے بھی تجربہ کیا ہے کم اجزا کا نسخہ ہے۔

**هوالشافي :** زہر مہرہ خطائی۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ ہر ایک ڈھائی ڈھائی تولہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔

**خوراك :** ۲ رتی ہمراہ مربہ سیب یا گاجر۔

**فوائد :** دمہ قلبی، گھبراہٹ اور ضعف قلب کو مفید و مجرب ہے میں نے تیار کیا اور مفید پایا ہے۔

اس کے علاوہ اطبا متقدمین کے مرکبات مثلاً دوائے مسک معتدل سادہ یا جواہر والی۔ خمیرہ گاؤزبان سادہ عنبری یا جواہر والا۔ خمیرہ مروارید۔ خمیرہ حکیم ارشد والا۔ مفرح یاقوتی۔ مفرح شیخ الرئیس۔ مفرح دل کشا۔ مفرح موسوی۔ مفرح اعظم۔ مفرح سوسبزی بھی حسب موقع و مزاج قدیم سے مجرب چلی آ رہی ہیں صفراوی مزاج میں مفرح بارد اور مفردات میں شربت قطن، مربہ گاجر یا شربت صندل، شربت گڑھل، عرق گاؤزبان، عرق گلاب شیخ الرئیس اور دوسرے کئی حکما قدیم فرماتے ہیں کہ بہمن کی تمام اقسام مقوی قلب ہیں اور درونج عقربی بہت زیادہ فرحت بخشتی ہے۔ علامہ سویدی فاضل جالینوس۔ علامہ رازی اور دوسرے پندرہ حکیموں کا قول ہے کہ لونگ ایسے قلب کو تقویت بخشتا ہے کہ جس میں سردی کا مادہ ہو اور طباشیر ایسے قلب کو قوت دیتی ہے کہ جس کا مزاج گرم ہو یہ ابن سینا اور دوسرے دس حکیموں کا قول ہے اور گاؤزبان بھی مقوی اعضاء رئیسہ و مفرح ہے اور زعفران شیخ الرئیس کے نزدیک از حد مفرح ہے ایک کم خرچ نسخہ حاضر ہے۔

## (۷۳۸) کم خرچ نسخہ

طباشیر نقرہ ایک تولہ۔ گاؤزبان صاف پتی ۵ تولہ کو خوب باریک کریں۔

**خوراک :** ایک ایک ماشہ۔ ہمراہ تازہ پانی یا شربت مناسب ایک لائق حکیم ہندوستانی کا معمول ہے۔ حضرت عبداللہ صاحب کے مطب میں گاؤزبان اور گلوکوز مساوی خوراک بمقدار ایک ماشہ دیا جاتا تھا۔

## (۷۳۹) سفوف لولوئی

مشک۔ عنبر۔ ورق طلاء ہر ایک ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ۔ مروارید۔ کہربا۔ کشنیز خشک۔ آملہ مقشر۔ پوست سماق۔ انار دانہ۔ بادرنجبویہ۔ دارچینی۔ مصطگی رومی۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ ناگرموتھا۔ جڑ پان۔ زیرہ کرمانی مدبر بسرکہ۔ پوست ترنج۔ تیز پات۔ زرشک۔ سونف درونج عقربی۔ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ اور نبات سفید ۹ تولہ کو ملا لیں۔

**خوراک :** ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک۔

**فوائد:** کمزوری جگر و معدہ۔ خفقان قلب۔ اختلاج القلب کو مجرب ہے اور عالی جناب حکیم انصاری صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک دو خوراک سے ہی دل اس قدر قوی ہو جاتا ہے کہ کبھی کوئی تکلیف تھی ہی نہیں۔ امرا و رؤسا کے لیے ایک قابل نسخہ ہے۔

## (۷۴۰) عرق مقوی قلب

یہ عرق بھی اس مایہ ناز ہستی کا معمول اور مجرب ہے فرماتے ہیں کہ جہاں بڑی بڑی یاقوتیاں مفید ہیں اس کے برابر یہ عرق بھی لاجواب ہے۔ خفقان اور دل کے اکثر امراض کا بہترین علاج ہے۔

**ھوالشافی:** گل سیوطی۔ گل نیلوفر۔ گل کاسنی۔ گل گاؤزبان۔ گل سرخ۔ تخم فرنجمشک۔ الائچی کلاں۔ مکو۔ سونف۔ ساذج ہندی۔ پودینہ۔ سنڈھ۔ کشنیز خشک۔ نمک ہندی ۵۔۵ تولہ۔ اس کے دو حصے کریں۔ آدھا کو سولہ گنا پانی میں بھگو کر آدھی بوتل عرق کشید کریں پھر دوسری ادویہ ڈال کر دوبارہ پانی ملا کر پہلے جتنا پانی کر کے عرق نکال لیں۔ دوبار آدھی بوتل عرق نکال لیں۔

**خوراک:** ۲ تولہ گلوکوز ملا کر پلائیں۔ اس عرق کو میں نے خود تیار کیا تھا اور خفقان قلب اور گھبراہٹ کی مریضہ کو فوراً فائدہ ہو گیا۔ جہاں یہ عرق مفرح ہے وہاں ہاضم بھی از حد ہے۔

**نوٹ:** اگر گل سیوطی نہ ملے تو گل سرخ دو گنا کر لیں اور اگر الائچی خورد بھی مساوی ملا لیں تو زیادہ مفید ہو جائے گا خوشبودار زیادہ ہو گا۔

## (۷۴۱) ایک لاجواب نسخہ

کشمش چالیس دانے رات کو صاف کر کے عرق گلاب۔ عرق بید مشک ہر دو ۵ تولہ میں بھگو دیں۔ صبح کو سوئی کی نوک سے ایک ایک دانہ اٹھا کر کھائیں اوپر سے عرق مذکور پی لیں تو ایک ہفتہ میں دل کو از حد طاقت آ جائے گی اگر سوئی سونے یا چاندی کی ہو تو بہتر ہے۔ لاجواب چٹکلہ ہے۔

## (۷۴۲) مفرح بارد

ایک صاحب جو کہ بہت بڑے فاضل تھے ان کا ایک مفرح کا نسخہ رسالہ میں دیا تھا وہ

بھی حاضر ہے۔ مفرح بارد۔ کئی سالوں سے ہمارا معمول ہے کے صفراوی مزاج کو زیادہ مفید ہے۔

**ھوالشافی :** گل گاؤزبان۔ دانہ الائچی خورد۔ زرشک بے دانہ۔ مغز خیارین۔ صندل سفید۔ پوست سنگترہ ہر ایک ۲۔۲ تولہ۔ زہر مہرہ۔ طباشیر۔ برگ نیلوفر۔ ورق نقرہ ۹۔۹ ماشہ۔ مروارید۔ کہربا۔ یشب بسد۔ گل سیوطی۔ تخم فرنجشک۔ ہر ایک ۵۔۵ ماشہ۔ رب سیب۔ رب انار۔ مربہ آملہ بنارسی ۵۔۵ تولہ۔ عرق کیوڑہ حسب ضرورت اور چینی ایک سیر ایک پاؤ قوام کریں اور یہ ملالیں۔

**خوراک :** ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک ہمراہ مناسب بدرقہ۔ نقل از رسالہ ''لقمان۔'' نظام آباد ۱۹۵۲ء حکیم صاحب کو میں ذاتی جانتا ہوں وہ اس زمانہ کے واقعی لقمان تھے۔

## نکات مطب

کبھی کبھی دل کے وجود میں مرض ہوتی ورنہ عام طور سے دوسرے اعضا کی خرابی کے اثر سے دل میں خرابی آ جاتی ہے۔ مثلاً غم وغصہ' منشیات کا استعمال۔ قبض۔ خرابیٔ ہاضمہ۔ کثرت جماع۔ کثرت احتلام۔ حقہ نوشی۔ سگریٹ نوشی۔ بندش حیض۔ کثرت حیض۔ کمزوری اعصاب۔ جلد جلد حاملہ ہونا۔ دو بچوں کو دودھ پلانا اور غذا کا مناسب میسر نہ آنا۔ چھوٹی عمر کی شادی ہونا۔ نکسیر سے خون نکل جانا' رشتہ داروں کا تکلیف دینا' ٹائیفائیڈ بخار کا ہونا۔ یا بخاروں کا زیادہ دیر رہنا۔ اولاد کا نافرمان ہونا۔ مال کا ضائع ہونا۔ عزیزوں کی وفات ہو جانا۔ اور صبر نہ ہونا۔ کثرت پیشاب۔ اسہال آنا۔ غذا کا اچھا میسر نہ آنا۔ شدت موسم گرما یا سرما۔ زہریلے جانور کا کاٹنا۔ مثلاً سانپ۔ ہلکاؤ یا کسی زہر کا کھانا۔ یا ہواؤں کا زہر ملا ہو جانا۔ کئی کئی دن اجابت کا نہ ہونا' محبوب کی بے وفائی۔ کئی دن غذا کا قے سے نکل جانا اور جسم کے کسی حصہ میں درد کا زیادہ ہونا' ظلماً قید ہو جانا۔ آتشک۔ نمونیہ۔ وجع المفاصل۔ عورتوں کو بندش حیض۔ ہسٹریا۔ دل کے مریضوں میں ان تمام اسباب کو یاد رکھیں قبض دور کرنے میں گلقند کا استعمال زیادہ کریں۔ گاہے اس میں مغز بادام۔ دانہ الائچی خورد۔ مرچ سیاہ کا اضافہ کر کے کھلایا کریں مثلاً ۵ تولہ گلقند میں مغز بادام ۱۵ عدد۔ دانہ الائچی خورد ۵ عدد۔ مرچ کالی ۱۰ عدد باریک کر کے ملا کر کھائیں۔

## (۷۴۳) گلقند

ہاضمہ کا خاص خیال رکھیں اور خفقان معدہ ہو تو گلقند ۵ تولہ مربہ سیب ۱۰ تولہ۔ مربہ ہلیلہ ۵ تولہ۔ مربہ آملہ ۵ تولہ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ مصطگی ۶ ماشہ۔ باریک کر کے معجون بنائیں۔

**خوراک :** ۲ تولہ تک دیں۔

## (۷۴۴) معجون مختصر

**ھوالشافی :** خمیرہ مروارید ۲ تولہ۔ خمیرہ گاؤزبان ۲ تولہ۔ مربہ سیب ۵ تولہ۔ باریک کر کے طباشیر ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی سفید ۶ ماشہ۔ کشتہ یشب ۳ ماشہ۔ کشتہ صدف صادق ۳ ماشہ۔ زعفران ۲ رتی۔ ورق نقرہ ۲۰ عدد ملا لیں۔

**خوراک :** ۳ ماشہ ہمراہ عرق ہاضم اس سے انشاء اللہ خفقان کا مریض ٹھیک ہو گا۔ لاہور کے ایک حکیم کا معمول ہے۔ گلقند۔ گاؤزبان۔ گل قند۔ گڑھل بھی لاجواب مفرح ہے۔ آب فضہ بھی لاجواب ہے۔ عرق گلاب ایک بوتل میں چاندی تپا تپا کر ۲۵ مرتبہ بجاؤ دے کر ۲۔۲ تولہ پلانا بھی لاجواب مفرح ہے۔

## (۷۴۵) امام سویدی

امام سویدی اور جالینوس کا قول ہے کہ ہر ایک حلال جانور کا دل پکا کر کھلانا مقوی قلب ہے۔ کیونکہ یہ بھی نکتہ ہے کہ جو عضو کھلایا جائے گا وہ اس پر اثر انداز ہو گا۔

## (۷۴۶) ایک لاجواب شربت

موسم گرما میں تیار کر کے استعمال کرنا گرمی کو زائل کرتا ہے۔ دل و جگر کی حرارت دور کرتا ہے۔ گرم امراض جریان و احتلام کے مریضوں کو مفید ہے۔ نہایت مفرح ہے۔

**ھوالشافی :** گل خیرا۔ زرشک۔ صندل سرخ۔ تخم سماق۔ گل بنفشہ ہر ایک ۵۔۵ تولہ۔ برگ چنبیلی۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ۔ پوست سنگترہ خشک۔ آلو بخارا۔ گل نیلوفر۔ عناب۔ گل سرخ ۱۰۔۱۰ تولہ۔ تخم کاسنی ایک سیر۔ صندل سفید اذخر ایک ایک پاؤ کوٹ کر مناسب پانی ڈال کر عرق بارہ بوتل نکال لیں اور پندرہ سیر چینی ملا کر شربت بنائیں اور گرم گرم شربت روح کیوڑہ۔

ایک پاؤ روغن صندل میسوری ڈھائی ماشہ۔ رنگ رس بھری ملا کر سرد کر کے بوتلیں بھر لیں۔

**خوراک:** ۵۔۵ تولہ صبح و شام پانی ملا کر قدرے برف بھی ملا کر پلائیں۔ میں نے اس شربت تیار کیا تھا لاجواب ہے۔ لیکن کیوڑہ اور روغن صندل کے بغیر استعمال کیا۔ صاحب نسخہ کے داماد نے بتلایا ہم تو اس عرق کا خمیرہ تیار کرتے ہیں جو کہ لاجواب ہوتا ہے۔ یا مریضوں کو عرق ہی پلا دیتے ہیں۔ ہمراہ مناسب بدرقہ ادویہ دیتے ہیں۔ عرق بھی موسم گرما میں مفرح کے طور پر قدرے چینی سے میٹھا کر کے پلانا لاجواب ہے۔ اس میں خوشبو کی لپیٹ آتی ہے۔ سونگھنے سے دل خوش ہو جاتا ہے۔ لاجواب تحفہ ہے۔

## (۷۴۷) لاجواب خمیرہ کم خرچ

ایک حکیم صاحب کے مطب میں حاضر ہوا تو ایک خمیرہ تیار دیکھا میں نے عرض کی کہ یہ کون سا خمیرہ ہے تو حکیم صاحب نے فرمایا کہ خمیرہ طباشیری اس کے بعد کئی بار گیا اس خمیرہ کی سینکڑوں ڈبیاں تیار دیکھیں۔ حکیم صاحب کو بخاروں کے مریضوں اور عورتوں کو عام دیتے دیکھا۔ فرماتے تھے کہ یہ لاجواب چیز ہے اور یہ بھی فرماتے کہ طباشیر میں بہت زیادہ وٹامن پائے جاتے ہیں۔

**هوالشافی:** طباشیر نقرہ ۵ تولہ۔ زہر مہرہ خطائی ۵ تولہ۔ دونوں کو باریک کریں اور کھانڈ ڈھائی سیر چینی کا قوام بنائیں اس میں ادویہ مذکورہ ملا کر مسد سے رگڑتے جائیں اور ورق نقرہ ایک دفتری رگڑتے وقت ملا دیں اور دو بوتل روح کیوڑہ ۲ اونس والی ملا دیں تیار ہے۔

**خوراک:** ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک ہمراہ مناسب بدرقہ۔ ایک کتاب میں پڑھا ہے کہ یہ خمیرہ مروارید کا بدل ہے۔ (مؤلف)

## (۷۴۸) شربت نمبر۲

اوپر کے شربت کا نسخہ لاجواب ہے۔ لیکن اجزا زیادہ ہیں یہ نسخہ کم اجزا کا ہے اور فائدہ میں بھی لاجواب ہے۔ ضلع بہاولپور کے ایک چک میں ایک آدمی نے مجھ کو بتایا کہ فلاں ماسٹر صاحب (ریٹائرڈ) ایک شربت بنا کر مسجد میں روزہ داروں کو پلاتے ہیں اس سے روزہ داروں کی پیاس فوراً دور ہو جاتی ہے۔ نہایت خوشبودار ہے۔ اتفاق سے ماسٹر صاحب میرے دوست تھے۔ میں نے ان کے گھر جا کر سوال کیا کہ ماسٹر صاحب وہ کون سا شربت ہے جو کہ مسجد میں

جا کر روزہ داروں کو پلاتے ہو۔ فرمانے لگے اُستاد الحکما آپ سے کوئی بخل نہیں نسخہ لا کر لے حاضر کر دیا میں نے بھی اس کو تیار کیا حرف بحرف مفید پایا۔ گرمی اور پیاس کو بجھاتا ہے۔

**ھوالشافی :** گاؤزبان ۱۰ تولہ۔ گل نیلوفر ۵ تولہ۔ گل سیوتی ۵ تولہ۔ ابریشم مقرض ۱۰ تولہ۔ دھنیا ڈھائی تولہ۔ صندل سفید ڈھائی تولہ۔ خس ڈھائی تولہ۔ الائچی خورد کوفتہ ڈھائی تولہ رات کو سولہ سیر پانی میں بھگو کر صبح کو بارہ بوتل عرق نکال لیں اس عرق میں دس سیر چینی ملا کر شربت بنائیں۔ پھر بحساب فی بوتل روح بید مشک اور روح کیوڑہ ۲۔۲ تولہ ملا لیں۔

**خوراک :** ۲ تولہ شربت میں پانی ملا کر قدرے برف ملا کر پلائیں۔ گرمی اور گھبراہٹ دور کرنے میں مجرب ہے۔ آج کل گل سیوتی کم ملتے ہیں لہٰذا گل سرخ ہی ملا کر بنا لیں میں نے بہت کوشش کی تھی لیکن نہ ملے تو میں نے گل سرخ ہی ڈال کر بنا لیا تھا۔ اور رنگ سرخ رس بھری ملا لیں۔ یہاں تک شربت کے نسخہ جات کا ذکر ہے۔

## (۷۴۱) کریٹے گس (Crataegus)

ایک ایسی دوا کا ذکر کرنے لگا ہوں جو کہ دل کی تمام تکالیف میں مفید ہے۔ دل کسی مرض میں بھی مبتلا ہو کمزور ہو یا اس کے فعل کی خرابی ہو دل پھیل گیا ہو سب سے زیادہ استعمال ہونے والی دوا ہے۔ یورپ امریکہ اور ایشیائی ممالک میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی دوا ہے۔ یہ مفرح اور مقوی قلب دوا ہے۔ جن خاندانوں میں ہارٹ فیل کا کوئی کیس ہو چکا ہو اس کے اہل خانہ اور رشتہ داروں کو ''کریٹی گس'' (Crataegus) کے استعمال کی پر زور سفارش کی جاتی ہے۔ دل کے پھیل جانے اور بڑھ جانے میں بھی مفید ہے۔ آئرلینڈ کے ڈاکٹر گرین نے قلبی تکلیفات کے لیے کافی شہرت حاصل کی تمام ممالک کے مریض اس کے دروزے پر آ کر جمع ہو جاتے تھے قلبی تکلیفات کے مریضوں کا وہاں ہجوم لگا رہتا تھا۔ لکھوکھا روپیہ اس نے اس مخفی علاج سے پیدا کیا اس نے کسی کو ایک دوائی سے آگاہ نہ کیا اس کی وفات کے بعد اس کی لڑکی نے اس دوا کا نام بتایا کہ جس سے اس قدر دولت اور شہرت پیدا کی تھی وہ تھی کریٹی گس مدر ٹنکچر یہ دل کے فعل کی خرابیوں کو دور کرنے اور اس کو تر و تازگی اور توانائی بخشنے میں لاثانی ہے۔ ہر طبیب خواہ وہ کسی طب کا عامل ہو اس کو اپنے پاس رکھنا چاہیے تا کہ بوقت ضرورت کام آ سکے میں اس کو چالیس سال سے پاس رکھتا ہوں جب بھی کوئی مریض شکایت کرتا ہے اس کو دے دیتا ہوں ایک مریض ایلوپیتھی ڈاکٹر سے ٹیکہ لگوا کر چلا گیا اور بازار میں

گر پڑا لوگ اکٹھے ہو گئے اس کے ساتھی نے بتایا کہ اس نے فلاں ڈاکٹر سے ٹیکہ لگوایا ہے۔ ساتھ ہومیوپیتھی کی دکان تھی اس نے کریٹے گس ۵۔۵ قطرہ پانی میں ملا کر اس کے منہ میں ڈالنے شروع کر دیے تو اس کو فوراً ہوش آ گیا اور اُٹھ کر چلا گیا۔ گویا کہ اس دوا نے ہارٹ اٹیک سے بچا لیا شدت مرض میں آدھ آدھ گھنٹہ کے بعد دہرائیں کم مرض میں دن میں چار بار دیں۔ گو یہ کتاب یونانی ادویہ سے لکھی جا رہی ہے کریٹے گس مدر ٹنکچر کا ذکر اس لیے کر دیا ہے تا کہ دکھی انسانوں کی جان بچائی جا سکے گی۔ آپ استعمال کر کے مریضوں کی جان بچائیں اور مجھ کو اپنی نیک دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (مؤلف)

# درد دل

اس مرض میں دل کے مقام پر درد ہونے لگتا ہے اور اکثر اس کا سبب بدہضمی، نفخ شکم، شراب خوری، افیون خوری، غم و غصہ، کثرت جماع اور عام امراض میں دل میں درد ہونے لگتا ہے۔ مریض کو آرام سے لٹا دیں۔ قبض ہو تو دور کریں۔ مقام دل پر عطر گلاب کی مالش کریں۔ قبض ہو تو حقنہ کریں۔

## (۷۵۰) کثرت ریاح

کثرت ریاح سے ہو تو جوارش کمونی کھلا کر سونف۔ تخم کشوث۔ سونف رومی ۳۔۳ ماشہ۔ پانی میں پیس کر یا جوشا کر شربت دینار ۴ تولہ یا گلقند ۴ تولہ ملا کر پلائیں۔

## (۷۵۱) ہیرا ہینگ

حب حلتیت ایک گولی۔ حب کبد نوشادری ۲۔۲ گولی ملا کر کھلائیں۔ یا امرت دھارا۔ بتاشہ میں ڈال کر کھلائیں۔ ہیرا ہینگ ایک رتی مویز منقیٰ میں بند کر کے یا کیپسول میں بند کر کے کھلائیں۔ کشتہ بارہ سنگا آب کنوار گندل والا۔ ایک رتی۔ مگھاں ایک رتی۔ باریک کر کے شہد میں ملا کر چٹا دیں۔ تمام قسم کے درد دل کو مفید ہے۔

## (۷۵۲) ہلدی

سہاگہ ایک تولہ۔ ہلدی ایک تولہ۔ کنوار گندل کے پات پر چھڑک کر گرم کر کے مقام قلب پر سینک دیں۔ اگر متلی ہو تو گرم پانی میں سکنجبین ملا کر قے کرائیں اس کے بعد شربت

دودمکر یا شربت دینار دیں۔ غذا کا خاص طور پر خیال رکھیں پرانی مرض میں دوائے المسک معتدل جواہر والی ۵-۵ ماشہ کھلائیں۔ درد دل کے لیے عرق دارچینی مفید ہے۔ یہ ہاضم مفرح مقوی اور کاسر ریاح بھی ہے۔ اس کو دیں کمزوری میں قرص مرگانگ ایک عدد۔ مفرح شیخ الرئیس میں رکھ کر کھلائیں۔ اور بعد از غذا نمک شیخ الرئیس ۳ ماشہ یا نمک ہاضم ۳-۳ ماشہ کھلایا کریں نیز گزشتہ صفحات والے مرکبات بھی اس میں مفید ہیں۔

**پرہیز :** بادی اور ثقیل اشیاً جماع، شراب، تمباکونوشی، غم اور فکر سے باز رہیں۔

## (۷۵۳) لاجواب گولیاں

حکیم عبدالحمید سوہدروی نے ان گولیوں کو مجرب کہا ہے۔

**ھوالشافی :** مشک۔ جدوار۔ زعفران۔ افیون۔ کافور۔ رب لفاح ایک ایک ماشہ۔ ہینگ ۲ ماشہ۔ باریک کر کے گلاب و کیوڑہ سے گولیاں بقدر دانہ نخود بنالیں۔ ایک گولی عرق گلاب نیم گرم سے کھلائیں۔ آرام نہ ہوتو دوسری گولی ایک گھنٹہ کے بعد کھلائیں دن رات میں تین گولی زیادہ نہ دیں۔ آرام آنے پر دوائے المسک معتدل ۶ ماشہ کھلائیں یہ گولیاں ۱۵ منٹ میں درد بند کر دیتی ہیں۔

**غشی آنا :** اس مرض میں دل کا فعل چند منٹ کے لیے بند ہو جاتا ہے مریض بالکل بے حس و حرکت اور بے ہوش ہو جاتا ہے اس وقت مریض کو نسوار دیں اور منہ پر پانی یا عرق گلاب کے چھینٹے ماریں اور مریض کے سر کو قدرے نیچا کریں تاکہ خون دماغ کی طرف جائے۔ ہاتھ پاؤں کی مالش کریں۔ لخلخہ سونگھائیں اور چونا نوشادر شیشی میں بند کر کے اس کو سونگھائیں۔ ہوش آنے پر مریض سے پوچھ کر سبب دیکھ کر علاج کریں۔ قبض دور کریں۔ زہریلے جانور کے کاٹنے سے ہو تو اس کا زہر دور کریں۔ چوٹ سے ہو تو چوٹ کی درد بند کریں اور بیان کیے ہوئے مفرحات دیں۔ مفرح یاقوتی جوارش مفرح دیں۔ جواہر مہرہ کھلائیں۔ خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا سب سے زیادہ بہتر ہے اس کو دیں یا عرق عنبر پلائیں۔

## (۷۵۴) عرق عنبر

یہ نسخہ قدیم سے چلا آرہا ہے دہلی لکھنو کے تمام دواخانے اس کو تیار کرتے ہیں اب ہمدرد اور قرشی کے مطب میں بھی بنتا ہے۔

**هوالشافی :** کستوری ساڑھے چار ماشہ۔ عنبر۔ زعفران۔ مصطگی ۹۔۹ ماشہ۔ برگ ریحان تازہ۔ سعد کوفی۔ تج۔ کشنیز خشک۔ گل گاؤزبان۔ انیسون۔ درونج عقربی۔ پوست بیرون پستہ ایک ایک تولہ۔ ۱۰۔۱۰ ماشہ نرکچور۔ عودغرقی۔ کبابہ۔ خنداں۔ اشنہ۔ سنبل الطیب۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ شقاقل۔ ساذج ہندی۔ دارچینی۔ لونگ۔ بوزیدان۔ گل سرخ۔ طباشیر۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ پوست اترج۔ ابریشم مقرض۔ صندل سفید۔ ہرایک ۲۔۲ تولہ۔ آب سیب تازہ آدھ سیر۔ آب انار شیریں ایک سیر۔ عرق بید مشک۔ عرق گاؤزبان۔ عرق بادرنجبویہ۔ ہر ایک ڈھائی ڈھائی سیر۔ عرق گلاب ۵ سیر۔ تمام ادویہ کوٹ کر عرقوں میں بھگودیں اور دوسرے روز پھلوں کا پانی شامل کر کے عرق نکال لیں اور مشک عنبر اور زعفران پنچہ میں رکھیں۔

**خوراک :** ۵ تولہ۔ شربت انار ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ یہ عرق قرابادین اکمل اعظم والوں کی ایجاد ہے۔ اور دہلی اور لکھنو کے تمام دواخانے الماس کو تیار کرتے ہیں مقوی دل و دماغ ہے۔

## (۷۵۵) مفرح اعظم

مقوی اعضاء رئیسہ شریفہ ہے۔ سستی، توحش، دافع نفخ، مقوی معدہ اور مقوی باہ ہے۔

**هوالشافی :** شاہترہ۔ بادرنجبویہ۔ گل گاؤزبان۔ جڑ پان۔ بہمنین ہر ایک ڈھائی ڈھائی ماشہ۔ لاجورد۔ طباشیر۔ گل مختوم۔ زعفران۔ درونج عقربی۔ کبابہ۔ زرنب ۷۔۷ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ابریشم مقرض۔ پوست بیرون پستہ۔ دانہ الائچی ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ بسد کہربا۔ مروارید ہر ایک سوا دو ماشہ۔ عود ایک ماشہ۔ یاقوت سرخ مدبر ورق نقرہ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ شربت انار ۵۰ تولہ ملا کر مفرح بنائیں۔

**خوراک :** تین سے ٦ ماشہ ہمراہ دودھ گرم صبح و شام۔ یہ لاجواب مفرح ہے کسی مرض سے اگر جسم کمزور ہو گیا ہے اس کے کھلانے سے جسم کی ہر طرح کی کمزوری دور ہو گی۔ حتیٰ کہ کمزوری باہ کا سبب اگر قلب ہو تب بھی مفید ہے۔ (نقل از لب المجربات)

❀❀❀

# امراض معدہ

درد معدہ۔ درد فمِ معدہ۔ ہچکی۔ قے۔ متلی۔ ابکائی۔ خونی قے۔ نفخ۔ قراقر معدہ۔ زیادتی پیاس۔ بھوک کم لگنا یا بالکل نہ لگنا۔ بھوک کا ہڑکا۔ ورم معدہ۔ ضعف معدہ۔ سوء الہضم اور تخمہ وغیرہ۔ ان تمام امراض کا ذکر اس باب میں ہوگا۔ لاجواب چورن لاجواب عرق۔ اور معجونات اس باب میں لکھ دوں گا جو کہ میرے اور میرے دوستوں اور دواخانوں کے مجرب ہیں۔ اور میرے تجربے میں پچاس سال سے زیادہ عرصہ سے ہیں۔ تمام ہی لکھ دوں گا۔ انشاء اللہ اور تمام مسہلات جمال گوٹہ کے اور اس کے علاوہ سفوف اور جوشاندے بھی اس باب میں عرض کر دوں گا۔ مقتدمین کے تمام مجربات' مرکبات کی طرف اشارہ کر دوں گا۔ مثلاً جوارش جالینوس' جوارش انارین' انوش دارو سادہ یا جواہر والا۔ معجون پودینہ۔ جوارش بسباسہ۔ جوارش تمر ہندی۔ معجون نانخوا۔ معجون دبید الورد۔ جوارش شہریار۔ جوارش عود۔ جوارش مصطگی سادہ یا کلاں۔ جوارش کمونی۔ جوارش آملہ۔ شربت دینار۔ حب مسکین نواز۔ عرق سونف۔ عرق پودینہ۔ عرق الائچی۔ عرق سوئے۔ عرق اجوائن۔ عرق گلاب یا چوعرقہ۔ (سونف' گاؤزبان' گلاب' اجوائن۔ مساوی الوزن)

## (۷۵۶) ایک لاجواب عرق

جو کہ طبیہ کالج بہاولپور والوں نے مل کر تجویز کیا اور دواخانہ میں تیار رہتا ہے اور مریضوں کو دیا جاتا ہے۔ میں نے دواخانہ کی کاپی مجربات سے اخذ کیا ہے اور حکما نے اسکی تعریف کی ہے۔

**ھوالشافی :** اشنہ۔ جڑ پان۔ لونگ۔ برگ پان۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ سنڈھ۔ دارچینی۔ تیز پات۔ پودینہ خشک۔ سونف۔ اجوائن دیسی۔ بالچھڑ۔ صعتر فارسی۔ اذخرمکی۔ اسارون۔ خس۔ مساوی الوزن ان کا عرق نکال لیں۔

**خوراک :** ۵۔۵ تولہ صبح وشام بعد از غذا پلا دیں۔

## (۷۵۷) جوارش معدہ از دواخانہ بہاولپور

**هوالشافي :** لونگ ۔ پودینہ۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ ۴۔۴ تولہ۔ بالچھڑ۔ سعد کوفی ۶۔۶ تولہ۔ فلفل دراز۔ صعتر فارسی ۸۔۸ تولہ۔ کچور ۸ تولہ۔ سونف ۹ تولہ۔ سنگ دانہ مرغ ۹ تولہ۔ آملہ۔ ساذج ہندی۔ فلفل سیاہ۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ دارچینی ۹۔۹ تولہ۔ زعفران تین تولہ۔ ست پودینہ۔ ست اجوائن ۴۔۴ تولہ۔ چینی سات سیر۔ شہد دو سیر قوام سخت کریں اور زعفران کو عرق سونف یا گلاب میں حل کر کے ملا لیں۔

**خوراك :** ۷۔۷ ماشہ۔ بعد از غذا دواخانہ کا نسخہ دیں۔

امراض معدہ۔ درد معدہ۔ ورم معدہ۔ بھوک نہ لگنا۔ قے۔ متلی۔ ابکائی۔ ہیضہ۔ قبض یہ تمام امراض معدہ ہیں اگرچہ نام مختلف ہیں۔ علاج میں ہاضم دافع ریاح، قبض کشا ادویہ کا استعمال ان تمام مرضوں میں مفید ہے۔ جیسا کہ علاج اور تجربہ سے ظاہر ہو گا۔ قبض وغیرہ کا سب سے پہلے ایک لاجواب نسخہ کا ذکر کرتا ہوں کہ جو کہ میرا اور تین دیگر اطباء کا معمول ہے۔ اس سے ہم نے وہ کام لیے ہیں کہ سبحان اللہ قبض کی حالت میں خواہ کوئی مرض ہو سر درد ہو یا بخار ہو یا زچگی کا زمانہ ہو پیٹ میں کیڑے ہوں یا مروڑ ہو ہر حال میں مفید ہیں اس کا تجربہ میں قیام پاکستان سے پہلے سے کرتا آ رہا ہوں۔ نہایت بے ضرر لاجواب گولیاں ہیں۔ صرف ایک واقعہ عرض کرتا ہوں۔ ایک آدمی جو کہ ہماری برادری سے تھا اس نے کہا کہ میری ہمشیرہ بیمار ہے اور اس کا پیغام آیا ہے ہمارے ہاں آئیں میں ساتھ چل دیا۔ وہاں گئے تو دیکھا مریضہ کا پیٹ اپھرا ہوا تھا اور آدھ گھنٹہ کے بعد پاخانہ کی حاجت ہوئی لیکن کچھ آتا نہیں۔ پوچھا کہ کب کی بیمار ہے تو اس کے گھر والوں نے کہا کہ چار ماہ ہو گئے۔ بخار ہو جاتا ہے۔ کبھی کم کبھی زیادہ نہ کچھ کھاتی ہے اگر کھاتی ہے تو پاخانہ نہیں آتا از حد بیمار اور کمزور ہے۔ خدا کا نام لیکر دو گولیاں دے دیں اوپر سے قدرے دودھ پلا دیا اس کے بعد مریضہ کو اسہال آئے اور صبح تک پیٹ صاف ہو گیا۔ گھر والوں نے کہا کہ اس کے اندر سے گانٹھیں خشک نکلی ہیں۔ صبح کو نرم کھچڑی دے دی گئی اور کشتہ ابرک سفید سہ آتشہ دیا گیا جس سے مریض کا بخار بھی دور ہو گیا یہ اک ایسا نسخہ ہے جس کو بتانا لوگ گناہ سمجھتے ہیں ہم چار دواخانوں والوں نے اس سے کئی سیکڑوں مریض ٹھیک کیے ہیں۔ مثلاً ملیریا بخار اس زمانے میں عام تھا۔ اترے ہوئے بخار میں رات کو دو گولی دے دیتے تھے۔ اس سے دو اسہال آ جاتے اور بخار کی دوائی دینے سے بخار رک جاتا۔ سر درد شقیقہ وعصابہ و وجع المفاصلی پیٹ کی سیونکاں نکال دیتی ہیں اور میرے ان دوستوں کا معمول

مطب ہے۔ نسخہ یہ ہے۔

## (۷۵۸) نسخہ دواخانہ

سقمونیہ۔ اونٹ کٹارہ ۵ تولہ۔ مغز بادام مقشر ۳ تول۔ مویز منقیٰ ۳ تولہ۔ ملا کر گولیاں بنا لیں۔ ویسے میں تو ہم وزن ہی بنالیتا تھا اور گولی بقدر نخود کلاں دیتا ہوں چار گولی سے پانچ چھ اسہال آجاتے نہ مروڑ نہ قے حتیٰ کہ پیچش والے کو دے دیتا اس سے کھل کر پاخانہ آ کر مروڑ دور ہوجاتا۔ چھوٹے بچوں کو دودھ میں ملا کر دے دیتا ہوں میں نے ہر حال کے مریض کو دے کر مفید پایا ہے۔

## (۷۵۹) سنا مکی

ایک مریض کبھی قبض کی شکایت کرتا کبھی اپھارہ۔ کبھی درد امعا۔ کبھی درد معدہ۔ خرابی پیٹ میں اس کو یہ نسخہ بنا کر دیا۔

**ھوالشافی:** گل بنفشہ سوا تولہ۔ گل سرخ سوا تولہ۔ سنا مکی صاف سوا تولہ۔ رات کو آدھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو جوش دیں۔ جب تین چھٹانک رہ جائے تو پن کر شیرہ مغز بادام ۱۵ عدد یا بادام روغن ایک تولہ یا گھی گاؤ ایک تولہ ملا کر پلایا۔ اس سے اسہال آ گئے اور مریض کا پیٹ صاف ہو گیا۔ اگر ایک دن میں صاف نہ ہو تو دوسرے دن بھی دے دیں۔ اگر پھر بھی صاف نہ ہو تو ایک دن اور دے دیں یہ لاجواب ملین اور مسہل ہے۔ جس سے پیٹ بالکل صاف ہو جاتا ہے۔ معدہ اور امعا بالکل صاف ہو جاتے ہیں یہ پیٹ کا جھاڑو ہے۔ نسخہ مجھ کو میری ہمشیرہ نے بتلایا تھا اس کو کسی حکیم نے بتلایا تھا میں نے اس کو بارہا آزمایا ہے زیادہ اجزا نہیں ہے اگر کوئی اور جلاب دیا گیا ہو مثلاً حب جمال گوٹہ اور وہ اثر نہ کرے تو بطور امداد اس کو دیا جا سکتا ہے اس سے جلاب بھی لگ جاتا ہے اور بطور ادرار شیر بھی کام کرتا ہے۔ میرے ایک دوست بھی اس کو تیار کرتے تھے۔ اگر الٹی کا خوف ہو تو الائچی خورد ۵ عدد ملا کر جوشا دیں اس سے خوشبودار بھی ہو جائے گا یہ ایک لاجواب راز ہے جس سے میں نے کئی بار کمزور سے کمزور مریضہ کا علاج کیا اس کے بعد جگر و معدہ کو ٹھیک کیا میرا تمام عمر کا معمول ہے۔

## (۷۶۰) جوہر نوشادر

آدھی رات کے قریب آ کر ایک آدمی نے کہا کہ میرا بھائی پیٹ درد سے لاچار ہے

پیٹ میں درد ہو رہا ہے کہیں گیا تھا اور آ کر روٹی کھائی چند منٹ کے بعد شدید درد میں مبتلا ہے جا کر دیکھا اور چار خوراک دوا دے کر گرم پانی سے کھانے کو کہا۔ مریض کو چند منٹ میں ہی آرام آ گیا صبح کو نسخہ کی تعریف اس نسخہ کو میں نے کئی بار ہا تیار کیا ہے ہومیوپیتھی کرتا ہوں یہ مبارک نسخہ ہے۔

**ھوالشافی :** جوہر نوشادر یا نوشادر خام تین تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ تولہ۔ نمک طعام ۲ تولہ۔ مگھاں۔ جوکھار۔ شورہ قلمی ۱۔۱ تولہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ باریک کریں۔

**خوراک :** ۴ رتی کھا کر اوپر سے عرق سونف یا آب گرم پئیں۔ یہ خوش ذائقہ قلیل خوراک کثیر النفع چورن ہے اس کی ایک خوراک سے کھایا پیا ہضم ہو جاتا ہے۔ نزلہ و زکام سر درد میں لاجواب نسوار ہے۔ دانتوں پر ملنا لاجواب منجن ہے۔ بھڑ مکھی تتیا کاٹ جائے تو ملنے سے درد بھی دور ہو جاتا ہے۔ کئی حکما کے صندوقچہ کا نسخہ ہے میں نے بھی کئی بار اس کو تیار ہے۔ لاجواب ہے۔

## (۷۶۱) حب کبد نوشادری

ایک بڑے حکیم صاحب سے میں نے ہاضمہ کے چورن کا نسخہ مانگا وہ فرمانے لگے کہ حب کبد نوشادری کے نسخے سے زیادہ کون سا چورن مفید ہو سکتا ہے اس کو ہی تیار کر لو یہ یونانی طب کا لاجواب مرکب ہے۔ جس کو دہلی لکھنو اور لاہور اور فیصل آباد کے تمام دواخانے تیار کرتے ہیں اور اس کی ٹکیاں تیار کر کے حب کبد نوشادری کے نام سے تیار ہو کر ہزاروں نہیں لاکھوں ڈبیاں بک چکی ہیں۔ لاہور کے ایک بڑے حکیم صاحب اس کو موٹاپے میں دیتے ہیں وہ لاہور جیسے بڑے شہر میں کامیاب طبیب اور کتابوں کے مصنف بھی ہیں۔ میں نے بھی اس کو تیار کر کے کافی فائدہ اٹھایا ہے اس کو کنوار گندل کے گودے سے گولیاں بنا کر بھی استعمال کی ہیں۔ تمام عمر کا معمول ہے یہ لاجواب۔ بے ضرر۔ کم خرچ نسخہ ہے امراض جگر و طحال دورہ اپھارہ میں استعمال ہوتا ہے۔ ایک بزرگ نے مجھ کو فرمایا کہ عرق سونف و کاسنی سے دینا بواسیر کے مرض کو مفید ہے اور ہمارا معمول ہے۔ گوجرانوالہ کے ایک طبیب نے اس کو راز کا نسخہ بتایا ہے۔ غرضیکہ ہمہ مصنف موصوف۔ کم خرچ بے ضرر لاجواب نسخہ ہے۔

**ھوالشافی :** نوشادر۔ نمک سیاہ۔ نمک طعام میں سہاگہ پھلہ۔ نرکچور۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست

ہلیلہ کابلی۔ باؤبڑنگ۔ فلفل سیاہ۔ سنڈھ۔ نمک لاہوری ۵۔۵ تولہ۔ باریک کریں

**خوراک:** ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک۔

## (٧٦٢) نمک خوردنی

ایک امیر آدمی نے مجھ سے شکایت کی کہ ہاضمے کے لیے کوئی چورن ہو جس میں نمک کم ہو میں نے یہ چورن تیار کر دیا اس سے وہ خوش ہوا اور اپنے کئی دوستوں کو خریدنے کا مشورہ دیا۔

**ھوالشافی:** ہلیلہ سیاہ۔ چھلکا ہلیلہ کابلی۔ کچور۔ مرچ سیاہ۔ سنڈھ۔ باؤبڑنگ۔ سونف۔ سہاگہ پھلہ۔ پودینہ۔ نوشادر۔۵۔۵ تولہ۔ نمک سفید۔ نمک سیاہ ڈھائی ڈھائی تولہ۔ سفوف کریں۔

**خوراک:** ۴ رتی سے ماشہ تک ہمراہ مناسب بدرقہ۔

## (٧٦٣) سفوف نعناع

ہمارے علاقے میں ایک حکیم صاحب رہتے تھے مکان تو ان کا دیہات میں تھا لیکن علاج کے لیے ان کے پاس شیخوپورہ۔ لاہور۔ فیصل آباد۔ گوجرانوالہ اور سیالکوٹ کے لوگ آتے تھے۔ ایک دن میں نے ان سے کہا آپ امراض معدہ کے لیے کون سا چورن تیار کرتے ہیں۔ فرمانے لگے میں ایک چورن تیار کرتا ہوں جو کہ نفخ۔ قراقر۔ خرابی ہاضمہ کو لاجواب ہے اس کا نام سفوف نعناع ہے۔

**ھوالشافی:** پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ فلفل سیاہ۔ اجوائن خراسانی۔ سنڈھ۔ پودینہ۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ نوشادر۔ سہاگہ پھلہ ۵۔۵ تولہ۔ برگ سنا۔ سونف ١٠۔١٠ تولہ۔ مگھاں ڈھائی تولہ۔ ہینگ بریاں سوا تولہ۔ پانچوں نمک ۵۔۵ تولہ۔ باریک کریں۔

**خوراک:** ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک آب گرم یا عرق سونف تیز سے دیں۔ مثلاً سونف ایک سیر آٹھ بوتل عرق نکال لیں۔

**فوائد:** بدہضمی اور اس کے اسہال، تبخیر معدہ کے کئی مریض راضی ہوئے، قولنج درد گردہ ریاحی اور قبض کو مفید ہے۔ بڑے بڑے ہاضمہ کے خراب مریض اس سے راضی ہو چکے ہیں۔ اس علاوہ جوارش جالینوس بھی آپ کا تمام عمر کا معمول تھا۔ فرماتے تھے جوارش جالینوس اور یہ چورن دونوں ہی خرابی معدہ کے مریضوں کو کافی ہیں۔

## (۷۶۴) ہنگو اشٹک

ایک آدمی نے آدھی رات کو آ کر جگایا اور کہا کہ میرے بھائی کو بہت زیادہ درد ہو رہی ہے اور غشی کے دورے پڑ رہے ہیں۔ جا کر دیکھا کہ درد معدہ شدید ہے خرابی ہاضمہ تشخیص کر کے یہ سفوف دیا گیا بس پھر کیا تھا ایک گھنٹہ میں ہی مریض نے کہا مجھ کو بالکل آرام ہے۔ غذا کی خرابی تھی جو کہ دو تین خوراک سے ہی دور ہو گی۔

**ھوالشافی :** مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ اجوائن دیسی۔ سیندھا نمک۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ ہینگ ایک تولہ۔ ہینگ کو گھی میں قدرے تل لیں اور تیار کریں۔

**خوراک :** ایک ماشہ ہمراہ مناسب بدرقہ اگر اس کو غذا کے درمیان کھائیں تو زیادہ بہتر ہو گا۔

**فوائد :** اس چورن کا نام' ہنگو اشٹک چورن ہے۔ ویدک ہنگو اشٹک گھی میں ملا کر دونوں وقت کھانا کھاتے وقت دو چمچہ گھی کے ساتھ ملا کر کھلاتے اس طرح کھانے سے حرارت ہاضمہ تیز ہو جاتی۔ میں نے بھی اسی طرح پرانے مریض ہاضمہ کو کھلایا اس سے اس کی خرابی دور ہو گئی۔ پیٹ درد۔ بدہضمی۔ نفرت طعام۔ اپھارہ۔ گڑگڑاہٹ۔ رقیق دستوں کا آنا۔ درد قولنج۔ باؤ گولہ کے لیے مجرب۔ جن لوگوں کو کھاتے کھاتے ہی پاخانہ آ جاتا ہے۔ ان کو بھی مجرب ہے۔ ویدک کا کوئی دواخانہ ایسا نہیں ہے جس میں یہ تیار نہ ہوتا ہو ایک اور نکتہ یہ ہے کہ پوست بیخ مدار باریک کردہ اگر ۲ رتی فی خوراک ملا کر دیا جائے تو آن واحد میں درد معدہ رفع ہو جاتا ہے۔ چنانچہ اوپر والے مریض کو پوست ملا کر ہی دیا گیا تھا۔ آیورویدک دواخانوں نے اس کا ایک اور مرکب تیار کیا ہے۔ ہلیلہ زنگی ۵ تولہ۔ میٹھا سوڈا ۵ا تولہ۔ ہنگو اشٹک چورن ۵ تولہ۔

**خوراک :** ۲ ماشہ سے ٦ ماشہ تک دن میں تین بار ہمراہ عرق سونف یا نیم گرم پانی۔

**فائدہ :** اس کے کھلانے سے پیٹ درد' نفخ شکم' اسہال' بدہضمی کو مفید ہے۔ اسہال ہیضہ میں پہلے زہریلے مواد کو پتلا کر کے خارج کر دیتا ہے' پھر خود بخود اسہال بند ہو جاتے ہیں۔ لیکن اس میں ہینگ کی بدبو ہونے کی وجہ سے ہے۔ نازک مزاج نہیں کھاتے۔ لیکن نسخہ کے مجرب ہونے میں شک نہیں۔ میں نے اس کو کئی بار بنا کر مفید پایا ہے۔ میرے اک دوسرے نے بھی اس کی از حد تعریف کی ہے۔

## (۷۶۵) خیراتی نسخہ

میں ایک رشتہ دار کے یہاں گیا ہوا تھا اس سے کئی لوگ گولیاں لینے کے لیے آتے میں نے کہا یہ کون سی گولیاں ہیں جو کہ لوگ لینے آتے ہیں۔ فرمانے ہاضمہ ایک گولیاں تیار کر کے رکھتا ہوں لوگ لے جاتے ہیں۔ میں خیرات کے طور پر دیتا ہوں میں نے نسخہ طلب کیا اس نے بتا دیا۔

**ھوالشافی:** نمک چار۔ اجوائن چار۔ سہاگہ پھلہ۔ فلفل سیاہ۔ مصبر۔ الائچی خورد۔ ہینگ بریاں۔ سنڈھ۔ ہرڑ۔ بہیڑے۔ آملے۔ آک کی جڑ کا چھلکا ایک ایک تولہ۔ آب سہانجنہ سے گولیاں نخودی بنالیں۔

**خوراک:** ۲ گولی ہمراہ چائے یا آب گرم۔ میرے خیال میں ایک تولہ مگھاں بھی ملالیں یہ کئی نسخوں کا مرکب ہے۔ اس سے کمی ہاضمہ' درد پیٹ' اپھارہ دور ہو جاتا ہے۔ صاحب نسخہ تو تمام عمر بنا کر خیرات کرتا رہا۔ جس سے خرابی ہاضمہ والے کئی مریض راضی ہوئے۔ اللہ تعالیٰ ان کی یہ خیرات قبول فرمائے۔

## (۷۶۶) سیندھا نمک

ویدوں کی بات یہ بھی تھی کہ وہ علاج کے بتانے میں کبھی اپنی بیوی کو اشارہ کرتے کبھی اپنا ہی نام شعر میں لکھ دیتے۔ چنانچہ ایک شعر حاضر ہے۔

**ھوالشافی:** سنڈھ' سہاگہ' سیندھا' کاندھی — سیندھن کے رس گولی باندھی

چھتی دایو بہتر سول — دھتر کہندا رہن نہ مول

ترجمہ: دھتر جی وید کا نام ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ سنڈھ۔ سہاگہ۔ سیندھا نمک اور ہینگ مساوی لے کر آب سہانجنہ سے نخودی گولیاں بنالیں تو اس بہتر (۷۲) قسم کی درد اور چھتیس (۳۶) قسم کی وایو جسم سے نکل جاتی ہے۔ کیونکہ ہینگ کے متعلق مشہور ہے کہ سات پردوں سے بھی ہوا نکال دیتی ہے۔ پرانے حکما کے معمولات میں ایک رتی ہینگ کو منقیٰ میں بند کر کے کھلانا عام رواج تھا۔ میں نے یہ گولیاں خود تیار کیں اور مریض کو دیں۔ اور کئی حکماء کے پاس تیار دیکھیں۔ گو دیکھنے میں تو یہ نسخہ معمولی نظر آتا ہے۔ لیکن ریاح اگر جسم کے کسی حصہ میں ہو تو یہ گولیاں اس کو نکال دیتی ہیں۔ درد گردہ ریاحی میں بھی مفید ہیں۔ بڑے بڑے جلیل القدر اطبا

کے مطب میں تیار دیکھیں۔ لیکن ہینگ خالص کا آج کل ملنا مشکل ہے۔

## (۷۶۷) نمک سانبھر

مریض عمر ۲۵ سال مطب میں حاضر ہوا تو پیٹ پر ہاتھ رکھا ہوا اور جھک کر چل رہا تھا اور کہہ رہا تھا درد ہو رہا ہے۔ سخت تکلیف میں ہوں۔ مریض کو چار خوراک دوا دے دی اور کہا کہ سونف ایک تولہ۔ ابال کر اس کے جوشاندہ کو میٹھا کر کے دور کھلائیں اور شام کو اطلاع دیں۔ شام کو مریض آیا اور کہا کہ اس دوا کی ایک خوراک کھاتے ہی آرام آنا شروع ہو گیا تھا۔ چار خوراکیں کھالیں میں نے کہا کہ آپ شادی پر گئے ہوئے تھے۔ خوراک کی کمی بیشی سے مرض تھا۔ اب فاقہ کریں۔ صبح تک کچھ نہ کھائیں صبح کو مریض آیا اور کہا کہ بالکل آرام ہے۔ یہ دوا ایک ڈبی میں بند کر کے مریض کو دے دی گی۔ مریض نے چند دن کے بعد آ کر بتایا کہ اور بھی خرابی تھی اب وہ بھی دور ہو گئی ہے۔

**ھوالشافی :** نمک سانبھر آدھ سیر۔ فلفل سفید ساڑھے سات تولہ۔ نوشادر۔ سنڈھ۔ پودینہ خشک۔ فلفل سیاہ ہر ایک ۵ تولہ۔ ۴-۴ ماشہ۔ تخم کرفس پونے چار تولے۔ سونف رومی۔ تخم جرجیر۔ اجوائن دیسی۔ سنبل الطیب۔ ہر ایک ڈھائی ڈھائی تولہ باریک کریں۔

**خوراک :** ۲ ماشہ سے ۵ ماشہ تک یہ نسخہ بھی عالی جناب شیخ الرئیس کا تجویز کردہ ہے جو کہ تمام دہلی۔ لکھنو اور لاہور کے تمام مشہور دواخانے تیار کرتے ہیں۔ بلکہ اس کی ٹکیاں بنا کر ڈبیوں میں بند کر کے برسوں سے فروخت کر رہے ہیں جو کہ اس کے مجرب ہونے کی دلیل ہے۔ میں نے خود اس کو تیار کر کے مفید پایا ہے۔

**فوائد :** ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ معدہ و جگر کا مقوی ہے۔ خون صالح پیدا کرتا ہے۔ اور جوڑوں کے درد کو مفید ہے۔ اگر نمک سانبھر کی بجائے عام نمک ہی ڈال لیں تب بھی مفید ہے۔ اس نسخہ کو مطب میں تیار رکھنا چاہیے یہ وقت پر کام دیتا ہے۔

## (۷۶۸) ایک راز

ایک حکیم نے اپنا ایک راز بتایا کر دیتا تھا۔ یہ تیار کر کے رکھو۔

**ھوالشافی :** ست پودینہ ۳ ماشہ۔ چینی آدھ سیر۔ باریک کر کے ملا لیں۔ جب بھی کوئی ہاضمہ کا مریض آئے تو چورن ہاضمہ میں ۴ رتی یہ بھی ملا کر دو اس سے چورن خوش ذائقہ ہو گا

اور ہاضمہ آگے سے بڑھ جائے گا۔ چنانچہ میں اسی دن سے تیار رکھتا ہوں اور ہاضمے کے مریض کو ملا کر دیتا ہوں۔ آگے سے دوائی زیادہ مفید ہو جاتی ہے۔ اور خوش ذائقہ ہو جاتی ہے۔ عرق پودینہ کی جگہ ست پودینہ شامل ہو جاتا ہے۔

## (۷۶۹) ریوند خطائی

قرابادین مجددی والے نے ایک خاص علاج درد معدہ کے بیان میں کیا ہے اور میرے ایک دوست حکیم نے اس کو تیار کر کے مفید پایا ہے اور بیان اس طرح کیا ہے کہ پہلے سکنجبین کا شربت گرم پانی میں ملا کر تے کرائی جائے۔ پھر یہ سفوف کھلایا جائے تو لاجواب علاج ہے۔ اور مزمن سے مزمن درد۔ وجع الفواد دور ہو جاتا ہے۔ صاحب قرابادین مجددی نے بھی اس کو لاجواب علاج لکھا ہے۔

**ھوالشافی :** سونف رومی ۹ ماشہ۔ ریوند خطائی ۷ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ساڑھے ۴ ماشہ۔ سنڈھ ساڑھے ۴ ماشہ۔ تخم کاسنی ساڑھے ۴ ماشہ۔ گل سرخ ساڑھے ۴ ماشہ۔ دارچینی ساڑھے ۴ ماشہ۔ چینی کل کے برابر۔

**خوراك :** ۳ ماشہ۔ ہمراہ بدرقہ مناسب لا علاج مریض اس سے راضی ہوئے۔ لہٰذا اس کو تیار کر کے رکھیں امراض معدہ کو لاجواب ہے۔ ریاح کو خارج کر دیتا ہے۔ میں نے خود اس کو تیار کر کے مریض کو دیا ہے اس سے بار بار درد معدہ ہونا رک جاتا ہے۔

## (۷۷۰) عرق بابونہ

ایک بار ایک حکیم صاحب نے فرمایا کہ ایک درد معدہ کے پرانے مریض کو میں نے بابونہ کا عرق نکال کر پلایا اس سے اس کا درد معدہ دور ہو گیا۔ ٹھیک ہے کہ بابونہ مقوی معدہ۔ کاسر ریاح۔ محلل۔ مرخی۔ مسکن درد۔ مقوی دماغ و اعصاب۔ مدر بول و حیض۔ دافع قولنج ہے دافع تشنج۔ اس کا جوشاندہ مدر حیض اور اخراج مشیمہ و جنین ہے جس کسی دوا میں یہ اوصاف ہوں وہ ہاضم بھی زبردست ہوتی ہے اور اسی طرح زنجبیل کو خواہ تنہا استعمال کریں یا کھانے میں ملا کر کھائیں۔ ہضم پر اعانت کرتی ہے یہ علامہ سویدی۔ علامہ رازی اور دوسرے تیرہ حکیموں کا قول ہے اسی طرح پودینہ بستانی، تھوڑی مقدار میں کھلانا ہضم پر اعانت کرتا ہے۔ یہ بھی پرانے حکما کا قول ہے۔

## (۷۷۱) چورن

ایک حکایت ہمارے علاقے میں کئی آدمی افیون کھاتے تھے ان کا ہاضمہ اکثر خراب رہتا تھا۔ وہ ہاضمہ کی دوا لینے آئے میں نے یہ چورن تیار کر دیا اس سے اُن کو فائدہ ہوا۔ انہوں نے ایک دوسرے کو بتایا وہ مجھ سے کئی شیشیاں تیار کروا کر لے گئے۔ جو لے جاتا از حد تعریف کرتا وہ یہ ہے۔

**ھوالشافی:** سنڈھ۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ نوشادر ایک ایک تولہ۔ پودینہ ۲ تولہ۔ گندھک آملہ سار چار تولہ۔ میٹھا سوڈا چار تولہ۔ نمک طعام آٹھ تولہ۔ باریک کریں۔

**خوراک:** ۴ رتی سے ایک ماشہ تک۔ ترش ڈکار پیٹ میں ہوا کا گولہ۔ ریاح۔ بدہضمی۔ پیٹ درد۔ کمیٔ بھوک۔ قبض۔ خارش۔ پھوڑے پھنسی۔ بدہضمی کے اسہال۔ پرانی پیچش۔ احتلام۔ مزمن کمزوری معدہ۔ وجگر چند دنوں میں تمام شکایات ٹھیک ہو جاتی ہیں۔ اس کی ایک خوراک کھانے سے کھایا پیا ہضم ہو جاتا ہے۔ ہر مطب میں تیار رکھنے کے لائق ہے۔ بلکہ سفر حضر میں رکھنا ضروری ہے۔ ڈالڈا گھی کے نقص دور کرتا ہے۔ میں نے اس سے کافی فائدہ اٹھایا ہے اور یہ نسخہ نظریہ مفرد اعضا کے حامل محمد شریف صاحب مرحوم کا ہے اور ان کے صاحبزادے سے میں نے پوچھا کر تبخیر کے لیے کون سا علاج کرتے ہو تو انہوں نے فرمایا مندرجہ بالا نسخہ میں ذیل کے دو نسخے ملا کر دیں۔

## (۷۷۲) دو نسخے

**نمبر ۱:** سنڈھ ۵ تولہ۔ نوشادر ڈھائی تولہ۔ مرچ کالی ایک تولہ۔ سناء مساوی الوزن تیار کریں۔ **نمبر ۳:** اجوائن دیسی ۴ تولہ۔ بابچی ۴ تولہ۔ رائی ۴ تولہ۔ گندھک ۱۲ تولہ کو ملا کر باریک کریں یہ تینوں چورن ملا کر کھلانا زبردست ہاضم ہیں۔ دافع تشنج، اسہال معدہ، کمزوری ہاضمہ کی بہترین دوا بن جاتی ہے اس کے مقابلہ میں کوئی دوا نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں میں نے یہ تینوں ملا کر بدہضمی کے پرانے مریضوں کو دے کر دیکھا ہے۔ کیونکہ یہ تینوں نسخے جب مل جاتے ہیں تو معدہ۔ جگر اور آنتوں کے فعل کو درست کر دیتے ہیں اور اگر قبض زیادہ ہو تو اس کے ساتھ حب صابر بھی رات کو دیا کریں وہ یہ ہے۔

### حب صابر

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار۔ رائی اور آرد تمہ۔ مساوی الوزن گولی بقدر دانہ جنگلی بیر۔

بنادیں۔ ۲عدد رات کو کھلانا قبض کشا ہے اور رکی ہوئی بلغم کو خارج کرتی ہیں۔ دائمی قبض کو بھی مفید ہیں۔ اپھارہ کو دور کرتی ہیں۔ موٹاپے کو دور کرتی ہیں۔ خون کو صاف کرتی ہیں۔ یہ بھی نظریہ مفرد اعضا والوں کا تجویز کردہ ہے۔ اس لیے اس کا نام ہی حب صابر ہے۔

## (۷۷۳) معجون پودینہ

ایک مریض شادی شدہ مطب میں حاضر ہوا اور خرابی ہاضمہ، قبض، درد معدہ کی پرانی شکایت کی اور کہا کہ کئی بار خرابی پیٹ درد معدہ کی شکایت ہو چکی ہے کھانا ہضم نہیں ہوتا، کئی علاج کرا چکا ہوں۔ دیکھا تو تلی اور جگر میں ورم نہ تھا۔ خرابی ہاضمہ سمجھ کر یہ معجون تیار کر دی جس سے مریض کی پرانی تکلیف دو ہو گئیں۔

**ھوالشافی:** اجوائن دیسی۔ پودینہ۔ زیرہ سیاہ۔ سنڈھ۔ تخم کرفس۔ سونف۔ مصطگی۔ عاقر قرحا۔ دانہ الائچی کلاں۔ دارچینی۔ مگھاں۔ مرچ سیاہ۔ سداب ۲۔۲ تولہ۔ شہد سہ چند ملا کر بنائیں۔

**خوراک:** ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک اس کا نام معجون پودینہ ہے اس طرح تیار کرنا قرابادین اکمل اعظم میں بھی لکھا ہے۔

## (۷۷۴) جوارش پودینہ

**ھوالشافی:** پودینہ ۶ تولہ۔ سنڈھ تین تولہ۔ اجوائن ۳ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۳ تولہ۔ سونف ۲ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۲ تولہ۔ فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ شہد سہ چند۔

**خوراک:** ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک۔ اگر موسم گرما ہو یا مزاج گرم ہو تو چینی سہ چند میں قوام کر کے ملا دیں۔

**خوراک:** ۴ ماشہ سے آٹھ ماشہ تک یہ معجون بھی سابق حکما کی مجرب ہے۔

**فوائد:** درد معدہ۔ درد جگر۔ خرابی ہاضمہ کو دور کرتی ہے نیز دافع ریاح ہے اس کا نام جوارش پودینہ ہے۔ اس کو تیار کرنا مفید ہے۔ نہایت خوش ذائقہ ہے۔ بیماری سے اٹھے ہوئے مرض کی بھوک کھل جاتی ہے۔

## (۷۷۵) لاجواب معجون

برائے امراض درد و جگر صاحب قرابادین اکمل اعظم اور صاحب قرابادین مجددی کی

معمول مطب تھی۔

**هوالشافی :** سنڈھ۔ زیرہ سیاہ۔ مدبر بسر کہ۔ برگ پودینہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ صعتر۔ انیسون۔ اجوائن دیسی۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ تخم کرفس۔ مصطگی ایک ایک تولہ۔ مویز منقی کل کے برابر اور گلقند دو چند کوٹ کر ملالیں۔

**خوراک :** ۶ ماشہ سے ۹ ماشہ تک ہمراہ مناسب عرق ہاضم۔

**فوائد:** درد وجگر کے اکثر امراض ریاح شکم' درد معدہ' دافع قبض ہے اور مقوی جگر ہے۔ میں نے اس کو خود تیار کیا اور مریض کو دیا۔ بھروسا کا نسخہ ہے۔ نہایت خوش ذائقہ ہے۔ دافع ریاح ہے۔ میں نے کس کس مشکل سے حاصل کیے تمام معمولات آپ کے سامنے حاضر ہیں۔

## (۷۷۶) لاجواب عرق

ضلع بہاولپور میں ایک صاحب نے عرق کا اشتہار دے رکھا تھا۔ لوگ اس سے عرق لے جاتے۔ فوائد یہ لکھے یہ عرق ہاضم ہے۔ دافع تبخیر ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ موٹاپے کو زائل کرتا ہے۔ کئی سال سے تجربہ شدہ ہے۔ قیمت فی بوتل دس روپے۔ جب کہ دوسرے عرق دو روپے فی بوتل تھے۔ میں نے نسخے کا سوال کیا صاحب نسخہ نے انکار کیا ایک دن میں نے کہا کہ میں ضلع شیخوپورہ کا رہنے والا ہوں۔ آپ سے تین سو میل دور ہوں۔ آپ کی تجارت کو کیا نقصان ہوگا۔ آخر ایک دن آپ نے بتا دیا۔

**هوالشافی :** عرق پودینہ۔ عرق گلاب۔ عرق گاؤزبان۔ عرق سونف۔ ایک ایک پاؤ۔ عرق اجوائن آدھ پاؤ ملالیں یہ ہی ہے نام صیغہ راز میں رکھا ہوا ہے۔ عرق نکال لیں۔ بچوں کو اجوائن ملا کر نہ دیں۔ اجوائن کے بغیر دیں یہ چوعرقہ ہی ہے۔ اس کے بعد آپ نے مجھ کو پیار دیا اور کہا آپ میرے بھائی ہیں۔ میں آپ کے طرز کلام سے متاثر تھا۔ میں نے پہلے دن ہی ارادہ کرلیا تھا اور آپ کے شوق کو دیکھتا تھا۔ تیار کرلیا کریں۔ کئی بوتلیں فروخت کر چکا ہوں۔

## (۷۷۷) میٹھا چورن

ایک صاحب ہاضمے کا میٹھا چورن فروخت کرتے تھے۔ کافی لوگ لے جاتے تعریف کرتے۔ میں نے ان سے پوچھا کہ کون سا نسخہ ہے فرمانے لگے نسخے تو آپ کے ہیں۔ آپ کو کیا ضرورت ہے۔ میں نے کہا شوق ہے کہنے لگے اچھا آپ شوق پورا کریں۔

**ھوالشافی :** سنڈھ ۳ ماشہ۔ مرچ کالی ڈیڑھ تولہ۔ پودینہ ڈیڑھ تولہ۔ انار دانہ ڈیڑھ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۶ ماشہ۔ زیرہ سفید ۶ ماشہ۔ مگھاں ۶ ماشہ۔ تخم الائچی خورد ۶ ماشہ۔ چترک ۶ ماشہ۔ سماق دانہ ایک تولہ۔ مغز کول ڈوڈہ ایک تولہ۔ ست لیموں ایک تولہ۔ نمک لاہوری چار تولہ۔ ست پودینہ ۲ ماشہ۔ چینی سفید ۱۵ تولہ۔

**خوراک :** ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک لاجواب ہاضمہ ہے۔ جو کوئی ایک چٹکی کھائے گا اس کا گرویدہ ہو گا۔ ہیضے کے دنوں میں کھانا ہیضے سے محفوظ رکھتا ہے۔ نفخ شکم کو مفید ہے بعد از غذا کھانا سنگرہنی کو مدد کرتا ہے۔ درد شکم کو دور کرتا ہے۔ صاحب لب المجربات اور کنز المجربات والوں نے بھی اس کو مجرب لکھا ہے یہ ریاست پٹیالہ کے وزیر اعظم اور امرا کا پسندیدہ نسخہ ہے جو کہ ان کے لیے شاہی حکیموں نے تجویز کیا تھا اور مجرب پایا۔

## (۷۷۸) حب کبریت اعظم

ہمارے علاقہ میں ایک قصبہ نوشہرہ ورکاں ہے۔ وہاں ایک طبیب سردار دلیپ سنگھ تھے وہ ہاضمے کی گولیاں تیار کرتے تھے ان کا یہ مشہور نسخہ تھا۔ اس کے بہت سے فوائد تھے مثلاً مقوی معدہ۔ ہاضم، مشتہی، دافع درد پیٹ، بدہضمی، اپھارہ، ریاح معدہ، تبخیر معدہ۔ خرابی جگر، ہاتھ پاؤں کی جلن، دافع کرم امعا۔ مصفی خون، مستورات کے اعضا خاص میں جلن، صفرا کا بدن سے خارج نہ ہونا، وغیرہ وغیرہ ایک حکیم صاحب نے اُن سے یہ نسخہ حاصل کر لیا اور مجھ کو بھی بتا دیا۔

**ھوالشافی :** گندھک آملہ سار ۱۰ تولہ۔ مرچ سیاہ ۳ تولہ۔ مگھاں ۳ تولہ۔ اجوائن دیسی ۳ تولہ۔ سنڈھ ۲ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ نمک دیسی ۲ تولہ۔ نمک سونچر ۲ تولہ۔ نمک سیندھا ۲ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ایک تولہ۔ مصطگی رومی ایک تولہ۔ ست لیموں ۳ ماشہ۔ ست اجوائن ۳ ماشہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ۔ آب لیموں آدھی بوتل سے کھرل کر کے گولی بقدر جنگلی بیر بنا لیں۔

**خوراک :** ایک ایک گولی دن میں تین بار ہمراہ عرق سونف یا چو عرقہ۔ اس نسخہ کے فوائد کی دھوم تھی میں نے بڑی مشکل سے حاصل کیا۔ طب آیورویدک میں گندھک کی کئی گولیاں ہیں لیکن یہ سب سے اعلیٰ ہے۔ میں نے خود بھی اس کو تیار کر کے فائدہ اٹھایا ہے۔ جو الفاظ لکھے ہیں وہ بالکل درست ہیں۔ ذرا شک نہیں۔

## (۷۷۹) اکسیری چورن

وید کویراج جگن ناتھ وید واچسپتی مصنف طبی جواہرات۔ آیورویدک فارما کوپیا۔ اور

تمام پرانی ویدک کی کتابوں کے مترجم مشہور شخصیت ہیں۔ انہوں نے ہاضمہ کے لیے اس نسخہ کی از حد تعریف کی ہے اور میں نے بھی اس کو تیار کر کے آزمایا ہے۔ آسان اور کم اجزا کا لاجواب نسخہ ہے۔

**ھوالشافی :** زیرہ بھنا ہوا ۹ تولہ۔ کالا نمک۔ کالی مرچ۔ ست لیموں۔ ہر ایک ساڑھے چار چار تولہ۔ نوشادر ڈھائی تولہ۔ سیندھا نمک سوا تولہ۔ ہینگ بریاں اور ست پودینہ ہر ایک ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ۔ باریک کریں۔

**خوراک :** ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک یہ بہت مزیدار چورن ہے۔

**فوائد :** نفرت طعام' درد شکم' ونفخ شکم' عظم طحال' خرابی جگر اور باؤ گولہ کو مفید ہے۔ اور ریاح کو فوراً تحلیل کر دیتا ہے۔ میں نے اس کو تیار کر کے مریض کو دیا تھا مفید ہے۔

## (۷۸۰) نمک سلیمانی خورد

حکیم و ڈاکٹر مظفر حسین اعوان جو کہ ڈاکٹر اور حکیم اور کتب کثیرہ کے مؤلف بھی ہیں انہوں نے ایک نسخہ ہاضمہ کے لیے تجویز کیا ہے اور اپنی کتاب میں لکھا ہے۔

**ھوالشافی :** سونف۔ سنڈھ۔ اجوائن۔ کالی مرچ۔ مگھاں۔ پودینہ خشک۔ سہاگہ خام۔ نمک سونچل۔ نمک طعام ہر ایک ڈھائی ڈھائی تولہ۔ دارچینی سوا تولہ۔ نوشادر ۵ تولہ۔ باریک کریں۔

**خوراک :** ۴ رتی سے ایک ماشہ اس کا اشتہار دے کر کافی فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ میں نے اس کو تیار کر کے مریضوں کو دیا اور کافی فائدہ اٹھایا ہے۔

## (۷۸۱) اکسیر ہاضم فیروزی

حکیم فیروز دین صاحب مصنف کتب کثیرہ و مدیر رسالہ ''الحکیم'' اور کئی کتابوں کے مصنف اور قابل معالج تھے یہ نسخہ ان کا تمام عمر کا معمول تھا۔

**ھوالشافی :** نوشادر۔ مرچ سیاہ۔ سونف۔ زیرہ سیاہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ دانہ الائچی خورد۔ نمک سیاہ۔ پودینہ گل سرخ۔ صاف پتی۔ انار دانہ۔ نمک لاہور۔ اجوائن دیسی۔ ۵۔۵ تولہ۔ سفوف کریں۔

**خوراک :** ۲۔۲ ماشہ بعد از غذا ہمراہ مناسبہ بدرقہ۔ امراض شکم و معدہ و امعاء۔ بدبوئے دہن ۔ جگر کے امراض۔ بخاروں کے بعد خرابی ہاضمہ۔ ملیریا بخار میں بخاروں کے دوران

بھوک کھولتے ہیں۔ مفید و مجرب ہیں۔ نہایت خوشبودار چورن ہے۔

## (۷۸۲) ایک عطائی کا مجرب نسخہ

ہمارے ہاں ایک مستری کو بازو میں درد ہوا۔ بازو ورم کر آیا۔ ایک عطائی آدمی جو کہ میرا بھی شناسا تھا آ گیا اور کہنے لگا کہ میں اس کو گولیاں تیار کر دیتا ہوں جس سے اس آدمی کو آرام ہو جائے گا میں نے کہا کر دو۔ اس نے یہ اشیا لانے کو کہا۔

**ھوالشافی:** چاروں اجوائن۔ چاروں نمک۔ آملہ۔ ہریڑہ۔ بھیڑہ کے چھلکے۔ مرچ سیاہ۔ ملٹھی۔ برگ نیم۔ آردتمہ۔ برگ کرنجوہ۔ چرائتہ۔ مولیاں۔ گلو کی جڑ۔ آک مکھیاں۔ سنڈھ۔ کا چھلکا۔ الائچی خورد ایک ایک تولہ۔ لیموں ۲ عدد کی۔ مغز کنوار گندل سے گولیاں بنا کر دیں۔

**خوراک:** ایک ایک عدد صبح و شام ہمراہ چائے اس گولیاں کے استعمال سے اس کا بازو ٹھیک ہو گیا۔ قبض دور ہو گئی۔ لوگ اس سے گولیاں لے جاتے۔ غذا فوراً ہضم ہو جاتی ایک مریض کو سیونکاں نے تنگ کر رکھا تھا اس کو دے دی گئیں اس سے سیونکاں صبح کو نکل گئیں۔ ایک مریض کے پیٹ میں کیڑے تھے اس کے کھانے سے کیڑے نکل گئے۔ اس آدمی نے ان کو کئی بار تیار کیا ایک کھانسی کا مریض تھا وہ لے گیا اس کی کھانسی دور ہو گئی۔ یہ سب کچھ میرے سامنے ہوا۔ تب میں نے یہ نسخہ لکھ لیا۔ اور کتاب میں بھی لکھ دیا ہے۔ اس سے معدہ طحال اور امعاء کا فعل درست ہو جاتا ہے۔ جو کہ صحت کے لیے ضروری ہے اور وہ مادہ جس کے اندر ہونے سے کیڑے پیدا ہوتے رہتے ہیں معدہ اور امعا سے نکل جاتا ہے۔ نسخہ تو عطائی نے بتایا لیکن فوائد میں لاجواب ہے۔

## (۷۸۳) طب جدید والوں کا لاجواب چورن

حکیم احمد دین موجد طب جدید شاہدروی کی ذات کو کون نہیں جانتا۔ وہ تمام طبوں کے فاضل تھے انہوں نے تمام قدیم طبوں سے مطالعہ کر کے ایک نئے نظریے کی بنیاد رکھی کہ اعضاء کے فعل بگڑ جانے کم یا زیادہ ہونے سے امراض پیدا ہوتے ہیں ان کا لاجواب چورن جو کہ سو سال سے اشتہاری دنیا میں مشہور ہے لاجواب ہے۔

**ھوالشافی:** نمک لاہوری ۱۲ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۳ تولہ۔ سوڈا میٹھا ایک تولہ۔ ست لیموں ۶ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۹ ماشہ۔ فلفل دراز ایک تولہ۔ سنڈھ ۳ تولہ۔ نمک سونچل ڈیڑھ تولہ۔

نمک سانبھر ڈیڑھ تولہ۔ روغن دارچینی ۳ ماشہ۔ روغن شفا ۹ ماشہ۔ ملا کر چورن بنا دیں۔

**خوراک:** ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک۔ نفخ قراقر معدہ۔ کمی اشتہا۔ ڈکار ترش کے لیے لاجواب ہے۔

**نسخہ روغن شفا:** ست پودینہ۔ ست اجوائن ایک ایک تولہ۔ کافور ۲ تولہ۔ ملا کر دھوپ میں رکھیں۔ تیل ہو جائے گا۔ یہ بھی شامل کر لیں۔ اس نسخہ کو میں نے خود تیار کر کے مریضوں کو دیا یہ طبی اربعین شاہدروی کا نسخہ ہے۔

## (۷۸۴) تریاق دردِ فم معدہ

اڑھائی سیر شیر شتر لے کر ایک برتن جس میں پانچ سیر دودھ آ سکتا ہو ڈال دیں اور نمک شیشہ آٹھ تولہ باریک کردہ پاس رکھ لیں اور اس میں ڈال کر آگ پر نرم پر رکھیں اور لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ خیال رہے کہ اُبال آ کر دوائی گر نہ جائے۔ حتیٰ کہ کھویا بن جائے۔ اب زعفران ۳ ماشہ قدرے دودھ میں حل کر کے اس میں ملا دیں اور پکائیں کہ تمام کھویا زرد ہو جائے۔ پکاتے وقت دیر تو لگے گی لیکن آگ نرم رکھیں۔ اب کھویا نرم ہی ہو تو اتار لیں۔ کسی طرف سے داغ نہ لگ جائے۔ خود ہی خشک ہو جائے گا۔ دردِ فم معدہ کو ایک ماشہ سرد پانی سے دیں۔ تیار شدہ دوا بوتل میں رکھیں یہ ایک لاجواب نسخہ ہے۔ یہ نسخہ تریاق وجع الفواد کے نام سے کتابوں میں ملتا ہے اور طب جدید والوں نے بھی اپنے معمولات میں شامل کر لیا ہے میں نے بھی تیار کر کے مفید پایا ہے۔ کریم بخش سیاح نے بھی اس سے بڑے معرکے کے علاج کیے ہیں اس کے فوائد میں کئی اشتہار نکلے ہوئے ہیں۔ استسقاء کے مریض کو عرق سونف ۱۲ تولہ کے ساتھ دینا لاجواب ہے۔ یہ نسخہ پرانے زمانے کے ایک نامی گرامی افلاطون حکیم کی ایک کتاب میں لکھا تھا۔

## (۷۸۵) ایک لاجواب نکتہ

کئی بار معدہ اس قدر خراب ہو جاتا ہے کہ تنقیہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ تنقیہ کر کے مسہل دیں۔ شیخوپورہ کی مریضہ جو کہ کئی سال سے ڈاکٹروں، حکیموں کی تختہ مشق بنی ہوئی تھی۔ وہ میرے زیر علاج آئی اور اس کے وارثوں نے مایوسی کا اظہار کیا میں نے کہا آپ کی مریضہ نے اگر علاج مان لیا تو درست ہو جائے گی لہذا اس کے معدہ کو منضج دیا۔

**ھوالشافی :** سونف۔ الائچی کلاں۔ بنفشہ۔ تخم کاسنی ۶-۶ ماشہ۔ گلقند ۵ تولہ۔ یہ ایک خوراک ہے اس کو جوشا کر صبح و شام پلا دیں۔ (موسم گرما میں گھوٹ کر پلا دیں) اور تین دن کے بعد اطلاع دیں۔ اس کے بعد مسہل دیا گیا تمام خراب مادے خارج ہو گئے۔ بلکہ جوشاندے سے ہی فائدہ ہوگیا اور خراب سے خراب معدہ درست ہوگیا۔

## (۷۸۶) اقوال متقدمین

فاضل جالینوس لکھتے ہیں کہ افسنتین معدہ کے لیے لاجواب دوا ہے اس کا جوشاندہ یا خیساندہ کم از کم دس یوم استعمال کریں علامہ محمد بن زکریا بھی اس کی تصدیق کرتے ہیں کہ جوشاندہ افسنتین سے زیادہ مفید کوئی دوا نہیں۔ اور فاضل جالینوس لکھتے ہیں کہ سنگدانہ مرغ۔ درد معدہ کو بالخاصہ مجرب ہے اور معدہ کو صاف کرنے کے لیے یہ جوشاندہ فاضل جالینوس کا مجرب ہے۔ افسنتین ڈیڑھ تولہ۔ گل سرخ چھ تولہ۔ دونوں کو تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب چوتھائی رہ جائے تو چھان کر اس میں قدرے میٹھا ملا کر پلانے سے معدہ کی خراب حالتیں ٹھیک ہو جاتی ہیں۔ خواص افسنتین میں لکھا ہے کہ محلل ریاح' مدر بول' مدر حیض' ورم جگر' ورم طحال میں اور پرانے بخاروں میں اس کا جوشاندہ دینا مجرب ہے' نیز پیٹ کے کیڑوں کو بھی مار کر نکال دیتی ہے۔ دافع امراض بلغمی ہے۔ اس کا عرق بھی مفید ہے۔

## (۷۸۷) حب گل مدار

گل مدار خشک ۱۵ تولہ۔ مگھاں۔ سہاگہ پھلہ۔ نمک سیاہ ۵ تولہ۔ آب ادرک ایک پاؤ سے نخودی گولیاں بنالیں۔

**خوراک :** ۲ گولی ہمراہ آب نیم گرم یا مناسبہ بدرقہ۔

**فوائد :** غلبہ ریاح۔ درد شکم' برودت معدہ' کمزوری ہاضمہ میں لاجواب ہیں۔ ایک مشہور دواخانہ کا راز ہے۔

## (۷۸۸) عرق اکسیر ہاضم

تو ہاضمہ کے سفوف لکھے گئے اب ایک عرق ہاضم بھی دیکھ لیں ایک دوست کا مایہ ناز نسخہ ہے جو کہ انہوں نے اپنے ماموں جان کی کتاب میں شائع کرایا ہے۔ درد شکم۔ قولنج۔ ریاحی۔ ترش ڈکار' قے' سوء الہضم تخمہ' جملہ اور شکایات ہضم کا سریع الاثر حکمی علاج ہے۔ درد پیٹ خواہ

کس قدر ہو آناً فاناً رفع ہو جاتا ہے۔ خوش ذائقہ اور ہر مزاج کے موافق ہے۔

**ھوالشافی :** عرق الائچی۔ عرق سونف۔ عرق پودینہ ۱۵۔ ۱۵ تولہ۔ روغن سونف روغن پودینہ ۱۰۔ ۱۰ بوند۔ ٹنکچر زنجبیر ۳۰ بوند۔ ٹکیہ پیپر منٹ ۱۰۰ عدد۔ باریک کر کے بوتل میں ڈال لیں اور دوسری ادویہ اس کے اوپر ڈال کر ملائیں۔

**خوراک :** ڈھائی تولہ بوتل کو ہر دو گھنٹہ کے بعد ہلا دیں درد شدید میں ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے پلائیں۔ لاجواب نسخہ ہے یہ حکیم غوث محمد صاحب چاہ ماں والہ کا معمول ہے۔ عرق تیز ہونے چاہئیں۔

اس کے علاوہ قرابادینی مرکبات، جوارش جالینوس، جوارش انارین، معجون نانخواہ، جوارش کمونی، معجون دبید الورد، جوارش فلافلی، جوارش بسباسہ، عرق سونف، عرق پودینہ، عرق اجوائن، عرق الائچی، عرق سوئے، عرق گلاب تیز نکال کر پلانا (فی بوتل دوائی ۱۰ تولہ) لاجواب ہیں۔
اس کے علاوہ قبض دور کرنا کاسر ریاح اشیا دینا اور غلیظ چیزوں کا بند کرنا سبزیاں زیادہ کھانا غذا مقرر وقت پر کھانا میدہ کی اشیا مثلاً سویاں۔ جلیبی مٹھائی بند کر دینا، سرد پانی نہ پینا، اجابت اور پیشاب کو نہ روکنا اور غذا اور جماع میں چھ گھنٹہ کا فرق رکھنا، رات کو جلدی سونا، دن کو جلدی اٹھنا، مسواک کرنا اور کھانا بھوک لگنے پر کھانا، یہ تمام نکات امراض معدہ وامعاء میں مجرب ہیں ان پر پابندی سے مریض معدہ تندرست ہوگا۔

## (۷۸۹) لاجواب کورس از ''الحکیم''

ایک مریض نے سوال شائع کیا کہ درد معدہ بار بار ہو جاتا ہے۔ از ''الحکیم'' اکتوبر اور جواب ''الحکیم'' نومبر ۱۹۷۱ء۔ جوارش کمونی ۹ ماشہ۔ جوارش مصطگی ۶ ماشہ۔ جوارش جالینوس ۳ ماشہ۔ ملا کر بعد از غذا آب نیم گرم سے کھائیں اور رات کو حب کبد نوشادری ۲۔۲ عدد کھلائیں۔ (از معز الدین صاحب)۔ لاجواب کورس ہے۔

## (۷۹۰) جوارش فلافلی

یہ کورس بھی ہاضم اور خرابی معدہ کا لاجواب علاج ہے۔

**ھوالشافی :** معجون دبید الورد ۶ ماشہ۔ جوارش فلافلی ۶ ماشہ۔ ملا کر عرق سونف سے کھلانا مجرب ہے۔

## (۷۹۱) جوارش جالینوس

**ھوالشافی :** جوارش جالینوس ۳ ماشہ۔ جوارش بسباسہ ۳ ماشہ ملا کر بعد از غذا کھلانا امراض ہاضمہ کو لاجواب ہے۔ یہ تینوں کورس امراض معدہ میں مجرب ہیں یہ تمام نسخہ جات بھوک نہ لگنا۔ دردمعدہ۔ اپھارہ۔ خرابی ہاضمہ۔ ترش ڈکار کو لاجواب مجرب ہیں۔ دردمعدہ کے مقام پر سینک دینا ریاح کو تحلیل کر دیتا ہے۔ معجون نانخواہ بھی معدہ جگر کی لاجواب دوا ہے۔ پیٹ پر گھی یا کسٹرائیل کی مالش کرنا بھی مفید مزید ہے۔

## (۷۹۲) سفوف سنا

**ھوالشافی :** سنا مکی۔ زنجبیل۔ پوست ہلیلہ زرد۔ نمک سیاہ۔ مساوی الوزن۔ باریک کریں۔

**خوراك :** بچوں کو ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک۔ بڑوں کو ۷ ماشہ سے ایک تولہ تک

**فوائد :** تینوں خلطوں کو معدہ سے نکالنے میں معمول مجرب ہے۔ دردشکم، قولنج کو دور کرتا اور پیٹ کے کیڑوں کو نکال دیتا ہے۔ پرانے اطبا کا معمول ہے اور حافظ جلیل احمد نے اس کو مجرب لکھا ہے اس سے اسہال بھی آ جاتے ہیں۔ اور حب حلتیت قرابادینی بھی مجرب ہے۔

## (۷۹۳) اپنڈے سائٹس

مرض اپنڈے سئیٹس کی لاجواب دوا۔ بہاولپور کے ایک حکیم نے بھی تصدیق کی ہے۔

**ھوالشافی :** ہینگ اصلی ۴۰ ماشہ۔ سنڈھ ۳۰ ماشہ۔ نمک لاہور ۲۰ ماشہ۔ لونگ۔ جڑ پان۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ الائچی خورد۔ کباب چینی۔ پپلا مول۔ اجوائن دیسی۔ کلونجی۔ ترپھلہ۔ مصطگی رومی ہر ایک ۱۰۔ ۱۰ ماشہ۔ نمک سیاہ ۲۰ ماشہ۔ ہینگ کو گھی میں بریاں کریں اور تمام ادویہ کا پاؤڈر بنا کر آب ادرک۔ لعاب کنوار گندل۔ آب لیموں سے علیحدہ علیحدہ تر کر کے گولیاں بنائیں۔

**خوراك :** ایک عدد صبح و شام۔ تکلیف کے وقت چار گولی دیں۔

**فوائد :** معدہ کو قوی اور ریاح کو خارج کرتی ہیں۔ جسم میں چستی پیدا کرتی اور قوت باہ کو مفید ہیں۔ ریح کلیہ اور اپنڈے سائیٹس میں بھی مفید ہیں۔

## (۷۹۴) حب کاسر ریاح از قرابادین اکمل اعظم

نمک سیندھا۔ نمک سیاہ۔ نمک لاہوری۔ نمک سونچر۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ۔ سنڈھ۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں ایک ایک تولہ۔ اجوائن شیطرنج ہندی۔ ۹۔۹ ماشہ۔ لونگ۔ دارچینی۔ دانہ الائچی ہر ایک ۴۔۴ ماشہ۔ عود ہندی۔ مصطگی رومی۔ جلوتری ۳۔۳ ماشہ۔ آب لیموں سے تر کر کے گولیاں بنا دیں۔

**خوراک:** ۲ گولی سے ۴ گولی تک ہمراہ آب تازہ معدہ کو قوت دینے۔ قوت ہاضمہ کی اصلاح کرنے۔ ریاح۔ قراقر نفخ شکم اور ہیضہ کو دور کرنے میں مفید ہیں۔ علاوہ ازیں دماغ کو طاقت دینے اور حواس کو پاک و صاف بنانے' سدوں کو کھولنے اور اعضا کی سستی اور تکان کو زائل کرنے میں نافع ہیں۔ ایک وید صاحب نے اس کو خوب مشہور کیا ہے اور میں نے بھی ان کو تیار کر رکھا ہے۔ پیٹ کے اکثر امراض میں ان کو استعمال کرتا ہوں۔ کافی فائدے مند ہیں۔

## (۷۹۵) حب شنگرفی لاجواب از آیورویدک

سہاگہ پھلہ۔ فلفل دراز۔ بچھناگ مدبر۔ شنگرف مدبر۔ ایک ایک تولہ۔ فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ آب لیموں سے ایک دن کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔

**خوراک:** ا۔ا صبح' دوپہر' شام۔ ہمراہ آب تازہ یا نیم گرم۔ جن کو غذا نہ ہضم ہوتی ہو' بعد از غذا اپھارہ ہو جاتا ہو' گڑگڑاہٹ' گرانی دور ہو جاتی ہے۔

**فوائد:** جن لوگوں کو گھی ہضم نہ ہوتا ہو۔ یا کم ہضم ہوتا ہو۔ اس کی بدولت چھٹانکوں گھی ہضم ہونے لگتا ہے اور دودھ ہضم نہ ہوتا ہو تو دودھ کے ساتھ گولیاں کھانی شروع کر دیں اور آہستہ آہستہ زیادہ دودھ کریں تو سیروں دودھ ہضم ہونے لگ جاتا ہے۔ اور بھاری غذا نہ موافق آتی ہو تو ان کے استعمال سے آنے لگ جاتی ہے۔ صرف غذا ہی ہضم نہیں ہوتی بلکہ معدہ و انتڑیوں کے اکثر امراض کے لیے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ یعنی ہیضہ' پیٹ درد' اسہال' قے' پیچش کو اکسیر ہے۔ بلغمی کھانسی' گنٹھیا' نقرس بلغمی' کھانسی نزلہ و زکام اور دمہ کو اس کے استعمال سے آرام آنا شروع ہو جاتا ہے اور ملیریا بخار کو بھی لاجواب ہے۔ بلکہ اس سے بخار ٹائیفائیڈ کو بھی آرام آ جاتا ہے۔ آب لیموں کے بجائے آب ادرک سے کھرل کر کے تیار کر لیں۔ لاہور کا ایک وید

اس کا ایک خاص نام رکھ کر فروخت کر رہا ہے۔ اور ہزاروں روپے کما چکا ہے۔

## (۷۹۴) سفوف ارسطا طالیس

علامہ انطا کی بیان کرتے ہیں کہ سکندر نے ارسطو کو خط لکھا جس میں کمیٔ ہاضمہ کی شکایت کی اور کہا کہ ایسا نسخہ ہو جس سے اور دواؤں کی ضرورت محسوس نہ کروں تو اس نے یہ نسخہ لکھ کر بھیجا۔

**ھوالشافی :** خرفہ ساذج ہندی۔ عود غرقی۔ اسارون۔ مصطگی رومی۔ دانہ الائچی خورد۔ ہلیلہ کابلی۔ فرنجمشک۔ نار مشک۔ زیرہ سیاہ۔ دار چینی۔ چھڑیلہ۔ دار فلفل۔ سنڈھ۔ لونگ۔ جائفل۔ الائچی کلاں۔ ۷۔ ۷ ماشہ۔ عنبر ۳ ماشہ۔ چینی ولایتی تین پاؤ۔

**خوراک :** بعد از غذا ۲۔ ۲ ماشہ سے ۳ ماشہ

**فوائد :** وسواس دردسر۔ سوء الہضم، کمزوری معدہ، ریاح، غلیظہ ذرب اسہال معدی کو اور بخارات کو نافع ہے۔ عرق فاسد (بدبو پسینہ) اور بدن کو رفع کرتا ہے۔ نسیان کو زائل کرتا ہے۔ بھوک کھولتا ہے اور مقوی باہ ہے۔ قوت اس کی ایک سال رہتی ہے۔ نسخہ میں تو کستوری اور عنبر ۳۔ ۳ ماشہ تھا لیکن اب کے حکما نے صرف عنبر ۳ ماشہ ہی لکھا ہے اور بغیر عنبر کے بھی تیار کر لیتے ہیں۔ اکسیر ہے۔ حکیم عبداللہ صاحب مرحوم نے بھی ریحائی عنبری کے نام سے تیار کر رکھی ہے میں نے بھی اس کو تیار کیا تھا اور ایک لاعلاج مریض معدہ گوجرانوالہ میں تھا اس کو تیار کر کے دی تھی اس کے بعد اس نے کہا کہ اس نسخے سے میری تمام تکالیف دور ہو گئیں۔ حکیم شریف دہلوی فرماتے ہیں کہ اس سے میں نے بہت کامیابیاں حاصل کیں۔ (یاد رہے کہ یہ سفوف بلغمی مزاج کو زیادہ مفید ہے لیکن اگر صفراوی مزاج کو دینا ہو تو جوز کی بجائے طباشیر اور مشک کی بجائے سونف رومی اور فرنجمشک کی بجائے کشنیز شامل کر کے بنالیں)۔ تمام نکات لکھ دیے ہیں خط میں کستوری۔ عنبر۔ اور کافور ۳۔ ۳ ماشہ کا ذکر تھا یہ ایک تاریخی نسخہ ہے قرابادینوں میں مذکور ہے میں نے تمام کا مطالعہ کر کے لکھ دیا ہے اور حکیم جلیل احمد انصاری بھی اس کے مداح ہیں۔

## (۷۹۷) لونگا چورن

یہ آیورویدک کا لاجواب چورن ہے۔ اکثر چورن گرم یا سرد ہوتے ہیں۔ لیکن یہ چورن معتدل ہے۔ اور خاص کر غلبہ صفرا سے اگر ہاضمہ خراب ہو تو اس کا استعمال لاجواب ہے۔

صرف ہاضمہ کے لیے نہیں اس سے بہت سے کام لیے جا سکتے ہیں۔

**ھوالشافی:** لونگ ۔کافور ۔الائچی خورد۔ دارچینی ۔ ناگ کیسر۔ جائفل ۔خس ۔ سنڈھ ۔ زیرہ سیاہ ۔اگر طباشیر ۔ بال چھڑ ۔گل نیلوفر۔ فلفل دراز ۔ صندل سفید ۔ تگر ۔ مشک بالا ۔ سردچینی ایک ایک تولہ مصری کل کے آدھا وزن خوراک ۳ سے ٦ ماشہ تک صبح و شام بدرقہ مناسبہ ہاضم کو عرق سونف یا آب نیم گرم باہ کے واسطے ہمراہ دودھ۔ کھانسی' نزلہ و زکام کے لیے لعاب بہی دانہ ۔عرق گاؤزبان یا شہد سے دیں۔ دق میں شہد ملا کر شیر لوزہ بکری سے دیں۔ وات پت ۔ کف تینوں خلطوں کے فساد کو مٹاتا ہے۔ طاقت دیتا ہے۔ امراض دل' امراض حلق' کھانسی' زکام ہچکی' دق' دمہ' اسہال وسل پر میونفرت طعام' باؤ گولہ' سنگرہنی کو دور کرتا ہے۔ حفظ ماتقدم کے طور پر جسمانی قویٰ کو مضبوط کرتا ہے اور بعد از بیماری اس کی کمزوری کو دور کرنے اور بھوک لگانے میں مفید ہے۔ یونانی کتب میں بھی اس کا ذکر ملتا ہے اور حکیم اجمل خان رحمۃ اللہ علیہ کا بھی معمول ثابت ہوتا ہے اور وید تلسی داس تو اس کے یہاں تک مداح ہیں کہ کئی صفحات اس کی مداح میں لکھ دیئے ہیں۔ اس کے علاوہ بچوں کے زمانہ دانتوں میں اس کا استعمال بدہضمی' قے' کھانسی اور دستوں کو بند کرتا ہے' دل و دماغ' جگر و معدہ' گردہ و مثانہ' اعضاء رئیسہ شریفہ کا مقوی ہے۔ مزمن بخار کو دور کرتا ہے' سنگرہنی کو مفید ہے' میں نے بھی اس کو کئی بار تیار کیا ہے ایک لاجواب خوش ذائقہ لاجواب چورن ہے۔ اگر سے مراد عود ہندی ہے اس کو تیار کرنا چاہیے۔

ناظرین میں نے آپ کے سامنے بڑے بڑے سفوف ہاضم لکھ دیے ہیں عرق ہاضم بھی لکھے ہیں اور نکات بھی لکھ دیئے ہیں۔ ان نسخہ جات کو سوچ سمجھ کر دینا طبیب کا فرض ہے۔ امراض درد معدہ ہوں۔ مثلاً درد معدہ۔ دردِفم معدہ۔ درد معدہ کا دورہ بار بار ہونا۔ کمی بھوک۔ نفخ ریح وقراقر پیٹ میں گڑگڑاہٹ ہونا۔ بھوک کم لگنا یا نہ لگنا تمام ہی دور ہوں گے۔ البتہ قبض کشائی کرنا تمام امراض معدہ میں ضروری ہے کہ قبض کسی حال میں نہ ہو اور اگر کوئی مریض اس حال میں آئے کہ ابھی غذا کھائی ہے اور درد معدہ شروع ہو گیا ہے تو فوراً قے کرا دیں۔ اس سے فاسد غذا قے کے ساتھ نکل جائے گی تو فوراً آرام آ جائے گا۔ سادہ طریقہ یہ ہے کہ گرم پانی ایک گلاس نمک ڈال کر پلائیں اور مرغی کا پر گلے میں پھیریں اس سے قے ہو جائے گی یا جوز لقی ۷ ماشہ نمک ۳ ماشہ پانی میں جوش دے کر پلائیں۔ یا تخم ترب یا تخم سویا ابال کر پلائیں یا

سکنجبین سادہ گرم پانی میں ملا کر پلائیں اس سے بھی قے آ کر معدہ صاف ہوگا چھ گھنٹہ فاقہ کرائیں تو آرام ہو جائے گا۔

**نکات:** امراض معدہ میں فاقہ کرانا بھی لاجواب ہے اس سے خود بخود معدہ ٹھیک ہو جائے گا اور اگر ہفتہ میں دو بار غذا نہ کھائیں اور موسمی پھلوں کا جوس نکال کر جس میں کیلا نہ ہو شام تک بھوکا رکھ کر پلائیں اور رات کو ہلکا پھلکا سبزی سے کھلائیں تو تمام مواد خراب معدہ سے ترشی، تیزابیت دور ہو گی۔ ہفتہ میں دو بار اس طرح کر لیں ہیں۔ لاجواب ترکیب ہے اور تجربہ شدہ ہے۔ مرزا غلام نبی جانباز جو کہ سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے ہم سفر تھے ان کو خرابی معدہ کی تکلیف ہو گئی وہ چلتے چلتے گر پڑتے تھے کسی حکیم صاحب نے ذیل کا نسخہ دیا۔

## (۷۹۸) برگ ریحان

**ھوالشافی:** برگ ریحان در سایہ خشک کردہ۔ سونف۔ نمک سیاہ۔ مرچ سیاہ۔ ایک ایک تولہ۔ نوشادر ۶ ماشہ باریک کر کے رکھیں۔

**خوراک:** ۲۔۲ رتی بعد از غذا کھائیں۔ اس سے ان کی جملہ تکالیف دور ہو گئیں۔ یہ بھی لاجواب نسخہ ہے خود انہوں نے بتایا تھا۔

## (۷۹۹) لاجواب مرکب برائے امراض معدہ

**ھوالشافی:** جوارش جالینوس ۲ ماشہ۔ جوارش مصطگی ۲ ماشہ۔ جوارش عود ۲ ماشہ۔ جوارش کمونی ۲ ماشہ۔ گلقند ۲ تولہ کا۔ ملا کر کھلانا یہ ایک خوراک ہے اوپر سے عرق سونف عرق پودینہ تیز ۷۔۷ تولہ ملا کر پلانا لاجواب مجرب ہے۔ لاہور کے ایک حکیم و ڈاکٹر کا لاجواب تجربہ ہے۔ از عوامی ڈاکٹر با معجون کچلہ کھلائیں کیونکہ کمی بھوک یا بھوک نہ لگنے میں معدہ کی حس باطل ہو جاتی ہے وہ اس سے تیز ہو جائے گی۔

## (۸۰۰)

میں نے اس باب قبض کا تذکرہ کئی بار کیا ہے اور سب سے پہلے دو نسخے قبض کے لاجواب لکھے ہیں ایک گولیاں اور دوسرا جوشا کر پلانا وہ دونوں لاجواب ہیں۔ آگے ذاتی مجرب گولیاں بیان کر رہا ہوں۔

**ھوالشافی:** حب تنکار۔ مصبر ۱۸ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱۲ تولہ۔ سہاگہ پھلہ ۲ تولہ۔ اجوائن

خراسانی ڈھائی تولہ۔ باریک کریں آب کنوار گندل سے گولیاں بنالیں اور بناتے وقت ہاتھوں کو کسٹرائیل لگا کر بنالیں۔ خوبصورت بن جائیں گی۔

**خوراک:** رات کو سوتے وقت ۲ سے ۳ گولی ہمراہ دودھ گرم۔

**فوائد:** قبض کشا' کاسر ریاح' امراض دماغ و آنکھ' امراض گردہ و امراض پیٹ' بندش حیض' خون کی خرابی' جھولہ' رینگن' موٹاپا ہوا کا گولہ' ورم طحال' ورم جگر' کھانسی' ملیریا میں قبض دور کرنے میں لاجواب ہیں۔ یہ گولیاں حکیم اجمل خان اور پرانے تمام اطبا قرابادین قادری' اکمل اعظم قرابادین مجددی کی مصدقہ اور مجربہ ہیں۔ میں نے بھی اس نسخہ کو تیار کر رکھا ہے۔ درد پیٹ والے کو بھی دے دیتے ہیں۔ کم خرچ بالانشین نسخہ ہے۔ درد شقیقہ عصابہ میں رات کو تین عدد کھلانا درد کو کم کر دیتا ہے۔ امراض آنکھ ککرے وغیرہ میں دینا ککروں کے زور کو توڑ دیتی ہے۔ قبض کشا ہیں۔

## (۸۰۱) حب مویز

طب جدید حکیم احمد دین موجد طب جدید شاہدروی نے تمام نسخہ جات سے چھانٹ کر ایک نسخہ لکھا جو کہ طبی اربعین میں ہے۔ آج سے سو سال پہلے سے یہ نسخہ مشہور چلا آ رہا ہے اور بذریعہ اشتہارات فروخت ہو رہا ہے۔ امراض دماغ ' امراض جگر و طحال' استسقاء' امراض مفاصل' جھولہ وغیرہ میں جب قبض کشائی کی ضرورت ہو تو اس کو استعمال کرتے ہیں۔ زمانہ حاضرہ کی تمام مجربات میں اس کا ذکر ملتا ہے۔ میں بھی پچاس سال سے استعمال کر رہا ہوں۔

**ھوالشافی:** مصبر صاف ایک تولہ۔ گوداتمہ ۶ ماشہ۔ غاریقون ۶ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۶ ماشہ۔ سقمونیہ ۶ ماشہ ملا کر پانی یا شہد سے گولیاں بنا دیں۔

**خوراک:** قبض والے کو ۲ سے ۳۔ مسہل کے لیے ۳ سے آٹھ تک رات کو دودھ سے دیں۔ اگر غاریقون نہ ملے تو نوشادر ملا کر بنالیں۔ میں تو سنا مکی ملا کر شہد سے بنا لیتا ہوں ایک صاحب نے کہا کہ میں اس طرح بناتا ہوں۔

**ھوالشافی:** مصبر ۴ تولہ۔ سقمونیہ ولایتی ۳ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۳ تولہ۔ گوداتمہ ۲ تولہ۔ غاریقون ۲ تولہ۔ ہمراہ شہد گولیاں بناتا ہوں تو زیادہ مفید ثابت ہوتی ہیں۔ غاریقون ویسے ہی کوٹ کر ملا لیتا ہوں۔ ساری عمر کا معمول ہے۔

## (۸۰۲) سفوف جلاب

**ھوالشافی :** جلاپہ گنڈھی ایک ماشہ۔ سقمونیہ ولایتی ایک ماشہ۔ تربد سفید ایک ماشہ باریک کرلیں (ایک خوراک ہے) قدرے بادام روغن یا گھی سے چرب کرکے دیں اس سے دس یا بارہ اسہال آجاتے ہیں۔ نہ مروڑ نہ قے' یہ بھی لاجواب مسہل ہے۔ ایک صاحب نے عطیہ کے طور ردیا ہے اس سے کرم بھی نکل جاتے ہیں۔ کئی بار تیار کرکیا شرط یہ ہے کہ جلاپا کرم خوردہ نہ ہو اور تربد مجوف ہو ورنہ سنا مکی ایک ماشہ ملا لیں۔

## (۸۰۳) اطریفل بختی شوع

جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے وہ دانہ جنگلی بیر کے برابر قبض کشا ہے اور سات ماشہ لاجواب ہے۔ جس کی نظیر نہیں ملتی۔ دافع قولنج ہے۔ پیٹ کو اس طرح صاف کردیتی ہے کہ جس طرح دھوبی کپڑے کو صاف کردیتا ہے اور مٹی اور کرم بھی نکال دیتی ہے۔ اس کی بقدر دانہ جنگلی بیر گولیاں بنا کر کھلانا ایک عدد قبض کشا ہے۔

## (۸۰۴) حب قبض کشا و دافع درد شکم

**ھوالشافی :** مصبر۔ ریوند عصارہ۔ نوشادر ایک ایک تولہ۔ مصطگی رومی ۶ ماشہ۔ باریک کر کے قطرہ بھر پانی ڈال کر گولیاں نخودی بنالیں۔

**خوراک :** ایک یا دو گولی رات کو کھلائیں اور اگر درد شکم ہو تو آب گرم کے ساتھ تین عدد کھلائیں یہ گولیاں لاجواب ہیں۔

**فوائد :** عارضی درد دائمی قبض کو دور کرتی ہیں۔ معدہ کو صاف کرتی ہیں۔ حضرت مفتی سلیم اللہ خان مرحوم لاہور کے معمولات میں ہے اور از حد مفید اور بے ضرر ہیں۔

## (۸۰۵) حب لقمانی

یہ ملین گولیاں دواخانہ لقمانی نظام آباد کا مشہور عام اور معمول مطب نسخہ ہے۔ قبض دائمی وعارضی کو لاجواب' بے ضرر نسخہ ہے۔ قبض اور اس کے عوارضات کا شافی علاج ہے۔

**ھوالشافی :** سقمونیہ ولایتی۔ مصبر صاف۔ ریوند چینی۔ عصارہ۔ حنظل۔ رب السوس برابر وزن لے کر ۲۔۲ رتی کی گولیاں بنائیں۔

**خوراک :** رات کو ایک سے ۲ عدد ہمراہ دودھ کھلائیں۔ صبح کو اجابت یا فراغت ہوگی۔

**طریقه عصارہ حنظل:** تمے لیکر اگر ۵ تولہ ہوں تو آٹھ گنا پانی میں کوٹ کر جوشا دیں۔ جب پانی چوتھائی رہ جائے تو پن کر نرم نرم آگ پر پکائیں۔ جب گاڑھا مثل شہد ہو جائے تو یہ عصارہ حنظل ہے۔ داخل ترکیب کرلیں یہ لاجواب گولیاں ہیں۔

## (۸۰۶) حب ملین

دانہ الائچی خورد۔ سنڈھ۔ مصطگی رومی ۳۔۳ ماشہ۔ گل بنفشہ اعلیٰ۔ رب السوس۔ نشاستہ گندم۔ گوند کیکر ۷۔۷ ماشہ۔ رب حنظل ۱۴ ماشہ۔ سقمونیہ ولایتی ۲ تولہ باریک کر کے ۲۔۲ رتی کی گولیاں بنالیں۔

**خوراک:** ایک یا ۲ عدد رات کو دودھ گرم چائے یا پانی سے دیں۔ بلا تکلیف صبح کو اجابت ہو جائے گی اگر دائمی قبض ہو تو ایک ماہ متواتر دیں پھر کبھی کبھی دیا کریں تو دائمی قبض بھی دور ہو گی کسی مرض میں قبض ہو تو اس کے دینے سے قبض کھل جاتی ہے۔ بے ضرر نسخہ ہے۔ رُب حنظل اوپر کے نسخے میں لکھا جا چکا ہے اس طرح تیار کر کے پلالیں۔ عصارہ حنظل رب حنظل ہی تو ہے۔

## (۸۰۷) قرص بنفشہ

**ھوالشافی:** بنفشہ آٹھ ماشہ۔ تربد صاف ۶ ماشہ۔ رب السوس ۴ ماشہ۔ سقمونیہ ولایتی ۲ ماشہ۔ لعاب اسپغول سے دس ٹکیاں بنالیں۔

**خوراک:** ۲ ٹکیاں رات کو ہمراہ دودھ دیں۔ لاجواب قبض کشا ہیں۔

**فوائد:** امراض پیٹ اور سینہ مثلاً نمونیہ، ضیق النفس میں سینہ سے غلیظ بلغم کو نکال دینے میں مجرب ہیں۔ ایک بوڑھے حکیم صاحب کا عطیہ ہے لاجواب بے ضرر قبض کشا ہے۔ اس کو معمول مطب بنانا چاہیے لاکھ روپے کا نسخہ ہے۔

## (۸۰۸) حب قبض کشا

**ھوالشافی:** مغز جمال گوٹہ مدبر ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد چالیس تولہ دونوں کو ہاون دستہ میں ڈال کر کوٹتے جائیں اور کسٹر آئیل کا قطرہ قطرہ ڈالتے جائیں حتیٰ کہ گولا موم جیسا ہو جائے تو چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

**خوراک:** رات کو ایک سے تین عدد تک ہمراہ دودھ دیں۔ عمدہ قبض کشا ہیں۔ ایک دید

صاحب کا اشتہاری نسخہ ہے کئی سال سے انہوں نے معمول مطب بنا رکھا ہے۔ آپ بھی تیار کر لیں کم خرچ ہے۔ دافع قولنج ہے۔

## (۸۰۹) معجون سنا مکی بے ضرر

**ھوالشافی:** سنا مکی لے کر ڈنڈی اور مٹی وغیرہ سے صاف کریں اور مٹی کے برتن میں بریاں کریں اور شہد دو چند ملا کر معجون بنالیں۔

**خوراک:** ایک تولہ ہمراہ دودھ یا گل سرخ۔ صاف پتی مساوی الوزن ملا کر دو چند شہد میں معجون بنالیں اس کا مزاج معتدل ہو جائے گا۔ خوراک ایک تولہ سے دو تولہ تک یا سنا مکی صاف۔ شکر سفید ۲ چند خوراک تین ماشہ سے ۷ ماشہ تک ہمراہ دودھ یا سنا مکی صاف ۵ تولہ۔ منقی بے دانہ ۱۵ تولہ۔ کوٹ کر معجون بنالیں۔ برائے قبض ۲ ماشہ سے ۶ ماشہ تک یا سنا مکی ایک پاؤ لے کر تین دن تک دو سیر پانی میں بھگوئیں تیسرے دن اُبال لیں۔ آدھ سیر رہ جائے تو آدھ سیر شکر سرخ یا سفید ملا کر قوام کریں۔ خوراک ایک تولہ سے ۲ تولہ تک دودھ میں ملا کر پلانا اعلیٰ درجہ کا قبض کشا ہے۔

**فوائد:** امراض مفاصل۔ امراض پیٹ یا جس کسی کو اسہال کی ضرورت ہو اس کا کھلانا بے ضرر طور پر قبض کشا ہے۔

## (۸۱۰) شاہی جلاب

**ھوالشافی:** جلاپا گنڈھی ۳ تولہ۔ سقمونیہ ولایتی ایک تولہ۔ کیلومل ۶ ماشہ باریک کر کے بادام روغن ۲ تولہ ملا لیں۔

**خوراک:** ۲ ماشہ سے ۴ ماشہ تک ہمراہ مناسب اشربہ کے اس سے کھانے نہ قے نہ متلی اور اسہال بھی کھل کر آ جاتے ہیں۔ گلقند میں رکھ کر کھلا دیں۔ نازک سے نازک مریض کو کھلا کر دیکھا ہے۔ تمام نے تعریف کی ہے۔ بلکہ مریض کو دودھ سے کھلا دیا اور کہا کہ یہ جلاب نہیں ہے۔ بلکہ کوئی اور دوا ہے۔ جب مریض نے کہا کہ رات والی دوا سے اسہال آ گئے ہیں تب مریض کو کہا یہ جلاب ہی تھا تو مریض حیران ہوا کہ جلاب اس طرح کے بھی ہوتے ہیں۔ لیکن آج کل کیلومل نہیں ملتا۔ شاید کبھی مل جائے یا کسی ملک میں کتاب پہنچے اور اس ملک میں ملتا ہو۔ نسخہ میں شک نہیں ہے۔ اس لیے اس کو شاہی جلاب لکھا ہے۔ اندرونی اورام کو بھی

مفید ہے۔

## (۸۱۱) اچھا بیدی رس

پرانے اور نئے حکما کے مجربات میں مسہل جمال گوٹہ کے ہزاروں نسخے ملتے ہیں اس میں ایسے بھی ہیں کہ جن کو اچھیا بیدی رس کہتے ہیں کہ جتنے پانی کے گھونٹ پیو گے اتنے ہی اسہال آئیں گے۔ اس کے بھی کئی نسخے ہیں اور مجربات سے ہیں۔ ان میں سے کئی میرے معمولات میں ہیں۔

**نسخہ اول :** پارہ گندھک آملہ سار۔ سہاگہ۔ سنڈھ۔ چترا۔ مغز جمال گوٹہ ایک ایک تولہ

**طریقہ تیاری:** پہلے گندھک و پارہ کی کجلی کریں اس کے بعد تمام ادویہ ترتیب وار ملا کر باریک کریں۔ پھر مغز جمال گوٹہ ایک ایک دانہ ملا کر کھرل کرتے جائیں۔ کھرل زیادہ کریں کہ کم کھرل کرنے سے متلی پیدا کرتا ہے قریباً بائیس گھنٹہ کھرل کریں۔ سخت سے سخت پیٹ والوں کو بھی اس سے اسہال آ جاتے ہیں اور تمام غلیظ اخلاط کو نکال دیتا ہے۔

**فوائد :** مادہ آتشک' پھوڑے' پھنسی والے مریضوں کو علاج سے پہلے اگر دیں تو اس کے بعد مصفی خون ادویہ دیں تو علاج میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔ آتشک کو بھی لاجواب ہے۔ صاحب نسخہ فرماتے ہیں کہ میں تو بلا مدبر جمال گوٹہ ڈالتا ہوں۔ لیکن میں مدبر کر لیتا ہوں۔

**خوراک :** ۴ رتی سے ایک ماشہ تک چینی کے درمیان رکھ کر کھلائیں اور سرد پانی سے دیں۔ جب تک جلاب جاری رکھنا مقصود ہو سرد پانی پلاتے رہیں اور جب بند کرنا ہوں تو نیم گرم پانی پلا دیں اور غذا میں دودھ چاول کھلائیں۔ دوسرے دن سونف ۲ تولہ۔ گلقند ۵ تولہ پانی آدھ سیر میں گھوٹ کر پلائیں۔ اس سے بقایا گرمی دور ہو گی۔ قبض نہ ہو گی طبیعت ہلکی پھلکی ہو جائے گی میں نے بھی تیار کر کے اسی طرح کا پایا ہے۔

## (۸۱۲) جلاب ۲

**ھوالشافی :** پارہ۔ گندھک آملہ سار۔ (دونوں صاف کردہ) سہاگہ پھلہ۔ سنڈھ ایک ایک تولہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ تخم جمال گوٹہ مدبر تین تولہ۔ تمام کو باریک کر کے ۲۔۲ رتی کی گولیاں بنا لیں۔ اگر پانی سے کھرل کریں تب بھی مفید ہیں۔ اگر آب لیموں سے کھرل کر کے بنائی جائیں تو بے ضرر اور زیادہ مفید ہوتی ہیں۔

**خوراک:** ایک گولی سے ۲ گولی تک ہے۔ لیکن سخت مزاج کو چار گولی تک دی جاسکتی ہے۔

**ہدایت:** جس مریض کو جلاب دینا مقصود ہو تو دو روز قبل گھی اور کھچڑی کھلائیں اور تیسرے دن جلاب دیں اور اگر سخت ضرورت محسوس ہو تو ویسے ہی آب سرد۔ سکنجبین کے شربت۔ شربت مصری یا عرق گلاب سے دیں اور تین چار گھنٹوں میں عام طور پر پانچ چھ اسہال آ کر پیٹ صاف ہو جاتا ہے۔ اگر پیاس لگے تو شربت سکنجبین۔ شربت مصری یا آب سرد پلائیں ویسے بھی اگر اسہال کے بعد سکنجبین کا شربت یا ٹھنڈے پانی کے دو چار گھونٹ پی لیے جائیں تو اسہال بخوبی ہوتے ہیں اور پیٹ میں کسی قسم کا مروڑ وغیرہ پیدا نہیں ہوتے۔ دیکھا گیا ہے کہ جب تک ٹھنڈا پانی وغیرہ پیتے رہیں اسہال جاری رہیں گے لہٰذا جب تک اسہال جاری رکھنے ہوں پانی ٹھنڈا پیتے رہیں۔ ٹھنڈے پانی سے مراد تازہ پانی ہے (برف والا پانی نہ لیں سمجھ لے اور جلاب بند کرنا ہو تو گرم پانی پلا دیں۔ گرم پانی سے استنجا کرا دیں تو اسہال بند ہو جائیں اور اگر گرمی اور جلن ہو تو دوسرے دن وہی مصری اور غذا میں وہی چاول کھلائیں جب دمہ آتشک، خرابی خون، جلودھر میں اسہال کی ضرورت ہو تو یہ جلاب دیں۔ اس سے قے بھی آ سکتی ہے اس لیے کمزور آدمی اور مستورات اور خاص کر حاملہ کو نہ دیں۔ تمام وید اس کو تیار کر کے رکھتے ہیں یہ لاجواب نسخہ ہے کئی دفعہ اس سے زیادہ جلاب بھی آ جاتے ہیں اور گھبراہٹ بھی ہوتی ہے۔ لہٰذا مریض کو اپنی نگرانی میں رکھیں اور تمام ہدایات پہلے ہی سمجھا دیں۔

## (۸۱۴) مسہل جمال گوٹہ ۳

**ھوالشافی:** مغز جمال گوٹہ مدبر۔ نوشادر۔ قلمی شورہ ۵۔۵ تولہ۔ گیری ایک تولہ۔ پہلے جمال گوٹہ کو کھرل میں ڈال کر موم جیسا کریں۔ پھر نوشادر اور شورہ ملا کر کھرل کریں کہ تیل برآمد ہو پھر گیری ملا کر کھرل کریں کہ گیری بھی جمال گوٹہ کے تیل سے تر ہو جائے اور اس کا ایک پیڑا بنا کر کسی ڈبی میں بند کر لیں۔ تیار ہے۔ کسی مریض کو اگر جلاب دینا منظور ہو تو پہلے تین وقت یعنی ڈیڑھ دن غذا مرغن کھچڑی یا گھی کی غذا کھلائیں کہ معدہ نرم ہو جائے تو صبح کو ایک رتی سے ۲ رتی تک آب گرم یا گرم دودھ سے دیں اور جب تک جلاب چلانا مقصود ہوں تو آب گرم یا عرق سونف پلاتے رہیں اور جب بند کرنا مقصود ہو سرد پانی پلا دیں۔

**فوائد:** مرگی جلودھر۔ بواسیر۔ خونی بادی ہر قسم کے کیڑے خرابی خون ہر قسم داد، چنبل، خارش،

ناسور، بھگندر، آتشک کو مفید ہے۔ میں نے بھی اس کو تیار کیا تھا اس طرح ہی مفید پایا چونکہ مجھ کو نئے نئے تجربات کا شوق تھا اور مدت سے کتاب لکھنے کا ارادہ تھا اس لیے نسخے حاصل کرکے تجربے کرتا رہا تاکہ بغیر تجربہ کے کچھ نہ لکھوں۔

## (۸۱۴) مسہل جمال گوٹہ ۴

پارہ صاف ایک تولہ۔ گندھک صاف ۳ تولہ۔ ۵ گھنٹہ تک کھرل کریں۔ بعد رائی تین تولہ ملا کر ایک گھنٹہ کھرل کریں بعد جمال گوٹہ مدبر ایک تولہ ملا کر تین گھنٹہ زور دار ہاتھوں سے پیس کر محفوظ کرلیں۔ صاحب نسخہ نے اس کے تین چار فوائد لکھے ہیں کہ چاول بھر یا دو چاول مقوی معدہ ہاضم طعام ہیاور مقوی باہ ہے اور چار چاول سے چھ چاول تک گرم پانی یا گرم دودھ سے دیں اور رات کو دیں۔ قبض کشا ہے اور اسے تین رتی تک گرم دودھ سے دینا لاجواب جلاب ہے میں نے اس کو تیار کر رکھا ہے اور ضرورت کے مطابق اس سے فوائد حاصل کر لیتا ہوں یہ بھی اچھا نسخہ ہے۔

## (۸۱۵) مسہل جمال گوٹہ ۵ (حکیم نابینا صاحب)

**ھوالشافی:** شنگرف رومی ایک تولہ۔ تنکار خام ۲ تولہ۔ جمال گوٹہ مدبر ۴ تولہ۔ آب لیموں کاغذی ۲۰ عدد سے کھرل کرکے حب بقدر فلفل سیاہ بنا دیں۔

**خوراک:** ایک گولی سے دو اسہال اور دو سے چار اسہال آجاتے ہیں پاؤ بھر گرم دودھ سے کھلائیں اور تین گھنٹہ بعد دودھ یا چائے پئیں۔

**فوائد:** آتشک کے لیے مفید ہے۔ اس سے مادہ آتشک نکل جاتا ہے۔ صد مجربات انصاریہ میں یہ گولیاں بھی ہیں۔ تیار کی تھیں آتشک کے علاوہ اور مریض کو دیا اسہال آجاتے ہیں۔

## (۸۱۶) حب جلاب

مغز تخم کرنجواہ۔ دارچینی۔ کباب چینی۔ مرچ کالی۔ مغز جمال گوٹہ مدبر۔ گیری ایک ایک تولہ۔ حب نخودی بنالیں۔

**خوراک:** دو گولی سے تین گولی تک آب سرد سے دیں اور اسہال کم آئیں تو آب سرد ہی پلاتے رہیں اگر بند کرنے ہوں تو شربت قند سیاہ پلائیں۔ اس نسخہ سے عضو خارش، کلف

آتشک، جذام، وجع المفاصل کا مادہ دور ہوگا یہ ان امراض کا مادہ خارج کردے گا اگر کوئی عضو رک گیا ہو تو یہ جلاب دینے سے چل پڑے گا۔ عطیہ مولوی صاحب تھانہ واہنڈو اوراز "الحکیم" اکتوبر ۱۹۵۸۔ ایک روز کا وقفہ دے کر دینا بھی مجرب ہے ان گولیاں کو بھی میں نے تیار کیا تھا نہایت خوبصورت سرخ رنگ کی تیار ہوئیں۔

## (۸۱۷) سفوف جلاب

اوپر کے تمام نسخوں میں جمال گوٹہ مدبر تھا اب بغیر مدبر کے تیار کرلیں۔

**ھوالشافی :** مغز جمال گوٹہ کا پتہ نکال کر ۳ ماشہ اور دانہ الائچی خورد ایک تولہ اور چینی ایک تولہ۔ چھ گھنٹہ تک کھرل کریں۔

**خوراک :** ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک آب نیم گرم سے دیں۔ اس سے اسہال آجاتے ہیں۔ میں نے اس طرح تیار کر کے بھی مفید پایا ہے۔ واقعی اس سے بغیر تکلیف کے اسہال آجاتے ہیں۔

## (۸۱۸) سفوف مفرح

اگر جمال گوٹہ کے جلاب سے اسہال زیادہ آئیں اور بند نہ ہوں یا غلطی سے اس کا دانہ کھایا جائے تو مریض کو پچکاری کی طرح اسہال آتے ہیں۔ ایسا واقعہ اگر آجائے تو سفوف مفرح جس کا ذکر امراض دل میں آیا ہے ایک ماشہ کھلا دیں اسی وقت دست بند ہو جائیں گے۔

## (۸۱۹) دہی دھنیا

اور اگر یہ پاس نہ ہو تو دھنیا خشک سفوف کر کے دہی میں میٹھا ڈال کر اس میں دھنیا ملا کر کھلاتے جائیں اس سے جمال گوٹہ کے اسہال بند ہو جائیں گے یا گوند کتیرا ۳ ماشہ باریک کر کے لعاب بہی دانہ یا کھٹی لسی سے دیں یا دودھ گھی ملا کر پلائیں اس سے بھی جمال گوٹہ کے اسہال بند ہو جائیں گے۔ انشاء اللہ اگر گرمی معلوم ہو تو املی کا نقوع پلایا کریں اس سے جلن دور ہوگی۔ اگر جمال گوٹہ کے اسہال سے متلی گھبراہٹ بے قراری ہو تو انار دانہ ترش ایک تولہ پانی پاؤ بھر میں بھگو کر اس کا زلال مصری ملا کر پلائیں۔ انشاء اللہ متلی قے گھبراہٹ دور ہو گی اسی طرح املی کا پانی پلانا بھی گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔

## جمال گوٹہ کو مدبر کرنا

حسب ضرورت جمال گوٹہ لے کر کسی ململ کے کپڑے میں پوٹلی باندھ کر بھینس کے گوبر میں قدرے پانی ڈال کر چار گھنٹہ تک پکائیں پھر نکال کر اوپر کا چھلکا اور اندر کا پتہ دور کرنے کے بعد ان مغزوں کو پوٹلی باندھ کر تین گھنٹہ تک دودھ میں پکائیں اور گرم پانی سے دھو کر داخل ترکیب کرلیں ایک آسان ترکیب یہ بھی ہے کہ جمال گوٹہ کا پتہ اور چھلکا دور کر کے بادام روغن میں ڈال کر نرم نرم آگ پر بریاں کرلیں جب سرخی مائل بریاں ہو جائیں۔ تو پن کر کام میں لائیں۔

## (۸۲۰) ایک امیرانہ جلاب

جمال گوٹہ کے تمام مسہل گرمی ضرور بالضرور کرتے ہیں۔ لیکن یہ جلاب امیرانہ ہے اس کے استعمال سے کسی قسم کی گھبراہٹ متلی نہیں ہوتی۔

**ھوالشافی :** گل بنفشہ ۲ تولہ۔ سنا مکی صاف ۲ تولہ۔ الائچی سفید ۶۰ ماشہ۔ مغز بادام مقشر ایک تولہ۔ منقی بے دانہ ۳ تولہ۔ گل قندے تولہ۔ سب چیزیں باریک کر کے ملا کر دوا کا غلولہ بن کر اس کو دودھ بکری آدھ سیر میں ملا کر نرم نرم آگ پر پکائیں۔ آدھا رہ جائے تو چھان کر نیم گرم پلائیں مریض کو ہدایت کریں کہ بائیں کروٹ نہ لیٹے ورنہ ہضم ہو جائے گا اور جتنے دست لانا منظور ہوں اتنے تولے گلقند ملا دیں۔ مثلاً سات دست منظور ہوں تو گلقند سات تولہ لکھی ہے۔ گر دس اسہال لانے ہوں تو گلقند ۱۰ تولہ شامل کریں۔ رات کو پی کر سو رہیں صبح کو پانچ سے سات تک اسہال آجائیں گے نہ گھبراہٹ، نہ متلی، گویا کہ یہ امیرانہ جلاب ہے اس کو یاد رکھیں اگر امیر لوگ ہوں تو اس طرح کر لیں۔

## (۸۲۱) لاجواب نکتہ

کئی آدمی ایسے ہوتے ہیں ان کا اندر سخت ہوتا ہے ان کو جلاب ہضم ہو جاتا ہے۔ اس کے لیے ایک حکیم صاحب نے بتلایا کہ شہد خالص ایک پاؤ لے کر ان کو پانی تین پاؤ میں ملا کر جوش دیں اور پن کر رکھ لیں۔ ایک دن یا دو دن میں سارا پلا دیں اس سے اندر کے سدے ٹوٹ جائیں گے پھر مسہل دے دیں۔ انشاء اللہ جلاب لگ جائے گا ان صاحب کا تجربہ شدہ ہے۔

## (۸۲۲)ایک لاجواب حکایت

حضرت حافظ جلیل احمد صاحب انصاری فرماتے ہیں کہ میں ۱۹۳۸ء اپنے استاد محترم حاجی محمد عبدالحمید کے ہاں لکھنؤ میں گیا ہوا تھا کہ ایک مریضہ لائی گئی جس کو چھ ماہ سے پاخانہ نہیں آیا تھا۔ جبکہ کھاتی پیتی سب کچھ تھی۔ ڈاکٹروں کا خیال تھا کہ لڑکی کسی جگہ چھپ کر پاخانہ کرآتی ہے لہٰذا انہوں نے امتحان کے طور پر لڑکی کو مسلسل کئی وارڈوں میں رکھا اور دو دو نرسوں کی ڈیوٹی لگائی گئی تو ان نرسوں نے کہا کہ ہم نے نگرانی رکھی ہے۔ لیکن یہ لڑکی پاخانہ نہیں کرتی۔ لہٰذا ڈاکٹروں نے اس کے علاج سے معذرت کر لی تو حکیم صاحب کے مطب میں لائی گئی۔ تو حکیم صاحب نے یہ نسخہ تجویز کیا۔

**ھوالشافی :** گل بنفشہ۔ گل سرخ۔ سنا مکی۔ گل نیلوفر۔ ۶۔ ۶ ماشہ۔ دودھ میں اُبال کر بغیر میٹھا ملائے صبح و شام پلایا جائے لہٰذا ایسا ہی کیا گیا۔ پانچویں دن مریضہ کو پاخانہ آ گیا اور پھر روزانہ اجابت ہونا شروع ہو گئی۔ یہ حکایت اس لیے لکھ دی ہے کہ اگر ایسا کوئی مریض آ جائے تو اس کو مسہل نہ دیں بلکہ یہ جوشاندہ پلانا شروع کر دیں اس سے جگر معدہ و امعا کا فعل ٹھیک ہو جائے گا اور اسہال آنا شروع ہو جائیں گے۔ حسب عمر ادویہ کا وزن مقرر کر لیں۔ سبب اس کا بقول شیخ یہ ہوتا ہے کہ قوت ہاضمہ اور جاذبہ شہوانیہ کے قوی اور صحیح ہونے کے ساتھ حرارت کی زیادتی کے باعث تحلیل کی زیادتی اور اس کا جلد وقوع پذیر ہونا ہے۔ (نقل از تذکرہ جلیل مؤلفہ حکیم حافظ جلیل احمد صاحب انصاری پرنسپل طبیہ کالج لاہور ص ۷۳)۔

## ہدایات برائے جلاب

(۱) یونہی بلا وجہ جلاب نہ لیں نہ دیں۔ (۲) جلاب لینے سے تین روز قبل اور سات روز بعد تک غذا نرم کھائیں۔ (۳) جلاب کے بعد گھوڑے اونٹ ویگن اور بس رکشا کی سواری ۱۵ روز تک نہ کریں۔ (۴) اگر جلاب میں سنا مکی پڑتی ہو تو اس کے تنکے نکال دیں اور گل سرخ ساتھ ضرور شامل کریں۔ (۵) اگر جلاب سے جی نالش کرے تو الائچی خورد اور پودینہ کے پتے چبائیں تو بند ہو جائے گی اور دونوں بازو کس کر باندھ دیں۔ (۶) گل سرخ ۳ ماشہ۔ صندل سفید ایک ماشہ۔ طباشیر ایک ماشہ۔ سرکہ ۳ ماشہ۔ عرق گلاب ۲ تولہ۔ کو رگڑ کر معدہ کے منہ پر ضماد کریں تو انشاء اللہ قے نہ ہو گی۔ (۷) جلاب لے کر سوئیں نہیں۔ ورنہ جلاب ہضم ہو جائے

گا اور حقہ نوش والے حقہ نہ پئیں ورنہ جلاب ہضم ہو جائے گا۔

## (۸۲۳) سفوف مسہل

یہ قدیم اطبا کی ایجاد ہے میں نے بھی تیار کر کے مفید پایا ہے۔

**ھوالشافی :** سنا مکی ایک تولہ۔ تربد صاف ایک تولہ۔ حب النیل ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۶ ماشہ۔ نمک ہندی۔ سنڈھ۔ گوند کتیرا ہر ایک ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ باریک کریں اور روغن گائے یا روغن بادام یا روغن گل سے چرب کر کے رکھیں۔

**خوراک :** ایک تولہ۔ شربت مصری نیم گرم یا شیرہ بادام سے دیں۔ بلا اذیت اسہال آ جائیں گے اور قرابادین اکمل اعظم مجددی اور انصاری صاحب کا مجرب ہے۔ مخرج اخلاط ردی ہے۔

## (۸۲۴) سفوف ملین

**ھوالشافی :** گل بنفشہ۔ گل سرخ۔ پتی سنا مکی صاف ایک ایک تولہ۔ مغز بادام شیریں۔ پوست ہلیلہ کابلی ۲۔۲ تولہ۔ قند سفید مساوی الوزن۔

**خوراک :** ۶ ماشہ۔ ہر روز دودھ سے کھلائیں۔ انشاء اللہ اس کے مسلسل استعمال سے قبض دائمی دور ہوگی۔

## (۸۲۵) لاجواب جوشاندہ

سنا مکی ۶ ماشہ۔ مغز املتاس ۱۲ ماشہ۔ ریشہ خطمی ۳ ماشہ۔ ملٹھی مقشر ۵ ماشہ۔ سونف ۵ ماشہ ہر روز چھ چھٹانک پانی میں ابال کر میٹھا ملا کر رات کو پلانا مفید ہے۔ اس کے پلانے سے لا علاج قبض کے مریض بھی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ متواتر بیس روز پلا دیں اس کے بعد دو دو دن کا وقفہ دے کر پلائیں۔ دائمی قبض دور ہوگی۔ پرانے اطبا املتاس کے جلاب کو ملین مبارک کہتے تھے۔ بچوں کو مغز املتاس ۳ ماشہ پانی میں ابال کر دیں اور بڑوں کو ۲ سے ۳ تولہ مغز املتاس پلایا جا سکتا ہے۔ رنگ تو اس کا سیاہ ہوتا ہے۔ لیکن امعاء کو کوئی نقصان نہیں دیتا۔ اگر پیچش کے مریض کو سدہ ہو تو ریشہ خطمی ایک تولہ کو رات بھر ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگوئیں صبح کو مل چھان کر اس پانی میں خمیرہ بنفشہ چار تولہ۔ مغز املتاس ۵ تولہ مل کر چھان لیں اور مغز بادام ۵ عدد گھوٹ کر اس میں ملا کر پلائیں اس سے آنتیں صاف ہو جائیں گی۔ سدہ نکل جائے گا اور مروڑ کو آرام آ

جائے گا یہ ایک ایسا مسہل ہے کہ جس سے آنتوں سے چپکا ہوا سدہ نکل جاتا ہے۔ اور لا علاج مریضہ کو آرام آجاتا ہے اور اس قدر بے ضرر ہے کہ آنتوں کو خراش تک نہیں لگنے دیتا۔ بلکہ سکون دیتا ہے۔

میں نے اس باب میں قبض کے لیے لاجواب نسخے عرض کردیے ہیں اس میں جمال گوٹہ کے علاوہ کئی لاجواب مسہل گولیاں بھی دی ہیں جو کہ میں نے خود تیار کی ہیں یا بڑے بڑے حکما کے پوشیدہ راز اور معمول مطب ہیں۔ ان کو تیار کرکے فائدہ اٹھائیں۔ اب معدہ کے امراض مثلاً قے ہچکی ورم معدہ کا ذکر کروں گا اور اس میں بڑے تجربات کو انشاء اللہ لکھوں گا تاکہ کتاب ہر طرح کامیاب ہو جائے اور لوگوں کے لیے فائدہ ہو اور حکما صاحبان کے ہاتھ علاج کرنے کا بہترین مواد موجود ہو یہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے سب کچھ ہوگا۔

## ہچکی

ہچکی بھی معدہ کا ایک مرض ہے۔ جب معدہ پر صفرا یا بلغم گرتی ہے اور معدہ اس کو دفع کرنے کی کوشش کرتا ہے ایسے میں پیدا ہونے والی آواز کا نام ہچکی ہے۔ اگر قے کی طرف جسم راغب ہو تو قے کرائیں اس سے معدہ صاف ہوگا اور ہچکی کو آرام آجائے گا۔ نیز نسوار دینے سے بھی ہچکی کو آرام آجاتا ہے اسی طرح گردن پر ایسا ضماد لگادیں جس سے قدرے چبھن پیدا ہو جائے تو اس سے بھی ہچکی کو آرام آجاتا ہے۔ قے کے لیے گرم پانی میں نمک گھول کر لائیں اور مرغی یا کبوتر کا پر حلق میں پھیر دیں اس سے قے آجائے گی یا گرم پانی سے کلی کرائیں۔

### (۸۲۶) معجون لاجواب

**ہوالشافی:** الائچی دانہ۔ مصطگی رومی۔ لونگ۔ جائفل۔ پودینہ ۶۔۶ ماشہ۔ گلقند ڈھائی تولہ۔ باریک کرکے ملالیں۔ لاجواب معجون بن جائے گی۔

**خوراک:** ۶۔۶ ماشہ دن میں حسب ضرورت چار بار کھلائیں اس سے ہچکی بند ہو جائے گی لاجواب معجون ہے۔

### (۸۲۷) ملٹھی

میرے پڑوس میں ایک صاحب کو ہچکی لگی مجھ کو بلایا گیا سفوف ملٹھی ۳ ماشہ۔ چینی سفید

۳ ماشہ ملا کر ایسی پڑیا کھلائی اس سے افاقہ ہو گیا اور دوسری خوراک سے ہچکی بند ہو گئی۔

## (۸۲۸) حقہ

ایک مریضہ کو ہچکی نے کئی دن سے تنگ کر رکھا تھا۔ آخر ایک حکیم نے ہلدی کی گرہ حقہ میں رکھ کر پلائی اس سے ہچکی بند ہو گئی۔ اگر خشکی سے ہو تو مغز بادام شیریں ۱۰ دانے۔ فلفل سیاہ ۵ دانے۔ مصری ایک تولہ۔ چینی بنا کر کھلائیں۔ اس سے بھی ہچکی بند ہو جاتی ہے۔ نیز بالائی میں کھانڈ ملا کر کھلانے سے ہچکی بند ہو جاتی ہے۔ میرا ذاتی تجربہ ہے۔

## (۸۲۹) لاجواب دوائی

شہد ۵ تولہ۔ نمک سیاہ ۵ تولہ۔ آب لیموں ۵ تولہ۔ تینوں کو ملا لیں اور ایک ایک چمچی چٹائیں۔ ایک حکیم صاحب کا فرمان ہے کہ اس سے ہچکی فوراً بند ہو جاتی ہے۔ کئی بار کا مجرب ہے۔

## (۸۳۰) امرت دھارا

امرت دھارا دو بوند بتاشہ میں رکھ کر کھلانا اور ست پودینہ ۲ چاول۔ گلقند میں رکھ کر کھلانا بھی مجرب ہے۔ سنڈھ ۵ ماشہ۔ مرچ کالی ۵ دانہ۔ جوشا کر پلائیں دن میں دو بار اس سے ہاضمہ ٹھیک ہو کر ہچکی بند ہو جاتی ہے یا مگھاں ایک ماشہ شہد ۶ ماشہ میں ملا کر چٹانا ہچکی کو مفید ہے۔ کلونجی کو باریک کر کے مکھن میں ملا کر کھلانا مجرب ہے۔

## (۸۳۱) مکھن

امام سویدی فرماتے ہیں کہ اگر خشکی ہو۔ مکھن مصری ملا کر کھلانا مجرب ہے۔

## (۸۳۲) لونگ

علامہ انطاکی کا فرمان ہے کہ لونگ ایسی دوا ہے جو کہ قے اور متلی اور ہچکی کو روک دیتے اور تمام اعضاء رئیسہ کو طاقت دیتے ہیں۔ مجربات سے ہے۔

## (۸۳۳) جڑ پان

جڑ پان کو باریک کر کے شہد میں ملا کر کھلانا ہچکی ریاحی کو مجرب ہے الائچی خورد ۱۵ دانہ

بمعہ پوست کے کچل کر جوشا کر پلانا لا علاج ہچکی کا علاج ہے۔

## (۸۳۴) سہاگہ

سہاگہ سفید بریاں ۴ رتی قند سیاہ میں لپیٹ کر کھلانا دافع ہچکی ہے۔

## نکات مطب

ہچکی اگر صفرا کی وجہ سے ہو گی تو فم معدہ پر سوزش ہو گی۔ پیاس کی شدت ہو گی تو زبان خشک ہو گی اور دیگر علامات صفرا کی ہوں گی۔ بلغمی رطوبت اور ریاح غلیظ سے ہو گی تو فم معدہ پر بوجھ معلوم ہو گا۔ ہاضمہ میں فتور ہو گا۔ پیٹ میں درد معلوم ہو گا۔ اور نفخ اور قرار کی شکایت ہو گی۔

**حکایت:** ایک دفعہ راقم الحروف کو سخت ہچکی لگ گئی میں نے گرم پانی تھرماس میں ڈال کر اپنے پاس رکھ لیا اور دوائیں کھاتا رہا آخر آدھی رات کے قریب مایوسی ہو گئی۔ اور میں قلم اور کاغذ پاس رکھ کر وصیت لکھنے والا تھا کیونکہ سمجھا میں صبح تک شاید زندہ نہ رہوں کہ اچانک شہد پر نظر پڑی شہد لے کر اسی گرم پانی میں حل کر کے پی لیا اور لیٹ گیا فوراً نیند آ گئی ہچکی بند ہو گئی یہ بات بھی قابل ذکر تھی لکھ دی ہے اور نظریہ مفرد اعضا والوں نے بھی ہچکی کی دو اقسام تیزابیت اور سردی خشکی لکھی ہیں۔

## (۸۳۵) دیسی گھی

اس کے لیے مرچ سیاہ ایک تولہ باریک کر کے گھی دیسی ۵ تولہ میں ملا کر پلائیں۔ ایسی دو خوراک کھلانے سے ہچکی رک جائے گی یا مغز بادام چھلکا دور کردہ ۱۰ تولہ لے کر باریک کر کے ایک پاؤ روغن گائے میں بریاں کریں تو شہد ایک پاؤ ڈال دیں۔ اگر شہد نہ ملے تو کھانڈ ایک پاؤ میں حل کر دیں اور حسب خواہش اس سے کھلائیں۔ انشاء اللہ ہچکی رک جائے گی۔

## (۸۳۶)

اور اگر خرابی جگر بھی ساتھ ہو ہچکی ہو۔

**ھوالشافی:** سنڈھ ایک تولہ۔ مرچ کالی۔ پودینہ باغی۔ الائچی خورد ۳۔۳ ماشہ۔ منقی ۶ دانے دار چینی ایک ماشہ کوفتہ کر کے آدھ سیر پانی میں جوشا کر حسب ضرورت شہد یا چینی ملا کر

پلائیں یہ جوشاندہ ورم معدہ، ورم جگر میں اور ہچکی کی شدید صورت میں بھی مفید ہے اور دوسری تحریک سردی خشکی کی وجہ سے بلغم منجمد ہونے پر درپردہ جوکہ پیٹ کے اندر معدہ وجگر وقلب اور پھیپھڑوں کے درمیان ایک پردہ تنا ہوا ہوتا ہے جب اس میں تشنج پیدا ہو جاتا ہے تو ہچکی پیدا ہو جاتی ہے۔

**علاج :** دار چینی۔ مصطگی۔ الائچی کلاں۔ الائچی خورد ایک ایک تولہ۔ گلقند ۱۰ تولہ ملا کر ۶۔۶ ماشہ دن میں چار بار ہمراہ عرق گلاب۔ عرق پودینہ وعرق سونف تینوں ملا کر پلانا ہچکی کا لاجواب علاج ہے۔ یہ نظریہ مفرد اعصا والوں کا مجرب ہے۔ نقل از بیاض عزیز خانیوال مرتبہ حکیم عبدالعزیز عامل نظریہ مفرد اعضا۔

## (۸۳۷) لاعلاج ہچکی کا علاج از آیورویدک

**ھوالشافی :** منسل مصفیٰ۔ پارہ مصفیٰ۔ گندھک مصفیٰ ایک ایک تولہ۔ بیش مدبر ایک تولہ۔ مرچ کالی ۲ تولہ۔ تمام کو ایک دن کھرل کر کے رس تیار کر لیں۔

**خوراک :** ارتی سے ۳ رتی تک چینی میں رکھ کر کھلائیں اس سے ہچکی ضرور بالضرور رک جائے گی۔ لاجواب رس ہے یونانی حکما کی جوارش کمونی، جوارش جالینوس، جوارش مصطگی، جوارش بسباسہ، شربت دینار حسب علامات مفید ہیں نک چھکنی سے چھینک لانا بھی مجرب ہے دونوں شانوں کے درمیان خالی سینگی لگوانا گردن پر چھلکا ریٹھہ کا ضماد کرنا بھی ہچکی کا لاجواب علاج ہے معدہ کی اصلاح کرنا آخری نکتہ ہے ہر طرح کی ہچکی دور ہو گی۔ انشاء اللہ۔

# قے، متلی، ابکائی

قے وہ مرض ہے کہ جس میں کھایا پیا منہ کے راستہ واپس آ جاتا ہے۔ معدہ قوی ہوگا تو موادخراب کو باہر نکال دے گا اسی کا نام قے ہے۔ اگر معدہ کی حرکت کے ساتھ کچھ خارج نہ ہو تو اس کو ابکائی کہتے ہیں اور اس کے علاوہ ایک اور حالت بھی ہے جس میں صرف دل متلا کر رہ جاتا ہے اس کو متلی کہتے ہیں۔ اس کے تین سبب ہیں۔ صفرا کی زیادتی جس میں منہ کا ذائقہ کڑوا۔ زبان خشک اور پیاس کی زیادتی۔ زبان پر کانٹے پڑ جائیں گے۔ اور قے کا رنگ زرد اور کئی بار دیگر رنگوں کی بھی ہوتی ہے۔ بلغم کی زیادتی ہو تو منہ کا مزہ نمکین یا ترش ہوگا۔ قے میں سفید رنگ جھاگ یا بلغم نکلے گی۔ پیاس کم ہو گی۔ پیشاب میں غلظت اور سفیدی ہو گی۔

پیشاب کثرت سے ہوگا۔ ہضم کی خرابی سے ہو تو معدہ میں نفخ و ریاح کی کثرت ہوگی۔ میٹھا میٹھا درد ہوگا۔ کبھی کبھی ڈکاریں آئیں گی۔ قے میں غذا کا کچھ حصہ خارج ہوگا۔ بخار کی وجہ سے ہوں تو بخار موجود ہوگا اور کسی دیگر مرض سے ہو تو اس کی علامات موجود ہوں گی۔

## (۸۳۸) علاج:

قے صفرا کی وجہ سے ہو تو شربت سکنجبین میں گرم پانی ملا کر قے کرائیں تاکہ معدہ صاف ہو جائے پھر زرشک ۳ ماشہ۔ آلو بخارا ۵ دانہ۔ عرق گاؤزبان۔ عرق پودینہ ۶۔۶ تولہ میں شیرہ نکال کر شربت غورہ یا سکنجبین لیمونی ملا کر پلائیں یا لیموں چیر کر اس پر نمک اور کالی مرچ باریک کر کے چھڑک کر چوسا دیں۔

## (۸۳۹) تمر ہندی

**ھوالشافی :** زلال تمر ہندی ۳ تولہ۔ زلال آلو بخارا ۵ دانہ۔ شیرہ تخم خرفہ ۳ ماشہ۔ شیرہ الائچی خورد ۵ عدد پیس کر شربت انار ملا کر پلائیں۔ گل سرخ ۳ ماشہ۔ صندل سفید ۳ ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ سرکہ ۳ ماشہ۔ عرق گلاب دو تولہ رگڑ کر فم معدہ پر ضماد کریں اس سے بھی قے دور ہوگی۔ اگر زیادتی بلغم معلوم ہو تو تخم مولی۔ نمک طعام۔ آب گرم میں جوش دے کر شہد ملا کر قے کرائیں تاکہ معدہ صاف ہو جائے مصطگی ۳ ماشہ۔ گلقند میں رکھکر کھلائیں۔ سنبل الطیب۔ عودغرقی۔ پوست ترنج ۳۔۳ ماشہ سرکہ اور گلاب قدرے ملا کر ضماد کریں اور پودینہ۔ مصطگی۔ پوست ترنج۔ عودغرقی۔ پوست بیری۔ پستہ مساوی پیس کر جوارش مصطگی ۷ ماشہ میں بقدر ۵ ماشہ رکھ کر کھلائیں۔ اس سے انشاء اللہ آرام ہوگا یا ذیل کی معجون تیار کر کے دیں۔

## (۸۴۰) معجون قے

زرشک شیریں۔ زرشک ترش۔ طباشیر۔ الائچی خورد کلاں۔ کشنیز مقشر ۳۔۳ ماشہ۔ دارچینی۔ لونگ۔ عود ہندی۔ صندل سفید۔ بادرنجبویہ ۲۔۲ تولہ۔ شہد سہ چند ملا کر عرق کیوڑہ و بید مشک ایک ایک تولہ میں حل کر کے دن میں ۵ بار دیں۔ قے۔ متلی ابکائی کو لاجواب ہے۔ حکیم سوہدروی کا مجرب ہے۔

## (۸۴۱) حب مجرب

کافور۔ برگ بھنگ یا تخم بھنگ۔ مساوی الوزن ملا کر گولیاں بقدر دانہ لونگ بنا کر

رکھیں۔ قے ہر قسم خواہ بخار سے ہو یا کسی اور وجہ سے ہو بند کرنے میں اکسیر ہیں میں نے کئی بار اس کو تیار کر کے دیا۔ بخار ملیریا' سوزش بول' بخار قے' ابکائی اور جلن دار پیاس میں اکسیر ثابت ہوئیں۔ جائفل' لونگ' دانہ الائچی کلاں ایک ایک تولہ۔ شہد سہ چند میں ملا کر کھلانا بھی بلغمی اور سوداوی قے کو مجرب ہے۔

## (۸۴۲) حکایت

ایک مریض کو کئی دن قے آتی رہی کسی دوا سے آرام نہ ہوا ایک بوڑھے حکیم کو پوچھا گیا اس نے کہا کہ گیری کو آگ میں تپا کر عرق گلاب میں بجھاؤ دیں یہ عرق گھونٹ گھونٹ پلا دیں۔ اس سے فوراً قے رک گئی۔ ایک ہندو حکیم نے ایک مریض کو لوہا گرم کر کے پانی میں بجھاؤ دے کر پلانے کو کہا اس سے بھی قے رک گئی۔ کئی بار میں نے بھی اس کا تجربہ کیا ہے بخار میں یا ویسے پلانا بھی اکسیر ہے۔

## (۸۴۳)

ایک خاتون کو قے۔ قبض۔ ابکائی کی سخت تکلیف ہوگئی۔ ڈاکٹر صاحبان سے گلوکوز کی بوتلیں لگوائیں لیکن ذرہ بھر فائدہ نہ ہوا۔ مریضہ از حد کمزور ہوگئی۔ اہل خانہ نے مجھ کو کہا تو یہ علاج کیا۔

**ھوالشافی :** الائچی خورد ۷ دانہ۔ سونف ۷ ماشہ۔ گلقند ۵ تولہ۔ عرق گلاب ۱۰ تولہ۔ میں جوشا کر پلایا گیا اس سے قے ابکائی اور قبض دور ہوگئی۔ متواتر تین روز پلایا گیا۔ جس سے مریضہ کی تمام حالت ٹھیک ہوگئی۔

## (۸۴۴) رائی

میرے ایک رشتہ دار کو ہیضہ ہو گیا دوا وغیرہ سے اسہال تو رک گئے لیکن قے نہ رکی۔ وہ صاحب دور تھے۔ قریباً ۵ روز کے بعد مجھ کو بلایا گیا وہاں پہنچا تو اس کے اہل خانہ کو سخت پریشان دیکھا انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ قے کب رکے گی میں نے کہا صرف آدھ گھنٹہ میں رائی منگوا کر اس کو باریک کر کے مقام فم معدہ پر ضماد کیا گیا اور مریض کو کہا کہ جب اس جگہ جلن پیدا ہو تو بتائیں۔ چند منٹ کے بعد اس نے کہا کہ اب لیپ کی جگہ پر جلن پیدا ہو گئی ہے۔ لیپ اتار دیا گیا اس جگہ پر گھی کی پٹی رکھ دی۔ بس ایک ہی بار لیپ کرنے سے قے

رک گئی اس علاج سے گھر والے خوش ہوئے۔

## (۸۴۵) شربت

جوارش انارین۔ جوارش تمر ہندی۔ کھلانا اور شربت غورہ یا سکنجبین پلانا قے میں لاجواب ہے۔ مفردات میں شربت انار۔ شربت تمر ہندی یا طباشیر ۳ ماشہ۔ جائفل ۶ ماشہ۔ الائچی خورد بمعہ پوست ۲ ماشہ۔ باریک کر کے کھلانا مجرب ہے اور دونوں شانوں کے درمیان خالی سینگی لگانا بھی مجرب ہے۔ امرت دھارا بتاشہ میں دو قطرہ کھلانا اکسیر ہے اور پاؤں کو گرم کرنا خواہ سینک کر خواہ باندھ کر یا زخم کرنا قے لاعلاج کو روک دیتا ہے اور کافور کا سونگھنا یا معدہ پر طلا کرنا یا کسی رُب میں ملا کر چاٹنا' قے کو روک دیتا ہے۔ یہ پرانے اطبا کا قول ہے۔

## (۸۴۶) لونگ

جالینوس کا قول ہے کہ لونگ باریک کر کے کھلانا قے خواہ بچوں کو ہو یا بڑوں کو دور کرنے میں لاجواب ہے۔ مثلاً حافظ جلیل احمد انصاری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسی طرح لکھا ہے اور حکیم گنگا رام گاندھی نے اپنی کتاب میں اس گولی کی تعریف کی ہے۔

## (۸۴۷) حب حابس قے

کافور۔ افیون اور ہینگ اصلی مساوی الوزن لے کر گولی بقدر دانہ جوار بنا لیں۔ ایک گولی پیٹ درد۔ قے۔ دست روکنے میں مجرب ہے۔ کسی مرض میں قے آ رہی ہو تو اس کے کھلانے سے رک جاتی ہے۔ کیونکہ اس میں افیون ہے۔ اس سے سکون آنا ضروری ہے۔ درد گردہ اور پتھری کے مریض کو دے دیں اس سے درد میں سکون ہو گا اسی طرح ضرورت کے وقت برشعشعہ بھی دے دیں۔ اس سے بھی سکون ہو گا۔ قے کے مریض کو اگر قبض ہو تو اس کو حقنہ (انیما) دیں۔ تا کہ امعا صاف ہوں۔ پھر جوارش مصطگی اور جوارش انارین ملا کر دیں۔ زہر مہرہ خطائی۔ ناریل دریائی ۲-۲ رتی ملا کر کھلانا بھی قے کو روک دیتا ہے اس میں طباشیر بھی ملا کر اگر روح گلاب و کیوڑہ کھرل کر کے سفوف بنا رکھیں تو تریاقی اثرات پیدا ہو جاتے ہیں قے رکنے کے بعد کی کمزوری کے لیے دوائے مسک معتدل سادہ یا جواہر والی۔ انوشدارو سادہ یا لولوی۔ کشتہ فولاد ملا کر کھلانا معدہ کو طاقت دیتا ہے اگر کسی طرح فائدہ نہ ہو منضج و مسہل صفراوی طور پر کریں تو پھر انشاء اللہ ہر طرح آرام کی صورت پیدا ہو جائے گی۔ اور غذا میں پرہیز رکھیں

اور نرم غذا نرم کھلائیں۔

## خون کی قے

اس مرض ہے میں مریض کو قے میں خون آتا ہے۔ نفث الدم میں اور اس مرض میں فرق یہ ہے کہ نفث الدم میں کھانسی ہوتی ہے اور خون کھنگار کے ساتھ سرخ رنگ کا جھاگ دار ہوتا ہے اور سانس لینے میں تکلیف ہوتی ہے۔ لیکن قے الدم میں خون سیاہی مائل ہوتا ہے اور جھاگ دار نہیں ہوتا اس میں غذا بھی ملی ہوتی ہے اور معدہ کے مقام پر درد اور بے چینی ہوتی ہے۔

**علاج :** مریض کو بھوکا رکھیں اور برف کی ڈلیاں چوسائیں۔ فم معدہ پر برف رکھیں اور خون بند کرنے والی ادویہ جو کہ نفث الدم میں تحریر ہوئی ہیں کریں۔ مریض کو آرام سے لٹا دیں اور اس کے بازو رسی سے باندھ دیں۔ سخت ضرورت میں پنڈلیوں پر خالی سینگیاں لگوائیں اور حابسات دیں۔ نیز اقاقیا۔ گل انار۔ صندل سرخ۔ صندل سفید ۶۔۶ ماشہ۔ پانی میں پیس کر مقام معدہ پر لگائیں اور یہ سفوف کھانے کو دیں اس مرض میں اکسیر ہے۔

## (۸۴۸) سفوف طباشیر

**هوالشافی :** طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ سنگ جراح۔ صدف اصلی۔ کہربا شمعی۔ ۶۔۶ ماشہ۔ گل ارمنی ۳ ماشہ۔ تخم خرفہ۔ تخم کشنیز ہر ایک ۵۔۵ ماشہ۔ مصری کوزہ ایک تولہ۔ سفوف بنائیں۔

**خوراك :** ۲۔۲ ماشہ دن میں تین بار ہمراہ جوشاندہ ہذا دیں۔ برگ گاؤزبان ۳ ماشہ۔ عناب۔ منقیٰ ۵۔۵ دانے۔ بہی دانہ زرشک شیریں کوکنار ۲۔۲ ماشہ۔ سب کو پاؤ بھر پانی میں جوش دے کر چھانکر شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر دینا خونی قے کو مجرب اور مقوی قلب ہے۔

## (۸۴۹) سفوف دم الاخوین

**هوالشافی :** تخم خرفہ بھنا ہوا۔ گل انار۔ تخم حماض۔ طباشیر۔ گل ارمنی ۴۔۴ ماشہ۔ کندر۔ افیون ایک ایک ماشہ۔ گل سرخ۔ تیزپات۔ حب آس۔ نشاستہ گندم۔ دم الاخوین۔ کہربا شمعی ۲۔۲ ماشہ۔ باریک کرلیں۔

**خوراك :** جوانوں کو ایک ایک ماشہ بچوں کو حسب عمر و طاقت ہمراہ پانی دیں۔ گو نسخہ

قرابادینی ہے لیکن اس مرض میں لاجواب ہے نیز کسی بھی جگہ سے خون آنے کو روک دیتا ہے۔

## سفوف مفرح

جس کا نسخہ امراض قلب میں لکھا گیا ہے اس کو شربت صندل یا انجبار سے دینا بھی مجرب ہے اور مفردات میں بانسہ کا خیسانده پلانا یا برگ کیکر ۵ تولہ گھوٹ کر پن کر میٹھا کر کے ملا کر پلانا بھی قے الدم کو لاجواب ہے نیز حب اقاقیا بھی اس مرض میں لاجواب ہیں۔

## (۸۵۰) حب اقاقیا

**ھوالشافی :** اقاقیا۔ زیرہ گلاب۔ گل ارمنی۔ گل انار فارسی۔ ۳۔۳ ماشہ۔ گوند کیکر۔ اجوائن خراسانی۔ گوند کیکر ۶۔۶ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ باریک کر کے ٹکیاں بنائیں۔ لعاب اسپغول سے گوندھ لیں۔

**خوراك :** ۳ ماشہ۔ ہمراہ شربت انجبار ۳ تولہ۔ شربت میں پانی کے بجائے عرق گاؤزبان ملا کر پلائیں۔ اس سے خونی قے رک جائے گی۔ یونانی حکما کے مجربات سے ہے۔

## (۸۵۱) قرص کہربا

یہ بھی اس مرض میں اور اندر خون ہے آنے میں لاجواب ہے۔ پرانی قرابادینوں میں یہ نسخہ ہے۔

**ھوالشافی :** کہربا۔ گوند کیکر۔ نشاستہ۔ گوند کتیرا۔ مغز تخم خیار۔ مغز تخم کدو۔ ۱۰۔۱۰ ماشہ۔ گل انار۔ اقاقیا ۵۔۵ ماشہ۔ لعاب اسبغول سے ٹکیاں بنائیں۔

**خوراك :** ۴ ماشہ سے آٹھ ماشہ تک۔ ہمراہ شربت انجبار' صندل سے دیں۔

**فوائد :** اندر سے خون کسی جگہ سے آنا۔ قے الدم۔ بواسیر خونی۔ کثرت حیض کو لاجواب ہے۔ خوراک میں آش جو کا پینا اور کہربا ایک ایک ماشہ کھلانا مجربات میں سے ہے۔

## (۸۵۲) سفوف اکسیر

دم الاخوین۔ کہربا شمعی۔ سنگ جراح۔ گیری مساوی الوزن۔ خوراک ۴ رتی سے ایک ماشہ ہمراہ شربت انجبار دینا اندر سے خون آنے کو روکتا ہے اور کثرت حیض کو بھی مجرب ہے۔

## (۸۵۳) لاجواب مشروب

دودھ بکری میں تین بار لوہا گرم کر کے بجھاؤ دیں اور رب بہی سے شیریں کر کے پلائیں۔ خونی قے رک جائے گی اور دل کو بھی سکون ہوگا جلن دور ہوگی۔ مقوی دل بھی ہے۔

## (۸۵۴) سفوف کافوری

کافور ۳ ماشہ۔ جدوار خطائی ۹ ماشہ۔ افیون ایک تولہ۔ چینی ۱۶ تولہ کو باریک سفوف کریں۔

**خوراک :** ۲ رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ پانی دیں۔

**فوائد :** اندر سے خون آنا خواہ نکسیر کا ہو یا نفث الدم ہو یا خونی قے یا خونی اسہال یا کثرت حیض یا استحاضہ ہو یا خونی بول میں مفید ہے۔ یہ نسخہ طب جدید والوں کی طبی اربعین کا ہے اور قریباً ایک سو سال سے مقبول عام ہے اسہال مروڑ میں بھی لاجواب ہے پچاس سال سے معمول مطب ہے۔

## (۸۵۵) حب سیب

ایک تازہ بے داغ عمدہ سیب لے کر اس میں اتنے لونگ سالم گاڑ دیں کہ کوئی جگہ خالی نہ رہے۔ پھر اس کو محفوظ جگہ پر رکھیں۔ ایک ماہ کے بعد سیب بمعہ لونگ کے رگڑ رگڑ کر گولیاں بنا لیں۔

**فوائد :** بڑوں یا بچوں کو پیاس شدید اور قے سادہ ہو نیز اس سے پیاس قے اسہال بھی رک جاتے ہیں۔ زیادہ تکلیف ہو تو ۵۔۵ منٹ کے بعد دیں یہ بھی ایک لاجواب نسخہ ہے۔ بڑے حکما کا تجربہ شدہ اور کمزوری عام کو فوراً دور کرتا ہے۔

## (۸۵۶) شربت اکسیر

اس شربت کا میں نے کئی بار تجربہ کیا ہے اندر سے خون آنا۔ گرمی جسم۔ گرمی کے اسہال اور روانی خون کو مجرب ہے۔

**هوالشافی :** دانہ موڑیوں۔ انجبار۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ خشخاش سفید ۳۔۳ تولہ۔ کوٹ کر پانی ڈیڑھ سیر میں بھگو کر جوشا دیں۔ جب تین پاؤ رہ جائے تو پن کر تین پاؤ کھانڈ

ملا کر شربت بنائیں۔

**خوراک :** ڈھائی تولہ میں تازہ پانی یا عرق گاؤزبان ملا کر پلائیں۔ اس سے خونی اسہال نکسیر کا آنا اور کثرت حیض مروڑ اسہال خونی درست ہو جاتے ہیں۔

## نکات مطب

چونکہ اس مرض میں معدہ میں سوزش ہوتی ہے۔ خشکی سے یہ مرض زیادہ ہوتی ہے۔ لہٰذا غذا کا خاص خیال رکھیں اور گرم اشیا کا کھلانا۔ گرم ماحول میں رہنا۔ غم اور غصہ سے باز رہنا۔ شراب کباب، چائے نوشی زیادہ گرم مصالحہ جات کا کھانا، انڈا، پکوڑے، کریلے، بینگن نہ کھلائیں، غذا پہلے نرم اور ہلکی۔ مثلاً آش جو۔ مغز خیارین کی کھیر، سا گودانہ، اگر معدہ قبول کر سکے تو دودھ برف سے ٹھنڈا کر کے یا ویسے ہی دیں کچھ آرام آنے پر رفتہ رفتہ دودھ میں ڈبل روٹی بھگو کر یا چاول کا خشکہ دودھ میں بھگو کر کم میٹھا ڈال کر کھلائیں۔ جب ایسی غذا معدہ قبول کرنے لگ جائے تو مونگ کی نرم کھچڑی یا بکری کا شوربہ کم مرچیں ڈال کر کھلائیں اور رفتہ رفتہ ٹھنڈی ترکاریاں خرفہ۔ کدو۔ توری۔ ٹینڈا۔ بھنڈی وغیرہ شامل کر کے اس کے ساتھ گیہوں کی چپاتی دیں اور زور آور کام نہ کریں۔ بعد میں خون پیدا کرنے والی ادویہ سے خون کی کمی کو پورا کرنے کی کوشش کریں۔ اس طرح انشاء اللہ مریض کی تمام کمزوریاں دور ہوں گی۔ مفرح بارد۔ جوارش انارین۔ دوائے مسک معتدل جواہر والی کھلائیں۔

# پیاس کی زیادتی

اس مرض میں پیاس زیادہ لگتی ہے۔ پیاس کی دو قسمیں ہیں۔

**اول پیاس صادق:** اس میں غذا کو رقیق کرنے کے لیے اور اعضا تک پہنچانے کے لیے پانی کی ضرورت ہے۔

**دوم پیاس کاذب:** اس میں بار بار پانی کی خواہش ہوتی ہے۔ لیکن طبیعت اس سے سیر نہیں ہوتی۔ سبب اس کا یہ ہے کہ مریض گرمی میں چلنے پھرنے یا گرم موسم یا گرم اشیا کی کثرت سے اور کئی بار بخاروں میں شدت کی پیاس ہو جاتی ہے۔ کیونکہ معدہ کی حرارت اور خشکی کی وجہ سے منہ کی رطوبت خشک ہو جاتی ہے اور معدہ کو زیادہ پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ لیکن کئی بار بلغم لزوج معدہ میں چپک جاتی ہے اور معدہ کو جدا کرنے اور دھونے کے لیے بار بار پانی کی خواہش کرتا ہے اگر گرمی کی وجہ سے ہو تو برف پینے سے تسکین ہو گی۔ بخار کی وجہ سے ہو گی تو بخار موجود ہو گا۔ بلغم کی وجہ سے ہو تو سرد پانی پینے سے پیاس کم نہ ہو گی بلکہ بڑھتی جائے گی اور اگر نیم گرم پانی دینے سے تسکین ہو گی۔

## (۸۵۷) علاج صفراوی

پیاس اور صفرا کی زیادتی سے ہو تو آلو بخارا ۵ دانے۔ زرشک ۳ ماشہ۔ عرق گاؤزبان میں شیرہ نکال کر شربت انار شیریں ۲ تولہ ملا کر صبح و شام دیں۔

## (۸۵۸) علاج دیگر

پیاس بخار کی وجہ سے ہو تو سکنجبین کا شربت چار تولہ۔ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں ملا کر پلائیں یا قند کا شربت بنا کر اس میں لیموں نچوڑ کر برف سے ٹھنڈا کر کے بار بار پلائیں۔ اگر بلغم سے ہو تو چائے نیم گرم پلائیں یا نیم گرم پانی بار بار پلائیں کہ بلغم پتلی ہو کر نکل جائے اور کھانے کے بعد حب کبد نوشادری ۲-۲ عدد کھلائیں اور صبح و شام کشتہ خبث الحدید ایک رتی۔ جوارش جالینوس میں رکھ کر کھلائیں۔ اور یہ جوشاندہ بھی مجرب ہے

## (۸۵۹) جوشاندہ

بنفشہ ۶ ماشہ۔ لسوڑیاں کوفتہ ۱۵ دانے۔ گاؤزبان ۶ ماشہ۔ سونف ۳ ماشہ۔ پانی میں جوش دے کر نیم گرم بار بار پلائیں۔ اس سے بلغم پتلی ہو کر نکل جائے گی اور پیاس بلغمی کو آرام آ جائے گا۔ صفراوی پیاس میں شربت لیموں۔ رب انگور ترش یا رب انار یا شربت انار یا شربت تمر ہندی یا لعاب زرشک۔ لعاب اسبغول۔ لعاب بہی دانہ۔ لعاب ریشہ خطمی۔ لعاب گاؤزبان یا آلو بخارا۔ شربت صندل۔ شربت نیلوفر۔ سفوف طباشیر۔ ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک کھلانا مفردات میں مجرب ہیں اور شربت مسکن دیں۔

## (۸۶۰)

**ھوالشافی:** زرشک شیریں۔ صندل سفید۔ گاؤزبان ۳۔۳ تولہ۔ عناب ایک تولہ۔ کچل کر پانی دو سیر میں پکائیں جب تین پاؤ رہ جائے تو روح گلاب، روح کیوڑہ، روح بید مشک ۳۔۳ تولہ کا چینی تین پاؤ میں شربت بنائیں۔

**خوراک:** عرق گاؤزبان ۵ تولہ اور عرق گلاب ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ پیاس دور کرنے اور دل کو تقویت دینے میں مجربات سے ہے اور ایک حکیم کا شربت جو کہ ان کا معمول مطب ہے وہ بھی مجرب ہے۔

## (۸۶۱) شربت اکسیر

**ھوالشافی:** معمول مطب ہے۔ صندل سفید ۳ تولہ۔ گل گاؤزبان ۲ تولہ۔ گاؤزبان ایک تولہ۔ ابریشم مقرض ایک تولہ۔ بادرنجبویہ ایک تولہ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ پانی ڈیڑھ سیر میں بھگو کر جوشا دیں اور تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنائیں۔

**خوراک:** ۲۔۲ تولہ پانی میں ملا کر پلائیں پیاس زیادہ گرمی جگر و خفقان کو لاجواب ہے۔ تجربہ شدہ ہے۔

## (۸۶۲) شربت نیلوفر و بنفشہ

ہر دو ڈھائی ڈھائی تولہ ملا کر تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنانا لاجواب دافع عطش ہے۔

## (۸۶۳) قرص پیاس توڑ

**ھوالشافی:** مغز تخم ککڑی۔ مغز تخم کھیرا۔ مغز تخم کدو شیریں۔ تخم خرفہ سیاہ۔ ہر ایک ڈیڑھ

ڈیڑھ تولہ۔ نشاستہ۔ گوند کتیرا۔ طباشیر ہر ایک ۷۔۷ ماشہ۔ لعاب اسپغول سے چپٹی گولیاں بنا لیں اور ضرورت کے وقت منہ میں رکھکر چوسیں اور گرمی کے دنوں میں سفر کرنے والوں کو مفید ہیں۔ پاس رکھیں۔

## (۸۶۴) شربت گرمی توڑ مرکب

صندل سفید ۲ تولہ۔ گل نیلوفر ۳ تولہ۔ تخم کاسنی ایک تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ مغز کشنیز ۲ تولہ۔ گل گڑھل۔ خس خوشبودار ایک تولہ۔ قند سفید تین پاؤ۔ شربت بنائیں۔ خوراک ۲ تولہ سے ۵ تولہ تک پانی ملا کر پلائیں مفرح قلب و دماغ روح نفر پیاس گرمی گھبراہٹ توڑ۔

## (۸۶۵) زرشک

شربت زرشک شیریں ۵ تولہ لے کر کوٹ کر ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو کر جوش دیں اور تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنائیں۔ خوراک ۲ تولہ سے ۵ تولہ تک ایک حکیم صاحب کا مخفی راز تھا۔ محنت سے حاصل کیا حکیم صاحب اس کو یرقان میں دیتے تھے۔ مجرب صد بار۔

## (۸۶۶) شربت خود تجویز کردہ

ایک صاحب نے گرمی کے روزے تھے اور سوال کیا کہ دودھ وغیرہ نہیں ہے اور روزے بھی رکھنے ہیں کوئی شربت ہو جس کے پینے سے گرمی دور ہوتی رہے یہ شربت لکھ دیا اس نے تیار کیا اور ایک گلاس صبح کو پی لیتا رہا اور ایک گلاس شام کو روزہ کی گرمی سے محفوظ رہا۔ شربت صندل سفید ۲ تولہ۔ گل نیلوفر ۲ تولہ۔ گل بنفشہ ۲ تولہ۔ گاؤزبان ۲ تولہ۔ تخم کاسنی ۳ تولہ۔ گل سرخ ایک تولہ۔ تخم خربوزہ ۲ تولہ۔ الائچی خورد کوفتہ ۶ ماشہ۔ پانی دو سیر میں بھگو کر جوشا دیں ایک سیر رہ جائے تو شربت بنائیں۔ چینی ایک سیر ملا کر بنائیں۔ خوراک ڈھائی تولہ سے ۳ تولہ تک خفقان قلب ہے۔ دافع صفرا۔ دافع بخار کبدی و صفراوی کو لاجواب تجربہ شدہ ہے میں نے اس کا تجربہ کیا ہے۔ پرہیز گرمی میں چلنے پھرنے سے، گرم کام کرنے یا گرم اشیا گرم مصالحہ مچھلی، شراب، کباب، انڈے، پکوڑے سے پرہیز کریں اور ٹھنڈی ترکاریاں شوربہ چپاتی، کدو، خرفہ، ٹینڈے، توری، مونگ کی کھچڑی، سنگترہ، انار، ککڑی، انگور، سیب، ناشپاتی اور مونگ کی کھچڑی کھائیں۔

❀❀❀

# بھوک کا ہوکا (جوع البقر)

اس مرض میں مریض کو بار بار بھوک لگتی ہے اور وہ کھانے سے سیر نہیں ہوتا۔ کبھی اس کا سبب شوگر ہوتی ہے کبھی پیٹ کے کیڑے اس کا سبب بنتے ہیں۔ اور کبھی ورم طحال سے بھی یہ تکلیف پیدا ہو جاتی ہے۔ کبھی تیز بخاروں کے بعد بھی ایسی شکایت دیکھی گئی ہے۔ کبھی دائمی نزلات معدہ پر گرتے ہیں اور اس سبب سے غذا معدہ سے پھسل جاتی ہے۔ ایسا بھی دیکھا گیا ہے کہ ایک مریض نے ذکر کیا کہ میں سات روٹیاں کھا آیا ہوں آگے میں صرف دو روٹیاں کھاتا تھا اس طرح اور بھی کئی واقعات سننے میں آئے ہیں اس کا علاج بھی تجویز ہے۔

**علاج:** اصل سبب دیکھ کر علاج کریں۔ نمکین اور کھٹی اشیا نہ دیں قبض ہو تو قرص ملین دو عدد کھلا کر قبض دور کریں یا نہار منہ سکنجبین پلائیں اور قے کرائیں۔

## (۸۶۷) مغزیات

قبض نہ ہو تو مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز اخروٹ مساوی الوزن لے کر اس میں مساوی شکر سفید ملا کر کھلائیں۔ یا گھی کے ساتھ حلوا بنا کر کھلائیں اور دوائے مسک معتدل جواہر والی کھلا کر عرق ماءاللحم عنبری۔ مصری ملا کر پلائیں۔

## (۸۶۸)

عرق گاؤزبان۔ عرق گلاب ۵۔۵ تولہ ملا کر شربت انار شیریں ۲ تولہ ملا کر یا شربت بہی ۲ تولہ ملا کر پلایا کریں اور مصطگی۔ دانہ الائچی خورد ایک ایک ماشہ پیس کر انوش دارو لولوی میں رکھ کر کھلائیں۔ اگر ورم طحال سے ہو تو ورم طحال کا علاج کریں۔ اگر کرم امعاء سے ہو تو کرم امعاء دور کریں۔

**غذا:** مغزیات مثلاً بادام، پستہ، مغز ناریل، مغز چلغوزہ، حسب ضرورت مرغن غذا دیں۔ مٹھائیاں، جلیبی، امرتیاں، حلوہ، شوربا مرغ دیں اور صبح کو دودھ کا کھویا۔ مصری ملا کر کھلانا جو کہ

بقدر ۵ تولہ ہو بسیار خوری سے نجات دلاتا ہے۔

## ورم معدہ

یہ ایک مرض ہے جس میں معدہ کی اندرونی لعاب دار جھلی میں ورم ہو جاتا ہے جس سے کہیں کہیں چھوٹے چھوٹے زخم بھی پیدا ہو جاتے ہیں جس سے خون بھی نکلتا ہے مزمن صورت میں زخم بڑھ جاتے ہیں اس حالت کو قروع معدہ کہتے ہیں۔

**وجوھات:** خراب اور باسی اشیا کا کھانا زیادہ مرغن اشیا مصالحہ دار اشیا کا کھانا کچی سبز ترکاریاں کھانا اور ترش اشیاء کا زیادہ کھانا۔ گاجر مولی یا گلا سڑا کیلا کھانا، شراب کا پینا، سخت ریشہ دار گوشت کا کھانا اور کبھی خسرہ، چیچک، ٹائیفائیڈ کے بعد بھی یہ شکایت ہو جاتی ہے۔

**علامات:** پیٹ میں گرانی، بے چینی، جی متلانا، تھوک زیادہ آنا اور بار بار ترش ڈکار آنا اور منہ سے ترش مادہ پانی بار بار نکلتا ہے۔ بھوک کم، پیاس کی شدت، قبض مگر پیشاب کم آتا ہے۔ سر درد اور اکثر خفیف بخار بھی ہو جاتا ہے۔ بچوں میں یہ ورم بڑھ کر اسہال آنے لگتے ہیں، مقام معدہ پر ہاتھ سے دبانے پر درد ہونے لگتا ہے، غذا کا نوالہ یا پانی کا گھونٹ ورم معدہ کے مقام پر پہنچے سے قدرے تکلیف ہوتی ہے، کبھی مروڑ لگ جاتے ہیں، کبھی اسہال لگ جاتے ہیں، بار بار جی متلاتا ہے، کبھی قے ہو جاتی ہے، غذا سے نفرت ہو جاتی ہے، کمال کمزوری اور بے چینی ہو جاتی ہے اور ہچکیاں لگ کر مریض مرنے کے قریب ہو جاتا ہے۔

### (۸۶۹) علاج:۱

**ھوالشافی:** سنبل الطیب، گل بابونہ، اکلیل الملک، مغز املتاس، آرد جو، مکو خشک، تمام ادویہ برابر وزن لے کر ہری مکو کے پانی سے ضماد بنا کر مقام معدہ پر لگائیں۔

### (۸۷۰) علاج:۲

آب مکو مروق عرق، سونف۔ شربت بزوری میں ملا کر پلائیں۔

### (۸۷۱) علاج:۳

تخم ہالیوں کا مقام معدہ پر ضماد کریں اور مصطگی رومی کا سفوف ۲۔۲ ماشہ صبح وشام

کھلائیں۔

## (۸۷۲) علاج:۴

سونف رومی کو سہ چند شہد میں معجون بنا کر ۹۔۹ ماشہ صبح و شام کھلانا مفید ہے نیز بابونہ کا کھلانا اور لیپ کرنا بھی مفید ہے۔ مکو کا عرق پلانا یا بھرتہ باندھنا بھی مفید ہے۔

## (۸۷۳) مرہم داخیلون

قرابادینی نسخہ ہے اس کا لیپ کرنا بھی مفید ہے اس کی مالش کریں۔

## (۸۷۴) مغز فلوس

مغز فلوس ۳ تولہ کو عرق مکو یا کشنیز کے ساتھ کھانا یا ضماد کرنا لاجواب ہے۔ روغن بابونہ کی پیٹ پر مالش کرنا ورم معدہ کو لاجواب ہے۔ بابونہ کے باب میں لکھا ہے۔ مقوی معدہ' کاسر ریاح' محلل' مرخی' مسکن' درد مدر بول وحیض' دافع تشنج اور ورموں کو تحلیل کرنے والا ہے۔ قولنج' ضعف معدہ اور یرقان کو مفید ہے (از مفردات مظفر حسین اعوان)۔ اس کے پچھلے صفحات میں ایک مریض کے بیان میں عرق بابونہ کا تذکرہ موجود ہے یہ درد معدہ مزمن کا علاج ہے۔

## (۸۷۵) روغن بابونہ

بابونہ کو آٹھ گنا پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں اور پن کر تیل میٹھا ڈال کر پکائیں کہ صرف تیل رہ جائے بس تیار ہے۔ اس تیل کی مقام معدہ پر مالش کریں۔ اس مرض میں معدہ کو مکمل آرام دیں۔ اگر زیادہ بھوک محسوس ہو تو صرف دودھ بطور خوراک دیں۔ (شریف خانی اطبا اس مرض میں نسخہ خلیل شکم استعمال کراتے ہیں۔

## (۸۷۶) خلیل شکم

گل بنفشہ ۵ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۹ دانے۔ سونف کوفتہ ۵ ماشہ۔ برگ گاؤزبان ۵ ماشہ۔ جڑ کاسنی ۵ ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو ابال کر چھان کر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملا کر پلائیں۔ اور یہ نسخہ ہر قسم کے بخاروں' ورم جگر و طحال و بالفراس میں بکثرت مستعمل ہے۔ عوارض کے لحاظ سے اس میں مختلف اضافات کئے جاتے ہیں۔ مثلاً ورم کی شکایت میں اس میں مکو خشک ۵

ماشہ۔ اور بخاروں میں خوب کلاں ۵ ماشہ ملایا جاتا ہے اور ورم جگر میں مکو کے ساتھ برنجاسف ۵ ماشہ، تین چار روز غذائی پرہیز اور اس نسخے کے استعمال سے مریض اکثر ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

**غذا:** بتدریج ساگودانہ، دلیا، مونگ کی دال وغیرہ بڑھا دیں۔ معمولی غذا دی جاتی ہے، کیونکہ ملٹھی ورم معدہ کا عمدہ علاج ہے۔ نسخہ خلیل شکم میں ۵ ماشہ کا اضافہ کریں۔ بعض اطبا ملٹھی دس ماشے کا جوشاندہ تیار کر کے بوتل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا شام تک پلاتے ہیں اور حکیم گنگارام گاندھی ملٹھی ۱۰ گرام کے ساتھ ریشہ خطمی ۵ گرام ملا کر جوشا کر ایک بوتل پانی بنا کر ہر روز پلاتے ہیں اور غذا میں سبزیاں اُبال کر اس کے پانی یا دودھ کو انیما کے ذریعہ چڑھاتے ہیں۔ جس کا مقصد معدہ کو آرام پہنچانا اور مریض کو غذا پہنچانا ہوتا ہے ہری مکو کا پانی اور ہری کاسنی کا پانی دونوں آگ پر رکھ کر پھاڑ کر حسب ضرورت شربت بنفشہ یا شربت دینار یا چینی سے میٹھا کر کے پلانا ورم معدہ میں مفید ہوتا ہے۔

## (۸۷۷) مغز املتاس

اور لب المجربات میں ہے کہ عرق سونف، عرق کاسنی ۵۔۵ تولہ، جڑ کاسنی۔ تخم کاسنی ۵ ماشہ مغز املتاس تین تولہ میں ملا کر اس میں مصری ۲ تولہ اور ۶ ماشہ بادام روغن ملا کر پلانا سوداوی ورم معدہ کو مجرب ہے اور پانچ روز میں آرام ہو جاتا ہے گل سرخ۔ گل بابونہ۔ مکو ۲۔۲ ماشہ باریک کر کے قند سیاہ کے حلوے میں ملا کر صبح و شام لپیٹ کر ٹکور کرنا مفید ہوتا ہے۔

## (۸۷۸) ضماد:۱

اب تین عدد ضماد بیان کیے جاتے ہیں جو کہ معدہ کے ورم سخت کو مفید ہیں۔ پرانے اطبا کی ایجاد میں۔

**ھوالشافی:** سعد کوفی ۷ ماشہ۔ بیخ اذخر ۷ ماشہ۔ چرائتہ ۷ ماشہ۔ سنبل الطیب ۱۰ ماشہ۔ مصطگی رومی ۱۰ ماشہ۔ گل سرخ ڈیڑھ تولہ۔ گل بابونہ ۲ تولہ۔ تخم خطمی ۲ تولہ۔ آرد جو ۲ تولہ۔ بنفشہ خشک ۲ تولہ۔ آرد حلبہ ۲ تولہ۔ سب کو باریک کر کے لعاب کتان میں ملا کر خلو معدہ کی حالت میں لیپ کریں اور معدہ کے ورم صلیب کو نافع ہے۔

## (۸۷۹) ضماد:۲

**ھوالشافی:** افسنتین ۷ ماشہ۔ سنبل الطیب ۱۰ ماشہ۔ سلیخہ ۱۰ ماشہ۔ مصطگی ۱۰ ماشہ۔ مصبر ۱۴

ماشہ۔ میعہ سائلہ ۱۴ ماشہ۔ حلبہ ڈیڑھ تولہ۔ تخم کتان ڈیڑھ تولہ۔ زعفران ساڑھے ۳ ماشہ۔ مرمکی ساڑھے تین ماشہ۔ باریک کر کے موم سرخ ۹ ماشہ اور روغن کٹھ ساڑھے چار تولہ میں پگھلا کر ادویہ ملالیں اور ورم معدہ جو کہ نہایت سخت اور صلب ہو اس پر ضماد کریں اس سے ورم تحلیل ہو جائے گا انشاء اللہ۔ مجرب ہے۔

## (۸۸۰) ضماد: ۳ برائے معدہ وجگر

**ھوالشافی:** زعفران ۶ ماشہ۔ مصبر ۶ ماشہ۔ افسنتین رومی ۹ ماشہ۔ سنبل الطیب ۹ ماشہ۔ سب کو باریک کر کے آب گرم میں رگڑ کر ضماد کریں اور ام صلب معدہ وجگر کو مجرب ہے یہ تینوں لیپ حکیم حافظ جلیل احمد انصاری رحمۃ اللہ علیہ نے پرانے اطبا کی بیاضوں سے نقل کیے اور مجرب لکھے ہیں۔ ورم تحلیل ہو جائے تو ٹھیک ہے۔ اگر تحلیل نہ ہو تو پھوڑا بن جاتا ہے۔ مریض کو بخار رہتا ہے۔ اب اگر ورم پھٹ جائے تو مریض کو قے یا دستوں میں خون آنے لگتا ہے اور درد کی شدت اور ورم میں کمی ہو جاتی ہے۔ تو مریض کو شہد عرق مکو اور عرق سونف میں ملا کر دن میں تین چار بار پلا دیں۔ اس سے زخم صاف ہونے میں مدد ملے گی انشاء اللہ معدہ صاف ہو جائے گا۔ کیونکہ شہد زخم کو صاف کرنے میں لاجواب ہے۔

## (۸۸۱) ریشہ خطمی

جب زخم پیپ سے صاف ہو جائے تو لعاب ریشہ خطمی۔ لعاب بہی دانہ ۲۔۲ ماشہ۔ میں شربت انجبار ۲ تولہ ملا کر اس کے ساتھ یہ سفوف دیں۔

## (۸۸۲) سفوف

**ھوالشافی:** سنگ جراح۔ گیری۔ دم الاخوین۔ کہربا شمعی مساوی الوزن کا سفوف کر کے بقدر ۲۔۲ ماشہ۔ دن میں دو بار دیں اور آش جو غذا کے طور پر پلائیں۔ اس سے انشاء اللہ اندرونی زخم درست ہو جائیں گے۔ غذا ہر حال میں۔ دودھ۔ آش جو۔ نرم چاول۔ نرم کھچڑی۔ ساگودانہ دیں اور آہستہ آہستہ غذا کھلائیں۔ اس کے بعد غذا بڑھائیں تو انشاء اللہ زخم بھی درست ہو جائے گا۔ کمزوری کے دور کرنے کے لیے دوا المسک معتدل جواہر والی۔ انوشدارو۔ لولوی۔ مناسب عرقیات سے کھلاتے رہیں۔ جالینوس کا قول ہے کہ معدہ کے قروح

میں اگر مسہل کی ضرورت ہو تو خیار شنبر سے اسہال لائیں۔ تیز دوائی نہ دیں۔

(۸۸۳)

**ھوالشافی :** حکیم جالینوس فرماتے ہیں کہ ورم معدہ میں مغز خیار شنبر ایک تولہ آب کاسنی۔ آب مکو ۵۔۵ تولہ۔ سبز مروق ۵۔۵ تولہ میں بھگو کر چھان کر روغن بادام شیریں۔ روغن کدو شیریں ہر ایک ۷۔۷ ماشہ ملا کر پلائیں۔ اگر مریض کو قبض ہو تو متواتر سات دن تک پلاتے رہیں اس سے تلیین ہو گی اور ورم بھی دور ہو گا۔

(۸۸۴)

علامہ طبری فرماتے ہیں کہ رب غافث' رُب افسنتین استعمال کرائیں کہ یہ ادویہ ورم معدہ کو دور کرتی ہیں۔ میری مجرب دوائیں ہیں۔ اب ایک گولیاں عرض ہیں۔

(۸۸۵) حب رال

رال سفید۔ گوند کیکر مساوی الوزن گولیاں ۴۔۴ رتی کی بنالیں۔ یہ زخم معدہ وامعا اور اسہال و کمزوری میں لاجواب ہیں۔ اس سے اندر کے زخم درست ہو جاتے ہیں۔ یونانی حکما کی مجرب ہیں۔

(۸۸۶) ملٹھی مقشر

**ھوالشافی :** اس کے علاوہ ایک حکیم صاحب اپنا تجربہ یوں بیان کرتے ہیں کہ ایک مریض کو معدے کا پھوڑا تھا اس کا اپریشن ہوا مگر تکالیف دور نہ ہوئیں تو میں نے ریشہ خطمی ۳ ماشہ۔ زیرہ سفید ۳ ماشہ۔ سونف ۳ ماشہ۔ مکو خشک ۳ ماشہ۔ ملٹھی مقشر ۳ ماشہ۔ ابال کر متواتر ۱۲ مہینے تک پینے کی ہدایت کی۔ اور اس کے ساتھ سفوف مفرح ایک ماشہ' خمیرہ مروارید ۵ ماشہ میں رکھ کر کھانے کو کہا اس سے مریض کی تمام تکالیف دور ہو گئیں اور مریض خوش وخرم ہو گیا اور پوری غذا کھانے لگ گیا۔ زخم درست ہو گئے۔ یونانی حکیموں کا مشہور مرکب جوارش طباشیر بھی قروح معدہ اور اثنا عشری آنت کے زخم کو مفید ہے اور معدہ کی سوجن' آنتوں کی سوجن اور اس کی وجہ سے پیدا ہونے والے دردسر اور متلی کو مجرب ہے نسخہ اس کا یہ ہے۔

## (۸۸۷) جوارش طباشیر

**ھوالشافی :** طباشیر نقرہ۔ گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ آملہ۔ صندل سفید ۳۔۳ تولہ۔ حب آس۔ پوست ترنج۔ ساق۔ مصطگی ہر ایک ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ۔ کافور ساڑھے ۴ ماشہ۔ عرق گلاب ۱۰ تولہ۔ آب بہی شیریں یا رب بہی شیریں ۵۰ تولہ۔ قند سفید ایک پاؤ سے قوام کر کے ادویہ ملا لیں۔

**خوراک :** ۵ ماشہ۔ عرق گاؤزبان سے کھلائیں۔

**فوائد :** مقوی معدہ۔ مانع سعود ابخرہ۔ مالیخولیا۔ سدر دوار متلی صفراوی اور اسہال کو روکتی ہے۔ گرم مزاج کو مفید ہے۔ (از قرابادین اکمل اعظم و کتب کثیرہ)

## (۸۸۸) بسنت مالتی رس

**ھوالشافی :** کشتہ سونا ایک ماشہ۔ کشتہ مروارید ۲ ماشہ۔ شنگرف رومی صاف ۳ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۴ ماشہ۔ کشتہ جست ۸ ماشہ کو مکھن ملا کر کھرل کریں۔ پھر آب لیموں سے کھرل کریں کہ مکھن کی چکنائی ختم ہو جائے۔ (صرف ۳ ماشہ مکھن کافی ہے اور آب لیموں ۳ تولہ مقطر کافی ہے)۔ دو تین روز میں تیار ہو جاتا ہے۔

**خوراک :** ایک رتی سے ۲ رتی تک صبح و شام ہمراہ مناسب بدرقہ۔ فلفل دراز ۴ رتی کے سفوف کو شہد میں ملا کر دیا جا سکتا ہے۔ پرانے بخار میں ست گلو ایک ماشہ کشتہ ابرک سیاہ۔ کشتہ مرجان ایک ایک رتی ملا کر کھلانا مجرب ہے۔

**فوائد :** ویدک میں کمزوری امعاء۔ زخم معدہ کو لاجواب ہے۔ کمزوری عامہ۔ پرانے بخار ٹی بی امعاء اور کینسر کو مفید ہے۔ یہ لاجواب نسخہ یونانی حکما نے اپنے مجربات میں شامل کر لیا ہے جبکہ نسخہ۔ نسخہ ویدک کا ہے۔

## (۸۸۹) طب شاہد روی

طب جدید شاہد روی نے بھی ایک نسخہ مجرب لکھا ہے جو کہ زخم معدہ کی حالت میں اکسیر ہے۔

**ھوالشافی :** سم الفار سفید ایک حصہ۔ چینی سفید ہزار حصہ لے کر بارہ گھنٹہ کھرل کریں۔

**خوراک :** ایک ایک رتی ہمراہ پانی دن میں چار بار۔ اس التہاب معدہ۔ زخم معدہ اور سرطان معدہ کی لاجواب دوا ہے۔ ذاتی مجرب ہے۔

## (۸۹۰) سفوف زیبقی نمبر ۳

یہ بھی التہاب معدہ وامعاء اور سوزش وزخم معدہ وامعاء کو مجرب ہے۔

**ھوالشافی :** پارہ ایک رتی اور چینی سفید ہزار رتی بارہ گھنٹہ کھرل کریں۔ پہلے ایک رتی پارہ میں ایک تولہ چینی ملا کر کھرل کریں باقی چینی بھی قدرے قدرے ملا کر بارہ گھنٹہ میں تیار ہوگا اوپر والا بھی اسی طرح تیار کریں۔ ورم معدہ اور امعاء کی اندرونی جھلی کی سوزش زخم اور پیپ بھی انشاء اللہ دور ہوگی۔ یہ دونوں نسخے حکیم احمد دین شاہدروی سوجد طب جدید کے ہیں۔ اور کئی بار کے مجرب ہیں۔ میں نے خود اس سے ورم امعا کا علاج کیا ہے۔

## (۸۹۱) خلال شکم

خلال شکم کے نسخے کی مکمل تفصیل موجودہ زمانہ کے مشہور دواخانوں کا راز ہے۔ مثلاً اجمل خان۔ ہمدرد دواخانہ اور حکیم فیروز دین بانی پرچہ "الحکیم" موچی دروازہ لاہور اور نظریہ مفرد اعصا والوں نے بھی اس کو مجرب لکھا ہے۔ میں اس کی تفصیل لکھ دیتا ہوں تاکہ قارئین کو آسانی رہے اور علم میں اضافہ ہو نیز حکیم و ڈاکٹر مظفر حسین اعوان نے بھی اس کا تذکرہ کیا ہے۔

**فوائد :** امراض باردہ وبلغمی ومعدہ۔ جگر وطحال و ورم امعاء وصلابت شکم و اورام احشاء کو مجرب ہے۔ معدہ وجگر کی بیماریاں، قبض، پیٹ کی گرانی، نفخ شکم، درد شکم، متلی، بدہضمی، بھوک نہ لگنا، وغیرہ عام بخار جو کہ پیٹ کی خرابی سے ہوں نہایت مفید ہے۔ جگر بڑھ گیا ہو یا کمزور ہو گیا ہو وہ بھی اصلی حالت پر آجاتا ہے اس طرح نزلہ وزکام کھانسی، خرابی تنفس۔ ورم رحم اور بیسیوں بلغمی امراض میں استعمال کرنا مجرب ہے۔

**ھوالشافی : ۱** گل بنفشہ ۷ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۹ دانے۔ سونف ۷ ماشہ۔ جڑ کاسنی ۷ ماشہ۔ گاؤزبان ۵ ماشہ۔ رات کو گرم پانی میں بھگو کر صبح کو مل کر یا ہلکا جوشا کر خمیرہ بنفشہ چار تولہ ملا کر پلائیں اب اصل نسخہ تو یہ ہی ہے اب اس میں اضافے ملاحظہ ہوں۔

**ھوالشافی : ۲** نزلہ وزکام میں تخم خطمی، تخم خبازی ۷۔۷ ماشہ۔ ملا کر دیں۔

**ھوالشافی** : ۳ کھانسی میں گل گاؤزبان ۵ ماشہ۔ ملٹھی ۵ ماشہ ملا کر دیں۔

**ھوالشافی** : ٤ بخار کی صورت میں آٹھویں دن خوب کلاں ۷ ماشہ ملا کر دیں۔

**ھوالشافی** : ٥ نزلہ اطفال میں گل گاؤزبان ۲ ماشہ۔ ملٹھی ایک ماشہ کا اضافہ کر کے دیں۔

**ھوالشافی** : ٦ اگر بلغم عروق معدہ میں چسپندہ ہو تو پرسیاؤشاں ۵ ماشہ۔ تخم کثوث ۵ ماشہ۔ پوٹلی باندھ کر شامل کریں۔

**ھوالشافی** : ۷ تقویت معدہ اور تفتیح سدہ وعروق کے لیے تخم کثوث ۵ ماشہ پوٹلی باندھ کر دیں۔

**ھوالشافی** : ۸ مرگی کی حالت میں عودصلیب کوفتہ ۵ ماشہ شامل کر کے دیں۔

**ھوالشافی** : ۹ ورم طحال میں برگ جھاؤ ۷ ماشہ۔ انجیر ۷ دانہ اضافہ کریں۔

**ھوالشافی** : ۱۰ استسقاء میں انجیر ۵ دانہ اور تخم کثوث ۵ ماشہ پوٹلی باندھ کر دیں۔

**ھوالشافی** : ۱۱ آنتوں میں خراش ہو تو ریشہ خطمی ۷ ماشہ اضافہ کریں۔

**ھوالشافی** : ۱۲ اگر قے۔ متلی اور صفرا زیادہ ہو تو آلو بخارا ۵ دانہ کا اضافہ کریں۔

**ھوالشافی** : ۱۳ اگر خون خراب ہو تو شاہترہ ۷ ماشہ اور چرائتہ ۷ ماشہ کا اضافہ کریں۔

**ھوالشافی** : ١٤ اگر قبض ہو تو گل سرخ ۷ ماشہ کا اضافہ کریں۔ اگر نزلہ ہو تو نہ ڈالیں۔

**ھوالشافی** : ١٥ اورام احشاء کی حالت میں آب کاسنی سبز مروق، آب مکو سبز مروق ۳۔۳ تولہ کا اضافہ کریں۔

**ھوالشافی** : ١٦ انضج بلغم و نضج مجاری مقصود ہو تو بیخ کنیر۔ بیخ ازخر ۷۔۷ ماشہ یا بیخ بادیان اور ملٹھی مقشر ۵ ماشہ اضافہ کریں۔

**ھوالشافی** : ۱۷ ادرار سدہ جگر میں ضرورت ہو تو تخم کاسنی نیم کوفتہ ۷ ماشہ شامل کریں۔

**ھوالشافی** : ۱۸ یرقان کی حالت میں تخم خیارین ۷ ماشہ اور آب برگ ترب سبز چار تولہ کا اضافہ کریں۔

**ھوالشافی** : ۱۹ تلیین کی ضرورت ہو تو سنا مکی ۷ ماشہ۔ گلقند چار تولہ۔ ترنجبین چار تولہ۔ شکر سرخ چار تولہ۔ مغز املتاس ۴ تولہ۔ کا اضافہ کریں۔

**ھوالشافی** : ۲۰ خرابی جگر میں افسنتین ۷ ماشہ۔ برنجاسف ۷ ماشہ کا اضافہ کریں۔

**ھوالشافی :** ۲۱ حیض کھولنے میں تخم خیارین ۷ ماشہ تخم کاسنی ۷ ماشہ کا اضافہ کریں۔

**ھوالشافی :** ۲۲ وجع المفاصل میں سورنجاں شیریں ۶ ماشہ کا اضافہ کریں۔

**ھوالشافی :** ۲۳ اگر اسہال جاری ہو تو آب بارتنگ سبز بجائے خمیرہ کے دیں۔

**ھوالشافی :** ۲۴ اگر احشا میں ورم ہو یا ورم معدہ ہو تو آب کاسنی سبز مروق چار تولہ ملا کر دیں۔

**ھوالشافی :** ۲۵ اگر گلا دکھتا ہو تو برگ شہتوت ۷ ماشہ کا اضافہ کریں اور صبح کو شربت بنفشہ۔ شربت شہتوت ملا کر پلائیں۔

**ھوالشافی :** ۲۶ پرانے بخاروں میں گلو سبز ۷ ماشہ بڑھا کر دیں۔

**ھوالشافی :** ۲۷ نزلہ وزکام میں قبض کشائی کرنی ہو تو لعوق خیارشنبر ایک تولہ کھلا کر اوپر سے پلائیں۔

**ھوالشافی :** ۲۸ اگر اجابت نرم ہو تو خمیرہ بنفشہ کی بجائے شربت بنفشہ ملا کر پلائیں۔ اگر اسہال آتے ہوں تو شربت بہی ملا کر پلائیں۔

**ھوالشافی :** ۲۹ بصورت قبض اس میں سنا مکی ۷ ماشہ کا اضافہ کر کے پلائیں۔

**ھوالشافی :** ۳۰ ملیریا بخار میں اس کے ساتھ حب ملیریا دیں۔

ہمدرد دواخانہ کراچی والوں نے اس طرح لکھا ہے نمبر ا۔ ۳ کمزوری کی حالت میں کسی وقت جواہر مہرہ شہد میں ملا کر دیں یہ تمام اضافے موجودہ زمانے کے مشہور حکما کے ہیں۔ جن میں قرشی صاحب بھی شامل ہیں۔

**(۸۹۲)**

ادارہ پیام صاحت فیصل آباد والوں نے اس کا محلول تیار کیا ہے۔ برائے امراض صدر، نزلہ وزکام، سعال، امراض رحم، خلل شکم و بخار میں مفید ہے۔

**ھوالشافی :** گل بنفشہ۔ گاؤزبان۔ سونف۔ تخم خبازی۔ عناب۔ تخم خطمی۔ مویز منقی۔ ملٹھی جڑ کاسنی ایک ایک پاؤ۔ پانی ۱۰ اسیر میں بھگو کر جوشا دیں جب پانی چوتھا حصہ رہ جائے تو پن کر سپرٹ کلوروفارم یا ست لوبان ۶ ماشہ ڈال دیں۔

**خوراک :** ۵ تولہ سے ۷ تولہ تک دیں۔ روز جوشانے یا مریض کو سمجھانے کی بجائے اس

طرح تیار کر کے مطب میں رکھ لیا کریں۔ نقل از رسالہ پیام صحت فیصل آباد مئی ۱۹۶۱ء سپرٹ یا ست لوبان سے خراب نہیں ہوگا۔ میں نے بھی اس نسخہ کا تجربہ کیا ہے مفید ثابت ہوا۔

**نکات مطب** : اس نسخہ سے جگر معدہ و امعاء کا فعل درست ہو جاتا ہے۔ جو کہ تمام امراض کا سبب ہوتا ہے یا امراض میں بگڑ جاتے ہیں۔ اس سے قبض کشائی بھی ہوتی ہے اس نسخہ میں شامل بنفشہ ایک ایسی بوٹی ہے جو کہ صفرا و سودا اور بلغم تمام کی اصلاح کرتی ہے۔ مویز منقیٰ مقوی جگر ہے۔ گاؤزبان دافع خراش ہے۔ کاسنی امراض جگر میں تمام طبوں نے مفید لکھی ہے۔ سونف۔ مدر بول وحیض ہے اس لیے یہ نسخہ مجرب ہے۔ بچوں میں اس کی مقدار حسب عمر دیں اور گل گاؤزبان ملٹھی ایک ایک ماشہ کا اضافہ کر کے دیں اس میں بھی لاجواب ہے۔

## ہیضہ

ایک خطرناک مرض ہے جو کہ کبھی وباء کے طور پھیلتا ہے اور کبھی موسم کی خرابی یا آب و ہوا یا خراب پانی سے پھیلتا ہے نیز کبھی زیادہ کھانے یا پہلی غذا کے نہ ہضم پر اور کھا لینا اس کا سبب ہوتا ہے۔ مثلاً شادیوں پر یا عیدین کے دن یا عام طور پر دوستوں اور دعوتوں میں شامل ہونے سے بھی خرابی ہاضمہ ہو جاتی ہے اور اس کی پانچ بڑی علامات ہیں۔ (۱) دستوں کا بہت زیادہ آنا (۲) قے کا آنا۔ (۳) بدن کا ٹھنڈا ہو جانا۔ (۴) پاؤں اور پنڈلیوں میں کھچاوٹ یعنی تشنج کا ہونا یعنی کڑل پڑنا۔ (۵) پیشاب کا بند ہو جانا۔

**ہیضہ کے درجات** : اس کے چار درجے ہوتے ہیں۔ پہلا درجہ: اس مرض میں قے اور دست شروع ہو جاتے ہیں اور پیٹ میں درد شروع ہو جاتا ہے دستوں میں پہلے فضلہ خارج ہوتا ہے اور پھر بعینہٖ چاولوں کی پیچھ کی مانند دست آتے ہیں۔ گو دست پیٹ میں گڑ بڑ ہو کر آتے ہیں۔ لیکن پیٹ میں درد یا مروڑ بالکل نہیں ہوتا اور ہر دست آنے کے بعد کمزوری ہوتی ہے عام طور پر دستوں کے بعد قے بھی شروع ہو جاتی ہے۔ قے میں پہلے کھائی ہوئی غذا نکلتی ہے۔ پھر زرد رنگ کا پانی خارج ہوتا ہے اور بالآخر قے بھی پیچھ کی مانند آنے لگتی ہے۔ لیکن اس میں بھی کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوتی۔ گویا کہ مشک سے پانی نکل رہا ہے زبان خشک اور سفید ہو جاتی ہے اور مقام معدہ کو دبانے سے درد معلوم ہوتا ہے۔ بیمار کی بھوک بند اور پیاس بہت لگتی ہے۔ تشنج کا دورہ اکثر اسی درجہ میں شروع ہو جاتا ہے یہ درجہ عام طور پر چھ سات گھنٹہ رہتا

ہے۔ (۲) دوسرا درجہ: اس درجہ میں دست اور قے عام طور پر بہت زیادہ آنے لگتے ہیں۔ ہاتھ پاؤں میں کھچاوٹ پیدا ہو جاتی ہے۔ پیٹ اور سر میں درد ہونے لگتا ہے۔ پیاس بہت زیادہ لگتی ہے۔ بے چینی اور گھبراہٹ حد سے زیادہ ہو جاتی ہے۔ پانی یا عرق جو کچھ پلایا جائے قے ہو جاتی ہے۔ (۳) تیسرا درجہ: اس درجہ میں بدن سرد اور چمڑا جھری دار ہو جاتا ہے۔ ہاتھ پاؤں ناک اور چہرہ سکڑ کر نیلا ہو جاتا ہے۔ آنکھیں خشک ہو کر اندر کو دھنس جاتی ہیں۔ درجہ حرارت کم ہو جاتا ہے۔ یعنی چرانویں یا پچانویں فارن ہائیٹ جاتا ہے۔ نبض نہایت کمزور اور دھاگہ کی مانند جس کی رفتار کا ضربہ بڑی مشکل سے محسوس ہوتا ہے۔ سانس چھوٹے چھوٹے فی منٹ پینتیس سے چالیس تک آنے لگتے ہیں۔ جو کہ نہایت سرد ہوتے ہیں۔ بے چینی اور گھبراہٹ بڑھ جاتی ہے اس لیے مریض ہاتھ پاؤں مارتا اور ادھر ادھر سر ٹپکتا ہے آواز نہایت مدہم ہو جاتی ہے۔ بلکہ بند ہی ہو جاتی ہے۔ صرف ہونٹ ملتے معلوم ہوتے ہیں۔ پیشاب بند ہو جاتا ہے۔ بعض کو تیسرے درجے میں دست اور قے آتے رہتے ہیں اور کسی کو بند ہو جاتے ہیں۔ چوتھا درجہ: مریض کے شفایاب ہونے کی امید ہو جاتی ہے۔ کیونکہ اس درجہ میں آہستہ آہستہ مرض کم ہونے لگتا ہے۔ قے اور دست بند ہو جاتے ہیں۔ پیاس کم ہوتی ہے۔ نبض تیز ہو کر بدن گرم ہونے لگتا ہے۔ بلکہ بعض کو بخار بھی ہو جاتا ہے۔ چہرہ اور آنکھوں میں تندرستی کے آثار اور رونق آنے لگتی ہے اور آہستہ آہستہ مریض راضی ہو جاتا ہے۔

**علاج:** ایک ہیضہ غذا کی خرابی سے ہوتا ہے۔ وہ بھی اچھا نہیں ہوتا لیکن ایک ہیضہ وبا کے طور پر پھوٹتا ہے وہ زیادہ خطرناک ہوتا ہے اس میں مریض کو ویسے ہی اسہال اور قے شروع ہو جاتی ہے اور چند منٹ میں ہی راہی ملک عدم ہو جاتا ہے۔ اس کی تاریخ میں کئی مثالیں ملتی ہیں ان دنوں میں بطور حفظ ما تقدم یہ گولیاں تیار کر رکھیں وبا سے آپ خود بھی محفوظ رہیں گے اور کئی مریضوں کی جان بچانے میں کامیاب ہوں گے۔

## (۸۹۳) حب حفظ ما تقدم

**ھوالشافی:** کافور۔ جدوار خطائی۔ مغز کرنجواہ۔ درونج عقربی۔ مساوی لے کر گولیاں نخودی بنالیں۔ صبح و شام ایک گولی ہمراہ عرق گلاب کھلائیں۔ انشاء اللہ وبائی امراض نزدیک تک نہ آئیں گے۔ ہیضہ، طاعون، ملیریا کے کیسوں میں کامیابی ہوگی یا صرف کافور جیب میں

رکھیں یا کافور ایک رتی سے چار رتی کھالیا کریں۔(نقل از جڑی بوٹیاں مؤلفہ پنڈت صاحب)

## (۸۹۴) سفوف

جب کبھی مریض کے پاس پہنچیں تو اس کو کہیں کہ تجھ کو ہیضہ نہیں بلکہ بدہضمی کے اسہال ہیں اور علاج اس طرح کریں کہ ہاضمہ کا چورن اس کو دینا شروع کریں اس سے غذا فاسدہ نکل جائے گی یا ہضم ہوگی۔

**ھوالشافي :** نوشادر۔ دانہ الائچی خورد۔ نمک طعام۔۳۔۳ تولہ۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ جوکھار۔ شورہ قلمی ایک ایک تولہ۔ ست پودینہ ۳ ماشہ۔ باریک کردہ ۵ رتی گرم پانی یا سونف کے عرق سے دیں۔ انشاء اللہ فوراً آرام ہوگا۔ یا حب کبد نوشادری کا پاؤڈر ایک ایک ماشہ آب گرم سے دیں۔ انشاء اللہ آرام ہوگا۔

## (۸۹۵) سفوف اکسیر ہیضہ

**ھوالشافي :** نوشادر۔ مرچ سیاہ۔ پودینہ خشک۔۳۔۳ ماشہ۔ ست لیموں ڈیڑھ ماشہ۔ نمک سیاہ۔ دانہ الائچی خورد۔ سونف۔ کشنیز خشک ۶۔۶ ماشہ۔ مصری ۳ تولہ۔ باریک کریں۔

**خوراك :** ۲ ماشہ ہمراہ عرق ذیل ۵۔۵ تولہ سے آدھ۔ آدھ گھنٹہ کے بعد دیں۔ اگر دوا قے سے نکل جائے تو خوراک آدھی کر کے دیں۔ نسخہ عرق: سکنجبین سادہ ایک پاؤ۔ عرق سونف ایک پاؤ۔ عرق گلاب ایک پاؤ۔ (روح سرکہ ایک تولہ) اگر نہ ملے تو سرکہ انگوری ۵ تولہ ملالیں اور اس عرق کے ساتھ دیتے جائیں۔ یہ علاج کامیاب ہے گرم ہے نہ اجزا نایاب ہیں اور اس مرض میں لاجواب علاج بڑے بڑے وید اور حکیموں نے اس کا تجربہ کیا اور مداح پایا اس کو تیار کر کے رکھیں یہ آپ کو کام دے گا۔

## (۸۹۶) امرت دھارا

ان دنوں امرت دھارا یا روغن شفا جس کا نسخہ یہ ہے۔ ست پودینہ۔ ست اجوائن۔ ۶۔۶ ماشہ۔ کافور ایک تولہ ملا کر دھوپ میں رکھیں۔ فوراً تیل ہو جائے گا دو قطرہ بتاشہ میں یا کھانڈ میں ملا کر کھلانا مجرب ہے روغن لونگ۔ روغن سونف۔۳۔۳ ماشہ بھی ملالیں تو تریاق بن جائے گا اس کو ۵۔۵ بوند دیتے جائیں تو ہر حال میں اور ہر درجہ میں مفید ہے۔ اس سے ہیضے کی

سمیت ختم ہو جاتی ہے کئی وید حکیم اور ڈاکٹر اور میں خود بھی اس کا مداح ہوں۔ قے اور دستوں کو روکتا ہے۔ اس نسخہ میں شامل کافور ہیضہ کا تریاق ہے۔

## (۸۹۷) حب اکسیر

اس مرض کا علاج پرانے لوگ تریاقی ادویہ سے کرتے تھے۔ مثلاً جدوار خطائی کا پانی میں گھوٹ کر پلانا۔ وبائی ہیضہ کو اکسیر ہے۔ یہ گولیاں بھی تریاقی ادویہ سے تیار ہوتی ہیں۔

**ھوالشافی :** جدوار خطائی۔ زہر مہرہ خطائی۔ ناریل دریائی۔ مرچ سیاہ ایک ایک تولہ۔ سرکہ انگوری ۱۵ تولہ سے کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

**خوراك :** ایک گولی سکنجبین سادہ یا آب زلال دہی شیریں سے دیں یہ لاجواب گولیاں بطور حفظ ماتقدم وباء کے دنوں میں کھانا اور حالت مرض میں کھانا لاجواب ہیں۔

## (۸۹۸) مریض: ا

ایک مہاجر (قریب بلوغ) لڑکے کو ہیضہ ہو گیا۔ قے و اسہال سے اس کا جسم کمزور سرد ہو گیا اور وہ بے ہوش ہو گیا۔ مجھ کو بلایا گیا یہ واقعہ قیام پاکستان کے بعد کا ہے کہ وہ مہاجر لڑکا تھا اس کا والد بار بار کہے کہ ہمارے ہاں ایک حکیم صاحب ہیضہ کے ماہر معالج تھے میں نے کہا میاں جی وہ تو اس جگہ رہ گئے اب اس جگہ کے حکیم علاج کریں گے انشاء اللہ شفا ہو گی۔ لیکن لڑکے کی حالت نازک تھی یہ گولیاں دی گئیں۔ جس سے فوراً شفا ہو گئی تو اس لڑکے کا باپ کہنے لگا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے یہاں بھی حکیم موجود ہیں۔

**ھوالشافی :** ہلدی۔ چونہ۔ لال مرچ ایک ایک تولہ کی۔ حب بقدر دانہ مونگ بنالیں۔ حالت مرض میں ۱۰۔ ۱۰ منٹ کے بعد گولی دیں پیاس کے لیے الائچی خورد۔ پودینہ ۵۔۵ ماشہ۔ ایک سیر پانی میں گھوٹ کر پاس رکھ لیں۔ تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں یہ گولیاں اس وقت بھی مفید ہیں۔ جبکہ مریض کی حالت خراب ہو ناخن سیاہ ہو چکے ہوں۔ جسم سرد مثل برف کے ہو۔ سخت کمزوری ہو آواز بیٹھ گئی ہو تو بھی اکسیر ہے ایک حکیم صاحب نے فرمایا کہ اگر گولیاں تیار نہ ہوں تو چونہ ہلدی اور مرچ سرخ کو فوری طور رگڑ کر محلول بنالیں اور بوتل میں بند کر کے رکھ لیں اور مریض کو ایک ایک چمچہ دیتے جائیں۔ تو بھی اسی طرح مفید ہو گا۔ کم خرچ بالا نشین نسخہ ہے۔ (مجربات سلطانی حصہ اول میں موجود ہے)۔

## (۸۹۹) مریض: ۲

اسی طرح ایک اور مریض کو یہ پڑیاں دی گئیں اس کا پورا جسم سرد تھا آنکھیں اندر دھنس گئیں تھیں جسم میں کڑل پڑ رہے تھے اس سے فوراً شفا ہوگئی۔ حد یہ ہے سم الفار سفید ایک ماشہ باریک کھرل کریں اور ایک تولہ چینی ملا کر کھرل کریں جب دس تولہ چینی مل جائے تو پھر اور اسی (۸۰) ماشہ کھرل کر کے ملالیں۔

**خوراک:** ایک سے ۲ رتی تک ہمراہ پانی یہ ایک لاجواب نسخہ ہے ملیریا بخار میں قے اور اسہال بلکہ خون کے اسہال آتے ہیں اس نسخہ سے جہاں بند ہو جاتے ہیں اور بخار بھی دور ہو جاتا ہے۔ چھ چھ ماہ کا بخار چند خوراکوں سے دور ہو گیا اور ساتھ ہی کمزوری بھی دور ہوگئی۔ اس نسخہ کا نام سفوف سمی نمبر۲ ہے جس میں سم الفار سفید ایک ماشہ اور چینی سفید اسی ماشہ مل کر بنتا ہے۔

## (۹۰۰) مریض: ۳

اس مریض کو ہیضہ آخیر درجہ کا تھا تشنج ہونے لگ گئے تھے۔ جائفل کو گھی میں پکا کر مالش کی تو جسم گرم ہو گیا اور دیسی گھی سے کپڑا تر کر کے فم معدہ پر رکھ دیا گیا اس سے آرام ہو گیا اس مریض کو ہیضہ کے بعد پیاس ختم نہ ہوتی تھی لہٰذا سکنجبین سادہ میں عرق گلاب ملا کر پلایا گیا اس سے پیاس ختم ہوگئی۔ پرانے اطبا نے لکھا ہے کہ عرق گلاب ہیضہ کی سمیت دور کرنے میں اکسیر ہے۔

## (۹۰۱) مریض: ۴

ایک مریض کو ہیضہ ہو گیا اور کئی دن قے بند نہ ہو رہی تھی۔ مجھ کو بلایا گیا میں نے رائی لے کر باریک کر کے فم معدہ پر ضماد کر دیا گیا اس سے مریض کو جلن پیدا ہوئی اتار کر گھی کی پٹی رکھ دی اس سے قے بند ہوگئی جو کہ کئی دن سے مریض کو تنگ کر رہی تھی۔

## (۹۰۲) نسخہ اکسیر

برگ نیم۔ برگ سنبھالو۔ جلوتری۔ جائفل۔ لونگ۔ دانہ الائچی خورد۔ گندھک آملہ سار۔ پارہ ایک مثل سرمہ کریں۔

**خوراک:** اس ایک رتی سے ۲ رتی تک ہے اس سے ہیضہ کے تمام عوارضات ختم ہو جاتے ہیں۔ اگر اسہال زیادہ آویں تو فی خوراک ایک چاول افیون ملا کر دیں یہ مبارک نسخہ لاجواب ہے اور میرا معمول ہے اور بچوں کے امراض اسہال قے وغیرہ کو بھی لاجواب ہے۔ میں نے اس کو تیار کر کے رکھا ہوا ہے۔

## (۹۰۳) عرق اکسیر ہیضہ:۱

یہ ہیضہ کی آخری حالت میں بھی مفید ہے جب کہ ناخن نیلے ہو چکے ہوں کوئی چیز اندر نہ ٹھہرتی ہو مایوس ہو آٹھ خوراک سے مریض تندرست ہو جاتا ہے ایک حکیم صاحب نے اس کو خاندانی راز لکھا ہے

**ھوالشافی:** پودینہ آدھ سیر الائچی کلاں دو سیر۔ الائچی خورد ایک سیر دارچینی ایک سیر اجوائن ایک سیر۔ سنڈھ ایک سیر۔ کچور ایک سیر۔ مرچ سیاہ ایک سیر۔ لونگ آدھ سیر۔ سونف رومی ایک سیر۔ جائفل ایک سیر۔ جاوتری ایک سیر۔ برگ پان ۲ سیر۔ سونف ۲ سیر۔ گندھک آملہ سار ایک سیر۔ مرچ سرخ ایک سیر۔ پیاز کتر کر دس سیر۔ عود ہندی ایک سیر۔ ناگر موتھا ایک سیر۔ تیزپات ایک سیر۔ گل سرخ تین سیر ان تمام ادویہ کو بھگو کر عرق نکال لیں جو کہ دواؤں کے وزن کے برابر ہو۔

**خوراک:** صرف ۲۔۲ تولہ پلاتے جائیں اس کی آٹھ خوراک سے مریض ہیضہ آخری حالت میں بھی ہو تو درست ہو جائے گا۔ لاجواب عرق ہے یہ زیادہ ادویہ کا ہے۔

## (۹۰۴) عرق:۲

**ھوالشافی:** پودینہ۔ پیاز۔ سونف ۳۔۳ پاؤ ادرک۔ پوست بیخ مدار۔ گل سرخ ۱۰۔۱۰ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۵ تولہ۔ کوٹ کر صرف چار بوتل عرق نکال لیں۔

**خوراک:** ۴ تولہ یہ بھی مجرب ہے۔ یہ دونوں عرق حکیم محمد حسین مرحوم عیسیٰ لاہور نے پرچہ ''حکمت'' میں چھپوائے تھے۔ اور مصبر مرکی۔ زعفران مساوی الوزن بنا کر بطور حفظ ماتقدم بھی مفید ہیں۔ ایام وباء میں کھانا مفید ہے۔

## (۹۰۵) حب تریاق ہیضہ

ایک دواخانہ کا راز ہے وہ فرماتے ہیں کہ پہلے سفوف ہاضمہ کی تین چار خوراک دیں

جب قے کی شدت نہ رہے تو حب تریاق ہیضہ ایک گولی کھلا دیں دوسری گولی پھر کھلائیں پھر اس کے بعد تیسری گولی دیں۔ تین گولی سے زیادہ ضرورت نہ ہوگی۔

**ھوالشافی:** چھلکا لال مرچ ۹ ماشہ۔ ہینگ بریاں ایک تولہ۔ کافور۔ افیون ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ۔ عرق پیاز سے کھرل کر کے دانہ موٹھ کے برابر گولیاں بنالیں یہ گولیاں ہی تریاق ہیضہ میں اور حکیم یار محمد صاحب آف للیانی کے مجربات سے ہیں۔

**ھدایات:** مریض ہیضہ کی قے بند نہ کریں کیونکہ اس سے زہریلا مادہ اندر رک جاتا ہے بلکہ اس کو نیم گرم پانی نمک ایک تولہ ملا کر پلا دیں جس سے کھل کر قے ہو جائے تاکہ زہریلا مادہ خارج ہو جائے اسی طرح اسہال بھی فوراً بند نہ کریں اس سے اپھارہ ہو جائے گا اور زہریلا مادہ رک جائے گا تو دل و دماغ کو نقصان دے گا بلکہ اگر اسہال نہ آتے ہوں تو ذیل کا جوشاندہ پلائیں۔

## (۹۰۶) جوشاندہ

**ھوالشافی:** گل سرخ ۶ ماشہ۔ عرق گلاب ۱۵ تولہ میں جوش دیں اور چھان کر شربت انار ۲ تولہ اور عرق بید مشک ۵ تولہ ملا لیں۔ اس کا ہیضہ کے مریض کے پلانا اکسیر ہے۔ اگر اس میں ناریل دریائی ۱۶ رتی زہر مہرہ خطائی ایک ماشہ ملا کر پلا دیں تو تریاقی اثر پیدا ہو جاتا ہے اور مریض کے حق میں مفید ہوگا۔ (نقل کنز المجربات حصہ اول)

## (۹۰۷) شورہ قلمی

ہیضہ کے مریض کا پیشاب بھی بند ہو جاتا ہے اس کے لیے جسم کو گرم کریں اور چوہے کی مینگنیاں اور شورہ قلمی ۵-۵ تولہ باہم ملائیں اور گھوٹ کر ناف کے اوپر لیپ کریں اگر چوہے کی مینگنیاں نہ ملیں تو صرف شورہ ۱۰ تولہ کا لیپ کریں اس سے پیشاب کھل جائے گا ان شاء اللہ۔ ہیضہ کے مریض کو نیند نہیں آتی اس لیے بھینس کے دودھ میں نمک ملا کر پاؤں کے تلوں پر مالش کریں اس سے نیند آ جاتی ہے نیز مکڑی کا سفید جالا باریک کر کے سرمہ بنا کر لگانے سے بھی مریض ہیضہ کو نیند آ جاتی ہے اور مریض کو سکون مل جاتا ہے۔

## (۹۰۸) بتاشہ

ایک وید صاحب جن کا نام ''رام رکھا'' تھا انہوں نے اپنا مجرب نسخہ ۱۹۴۴ء میں مجھ کو

عطا فرمایا وراس کے مجرب ہونے کا یقین دلوایا اور کہا کہ یہ میرا مجرب ہے اس کو نوٹ کرلیں۔

**ھوالشافی :** مرچ سیاہ۔ فلفل دراز۔ بتاشے ڈھائی ڈھائی تولہ لے کر ایک بوتل عرق گلاب تیز سے کھرل کر حب بقدر دانہ جنگلی بیر بنا کر رکھیں اور مریض ہیضہ کو ایک ایک گھنٹہ کے بعد کھلاتے رہیں اس سے ان شاء اللہ ہیضہ کے تمام عوارض کافور ہوں گے۔

## (۹۰۹) جواہر مہرہ

ہیضہ کے مریض کو کمزوری از حد ہو جاتی ہے لہٰذا جواہر مہرہ ایک خوراک۔ دوائے مسک معتدل میں رکھ کر کھلائیں اس سے کمزوری دور ہو گی یا وقتی طور پر کستوری ایک رتی۔ عنبر ایک رتی۔ ورق سونا ۵ عدد۔ منقیٰ ۵ دانے میں کوٹ کر اس کی دس گولیاں بنا کر دیں۔ اس سے ان شاء اللہ کمزوری دور ہو گی۔ یہ گولیاں لاجواب مقوی ہیں اور ہر مریض کی کمزوری کی دافع ہیں۔ تشنج کی حالت میں اجوائن دیسی اور نمک باریک کر کے یا سونڈھ اور نمک باریک کر کے ہاتھوں اور پاؤں پر خشک مالش کریں اس سے تشنج دور ہو گا اور جسم گرم ہو گا یا اور تھوم کوٹ کر ناخنوں پر باندھ دینے سے بھی تشنج دور ہو جاتا ہے اور حکیم نور دین نائی۔ خلیفہ۔ قادیانی پٹیالہ گراؤنڈ لاہور کا بیان کردہ ہے۔

## (۹۱۰) اکسیری جوشاندہ

پودینہ ۵ تولہ۔ دھنیا خشک ڈھائی تولہ۔ سونف ایک تولہ۔ اجوائن ایک تولہ۔ مرچ سرخ ایک تولہ۔ الائچی کلاں ۵ عدد۔ دو سیر پانی میں جوشا دیں جب پانی ڈیڑھ سیر رہ جائے تو بوتل میں بند کر لیں اور بچوں ایک ایک چمچی چھوٹی اور بڑوں کو چمچی کلاں پلاتے جائیں اس سے ہیضہ کے عوارضات دور ہوں گے لاجواب غریبانہ جوشاندہ ہے ہر غریب امیر استعمال کر سکتا ہے اور مجرب ہے۔

## (۹۱۱) اکسیری آب

**ھوالشافی :** آب کریلہ۔ آب پودینہ سبز۔ آب پیاز۔ آب لیموں۔ آب ادرک یہ پانچ پانی مساوی الوزن لے کر بوتل میں بند کر لیں اور حفظ ما تقدم کے طور پر ایک چمچی پی لیا کریں اور مرض کی حالت میں ایک ایک چمچہ دیتے جائیں۔ جب ہیضہ کا مریض برف کی مانند سرد ہو چکا ہو اس وقت بھی دینے سے قے اسہال بند ہو کر مریض کو موت کے پنجہ سے بچا سکتی ہے۔

پانچ بوٹیوں کا کرشمہ ہے۔ میرے خیال میں ہیضہ کی گولیاں ان پانچ پانیوں سے بنائی جائیں تو انشاء اللہ مفید ثابت ہوں گی۔

## (۹۱۲) اکسیر جوشاندہ

اس جوشاندہ کو عام آدمی بھی جانتا ہے۔ آپ نے اکثر لوگوں کو یہ کہتے سنا ہوگا کہ اس کو کاہڑہ پلا دیں۔

**ھوالشافی :** سونف۔ پودینہ۔ اجوائن۔ کچور۔ زیرہ سیاہ۔ سنڈھ۔ دارچینی۔ الائچی کلاں۔ نمک سیاہ ۶۔۶ ماشہ لے کر ایک سیر پانی خوب جوشائیں جب پانی آدھا رہ جائے تو پن کر قدرے قدرے پلاتے جائیں۔

**فوائد:** دردمعدہ، قے، اسہال، بدہضمی، ہیضہ کے عوارض دور ہوں گے۔ اور جسم سرد ہونے پر لونگ تین ماشہ ابال کر پلا دیں جسم گرم ہوگا۔

## (۹۱۳) حب اکسیر اعظم

**ھوالشافی :** رائی ۱۲ تولہ۔ مرچ سرخ ۱۲ تولہ۔ کچلہ مدبر چار تولہ۔ کشتہ فولاد چار تولہ۔ سم الفار سفید ۳ ماشہ کو کھرل کر کے گولیاں بنا دیں جو کہ خشک ہو کر نخود کے برابر رہ جائیں۔

**خوراك :** ایک گولی سے ۲ گولی تک ہمراہ قہوہ مناسب بدرقہ۔ جب کسی مریض کا جسم کسی مرض میں ٹھنڈا ہو کر تشنج شروع ہو جائے۔ کمزوری ہو تو اس وقت ایک گولی باریک کر کے ہمراہ قہوہ ۱۰۔۱۰ منٹ کے بعد دیتے جائیں تیسری خوراک سے جسم گرم ہونا شروع ہو جائے گا۔

**فوائد :** عصبی امراض فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ ادھرنگ ریاحی دردوں کو فوری طور پر آرام ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ مقوی معدہ ہے اگر مریض بولنا بند ہو گیا ہو تو بھی بولنے لگ جاتا ہے۔ مریض ہیضہ میں تین خوراک سے آرام ہو جاتا ہے جوں جوں آرام آتا جائے وقفہ زیادہ کرتے جائیں۔ یہ مجرب نسخہ نظریہ مفرد اعضاء والوں نے تحریر کیا ہے اور ہمارا معمول مطب ہے اور سینکڑوں طبیب نظریہ مفرد اعضا اس کو استعمال کر رہے ہیں اور سارے ہی تعریف کرتے ہیں۔

## (۹۱۴) مرچ

مرچ سرخ۔ رائی ۴۔۴ تولہ۔ سم الفار سفید ایک ماشہ۔ ملا کر سفوف بنا کر گولیاں بنالیں

اور قہوہ سے دیں۔ اس سے مریض ہیضہ اگر آخری حالت میں ہو تب بھی مفید ثابت ہوگا اس کا تجربہ بھی کیا ہے یہ بھی نظریہ مفرد والوں کا مجرب ہے۔

## (۹۱۵) اکسیر اسہال

اگر اسہال بند نہ ہوں تو یہ نسخہ جو کہ ہزار ہا طبوں ویدوں کا روزانہ کا معمول مطب ہے۔ دیں۔ اس سے ان شاء اللہ دوسری خوراک سے اسہال بند ہوں گے اس کا نام گنگا دھر رس ہے۔

**ھوالشافی :** پارہ۔ گندھک آملہ سار۔ ناگر موتھا۔ موچرس۔ لودھ پٹھانی۔ بیل گری۔ گل دھاوا۔ اندر جو۔ افیون۔ مثل سرمہ باریک کریں مساوی الوزن لے کر مثل سرمہ باریک کریں۔

**خوراک :** جوان کو ایک رتی سے ۲ رتی تک آب انار دانہ۔ شربت انجبار۔ شربت انار سے دیں۔ دو خوراک سے اسہال بند ہوں گے اگر قے آ رہی ہو تو مصطگی ۴ رتی فی خوراک ملا کر دیں۔ یہ لاجواب نسخہ ہے۔ ہزار ہا اطباء کا مجرب ہے میں تیار کر کے ضرور رکھتا ہوں۔

# ڈکار

## (۹۱۶) ڈکاریں آنا

اس کے لیے ایک مجرب نسخہ حاضر ہے۔

**ھوالشافی :** سونف۔ دانہ الائچی کلاں۔ مصطگی رومی۔ ایک ایک تولہ۔ گلقند ۵ تولہ۔ باریک کر کے ملا کر معجون بنا دیں۔

**خوراک :** ۶۔۶ ماشہ صبح و شام کھلائیں۔ اس سے کثرت سے ڈکار آتے رک جائیں گے عرق پودینہ۔ عرق سونف۔ عرق اجوائن۔ تینوں ملا کر پلانا بھی کثرت ڈکار کو مفید ہیں۔ عرق ذرا تیز نکال لیں جو کہ ۱۰۔۱۰ تولہ دوائی فی بوتل آ جائے قدرے چینی ملا کر پلائیں۔

## (۹۱۷) جوارش دار چینی

**ھوالشافی :** دار چینی۔ سنڈھ۔ پودینہ۔ عود ہندی۔ دو دو تولہ۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ مصطگی۔ چھڑیلہ۔ لونگ۔ الائچی۔ سونف۔ تگر۔ راسن۔ تج۔ سونف رومی ایک ایک تولہ۔ شہد

سہ چند۔

**خوراک :** ٦۔٦ ماشہ۔کھلانا ریح۔ نفخ۔ بلغم۔ بادی اور درد معدہ کو دور کرنے میں مفید۔ایک حکیم جو کہ میرے دوست تھے انہوں نے اپنا مجرب نسخہ جو کہ تمام عمر کا معمول تھا۔ بتایا اور معمول مطب بنانے کی ہدایت کی۔

## (۹۱۸) سفوف معدہ

دافع ریاح و نفخ معدہ۔ تقویت معدہ۔ ہاضم اثرات پیدا کرنے والا ہے۔ صاحب قرابادین مجددی کا معمول مطب تھا۔

**هوالشافی :** ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ کے چھلکے۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ سنڈھ۔ اجوائن دیسی۔ اجوائن خراسانی۔ ول اجوائن۔ نمک طعام۔ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر ۵۔۵ تولہ باریک کریں۔

**خوراک :** ۳۔۳ ماشہ ہمراہ آب گرم یہ ایک لاجواب چورن ہے کیونکہ ترپھلہ اور ترکٹہ دونوں مل کر تریاقی اثر پیدا کرتے ہیں۔

❀❀❀

# امراض جگر

بالعموم ضعف جگر۔ ورم جگر۔ درد جگر۔ یرقان۔ سوء القینہ۔ استسقاء کے امراض اس کے ذیل میں آتے ہیں۔

جگر ایک عضو رئیس ہے جو کہ روح طبعی کا معدن ہے دراصل یہ ایک جما ہوا خون سرخی مائل بہ سیاہی رنگ کا ایک عضو ہے یہ جسم میں دائیں طرف کی پسلیوں کے نیچے اور معدہ کے اوپر رکھا ہوا ہے۔ فی الحقیقت انسانی ہستی کی صحت و بقا میں جگر کو بہت بڑا دخل ہے جوہر حیات خون اسی عضو میں پیدا ہوتا ہے۔ مرارہ۔ طحال۔ گردہ و مثانہ سب اسی کے تابع ہیں۔ اس لیے اس عضو میں نقص آ جانے سے بہت سی بدنی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں لہٰذا اس کی صحت کا خیال رکھیں۔

## (۹۱۹) سفوف اکسیر جگر

**ھوالشافی :** خبث الحدید مدبر۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ ایک ایک پاؤ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ سنڈھ۔ چار چار تولہ۔ پہلی چار ادویہ کو باریک کر کے کسی چینی یا مٹی کے برتن میں ڈال کر اس کے اوپر گائے کا دہی اس قدر ڈالیں کہ تمام ادویہ کے اوپر چار چار انگل چڑھ جائے پھر اس کو باریک رومال سے ڈھک کر رکھیں اور دن میں تین بار ہلا دیا کریں اور گرمیوں میں چار روز سردیوں میں آٹھ روز اگر دہی خشک ہو جائے تو قدرے اور ڈال دیں جب بالکل خشک ہو جائے تو ادویہ کو باریک کر کے اس میں ترکٹہ کا سفوف ملا لیں تیار ہے۔

**خوراک :** ۳ ماشہ ہمراہ دہی صبح کو صرف ایک خوراک اگر دہی نہ مل سکے تو چھاچھ سے ہی کھا لیں یہ ایک لاجواب سفوف ہے۔ جس میں ترپھلہ اور ترکٹہ ملا کر منور کو کشتہ کیا گیا ہے جس کو کئی خاندان تیار کر کے استعمال کر رہے ہیں۔ یہ ضعف جگر کا مجرب علاج ہے اس سے یرقان بھی دور ہو جاتا ہے۔ ہاتھ پاؤں پھول جاتے ہوں اور جسم میں خون کا نام تک نہ ہو زردی ہی

زردی جسم پر ہو تو اس سے از سرِ نو خون پیدا ہو جاتا ہے میں نے اس کو بنا کر کئی آدمیوں کو دیا ہے۔

## (۹۲۰) آب گھیکوار

مریض جوان العمر مطب میں لایا گیا جس کو عام کمزوری اور زردی تھی چلنے سے دم پھول جاتا تھا۔ یہ سفوف اوپر والا ہی دیا گیا اور ساتھ بعد از غذا حب کبد نوشادری جس کی آب گھیکوار سے گولیاں بنائی تھیں دی گئیں آٹھ دن کے بعد مریض آیا جو کہ بالکل تندرست تھا اس طرح سے میں نے کئی علاج کیے اور اس کے بعد وہ مریض کئی بار ملے اور دیگر مریضوں کو لاتے رہے۔

## (۹۲۱) ضعف جگر

مریض جوان العمر۔ ضعف جگر سے کمی خون کا مریض ہو گیا۔ کام کاج کرنے سے رہ گیا وہ ہمارا ملازم بھی تھا۔ اس کو یہ گولیاں دی گئیں جو کہ ایک حکیم صاحب نے ہم سے ہی تیار کروائیں تھیں۔

**ھوالشافی :** ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ مجیٹھ۔ ۵۔۵ تولہ۔ مگھاں ایک تولہ۔ برادہ آہن یا منور ۵ تولہ۔ مصری کوزہ ۱۰ تولہ۔ لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر دہی تین سیر بذریعہ کھرل جذب کریں حتیٰ کہ برادہ کی بالکل رگڑ ختم ہو جائے۔ جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں ایک گولی صبح دہی کے ساتھ کھلائیں۔ یرقان، کمی خون، ورم طحال کے لیے یہ گولیاں لاجواب ثابت ہوئیں۔

## (۹۲۲) ملیریا بخار

مریض عمر ۲۲ سال کو ملیریا بخار ہوا جو کہ ۶ ماہ تک متواتر آتا رہا اس سے مریض کو ورم جگر ہو گیا اور پاؤں پر ورم آ گیا اور بخار بھی ساتھ ہی تھا مریض نے بہت کوشش کی لیکن شفا نہ ہوئی والدین کا اکلوتا بیٹا تھا اس کا باپ آ کر رونے لگ گیا اور کہا کہ ایک ہی بیٹا تھا اس کی زندگی سے مایوس ہو چکا ہوں اور علاج کے لیے کہا اس کے لیے یہ علاج تجویز کیا۔

**ھوالشافی :** گلو۔ تخم کاسنی۔ سونف۔ تخم خربوزہ ۶۔۶ ماشہ۔ جوش دے کر چینی ملا کر اس کے ساتھ کشتہ ابرک سیاہ ایک رتی دی گئی اس سے لڑکے کا بخار اتر گیا۔ اس کے بعد یہ عرق

نکال کر دیا گیا۔

## (۹۲۳) عرق

**ھوالشافی :** پیلک خشک۔ دار چینی ۱۰۔۱۰ تولہ۔ سونف۔ پودینہ ۲۰۔۲۰ تولہ۔ تخم کاسنی۔ آدھ سیر اس کا عرق بقدر ۵ بوتل نکال کر دیا گیا اور اس کے ساتھ یہ سفوف دیا گیا۔

## (۹۲۴) سفوف

نوشادر ایک تولہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔ افسنتین رومی ۳ تولہ۔ ریوند خطائی ۵ تولہ باریک کر کے ۴ رتی دن میں تین بار دیا گیا اس سے بخار کا اثر دور ہو گیا ورم اتر گیا اور بھوک کھل گئی۔ اس کے بعد کمی خون کے لیے ایک پونڈ شربت فولاد پلایا گیا۔ مریض بالکل تندرست ہو گیا۔ جملہ کمزوریاں دور ہو گئیں۔ یہ عرق جگر و طحال و معدہ کی ورم اور ریاح کو مفید ہے اور مریض آج تک تندرست ہے یہ واقعہ آج سے پچاس سال کا ہے۔

## (۹۲۵) ریوند خطائی

مریضہ عمر ۲۰ سال عرصہ چھ ماہ سے بخار میں مبتلا تھی ہاتھ پاؤں اور چہرہ پر ورم اور رنگ زرد ہو چکا تھا۔ اس نے کئی سیانوں سے علاج کروایا لیکن آرام نہ آیا۔ کسی نے میری طرف آنے کو کہا میں نے مریضہ کو دیکھا اسے حوصلہ دیا اور یہ سفوف دیا گیا۔

**ھوالشافی :** افسنتین رومی۔ ریوند خطائی۔ نوشادر ۵۔۵ تولہ۔ شورہ قلمی ۱۰ تولہ۔ کونین فولادی ایک تولہ باریک کر کے چار چار رتی کی پڑیاں تیار کر کے عرق مکو و کاسنی سے دینا شروع کر دیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے بخار بھی دور ہو گیا اور ورم بھی اتر گیا اس طریقہ علاج سے درد جگر۔ سدہ جگر۔ پرانا ملیریا۔ سوء القینہ دور ہو جاتے ۔ اس نسخہ سے ورم طحال اور ورم جگر دور ہو جاتے ہیں۔ اس طریقہ علاج سے کئی علاج کئے جو کہ تمام کامیاب ہوئے اور میں علاقہ بھر میں مشہور ہوا۔

## (۹۲۶)

ایک مریض جوان سال کو مطب میں لایا گیا اس کے جسم میں ایک قطرہ خون نہ نظر آتا تھا۔ نکسیر۔ خونی اسہال۔ عورتوں کو ماہواری زیادہ آنے دو بچوں کو دودھ پلانے سے یا خون کی

بوتل دینے سے ہوتا ہے۔ اسی طرح ملیریا بخار میں زیادہ مبتلا رہنے جیل میں جانے غم میں مبتلا ہونے سے یا ایسے مکان میں رہنے سے جس میں دھوپ اور ہوا نہ لگتی ہو کمی خون ہو جاتی ہے اس کو یہ سفوف دیا گیا۔

**ھوالشافی :** ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ کے چھلکے۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ سنڈھ۔ ناگر موتھا۔ باؤبڑنگ۔ پوست بیخ چترا۔ اگر نہ ملے تو صرف چترا ہی باریک کر لیں اور ادویہ اگر ایک ایک تولہ ہوں تو کشتہ فولاد ۹ تولہ شامل کریں۔ اس کا نام نوائس لوہ ہے اگر کشتہ منور شامل کریں تو اس کا نام نوائس منڈور ہوگا اجزاء کو بہت زیادہ باریک کریں۔

**خوراک :** ایک ایک ماشہ یا ۴۔ ۴ رتی ہمراہ بول گائے یا چھاچھ ترش یا عرق کاسنی ۷ تولہ یا جوشاندہ بیخ کاسنی سے صبح وشام دیں یہ ویدک کا نسخہ ہے جس کا نام نوائس لوہ ہے اس سے کمی خون دور ہوگئی۔ چہرہ سرخ ہو گیا اور لاچار مریض تندرست ہو کر کام کاج کرنے لگ گیا اس نسخہ سے اور بھی کئی مریض راضی ہوئے آیورویدک والے اس کو تیار رکھتے ہیں۔

## (۹۲۷) جوارش فنجوش

ضعف جگر۔ کمی خون کا لاجواب کورس۔ مریض عمر جوان کمی خون قبض اور کمزوری عام کا شکار تھا وہ کئی حکیموں سے علاج کرا چکا تھا آخر مطب میں حاضر ہوا اور تمام شکایات بیان کیں۔ اس کا علاج اس طرح کیا کہ جوارش فنجوش تیار تھی وہ یہ ہے۔

یہ جوارش تمام سرد امراض کو مجرب ہے مایوسی کے بعد شہوت میں تحریک پیدا کرتی ہے تخمہ۔ بدہضمی۔ غیثان۔ ضعف جگر۔ سوء القینہ اور بواسیر کو نافع ہے۔ یہ نسخہ عجائب مکتومہ سے ہے۔

**ھوالشافی :** برادہ فولاد لے کر اس میں تیز سرکہ ڈال دیں اور سات دن تک بھگوئیں اس کے بعد سرکہ گرا کر نیا ڈال دیں اس طرح سات بار کریں۔ اگر برادہ باریک ہو جائے تو ٹھیک ورنہ دوبارہ یہی عمل کریں فولاد کا یہ کشتہ۔ چار تولے ہلیلہ کابلی ۔ ہلیلہ زرد۔ آملہ۔ بلیلہ۔ ان کے چھلکے ۲۔۲ تولہ کلونجی۔ مصطگی رومی۔ عود ہندی۔ ایک ایک تولہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز ناریل۔ لونگ۔ سنڈھ۔ دارچینی ۶۔۶ ماشہ۔ شہد سہ چند ملا لیں۔

**خوراک :** چار ماشہ۔ کبھی اس میں کستوری اور عنبر بھی ملا لیتے ہیں جس سے خوشبودار اور سریع

الاثر ہو جاتی ہے۔ یہ معجون قدما کی ایجاد ہے اور خاص کر علامہ انطا کی نے اس کو اپنے معمولات میں شامل کیا ہے میں نے بھی اس معجون یا جوارش کو تیار کر کے مریضوں کو دیا واقعی کمی خون یا جو اوصاف پہلے لکھے ہیں ان میں مفید پایا۔

اس کے ساتھ ایک عرق بطور معاون بھی دیا وہ بھی ایک لاجواب ہے۔

## (۹۲۸) عرق فولاد

یہ نسخہ ایک حکیم صاحب تیار کرتے اور اس کو مخفی رکھتے اور اس کا اشتہار اس طرح دے رکھا تھا معدہ جگر کی کمزوری اور عام نقاہت بدن کے لیے از بس مفید ہے رنگ کو سرخ کرتا ہے اور جسم میں طاقت بھرتا ہے دل میں سرور اور تفریح پیدا کرتا ہے فی الواقع یہ اسرار مکنونہ اور مجربات مکتوبہ سے ہے۔ اکثر حکما نے اس سے لاکھوں روپے کمائے وہ یہ ہے۔

**ھوالشافی :** جڑ کاسنی۔ تخم کاسنی۔ گل سرخ۔ جڑ سونف۔ پیپلک۔ ۵۔۵ تولہ۔ بال چھڑ۔ تیز پات۔ الائچی خورد۔ زرنباد۔ سونف رومی۔ تخم کرفس۔ عود ہندی۔ دارچینی۔ صندل سفید۔ کشنیز خشک۔ ا۔ا تولہ اذخر ۹ ماشہ۔ رات کو ۱۲ سیر پانی میں بھگو کر صبح کو دس بوتل عرق نکال لیں اور فی بوتل ٹنکچر سٹیل چار ڈرام سپرٹ ایمونیا ایرومیٹک ایک اونس اور لائیکوار آرسینی گیلس ایک ڈرام ملا لیں۔ اکسیری عرق تیار ہے۔

**خوراک :** عرق تین تولہ شیر گاؤ ایک پاؤ میں ملا کر صبح و شام پلانا بعد از غذا مفید ہے قدرت حق کا تماشہ دیکھیے یہ عرق واقعی ان اوصاف کا حامل ہے۔ ٹنکچر سم الفار۔ ٹنکچر فولاد اور سپرٹ تینوں انگلش ادویہ کے بغیر ۵ تولہ ہیں لیکن میں ان کے ملائے بغیر اس کو معجون کے ساتھ دیا کرتا تھا اس سے واقعی جگر کی کمزوری اور کمی خون دور ہو گیا اور چہرہ مثل انار کے ہو جاتا ہے یہ عرق کا نسخہ مخفی تھا مجھ کو کسی طرح ہاتھ لگ گیا مجرب ہے۔ یہ معجون اور عرق مل کر لاجواب کورس بن جاتا ہے اس کو معمول بنا لیں آپ کو شہرت دے گا۔

## (۹۲۹) شربت فولاد

چند آدمیوں نے مجھ سے ذکر کیا کہ ہمارے حکیم صاحب ایک عرق تیار کرتے ہیں اور اس کا شربت بنا کر دیتے ہیں جس سے کمی خون کے مریض تندرست ہو جاتے ہیں۔ یہ حکیم صاحب بھی اپنے واقف تھے کیونکہ میں ان کے رشتہ داروں کے گھر کا معالج تھا۔ نسخہ لینے کے

لیے حاضر ہوا انہوں نے مجھ کو فوراً بتا دیا اور کہا کہ آنے کی کیا ضرورت تھی رقعہ بھیج کر منگوا لیتے نسخہ یہ ہے۔

**ھوالشافی :** برادہ فولاد۔ ترپھلہ۔ تخم کاسنی۔ مویز منقیٰ۔ مجیٹھ۔ ایک ایک پاؤ۔ صندل سفید آدھ پاؤ۔ چھاچھ اور پانی سادہ چار چار سیر میں بھگو دیں۔ چار یوم کے بعد اس کا عرق نکال لیں اور آدھی بوتل عرق میں آب انار شیریں ایک پاؤ ملا کر تین پاؤ چینی ملا کر شربت تیار کریں۔ اس میں روح کیوڑہ اعلیٰ درجہ ۲ تولہ اور رنگ سرخ ملا لیں اور بوتل میں بند کر لیں۔

**خوراک :** ۲-۲ تولہ صبح و شام بعد از غذا پانی ملا کر پلائیں یہ ہی نسخہ ہے جو کہ میں تیار کرتا ہوں اس کے استعمال سے زرد رو مستورات اور کمی خون کے کئی مریض مثل گلنار ہو چکے ہیں۔

## (۹۳۰) لاجواب کورس کمی خون

اگر جگر میں ورم نہ ہو تو اطبا دہلی کا یہ نسخہ مجرب ہے۔ حکیم اجمل خان اور دوسرے تمام حکماء کا معمول یہ ہے کہ کشتہ فولاد ایک رتی جوارش جالینوس میں رکھ کر غذا سے پہلے کھلانا اور بعد از غذا شربت فولاد ایک چمچہ پلانا اور اگر قبض ہو تو ہفتہ میں دو بار قرص ملین۔ تین عدد کھلانا کورس چالیس روز۔ اس میں شک نہیں کہ اس سے معدہ و جگر کا فعل درست ہو کر صحت ہو جاتی ہے۔ لاجواب کورس ہے۔

## (۹۳۱) واحد علاج

ایک حکیم صاحب کا برائے جگر لاجواب کورس۔ نہایت پیار کی وجہ سے مجھے بتا دیا اور فرمایا کہ یہ کمیٔ خون کا واحد علاج ہے اس نسخہ کی ہمارے علاقہ میں دھوم ہے نسخہ سفوف و شربت یہ ہے۔

**ھوالشافی :** تریاق جگر۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست بلیلہ۔ ریوند خطائی۔ سنڈھ۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ اجوائن دیسی۔ شورہ قلمی۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ ہر چار نمک ۱-۱ تولہ۔ سنا مکی۔ صندل سفید ۶-۶ ماشہ۔ سونف ۴ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ باریک کریں۔

**خوراک :** ۴ ماشہ سے ۶ ماشہ۔ ہمراہ مناسب بدرقہ۔

**فوائد:** کمزوریٔ جگر اور معدہ کا تریاق ہے۔ فعل جگر درست نہ ہونا کمزوری معدہ درد جگر۔ نفخ

جگر۔ تپ کہنہ جو کہ جگر معدہ کی خرابی سے ہوں۔ کثرت ریاح شکم اور بواسیر کو مفید ہے۔ اگر قبض زیادہ ہو تو سنا مکی ۵ تولہ کر لیں یہ ہاضمہ کی لاجواب پھکی بھی ہے اس کو شربت دینار کے ساتھ دینا ورم جگر کی حالت میں اور اگر ورم نہ ہو تو شربت فولاد کے ساتھ دیں۔

## (۹۳۲) ٹنکچر اسٹیل

شربت فولاد یہ ہے۔ یہ شربت ایک دواخانہ کا راز ہے اس کے استعمال سے کمزور سے کمزور جسم از سر نو تازہ ہو جاتا ہے گرمی کو زائل کرتا ہے تمام اعضاء طاقت ور ہو جاتے ہیں۔ سریع الاثر ہے۔

**ھوالشافی:** فیرائی ایٹ ایمونیا سائٹراس ایک تولہ۔ ٹنکچر اسٹیل ایک ایک تولہ۔ آب چونہ ڈھائی تولہ۔ مصری تین پاؤ۔ روح کیوڑہ ۵ تولہ۔ پانی ڈیڑھ پاؤ میں مصری کا قوام بنا دیں اور تمام اشیا باہم ملا لیں اور قوام ٹھیک کر لیں اور رنگ سرخ ملا لیں۔

**خوراک:** ڈھائی تولہ صبح و شام سرد پانی ملا کر پلائیں اور غذا مرغن کر دیں تا کہ قبض نہ ہو۔

**طریقہ تیاری:** آب چونہ اس طرح بنائیں کہ ۵ تولہ چونہ ان بجھا پیس کر ایک بوتل پانی میں ملا کر رکھیں اور دن میں تین چار دفعہ ہلا دیا کریں۔ تین دن کے بعد نتھار لیں یہی آب چونا ہے۔ داخل ترکیب کر لیں اس شربت کے ساتھ اوپر والا پوڈر کھلانا لاجواب کورس ہے۔ پہلے مریض کے پیٹ کو صاف کر لیں کہ اس کے لیے میگنیشیم سالٹ ۱۰ تولہ پانی میں گھول کر بوتل میں ڈال کر چار نشان لگا دیں اور قدرے فولاد ملا کر دیں اور مریض کو کہیں کہ اس کو تمام یوم میں پی لیں اس سے اسہال آئیں گے۔ مریض کی قبض دور ہو گی معدہ اور امعا صاف ہو جائیں گے تپ پوڈر شربت فولاد مذکور دیں فرمانے لگے یہ ہی ہمارا کورس ہے جس سے سینکڑوں مریض راضی ہو چکے ہیں یہ حکیم صاحب چاہ ماہ والا نزد چنیوٹ شہر اور خاندانی حکیم کے صاحب زادے نے بیان کیا۔

## (۹۳۳) اکسیر فولاد

**ھوالشافی:** ترکٹہ ۶ تولہ۔ (مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ سنڈھ) ۲-۲ تولہ۔ ترپھلہ۔ (ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ کے چھلکے ۱۰-۱۰ تولہ)۔ برادہ لوہا چار تولہ۔ دہی ترش تین پاؤ میں ڈال کر رگڑیں کہ لوہے کی رڑک نہ رہے اور خشک ہو جائے۔

خوراک: ۴ رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ دہی یا لسی۔

فوائد: کمی خون۔ زردی بدن نیز جریان سرعت انزال سانس چڑھ جانا کے لیے مجرب ہے۔ "الحکیم" کے پرانے فائلوں میں ہے۔ ایک صاحب نے تیار کر کے مفید پایا اور اس نے مجھ سے ذکر کیا۔

## (۹۳۴) حکایت لو

ایک بوڑھے انصاری نے مجھ سے ذکر کیا کہ میں گندم کاٹنے اور اس کے سنبھالنے میں کام کرتا رہا جس سے مجھ کو تاؤ لگ گیا اور مجھ سے چلا بھی نہ جاتا تھا۔ رنگ زرد ہو گیا بھوک بالکل بند ہو گئی اور بڑے میاں جی سے ذکر کیا انہوں نے فرمایا کہ رب انار تیار کر لیں آب انار تین پاؤ میں تین پاؤ چینی تیار کر کے شربت بنا لیں۔ ایسا ہی کیا اس کے استعمال سے تمام تاؤ ختم ہو گیا۔ زردی جسم ختم ہو گئی اور میں کام کاج لگ گیا۔ ٹھیک ہے قدرت نے انار میں یہ خاصیت رکھی ہے کہ امراض جگر میں اکسیر ہے اس لیے متقدمین نے رب انار شربت انار اور جوارش انارین تیار کئے ہیں۔ مفید ہے۔

## (۹۳۵) حکایت

ایک مہاجر بزرگ نے ذکر کیا کہ ہمارے ہاں ایک مریض کمی خون کا شکار تھا اور غریب بھی تھا ایک حکیم صاحب تشریف لائے ان سے غریبی اور بیماری کا ذکر کیا تو فرمانے لگے آپ ایسا کریں کہ ایک پاؤ دہی لے کر لوہے کی کڑاہی میں ڈال دیں اور لوہے کے وٹہ سے رگڑنا شروع کریں۔ جب دہی سیاہ ہو جائے تو قدرے مصری ملا کر چاٹ لیا کریں ایسا ہی کیا گیا اس سے مریض ٹھیک ہو گیا زردی جسم ختم ہو گئی۔

**نکات مطب:** لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے بٹہ سے رگڑنے سے دہی میں فولاد مل گیا جس سے دہی سیاہ ہو گیا۔ بس مریض کو روزانہ فولاد اور دہی کی آمیزش سے آرام ہو گیا۔ اس سے سن کر کئی مریض اور بھی راضی ہوئے کم خرچ بالا نشین نسخہ ہے اس کو بھی اس لیے لکھ دیا ہے کہ مخلوق خدا کو فائدہ ہو۔

## (۹۳۶) سفوفِ فولاد

ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ کے چھلکے۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ سنڈھ۔ ریوند چینی۔ برادہ فولاد۔

۵-۵ تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ باریک کر کے لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آب انار کابلی ایک سیر ڈال دیں۔ اور ڈھانپ کر رکھ دیں جب خشک ہو جائے تو اور ڈال دیں اسی طرح تین بار تر وخشک کریں اور باریک کر کے رکھیں۔

**خوراک:** ۲ ماشہ صبح کو دہی سے کھائیں اس نسخہ کے استعمال سے کمی خون پوری ہو جاتی ہے۔ حکیم محمد رمضان ناصر فیصل آباد کے مشہور حکیم گذرے ہیں ان کا مجرب ہے۔

## (۹۳۷) کشتہ فولاد بارد

برادہ فولاد حسب ضرورت لے کر چینی کے برتن میں ڈال کر اوپر سے آب جامن اس قدر ڈالیں کہ چار انگل چڑھ جائے پھر پھل انار ترش کا پانی ڈال دیں کہ چار انگل اوپر آ جائے پھر خشک ہونے پر آب لیموں بھی اس قدر ڈالیں کہ چار انگل اوپر آ جائے خشک ہونے پر باریک کھرل کریں۔

**خوراک:** ایک رتی سے ۲ رتی ہمراہ مکھن یا ملائی سے دیں۔

**نوٹ:** تین پانیوں سے فولاد گھل کر کشتہ ہو جائے گا یہ کشتہ آگ کے بغیر تیار ہوتا ہے۔

## (۹۳۸) کشتہ فولاد کیسی

ہیرا کسیس ایک پاؤ۔ میٹھا سوڈا ایک پاؤ۔ الگ الگ پانیوں میں حل کر لیں۔ پھر ایک بڑے برتن میں دونوں پانی ملا دیں دونوں کے ملنے سے ایک شور پیدا ہو گا۔ جھاگ پیدا ہو گی۔ برتن کھلا ہو کہ باہر نہ گر جائے چند منٹ میں پانی اوپر صاف ہو گا اس کو نتار دیں پھر دوبارہ اور پانی ڈال کر اچھی طرح حل کر کے نتھار لیں کہ کھارا پن ختم ہو جائے پانی تین بار بدلیں۔ پھر آگ پر رکھ کر خشک کریں۔ سرخ رنگ کا کشتہ تیار ہو گا۔

**خوراک:** ایک رتی ہمراہ مکھن ملائی سے دیں اس نسخہ کو تیار کر لیا جائے۔ یہ اچھا کشتہ فولاد ہے اور نظریہ مفرد اعضا والوں نے اس کو اپنے مرکبات میں شامل کرنا لکھا ہے ایک دن میں تیار ہو جاتا ہے میں اس کو کئی بار تیار کر چکا ہوں۔ اور اپنے مرکبات میں تیار کر کے ملا لیتا ہوں اس کے علاوہ فرائی ایٹ ایمونیا سائٹرالیس بھی کشتہ فولاد و انگریزی طریقہ کا تیار شدہ مل جاتا ہے۔ وہ بھی لاجواب ہے۔

## (۹۳۹) شربت فولاد

سادہ چینی کا شربت بنا کر اس میں فی خوراک فرائی ایٹ ایمونیا سائٹراس ڈھائی رتی ملا لیں۔ تھوڑے سے عرق گلاب میں حل کر کے ملا لیں اور ٹنکچر سم الفار۔ دو قطرہ فی خوراک ملا لیں۔ تیار ہے۔ یہ ہی شربت فولاد ہے اور سرخ رنگ ملا لیں یا تین پاؤ چینی کا شربت تیار کر کے اس میں فرائی ایٹ ایمونیا سائٹراس ڈیڑھ تولہ شامل کر لیں اور آرسینی کیلس ۴ ماشہ شامل کر لیں۔

**خوراک:** ایک ایک تولہ بعد از غذا دیں۔ اگر ٹنکچر کچلہ دو قطرہ فی خوراک کے حساب سے شامل کریں۔ شربت کڑوا تو ہو جائے گا لیکن فوائد میں کئی گنا بڑھ جائے گا میں نے آپ کے سامنے تمام تحقیقات لکھ دی ہیں جس طرح کا چاہیں تیار کر لیں۔ اس طرح اس نسخے میں فولاد۔ سم الفار۔ اور کچلہ آ جائے گا جو کہ مقویات کا عطر ہے از حد مقوی باہ مقوی جسم اور کایا پلٹ ہے اور دودھ گھی ہضم کرنے والا ہے۔ مقوی جگر مقوی اعصاب ہے یہ اس طرح بھی بن جاتا ہے۔ ٹنکچر نکس وامیکا ۲۴۰ قطرہ۔ ٹنکچر سٹیل ۳۶۰ قطرہ۔ ٹنکچر سم الفار ۶۰ قطرہ۔ ٹنکچر کارڈ کو ۲۴۰ قطرہ ایک بوتل میں ڈال کر ان کو ملا لیں اور چینی کا سادہ شربت اس قدر بنا لیں کہ وزن ایک پونڈ ہو جائے اور چائے کے ایک چمچ کے برابر پانی ملا کر پیویں یہ لاجواب شربت ہے۔

**فوائد:** مقوی اعصاب اور مولد خون ہے۔ ہضم کی اصلاح کرتا ہے غذا کو جزو بدن بناتا ہے۔ مقوی باہ ہے بیماری کے بعد کی کمزوری کو دور کرنے میں لاجواب ہے۔ میں نے اس کو تیار کر کے مفید پایا ہے ایک صدری راز ہے از حد مقوی باہ ہے چہرہ کو سرخ کر دیتا ہے۔

## (۹۴۰) ایک مخفی عرق

ضلع بہاولپور کے ایک قصبہ میں ایک صاحب کا عرق بیت مشہور ہو گیا اور کئی آدمی اس عرق کی بوتل کے خریدار نظر آتے۔ ادھر وہ صاحب اس کو مخفی رکھتے کسی کو نہ بتلاتے۔ ان کا اس عرق پر کاروبار چمکا۔ آخر ایک صاحب جو کہ اس علاقے کے پیر تھے وہ آئے اور نسخہ کو طلب کیا۔ فرمانے لگے مجھ سے تو انکار نہیں ہو سکے گا اس لیے پیر سمجھ کر بتا دیا اور دعا کا طالب ہوا۔ پیر صاحب نے دعا کی کہ خدا تعالیٰ تجھ پر راضی ہو ادھر پیر صاحب میرے دوستوں میں سے تھے انہوں نے تحفہ کے طور پر مجھ کو بتا دیا یہ ہے اس نسخہ کی داستان۔ پھر میں نے اس کو تیار کیا

اور مفید پایا بلکہ ایک ڈاکٹر صاحب کے بھائی کو دیا وہ بھی راضی ہوا۔

**ھوالشافی :** اجوائن۔ سونف۔ پودینہ۔ گلاب۔ کاسنی۔ پیلک مساوی الوزن لے کر عرق تیز نکال لیں۔ میرے خیال میں ادویہ ۱۰۔۱۰ تولہ فی بوتل لے آئیں۔ اب عرق کی ایک بوتل میں عرق بید مشک ایک تولہ اور فرائی ایٹ ایمونیہ سائٹراس ۹ ماشہ ملالیں تیار ہے۔

**خوراک :** ایک چمچہ کلاں بعد از غذا پلاتے رہیں۔

**فوائد:** کمزوری جگر اور کمی خون کو لاجواب ہے۔ بیماری کے بعد کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ مٹی کھانے والے بچوں کو دیں اس سے ہاضمہ بھی درست ہوگا اور مٹی کھانا بھی چھوڑ دیں گے۔ کرموں کا علاج کرنے کے بعد مریض کو پلا دیں اس سے ان کا جگر ٹھیک ہوگا کمی خون دور ہو گی۔ بیماری کے بعد کی کمزوری دور کرنے میں لاجواب ہے۔ جوارش جالینوس کے ساتھ دینا مجرب ہے۔ لاجواب مخفی چیز آپ کے سامنے حاضر کر دی ہے۔

## (۹۴۱) اکسیر بدن

جس ایک نسخہ سے ایک فوجی لاکھ پتی بن گیا۔ واقعی یہ ہوا کہ ایک آدمی کو یہ نسخہ کسی حکیم سے ملا وہ تیار کر کے ساتھ لے گیا اس سے لے کر ایک انگریز نے کھایا اس کو اچھا لگا اس نے دوسرے کو بتایا وہ لے گیا پھر ایسا ہوا کہ انگریز آتے اور اپنا ٹوپ اتار کر سامنے کرتے وہ آدمی اس میں دس خوراک ڈال دیتا اور انگریز جیب سے جتنے پیسے ہاتھ میں آتے رکھ کر چلے جاتے۔ وہ پیسے اپنے گھر بھیج دیتا وہ پچھلے اس سے زمین خرید لیتے اور کنوئیں لگوا کر فصل حاصل کرتے۔

**نسخہ :** منور حسب ضرورت لے کر کوٹ کر پانی سے دھوتے جائیں کہ مٹی نکل جائے۔ پھر انگوری سرکہ (سفید) اس قدر ڈالیں کہ دو انگل اوپر چڑھ جائے جب خشک ہو تو کڑاہی میں ڈال کر بادام روغن ڈالیں کہ خوب تر ہو جائے اور آگ پر رکھیں اور جس طرح دانے بھونے جاتے ہیں ہلائیں وہ پھول کر دانہ دانہ ہو جائے تو اتار کر باریک کریں اور اس کے برابر تخم الائچی خورد اور مصری کوزہ ہموزن شامل کر کے پڑیاں باندھ لیں۔

**خوراک :** ایک پڑیا صبح کو ہمراہ شیر گاؤ جوش دیں۔

**فوائد :** ضعف جگر و گردہ و مثانہ۔ زرد رنگت بیماری کے بعد کی کمزوری۔ یرقان۔ جریان۔

دماغی کمزوری۔ اگر اس کو تندرست شخص ہر سال ۱۰ خوراک کھائے تو قیام جوانی میں مدد دے۔ یہ نسخہ اس نے کسی کام کے بدلے مجھ کو تحفہ کے طور پر دیا۔ وہ آدمی ایک مہاجر تھا اس جگہ آ کر بھی بنا کر بناتا رہا اور مجھ کو بھی تیار کر کے چند خوراکیں ماشہ ماشہ کی دے گیا۔

## (۹۴۲) ایک حکیم صاحب کا راز

آب ہندوانہ ایک بوتل لے کر اس میں تین پاؤ چینی ڈال کر قوام کریں پھر اس قوام میں ست پودینہ۔ ست اجوائن۔ سپرٹ ایمونیا ایروٹیک ۶۔۶ ماشہ۔ ایک شیشی میں ڈال کر حل ہونے پر فرائی ایٹ ایمونیا سائٹراس ۵ تولہ حل کر کے دو دو اونس کی شیشیاں بند کر لیں۔

**خوراک:** ۱۰ قطرہ سے لے کر بیس قطرے یا بعد از غذا ویسے چاٹ لیں یا قدرے پانی ملا کر پی لیں میں نے اس کو خود تیار کیا واقعی مفید پایا اور یرقان کمی خون کے مریضوں کو دیا اس سے تمام کو فائدہ ہوا۔ اگر آب ہندوانہ یعنی تربوز نہ ملے تو سادے پانی میں بنا لیں لیکن آب تربوز والا مجرب ہے۔

## (۹۴۳) صندل سفید

ایک حکیم صاحب جو کہ ہمارے پیر بھائی تھے اور نہایت مہربان تھے انہوں نے اپنا ایک راز تحفہ کے طور پر عطا کیا اور اسے اپنا تمام عمر کا مجرب بیان کیا میں نے بھی یہ شربت کئی آدمیوں کو بنا کر دیا اور مفید پایا۔ چند قاطع صفرا ادویہ کے ساتھ فولاد ملا کر بنتا ہے۔

**ھوالشافی:** صندل سفید۔ مجیٹھ۔ زرشک شیریں۔ گل سرخ ۵۔۵ تولہ۔ پرسیاؤشاں ڈھائی تولہ۔ دو سیر پانی میں بھگو کر دوسرے دن جوش دیں ایک سیر رہ جائے تو پن کر ایک سیر چینی ملا کر شربت بنا دیں اور فرائی ایٹ ایمونیا سائٹراس ڈھائی تولہ شامل کر لیں۔ تیار ہے۔

**خوراک:** ایک ایک تولہ بعد از غذا تازہ پانی ۵ تولہ میں ملا کر دیں وہ مریض جو کہ گرمی کے دنوں میں چل بھی نہ سکتے تھے زردئ جسم تھی اس سے راضی ہوئے مریضوں نے بھی شربت کی تعریف کی خدا تعالیٰ ان کی مغفرت کرے۔

## (۹۴۴) کشتہ فولاد بارد

برادہ فولاد حسب ضرورت لے کر گودا کنوار گندل سے لوہے کے کھرل یا لوہے کی کڑاہی

میں کھرل کرنا شروع کریں۔ حتیٰ کہ برادہ کی رگڑ ختم ہو جائے اور اس قدر باریک ہو جائے کہ پانی پر ڈالنے سے پھیل جائے۔ اس کام میں ایک ماہ کے قریب وقت لگ جائے گا لیکن چیز نایاب بن جائے گی کنوار گندل ایک تریاق دوا ہے زبردست ہاضم مقوی معدہ ہے۔ کماری آسو اور کئی نسخہ جات کا جز ہے۔ اس کے پانی سے فولاد آہستہ آہستہ باریک ہو کر تریاق صفت کشتہ ہو جاتا ہے۔ وہ پرانے عمر رسیدہ مریض جن کے جگر و معدہ کام کرنا چھوڑ چکے ہوں اس کا استعمال ان کی صحت کو بحال کر دے گا کمی خون دور ہو گی ایک اسراری راز ہے ایک صاحب کا مجرب ہے۔

## (۹۴۵) ٹانکین

اس نام سے ایک اشتہاری نسخہ نظام آباد سے نکلتا رہا ہے نہایت اعلیٰ درجہ کا مفید تھا۔ اب اُس راز کو افشا کرتا ہوں۔

**ھوالشافی :** برادہ فولاد آدھ سیر۔ سنڈھ ۲۰ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲۰ تولہ۔ مگھاں ۲۰ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۲۵ تولہ۔ آملہ ۲۵ تولہ۔ بلیلہ ۲۵ تولہ۔ اسطوخودوس ۲۵ تولہ۔ پوست درخت جامن ۲۵ تولہ۔ بہمن سفید ۱۰ تولہ۔ بہمن سرخ ۱۰ تولہ۔ اجوائن ۱۰ تولہ۔ برگ جھاؤ ۱۰ تولہ۔ تخم کاسنی ۱۰ تولہ۔ باؤبڑنگ ۵ تولہ۔ سونف ۱۵ تولہ۔ ستاور ۱۰ تولہ۔ پوست مغیل ۲۰ تولہ۔ مجیٹھ ۱۰ تولہ۔ زیرہ سفید ۱۰ تولہ۔ آب برگ جامن ایک سیر۔ آب انار ترش ایک سیر کو پانی سادہ دس سیر میں بھگو دیں اور ایک مٹکے میں چالیس دن تک بند رکھیں اور دن میں ایک بار ہلاتے رہیں چالیس دن کے بعد اس کا عرق دس بوتل کشید کریں۔ اور عرق ایک بوتل میں چینی ڈیڑھ سیر شامل کر کے قوام کریں اور فرائی ایٹ ایمونیا ایک تولہ شامل کر لیں تیار ہے۔

**خوراک :** ایک ایک تولہ صبح و شام پانی یا عرق سونف ۵ تولہ ملا کر پلایا کریں۔

**فوائد :** مقوی جگر۔ مقوی باہ۔ ممسک۔ مفرح۔ خون افزا۔ دافع ورم طحال و سرعت۔ ضعف جگر۔ بھس۔ اعصاب کی سستی دور کر کے ہوشیاری پیدا کرتا ہے بواسیر۔ یرقان۔ سوء القینہ۔ امراض معدہ کو اعجاز مسیحائی دکھاتا ہے۔

**نوٹ :** میرے خیال میں پانی کم ہے کم از کم ۱۵ سیر چاہئے پھر تیار کریں یہ جگر و طحال کی مرضوں میں ایک لاجواب مرکب ہے اس کو تیار کریں یہ کایا پلٹ دوا ہے اور شربت فولاد کا

لاجواب نسخہ ہے۔

## (۹۴۶) ایک لاجواب نسخہ

پاکستان سے قبل ایک غریب عیسائی کا لڑکا بیمار ہوا۔ اس کو یہ خیسانده پلایا گیا وہ راضی ہوگیا۔ ہرڑ بھیڑہ آملہ۔ ا۔ا تولہ۔ انار دانہ ایک تولہ لوہا ایک تولہ پانی میں بھگو کر صبح کو پن کر پلایا۔ اس سے کمی خون دور ہو کر اس کا زرد رنگ سرخی میں تبدیل ہو گیا۔

**نکات:** ترپھلہ سے فولاد کا کچھ حصہ پانی میں حل ہو جاتا ہے۔ اور محلول فولاد بن جاتا ہے یہ بھی غریبانہ علاج ہے۔ اور مجرب ہے۔ روز نیا ترپھلہ اور انار دانہ بھگو دیا کریں۔

❀❀❀

# یرقان

ایک ایسی مرض ہے جس میں پیشاب زرد مثل ہلدی ہو جاتا ہے۔ قبض ہو جاتی ہے اور پاخانہ سفید رنگ کا اور آنکھ کا سفید حصہ زرد ہو جاتا ہے۔ قے اور گھبراہٹ۔ بھوک بند ہو جاتی ہے۔ مریض نہایت کمزور ہو جاتا ہے۔ جسم پر خارش بھی شروع ہو جاتی ہے۔ یہ مرض کبھی وباء کے طور پر بھی پھیل جاتا ہے۔ اس کی ایک قسم سیاہ بھی ہے جس میں جسم کی رنگت سیاہ ہو جاتی ہے اس کو یرقان اسود (ہیپاٹائیٹس) کہتے ہیں۔ یرقان اصفر میں کبھی ہر چیز زرد دکھائی دیتی ہے اور خواب میں بھی زرد اشیا نظر آتی ہیں۔ عام طور پر اس مرض میں ترش اشیا۔ مثلاً املی آلو بخارا ترش زرشک اور کشتے کا لعاب پینا فائدہ مند ہوتا ہے۔

## (۹۴۷) گل سرخ

مریض عمر ۳۰ سال مطب میں آیا ہوا اور زردی جسم و چہرہ پیشاب زرد اور کمزوری عام کی شکایت کی اور کہا کہ ایک ماہ سے اسی طرح تکلیف میں ہوں۔

**علاج:** املی ۱۰ تولہ۔ آلو بخارا چالیس دانے۔ گل سرخ ۱۰ تولہ۔ تخم کاسنی کوفتہ ۵ تولہ۔ چھلکا ہلیلہ زرد چار تولہ۔ سنا مکی ایک تولہ تمام ادویہ کو ذرا کوٹ کر پانی ڈیڑھ سیر میں رات کو بھگو دیں۔ اور صبح نہار منہ اس سے ایک پیالی پانی لے کر چینی ملا کر پی لیں اور پھر شام تک سارا پانی پی لیں اور غذا شام کو دال مونگی ہلکا پھلکا سے کھائیں اور صبح کو اطلاع دیں۔ دوسری صبح کو مریض آیا اور کہا کہ مجھ کو دس اسہال آئے ہیں اب پہلے سے آرام ہے۔ شربت سکنجبین سادہ ایک بوتل تیار کر کے دیا اور کہا کہ ساری بوتل پی کر اطلاع دیں۔ اس ایک بوتل سے یرقان دور ہو گیا۔ پاخانہ صاف آنے لگا زردی بول ختم ہو گئی۔ یہ جلاب یرقان کا لاجواب ہے۔ اگر ضرورت ہو تو سات دن کے بعد پھر پلا دیں اس طرح کئی مریض راضی ہوئے لاجواب جلاب ہے۔

## (۹۴۸) نسخہ نظریہ

مریض عمر چالیس سال یرقان میں مبتلا تھا۔ بھوک بند پیشاب۔ زرد اور پاخانہ سفید رنگ کا آتا تھا۔ کمزوری نہایت شدید تھی۔ پیٹ میں درد بھی ہوتی تھی۔ غریب آدمی تھا۔

**ھوالشافی :** سنڈھ ۵ تولہ۔ نوشادر ڈھائی تولہ۔ مرچ سیاہ ایک ماشہ باریک کر کے اس کے مساوی الوزن سنا مکی شامل کر کے گولیاں تیار کر دیں اور کہا کہ آٹھ سے دس گولیاں روز کھائے۔ جس سے دو اسہال آئے اس سے مریض کی قبض بھی کھل گئی۔ بھوک لگنے لگی۔ پیشاب بھی ٹھیک ہو گیا اور مریض راضی ہو گیا۔ یہ نسخہ نظریہ مفرد اعضا والوں نے تجویز کیا ہے اور میرے معمولات میں شامل ہے۔

## (۹۴۹) ۵۰ سالہ مریض

مطب میں حاضر ہوا۔ جس کا رنگ زرد۔ قبض شدید۔ پیشاب گرم جل کر ہلدی کی طرح آتا۔ کئی ڈاکٹروں کا علاج کروا چکا تھا۔ زندگی سے مایوس ہو چکا تھا اس کو تسلی دی اور کہا کہ شفا تو اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔

**علاج :** پوست ہلیلہ زرد چار تولہ۔ املی آٹھ تولہ۔ آلو بخارا بیس دانے۔ عناب دس دانے۔ لسوڑیاں۔ کشنیز خشک۔ گل بنفشہ۔ گل سرخ۔ تخم کاسنی۔ تخم کثوث۔ ایک ایک تولہ۔ شربت سکنجبین ۱۰ تولہ دے کر رخصت کیا اور کہا کہ ڈیڑھ سیر پانی میں رات کو بھگو کر صبح کو جوش دیں۔ آدھا رہ جانے پر پن لیں اور شربت سکنجبین ملا کر ۵۔۵ تولہ سارا دن پیتے رہیں۔ دوسرے دن اطلاع دیں۔ دوسرے دن مریض آیا اور کہا کہ حکیم صاحب دوائی ترش تو تھی لیکن میں پیتا رہا ایک دو قے بھی زرد رنگ کی آئی تھیں۔ لیکن میں نے آپ کے فرمان کے مطابق سارا پانی پی لیا اور سات اسہال آئے ہیں۔ اب مجھ کو بالکل آرام ہے۔ بیٹھنے کو دل چاہتا ہے۔ اس نسخہ سے قے اور اسہال ہو کر مریض راضی ہو جاتا ہے۔ اگر ضرورت محسوس ہو تو تین دن کے بعد پھر دیں۔ اس کے بعد شربت بزوری ایک بوتل دے دی تو مکمل آرام ہو گا۔

**نکات مطب :** یہ نسخہ قرابادین اکمل اعظم والوں کی لاجواب تجویز ہے۔ خود مجھ کو بھی ایک بار یرقان ہو گیا تھا اس جلاب سے ہی شفا ہوئی تھی اس کا پچاس سال سے تجربہ کر رہا ہوں ہر جگہ کامیابی ہوئی اللہ تعالیٰ اُن کی قبروں کو منور کر دے جو ہمارے ان لاجواب نسخہ جات کا ذخیرہ

چھوڑ کر گئے۔

## (۹۵۰) تخم خربوزہ

مریض ایک بچہ ۱۵ سالہ مطب میں اپنی اماں کے ہمراہ آیا آتے ہی رونا شروع کر دیا اور اس کی اماں نے کہا کہ نہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے رات دن لیٹا ہی رہتا ہے۔ قبض بھی ہے آج پیشاب کیا تو میں نے دیکھا کہ جگہ زرد ہو گئی تھی اور قبض بھی کہتا ہے۔

**علاج:** گندھک آملہ سار۔ ہیرا کسیس۔ نوشادر مساوی الوزن بارک کر کے ۲۔۲ رتی کی پڑیاں باندھ کر شربت ذیل سے دینی شروع کر دیں۔ تخم کاسنی۔ تخم خربوزہ۔ سونف کوفتہ ۵۔۵ تولہ دو سیر پانی میں بھگو کر ابال کر تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنا دیں۔

**خوراک:** چار چار تولہ دن میں تین بار گلاس پانی ملا کر اس سے مذکورہ پڑیاں کھلائیں۔

**غذا:** مولی کی بھاجی دیں۔ گنڈیریاں چوسائیں۔ انار کھانے کو دیں اور نمک مرچ کم سے کم دیں۔ گھی بالکل نہ دیں اس علاج سے مریض تندرست ہو گیا۔ پہلے دن پیشاب کھل گیا۔ گرمی کم ہونی شروع ہو گئی اور ہر طرح آرام آ گیا۔

## (۹۵۱) پارہ

مریض بچہ دو سال کی عمر میں لایا گیا جس کی تمام کھال زرد تھی پیٹ پھول کر کپا ہو گیا تھا۔ آنکھیں پیشاب چہرہ سب زرد انہوں نے علاج کو کہا تو اوپر والا شربت دیا گیا اور اس کے ساتھ یہ پڑیاں باندھ کر دی گئیں۔

**ھوالشافی:** پارہ ایک ماشہ۔ چینی سفید ہزار ماشہ۔ بارہ گھنٹہ کھرل کریں۔

**خوراک:** ۱۔ا رتی اس سے مریض بچہ راضی ہوا اس سفوف کے اور بھی کئی فائدے ہیں۔ قبض، ورم لوزتین، نزلہ و زکام، کان بہنا، مروڑ، اسہال، منہ پکنا، یہ طب جدید شاہدروی والوں کا سفوف زیبقی نمبر۳ ہے۔ اور میرا تمام عمر کا معمول ہے۔ کیونکہ طب جدید شاہدروی کی تعلیم بھی حاصل کر چکا ہوں اس کے مجربات عام کتابوں سے بہتر ہیں جو کہ ہزار ہا طبیبوں کے معمول مطب ہیں۔

## (۹۵۲) تخم خیارین

مریض عمر ۶۰ سال۔ یرقان زرد میں مبتلا ہو گیا۔ کئی ڈاکٹروں کے زیر علاج رہ چکا تھا۔

گلوکوز کی بوتلیں بھی لگ چکی تھیں۔ ٹیکے بھی لگے۔ ڈاکٹروں نے کہا کہ اس کو گھر لے جاؤ۔ ہم نے اپنا تمام علاج کر لیا ہے۔ مایوس ہو کر مریض کو گھر لے آئے۔ اتفاق سے میرا بھی اس گاؤں میں جانا ہوا۔ لواحقین نے مجھ سے رجوع کیا۔ مریض دکھلایا تو میں نے کہا شفا اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔

**علاج :** گل بنفشہ ۷ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۹ دانے۔ جڑ کاسنی ۷ ماشہ۔ سونف ۷ ماشہ۔ گاؤزبان ۵ ماشہ۔ تخم کاسنی ۷ ماشہ۔ تخم خیارین کوفتہ ۷ ماشہ۔ آلو بخارا ۵ دانے۔ خارخشک نیم کوفتہ ۷ ماشہ۔ یہ ایک پڑیہ کا وزن ہے۔ ایسی آٹھ پڑیاں دکاندار سے بندھوا کر لے آئیں اور ایک بوتل شربت بنفشہ بھی لے آئیں رات کو ایک پڑیا آدھ سیر گرم پانی میں بھگو دیں اور صبح نہار منہ مل چھان کر آدھے پانی میں شربت بنفشہ ڈھائی تولہ ملا کر پی لیں۔ آدھا پانی نماز ظہر کے وقت پی لیں۔ آٹھ دن کے بعد اس کو اور جلاب وغیرہ دیا جائے گا۔ آٹھ دن کے بعد اس کا بھائی ملا اور اُس نے کہا کہ ہمارا بھائی بالکل ٹھیک ہے اب اسے دوا کی ضرورت نہیں اور ہم حیران ہیں کہ ہم اسے شہر گوجرانوالہ ڈاکٹروں کے پاس لے گئے تھے۔ لیکن مرض دور ہونے کا نام ہی نہ لیتا تھا۔ آپ کے علاج سے دوسرے دن ہی ہمارے بھائی نے کہا کہ مجھ کو آرام ہے۔ پیشاب بھی کھل کر آیا ہے۔ قبض بھی ٹوٹ گئی ہے۔ جلن کم ہوگئی ہے۔ اپھارہ اتر گیا ہے۔ زبان کی کڑواہٹ کم ہوگئی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی عمر دراز کرے۔ ہمارے تمام رشتہ دار آپ کے حق میں دعا کرتے ہیں۔ ہمارا بھائی کام کاج کرنے لگ گیا ہے۔ آپ کے حق میں دعا کرتا ہے یہ طب یونانی کا کمال ہے جس نے پرانی طب کا مذاق اڑانے والوں پر کامیابی حاصل کر لی۔

## (۹۵۳) شربت دینار خورد

مریض عمر ۲۵ سال۔ مطب میں لایا گیا اور عام کمزوری۔ آنکھوں کی زردی اور قبض کی شکایت کی۔ یہ وہ سال تھا یرقان وبائی شکل اختیار کر گیا تھا۔ کئی آدمی مبتلا ہوئے تھے۔ یہ شربت بنا کر دیا گیا۔

**ھوالشافی :** گل سرخ ۷ تولہ۔ جڑ کاسنی ۵ تولہ۔ تخم کاسنی کوفتہ ۳ تولہ۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔ تخم کشوث ۲ تولہ پوٹلی باندھ کر پانی ڈیڑھ سیر میں بھگو کر صبح کو جوش دے کر پن کر چینی تین پاؤ ملا کر شربت بنا دیں۔

**خوراک:** چار چار تولہ صبح و شام پانی میں ملا کر پلا دیں۔ جس سے مریض شفایاب ہو گیا۔ بلکہ اس شربت سے کئی علاج کئے یہ شربت دینار خورد ہے۔

**فوائد:** ضعف جگر۔ صلابت جگر۔ نفخہ جگر۔ درد جگر۔ جگر کا فعل ٹھیک نہ ہونا۔ جگر کی گرمی۔ یرقان کو دور کرنے میں اکسیر ہے۔ متواتر پچاس سال سے تجربہ میں آ رہا ہے اس کا ذکر آگے سوء القینہ اور استسقاء میں بھی آئے گا کم اجزا کا لاجواب مرکب ہے۔ صد بار کا مجرب ہے۔ اگر پیشاب کم آتا ہو تو تخم خیار ۵ تولہ ملا کر بنا دیں۔ اس سے ادرار زیادہ ہوگا۔

## (۹۵۴) شربت مکبود

ایک بار ہمارے علاقہ میں یرقان کی وبا پھیل گئی اس میں اوپر والے شربت سے بھی کامیابی حاصل ہوئی۔ لیکن ذیل کے شربت سے کئی مریض راضی ہوئے میں نے اور میرے ایک دوست طبیب نے بھی اس کو معمول مطب بنالیا۔ یہ ایک لاجواب مرکب ہے۔

**ھوالشافی:** جڑ کاسنی ۱۰ تولہ۔ تخم کثوث ۵ تولہ۔ سنا مکی ایک پاؤ۔ کشنیز خشک ۵ تولہ۔ انجیر ولائتی ۱۵ تولہ۔ املی ۱۰ تولہ۔

**ترکیب تیاری:** پہلے سنا مکی کو دو سیر پانی میں ڈال کر برتن کا منہ بند کر کے پکائیں تاکہ بھاپ نہ نکلے اور آگ بھی تیز نہ ہو بلکہ صرف پانی گرم رہے۔ پانچ پہر کے بعد اس مطبوخ کو چھان کر دوسری ادویہ ملا کر نرم نرم آگ پر پکائیں۔ جب مطبوخ صرف تین پاؤ رہ جائے تو چھان کر آدھ پاؤ سرکہ انگوری ملا کر ڈیڑھ سیر چینی ملا کر شربت بنائیں۔ اس کے بعد ۵ تولہ ریوند خطائی مثل سرمہ کر کے شربت میں ملا لیں۔

**خوراک:** ایک تولہ سے ۲ تولہ تک پانی ۱۰ تولہ میں ملا کر پکائیں۔ دن میں چار بار۔ یہ ایک لاجواب شربت ہے۔

**فوائد:** کمزوری جگر۔ ورم جگر۔ عظم جگر۔ کمزوریٔ طحال۔ قولنج۔ کرم امعا۔ استسقاء۔ کی تولید۔ صفرا۔ ریاح۔ کی اخراج صفرا۔ یرقان۔ بخار جو کہ جگر و طحال کی خرابی سے ہو۔ ملیریا تپ اس شربت سے صفرا پتلا ہو کر خارج ہو جاتا ہے۔ یہ یرقان کا آخری علاج ہے۔ پرانا سر درد جو کہ صفراوی زیادتی ہو وہ بھی دور ہو جاتا ہے۔ عورتوں کا دودھ صاف کرنے میں بھی مجرب ہے اور بندش حیض میں اگر حیض آنے سے پہلے ایک ہفتہ دیا جائے تو ان شاء اللہ اس سے حیض کی

بندش بھی دور ہو گی۔ بچوں کی قبض دور۔ مٹی پیٹ سے نکالنا اور سونکاں اس سے نکل جاتی ہیں۔
اس شربت کا نام شربت مکبود ہے اور طب جدید شاہدروی والوں کی ایجاد ہے۔ میں نے اس سے کئی کامیابیاں حاصل کیں میں کہتا ہوں اگر صرف یہ نسخہ ہی تیار کر کے رکھیں تو مریض جگر و طحال و استقاء یرقان کے لیے کسی اور نسخہ کی ضرورت نہیں ہے یہ لاجواب مرکب ہے۔ جب یرقان کی شدت تو دور ہو جائے لیکن جلن بول اور گرمی ختم نہ ہو تو ایک بوتل اور پلا دیں۔ اس سے جگر و طحال و پتہ و رحم کی صفائی ہو جائے گی اور لٹکا ہوا مریض ضرور بالضرور شفا پائے گا۔

## (۹۵۵)

میں ایک طبیب کی دکان پر بیٹھا ہوا تھا اور ایک مریض آیا حکیم صاحب نے چند پڑیاں اور ایک بوتل شربت دے کر روانہ کیا میں نے کہا حکیم صاحب یہ کون سا نسخہ ہے فرمانے لگے یہ ایک لاجواب شربت اور پڑیاں ہیں جس کو میں ہمیشہ استعمال کرتا ہوں۔ میرے ماموں نے فوت ہونے سے قبل مجھے بتایا تھا اور کہا تھا کہ اس کو امراض جگر میں نہ بھولنا۔ میرے ماموں نے اس کو اخفا میں رکھنے کی بھی ہدایت کی تھی کئی آدمیوں نے نسخہ طلب کیا لیکن میں نے آج تک کسی کو نہیں بتایا لیکن آپ کو محبت کی وجہ سے بتا دیتا ہوں۔

**ھوالشافی :** ریوند خطائی۔ ریوند چینی۔ قلمی شورہ۔ نوشادر۔ افسنتین ۵۔ ۵ تولہ اور قدرے کھانڈ ملا لیں۔

**خوراک :** ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک ہمراہ شربت دینار کلاں۔ (قرابادینی)۔ جس سے میں یرقان۔ سوء القینہ اور استسقا کا علاج کرتا ہوں میری اس میں کافی مشہوری ہے۔ تمام عمر کا معمول مطب ہے۔ دراصل افستین اور ریوند چینی اور خطائی ایسی ادویہ ہیں جو کہ محرک جگر اور بول وحیض اور آنتوں کو حرکت دے کر فضول مادے خارج کرتی ہیں۔ ایسے ادویہ کا نسخہ میں مل جانا اس کو اکسیر بنا دیتا ہے۔

## (۹۵۶) شربت دینار کلاں

**ھوالشافی :** تخم کاسنی۔ جڑ سونف۔ تخم خربوزہ ۵ تولہ۔ جڑ کاسنی ۱۰ تولہ۔ سونف ۳ تولہ۔ تخم کرفس ۲ تولہ۔ تخم کشوث درصرہ بستہ دو تولہ۔ سنبل الطیب ڈیڑھ تولہ۔ پانی تین پاؤ میں بھگو کر ابال لیں۔ جب پانی آدھا رہ جانے پر ڈیڑھ سیر چینی ملا کر شربت بنا دیں اور ریوند خطائی چار

تولہ باریک کر کے شربت میں ملا لیں۔

**خوراک :** ڈھائی تولہ سے چار تولہ تک پانی میں ملا کر دیں۔ یہ نسخہ قدیم سے چلا آ رہا ہے۔

**فوائد :** درد شکم۔ درد جگر۔ درد رحم و مثانہ کو دور کرتا ہے۔ جگر کے سدوں کو کھولتا ہے۔ پیشاب جاری کرتا ہے۔ ذات الجنب۔ قبض اور موسمی بخاروں کو دور کرتا ہے۔ اس طرح کا بنانا زیادہ مفید ہے۔ یہ وزن حکیم احمد دین شاہدروی نے بنایا ہے۔

## (۹۵۷) ایک لاجواب کورس

مریض ۳۰ سالہ مطب میں لایا گیا جس کا تمام جسم زرد تھا۔ اور کہا کہ آپ نہ معلوم کہاں گئے ہوئے تھے میں تو بہت بیمار ہوں۔ کئی ڈاکٹروں سے دوائی لا چکا ہوں۔ واقعہ یہ ہوا کہ میں ایک شادی پر گیا وہاں روٹی کھائی گوشت بھی کھایا اور ان لوگوں نے شراب بھی پی میں شراب کا عادی نہ تھا انکار کیا لیکن انہوں نے زبردستی مجھ کو پلا دی۔ گھر آیا تو گرمی محسوس ہوئی۔ پیشاب زرد ہو گیا ہے کچھ کھانے کو دل نہیں کرتا۔ قبض بھی ہے۔ آپ گئے ہوئے تھے میں لاچار ہو گیا اب سنا ہے تو حاضر ہو گیا ہوں۔ پہلے اوپر والا مسہل دیا گیا۔ جو کہ جوشا کر شربت سکنجبین ملا کر پلایا جاتا ہے۔ اس سے مریض کو پانچ اسہال ہوئے اور کہا کہ آگے سے بہتر ہوں اس کے بعد یہ شربت تیار کر کے دیا گیا۔

**ھوالشافی :** تخم خربوزہ۔ تخم سونف۔ تخم کاسنی۔ تخم قرطم۔ مغز تخم کدو۔ تخم خیارین ۲۔۲ تولہ۔ بنفشہ۔ خطمی۔ جڑ کاسنی۔ گل غافث۔ ملٹھی۔ سنبل الطیب۔ سونف رومی۔ گاؤزبان ۱۔۱ تولہ۔ منقیٰ ۵ تولہ۔ پانی ڈیڑھ سیر میں بھگو کر پکائیں آدھا رہ جائے تو پن کر تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنا دیں۔ تیار ہے۔

**فوائد:** تپ ہائے مرکبہ ادرار بول وحیض۔ سنگ گردہ و مثانہ کو مفید ہے۔ دافع یرقان ہے اور سدہ جگر و طحال کو دور کرتا ہے۔ اور اگر اس میں ریوند خطائی باریک کردہ ۳ تولہ شامل کر دی جائے تو سنگ گردہ و مثانہ دور کرنے میں زیادہ موثر ہو جاتا ہے اور پرانے بخار دور کرنے میں لاجواب ہے۔ اس شربت کا نام شربت بزور ہے میں نے اس کو استعمال کیا اس سے مریض کا یرقان خطرناک حد تک پہنچا ہوا دور ہو گیا۔ اس کے ساتھ یہ سفوف بھی دیا جائے۔ شورہ قلمی۔ نوشادر ۲۔۲ تولہ۔ ریوند خطائی ۵ تولہ۔ باریک کر کے خوراک ۴۔۴ رتی دیا جائے تو ادرار

بول زیادہ ہو کر جلدی آرام آ جاتا ہے۔ یہ شربت قرابادین قادری۔ اور قرابادین اکمل اعظم والوں کی ایجاد ہے۔ لیکن لاجواب چیز ہے۔ میں نے تین مشہور حکیموں کے ہاں اس کو معمول مطب دیکھا۔ ان تمام نے اس کی تعریف کی اور کہا کہ جگر کے لیے اور نسخے کی ضرورت نہیں ہے میں نے بھی اس سے کافی فائدہ اٹھایا ہے۔ ایجاد کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ بخشے۔ وہ ہمارے لیے اتنی محنت کر کے ذخیرہ جمع کر کے دے گئے جس سے ہم بال بچوں کی روزی بنا لیتے ہیں۔

## (۹۵۸)

شربت یرقان جو کہ حکیم محمد صدیق بھانجہ حکیم احمد دین شاہدروی نے ایک مریض کو علاج کے دوران بتلایا۔ تخم کاسنی۔ تخم خیارین۔ تخم خربوزہ۔ تخم گاجر۔ تخم ترب ۵۔۵ تولہ۔ کوٹ کر پانی ڈیڑھ سیر ملا کر ابال کر تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنا دیں اور ریوند خطائی ۳ تولہ مثل سرمہ کر کے بعد میں ملا لیں۔

**خوراک :** ۳۔۳ تولہ۔ پانی ایک گلاس میں ملا کر پلا دیں اس سے لا علاج سے لا علاج یرقان رفع ہو گا۔

## (۹۵۹) گھرول

اس بیرونی علاج سے یرقان دور ہو جاتا ہے۔ گھرول کو قدرے پانی میں بھگو کر صبح کو اس پانی سے نسوار لیں اس سے زرد رنگ کا پانی ناک سے خارج ہو گا اور یرقان دور ہو گا۔

## (۹۶۰) پوست ریٹھا

پوست ریٹھہ کو پانی میں بھگو کر اس پانی کی نسوار لینے سے بھی یرقان دور ہو جاتا ہے۔ ان دونوں کا میں نے تجربہ کیا ہے اگر جلن زیادہ ہو تو گھی یا بادام روغن کی نسوار لے لیں۔

## (۹۶۱) اٹ سٹ

اٹ سٹ جنگلی کی جڑیں لے کر اس کے ٹکڑے کریں اور دھاگہ میں باندھ کر گلے میں ڈال دیں اس سے بھی یرقان دور ہو گا۔ کئی لوگ ان جڑوں کو لا کر رکھتے ہیں اور اس کو دم کرتے ہیں اور لوگوں سے کافی پیسے لیتے ہیں۔ حالانکہ یہ اس بوٹی کی خاصیت ہے کہ جسم پر باندھنے

سے اس کی تاثیر سے صفرا جسم سے نکل جاتی ہے میں نے خود کئی بار تجربہ کیا ہے اٹ سٹ کو اردو میں بسکھپرا کہتے ہیں۔ ویدک میں اس کو جگر کی لاجواب دوا کہتے ہیں۔

## (۹۶۲) سفوف دافع یرقان

**ھوالشافی :** اندرجو شیریں۔ شورہ قلمی مدبر۔ کباب چینی۔ زیرہ سفید۔ ریوند چینی۔ دانہ الائچی کلاں۔ سنا مکی صاف ایک ایک تولہ۔

**خوراك :** ۷ ماشہ صبح دوپہر شام کھلا دیں اوپر سے گنڈیریاں چوسا دیں۔ اس سے اور اسہال ہوں گے اور یرقان دور ہوگا۔

**طریقه تدبیر شوره :** شورہ قلمی ۵ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۶ ماشہ ملا کر ایک پیالہ میں رکھ کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں اور ہلاتے رہیں۔ شورہ پانی بن کر خشک ہو جائے گا اس کو اتار کر سرد ہونے پر نسخہ میں شامل کریں۔ اگر قبض زیادہ ہو تو سنا مکی ۲ تولہ شامل کریں اس نسخہ سے پیشاب کا ادرار ہوگا یرقان کے مریض کو مفید ہے۔

## (۹۶۳) جوشاندہ یرقان

**ھوالشافی :** املی ۵ تولہ۔ آلو بخارا گیارہ دانے۔ سنا مکی۔ گل سرخ۔ سونف ایک ایک تولہ۔ پانی ایک سیر میں جوشا دیں۔ جب پانی ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو پن کر ۵ تولہ کھانڈ ملا کر نیم گرم پلا دیں۔ دافع یرقان ہے اس طرح تین دن کریں۔ انشاء اللہ قبض دور ہوگی۔ سدے اور صفرا خارج ہوگا۔ کورس تین دن

## (۹۶۴) ایک عطائی کا لاجواب علاج

مریض جوان سال کو یرقان ہو گیا جو کہ کئی دنوں تک کئی حکیموں سے علاج کراتا رہا شفایابی نہ ہوئی۔ آخر ایک عطائی نے دوا دی اور یرقان کو آرام آ گیا۔ میں عطائی کے پاس گیا اور نسخہ طلب کیا اس نے بتا دیا۔ ابرک سیاہ لے کر کوٹ کر آب تنا کیلا سے رگڑ کر صلایہ بنا کر رکھ لیں۔ خوراک مناسب روز دہی سے کھائیں اس کے بعد اس نے کہا یہ ہی دوائی ہے جو کہ میں دیتا ہوں۔

## (۹۶۵) فاروقی صاحب کا ذکر خیر

حب کبد نوشادری ایک جز میں دو جز کشتہ فولاد ملا کر گولیاں بنالیں۔ایک ایک گولی صبح وشام دوپہر ہمراہ مناسب بدرقہ ۲۔۲ عدد صبح دوپہر شام کو ہمراہ مناسب بدرقہ دیں۔کورس ایک ماہ اس سے کمی خون ضعف جگر حمیٰ کبدی وطحالی کے بعد کمی خون۔ بواسیر کا خون نکل جانے کے بعد کمی خون کو لاجواب ہے۔ یہ قرص فولاد ہیں اور میرا تمام عمر کا معمول ہے۔ ہندوستان میں ہم اس سے علاج کرتے تھے وہ مہاجر تھے اور حکیم تھے۔

## (۹۶۶) ایک درویش کا تجربہ

اس نے مجھ سے بیان کیا کہ کشتے جس سے سنار سونا دھوتے ہیں وہ یرقان کا آخری علاج ہے۔اس میں ترشی ہوتی ہے اس کو بھگوکر اس کا خیساندہ چینی سے میٹھا کر کے پینا مجرب ہے۔ میں ہمیشہ یہی بتاتا ہوں۔ مریض ٹھیک ہو جاتے ہیں میں نے کشتوں کو خود کھا کر دیکھا ہے اس قدر ترش ہے کہ املی بھی اس کے آگے ہیچ ہے اس لیے مفید ہے۔

## (۹۶۷) لاجواب اکسیر یرقان

**ھوالشافی :** تخم خربوزہ۔ تخم کاسنی ایک ایک تولہ۔ برگ بانسہ ۶ ماشہ۔شورہ قلمی ۶ ماشہ۔ پانی ایک پاؤ میں گھوٹ کر پن کر دن بھر میں پلا دیں۔ اس سے ادرار بول ہو گا۔سوزش بول دور ہو گی اور صفرا رقیق ہو کر خارج ہو جائے گا۔ بڑے حکما کا تجویز کردہ ہے اصولاً ٹھیک ہے۔ میٹھا ڈال لیں۔

## (۹۶۸) اکسیری دوا

ریوند چینی ۳ ماشہ۔ سونف ۵ ماشہ۔ تخم کاسنی ۵ ماشہ۔ منقیٰ ۹ دانہ رات کو گرم پانی میں بھگوئیں اور صبح پن کر خمیرہ بنفشہ ۴ تولہ ملا کر سات یوم پلا دیں۔ اکسیری دوا ہے یا شربت بزوری ملالیں۔

## (۹۶۹) امام سویدی

فرماتے ہیں کہ تخم کثوث یرقان زرد کی لاجواب دوا ہے۔ یہ فاضل بقراط علامہ رازی

اور دوسرے دس حکما کا قول ہے۔

## (۹۷۰) ابن سینا

اور مولی کا نچوڑا ہوا پانی دس روز تک پلانا زرد یرقان کو دور کرتا ہے یہ رازی ابن سینا اور دوسرے دس حکما کا قول ہے۔

## (۹۷۱) جالینوس

فاضل جالینوس اور پندرہ حکما لکھتے ہیں کہ غاریقون ساڑھے ۳ ماشہ کا کھانا نافع یرقان ہے۔

## (۹۷۲) رازی

اور صاحب غنیٰ منی اور علامہ رازی فرماتے ہیں کہ ماء الجبن مریض یرقان کو تین ہفتہ پلانا یرقان کا آخری علاج ہے اور صاحب کنز الحکما فرماتے ہیں کہ افسنتین شاہترہ بھوا اور غاریقون یرقان کی عمدہ دوائیں ہیں۔ ترنج کی ترشی۔ آب لیموں اور آب انار میں سے ہر ایک کا آنکھ میں لگانا یرقان کی زردی جو کہ آنکھ میں جم جاتی ہے۔ زائل کرتا ہے۔ گلاب اور تیز سرکہ ہموزن ملا کر آبنوس کی سلائی سے لگانا مفید ہے۔

## (۹۷۳) دودھ

اور کلونجی سات دانے عورت کے دودھ میں گھس کر ناک میں ٹپکانا آنکھوں کی زردی کو دور کرتا ہے۔

## (۹۷۴)

پوست ہلیلہ زرد مگھاں کو سرکہ میں ملا کر آنکھ میں ٹپکانا مجرب ہے۔ گلو تازہ ۳ تولہ کو آدھ سیر پانی میں جوش دے کر شہد ۳ ماشہ ملا کر پلانا کورس سات دن یرقان کو دور کر دیتا ہے یہ تمام ہی نسخہ جات متقدمین کے مجرب ہیں معجون ریوند بھی یرقان کا لاجواب علاج ہے۔

## (۹۷۵) معجون ریوند

ریوند چینی ڈھائی تولہ۔ تربد صاف ڈھائی تولہ۔ برگ سنا مکی ڈھائی تولہ۔ گل سرخ

صاف پتی ڈیڑھ تولہ۔ اذخرکی ایک تولہ۔ سنڈھ ۶ ماشہ۔ شہد ۱۵ تولہ۔ کھانڈ ۱۵ تولہ کا قوام کر کے ملالیں۔

**خوراک :** ایک تولہ ہمراہ شربت سکنجبین سادہ ڈھائی تولہ۔ عرق گلاب ۶ تولہ۔ عرق سونف ۳ تولہ۔ ملا کر پلانا بھی پرانے سے پرانے یرقان کو دور کر دیتا ہے یہ بھی سابقین کا تیار کردہ فارمولا ہے۔ آرام آنے کے بعد جوارش انارین یا دوائے مسک معتدل سادہ ۵ ماشہ یا مفرح بارد ۵ ماشہ یا خمیرہ ابریشم تیرہ عناب والا ۵ ماشہ میں سے کوئی دوا دیا کریں۔ آب ترب ۱۰ تولہ شربت دینار ۳ تولہ میں ملا کر اس کے ساتھ دبید الورد ۶ ماشہ صبح و شام کھلانا مریض یرقان کو دور کرنے میں لاجواب ہے۔

**غذا :** مریض یرقان کو گھی بالکل بند کر دیں۔ آلو اروی' بھنڈی نہ کھائیں۔ لہسن' پیاز اور سرخ مرچ بھی کم سے کم دیں۔ کدو ٹینڈے' پالک' دال مونگ' یا آب نخود ہمراہ چپاتی' مولی' سنگترہ' گاجر' لوکاٹ' گنے' گنڈیریاں دینا مفید ہے۔ دو دفعہ شربت بزوری کا ذکر آیا ہے وہ کئی ہیں لیکن شربت بزوری کا لاجواب نسخہ میرے معمول میں یہ ہے۔

## (۹۷۶) شربت بزوری خاص معتدل

**ھوالشافی :** تخم کاسنی۔ جڑ کاسنی۔ سونف۔ جڑ سونف۔ تخم خربوزہ۔ تخم خیارین۔ تخم بھکڑا ۵۔۵ تولہ کو۔ پانی تین سیر میں جوش دیں۔ جب پانی آدھا رہ جائے تو مل پن کر سوا دو سیر چینی ملا کر شربت بنا دیں۔

**خوراک :** ۲ تولہ سے چار تولہ پانی میں ملا کر پلا دیں۔

**فوائد :** جگر گردہ و مثانہ کے مواد کو بذریعہ ادرار خارج کرتا ہے۔ مرکب بخاروں کو مجرب ہے۔ تجربہ ایک نوجوان لڑکا ہر وقت گرمی گرمی کرتا تھا۔ پیشاب گرم آتا ہے۔ تلوے جلتے ہیں۔ زردی جسم ہے ایک بوتل پلانے سے اس کے تمام عوارض دور ہو گئے اس کے ساتھ بطور مدد یہ سفوف دیں تو پتھری بھی ٹوٹ جاتی ہے۔ اس شربت موسم گرما میں تیار کر کے مریض کو دیں یہ جگر گردہ و مثانہ اور رحم کے عوارض گرمی کو دور کر دے گا۔ مجرب ہے۔

## (۹۷۷) ورم جگر

جسم میں دائیں پسلیوں کے نیچے جگر واقع ہے کبھی اس میں درد اور ورم بھی پیدا ہو جاتا

ہے۔ خاص کر بخاروں میں پیدا ہوتا ہے۔

**علاج :** اس کا یہ ہے کہ جگر کے مقام پر گرم ضماد کریں جو کہ ورم معدہ میں تین عدد لکھے ہیں۔ وہ دوا ورم جگر کو بھی مجرب ہے۔ شدت درد میں کوکنار و اجوائن خراسانی۔ برگ مکو۔۲۔۲ تولہ۔ پانی میں پکائیں اور اس کی مقام درد پر دھار دیں ان شاء اللہ درد بند ہوگا۔ نمبر۲۔ مکو خشک۔ گل سرخ۔ بیخ کاسنی۔ سونف۔ جڑھ سونف ۵۔۵ ماشہ۔ تخم خیارین ۶ ماشہ۔ کچل کر پانی میں جوش دے کر شربت دینار سے میٹھا کر کے پلانا ورم جگر کو تحلیل کر دیتا ہے۔ نمبر۳: آب برگ کاسنی۔ آب برگ مکو ۵۔۵ تولہ۔ شربت دینار ۲ تولہ میں نوشادر ایک ماشہ کھرل کر کے پلانا محلل ورم ہے۔ اور سدہ جگر کو کھول دیتا ہے اور جوشاندہ پوست سے ٹکور کرنا یا ضماد کرنا دافع درد ہے۔ محلل اعظم کا نسخہ لکھا جا چکا ہے وہ بھی ورم جگر کو مفید ہے۔ اس کو سرکہ میں ملا کر ورم جگر پر طلاء کرنا درد و ورم کو دور کرتا ہے میرے تجربے میں مفید ثابت ہوا ہے۔

## (۹۷۸) اکسیر کبد

**ھوالشافی :** جوہر نوشادر ۳ تولہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔ ریوند خطائی ۵ تولہ۔ باریک کر کے خوراک ۴ رتی سے ماشہ تک۔

**فوائد:** ورم جگر۔ عظم جگر۔ درد جگر۔ سوء القینہ اور ہاتھوں پر ورم میں مفید ہے۔ متواتر ۵۰ سال سے تجربہ میں ہے۔ طب جدید شاہدرہ والوں نے بھی ایسے ہی لکھا ہے اس سے جگر صاف ہو جاتا ہے۔

## (۹۷۹) دوائے کبد

**ھوالشافی :** ریوند خطائی ۵ تولہ۔ سنبل الطیب۔ ساذج ہندی۔ فلفل سیاہ۔ شورہ قلمی۔ نوشادر قلمی یا جوہر نوشادر ایک ایک تولہ کو باریک کریں۔

**خوراک :** ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک ہمراہ مطبوخ جڑ کاسنی دن میں تین مرتبہ یا حسب ضرورت دیں۔

**فوائد :** حمیات ملیریا جو کہ مسلسل ہوں ورم جگر، عظم جگر، کمزوری جگر اور ورم طحال میں مفید ہے۔ اس دوا سے قبض بھی دور پیشاب با فراغت اور کئی بار پسینہ بھی آ جاتا ہے اس سے جگر صاف ہو جاتا ہے اور جگر کو طاقت بھی آ جاتی ہے۔ گویا کہ یہ دوا جگر و طحال کے لیے مقوی بھی

ہے اور منقی بھی ہے اس کے علاوہ حرارت بخار کو بھی کم کرتی ہے یہ نسخہ بھی حکیم احمد دین طب جدید شاہدرہ کا ہے اور سو سال سے مجرب چلا آ رہا ہے میں نے بھی اس کا خوب تجربہ کیا ہے اس سے ابتدائی استسقاء کو روکا جا سکتا ہے۔ کیونکہ اس سے جگر صاف ہو کر ورم اتر جاتا ہے۔ اس کو گل قند ۵ تولہ میں رکھ کر کھلانا اور اوپر سے مکو کا عرق اور عرق سونف و کاسنی کا پلانا سوء القینہ کو مجرب ہے۔

## (۹۸۰) لاجواب مطبوخ جگر

**ھوالشافی :** بنفشہ۔ پیلک۔ ملٹھی۔ تخم کثوث۔ سونف رومی۔ جڑ کاسنی۔ گاؤزبان۔ جڑ سونف۔ سونف۔ مویز منقیٰ۔ ۶۔۶ ماشہ۔ پانی میں جوش دے کر پلانا اور اس میں ۵ تولہ گلقند گھول کر پلانا یا کھلانا لاجواب مجرب ہے۔

**فوائد :** اس کے استعمال سے سدہ جگر خواہ ماساریقا میں ہو یا جگر میں ہو اس سے دور ہو جاتا ہے۔ بلکہ اس سے سوء القینہ اور استسقاء بھی دور ہو سکتے ہیں یہ ایک ایسے حکیم کا تجویز کردہ معمول ہے جو کہ میرے خیال میں تو لقمان زمانہ تھا اگر اس کا شربت بنالیں تو روزانہ جوش دینا نہ پڑے اور مریض کے حوالے کر دیا جائے یہ وزن ایک دن کا ہے اس کا بارہ یوم کے لیے وزن مقرر کر کے شربت تیار کر کے دے دیں۔

## (۹۸۱) مطبوخ :۲

**ھوالشافی :** تخم کاسنی۔ جڑ کاسنی۔ ۹۔۹ ماشہ۔ سونف۔ جڑ سونف۔ ۶۔۶ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۷ دانے۔ سنبل الطیب۔ تخم کرفس۔ باؤبڑنگ ۳۔۳ ماشہ۔ جوشا کر شربت بزوری ۲ تولہ ملا کر اس کے ساتھ ریوند چینی ۳ ماشہ۔ مرچ سیاہ چار رتی باریک کر کے کھلا کر اوپر سے پلا دیں۔ صاحب نسخہ نے اس کو استسقا کے باب میں لکھا ہے۔ میرے خیال میں یہ مطبوخ مجرب ہے اس سے جگر کا ورم۔ درد دور ہو گا اور ادرار بھی ہو گا۔ قبض کشائی بھی ہو گی اور پسینہ بھی کھل کر آ جائے گا۔ ان شاء اللہ صاحب نسخہ نے اس کا لکھ دینا ملک اور قوم پر فیض کیا ہے۔ اس سے جگر صاف ہو گا اور طحال بھی اس سے معدہ کا فعل بھی درست ہو گا یہ تمام مریض کے حق میں مفید ہے۔

# سوء القینہ

کمیٔ خون سے آگے جو مرض پیدا ہوتی ہے اس کو سوء القینہ کہتے ہیں جس سے چہرہ پر ورم ہو جاتا ہے اور پاؤں بھی سوج جاتے ہیں۔ رنگ زرد ہو جاتا ہے۔ قبض بھی ہوتی ہے۔ اس سے آگے استسقا ہو جاتا ہے۔ یہ نسخہ پرانے اطبا کی یاد ہے ایسے کئی نسخے قرابادینوں میں ملتے ہیں۔ لیکن یہ ان سے انتخاب کیا ہوا ہے جو کہ حکیم علم دین صاحب بھاگووالیہ کے مجربات سے ہے میں نے بڑی مشکل سے حاصل کیا ہے۔

## (۹۸۲) اکسیر سوء القینہ

**ھوالشافی :** مصبر ایک تولہ۔ شورہ قلمی۔ نوشادر۔ مصطگی رومی۔ سہاگہ سفید۔ ریوند چینی۔ دار چینی۔ زرشک۔ افسنتین ۶۔۶ ماشہ۔ اس کو باریک کریں۔

**خوراک :** ۱۔۱ ماشہ ہے۔ خواہ قرص بنالیں یا کیپسول میں بند کر لیں۔ ایک' ایک ماشہ دن میں تین خوراک ہمراہ شربت بزوری عرق کاسنی۔ عرق سونف۔ عرق پیلک ۲۔۲ تولہ ملا کر دیں۔ ان شاء اللہ اس نسخہ کے استعمال سے ورم جگر' درد جگر' ورم طحال' اپھارہ' بخار اور قبض بھی دور ہوگی۔ اس نسخہ کو معمول مطلب بنالیں اور خدا کی مخلوق کو اس سے فائدہ پہنچائیں میں نے تو محنت سے حاصل شدہ تمام مواد آپ کے سامنے رکھ دیا ہے آپ صرف میرے حق میں دعائے خیر کر دیا کریں۔

## (۹۸۳) کاسنی اور پیلک

قیام پاکستان سے پہلے کا واقعہ ہے کہ ایک مریضہ عمر ۶۰ سال دو ماہ سے بخار میں مبتلا تھی۔ اس کے بعد پاؤں اور چہرہ پر ورم آ گیا۔ اس نے مجھ کو بلایا اور میں نے ایک تجربہ کا بوڑھے پنساری کو ساتھ لے لیا اور دونوں نے دیکھا چہرہ ہاتھوں اور پاؤں پر ورم تھا۔ پنساری نے کہا کیا تجویز کرتے ہو میں نے کہا کہ باباجی اس کو عرق مکو۔ عرق کاسنی ۵۔۵ تولہ میں شربت بزوری ۲ تولہ ملا کر صبح و شام پلا دیں۔ پنساری صاحب نے شام کو شربت بزوری اور عرق مکو و کاسنی تیار کر دیئے اس کے پلانے سے مریضہ کا بخار بھی دور ہو گیا اور ورم بھی اتر گیا اور ایک لاچار مریضہ کو شفا ہو گئی۔ (کاسنی اور پیلک امراض جگر کے لیے مجرب ہیں۔ یہ دونوں

کا مرکب تھا)۔اس علاج سے اس گھرانے میں عام مشہوری ہوگئی۔

## (۹۸۴) اکسیر پادری

ایک پادری عیسائیوں کے گرجے میں آئے دو سال کے بعد جانے لگے تو ان سے ملاقات ہوئی۔لوگوں نے بتایا کہ پادری لوگوں کا علاج بھی کرتے رہے ہیں۔ میں نے کہا کہ مجھ کو تو علم نہیں اس پر انہوں نے کہا کہ ایک دو نسخے بطور یادگار لے لو میں ان سے بہت کام لیتا ہوں میں نے کہا کہ شکریہ۔ عرق پیلک ۔ عرق سونف۔ دونوں کو ملا کر ایک بوتل اس میں یہ ادویہ ملا لیں۔فولاد پتری ۲ تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ قلمی شورہ ایک تولہ۔ جوکھار ایک تولہ۔ سبز کاہی ایک تولہ کونین تولہ فولادا ایک تولہ سالٹ ۱۰ تولہ میں تمام ادویہ ملا لیں۔ بعد از غذا دو چمچی پانی ملا کر پلا دیں۔فرمانے لگے تمام عمر کا معمول ہے۔

**فوائد :** کمیٔ خون۔ یرقان۔ ورم جگر۔ سوء القینہ ۔ کمزوری بعد از ملیریا۔عورتوں کی بندش حیض۔ مٹی کھانا۔ اور اس کا جسم میں کمزوری کا ہونا۔ چہرہ پر خاک کا اڑنا۔ اس سے دور ہو جاتا ہے۔مریل سے مریل آدمی دوبارہ زندگی حاصل کر لیتا ہے۔

**نکات مطب :** اس نسخہ میں فولاد تین طرح داخل ہے۔ فولاد پتری۔ فولاد اور نوشادر کا مرکب ہے۔ سبز کاہی بھی فولاد ہے۔ کونین فولادی بھی کونین اور فولاد کا مرکب ہے یہ تینوں ایلوپیتھی ادویہ ہیں۔ لیکن میں کہتا ہوں کہ میں نے بھی اس کے اور مرکب بنا کر کئی کام لیے ہیں۔ مثلاً کونین فولادی ایک تولہ۔ فولاد پتری ایک تولہ۔ سالٹ ایک پاؤ۔ پانی یا عرق گلاب ایک بوتل میں ملا کر آدھی۔ آدھی چھٹانک بعد از غذا پلانے سے سیاہ رنگ کے اسہال آتے ہیں۔ اس سے ورم طحال کمزوری بعد ملیریا۔ کمیٔ خون جیسے امراض دور ہو جاتے ہیں۔ میں نے اس سے بندش حیض والی سینکڑوں لڑکیاں ٹھیک کی ہیں۔ لیکن آج کل ایلوپیتھی ادویہ ٹھیک نہیں ملتی۔ نسخہ کے مجرب ہونے میں شک نہیں۔ اس طرح کئی بوتلیں عطائی آدمی بھی تیار کرتے ہیں۔ صرف اس ایک نسخہ سے وہ کئی روپے ماہوار کما لیتے ہیں۔

## (۹۸۵) فولادی بوتل

ایک عطائی یہ بوتل تیار کرتا تھا اس کا بیٹا ہمارے ہاں آ گیا اور کہا کہ میرے ابا ایک بوتل تیار کرتے ہیں لوگ ان سے بنوا لیتے ہیں وہ پیسے نہیں لیتے فقط بنا کر دے دیتے ہیں۔

**ھوالشافی :** فولاد پتری ۲ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ ہیرا کسیس ٦ ماشہ۔ شورہ قلمی ایک تولہ۔ میگنیشیم سالٹ ایک پاؤ۔ پانی ایک بوتل۔

**خوراک :** ۲ تولہ بعداز غذا۔

**ھدایت :** مریض گرم پانی سے غسل کر کے دوا شروع کرے دوران بوتل جب بھی غسل کرے گرم پانی سے کرے اورلسی نمکین غذا کے بعد پیئے اس سے ایک نہیں کئی مریض راضی ہوئے وہ مریض جو کہ ایک قدم بھی نہیں چل سکتے تھے اس کے استعمال کے بعد سرخ چہرہ والے بن گئے۔

## (۹۸٦) یرقان مرض کا کامیاب علاج

ایک مریض عرصہ ٦ ماہ سے یرقان میں مبتلا تھا۔ اتفاق ایسا ہوا اس کو آرام نہ آیا۔ کئی حکیموں اور داکٹروں سے علاج کروا چکا تھا وہ ایک دن میرے مطب میں آیا اور ساری کہانی سنائی اور کہا کہ آپ مجھ کو نہ مل سکے۔ اب مایوس ہو کر آیا ہوں۔ شائد صحت ہو جائے۔ اس کو حوصلہ دیا اور کہا کہ شفا تو اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اور یہ علاج کیا۔

**ھوالشافی :** آلو بخارا ۵ دانے۔ پودینہ ۵ ماشہ۔ سونف ۵ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۹ دانے۔ ایک پاؤ پانی میں جوش دے کر صبح کو پلا دیں اور صبح دوپہر شام ایک ایک گولی ہمراہ پانی سے دیں۔ رات کو سوتے وقت عرق کاسنی ۵ تولہ یا شربت کاسنی ۲ تولہ پانی میں ملا کر پلا دیں۔

**کورس :** ڈیڑھ مہینہ۔ اس نسخہ کے استعمال سے مریض کو فوراً افاقہ ہوا اور ۱۲ دن علاج کرنے سے مرض یرقان دور ہو گیا۔ یہ نسخہ اخبار جنگ پر کسی حکیم نے چھپوایا تھا میں نے اس سے لے کر علاج کیا جو کہ کامیاب ہوا۔

❀❀❀

# استسقاء

جب جگر خراب ہو کر پاؤں پر ورم ہو تو اس کو اطبا سوء القینہ کہتے ہیں یہ حالت استسقا کا پیش خیمہ ہے۔ پھر رفتہ رفتہ دیگر اعضا رئیسہ جگر قلب دماغ وغیرہ خراب اور ضعیف ہو جاتے ہیں اور ایک عرصہ تک رہنے کی وجہ سے اپنی کمال تکلیف اور مجبور کن اذیت کی وجہ سے مریض کو زندگی سے بالکل عاری اور عاجز کر دیتا ہے اور اس قدر مستحکم ہو جاتا ہے کہ مستقل علاج یا کسی خاص تدبیر کے بغیر قطعی علاج پذیر نہیں ہوتا اس عارضہ کو استسقاء کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

**استسقاء کی اقسام :** اس کی تین قسمیں ہیں۔ لحمی۔ طبلی اور زقی میں لحمی میں تمام جسم پھول جاتا ہے طبلی میں صرف پیٹ پھولتا ہے زقی میں پیٹ میں پانی جمع ہو جاتا ہے۔ یہ ایک خطرناک مرض ہے اس کا علاج تسلی سے کریں۔ مریض بھی آپ کی بات مانتا ہو اور بھوک اور پیاس برداشت کر سکتا ہو۔ مریض کی قبض کو دور کرتے رہیں مقوی جگر۔ مقوی معدہ ادویہ دیں اور پیشاب کا ادرار بھی کرتے رہیں۔ ان نسخہ جات سے کیا ہے۔

**(۹۸۸) نخود**

حکیم محمد اسماعیل امرتسری تحریر فرماتے ہیں کہ میں بچپن میں مرض استسقا میں مبتلا ہو گیا اور ان دو گولیوں سے شفا پائی۔

۱۔ **حب سرخ :** شنگرف رومی۔ مغز جمال گوٹہ۔ پتہ دور کردہ دونوں ملا کر کھرل کریں کہ جب مرہم کی مانند ہو جائیں تو سہاگہ سفید باریک کردہ اس قدر ملا دیں کہ گولی بن جائے۔ اور ماش کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں۔

۲۔ **حب سیاہ :** مصبر ایک تولہ۔ چوک ۶ ماشہ۔ سہاگہ سفید ۳ ماشہ۔ دار ہلد ڈیڑھ ماشہ۔ باریک کر کے حب نخودی بنا دیں۔

**طریقه استعمال :** صبح حب سرخ شام حب سیاہ۔ ایک ایک عدد ہمراہ عرق مکو۔ کاسنی۔ سونف (تیز عرق) اور تمام مشروبات سے پرہیز کریں اور کھانے کے لیے خشک روٹی اور شوربا گوشت یا شوربا چنے اور کل اشیا سے پرہیز۔ پانی کی جگہ عرق مذکور دیں۔ اس کے علاوہ دال نخود کو شیر زقوم سے گولیاں بنالیں۔ اور صبح و شام کھلائیں اور عرق یہ ہی پلا دیں۔ پرہیز اور اوپر والے نسخہ کا ہو اس سے بھی استسقا زقی دور ہو گا۔ دونوں قسم کی گولیاں اور عرق کا کورس حکیم صاحب مذکور نے مجھ کو زبانی بتلایا اور ہدایت کی کہ اس کو استسقاء میں تیار کر کے فائدہ اٹھائیں مجرب ہیں۔

## (۹۸۸) استسقاء زقی

مریض جوان سال تمام جسم پر ورم پیٹ بڑھا ہوا کمی خون عام کمزوری پاؤں پر ورم نہایت مایوس تھا۔ ایک حکیم صاحب ریاست کپورتھلہ کے جو ہمارے گاؤں میں تشریف لائے ہوئے تھے ان کے زیر علاج آیا اور حکیم صاحب نے یہ شربت تجویز کیا۔

**ھوالشافی :** افسنتین۔ گل سرخ۔ مویز منقیٰ۔ سونف۔ گل غافث۔ ۵۔۵ تولے کر دو سیر پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دے کر چھان کر ایک سیر چینی ملا کر شربت بنا دیں۔

**خوراک :** ۲۔۲ تولہ دن میں چار بار ہمراہ عرق کاسنی۔ پیلک ۵۔۵ تولہ۔ ملا کر دیا گیا اور گل ارمنی۔ ۲ تولہ۔ پیلک ۱۰ تولہ۔ سرکہ ۱۰ تولہ۔ رگڑ کر پاؤں پر ضماد کیا گیا۔ اس علاج سے مریض کے تمام عوارضات دور ہو گئے۔ یہ واقعہ قیام پاکستان سے قبل کا ہے۔ اس کے بعد ہجرت کر کے وہ حکیم صاحب ریاست کپورتھلہ سے ہمارے گاؤں میں آ کر آباد ہو گئے اور ان کا شاگرد بھی یہیں رہتا تھا۔ پھر ان سے روز ملاقات ہوتی انہوں نے فرمایا کہ یہ شربت ہمارے استادوں کا مجرب ہے کہنے لگے کہ شربت میں بھی پیلک ۵ تولہ ملا کر بنا لیا کریں یہ ریاست کپورتھلہ کے پرانے طبیبوں کا مجرب نسخہ ہے ضرورت پڑے تو تیار کر لیتا ہوں۔ میں نے خود اس مریض کو اس شربت اور عرق اور لیپ سے تندرست دیکھا اور انہوں نے مجھ کو عطا کر دیا۔

## (۹۸۹) شربت دینار

مریضہ عمر ۶۰ سال کھانسی اور دمہ کی پرانی مریضہ کو بخار ہوا اور پھر تمام جسم پاؤں چہرہ اور پیٹ پر ورم ہو گیا۔ جس کو دبانے سے گڑھا پڑتا تھا۔ اس کو عرق جگر ے تولہ اور شربت دینار

خورد ۳ تولہ ملا کر صبح و شام دیا گیا اور نمک شتر ۲ رتی کیپسول میں بند کر کے اس کے ساتھ ہی دیا گیا اس سے مریضہ کی تمام شکایات دور ہو گئیں۔ ورم اتر گیا۔ قبض دور ہو گئی۔ اور پیشاب کا ادرار ہوتا رہا اس طریقہ سے کئی علاج کئے گئے۔

## (۹۹۰) نسخہ شربت دینار خورد

قرابادینوں میں شربت دینار کے عام نسخے زیادہ اجزا کے ملتے ہیں۔ لیکن یہ کم اجزا کا نسخہ ہے اور کئی بار کا مجرب ہے۔

**ھوالشافی :** پھل گلاب ۵ تولہ۔ جڑ کاسنی ۵ تولہ۔ تخم کاسنی ۳ تولہ۔ تخم کثوث ۲ تولہ۔ ریوند چینی کوفتہ ۲ تولہ۔ کھانڈ تین پاؤ سے شربت بنالیں۔

**خوراك :** ۳ تولہ صبح و شام دیں اس شربت سے سوء القینہ' ورم جگر' استسقاء' ملیریا' بخار مزمن' یرقان دور ہوتا ہے نیز قبض کشا ہے۔ زیادہ قبض ہو تو پھل گلاب ۷ تولہ کر لیں۔

## (۹۹۱) عرق جگر

عرق جگر جس کا ابھی تذکرہ ہوا ہے وہ ایک مبارک ہستی سے ملا تھا جو کہ طب جدید کا عامل بھی تھا اور پرانے زمانے کا خاندانی حکیم تھا اور مجھ کو اپنے عزیزوں سے زیادہ پیارا سمجھتا تھا انہوں نے فرمایا کہ میں نے کئی سو کتاب پڑھی ہے لیکن یہ اجزا تمام کتابوں میں مشترکہ ملتے ہیں لہٰذا میں نے اختصار کر کے یہ عرق تجویز کیا ہے اور کئی بار تیار کر کے دیتا ہوں۔

**ھوالشافی :** تخم کاسنی۔ سونف۔ اجوائن دیسی۔ پیلک۔ ۵۔ ۵ تولے۔ افسنتین ۲ تولہ۔ عرق صرف ۲ بوتل نکال لیں۔

**خوراك :** ۵ تولہ۔

**فوائد :** ورم جگر۔ سوء القینہ۔ استسقاء۔ کمیٔ ہاضمہ اور بخار دور ہو جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ اس کی مغفرت کرے نہایت نیک انسان تھا۔

**طریقه تیاری نمك شتر :** اونٹ کے خشک لیڈے لے کر ان کو جلا کر راکھ بنالیں اور پانی میں گھول دیں اور روز ہلاتے رہیں تین یوم کے بعد پانی کو نتھار کر آگ پر خشک کریں۔ آگ نرم نرم رکھیں۔ جو چیز خشک ہو کر باقی رہ جائے وہ نمک شتر ہے۔

**خوراك :** دو رتی کیپسول میں بند کر کے دیں۔ صرف نمک شتر ہی عرق مکو سے دینا مجرب

لکھا ہے۔ لیکن میں نے تو عرق کے ساتھ دیا تھا۔ اس طریقہ سے کئی علاج کئے جو کہ کامیاب ہوئے کم خرچ تمام اجزا مل جاتے ہیں اور مجرب ہیں۔

## (۹۹۲) معجون دبید الورد

مریض عمر ٦۰ سال میں ورم جگر و ورم معدہ اور استسقا میں مبتلا تھا۔ اس کو یہ اوپر بیان کردہ شربت۔ عرق جگر اور اس کے ساتھ معجون دبید الورد ٦۔٦ ماشہ صبح و شام کھلائی جس سے مریض کے تمام عوارضات دور ہو گئے۔ معجون دبید الورد تمام قرابادینوں میں لکھی ہوئی ہے اور قدیم اطبا میں حکیم ابوالبرکات جو خلفائے بنو عباس کا طبیب تھا اس کے ایک شاگرد کی تالیف ہے وہ اس کو سونے کے ہموزن فروخت کرتا تھا۔ تقویت معدہ و جگر۔ دافع استسقاء سر درد کمزوری خصیہ، سدہ جگر کو تحلیل اور ورم معدہ و جگر و رحم کو پرانے اطبا کی مجرب ہے۔ اطبا قدیم دہلی لکھنو اس کو استعمال کرتے آئے ہیں۔ آج میں بھی اکثر اطبا کے معمول میں ہے۔ اور میں نے بھی اس سے کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ لیکن اجزا خالص ہوں اور زعفران خالص نسخہ کے مطابق شامل ہو تو ان شاء اللہ کامیابی ہو گی۔

## (۹۹۳) ریوند عصارہ

مریض عمر ٦۰ سال کو سوء القینہ پھر استسقا لحمی پیدا ہو گیا تمام جسم پر ورم اور ہاتھ پاؤں سوج گئے غریب آدمی تھا اس کو سنڈھ ۵ تولہ۔ نوشادر ڈھائی تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ کا سفوف کر کے اس کے مساوی الوزن سنا مکی کا پوڈر شامل کر کے دیا گیا۔

**خوراک:** ایک ایک ماشہ کی پڑیاں باندھ دیں اور کہا دن رات میں اتنی پڑیاں کھائیں۔ جس سے دو اسہال آ جائیں ایسا ہی کیا گیا اس سے اسہال آ کر تمام ورم اتر گیا قبض دور ہو گئی۔ یہ نسخہ نظریہ مفرد والوں کے استاد علامہ صابر ملتانی کا تجویز کردہ ہے اور مفید ہے میں نے اس سے کئی مریض راضی کئے اگر اس کو استسقاء زقی کے لیے تیار کرنا ہو تو سنا مکی ملے پاؤڈر چار تولہ میں ایک تولہ ریوند عصارہ ملا کر گولیاں نخودی بنا کر دیں۔ اور دن رات میں اتنی کھلائیں کہ دو تین اسہال ہو جائیں۔ تو ان شاء اللہ استسقا زقی والوں مریض کے پیٹ سے اسہال آ کر اور ادرار ہو کر پانی نکل جائے گا۔ اس سے کئی مریضوں کا علاج کر چکا ہوں۔ اس کے علاوہ متقدمین کی جوارش شہریاراں۔ معجون دبید الورد۔ معجون نانخواہ دوائے کرکم کبیر۔ دوائے کرکم

مفیر۔ معجون ترید لاجواب ادویہ ہیں۔ حسب موقعہ محل استعمال کر کے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ آگے اور مجرب بھی آتے ہیں۔

## (۹۹۴) شربت لاجواب

مریضہ عمر ۷۰ سال کو استسقا زقی تھا۔ مریضہ کے پیٹ میں پانی چھلکتا تھا پیٹ بڑھ گیا تھا۔ اور ایک نشان یہ بھی ہے کہ مریض اگر کمر کر کے بل لیٹے تو ناف نیچی ہو جاتی ہے اور پانی دونوں طرف آ جاتا ہے۔ اور سانس چھوٹا ہو جاتا ہے اس کو یہ سفوف مذکور سنڈھ ۵ تولہ۔ نوشادر ڈھائی تولہ۔ مرچ کالی ایک تولہ اور سنا مکی مساوی کے ساتھ ملا کر اس شربت سے دیا گیا یہ شربت ہے۔ سنا مکی۔ گل سرخ۔ سونف۔ پودینہ۔ ۱۰۔ ۱۰ تولہ کو جوشا کر اس میں چینی تین پاؤ ملا کر شربت بنا دیں۔

**خوراک :** ۲ تولہ سے ۵ تولہ تک پانی ملا کر پلایا گیا اس سے اسہال بھی ہوئے ادرار بھی ہو گیا۔ اور پیٹ سے پانی نکل کر پیٹ صاف ہو کر اپھارہ دور ہو گیا یہ شربت نظریہ مفرد والوں کے ایک شاگرد کا تجویز کردہ ہے جن کا فرمان ہے کہ پیٹ اس سے صاف ہو جاتا ہے مٹی نکل جاتی ہے۔ تبخیر دور ہو جاتی ہے۔ اپھار دور ہو جاتا ہے۔ بچوں کو حسب عمر دینا اپھارہ کو مجرب ہے جن لوگوں کے پیٹ خرابی رہتی ہو تو ان کو ایک بوتل تیار کر دیں اس سے قبض بھی دور ہو گی۔ گردہ و مثانہ بھی ٹھیک کام کرنے لگ جائیں گے اس کے بعد جوارش جالینوس یا معجون نانخواہ۔ حب کبد نوشادری یا سفوف ہاضم دے دیں تو ان شاء اللہ پیٹ کی خرابی کے آپ معالج بن جائیں گے یہ شربت لاجواب تجویز ہے میں نے اس کو تیار کر کے فائدہ اٹھایا۔

## (۹۹۵) سفوف افسنتین

**ھوالشافی :** افسنتین ایک تولہ۔ ریوند چینی ۹ ماشہ۔ تخم کشوث ۹ ماشہ۔ نوشادر ۳ ماشہ۔ شورہ قلمی ۳ ماشہ۔ جوکھار ۳ ماشہ۔ مکو دانہ ایک تولہ۔

**خوراک :** ۳ ماشہ صبح و شام دوپہر ہمراہ مناسب بدرقہ۔ یہ نسخہ حکیم عبدالرحیم جلیل نظام آبادی نے اپنے ایک پرچہ ۱۹۵۶ لقمان میں ایک مریض کے علاج کے دوران لکھا تھا۔ فرماتے ہیں اس نسخہ سے ورم جگر۔ سوء القینہ (وہ بخار جو کہ جگر و معدہ کی خرابی سے ہوں) دور ہو جاتے ہیں۔ ہاتھ پاؤں کے ورم۔ اپھارہ۔ استسقا میں میرے دواخانہ کا لاجواب سفوف۔

معمول مطب ہے جو کہ کئی مریضوں پر استعمال کیا جا چکا ہے۔

## (۹۹۶) حکایت لاجواب

اب میں ایک ایسے نسخے کا ذکر کرنا چاہتا ہوں جو کہ میں نے مجربات کی کئی کتابوں میں پڑھا ہے اور حکیموں کی زبان سے اس کی تعریف بھی سنی ہے اور خود بھی اس کو تیار کیا ہے وہ استسقاء کی لاجواب دوا ہے۔ واقعہ یوں ہوا کہ پاکستان سے قبل لاہور کے سرکاری ہسپتال میں ایک سکھ ڈاکٹر کو استسقاء ہو گیا۔ ڈاکٹر صاحب ایک ریڑھی سے ہسپتال جاتے اور اس پر ہی گھر آتے اور خود اور اپنے ڈاکٹر دوستوں سے علاج کرایا لیکن مرض دور ہونے میں نہ آیا۔ اس زمانے میں سیفی صاحب حکیم لاہور میں مطب کرتے تھے۔ کسی نے ان سے ذکر کیا کہ ڈاکٹر کو استسقاء ہے اس کا علاج ہو جائے گا۔ حکیم صاحب نے فرمایا اگر وہ علاج کروانا چاہتے ہیں تو میں کر دوں گا۔ اس آدمی نے ڈاکٹر صاحب کو کہا کہ میں نے سیفی صاحب سے ذکر کیا ہے انہوں نے افسوس بھی کیا ہے اور کہا ہے کہ اگر ڈاکٹر صاحب نے علاج کروانا ہے تو میں حاضر ہوں۔ ڈاکٹر صاحب حاضر ہوئے۔ تو ان گولیوں سے علاج شروع کر دیا۔

**ھوالشافی :** پارہ ۲ تولہ۔ گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ کمیلہ۔ تربد۔ سنڈھ۔ پوست بیخ حنظل۔ لوٹا کھار ایک ایک تولہ۔ مغز جمال گوٹہ مدبر ۹ تولہ۔ باریک کر کے شیر تھوہر سے گولیاں بنالیں۔

**خوراک :** ایک سے چار گولی تک ہمراہ شیر شتر دی اور تمام اشیا سے پرہیز کرنے کو کہا۔ ان کے استعمال سے ڈاکٹر صاحب کے پیٹ سے پانی خارج ہو گیا اس کے بعد جگر کو تقویت دی گئی اس سے ڈاکٹر صاحب بالکل پہلے کی طرح تندرست ہو گئے اور اپنے پاؤں سے چل کر اپنی ڈیوٹی پوری کرنے لگ گئے ان کی صحت ٹھیک دیکھ کر لوگ طب یونانی کی تعریف کرنے لگ گئے اور خود ڈاکٹر صاحب بھی لوگوں کو طب یونانی کا قائل کرتے رہے۔ یہ حکایت مجھ کو قاضی محمد عظیم صاحب مرحوم نے سنائی جو کہ طبیہ کالج کے فارغ بھی تھے اور علامہ صابر ملتانی ؒ کے ہم عصر اور نظریہ مفرد اعضا کے عامل تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے۔ (نوٹ : یہ نسخہ میں نے کم وبیش دس کتابوں سے پڑھا لیکن اجزا میں کم وبیش فرق ہے۔ لیکن گندھک پارہ۔ جمال گوٹہ تمام میں ہی ہے)۔ اپنی اپنی جگہ تمام نے ہی مجرب لکھا ہے اگر کسی کو شیر شتر موافق نہ

آئے تو اس کو عرق مکو سے دیں اور عرق مکو ہی بطور پانی پینے کو کہیں۔ شیر شتر کے متعلق اس طرح لکھا ہے۔ اونٹ کا چرانا اس کا دودھ اور پیشاب پینا۔ ناخنوں کی دھونی لینا۔ تمام ہی استقا کو مفید ہیں۔ اونٹ کے تمام اجزا استسقاء کو بالخاصہ مفید ہیں۔ اطبا نے ایسا ہی لکھا ہے۔

## (۹۹۷) اکسیر استسقاء زقی

ایک پرانے طبیب کو ملنے گیا اور نسخہ جات طلب کئے۔ انہوں نے اپنے کافی معمول مطب نسخے عطا کئے جن میں استسقاء زقی کے لیے یہ نسخہ بتایا۔

**ھوالشافی:** ریوند عصارہ ۴ ماشہ۔ شورہ قلمی ۸ ماشہ۔ باریک کر کے خوراک ۴ ماشہ سے ۶ ماشہ تک کھلا دیں۔ تین روز میں پانی بالکل نکل جائے گا اس کے بعد کشتہ منور کھلائیں یا اکسیر جگر کھلا دیں وہ یہ ہے منور ۵ تولہ۔ ترپھلہ ۱۵ تولہ ملا کر دہی سے تر کریں اور کئی روز تک تر کرتے رہیں اس کے بعد لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر لوہے کے دستہ سے رگڑیں کہ منور کی رڑک نہ رہے۔ بس تیار ہے۔

**خوراک:** ۲ ماشہ صبح کو کھلائیں اور عام کمزوری جگر میں صبح کو یہ سفوف اور عصر کے وقت شربت دینار دیتا ہوں۔ ریوند عصارہ والے نسخہ کی تصدیق حکیم و ڈاکٹر محمد رفیق صاحب حجازی ٹوبہ ٹیک سنگھ نے بھی کنز العلاج طبع اول میں کی ہے اور لکھا ہے کہ تین روز میں پانی نکل جاتا ہے۔ عرق سونف سے دیا کریں۔ تین روز سے سات روز تک پیٹ سے پانی بالکل نکل جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

## (۹۹۸) عطیہ سنیاسی

ایک گھر سنیاسی صاحب آئے۔ صبح کو گھر والوں نے مجھ کو بلا کر اس سے ملاقات کروائی اور تبادلہ خیالات و نسخہ جات ہوتا رہا۔ درمیان میں استسقاء کا ذکر آیا تو سنیاسی صاحب نے ذاتی تجربہ یوں بیان کیا۔ استسقاء کے مریض کا پانی بند کر دیں اور یہ عرق بجائے پانی کے دیں۔ سونف پیلک کاسنی ایک ایک پاؤ۔ پودینہ ۱۰ تولہ کا عرق سات بوتل نکال لیں اس کے ساتھ یہ گولیاں دیں۔

**ھوالشافی:** مصبر۔ نوشادر۔ ریوند عصارہ مساوی الوزن کی گولیاں نخودی بنا دیں۔

**خوراک:** ایک ایک عدد۔ صبح دوپہر شام دیں۔ اگر اس سے دو اسہال آجائیں ورنہ چار

عدد دے دیں کہ دو اسہال روز آتے رہیں۔ ان شاء اللہ استسقاء کا پانی دور ہوگا بلکہ ہر قسم کو فائدہ ہوگا یہ ہمارا راز تھا اس کے ساتھ کوئی تنکا وغیرہ دیتے ہیں لیکن نسخہ تو یہ ہی ہے اس سے ہم کئی انعام حاصل کرتے ہیں۔ ہمارا تو یہ ہی مجرب ہے۔

## (۹۹۹) لاجواب علاج استسقاء

برائے تنقیہ احشا اور صلابت جگر کے واسطے صاحب قرابادین مجددی بیان فرماتے ہیں کہ مصبر صاف اور ریوند عصارہ مساوی الوزن ملا کر گولیاں بنا دیں۔

**خوراک :** ہمراہ آب کنوار گندل ۲۔۲ عدد صبح و شام ہمراہ شربت دینار۔ عرق مکو۔ عرق سونف۔ عرق کاسنی سے دیں۔ جب پانی نکل جائے تو خبث الحدید مدبر بہ بول شتر۔ (سو بار آگ میں گرم کر کے بجھایا ہوا)۔ بعد میں اس کو کڑاہی میں ڈال کر بول شتر میں غرق کریں اور سیخ آہنی سے ہلاتے رہیں۔ حتیٰ کہ خشک ہو جائے اس خبث الحدید مذکور میں مجیٹھ مساوی ملا کر خوراک ایک ماشہ کھلاتے رہیں ان شاء اللہ اس سے کمی خون دور ہوگی۔ ان شاء اللہ

## (۱۰۰۰) حب ریوند

**ھوالشافی :** ریوند خطائی۔ شورہ قلمی۔ نوشادر مساوی الوزن ملا کر گولیاں بنا دیں۔

**خوراک :** ایک ایک عدد صبح و شام ہمراہ عرق سونف دیں اور پانی کی جگہ عرق مکو پلاتے رہیں۔

**غذا :** نان گندم دال نخود یا دال مونگ مقشر کے علاوہ کل اشیا سے پرہیز کریں اس کے استعمال سے ہر قسم کا استسقاء (طبلی لحمی زقی) دور ہوگا یہ بھی مجرب ہے۔

شربت مکبود جس کا ذکر یرقان کے باب میں ہوا ہے وہ بھی استسقاء کو مجرب ہے۔

(از طب جدید)

## (۱۰۰۱) اکسیری علاج استسقاء

ایک مریض کو استسقا زقی ہو گیا۔ غریب آدمی تھا اس کا علاج کروانے والا کوئی نہ تھا۔ اس کو لاہور ہسپتال میں داخل کروا دیا گیا اس جگہ انہوں نے تین بار پیٹ میں سوراخ کر کے پانی نکال دیا اس کے بعد وہ مریض اپنے گاؤں آ گیا۔ اماں حاجن نے مجھ کو کہا کہ بھائی یہ

غریب آدمی ہے اس کا علاج کرنا نیکی ہے۔ میں نے ان کی بات مانی اور مریض کے پیٹ میں سے پانی چونکہ نکل چکا تھا لہٰذا یہ سفوف تیار کر کے دیا گیا۔

**ھوالشافی :** نوشادر ایک تولہ۔ شورہ قلمی ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار۔ فرائی سلفاس ایک تولہ۔ پلور ہائی کو ۳ تولہ۔ سوڈا بائی کارب چار تولہ۔ کونین فولادی ایک تولہ باریک کر کے ایک ایک ماشہ کی پڑیاں باندھ دی گئیں اور عرق کاسنی عرق سونف۔ عرق مکو۔ عرق اجوائن کے ساتھ دیا دے اور تاکید کی کہ پانی کم سے کم پیئیں بلکہ یہ عرق ہی پیئیں۔ غذا اور پرہیز بھی سمجھا دیا گیا اس کے بعد اس مریض کو پانی نہ پڑا کیونکہ اس سفوف اور عرق سے جگر و معدہ امعا کی اصلاح ہوگئی چونکہ اس نسخہ میں فولاد بھی تھا اس سے کمی خون بھی دور ہوگئی اور قریباً بیس سال اس کے بعد زندہ رہا۔ یہ نسخہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ایک معالج کی کتاب سے اخذ کیا ہے اس سے ایک دواخانہ نے کافی شہرت حاصل کی ہے اور میں نے بھی اس کو کئی مریضوں کو دیا جو کہ ملیریا بخار میں مبتلا تھے اور کمی خون کا شکار ہو چکے تھے۔

## (۱۰۰۲) جگر کی خرابی کمی خون اور خرابی پتہ کا ایک کیس

مریضہ عمر ۵۰ سال رنگ زرد۔ کمی خون خرابی معدہ اور پتہ کی مایوس مریضہ دواخانہ میں لائی گئی۔ ڈاکٹروں نے پتہ کی خرابی بھی بتائی اور مایوس ہو کر اور علاج کو کہا۔

**ھوالشافی :** اوپر والے مریض کا سفوف جگر تیار کر کے عرق مقوی جگر کے ساتھ دیا گیا اس سے لاعلاج حد تک پہنچی ہوئی مریضہ ٹھیک ہوگئی وہ عرق مبارک یہ ہے

**ھوالشافی :** بال چھڑ۔ ساذج ہندی۔ صندل سفید۔ الائچی کلاں ۵۔۵ تولہ۔ افسنتین رومی ۳ تولہ۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ گل غافث۔ ہر ایک ڈھائی ڈھائی تولہ۔ دارچینی ایک تولہ سب کو آٹھ سیر پانی میں بھگو کر صبح کو چھ بوتل عرق نکال لیں۔

**خوراک :** ۷۔۷ تولہ صبح و شام شربت دینار ۲ تولہ میں ملا کر پلائیں۔ مقوی معدہ و جگر ہے۔ دل کو فرحت دیتا ہے۔ اور مقوی بھی ہے۔ یہ عرق لاجواب ہے ایک دواخانہ میں سینکڑوں بوتلوں کے حساب سے یہ عرق نکلتا اور فروخت ہوتا دیکھا۔ خود بھی تیار کیا اور مریضوں کو دیا۔ ملیریا کے عام دن تھے ملیریا بخار کے مریضوں کو دیا جاتا تھا اس سے بخار کی وجہ سے خرابی جگر دور ہو جاتی۔ دل کو فرحت آتی خوشبودار ہے اوپر والی مریضہ کو اس سفوف کے ساتھ دیا گیا

صاحب دواخانہ اس کو بوتل میں ڈال کر سرخ رنگ شربتوں والا ڈال دیتا اور ایک ورق چاندی سالم بھی ڈال دیتا جس سے اس کا رنگ بھی سرخ ہوتا اور خوبصورت لگتا یہ عرق جگر و معدہ پتہ کے مریضوں کو دینا لاجواب ہے۔ یہ نسخہ حکیم احمد دین شاہدروی نے ہی تجویز کیا ہوا ہے۔ تجربہ میں لاجواب ثابت ہوا۔ اس کے ساتھ انگریزی دوائی بی ۱۲ کا شربت جس کا تجارتی نام سائیٹ کان ہے۔ پلانا امراض جگر۔ کمی خون اور یرقان کو لاجواب ہے میں نے خود اس کا تجربہ کیا ہے۔ امراض معدہ جگر میں اس عرق کا استعمال کرنا کامیابی کا ذریعہ ہے۔

## (۱۰۰۳) اکسیر سنیاسی

ایک سنیاسی میرے پاس کبھی کبھی تشریف لاتے اور میں ان کی خدمت کرتا ایک دن میں نے کہا کہ آپ استسقا کا علاج کس طرح کرتے ہو۔ انہوں نے ایک نسخہ عطا فرمایا۔

**ھوالشافی :** نوشادر ۶ ماشہ۔ ریوند عصارہ ۹ ماشہ۔ نمک دیسی ساڑھے ۶ ماشہ۔ زعفران ایک تولہ۔ کالی مرچ ۳ ماشہ۔ دودھ ڈاچی ایک کلو میں ملا کر آہستہ آہستہ پکائیں۔ جب کھویا بن جائے تو اتار کر رکھیں۔

**خوراک :** خشک ہو جائے تو باریک کر کے ۳۔۳ ماشہ ہمراہ شیر ڈاچی یا بھیڑ رنگ سیاہ سے دیں اس سے ایک پاخانہ کھل کر آ جائے گا ریاح خارج ہوتے رہیں گے۔ یہ نسخہ خاص کر استسقا طبلی کو مفید ہے البتہ استسقاء زقی کو بھی دیا جا سکتا ہے۔ ٹھنڈ اور گھی والی اشیاء کا پرہیز کرائیں۔ کہنے لگے یہ ایک راز تھا جس سے ہمارے بزرگوں نے کافی پیسے کمائے اور مریض راضی کئے۔ لیکن آپ کی خدمت اور محبت کا صلہ بھی دینا چاہیے۔ اس کے علاوہ اور بھی نسخے عطا فرما گئے۔ یہ نسخہ کئی طرح سے مفید ہے۔ زعفران ریوند عصارہ اور دودھ ڈاچی اس مرض میں مفید ہیں۔

## استسقاء

حکیم محمد اسماعیل صاحب امرتسری مجربات پاک و ہند میں تحریر فرماتے ہیں کہ مجھ کو اوائل عمر میں استسقاء زقی ہو گیا تو میں نے جس نسخے سے شفا پائی وہ یہ تھا۔ ان کی کتاب سے پڑھ کر میں خود ان سے ملنے گیا اور نسخے کی تعریف کی۔ فرمانے لگے کہ نشتر سے پانی نہ نکالا گیا

ہوتو ان گولیوں سے آرام آسکتا ہے میں نے خود تجربہ کیا ہے۔

## (۱۰۰۴) گولی: ۱

**هوالشافی :** شنگرف رومی۔ مغز جمال گوٹہ۔ پتہ دور کردہ۔ مساوی الوزن باریک کریں اور سہاگہ سفید ملا کر کھرل کرتے جائیں۔ گولی بننے لگ جائے تو ماش کے برابر گولیاں بنالیں۔

## (۱۰۰۵) گولی: ۲

**هوالشافی :** مصبر ایک تولہ۔ چوک ۶ ماشہ۔ سہاگہ سفید ۳ ماشہ۔ دار ہلد ڈیڑھ ماشہ۔ گولی بقدر نخود تیار کریں۔

**طریقه استعمال :** صبح کو گولی نمبر ایک کھلائیں شام گولی نمبر ۲ کھلائیں اور پانی کا پرہیز کریں اور کاسنی سونف پیلک کے عرق نکال کر پئیں۔

**غذا :** روٹی گندم۔ شوربہ گوشت سے کھائیں۔ چنے کا شوربا پی لیں اور باقی کل اشیاء سے پرہیز کریں۔ جہاں تک عرق کا تعلق ہے وہ خود کشید کریں یا کسی معتبر سے لے لیں۔ عرق تیز ہو پھر فرمانے لگے اگر یہ گولیاں تیار نہ ہوں تو

## (۱۰۰۶) آردنخود

آردنخود کی شیر زقوم میں چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ یہ گولیاں ہی کھالیں اور عرق مذکور اسی طرح پیتے رہیں اور کل اشیاء سے پرہیز کریں اس کے بعد فرمانے لگے میں تو تمام عمر ہر دو نسخوں سے کام لیتا رہا ہوں دونوں نسخے بتادیئے ہیں۔

## (۱۰۰۷) معجون جنطیانہ

از قرابادین اور مجربہ مفتی سایم اللہ خان لاہور رحمۃ اللہ علیہ

**هوالشافی :** فلفل سیاہ۔ جنطیانہ رومی ۱۰۔۱۰ ماشہ۔ کٹھ شیریں۔ ریوند چینی۔ سنبل الطیب ۲۔۲ تولہ۔ شہد ۵ چھٹانک۔

**خوراك :** ۹۔۹ ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق سونف و کاسنی ۳۔۳ تولہ۔

**فوائد :** سدہ جگر۔ درد جگر۔ درد گردہ۔ استسقا۔ ورم طحال۔ نفخ جگر۔ صلابت جگر و طحال و معدہ کے لیے یونانی حکما کی مجرب ہے۔

## (۱۰۰۸) اکسیر استسقاء

۱۹۴۰ء میں ایک صاحب نے ایک نسخہ استسقاء کا بیان کرتے ہوئے کہا کہ یہ میرا تیس سالہ مجرب ہے اور ایسے استسقا کو مفید ہے جس کے ورم کو دبانے سے گڑھا پڑ جاتا ہو اور جس کو گڑھا نہ پڑے اس کے لیے چنداں مفید نہیں۔ تریاق ہے۔

**ھوالشافی:** سنا مکی صاف۔ لونگ۔ شہد ایک ایک تولہ ملا کر تین خوراک بنالیں۔

**طریقہ استعمال:** مریض کو دو گھنٹہ قبل از مغرب غذا کھلائیں اور شام کو دوا کا تیسرا حصہ کھلا دیں اور دوا کے بعد صبح تک کوئی چیز کھانا منع کر دیں۔ حتیٰ کہ صبح ہو جائے۔ مریض کو رات ہی رات اسہال آئیں گے۔ کسی کو پانچ کسی کو اس سے بھی زیادہ اسہال بند کریں نہ گھبرائیں۔ صبح تک بیس تک بھی آ جاتے ہیں۔ نہ تکلیف ہو گی نہ پیاس لگے گی۔ صبح کو خشک روٹی اور کباب کھانے کو دیں اور پینے کو آب گرم دیں۔ اسی طرح اگلی شام کو دوسری خوراک دیں۔ اب اسہال کم آئیں۔ اسی طرح تیسری خوراک بھی دیں۔ آب گرم پینے کو دیں اور سوکھی روٹی کباب کھانے کو دیں۔ اب ان شاء اللہ استسقا کا مادہ نکل چکا ہو گا اس کے بعد معجون خبث الحدید یا کشتہ فولاد آب جامن والا دیں۔

**کورس:** ۱۰ یوم جو لوگ گوشت نہ کھاتے ہوں وہ ارہر کی دال بغیر گھی کے پکا کر سوکھی روٹی سے کھائیں یہ کورس استسقاء کے مریض کو لاجواب ہے۔ اس کے بعد کئی لوگوں نے تجربہ کیا اور اپنے اپنے مجربات میں لکھا ہے۔

## (۱۰۰۹) اکسیر ۲:

ایک صاحب اس طرح لکھا ہے۔

**ھوالشافی:** سنا مکی ایک تولہ شہد ایک تولہ اور ریوند عصارہ ۳ ماشہ ملا کر تین خوراک بنا لیں۔ اور اس طریقہ سے تین خوراک وہ ہی پرہیز وہ ہی غذا تو بھی مفید ہے یہ حکیم صاحب بھی کامل ہستی ہیں اور میرے خیال میں ریوندِ عصارہ والا زیادہ مفید رہے گا۔ کیونکہ لونگ سے زیادہ مسہل ہے اور مجرب ہے۔

## (۱۰۱۰) اکسیر ۳:

کسی بزرگ نے ایک لاجواب نسخہ تحریر فرمایا ہے اور اس کو مجرب کہا ہے۔ میرے خیال

میں بھی یہ اکسیر ہوگا۔ نسخے کے اجزا اور ترکیب لاجواب ہے اللہ تعالیٰ ایسے بزرگوں کا سایہ ہم پر دیر تک رکھے وہ یہ ہے۔

**ھوالشافی:** شاہترہ ایک کلو۔ عناب ایرانی ۲۵۰ گرام۔ چرائتہ ۲۵۰ گرام گل غافث آدھا کلو۔ سونف ۲۵۰ گرام۔ تخم کاسنی ۲ کلو۔ مکو خشک ۲ کلو۔ جڑ کاسنی ایک کلو۔ ریوند چینی نیم کوفتہ ایک کلو۔ افسنتین ۲۵۰ گرام تمام ادویہ کوفتہ کر کے کسی برتن میں ڈال کر ایک من پانی ڈال دیں اور جوش دیں اور برتن کا منہ بند کر دیں۔ گرمیوں میں آٹھ دن سردیوں میں پندرہ دن رکھیں کہ خمیر اٹھ آئے اس کے بعد اس سے عرق ۲۰ کلو نکالیں اور بڑی بوتلوں میں بھر لیں پھر فی بوتل نوشادر ایک تولہ شورہ قلمی ایک تولہ تیزاب گندھک ۶ ماشہ ملالیں۔ تیار ہے۔

**خوراک:** ایک تولہ تا ۲ تولہ تک عرق سونف مکو و کاسنی میں ملا کر پلا دیں۔

**فوائد:** یرقان۔ سوالقینہ۔ استسقا کو مفید ہے اور سوجن وغیرہ دور کرنے میں لاجواب ہے میں کہتا ہوں کہ اگر اس کو محنت کر کے تیار کر لیں تو تمام نسخہ جات سے بے نیاز ہو جائیں گے اس نسخہ میں تمام اشیاء قدیم جو کہ ان امراض میں فرداً فرداً مفید ہیں۔ حکیم صاحب نے اس میں اکٹھی کر دیں ہیں۔ یہ نسخہ مدر بول اور مسہل ہے۔ ان شاء اللہ یہ تمام ادویہ ملنے سے ایک لاجواب چیز وجود میں آ جائے گی۔ تیار کر کے فائدہ حاصل کریں اور صاحب نسخہ کے حق میں دعا خیر کریں۔

## (۱۰۱۱) استسقا زقی میں متقدمین کا لاجواب نسخہ

اس کی ایک خوراک سے ہی تمام پانی نکل جاتا ہے۔

**ھوالشافی:** گلقند عسلی ساڑھے ۵ تولہ۔ تخم سوئے دو تولہ ۱۰ ماشہ۔ تربد صاف۔ تخم کرفس ہر ایک۔ ایک تولہ۔ ۵ ماشہ۔ پانی سوا سیر میں جوشا دیں۔ جب تین چھٹانک رہ جائے تو پن کر ریوند چینی ساڑھے چار ماشہ کو سرمہ کر کے چھڑک کر پلا دیں۔ اس سے مریض کو اس قدر اسہال آئیں گے کہ مریض خطرناک حد تک پہنچ جائے گا۔ اور ایک خوراک سے تمام رطوبات خارج ہو جائیں گے۔ علامہ جلیل احمد صاحب انصاری فرماتے ہیں کہ سوئے کا وزن کم کر دیں۔ زیادہ سے زیادہ سات ماشہ سے تولہ تک کر دیں۔ نسخہ کے مجرب ہونے میں کوئی شک نہیں۔

## (۱۰۱۲) عرق استسقاء ورم جگر از طبیہ کالج بہاولپور

**ھوالشافی:** سونف۔ مویز منقیٰ۔ مکو خشک۔ تخم خیارین۔ خارخسک۔ حب قرطم۔ سورنجاں

شیریں۔ برنجاسف۔ بادرنجبویہ۔ تخم کاسنی۔ ریوند خطائی۔ ریوند چینی۔ نوشادر۔ گلو خشک ہر ایک ۱۰۔۱۰ تولہ اس کا عرق پچیس بوتل نکال لیں تخم کشوث پوٹلی بستہ ۱۰ تولہ بھی ملا لیں اور زعفران ۶ ماشہ اور نوشادر ۱۰ تولہ کی پوٹلی باندھ کر نیچہ کے منہ میں رکھیں کہ گرم عرق اس پر گر کر بوتل میں گرے زرد رنگ کا عرق ہوگا اس کو میٹھا کر کے دیں۔

**فوائد:** یہ عرق امراض رحم اور ورم جگر استسقا میں ہمارے طبیہ کالج میں بنتا اور مریضوں کو دیا جاتا ہے اور ہم تمام اطبا نے مشورے سے تجویز کیا ہوا ہے۔ آپ کو عطا کر دیا ہے اس کو تیار کر کے مریضوں پر استعمال کیا کریں۔ (از شہاب دین پرنسپل طبیہ کالج بہاولپور)

اور آپ نے فرمایا کہ استسقاء میں جگر۔ معدہ۔ آنتوں اور گردوں کا فعل درست کریں۔ تب استسقا دور ہوگا۔ تقویت معدہ و جگر کریں۔ ریاح خارج کریں۔ گردوں کا فعل تیز کریں۔ ایک اور صاحب نے فرمایا کہ آدمی کا پیشاب پاخانہ اور پسینہ اگر ٹھیک آتا ہو تو اس کو استسقاء پیدا نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا ان تین چیزوں کو درست کرنے سے استسقاء دور ہو جائے گا۔

## (۱۰۱۳) اکسیری

سم الفار سفید کو آب کنوار گندل میں کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر جوہر نکال لیں۔ خوراک ایک چاول معجون دبید الورد اور ادویہ میں رکھ کر کھلانا استسقا کو مجرب ہے۔ پرانے حکما کی کتابوں میں ہے۔ معجون جگر۔ ورم جگر۔ ورم۔

**ھوالشافی:** ریوند چینی۔ تربد سفید۔ سنڈھ۔ مصطگی۔ گل غافث۔ اذخر مکی۔ بالچھڑ۔ دارچینی ایک ایک تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ شہد خالص ایک پاؤ۔ معجون بنا دیں۔

**خوراک:** ۳۔۳ ماشہ۔ ہمراہ عرق مکو وسونف۔ ۶۔۶ تولہ۔ سوء القینہ۔ استسقا۔ قبض اسہال کمزوری دل کو مجرب ہے۔

اور شربت ''سی کو'' ملا کر پلا دیں تو زیادہ مفید ہے۔ شربت سی کو یہ ہے۔

## (۱۰۱۴) شربت سی کو

**ھوالشافی:** جڑ اذخر۔ جڑ کاسنی۔ جڑ سونف۔ جڑ کرفس۔ ملٹھی مقشر۔ ۱۰۔۱۰ تولہ۔ سونف۔ پیلک۔ گل سرخ ۸۔۸ تولہ۔ مویز منقی ۶۶ عدد۔ پانی چار سیر میں بھگو کر جوش دیں۔ جب دو سیر رہ جائے تو پن کر دو سیر چینی ملا کر شربت بنا لیں اور نیچے اتار کر سہاگہ باریک کردہ

۶ ماشہ ملالیں اس کا نام شربت سی کو ہے۔
**فوائد:** معدہ جگر آنتوں کے امراض قبض پیٹ کی خرابی سے ہونے والے بخاروں کو مجرب ہے۔ قرابادینی نام شربت بادیان ہے اور تجارتی نام سی کو ہے۔

## (۱۰۱۵) حب استسقاء

نوشادر۔ نمک سیاہ۔ ریوند عصارہ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ اجوائن دیسی ۳ ماشہ۔ تخم اجمود۔ ہلدی۔ سنڈھ ۵۔۵ ماشہ۔ مرچ سیاہ۔ ہیرا کسیس ۲۔۲ ماشہ۔ آب برگ مدار سے خوب کھرل کر کے نخودی گولیاں بنا دیں۔ ایک ایک گولی دن میں تین بار ہمراہ عرق سونف پیلک ۵۔۵ تولہ کو شربت دینار ۳ تولہ میں ملا کر پلانا استسقا و سوء القینہ کو مولانا عبدالحمید سوہدری کا مجرب ہے۔

## (۱۰۱۶) عرق استسقاء

سالٹ ۶ تولہ شورہ قلمی ۳ تولہ ایک بوتل عرق سونف میں حل کر کے رکھیں اور ۵ تولہ ہر تین گھنٹہ کے بعد پلاتے رہیں ادرار بھی ہوگا۔ اور اسہال بھی اور استسقا کو مفید ہوگا یہ نسخہ رسالہ آب حیات میں ایک صاحب نے بتایا تھا۔

## (۱۰۱۷) شربت استسقاء

**ھوالشافی:** اندر کی جڑیں صاف کر کے کوٹ کر ایک پاؤ سیر پانی جوشا دیں جب پانی تین پاؤ رہ جائے تو پن کر تین پاؤ چینی ملا کر شربت بنا دیں۔
**خوراک:** ایک تولہ پانی ملا کر پلا دیں اس سے اسہال آئیں گے اور معدہ و جگر صاف ہو جائے گا بلکہ سینہ بھی بلغم سے صاف ہوگا یہ بھی مفید ہے اگرچہ کڑوا ہے۔

## (۱۰۱۸) سفوف استسقا

**ھوالشافی:** ریوند خطائی ۶ ماشہ۔ تربد سفید ۶ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۳ ماشہ۔ غاریقون سفید ۲ ماشہ زنجبیل ۲ ماشہ۔ شکر سفید ڈیڑھ تولہ۔
**خوراک:** ۶ ماشہ۔ ہمراہ شیر شتر۔ اقسام استسقا میں مائیت خارج کرنے میں مفید ہے۔

## (۱۰۱۹) معجون استسقاء زقی

**ھوالشافی :** پوست ہلیلہ زرد ۳ تولہ۔ تربد سفید ۳ تولہ۔ آملہ ۱۴ ماشہ۔ زنجبیل ۱۴ ماشہ۔ پوست ہلیلہ ۷ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۱۰ ماشہ۔ چاولوں کو دودھ زقوم میں تر کر کے خشک کریں اور مناسب وزن ملالیں۔ شہد سہ چند۔

**خوراك :** ساڑھے ۴ ماشہ پانی کو خارج کرنے میں لاجواب ہے۔ بہت جلد مریض کو فائدہ پہنچاتی ہے۔ یہ بھی کم اجزا کی معجون ہے۔

## (۱۰۲۰) شربت افسنتین

**ھوالشافی :** افسنتین رومی ۳ تولہ۔ گل سرخ صاف ۵ تولہ دس ماشہ۔ تربد سفید ۱۴ ماشہ۔ غاریقون ۱۴ ماشہ۔ سنبل الطیب ۷ ماشہ۔ سب کو دو سیر پانی میں جوشا دیں بعد میں چینی سفید آدھ سیر ملا کر قوام کریں۔

**خوراك :** ۲ تولہ سے ۳ تولہ تک برائے کمزوری معدہ بارد۔ سوء القینہ اور مالیخولیا۔ مراق کو مفید ہے۔ یہ تینوں نسخے کم اجزا ہیں مگر مجرب اور قرابادینی ہیں۔ لیکن حافظ جلیل صاحب انصاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سفوف معجون اور شربت ان امراض میں میرے تمام عمر کے مجرب اور معمول ہیں۔

## (۱۰۲۱) دوائے کرکم صغیر برائے صلابت معدہ وجگر

**ھوالشافی :** زعفران ۶ ماشہ۔ سلیخہ ۶ ماشہ۔ سنبل الطیب ۶ ماشہ۔ مرکی ۳ ماشہ۔ اذخر ۳ ماشہ۔ قسط شیریں ۳ ماشہ۔ دارچینی ۳ ماشہ۔ پہلے مرکی کو ایک دن رات سرکہ میں بھگوئیں اس کے بعد خشک کر کے شہد کف گرفتہ میں ملالیں۔

**خوراك :** ۳ ماشہ سے ۷ ماشہ تک صلابت معدہ وجگر سوء القینہ استسقا میں پرانے اطبا کا معمول ہے۔ حافظ صاحب فرماتے ہیں میں اس کو تمام عمر استعمال کرتا رہا ہوں۔

## (۱۰۲۲) حب استسقاء

**ھوالشافی :** مرکی۔ مصبر۔ بیخ حنظل۔ زنجبیل۔ انبہ ہلدی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ریوند چینی۔ تربد سفید۔ ۶۔۶ ماشہ۔ سنا مکی ایک تولہ۔ آب کنوار گندل سے نخودی گولیاں بنالیں اور کئی

نسخوں میں مکو دانہ اور گل سرخ ۶۔۶ ماشہ بھی تحریر ہے اور گولی بقدر جنگلی بیر بنانا اور کھلانا استقاء ہر قسم کو پرانے حکما کا معمول رہا ہے۔ حکیم اجمل خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مجربات میں بھی ذکر ہے۔

## (۱۰۲۳) مفردات برائے استسقاء

کلونجی ایک ماشہ کو شہد میں ملا کر چٹانا بھی مفید ہے۔ امام سویدی امام رازی اور دوسرے چھ حکما کا قول ہے کہ گائے کا گوبر جلا کر اس کا پیٹ پر لیپ کرنا۔ استسقاء کو مجرب ہے۔

## (۱۰۲۴) اسطوخودوس

اسطوخودوس ۱۰ ماشہ باریک کر کے ہر روز کھلانا استسقاء طبلی کو صاحب غنی منی کے قول کے مطابق مفید ہے۔

## (۱۰۲۵) اجوائن

اجوائن دیسی بھی استسقاء طبلی کو مفید ہے اور صاحب کنز الحکما کے مطابق دار چینی۔ چرائتہ۔ غاریقون۔ خارخسک۔ اشق اور زراوند استسقاء کے لیے مفید ہیں استسقاء زقی کے مریض کو کھانے اور پینے میں فاقہ کرنے کی ہدایت کریں گرم گڑھے میں استسقاء کے مریض کو بٹھانا کہ سر باہر رہے اور پسینہ آ جائے اس سے استسقاء کا مادہ بذریعہ پسینہ خارج ہونے میں مدد ملتی ہے۔ روغن بادام۔ علامہ ابن بہل کے مطابق روغن پستہ تمام اقسام استسقاء میں مجرب ہے اور تمام پھلوں کو چھوڑ کر انار کھلانا مفید ہے۔

## (۱۰۲۶) ابہل

ابہل کو جوشا کر اس جوشاندے سے ابہل کا سفوف ۱۰ ماشہ کا کھانا بقول شیخ الرئیس استسقالحمی اور زقی کو مفید ہے۔

## (۱۰۲۷) غاریقون

غاریقون ۲ ماشہ۔ اسارون ۲ ماشہ۔ شہد ۶ ماشہ یہ ایک خوراک ہے ایسی خوراک بنا کر کھلانا مادہ استسقا کو اسہال کے ذریعہ سے خارج کرنے میں مجرب ہے۔

## (۱۰۲۸) برگ کسوندی

برگ کسوندی ۲ تولہ۔ فلفل سیاہ ۲۱ دانے۔ عرق سونف ۱۰ تولہ میں گھوٹ کر پلانا استسقاء کی تمام قسم کو مجرب ہے یہ حکیم اجمل خان کے خاندان اور دوسرے کئی حکما کا مجرب ہے۔

کورس: ۱۴ یوم۔

## (۱۰۲۹) بالچھڑ

بالچھڑ ۵ ماشہ یا سنڈھ ۵ ماشہ جوشار کر پلانا استسقاء طبلی کو مجرب ہے۔ اسارون ۹ ماشہ جوشا کر پلانا استسقاء زقی کو مفید ہے۔ چرائتہ ۵ ماشہ۔ انجیر چار دانے۔ تخم کرفس ۴ ماشہ جوشا کر پینا مفید ہے۔ جوکھار ۴ ماشہ زوفا خشک ایک تولہ۔ انجیر چار دانے پانی میں رگڑ کر مقام پیٹ پر ضماد کرنا مفید ہے۔ آب کریلہ تازہ ۵ تولہ شہد سے پینا دو چار اسہال لا کر پیٹ صاف کر دیتا ہے۔

## (۱۰۳۰)

آب مولی یا آب برگ مولی کو شربت سکنجبین سے میٹھا کر کے پلانا امراض یرقان و استسقاء میں لاجواب ہے یہ تمام اقوال اور مفردات یا کم اجزا والے تمام نسخے پرانے حکماء جالینوس۔ رازی۔ ابن سینا اور صاحب عنی منی حافظ جلیل صاحب انصاری کے مجرب ہیں۔

آخر میں ایک عرق مرکب لکھتا ہوں جو کہ بڑے حکماء کا معمول اور مجرب ہے اور اس کے بعد جو اشیا جگر کو مفید ہیں یا جو مضر ہیں ان کی فہرست لکھ کر آگے امراض کا ذکر کروں گا۔

## (۱۰۳۱) عرق مرکب

**ھوالشافی :** پوست بیخ کرفس۔ پوست بیخ سونف ہر ایک ۳۶ تولہ۔ گل غافث۔ افسنتین۔ مرکی۔ چرائتہ۔ کٹھ شیریں۔ ریوند خطائی۔ شگوفہ اذخر ہر ایک ساڑھے دس تولہ۔ سونف۔ تخم کرفس۔ سونف رومی ۷۔۷ تولہ۔ مصطگی رومی ۶ تولہ۔ تمام ادویہ کوٹ کر تین حصے کریں۔ ایک حصہ کو سولہ سیر گرم پانی میں رات کو بھگو کر صبح چودہ سیر عرق نکال لیں۔ پھر دوسرا حصہ عرق مذکور میں بھگو کر صبح کو دس سیر عرق نکال لیں۔ پھر تیسرا حصہ بھگو کر اس میں سے آٹھ سیر عرق نکال لیں۔

**خوراک** : ۲ تولہ سے ۵ تولہ تک چند روز میں استسقاء دور ہو گا۔ (نقل از رسالہ لقمان اور رسالہ الحکیم لاہور۔ عادل فریدی)

**نکات مطب**: اس عرق میں تمام ایسی ادویہ شامل ہیں جو کہ مفرد طور بھی امراض جگر میں مفید ہیں۔ اب عرق مرکب میں تمام ادویہ شامل ہیں اور سہ آتشہ ہونے سے کمال درجہ کا مفید ہو گا۔ اور لائق اطبا کے تجربہ کا نسخہ ہے۔ فیض عام کے لیے رسالہ میں چھپوا دیا ہے کہ مخلوق خدا کو فائدہ ہو۔

## (۱۰۳۲) پرانے اطبا کے مجربات

ا۔ معجون دبید الورد ۷ ماشہ کھلا کر اوپر سے افسنتین ۷ ماشہ۔ نوشادر ایک ماشہ کا جوشاندہ شربت دینار سے میٹھا کر کے پلائیں اور بعد از غذا نوشادر محلول عرق۔ برنجاسف ۱۰ تولہ میں ملا کر پلائیں یا۔ ۲۔ معجون دبید الورد ۷ ماشہ میں قرص فولاد ایک عدد ملا کر کھلانا صبح و شام بعد از غذا حب کبد نوشادر ۳ عدد کھلانا مجرب ہے۔ یا ۳۔ معجون جگر۔ ریوند چینی۔ کٹھ شیریں۔ بالچھڑ ۲۔۲ تولہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ جنطیانہ رومی ایک تولہ۔ شہد ۲۵ تولہ میں ملا کر ۹۔۹ ماشہ ہمراہ عرق مکو و کاسنی سے دینا پرانے اطبا لاہور فیروز دین کے خاندان کا مجرب ہے۔ افسنتین کے پتے ۵ تولہ نوشادر ڈھائی تولہ کی گولیاں بقدر کو کنار دشتی بنا کر کھلانا کمزوری جگر اور ورم جگر میں نے خود تیار کر کے استعمال کی ہیں۔

## (۱۰۳۳)

۴۔ چرائتہ ۵ تولہ۔ ریوند چینی ۵ تولہ۔ نوشادر ۳ تولہ۔ مصبر ۵ تولہ کی ۵۔۵ رتی کی گولیاں بنا کر بعد از غذا کھلانا جگر معدہ و ورم جگر کے لیے مفید اور قبض کشا ہیں۔ دونوں نسخے غریبانہ ہیں اور میں نے تیار کر کے مفید پائے ہیں۔

## (۱۰۳۴) عرق محلل اورام

بابونہ۔ بالچھڑ۔ ناخونہ ایک ایک پاؤ اس کا عرق دس بوتل نکال لیں۔

**خوراک** : ۱۰ تولہ ہمراہ جوارش جالینوس۔ دوائے کرکم۔ یا جوارش جنطیانہ سے دینا ورم جگر میں مجرب ہے۔ نسخہ تو لاہور کے ایک حکیم کے دواخانہ کا ہے لیکن ایک دواخانہ میں سے

سینکڑے بوتلیں تیار ہو کر نکلتا دیکھا ہے۔ میں نے خود اس کو تیار کر کے اندرونی ورم رحم۔ ورم جگر و معدہ میں مفید پایا ہے۔

## (۱۰۳۵) عرق انیس احمد صدیقی لاہور

فرماتے ہیں کہ اوپر کا نسخہ بھی مجرب ہے لیکن ذیل کا نسخہ بھی ہمارے خاندان میں مجرب چلا آ رہا ہے۔

**ھوالشافی :** گل بابونہ۔ سنبل الطیب ایک۔ ایک سیر۔ چھڑیلہ آدھ سیر۔ برگ تلسی۔ برنجاسف۔ پیلک۔ گل غافث ۱۰۔ ۱۰ تولہ کو پانی میں بھگو کر ۱۰ بوتل عرق نکال لیں۔

**فوائد:** ورم جگر۔ ورم معدہ۔ ورم رحم۔ ورم کلیہ۔ ورم امعاء۔ سوء القینہ اور استسقا میں ہمارے خاندان کا مجرب چلا آ رہا ہے۔ ہمراہ معاجین دیں۔

# ورم طحال/تلی کا ورم

بائیں طرف جسم میں پسلیوں کے نیچے طحال یعنی تلی ہوتی ہے وہ صحت کی حالت میں پسلیوں کے اندر رہتی ہے۔ لیکن ورم کی حالت میں بڑھ کر باہر آ جاتی ہے۔ بلکہ سارے پیٹ میں پھیل جاتی ہے۔ کبھی اس میں درد شدید ہوتی ہے۔ کبھی سخت ہو جاتی ہے اور کبھی اس میں پیپ بھی پڑ جاتی ہے۔ اور مریض نہایت کمزور ناتواں چلنے پھرنے سے لاچار ہو جاتا ہے اور جالینوس کے قول کے مطابق جتنی تلی بڑی ہو گی اتنی ہی کمزوری ہو گی اور جتنی تلی چھوٹی ہو گی جسم فربا ہو گا اور عام صحت ٹھیک ہو گی۔ قیام پاکستان سے چند سال پہلے اور پانچ سال بعد تک یہ مرض بہت زیادہ تھا میں اپنے تجربہ کی بنا پر کہتا ہوں کہ خاندانوں کے بچے بوڑھے عورتیں تمام کے تمام اس مرض میں مبتلا دیکھے گئے۔ عام سبب یہ تھا کہ ملیریا ان دنوں میں عام تھا اور ورم طحال بھی عام تھا اب کوئی کوئی مریض ہے ورنہ اس وقت تو روزانہ کئی مریض آتے تھے۔

## (۱۰۳۶) مصبر

ایک بوڑھی ستر سالہ عورت ورم طحال کی مریضہ تھی۔ تلی اس قدر بڑھی تھی کہ تمام پیٹ میں آئی ہوئی تھی۔

**ھوالشافی :** مصبر۔ سہاگہ سفید۔ نوشادر۔ شورہ قلمی۔ مساوی الوزن سرکہ میں پیس کر

گولیاں بنا کر دی گئیں۔۲-۲ عدد بعد از غذا کھلائیں۔ چند یوم کھانے سے ورم طحال دور ہو گیا۔
(از کتاب حاذق)

## (۱۰۳۷) رائی

ایک مریض شہر کا رہنے والا تھا کئی ڈاکٹروں اور حکیموں سے علاج کروا چکا تھا۔ لیکن تلی اس قدر بڑھی تھی کہ تمام پیٹ روک رکھا تھا اور دوائی کڑوی پینے سے انکاری تھا۔ اس کو گولیاں بنا کر دی گئیں جس سے اس کا ورم طحال دور ہو گیا۔ حالانکہ مزمن مرض تھا۔

**ھوالشافی:** سوہاگہ پھلہ۔ رائی۔ نوشادر ٹھیکری۔ مصبر۔ مرچ سیاہ ایک ایک تولہ فولادی ۶ ماشہ سے حب نخودی بنالیں۔

**خوراک:** ایک ایک عدد صبح و شام ہمراہ پانی اس سے مریض کی تلی ٹھیک ہو گئی اور عرصہ پچاس سال کا ہو گیا ہے دوبارہ نہیں ہوئی۔ ان گولیوں سے اور بھی کئی علاج کیے۔

## (۱۰۳۸) کونین سلفاس

مریض عمر ۴۵ سال تلی بڑھنے سے پیٹ مثل کپا ہو گیا تھا۔ سانس مشکل سے آتا تھا کمیٔ خون سے رنگت زرد۔ قبض دائمی۔ ہاضمہ خراب۔ یہ حب تیار کر کے دی گئیں۔

**ھوالشافی:** سنڈھ بارہ تولہ۔ نوشادر۔ ہیرا کسیس ڈھائی' ڈھائی تولہ۔ ریوند چینی سوا چھ تولہ کونین سلفاس ڈھائی تولہ۔ سہاگہ سفید ڈھائی تولہ نوشادر سوا تولہ میں۔ حب بقدر ۴-۴ رتی بنا دیں۔ ایک ایک عدد بعد از غذا کھلانی شروع کر دی گئیں اور ساتھ ہی قبض کشائی بھی کرتا رہا اس سے تلی سکڑ کر اصلی حالت پر آ گئی خون کی کمی دور ہو گئی۔ یہ واقعہ ۱۹۴۹ء کا ہے اس نسخہ میں کونین سلفاس ہے جو کہ آج کل نایاب ہے۔ اس کی جگہ مغز تخم کرنجوہ یا افسنتین کا رُب شامل کر لیں تو ان شاء اللہ ایسا ہی مفید ثابت ہو گا۔

## (۱۰۳۹) حب ہمزاد

مریضہ عمر ۵۰ سال کو ورم طحال ہو گیا عام کمزوری ہو گئی پیٹ مثل کپا ہو گیا مریضہ کڑوی دوا پینے سے انکاری تھی۔ قبض عام تھی ان دنوں میں حب ہمزاد تیار تھیں۔ وہ دے دی گئیں۔

**ھوالشافی:** کچلہ مدبر کونین سلفاس۔ کشتہ فولاد مساوی الوزن سے حب نخودی بنالیں۔

**خوراک:** ایک ایک عدد۔ صبح و شام بعد از غذا قبض کے لیے سقمونیہ ولایتی اونٹنی مارکہ ایک تولہ۔ مغز بادام ایک تولہ۔ منقیٰ بے دانہ ایک تولہ۔ گولی بقدر دانہ جنگلی بیر بنائیں دوسری رات کو دو عدد کھلا دیں۔ اس سے قبض کشائی ہوتی رہی اور چاول لسی میدہ کی اشیا سے پرہیز کرایا گیا اس سے ورم طحال دور ہو گیا۔ کمی خون دور ہو گئی اور لاچار مریضہ صحت مند ہو کر تمام کام کرنے لگ گئی۔ اب تک علاج کی تعریف کرتی ہے اس دوائی سے بھی کئی مریض راضی ہوئے۔

## (۱۰۴۰) گوداتمہ

قیام پاکستان سے کئی سال پہلے ایک حکیم صاحب نے دکان برائے علاج معالجہ کرایہ پر لی تجربہ کار حکیم تھا۔ نبض کا ماہر تھا۔ اس سے کئی مریض راضی ہوئے۔ دکان پر مریضوں کا ہجوم رہنے لگا ایک حکیم جو کہ آٹھ میل کے فاصلہ پر تھے ان کے پاس آنا جانا شروع کر دیا اور ان سے نسخے طلب کیے انہوں نے تقریباً تمام نسخے ہی بتا دیئے۔ حکیم صاحب حافظ قرآن تھے آگے جس حکیم کو نسخے بتائے تھے ان سے میرے تعلق تھے انہوں نے مجھ کو بتا دیئے۔

**ھوالشافی:** مصبر۔ سہاگہ۔ لوٹا کھار۔ ریوند عصارہ۔ ہیرا کسیس۔ گوداتمہ کونین فولادی۔ نوشادر ایک ایک تولہ۔ لعاب کنوار گندل سے گولیاں نخود کابلی بنا دیں۔

**خوراک:** ایک ایک عدد صبح و شام دیں۔ اگر گرم پانی سے دیں تو مسہل تاثیر کرے گی اور ہمراہ شربت دینار یا بزوری دیں تو مریض جگر و طحال مزمن بخار کو مفید اور ساتھ کھانسی ہو تو شربت بنفشہ عرق گاؤزبان سے دیں اور اگر کمی خون، خرابی جگر، ورم طحال سے بندش حیض ہو تو وہ ان سے دور ہو جاتی ہے ان حکیم صاحب نے ان سے کئی کامیابیاں حاصل کیں۔ یہ واقعہ ۱۹۲۲ء کا ہے۔ ان گولیوں میں کونین فولادی ہے اگر نہ ملے تو آدھا کشتہ فولاد اور آدھا اصلی گڑ شامل کر کے بنالیں تو بھی مفید ہو گا۔

## (۱۰۴۱) نمک سونچل

ایک مریض کو ملیریا بخار ہوا۔ جس سے تلی بہت بڑھ گئی ہاضمہ خراب ہو گیا اور بخار بھی ہو جاتا تھا۔ کیونکہ مریض سالٹ والی بوتل سے انکاری تھا اس کو یہ چیز تیار کر کے دی گئی۔

**ھوالشافی:** سہاگہ سفید۔ نوشادر۔ شورہ قلمی۔ نمک شور۔ نمک سونچل۔ نمک سیاہ ۲۔۲ تولہ۔ پھٹکڑی سفید ایک تولہ ایک بوتل میں ڈال دیں اور بوتل (۳ پاؤ) کو آب لیموں سے پُر

کر دیں اور منہ بند کر دیں دوسرے دن اوپر کا زلال لے لیں اور گاد پھینک دیں۔ اس میں سے چار چار ماشہ سے لے کر پانی میں مل کر دن میں دو بار پلایا اس کے استعمال کرنے سے تلی کا ورم ٹھیک ہو گیا۔

**فوائد :** ورم جگر۔ ورم طحال۔ بخار ملیریا۔ بخار چوتھیہ دور ہو جاتا ہے۔ جس صاحب نے یہ نسخہ رسالہ میں دیا تھا اس نے تو ہزار ہا مریضوں پر تجربہ شدہ کہا تھا اور میں نے ایک دواخانہ میں سینکڑوں بوتلیں بنتی دیکھیں پھر میں نے خود بھی اس کا تجربہ کیا اس سے ورم طحال بھی دور ہو گیا اور ملیریا بخار بھی جاتا رہا۔ اور زردی کی بجائے سرخی بھی آ گئی۔ لاجواب چیز ہے۔

## (۱۰۴۲) سفوف جگر

ایک مریض کو میں نے ایک مطب میں کئی دن تک آتے دیکھا مریض میرے پاس آ ٹھہر کر جاتا اور کہتا کوئی فرق نہیں اور علاج کو نہ کہتا ایک دن وہ حکیم نہ ملا تو اس نے کہا میں جس مرض کے لیے آیا تھا مجھ کو قدرے فرق بھی نہیں میں متواتر بیس سال سے ورم طحال، درد طحال، خرابی پیٹ میں مبتلا ہوں۔ آپ مہربانی کر کے علاج کریں۔ مریض کو لٹا کر اس کی تلی دیکھی جو کہ سخت بھی تھی درد بھی کرتی تھی اور تمام پیٹ میں پھیل چکی تھی۔ سفوف جگر میں اور اشیا ملا کر عرق سے دی گئیں اس سے مریض کی جملہ تکالیف دور ہو گئیں۔ حالانکہ مرض بیس سال پرانا تھا۔

**هوالشافی :** نوشادر۔ نمک سیاہ۔ نمک لاہوری۔ نمک شیشہ۔ سہاگہ پھلہ۔ کچور۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ باؤبڑنگ۔ فلفل سیاہ۔ سنڈھ۔ دارچینی۔ سونف۔ دانہ الائچی کلاں۔ اجوائن دیسی۔ پودینہ خشک۔ زیرہ سیاہ۔ تخم کاسنی ۵۔۵ تولہ۔ باریک کریں۔

**خوراک :** ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی۔ اس سفوف کو میں تیار کر کے رکھتا ہوں اور اس سے ملیریا بخار اور خرابی جگر کا علاج کرتا ہوں سفوف جگر اس میں ایک ماشہ میں سنا مکی ۴ رتی۔ رائی ۴ رتی۔ ریوند خطائی چار رتی۔ ملا کر پڑیاں باندھ دیں۔ دن میں تین دفعہ ہمراہ عرق جگر۔

**نسخہ :** سونف۔ تخم کاسنی۔ اجوائن۔ پیلک۔ ۱۰۔۱۰ تولہ۔ افسنتین رومی ساڑھے ۳ تولہ سے عرق پانچ بوتل نکال لیں اور فی خوراک ۵ تولہ دینا شروع کر دیا اس سے مریض کو دوسرے دن ہی افاقہ ہونا شروع ہو گیا۔ تلی خشک ہو کر اپنی اصلی حالت پر آ گئی اور خرابی ہاضمہ ٹھیک ہو گئی یہ

وہ معرکہ کا علاج ہے جس سے ہسپتالوں۔ حکیموں اور ڈاکٹروں سے مایوس مریض کا ورم طحال۔ ورم جگر۔ کمی خون کا عارضہ دور ہو گیا۔

## (۱۰۴۳) حب نایاب

**ھوالشافی** : مصبر ۲ تولہ۔ سہاگہ ایک تولہ۔ شورہ قلمی ایک تولہ۔ نوشادر ایک تولہ۔ مصطگی رومی ایک تولہ۔ ریوند عصارہ ۶ ماشہ۔ آب کنوار گندل سے آٹھ پہر کھرل کریں اور گولی بقدر دانہ جنگلی بیر بنالیں ایک سے چار گولی روزانہ مناسب بدرقہ یا (عرق شربت) سے دیں۔ اگر ان کو آب کنوار گندل میں سات دن کھرل کریں تو یہ تریاق بن جائے گی۔

**فوائد** : پھر ان میں ورم طحال۔ قبض۔ درد شکم۔ سوء القینہ۔ استسقاء۔ سنگ گردہ و مثانہ دور کرنے کی خاصیت پیدا ہو جائے گی۔ پیٹ کو صاف کرنے میں لاجواب ہتھیار آپ کے پاس ہوگا۔ کیونکہ کنوار گندل ایک ایسی بوٹی ہے جس سے کئی مرکب بن سکتے ہیں۔ امراض پیٹ و سینہ و قبض کو دور کرنے میں لاجواب ہے۔ تقریباً ایک گھنٹہ میں ریاح خارج ہونے لگ جائیں گے۔ پیٹ کے گولے دور ہو جائیں گے۔ دائمی قبض دور ہوگی اور اس سے ہونے والا بخار بھی دور ہوگا۔ ساتھ مناسب بدرقہ سے دیں۔ اگر مداومت کے لیے تیار کرنا ہو ریوند عصارہ کی بجائے ریوند چینی ڈال کر بنائیں۔ وزن ایک تولہ لے لیں۔ کیونکہ عصارہ والی زیادہ دنوں دینا۔ امعا کو نقصان دیتی ہے۔

## (۱۰۴۴) حب سم الفار والی

**ھوالشافی** : سم الفار ایک حصہ۔ ہیراکسیس ۱۶ حصہ۔ نوشادر ۳۲ حصہ۔ چرائتہ ۶۴ حصہ۔ باریک کر کے لعاب کنوار گندل سے حب بقدر دانہ جوار بنا دیں اس میں ایک سو بارہ حصہ سم الفار ہے۔ اس کے استعمال سے عام کمزوری کمی خون اور پرانا بخار بھی دور ہوگا۔ تجربہ کار حکما کا تجویز کردہ نسخہ اصولاً ٹھیک ہے قبض ہو تو دور کرلیں۔ جنرل ٹانک ہے۔

## (۱۰۴۵) اکسیر ورم طحال

**ھوالشافی** : اندرائن کا نمک تیار کرلیں۔

**خوراک** : ایک ماشہ اس کو شربت لیموں میں حل کر کے صبح و شام بعد از غذا پلانا ورم طحال کو

دور کرنے میں لاجواب ہے۔ از حد ہاضم ہے۔

## (۱۰۴۶) قرص طحال

حیدر آباد دکن کے شاہی طبیب کے مطب کا نسخہ حاضر ہے۔

**ھوالشافی :** کشتہ مرجان سادہ۔ مصبر۔ تخم کرفس۔ غاریقون۔ شیطرج ہندی۔ ۵۔۵ ماشہ۔ پوست بیخ کنیر۔ نمک طعام۔ تخم کاسنی۔ تخم خرفہ۔ مغز تخم کدو شیریں۔ طباشیر۔ ریوند چینی ۷۔۷ ماشہ۔ فلفل سیاہ۔ خار خشک ۶۔۶ ماشہ۔ ایرسا ۳ ماشہ۔ شب یمانی ۴ ماشہ۔ سب کو پانی یا عرق مکو سے کھرل کر کے ایک ماشہ کے قرص بنالیں۔

**خوراک :** ایک قرص صبح وشام ہمراہ آب تازہ یا مناسب بدرقہ۔

**کورس :** چودہ دن اس سے ایسے ایسے مریض راضی ہوئے جن کے تمام پیٹ اس مرض سے نفخ شدہ تھے۔ شاہی حکیم کا شاہی نسخہ ہے۔

## (۱۰۴۷) افیون

ورم طحال میں نوشادر اس قدر مفید ہے جیسا کہ امساک کے لیے افیون یہ ایک پرانی کتاب کا نسخہ ہے۔ اس لیے نوشادر کا استعمال مرکب یا مفرد طریقہ سے اس مرض میں مفید ہے۔ چنانچہ نوشادر ۲ تولہ کی بتیس خوراکیں بنالیں اور ایک خوراک روزانہ نقوع شاہترہ سے دینا ورم طحال کو کم کر دیتا ہے۔

## (۱۰۴۸) رائی

رائی بھی ورم طحال کی عمدہ دوا ہے۔ رائی تین حصہ۔ سہاگہ پھلہ ایک حصہ ملا کر کھلائیں۔ خوراک دو ماشہ متحدہ ہندوستان کے زمانہ میں دواخانہ دہلی کے حکیموں کا اسراری علاج ہے نیز اس کو اشتہاری مقام بھی حاصل ہے۔

## (۱۰۴۹) اچار انجیر

**ھوالشافی :** انجیر سالم ۲۴ عدد۔ نوشادر۔ خوب کلاں۔ ریوند چینی۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ پودینہ۔ دانہ الاچی کلاں۔ ٹاٹری ایک ایک تولہ ایک برتن چینی یا کانچ میں ڈال کر سرکہ چھتیس تولہ ڈال دیں ادویہ سے انجیر پھول جائے گی بیس دن کے بعد ایک انجیر روزانہ کھلایا کریں اگر

سرکہ بچے تو ایک چمچ بھی پلایا کریں اس سے ورم طحال اتر جائے گا۔ بھوک بند کھل جائے گی اور زندہ در گور مریض بالکل شفایاب ہو جائے گا کئی لوگوں کا تجربہ ہے۔

## (۱۰۵۰) ضماد رائی

سہاگہ تیلیہ کو تیز سرکہ میں رگڑ کر مقام طحال پر ضماد کرنے سے ورم طحال دور ہو جاتا ہے۔ نک چھکنی کا سرکہ کے ساتھ ضماد کرنا بھی یہی تاثیر رکھتا ہے۔ اسارون ۹ ماشہ کا جوشاندہ درد طحال کو مفید ہے۔

## (۱۰۵۱) حکایت

ایک مریض کی تلی بہت بڑھ گئی اور شدید درد شروع ہو گیا اس کو ہسپتال لے جانے لگے۔ میں نے کہا لے جاؤ۔ لیکن میں نے انڈے کی زردی اور چونہ کا ضماد لگا دیا۔ فوراً درد بند ہو گیا تو مریض نے کہا اب میں نے نہیں جانا کیونکہ حکیم صاحب کے ضماد سے نہ صرف درد ختم ہو گیا ہے۔ بلکہ طحال کا ورم بھی کم ہو گیا اس کو ساتھ مروڑ تھے علاج کیا گیا اب پچاس سال کا عرصہ ہو گیا۔ مریض ابھی زندہ اور تندرست ہے۔

## (۱۰۵۲) سبوس گندم

صاحب غنی منی فرماتے ہیں کہ سبوس گندم کو سرکہ میں ملا کر لیپ کرنا ورم طحال کو مجرب ہے۔ علامہ انطا کی فرماتے ہیں کہ انجیر کو نو دن سرکہ میں بھگو کر کھائیں اور سرکہ بھی پئیں اسی کا لیپ بھی ورم طحال پر کریں تو ورم طحال چند روز میں دور ہو جاتا ہے۔

## (۱۰۵۳) تخم مولی

علامہ ابن ہبل فرماتے ہیں کہ مولی کے بیج ساڑھے چار ماشہ سرکہ کے ساتھ کھانا ہمارے تجربہ میں لاجواب ثابت ہوا ہے۔

## (۱۰۵۴) شہد

اور صاحب کامل صناعت فرماتے ہیں کہ طحال کے برابر کاغذ کاٹ کر اس پر شہد لگا دیں اس کے اوپر رائی باریک کردہ چھڑک کر مقام طحال پر چسپاں کر دیں دو دن لگا رہنے دیں دو

دن کے بعد جوشاندہ بابونہ سے صاف کر دیں یہ طحال کے ورم کو دور کرنے میں مجرب ہے۔
دوبارہ سہ بارہ بھی لگا سکتے ہیں۔

## (۱۰۵۵)

اشق یا گوگل کو سرکہ میں پیس کر نیم گرم ورم طحال پر لیپ کرنا بھی قیمتی فوائد رکھتا ہے۔
سنا مکی ۳ ماشہ۔ مگھاں ۳ ماشہ۔ اجوائن دیسی ۴ ماشہ۔ رات کو پانی میں بھگو کر صبح کو پن کر پینا ہفتہ عشرہ میں ورم طحال کو کم کر دیتا ہے۔ دلبر حسن خان بھٹی کے مجربات میں سے ہے۔ شکم کے نسخے میں افسنتین۔ انجیر۔ مکوہ اور مجیٹھ ملا کر ابال کر پینا لاجواب علاج ہے۔

## (۱۰۵۶) ضماد لاجواب

**ھوالشافی :** انزروت ٦ ماشہ۔ کتیرا ایک تولہ۔ اشق ۲ تولہ۔ زراوند ہریرج ایک تولہ۔ بابونہ آدھ تولہ۔ مکو ٦ ماشہ۔ اکلیل الملک ٦ ماشہ سب کو باریک کر کے سرکہ ملا کر کپڑے پر ضماد کریں اور مقام طحال پر لگا دیں اس کپڑے کو خود نہ اتاریں۔ جتنا اترتا جائے اتنا قینچی سے کتر دیا کریں۔ بفضلہٖ تعالیٰ تمام ورم کو دور کر کے اترے گا یہ لیپ پرانے اطبا کا تجویز کردہ ہے میں نے دواخانوں میں تیار دیکھا اور پرانے حکما کے قول لکھ دیئے ہیں۔

## (۱۰۵۷) لاجواب دوا

**ھوالشافی :** آک (مدار) کے زرد پتے جو کہ گر گئے ہوں ۱۰۰ عدد نمک سنگ۔ سجی۔ سہاگہ۔ زرد چوب۔ انبہ ہلدی۔ نمک سیاہ۔ نمک سیندھا۔ جوکھار ہر ایک ۵ تولہ۔ دس ماشہ۔ ہینگ خالص ۳ تولہ۔ روغن سرسوں تین تولہ۔ شیر مدار ۳ تولہ۔ تمام ادویہ باریک کردہ تیل دودھ میں حل کر کے آک کے پتوں پر دو طرفی لیپٹ کر ایک برتن گل میں تہ بہ تہ رکھ دیں اور گل حکمت کر کے اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر تمام ادویہ جو کہ برتن کے اندر ہو باریک کر کے رکھیں اور تین انگلی کی چٹکی میں جتنی دوا آسکے کھا کر اوپر سے باسی پانی پی لیں۔

**پرہیز :** ترشی۔ شیرینی۔ چربی۔ مچھلی۔

**فوائد:** ورم طحال۔ عظم طحال۔ ورم جگر اور شکم کی اکثر بیماریوں میں نفع عظیم بخشتی ہے اور بقول جلیل احمد انصاری مجرب ہے اور یہ امراض بار بار نہیں لوٹتے۔ فرماتے ہیں کہ ہمارے

پرانے بزرگوں کے صندوقچہ کا نسخہ ہے اور ان امراض میں تیر بہدف ہے۔

## (۱۰۵۸) سلفیورک ایسڈ

ایک نسخہ انگریزی بھی لکھ دیتا ہوں جس سے کئی عطائی آدمی بھی لاکھوں روپے کما چکے ہیں۔ میں تمام نسخوں کا نچوڑ لکھ دیتا ہوں۔ کونین فولادی۔ کونین سلفاس ۲-۲ رتی سلفیورک ایسڈ ڈل ۱۰ قطرہ۔ سالٹ ایک تولہ یہ دو خوراک ہیں۔ بعد از غذا دیں پرانی امراض میں ٹنکچر کچلہ دو قطرے۔ ٹنکچر سم الفار مقطر بھی شامل کر لیتے تھے۔ کئی لوگ اس میں شورہ قلمی۔ نوشادر بھی شامل کر لیتے تھے۔ لاجواب دوا ہے۔ میں نے اور میرے ہم عصر حکما نے ۱۹۴۵ء سے لے کر ۱۹۵۰ء تک سینکڑوں مریضوں کا علاج کیا ان دنوں میں ملیریا عام تھا اور ورم طحال بھی عام تھا۔ خود لوگ آ کر پینے والی دوائی مانگتے تھے۔ آپ کی خاطر یہ بھی لکھ دیا ہے بندش حیض میں بھی اکسیر ہے۔ ورم طحال کے مرض کو چکنی اشیا کم سے کم دیں اور پاخانے پھرتے وقت پانی پینے اور کھانا کھاتے وقت طحال کو دبائے رکھنا بھی ورم طحال کو کم کرتا ہے۔ چاول نہ کھانا۔ مولی کھانا۔ انجیر کھانا۔ پودینہ کی چٹنی کھانا اور غذا کا کم کھانا۔ اونٹنی کا دودھ پینا۔ ورم طحال کے کم ہونے کے بعد کمزوری کے لیے معجون دبید الورد یا دوائے کرکم ۔ جوارش جالینوس قرص فولاد۔ دوائے مسک معتدل جواہر والی۔ حب کبد نوشادری بعد از غذا کھلانا یونانی حکما کے مجربات سے ہیں۔

## جگر کی مفید ادویہ و پھل

**مفید:** کاسنی۔ مکو۔ پپیتہ۔ مولی۔ گاجر۔ کلیجی کا شوربا۔ کنو۔ مالٹا۔ سنگترہ۔ انار۔ کاہو۔ سلاد۔ لیموں۔ آلو بخارا۔ پالک۔ سیب۔ آلوچہ۔ آم۔ اناناس۔ جامن۔ فالسہ۔ مویز منقی۔ ادرک۔ سیاہ مرچ۔ دارچینی ۔ ہلدی۔ توری۔ ٹینڈا۔ کدو نیز کاسنی کے بیج کا استعمال ہر طرح سے مفید ہے۔

**مضر:** شراب۔ تمباکو۔ گھی۔ مکھن (زیادہ استعمال) آلو۔ گوبھی۔ بینگن۔ چاول۔ ماش۔ چنے کی دال۔ مٹھائی۔ نشاستہ دار اشیاء۔ شیریں اشیاء کا زیادہ کھانا۔ سرخ مرچ۔ تیل والی اشیاء پکوڑے۔

❀❀❀

# آنتوں کے امراض

## (مروڑ۔ پیچش۔ آنتوں کی خراش اور مروڑ میں خون آنا)

یہ ایک ایسا مرض ہے جو کہ عام ہے اس میں مریض پاخانے جاتا ہے تو مروڑ کے ساتھ آتا ہے۔ کبھی خون بھی آتا ہے اور کبھی مریض کتنا عرصہ ہی لیٹرین میں بیٹھا رہتا ہے اور کچھ خارج نہیں ہوتا اور کبھی صرف خون ہی آتا ہے۔ مریض کو قدرے بخار بھی ہو جاتا ہے۔ مریض نہایت کمزور ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات مرض مزمن ہو جاتا ہے حتیٰ کہ سات سات برس بھی اس مرض میں مبتلا مریض دیکھے گئے ہیں۔

**مروڑ کی اقسام:** ایک صادق۔ دوسری کاذب دراصل اس مرض میں امعاء کے اندر سدّے چمٹ جاتے ہیں جو کہ خارج نہیں ہوتے طبیعت ان کے نکالنے کے لیے کوشش کرتی ہے۔ لیکن وہ خارج نہیں ہوتا اس کا نام مروڑ یا پیچش ہے بعض اوقات امعاء کی اندرونی جھلی ورم کر جاتی ہے یا زخم ہو جاتے اور پاخانہ نکلتے وقت تکلیف ہوتی ہے اس سے بھی پیچش مروڑ پیدا ہو جاتے ہیں۔ اس جھلی کے زخمی ہونے یا متورم ہونے کا سبب بخار گرم اشیاء گوشت۔ انڈے۔ شراب پینا یا مرچ مصالحہ تیز۔ چٹ پٹی اشیاء زیادہ کھانا یا جمال گوٹہ کا جلاب لینا اور ایسے سخت اشیا کا کھانا اس کا باعث بنتا ہے اور اناڑی حکیم ناسمجھی سے اس کو اور بھی خراب کر دیتے ہیں۔

**ھدایت:** مریض سے مروڑ کی شکایت سنتے ہی ان کو بند کرنے کی کوشش کرنا مرض کو مزمن بنا دیتا ہے۔ پہلے خیال کریں کہ مریض کو سدہ تو نہیں اگر ہوں تو پہلے سدے خارج کریں اور سدے خارج کرنے کے لیے جمال گوٹہ۔ مصبر۔ کالا دانہ اور تمے کے مرکبات نہ ہوں نہ مرض اور بڑھ جائے گا بلکہ ہلکے ملینات سے جو کہ آنتوں کی خراش کو نہ بڑھائیں ان سے قبض کشائی کریں اس کے بعد بند کرنے کی کوشش کریں تو ان شاء اللہ کامیابی ہو گی۔ آپ مریض کو

اسپغول سالم یا تخم ریحاں یا تخم بالنگو یا السی ایک تولہ کی مقدار میں گھی یا بادام روغن گل سے چپڑ کر مریض کو کھلا دیں۔ اگر صبح پاخانے میں سدّے نکل آئیں اور مریض کو آرام نہ ہو تو پیش گوئی صادق ورنہ کاذب اب مریض کا سدہ خارج کرنے کے لیے میں نے جو تجربے پچاس سال میں کیے ہیں اور بے ضرر ہیں۔ بیان کرتا ہوں۔ کیونکہ اس مرض میں مجھے ننانوے فی صد کامیابیاں ہوئی ہیں۔

## (۱۰۵۹) سلفاس

**ھوالشافی** : مگنیشیا سلفاس دو ڈھائی تولہ پانی ایک پاؤ میں گھول کر پلا دیں اس سے اسہال پیدا ہو کر سدہ نکل جائے گا۔

## (۱۰۶۰) شربت بنفشہ

**ھوالشافی** : کیسٹر آئیل ۵ تولہ میں عرق گلاب ۵ تولہ۔ کھانڈ ۵ تولہ یا شربت بنفشہ ۵ تولہ ملا کر پلانے سے سدے خارج ہو جائیں۔ ان شاء اللہ۔ پیٹ پر کیسٹر ائیل گرم کر کے مالش کرنے سے بھی ہوا خارج ہو گی۔

## (۱۰۶۱) کیسٹر آئل

کیسٹر آئل ۵ تولہ۔ روغن زرد ۵ تولہ۔ کھانڈ ملا کر پلانے سے سدے خارج ہو جائیں گے۔

## (۱۰۶۲) سنا مکی

املی ۵ تولہ۔ سنا مکی ۷ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۷ دانے۔ نمک طعام ایک ماشہ ابال کر پینے سے سدے خارج ہوں گے۔

## (۱۰۶۳) حب صحت

حب صحت چار عدد کھلانے سے سدے خارج ہو جائیں گے۔ ان شاء اللہ۔ نسخہ یہ ہے۔

**ھوالشافی** : سقمونیہ ولایتی ۵ تولہ۔ مویز منقی ۳ تولہ۔ مغز بادام ۳ تولہ۔ حب نخودی بنا

دیں۔ ۲ سے چار عدد کھلانے سے سدے نکل جائیں گے۔

## (۱۰۶۴) گل سرخ

ھوالشافی: گل سرخ خشک ۵ تولہ اور تازہ پھول دس تولہ ابال کر میٹھا ڈال کر پلانے سے سدے خارج ہو جائیں گے۔ ان شاء اللہ۔ باقی سدے خارج کے نسخے علاج کے درمیان ہونے ہوتے جائیں گے۔

## (۱۰۶۵) گوند کیکر

کیسٹرائل ۵ تولہ۔ عرق سونف ۷ تولہ۔ اور گوند کیکر ایک تولہ کو کھرل میں ڈال کر پیسیں گوند کوحل کر پھر کیسٹرائل قدرے قدرے ملا کر کھرل کرتے جائیں حتی کہ تمام کیسٹرائل مل کر ایک سیال تیار ہو جائے تو مریض کو پلا دیں۔ اس سے بھی بے ضرر طور پر سدے خارج ہو جائیں گے۔ ان شاء اللہ یہ تمام نسخہ جات معمول مطب ہیں۔

مریض عمر چالیس سال عرصہ ۶ ماہ سے بیمار تھا۔ مریض کو آؤں۔ خون اور مروڑ آتے تھے۔ سوکھ کر ہڈیوں کا ڈھانچہ بن گیا اور زندگی سے مایوس تھا اس نے میری طرف رجوع کیا۔ مریض کو لٹا کر اس کا پیٹ ٹٹول کر دیکھا گیا۔ مریض کے پیٹ میں گانٹھیں تھیں اس کے لیے حب صحت چار عدد دی گئیں اور پیٹ پر گرم گھی کی مالش کر کے روئی سے ٹکور کرائی گئی۔ صبح کو پانچ عدد خشک سدے خارج ہوئے جو کہ باعث مرض تھے۔ مریض نے کہا اب پیٹ نرم ہے۔
**غذا:** دال مونگ کی نرم کھچڑی۔ دودھ چاول یا ساگودانہ تجویز کیا گیا اور مریض کو سختی سے ہدایت کی گئی کہ مرچ وغیرہ بالکل نہیں کھانا اور ساتھ میں سفوف ذخیرہ دیا گیا۔

## (۱۰۶۶) سفوف ذخیرہ

**ھوالشافی:** بل کتھ ۳ تولہ۔ گوند کیکر ڈیڑھ تولہ۔ دانہ موڑیوں ڈیڑھ تولہ۔ بہی دانہ ایک تولہ۔ جڑ انجبار ایک تولہ۔ خشخاش سفید ۶ ماشہ کا سفوف بنا دیں اور تخم بارتنگ ڈیڑھ تولہ۔ تخم ریحاں ڈیڑھ تولہ سالم ہی ڈال دیں۔
**خوراک:** ۴ ماشہ سے ۷ ماشہ تک ہمراہ شربت صندل یا انجبار ۵ تولہ پانی ایک گلاس میں گھول کر پلا دیں۔ دن بھر میں تین خوراک دیں اس سے پہلے ہی دن میں مروڑ نہ آئے

ایک دو دن اور دینے سے پرانا مریض مروڑ راضی ہوگیا۔ یہ نسخہ پہلے رموز اطباء میں چھپا تھا اور ایک سکھ حکیم نے اسے معمول بنایا" میں نے بھی کئی مریضوں کو دیا تمام نے شفا پائی۔ مرض ۹ ماہ یا سال پرانا تھا۔ لاجواب نسخہ ہے۔

## (۱۰۶۷) اکسیر مروڑ

مریض عمر ۵۰ سال۔ عرصہ سال ڈیڑھ سال سے مروڑ کے مرض میں مبتلا تھا کئی ڈاکٹروں کا علاج کیا لیکن ناکامی ہوئی اس کو کسی نے میرا نام بتایا کیونکہ ان کا ایک آدمی مرض مروڑ سے شفایاب ہوا تھا۔

**علاج :** مریض کے پیٹ میں سدہ تھا اس کو سالٹ ۳ تولہ۔ ۱۰ تولہ پانی میں حل کر کے دیا گیا۔ صبح تک چار اسہال پانی کی طرح آئے مریض کو غذا سیال سمجھا دی گئی۔ آش جو یا ساگودانہ کھلایا اور اکسیر مروڑ۔ تین خوراک دیا گیا پہلے ہی دن مریض نے کہا کہ آرام ہے۔ بڑے بڑے سرجنوں کے پاس گیا۔ لیکن آفاقہ نہ ہوا۔ میں نے کہا کسی نے سدے کا خیال ہی نہیں کیا اب اس مرض کا سب دور ہو چکا ہے۔ ان شاء اللہ آرام ہو جائے گا۔

**ھوالشافی :** پارہ۔ گندھک آملہ سار۔ ناگرموتھہ۔ موچرس۔ لودھ پٹھانی۔ گل دھاوا۔ بیل گری۔ افیون۔ اندر جو مساوی الوزن لے کر باریک کریں۔ افیون کو پانی میں گھول کر اس میں پاؤڈر کو ملا کر باریک کریں۔ تیار ہے (قے آرہی ہو تو مصطگی رومی ملا کر کھلائیں)۔ ہمراہ آب انار دانہ۔ یا شربت انار یا شربت انجبار یا دہی۔ یا لسی سے دیں۔

**فوائد:** یہ ویدک کا نسخہ گنگا در رس ہے اور تمام وید اس کو استعمال کرتے ہیں مجھ کو علم ہے کہ ایک حکیم نے ضلع گوجرانوالہ میں اس نسخے سے ہزاروں روپے کمائے میں نے بھی تمام عمر اس کو تیار کیا۔ ہون افیون خالص ہونی چاہیے بعضوں نے اس کو پوست کے جوشاندے سے کھرل کرنا لکھا ہے بچوں کو ایک چاول دیں۔

## (۱۰۶۸) گل نیلوفر

مریضہ عمر ۵۰ سال ایک سال تک مروڑ میں مبتلا رہی۔ کئی حکما سے علاج کروایا لیکن آرام نہ ہوا۔ اس کی ہمسائی نے میرا نام لیا تو وہ کہنے لگی بڑے بڑے ڈاکٹروں سے آرام نہیں آیا اس سادے آدمی سے کیسے آرام ہوگا اس کے خاوند نے کہا میں نے کئی آدمیوں سے اس

کی تعریف سنی ہے۔ مریضہ مشکل سے راضی ہوئی اور علاج کی طالب ہوئی۔ مریضہ کے پیٹ کو دیکھا تو سدہ معلوم ہوا۔

**علاج:** گل نیلوفر ایک تولہ۔ املی ۲ تولہ۔ آلو بخارا ۲ تولہ کو پانی آدھ سیر میں جوشا کر ایک پاؤ رہ جانے پر سالٹ ڈھائی تولہ گھول کر پلا دیا گیا اور پیٹ پر گرم گھی یا (کیسٹرائل) گرم کردہ کی مالش کرائی گئی اور صبح آنے کو کہا۔ صبح کو مریضہ نے کہا کہ میرے اندر سے خشک گانٹھیں خارج ہوئی ہیں اب پیٹ میں درد نہیں ہے۔ آگے سے مریضہ خوش نظر آئی یہ گولیاں دی گئیں اور اگلے دن آنے کو کہا۔ مریضہ نے آ کر کہا ایک سال سے آج سوئی ہوں اب تسلی ہوگئی ہے کہ آرام آجائے گا۔

## (۱۰۶۹) مریضہ راضی

**هوالشافي:** شنگرف۔ جدوار۔ مصطگی۔ سہاگہ۔ افیون ایک ایک تولہ۔ گولی بقدر مونگ بنا دیں۔ ریشہ خطمی ایک تولہ کو پانی میں رکھ دیں اور اس کے لعاب کو شربت صندل سے میٹھا کر کے دیں۔ دو تین دن یہ گولیاں دی گئیں جس سے مریضہ راضی ہوگئی میں اور میرے کئی ہم عصر طبیب اس کو تیار کر کے مطب میں رکھتے تھے۔

## (۱۰۷۰) سویاں

مریضہ عمر ۵۵ سال کو میعادی بخار ہوا جو کہ سوا ماہ کے بعد اترا۔ اس کے بعد مریضہ نے سویاں کھائیں اس سے سدہ بن گیا اور مریضہ کو مروڑ کی شکایت ہوگئی۔ ساری ساری رات چارپائی پکڑ کر بیٹھی رہتی اور کہتی بخار سے تو بچ نکلی تھی اب مروڑ سے نہیں بچوں گی۔

**علاج:** ہلیلہ سیاہ کو گھی سے چپڑ کر بریاں کریں اور اس کے مساوی الوزن چینی ملا کر ۷۔۷ ماشہ کی پڑیاں باندھ کر ہمراہ پانی دودھ یا چاول سٹھی کے لعاب سے دیں۔ دو خوراک سے مروڑ دور ہوگئی۔ سدہ نکل گیا۔ مریضہ صبح تک ٹھیک ہوگئی اس نے شکریہ ادا کیا اسپغول مساوی الوزن ملا کر چینی ملا کر ۷ ماشہ دینا لاجواب ہے۔ کم خرچ بالانشین ہے اس سے ۶۔۶ ماہ کی پیچش دور ہو جاتی ہے۔ اس کا کمال یہ ہے کہ سدہ بھی خارج ہو جاتا ہے۔ معمول مطب ہے۔ کئی برس کا معمول ہے۔

## (۱۰۷۱) ایک کم خرچ لاجواب نسخہ

عمر چالیس سال عرصہ ۶ ماہ سے مروڑ کا مریض تھا دن رات میں بارہ تیرہ بار مروڑ پڑتا تھا۔ وہ سوکھ گیا۔ نیند نہ آتی تھی کئی لوگوں سے گولیاں اور دوائی کرائی۔ لیکن آرام کی صورت نہ ہوسکی۔ مایوس ہوکر اس نے میری طرف رجوع کیا اور علاج کا طالب ہوا۔

**علاج :** گل سرخ ۵ تولہ۔ سنا مکی صاف کردہ ایک تولہ۔ جوشا کر پن کر چینی ملا کر رات کے وقت پلایا گیا۔ صبح کو مریض نے کہا اب میرے اندر سے تین گانٹھیں نکلی ہیں۔ اب پیٹ صاف معلوم ہوتا ہے۔ آخری بار ایک جلاب آیا ہے اس وقت کا پیٹ میں آرام معلوم ہوتا۔

**نکتہ :** سابقہ ڈاکٹروں نے پیٹ کو صاف نہ کیا تھا۔ جس سے آنتوں میں جو سدے تھے وہ سخت ہو گئے تھے۔

**علاج :** سفوف مطیب ایک ماشہ۔ برش کافوری ۲ رتی۔ ملا کر شربت صندل تین چھٹانک دیا گیا اور ہدایت کی ایک چھٹانک شربت میں ایک گلاس پانی تازہ ملا کر پلا دیں۔ پھر بارہ بجے پھر عصر کے وقت کھالیں اور کھانے میں نرم کھچڑی مونگ ڈال کر پکائیں اور صبح کو اطلاع دیں۔ صبح کو مریض اور اس کی بیوی اور ایک اور رشتہ دار مطب میں آئے اور علاج کی صفت کی اور کہا آج صبح کے وقت اسہال آیا تھا اس کے بعد کوئی مروڑ نہیں ہوا۔ مریض تمام رات آرام سے سویا ہے اور اس نے کہا ہے کہ دو دن کی دوائی لے آئیں دو دن کی دوائی اور دی گئی۔ اس سے چھ ماہ کی پیچش دور ہوگئی۔ مزید چند دن کے لیے دو دو خوراک دی گئیں۔

### سفوف مطیب

**هوالشافی :** ہلیلہ سیاہ ۳ تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ جائفل ۹ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ۱۲ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ پارہ ۳ ماشہ۔ گل قیمولیہ ایک تولہ۔ گل ارمنی ۲ تولہ۔ کھانڈ چھ تولہ۔ پہلے پارہ اور گل قیمولیہ ملا کر رگڑیں جب مل جائے تو تمام ادویہ ملا کر مثل سرمہ باریک کریں۔ نسخہ اس طرح لکھا ہے لیکن پارہ ملنے میں دیر لگتی تھی میں نے پارہ میں گندھک آملہ سار ۳ ماشہ ملا کر کھرل کر کے تیار کرنا شروع کر دیا اس سے جلدی تیار ہو جاتا ہے۔ اسے بالکل باریک کریں۔

**خوراک :** ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک۔

**فوائد** : اسہال ہر قسم خواہ خونی ہوں یا سادے یا مروڑ بھی ہوں اس کے استعمال سے آرام آ جاتا ہے۔

## (۱۰۷۲) برش کافوری

**ھوالشافی** : کافور ۳ ماشہ۔ جدوار خطائی ۹ ماشہ۔ افیون ایک تولہ۔ چینی سفید ۱۶ تولہ ملا کر مثل سرمہ باریک کریں۔

**خوراک** : ایک رتی سے ۲ رتی تک مطیب میں رکھ کر کھلایا کریں۔ جیسا کہ میں نے اس مریض کے بیان میں لکھا ہے۔ جس حکیم کے پاس یہ دونوں نسخے ہوں اس کو اور نسخوں کی ضرورت نہیں۔ میں ان کو تمام عمر کا آزما رہا ہوں بچوں کے امراض میں کم وزن رکھ کر دینے سے ان کو آرام آ جاتا ہے یہ دونوں نسخے طب جدید شاہدروی والوں کے ہیں۔ مطیب کا نسخہ تو کسی ڈاکٹر نے ایجاد کیا تھا۔ اب طب جدید والوں نے اپنے معمولات میں شامل کر لیا ہے اور تقریباً ڈیڑھ سو سال سے ان کے تمام کارخانے اس کو تیار کر کے بذریعہ اشتہارات فروخت کر رہے ہیں۔ علامہ صابر ملتانی نے اس کی از حد تعریف کی ہے۔ اس کا ذکر بچوں کے سوکھا پن میں بھی آئے گا اس سے سوکھا والے بچے ہرے بھرے ہو جاتے ہیں۔

## حکایت عجیب

اسہال وسنگرہنی کی مریضہ ٹیرامائی سین کھاتی اور آرام رہتا۔ جب نہ کھاتی تو اسہال آتے اس کا ذکر کیا میں نے کہا کہ میں نے شروع سے ہی اس بات کا خیال رکھا ہوا ہے کہ اگر کمپنی اٹھ جائے یا بند ہو جائے تو حکیم یا ڈاکٹر کیا کریں۔ اس کی کئی مثالیں موجود ہیں کہ گولیاں یا کیپسول بند ہو گئے تو ڈاکٹر صاحب یا حکیم صاحب مریضوں کو کہنے لگے کہ کیا کریں۔ دوائی نہیں ملتی۔

## (۱۰۷۳) شنگرف رومی

**ھوالشافی** : یہ گولیاں تیار تھیں۔ کیپسول میں ایک عدد بند کر کے دے دی۔ مریضہ نے کہا کہ اس کیپسول سے مجھ کو اس سے بھی زیادہ فائدہ ہوا ہے۔

**ھوالشافی** : شنگرف رومی۔ افیون۔ ناگرموتھہ۔ جائفل۔ کافور۔ ایک ایک تولہ اندر جو

ایک تولہ کو باریک کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں اگر جوشاندہ پوست سے کھرل کریں تو زیادہ مفید ہو گا۔ ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب انار دانہ۔ شربت انجبار یا دہی سے دیں۔

**فوائد :** اسہال مروڑ خواہ بخاروں میں ہوں یا ویسے ہوں سدہ نکال کر دیں۔ اس کے استعمال سے پرانے سے پرانے پیچش دور ہو جاتے ہیں۔ معمول مطب رہ چکی ہیں۔ یہ نسخہ آیورویدک کا کرپور رس ہے۔ کئی وید اس میں سہاگہ بریاں ایک وزن بھی شامل کر لیتے ہیں۔ لیکن میں نے تو سہاگہ کے بغیر ہی تیار کی تھیں۔ لاجواب نسخہ ہے سدہ خارج کرنے کے بعد دینا چاہیے۔ ہیضہ کے اسہال میں عرق پودینہ یا آب ادرک سے دیں۔ دن رات میں چار گولی سے زیادہ نہ دیں۔ یہ بھی لاجواب ہیں۔

**نوٹ :** گولیاں یا ایسی دوائیں جن میں افیون پڑتی ہو اگر اسہال مروڑ بند ہونے کے ساتھ ہی اپھارہ ہو جائے تو سونف ابال کر میٹھا کر کے پلا دیں۔ اس اپھارہ بھی دور ہو جائے گا یہ دو نکات ہیں جو کہ استاد صاحبان مشکل سے بتاتے ہیں۔

## (۱۰۷۴) موڑیوں

مریض عمر ۲۲ سال ایک عرصہ سے مروڑ کی شکایت میں مبتلا تھا اس کے رشتہ داروں نے میری طرف رجوع کیا اور کہا کئی دن شیخوپورہ میں علاج کرواتا رہا ہے اور بڑے حکیموں کے پاس بھی گیا ہے۔ لیکن آرام نہیں ہوا۔

**علاج :** دانہ موڑیوں۔ انجبار۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ خشخاش۔ برگ موڑیوں ۳۔۳ تولہ۔ پانی دو سیر میں بھگو کر صبح کو جوش دیں پانی ایک سیر رہ جانے پر چینی ایک سیر ملا کر شربت بنا دیں۔

**خوراک :** ڈھائی تولہ صبح دوپہر و شام ایک گلاس پانی میں ملا کر اس کے ساتھ چھلکا اسبغول ۷۔۷ ماشہ کھلایا گیا۔ اس سے شام تک ہی مروڑ و اسہال بند ہو گئے۔ یہ نسخہ بھی لاجواب ہے۔ نکسیر۔ کثرت حیض۔ بول الدم۔ مروڑ۔ اسہال خونی۔ خواہ بخار میں ہوں یا حاملہ کو بند کر دیتا ہے۔ اگر برگ موڑیوں نہ ملیں تو برگ کیکر ۳ تولہ ملا لیں اور خشخاش کی بجائے کوکنار ملا لیں تو اور بھی زیادہ مفید ہوتی ہے۔ دیکھو کا ہر مریض میں علیحدہ علیحدہ نسخہ بیان کرتا ہوں تا کہ قارئین کو

زیادہ سے زیادہ نسخہ جات مل جائیں۔ ان نسخہ جات سے میں نے چھ چھ ماہ بلکہ کئی کئی سال کے بگڑے مریض ٹھیک کئے ہیں۔

## (۱۰۷۵) ریشہ خطمی

مریضہ عمر ۳۰ سال مروڑ میں مبتلا ہوگئی وہ تمام دن رات چار پائی کو ہاتھ رکھ کر بیٹھی رہتی اور چند قطرے خون اور آؤں کے بغیر کچھ نہ نکلتا تھا۔

**علاج:** میرے ایک دوست بلکہ استاد حکیم نے ریشہ خطمی ایک تولہ رات کو ڈیڑھ پاؤ پانی بھگو دیا صبح کو مل چھان کر اس میں گودا املتاس ۵ تولہ حل کر دیا اور خمیرہ بنفشہ چار تولہ اس میں حل کر کے مل چھان کر اس میں مغز بادام مقشر ۱۵ عدد گھوٹ کر حل کر دیئے اور مریضہ کو پینے کو دیا گیا اس سے مریضہ کے اندر سے سدے نکلے اور شام تک مایوس مریضہ ٹھیک ہوگئی۔ اس کے بعد حکیم صاحب نے حلفاً بتایا کہ میں یہ علاج کئی بار بار کر چکا ہوں۔ سدی پیچش کا لاجواب علاج ہے۔ اور نازک سے نازک مریض اس سے ایک دو دن میں شفایاب ہو جاتے ہیں۔ اب ایک اور نسخہ سدہ خارج کرنے کے لیے بتا دیتا ہوں۔ کیسٹر ائیل ۳ تولہ۔ گوند کیکر ۶ ماشہ۔ عرق گلاب ۵ تولہ۔ عرق سونف ۵ تولہ۔ شربت بنفشہ چار تولہ کا شیرہ بنا کر مریض کو ایک یا دو دن پلا دیں اس سے سدے نکل جائیں گے۔ سدے نکلتے ہی مروڑ کو آرام آنا شروع ہو جائے گا۔

## (۱۰۷۶)

مریض عمر ۵۰ سال سفر پر گیا ہوا تھا راستہ میں مروڑ لگ گئے۔ بخار بھی ساتھ تھا۔ اس کی بیوی نے مجھ کو کہا کہ میرے خاوند کو مروڑ آ رہے ہیں کوئی علاج کریں۔ پوست کوکنار ۶ ماشہ۔ پانی میں ابال کر میٹھا ملا کر پلایا گیا اور ایک بار ہی پلانے سے مروڑ اسہال دور ہو گئے۔ یہ وہ علاج ہے جس سے میں نے تمام عمر کامیابیاں حاصل کیں۔

## (۱۰۷۷) حب پیچش

**ھوالشافی:** کافور۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست آملہ ایک ایک تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ عرق گلاب سے کھرل کر کے گولی بقدر نخودی بنا دیں۔

**خوراک:** ایک ایک گولی دن میں تین بار ہمراہ بدرقہ مناسبہ سے دیں۔ لیکن گولی کھا کر

لیٹ جائیں۔ حرکت نہ کریں۔ مروڑ سدی ہو یا نہ ہو خون آتا ہو یا نہ آتا ہو اس کی ایک گولی سے ہی آرام آجاتا ہے۔ اگر اس میں افیون ۶ ماشہ شامل کر لیں تو زیادہ مفید ہو جائے لیکن پھر سدہ کی تسلی کر لیں۔ اس نسخہ سے مروڑ کو یقیناً آرام ہو گا۔ کیونکہ کافور حابس خون ہے اور نسخہ مجرب ہے۔

## نکات مطب

**اول:** مروڑ کے مریض کو امعاء میں سوزش ہوتی جس سے خون بھی آتا ہے اور جلن بھی پیدا ہوتی ہے اور درد بھی ہوتی ہے۔ خون زیادہ آتا ہو تو حابسات دیں۔ درد زیادہ ہوتی ہوں تو دافع درد دوا دیں۔ آؤں زیادہ آتی ہو تو لعاب دار اشیا از قسم بہی دانہ۔ اسپغول کا لُعاب۔ ریشہ خطمی کا لعاب دیں۔ اگر درد زیادہ ہو دافع تو درد دوا مثلاً افیون۔ بھنگ۔ تخم دھتورہ اگر خون زیادہ آتا ہو تو کافور۔ رسونت۔ سنگ جراح۔ انجبار۔ صندل سرخ و سفید۔ اس نسخہ میں تمام ادویہ ہی آ گئی ہیں اس لیے اور نسخہ جات کی ضرورت نہیں ہے۔ میں تو ان ہی سے کامیاب ہوتا رہا ہوں۔

**دوم:** جب تک مریض کو مروڑ رہیں۔ مریض کی غذا میں مرچ مصالحہ نہ ہو۔ غذا ہلکی مثلاً دال مونگ کی نرم کھچڑی۔ ساگودانہ۔ آش جو۔ اسپغول کی کھیر۔ دہی چاول۔ دودھ چاول۔ گندم کا نرم دلیا۔ اس نکتہ سے مریض ضرور شفایاب ہو۔ جب تسلی ہو جائے تو پھر غذا میں کم مرچ ڈال کر کھلائیں ایک بار دوسری بار۔ چاول اس طرح آہستہ آہستہ کم کریں۔ ان شاء اللہ آرام ہو گا۔

**ایک مایوس مریض کا علاج:** مریض کو ایک ماہ سے پیچش تھی۔ پیٹ ابھر گیا درد اور مروڑ تھا۔ قبض بھی تھی۔ علاج سونف ۵ تولہ۔ گلقند ۱۰ تولہ ابال کر تین خوراک بنا لیں اور آٹا گندم ۵ تولہ۔ کیسٹر ائل ۲ تولہ۔ نمک ۶ ماشہ کا حلوہ بنا کر پیٹ پر ضماد کر دیا گیا۔ اس سے مریض کو فوراً افاقہ ہو گیا۔ سدے نکل گئے۔ بالکل مجرب ہے گرمیوں میں سونف گلقند گھوٹ کر اور سردیوں میں ابال کر پلانا پیچش کو دور کر دیتا ہے۔ اگر قبض زیادہ ہو تو ایک تولہ گل بنفشہ بھی شامل کر لیں اس سے افیون والوں کے مروڑ کو بھی آرام آجاتا ہے۔ مجرب ہے۔

## ایک حکایت:

میرے ایک دوست حکیم نے ذکر کیا کہ میرے ایک رشتہ دار کو اسہال مروڑ سنگرہنی ہو

گئی۔ایک سال تک اس کو آرام نہ آیا آخر یہ گولیاں تیار کر کے دیں اس سے آرام ہو گیا اس کے بعد ہم نے کئی مریضوں کو دیں۔ معمول مطب بنا لیا۔ لاجواب گولیاں ہیں۔

## (۱۰۷۸) بچھناگ

**ھوالشافی :** شنگرف رومی ایک تولہ۔ فلفل سیاہ۔ گندھک آملہ سار مدبر۔ سہاگہ بریاں۔ بچھناگ مدبر۔ تخم دھتورہ مصفی۔ ایک ایک تولہ۔

**طریقہ :** پہلے شنگرف کو باریک کریں۔ اور آب برگ بھنگ تازہ سے میٹھا تیلیہ کو چار گھنٹہ باریک کریں۔ پھر تخم دھتورہ ملا کر آب بھنگ سے کھرل کریں۔ پھر شنگرف ملا کر ایک گھنٹہ کھرل کریں۔ آخر میں تمام ادویہ ملا کر ایک دن یا دو دن برگ بھنگ کے پانی سے کھرل کریں اور ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔

**فوائد :** ایک ایک گولی دن میں چار مرتبہ ہمراہ عرق سونف یا مناسب بدرقہ۔ حب بخار اسہال یا ویسے ہی ہوں تو یہ نسخہ لاجواب ہے۔ بخار۔ اسہال اور سنگرہنی کے مریض کو جب انتڑیوں میں سخت درد ہو تو افیون موافق نہیں آتی اس لیے اس کو بھی مفید ہے۔ نہایت کارآمد نسخہ ہے۔

**نکات مطب :** یہ نسخہ بھی آیورویدک کا ہے اس کا نام کنک سندر رس ہے۔ اس نسخہ میں دھتورہ اور میٹھا تیلیہ مسکن ہیں۔ اور شنگرف دافع سوزش ہے۔ سہاگہ بریاں میٹھا تیلیہ کی اصلاح کرتا ہے۔ یہ لاجواب نسخہ آیورویدک کے تمام گرنتھوں میں لکھا ہے اور ان کا معمول مطب ہے۔

## (۱۰۷۹) سادہ مجرب نسخہ

چار تخم شربت حب آس سے دینا مروڑ کو دور کر دیتا ہے اور کیلہ کی پھلی پر کھانڈ رکھ کر کھلانا یا گوندکیکر ایک تولہ باریک کر کے ایک روٹی کے آٹا میں گوند کر روٹی پکا کر کھلانا پیچش کو دور کر دیتا ہے اور اسپغول ایک تولہ سے دو تولہ تک دہی ایک پاؤ میں ملا کر چینی ملا کر کھلانا مروڑ کو مفید ہے۔ گوند کتیرا ایک تولہ باریک کر کے رات کو پانی میں بھگو کر صبح دودھ ایک پاؤ اور قدرے میٹھا ملا کر فالودہ کی طرح پینا مروڑ کو لاجواب ہے اور گرمی کو دور کرتا ہے۔ پیاس زیادہ کو بھی مفید ہے۔ بہی دانہ ۶ ماشہ۔ پوٹلی باندھ کر ایک پاؤ یا آدھ سیر پانی میں بھگو دیں اور چند

منٹ کے بعد اس کا لعاب نکال کر میٹھا ملا کر پلانا مروڑ گرمی زیادتی پیاس جلن کو دور کرنے میں لاجواب ہے۔ تجربہ شدہ ہے۔

# اسہال آنا

اس مرض میں مریض کو دست لگ جاتے ہیں دن میں کئی بار دست آتے ہیں اس کے کئی سبب ہیں۔ مثلاً بدہضمی۔ بخار۔ خرابی جگر۔ سنگرہنی۔ بچوں کے اسہال۔ ان تمام اسہال میں مطیب جس کا نسخہ لکھا جا چکا ہے وہ ہی کافی ہے۔ مناسب بدرقہ (عرق یا شربت) سے دینا تمام عمر کا معمول ہے اور اس کے مقابلہ کا نسخہ کئی سو کتاب سے اکٹھا کرنے سے بھی نہیں ملتا۔ اور گنگا دھر رس بھی لاجواب ہے اور نسخے بھی لکھ دیئے ہیں۔ بدہضمی میں حب کبد نوشادری یا سفوف نمک سلیمانی لاجواب دوا ہے آیوروید کا لونگا چورن بھی مجرب ہے۔

## (۱۰۸۰) اکسیر اسہال

معجون برشعثہ اسہال کی لاجواب دوا ہے حسب عمر و طاقت دیں۔ ایک مہاجر لڑکی کو حالت سفر میں اسہال کا مرض ہو گیا۔ اس وقت سفوف مطیب اور دوائے حلزون سے ہی تمام مریضوں پر کامیابی ہوئی اسے استعمال کرتا رہا اور تمام مہاجروں کے اسہال سنگرہنی اور مروڑ اس سے دور ہوتے رہے۔

## (۱۰۸۱) دوائے حلزون

سنکھ کو آگ میں گرم کر کے آب لیموں میں بجھا دیں۔ حتی کہ ختہ ہو جائے۔ یہ کشتہ سنکھ ۵ تولہ شیطرج ہندی ۲ تولہ۔ سنڈھ۔ مرچ کالی ایک ایک تولہ۔ نمک سیاہ۔ نمک شیشہ۔ نمک دریائی۔ نمک لاہوری۔ جوکھار ۹۔۹ ماشہ۔ کچلی سیماب ایک تولہ۔ بیش مدبر ۳ ماشہ۔ باریک کر کے آب لیموں میں گوندلیں۔ جب خشک ہو جائے تو باریک کریں۔

**خوراک:** ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک بچوں کو حسب عمر لسی یا سکنجبین لیمونی کچلی پارہ۔ پارہ ایک حصہ۔ گندھک ۲ حصہ ملا کر بنا کر داخل کریں۔

**فوائد:** اسہال جس میں امعا میں سوزش نہ ہو۔ ہیضہ کے اسہال۔ سنگرہنی کے اسہال نیز ہضم طعام و تحلیل نفخ کے لیے بھی مجرب ہے۔ نئے پیدا شدہ اسہال اس کی ایک خوراک سے ہی رفع

ہو جاتے ہیں۔ مزمن سنگرہنی میں تین ہفتہ تک لگا تار دیا جا سکتا ہے۔ یہ نسخہ آیورویدک کا ہے اور طب جدید شاہدرزدی والوں نے اس کو عام رواج دیا ہے میں اس کو تمام عمر کا معمول بنا رکھا ہے۔

## سنگرہنی

اس مرض میں انتڑیاں اور معدہ کی قوت ماسکہ کمزور ہو جاتی ہے انتڑیوں کی اندرونی سطح پر دانے اور زخم بھی پائے جاتے ہیں۔ منہ سے رال بہتی ہے اور خود بخود اسہال لگ جاتے ہیں اور خود بخود بند بھی ہو جاتے ہیں اور مریض کمزور اور نڈھال ہو جاتا ہے اس لیے اس مرض کو دوری یا دورہ بطن کہتے ہیں۔ یہ ایک خطرناک مرض ہے اور مشکل سے علاج پذیر ہوتا ہے۔ دوائے حلزون جس کا ذکر ہوا ہے اس مرض میں اکسیر اعظم ہے تمام عمر کا معمول ہے اکثر مریض اس سے ہی راضی ہو گئے۔ الحمد للہ۔

### (۱۰۸۳) اکسیر سنگرہنی

کڑا چھال ۴ تولہ لے کر باریک کر کے اس کی سات پڑیاں بنالیں ہر روز ایک پڑیہ دہی سے کھائیں اور حتی الوسع بھوک برداشت کروائیں۔ ہاں دہی دیتے رہیں اگر دہی نہ ملے تو لسی ہی دیتے رہیں۔ اگر بھوک بہت ہی ستائے تو دہی چاول دے دیں۔ ان شاء اللہ ان سات خوراکوں سے ہی آرام ہو گا۔ اس کا تجربہ میں نے خود کیا اور کئی دوستوں نے بھی اپنا تجربہ بتایا اور کئی مرضا نے بھی بیان کیا کہ کئی لوگوں نے تو صرف اسی نسخہ کو ذریعہ معاش بنا رکھا ہے اس کے ساتھ چاول سٹھی کے کھلاتے ہیں نسخہ کڑوا تو ضرور ہے لیکن مجرب ہونے میں شک نہیں ہے ایک صاحب نے اس طرح بھی بنایا کہ گندھک پارہ ۵-۵ تولہ۔ کڑا چھال ۳۰ تولہ۔
**خوراک:** ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک کھلائیں۔ اس طرح سے دن رات میں چار خوراک کھلانا مرض سنگرہنی اور اسہال کو دور کرنے میں مجرب ہے۔

### (۱۰۸۴) لائی چورن

مریضہ عمر ۳۰ سال اسہال میں مبتلا ہو گئی۔ جو کچھ کھاتی اسہال سے خارج ہو جاتا از حد کمزور ہو گئی اور کئی علاج کیے۔ لیکن شفا نہ ہوئی۔ آخر میری طرف رجوع کیا۔ میں نے اللہ

تعالیٰ سے دعا کی اور یہ سفوف تیار کر کے دیا گیا اس سے مریضہ کو فوراً شفا ہوگئی۔

**ھوالشافی:** دانہ الائچی خورد۔ تج۔ تیز پات۔ ناگ کیسر۔ لونگ۔ جائفل۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ کالی زیری۔ بیل گری۔ شیطرنج ہندی۔ گل دھاوا۔ سہاگہ۔ ناگرموتھا۔ مائیں خورد۔ پکھان بید۔ طباشیر۔ جوکھار۔ اجوائن خراسانی۔ ہینگ بریاں۔ دھنیا خشک۔ خشخاش سفید۔ پوست خشخاش۔ سنڈھ۔ مرچ سیاہ۔ مگھاں۔ سونف۔ انار کی کلیاں۔ اندر جو۔ لودھ پٹھانی۔ رال سفید۔ ہلیلہ سیاہ بریاں۔ پارہ۔ گندھک ہر ایک صاف شدہ کا وزن ۶۔۶ ماشہ۔ بھنگ بریاں ۱۵ تولہ باریک کریں۔

**خوراک:** ایک ماشہ سے ۳ ماشہ تک۔ ہمراہ مربہ بہی یا شربت رب انار۔ شربت صندل۔

**فوائد:** اسہال مروڑ۔ اسہال سنگرہنی کو دور کرتا ہے۔ ہضم کی اصلاح کرتا ہے۔ اپھارہ نہیں ہونے دیتا۔ ملیریا بخار میں اسہال ہوں تو ملیریا کو بھی دور۔ اسہال کو بھی دور کرتا ہے۔ حاملہ کے اسہال کو بھی مفید ہے۔ یہ نسخہ آیورویدک کا ہے۔ اس کا نام لائی چورن ہے اس سے ملتے جلتے نسخے اور بھی ہیں۔ لیکن ایک نادر طبیب نے اس کو منتخب کر رکھا ہے میں نے بھی یہ بنا کر کئی مریضوں کو دیا۔ اسہال کو جلد ہی بند کر دیتا ہے۔ لیکن اس کے بعد بھی چند روز کھلائیں تاکہ امعاء قوی ہو جائیں۔ سوزش اور کمزوری دور ہو جائے اور کھانے میں بھی احتیاط رکھیں۔ ترش۔ تلی ہوئی اور دیر ہضم اشیاء نہ کھلائیں۔ زور والا کام نہ کریں۔ حتیٰ کہ طاقت پیدا ہو جائے۔ صرف غذائی پرہیز سے بھی مریض راضی ہو سکتے ہیں۔ کیونکہ غذا اثر جسم میں پچاس فی صد ہے اور پچیس فی صد دوا کا اور پچیس فی صد ماحول کا اثر ہوتا ہے۔ یہ نکات علامہ صابر ملتانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمائے ہیں کہ غذا سے بھی علاج ہو سکتا ہے۔

## (۱۰۸۴) سفوف لاجواب

**ھوالشافی:** سم الفار سفید ایک ماشہ۔ چینی سفید ۸۰ ماشہ۔ کھرل میں ملا کر پارہ گھنٹہ تک کھرل کریں۔

**خوراک:** ایک ایک رتی دن میں تین بار۔ دن رات میں چار خوراک اس سے اسہال بھی رک جائیں گے اور ساتھ اگر بخار ہوا تو وہ بھی دور ہو جائے گا۔ ملیریا کی نوبت رک جائے گی۔ کمزوری دور ہو گی اور بھوک کھل جائے گی اور خون بھی صالح پیدا ہو گا لاجواب نسخہ ہے یہ طب

جدید کا سفوف سی نمبر ۲ ہے لاجواب چیز ہے۔

## (۱۰۸۵) لاجواب مشورہ

لاجواب مشورہ ایک حکیم نے صابر ملتانی رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا کہ آپ اسہال اور سنگرہنی کا علاج کس طرح کرتے ہیں۔ فرمانے لگے کہ سفوف برش کافوری کی چند خوراکیں باندھ دیں۔ جب اسہال بند ہو جائیں تو سفوف مطیب ایک ماشہ سے ۳-۳ ماشہ تک کھلائیں۔ حتیٰ کہ مریض کو تین تین دن پاخانہ جانے کی حاجت نہ ہو تو اس سے سنگرہنی دور ہو گی اس سے مریض کی کمزوری دور ہو گی اور موٹاپا بھی آ جائے گا۔ ان شاء اللہ۔ یہ ہی ہمارا معمول ہے یہ اس وقت کی بات ہے جب ابھی نظریہ مفرد اعضا نہیں اپنایا تھا۔ ایک دفعہ پھر عرض کی کہ جس مریض کو بار بار اسہال یا مروڑ لگ جائیں تو اس کو سفوف دندی ۳ دیا کریں۔

## (۱۰۸۶) سفوف دندی ۳

**ھوالشافی :** جمال گوٹہ صاف کردہ ایک حصہ۔ چینی ایک ہزار حصہ۔ بارہ گھنٹہ کھرل کریں۔

**خوراك :** ایک رتی دن میں چار بار ہمراہ پانی۔

**کورس :** پندرہ روز۔

**طریقه تیاری :** جمال گوٹہ کو مدبر نہیں۔ صرف پتہ اور چھلکا دور کرنا ہے۔ یہ نسخہ ہومیوپیتھی اصول کا ہے کیونکہ جمال گوٹہ سے اسہال آتے ہیں اور اس کی قلیل مقدار دینے سے نہ صرف اسہال بند ہوں گے بلکہ زخم معدہ و امعاء بھی درست ہو جائیں گے اور کمزوری بھی دور ہو گی۔ پیاس بھی ختم ہو گی ہومیوپیتھی میں اس کا نام کروٹنگ ہے ۶ طاقت لے لیں۔

## (۱۰۸۷) جوارش عود شیریں

ایک حکیم صاحب سے میں نے مشورہ طلب کیا کہ آپ سنگرہنی کے لیے کیا استعمال کرتے ہیں جس سے امعاء میں قوت پیدا ہو جائے اور بار بار اسہال نہ لگیں۔ فرمانے لگے میں اور میرے استاد ایک معجون تیار کرتے ہیں وہ اگر استعمال کی جائے تو انتڑیوں اور معدہ کو طاقت آ جاتی ہے اور بار بار مرض دورہ نہیں کرتی۔

**ھوالشافی :** برادہ عود شیریں ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں ۶۔۶ ماشہ۔ سنڈھ ایک تولہ۔ زیرہ سفید۔ پودینہ خشک ۲۔۲ تولہ۔ سماق دانہ ۶ ماشہ۔ زرشک شیریں ۶ ماشہ۔ دانہ موڑیوں ۶ ماشہ۔ پوست آملہ ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ ۲ تولہ۔ گل سرخ ۶ ماشہ۔ سنبل الطیب ۶ ماشہ۔ ناگرموتھا ایک تولہ۔ لونگ ۹ ماشہ۔ جاوتری ۹ ماشہ۔ دارچینی ایک تولہ شہد یا چینی آدھ سیر میں ملالیں اور مصطگی رومی ایک تولہ شامل کریں۔

**خوراک :** ۹ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ شربت سیب شربت انار یا مناسب بدرقہ سے دیں۔

**فوائد :** بواسیر والے کو بھی مفید ہے۔ ہر مزاج کو موافق ہے اس سے معدہ و امعاء کو بھی طاقت آئے گی۔ لاجواب معجون ہے۔ اس کا نام جوارش عود شیریں ہے اور بڑے حکما کا مجرب ہے۔

## (۱۰۸۸) حب قاضی صاحب والی

قاضی صاحب قصبہ جھیراں کے رہنے والے خاندانی حکیم تھے۔ صابر ملتانی کے ہم سبق اور طب جدید شاہدروی کے فاضل اور حکیم احمد دین کے شاگردوں سے تھے۔ اور میرے ساتھ برادرانہ تعلق تھے۔ کوئی نسخہ ان کے پاس ہوتا وہ مجھے ضرور عنایت فرمائے۔ فرمایا کہ یہ ایک لاجواب نسخہ ہے اس کو میں اکثر تیار کرتا ہوں۔ اور اس کے فوائد بے شمار ہیں۔

**ھوالشافی :** شنگرف رومی ایک تولہ۔ افیون ایک تولہ۔ ملا کر کھرل کر کے رکھیں۔ پھر میٹھا تیلیہ ایک تولہ۔ مرچ کالی دو تولہ علیحدہ علیحدہ باریک کر کے ملالیں۔ پھر مگھاں ایک تولہ۔ سنڈھ ایک تولہ باریک کر کے ملا کر آب ادرک ایک پاؤ سے کھرل کریں اور گولی دانہ مونگ بُرابر بنالیں۔

**خوراک :** آٹھ پہر میں تین یا چار دے دیں۔

**فوائد :** مروڑ۔ اسہال۔ درد بازو۔ ریگن۔ بخار ملیریا۔ وجع المفاصل کو لاجواب ہیں۔ مرچ سیاہ کی بجائے سفید مرچ ڈال لیں تو زیادہ بہتر ہے۔ میٹھا تیلیہ کو مرچ سنڈھ اور مگھاں آب ادرک مدبر کر لے گا اگر مدبر بھی کرنا ہو تو بھی کر لیں۔ نسخہ کے مجرب ہونے میں شک نہیں۔ ایک دو گولی سے ہیضہ کے اسہال۔ بے تحاشہ اسہال۔ ملیریا بخار اور اسہال اور ساتھ ریگن جھولہ درد کمر کو لاجواب ہے۔ ایسے نسخے لوگ سینوں میں ہی لے جاتے ہیں۔ شاگردوں کو نہیں

بتاتے۔ لیکن میں نے تو آپ سب کو پہنچا دیا گیا ہے۔

## (۱۰۸۹) اکسیر سنگرہنی

سنگ دانہ مرغ۔ لونگ ایک ایک تولہ ملا کر تین خوراک بنا لیں۔ اور تین روز میں کھلائیں۔ اسی طرح تیار کر کے نو دن کھلائیں۔ گویا کہ تین تولہ تک دانہ مرغ اور تین تولہ لونگ کی نو خوراک بنا کر ہر روز ایک خوراک روزانہ دیں۔ پرانے اطبا کا معمول ہے۔ قرابادینوں میں لکھا ہوا ہے اور حافظ جلیل احمد انصاری فرماتے ہیں کہ مجرب ہے۔ ایک دن میں آٹھ ماشہ دوا آ جاتی ہے اس کی دو یا تین خوراک بنا کر دن رات میں دے دیں۔

## (۱۰۹۰) خاندانی حکیم کا عطیہ

حضرت مولانا عبداللہ صاحب مؤلف کتب کثیرہ فرماتے ہیں کہ جوارش جالینوس اور جواش انارین دونوں ملا کر جواشین کے نام سے نسخہ معمول مطب ہے۔ فرماتے ہیں کہ جوارش جالینوس گرم ہے اور کمزور اور گرمی والے مریض کو مفید نہیں اور جوارش انارین سرد ہے۔ لہٰذا دونوں ہم وزن ملا کر یا گرم مزاج والے کو جوارش انارین فی خوراک ۴ ماشہ اور جوارش جالینوس فی خوراک ۲ ماشہ۔ کل ٦ ماشہ یا اس کے برعکس بلغمی مزاج کو جوارش جالینوس چار ماشہ اور جوارش انارین دو ماشہ یا جس طرح سمجھ آئے۔ ایسے مریضوں کو مفید ہے۔ جن کو دن میں کئی بار پاخانہ آتا ہو اور قوام رقیق ہو۔ مجرب اور معمول مطب ہے۔ اتنے بڑے حکیم کا مشورہ ہمارے لیے مشعل راہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو غریق رحمت کرے۔ نیک انسان تھے۔

## (۱۰۹۱) حکیم نیر واسطی

ملتان شہر کے ایک علاقہ مین ایک نوجوان لڑکا جو کہ والدین کا اکلوتا بیٹا تھا۔ دو مربعہ زمین کا مالک تھا اس کو اسہال کا مرض لاحق ہو گیا وہ ملتان کے نامور اطبا سے علاج کروانے لگا۔ لیکن آرام نہ ہوا۔ پھر لاہور میں مطب نیر واسطی سے بھی دوائی لی۔ لیکن آرام نہ ہوا۔ پھر مطب قرشی سے بھی دوائی لی۔ لیکن آرام نہ ہوا۔ اسی حال میں کسی نے کہا لڑکے کو لے کر بیرون ملک جاؤ۔ وہاں سے علاج کرواؤ اسی دوران میں کسی نے حکیم محمد شریف دنیا پور والوں کا نام پیش کیا کہ وہ معرکے کا علاج کرتے ہیں۔ ان کی طرف رجوع کیا اور علاج کے لیے کہا۔

حکیم صاحب نے سفوف جوارش مفرح طب جدید والی کا پاؤڈر بغیر سونا اور کستوری کے اجزا اور غدی عضلاتی ملین اجزا ملا کر ایک ایک ماشہ کی پڑیاں باندھ دیں اس سے اسہال میں کمی آنا شروع ہوگئی۔ حتیٰ کہ ایک دو ماہ میں سنگرہنی کا وہ لا علاج مریض راضی ہوگیا۔ شادی ہوگئی اور بچے بھی پیدا ہونے لگ گئے۔ اس معرکہ کے علاج سے حکیم صاحب کی خوب مشہوری ہوئی۔

**ھوالشافی :** سفوف جوارش مفرح۔ سنڈھ ایک تولہ۔ ساذج ہندی ٦ ماشہ۔ دار چینی ٦ ماشہ۔ لونگ ایک تولہ۔ جڑ پان ٦ ماشہ۔ سنبل الطیب ٦ ماشہ۔ جائفل ٦ ماشہ۔ درونج عقربی دو تولہ کو سفوف کریں۔

**غدی عضلاتی ملین :** اجوائن دیسی۔ رائی۔ بابچی ۴-۴ تولہ۔ گندھک آملہ سار ١٢ تولہ کو باریک کریں۔

**خوراک :** ایک ماشہ سے ٢ ماشہ تک۔ صفرا کو پیدا کرتا ہے۔ حرارت غریزی کی حفاظت کرتا ہے۔ معدہ اور آنتوں کے درد۔ پیٹ میں ریاح۔ تیزابیت کی زیادتی۔ بے چینی۔ بلغمی مروڑ۔ درد قولنج۔ قبض۔ پھوڑے پھنسیاں۔ مثانہ کی پتھریاں۔ بواسیر۔ سرطان۔ رسولیاں۔ دانت درد۔ جوڑوں کا پتھرا جانا۔ وغیرہ وغیرہ کا تریاق ہے۔ یہ واقعہ حکیم صاحب مرحوم نے مجھ کو خود بتایا۔

## (١٠٩٢) ایک مرض تین دوائیں

حب مقوی خاص۔ حب اجوائن۔ سفوف سنگرہنی۔

**طریقہ علاج :** حب مقوی خاص ایک عدد۔ حب اجوائن ایک عدد ملا کر دن میں تین بار سفوف سنگرہنی ٢-٢ ماشہ۔ دن میں تین بار ملا کر دینا لا علاج سنگرہنی کا علاج ہے۔

### حب مقوی خاص

**ھوالشافی :** رائی۔ لال مرچ ١٢-١٢ تولہ۔ کچلہ مدبر ۴ تولہ۔ کشتہ فولاد ۴ تولہ۔ سم الفار سفید ٣ ماشہ۔ باریک کر کے حب نخودی بنا دیں۔

### حب اجوائن

**ھوالشافی :** اجوائن دیسی حسب ضرورت لے کر تیزاب گندھک میں بھگو دیں۔ ایک دن

رات پڑا رہنے کے بعد باریک کر کے حب نخودی بنا دیں۔

**فوائد:** سنگرہنی۔ پیٹ درد۔ ہیضہ اور دست کو مجرب ہیں۔

## (۱۰۹۳) سفوف سنگرہنی

**ھوالشافی:** سنگدانہ مرغ۔ رائی۔ لونگ۔ جائفل ۵۔۵ تولہ۔

**خوراک:** ایک ایک ماشہ دن میں تین بار ہمراہ پانی۔ اسہال۔ سنگرہنی نزلہ و زکام کو لاجواب ہیں۔ یہ تینوں ملا کر دیں یہ بھی علاج حکیم شریف صاحب مذکور نظریہ مفرد اعضا والوں کا ہے اور کامیاب ہے۔

**غذا:** صبح مکھن کھلا کر قہوہ۔ بارہ بجے اوجھڑی کا قیمہ خوب مصالحہ ڈال کر بغیر روٹی کے ساتھ اور قہوہ سوگی ملا کر اور رات کو بھی یہی قہوہ دیں۔ اگر دورہ زیادہ ہو تو گندم کا نمکین حلوہ سرسوں کے تیل میں بنا کر باندھیں۔

## (۱۰۹۴) اسارون

اطبا یونان نے جن نسخوں کو معدہ کے طاقت اور اسہال کے لیے مفید بتایا ہے ان میں انوش دارو بھی ہے۔ یہ لاجواب دوا اسہال کو روکتی۔ کمی خون کو دور کرتی ہے۔ مقوی دماغ۔ دافع خفقان ہے اور خوف کو دور کرتی ہے۔ رنگ نکھارتی ہے۔ پسینہ اور بدن کو خوشبو دار بناتی ہے۔ مقوی باہ ہے۔ اس پر مداومت کرنا نشاط آور ہے۔ بالوں کی سیاہی قائم رکھتی ہے اور غصہ کم کرتی ہے۔ یہ تمام الفاظ حافظ جلیل احمد انصاری رحمۃ اللہ علیہ کے ہیں۔

**ھوالشافی:** گل سرخ صاف پتی ساڑھے تین تولہ۔ ناگرموتھہ ۳ تولہ۔ لونگ۔ مصطگی۔ اسارون۔ بالچھڑ ہر ایک پونے دو دو تولہ۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ دارچینی۔ جائفل۔ تج۔ زعفران۔ تیزپات۔ چودہ چودہ ماشہ۔ مربہ آملہ ایک سیر۔ شہد خالص اور چینی ہر ایک ساڑھے تین پاؤ۔ پہلے مربہ کو پیس لیں اور کھانڈ و شہد کا قوام بنا کر ادویہ مسحوقہ ملا لیں پھر تمام ادویہ ملا کر معجون بنا دیں۔

**خوراک:** ۷۔۷ ماشہ۔ ہے فوائد اوپر مذکور ہوئے ہیں۔ میں نے خود تیار کر کے فائدہ اٹھایا ہے۔

اگر اس میں کستوری ۴ ماشہ۔ مروارید ۷ ماشہ۔ فرنجمشک ۷ ماشہ۔ ساذج ہندی ۷

ماشہ۔ ملا کر بنائیں تو لولوئی بن جائے گا۔ یہ اس سے زیادہ مقوی چیز ہے۔

**خوراک :** ۵۔۵ ماشہ۔

## (۱۰۹۵) معجون ذرب

**ھوالشافی :** پوست سنگ دانہ مرغ۔ طباشیر ۳۔۳ ماشہ۔ پودینہ۔ پوست ترنج۔ پوست بیرون پستہ۔ گل سرخ۔ تیز پات۔ ناگرموتھا۔ بال چھڑ۔ مصطگی ہر ایک سوا سوا تولہ۔ زرشک ۲ تولہ۔ عود غرقی ۲ تولہ۔ کالی مرچ ایک تولہ۔ لونگ ۷ ماشہ۔ باریک کر کے رکھیں۔ پھر مربہ آملہ ۳۰ دانے۔ مربہ ہلیلہ ۱۵ دانے۔ عرق گلاب میں پیس کر چینی ڈیڑھ سیر شربت انار تین پاؤ ملا کر قوام کر کے ادویہ ملا لیں۔

**خوراک :** ۷۔۷ ماشہ۔ صبح و شام ہمراہ مناسب بدرقہ۔ یہ بھی سنگرہنی کی لاجواب معجون ہے۔ قوت ہاضمہ کو تیز کرتی اور اسہال کو روکتی ہے۔

اس کے علاوہ جوارش مصطگی سادہ۔ جوارش مصطگی بنسخہ کلاں۔ معجون سنگ دانہ مرغ بھی لاجواب ہیں۔ عام کمزوری میں کشتہ سونا۔ دوائے مسک معتدل سادہ۔ جوارش عود شیریں۔ کمزوری کی حالت میں توتیا کبیر یا مالتی بسنت میں رکھ کر کھلانا مجرب ہے یا کشتہ منور ۲ رتی جوارش شاہی میں رکھ کر صبح کو اور مالتی بسنت ایک رتی معجون سنگدانہ مرغ میں رکھ کر رات کو دیں۔ یا صبح کو مالتی بسنت ایک رتی رات کو گنگا دھر رس ایک رتی دیں اور آب آہن تاب دیا کریں۔ آیورویدک کا مجرب ہے۔

## (۱۰۹۶) سفوف مصطگی برائے سنگرہنی

**ھوالشافی :** موچرس۔ مائیں خورد۔ گل دھاوا۔ کتھہ۔ بیل گری۔ کوکنار۔ رال سفید ۶۔۶ ماشہ۔ مصطگی رومی ایک تولہ۔ باریک کر کے۔

**خوراک :** ۳۔۳ ماشہ۔ صبح دوپہر شام دیں۔ اسہال اور قے میں مجرب ہے۔

## (۱۰۹۷) سفوف قنب

مریض عمر ۴۵ سال عرصہ تین ماہ سے کبھی اسہال کبھی مروڑ۔ کبھی اپھارہ۔ خرابی ہاضمہ۔ خرابی امعاء کا شکار تھا کئی حکیموں کا علاج کرتا رہا۔ لیکن آرام کی صورت پیدا نہ ہوسکی۔ وہ میری

طرف علاج کی خاطر آیا اور ساری کہانی سنائی اور کہا کہ مجھ کوکئی لوگوں نے کہا ہے کہ یہ مرض کبھی شفایاب نہ ہوگی اس کوتسلی دی اور کہا کہ اللہ تعالیٰ آرام دیں گے۔

**علاج:** چھلکا اسپغول ایک تولہ۔ کسٹرآئل چار تولہ۔ دودھ آدھ سیر میں ملا کر آدھا آدھا دو بار پلایا گیا۔ جس سے مریض کے اندر سے خشک سدے نکلے سابقہ حکیموں نے پیٹ کو صاف نہ کیا اور بند کرنے کے لیے ادویہ دیتے رہے۔ میں نے ذیل کا سفوف دیا۔

## (۱۰۹۸)

**ھوالشافی:** گندھک۔ پارہ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ سنڈھ۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ ہینگ۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ ۱۰-۱۰ ماشہ۔ برگ بھنگ بریاں ڈھائی تولہ۔ (نرم آگ پر بریاں کریں)۔ ہینگ کو قدرے گھی ملا کر نرم آگ پر بریاں کریں اور باریک کر کے سفوف بنالیں۔

**خوراک:** ایک ایک ماشہ۔ ہمراہ رب بہی یا شربت انار یا شربت موڑیوں سے دیں اس سے مریض کے تمام عوارض مروڑ اور اسہال دور ہو گئے۔ کھانا بھی ہضم ہونے لگ گیا اور ایک ایک کر کے تمام عوارض دور ہو گئے۔ میں نے اس نسخہ کا بارہا تجربہ کیا ہے۔ کئی پرانے حکما کا معمول مطب نسخہ ہے اس سے اپھارہ بھی دور ہو جاتا ہے جو کہ اسہال بند ہونے کے بعد مریضوں کو ہو جاتا ہے۔ گندھک اور پارہ کی آمیزش سے دیر تک خراب بھی نہیں ہوتا۔

## (۱۰۹۹) سفوف اسہال کم اجزا

**ھوالشافی:** پودینہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ سنڈھ۔ مصطگی۔ زیرہ سفید ایک ایک تولہ۔ چینی ۵ تولہ۔

**خوراک:** ۶-۶ ماشہ ہمراہ پانی۔

**فوائد:** اس کے استعمال سے کمزوری معدہ کے سبب سے ہونے والے اسہال بند ہو جاتے ہیں۔ معدہ کو تقویت آجاتی ہے۔ پرانے اسہال سنگرہنی اور قے بلغمی۔ منہ سے پانی جانا اور جن لوگوں کو کھانے کے بعد فوراً ہی حاجت ہو جاتی ہے۔ ان کو مفید ہے۔ پتلے پتلے دست آنا اس سے ان کا قوام درست ہو جاتا ہے۔

## (۱۱۰۰) معجون آملہ

مندرجہ بالا نسخہ غرباء کے لیے مفید ہے۔ لیکن جب مرض اسہال سنگرہنی زیادہ ہو جاتی ہے تو تمام جسم کمزور ہو جاتا۔ اعضاء رئیسہ شریفہ۔ دل۔ دماغ۔ گردے مثانہ۔ سب کمزور ہو جاتے ہیں۔ اس وقت یہ معجون نئی زندگی پیدا کر دیتی ہے اور تمام اعضا اپنا اپنا کام صحیح کرنا شروع کر دیتے۔ لاجواب نسخہ ہے اور بڑے حکما کا مجرب ہے۔

**ھوالشافی :** مربہ آملہ ۱۰ تولہ کو گرم پانی سے دھو کر چٹنی بنا دیں اور یاقوت رُمانی۔ جز مرجان۔ یشب سبز۔ عنبر اشہب۔ ورق نقرہ۔ ورقہ طلاء ۲۔۲ ماشہ۔ زعفران۔ طباشیر۔ مروارید۔ کہربا شمعی ۳۔۳ ماشہ۔ کو ایک چھٹانک عرق بید مشک سے مثل سرمہ کریں۔ پھر ریوند چینی۔ اساروں۔ ناگرموتھہ۔ عود ہندی۔ اذخر۔ صندل سفید۔ پوست ترنج۔ تیزپات۔ برگ بادرنجبویہ۔ درونج عقربی۔ دانہ الائچی خورد۔ زرشک ۲۔۲ ماشہ۔ مصطگی۔ بال چھڑ۔ گل سیوتی۔ ابریشم مقرض ۳۔۳ ماشہ۔ باریک چھلنی سے چھان کر شہد خالص۔ چینی سفید ایک ایک پاؤ قدرے پانی سے قوام بنا کر تمام ادویہ بھی مربہ میں شامل کریں۔

**خوراک :** ۳ ماشہ سے لے کر ۹ ماشہ تک۔

**فوائد :** اس کے استعمال سے تمام اعضائے رئیسہ کی کمزوری دور ہو گی اس کا نام انوش دارو لولوی کلاں ہے اور قرابادین اکمل اعظم والے نے اس کو اپنا معمول لکھا ہے۔ ایسے نسخوں سے ہی پرانے طبیب راجوں مہاراجوں کے لیے ادویہ تیار کر کے منہ مانگا انعام لیتے تھے۔ نسخہ کے مجرب ہونے میں شک نہیں ہے۔

## (۱۱۰۱) اکسیر امراض پیٹ

اسہال سنگرہنی اور عام کمزوری کے لیے لاجواب کورس ہے۔ (۱) بالچھڑ۔ عاقر قرحا۔ سرخ مرچ۔ جڑ پان۔ رائی۔ لونگ۔ مساوی الوزن باریک کریں یا نخودی گولیاں بنالیں۔

**فوائد :** مریض کو کچے پاخانے آنا۔ اسہال آنے کے باوجود ہوا کے رک جانا کو مفید ہے۔

(۲) شنگرف۔ جائفل۔ دارچینی۔ عاقر قرحا۔ ہر ایک ۱۰۔۱۰ ماشہ۔ لونگ۔ مگھاں۔ سنڈھ ۲۰۔۲۰ ماشہ۔ باریک کریں یا گولیاں نخودی بنالیں۔

**فوائد :** کمزوری بدن۔ بدہضمی۔ موٹاپا۔ نفخ شکم۔ کثرت پیشاب بے قاعدگی حیض۔ فالج۔

لقوہ۔ نامردی کو مفید ہے۔

(۱۱۰۲)

(۳) پوست ہلیلہ زرد ۱۰۰ ماشہ۔ زہرمہرہ ۱۰۰ ماشہ۔ سنگ دانہ مرغ ۱۰۰ ماشہ۔ زیرہ سفید بریاں ۲۰۰ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۵۰ ماشہ۔ کوکنار ۵۰ ماشہ۔ برگ بھنگ ۲۵ ماشہ کو باریک کریں۔ یا گولیاں نخودی بنا لیں۔

**فوائد:** دن میں کئی بار پاخانے آنا کے لیے نافع ہے۔ ایسے مریض بھی دیکھنے میں آئے ہیں جنہیں تیزابیت کی وجہ سے کئی بار پاخانہ آتا ہے وہ ان تینوں کی ایک ایک گولی ملا کر کھانے سے تندرست ہو جاتے ہیں۔ پیٹ میں ہوا بنی رک جاتی ہے۔ جسمانی اور عصبی کمزوری دور ہو جاتی ہے۔ عام اسہالوں کو بھی مفید ہیں۔ بیرون ملک سفر یا کام پر جانے والوں کو لگنے والے اسہال کے لیے بھی مفید ہیں۔ میں نے ان تینوں کو ملا کر استعمال کیا ہے۔ اس سے خرابی ہاضمہ اور اسہال درست ہو جاتے ہیں۔ سنگرہنی کا لاجواب علاج ہے۔ یہ نظریہ مفرد اعضا کے ایک عامل حکیم عبدالعزیز آف خانیوال کا فرمودہ ہے اللہ تعالیٰ ان کا سایہ ہمارے سروں پر تادیر قائم رکھے۔

## (۱۱۰۳) سفوف اسہال وسنگرہنی

**ھوالشافی:** ہلیلہ سیاہ۔ کچور۔ سونف۔ سنڈھ ایک ایک تولہ کو گھی گاوا۔ میں بریاں کریں۔ پھر انار دانہ ایک تولہ۔ کشنیز خشک۔ گوند کیکر۔ گیری اصلی ایک ایک تولہ۔ باریک کر کے ملا لیں۔ افیون ۳ ماشہ بھی باریک کر کے ملا لیں اور تمام ادویہ سے آدھا وزن چینی ملا لیں۔

**خوراک:** ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک۔ ہمراہ دہی گاؤ۔

**فوائد:** ایک ہفتہ میں اسہال اور سنگرہنی دور ہو جاتی ہے۔

**نکات مطب:** یہ نسخہ قدیم اطباء کا ایجاد کردہ ہے۔ حکیم علم دین بھا گووالیہ جو متعدد کتابوں کے مصنف اور ایک پرچے کے ایڈیٹر بھی تھے ان کا معمول تھا دیگر حکما نے بھی اس کو مجرب ہونے کہا ہے۔ بچوں کو بقدر ۲ رتی سے ۴ رتی تک کھلانا ان کے اسہال بند کر کے سوکھا بھی دور کر دیتا ہے۔

(۱۱۰۴)

قارئین ان نسخہ جات کی موجودگی میں آپ کو کسی اور نسخہ کی ضرورت نہیں ہوگی۔ یہ تمام نسخہ جات اور مشورے سوفی صد مجرب۔ وہ سنگرہنی کے علاج میں مفید ہے۔ اس کا شربت بھی لاجواب ہے۔ میں نے اس کا خود مریضوں پر تجربہ کیا ہے سادہ طریقہ یہ بھی ہے کہ کلیجی کے ٹکڑے کر کے اس کو پھر نہ دھوئیں اور اس کا شورہ بنا کر مریض کو پلا دیں اور بوٹیاں نہ کھلائیں اس میں وٹامن بی ۱۲ وافر آ جاتی ہے۔ دوران علاج اس غذا کو یاد رکھیں یہ سنگرہنی کے اسہال بند کرنے اور جگر کو طاقت دینے میں لاجواب ہے میں نے اس کو تجربہ کیا ہے۔

نوٹ: سنگرہنی میں چاول نقصان دہ ہیں۔ مروڑ و پیچش میں دہی چاول اور سادہ غذا دیں۔

## قولنج

**علامات:** یہ درد ناف کے ارد گرد ٹھہر کر ہوتا ہے۔ شدید قبض ہوتی ہے۔ ہوا بند ہو جاتی ہے اور کئی مریضوں کا پیشاب بھی بند ہو جاتا ہے۔ پیٹ ابھر جاتا ہے۔ کئی مریضوں کو اس کا دورہ بار ہوتا ہے۔ قبض عام رہتی ہے۔ مریض کے پیٹ پر گرم ٹکور کریں۔ ریت گرم کر کے یا اینٹ کا روڑہ گرم کر کے یا بورہ گندم اور نمک مساوی الوزن ملا کر گرم کر کے پوٹلی باندھ کر گرم کرنے سے ریاح خارج ہوتے ہیں۔ پیٹ پر کسٹر آئیل گرم کر کے مالش کرنے سے بھی ریاح تحلیل ہوتے ہیں اور امعاء کا فعل تیز ہو کر آرام آتا ہے۔ یہ تمام تدابیر پیٹ درد کے مرض اور قولنج میں مفید۔

(۱۱۰۵) شربت مصری

مریض عمر ۲۰ سال کو گھر جا کر دیکھا' شدید درد قولنج میں مبتلا تھا۔

**علاج:** جوکھار ایک تولہ۔ ایک گلاس مصری کے شربت میں حل کر کے پلایا گیا اور دو گھنٹہ کے بعد پھر جوکھار ایک تولہ پلایا گیا اور گل ٹیسو و گل بنفشہ خشک ۲۔۲ تولہ لے کر باریک کر کے پھر گرم پانی ملا کر رگڑ کر لیپ بنا کر پیٹ پر لیپ کیا گیا۔ جس سے فوراً قولنج کھل گئی اور قبض بھی دور ہو گئی۔ پیشاب بھی آ گیا اور مریض کو آرام میں ہو گیا۔

(۱۱۰۶)

مریض عمر ۵۰ سال کو کئی بار قولنج کا دورہ قریباً ایک ماہ کے بعد شروع ہوتا اور پھر خود ہی بند ہو جاتا تھا۔ دورہ کے وقت اوپر والی ترکیب سے ادویہ اور حقنہ سے دورہ دور گیا اور آئندہ روکنے کے لیے یہ معجون بنا دی۔ خدا شاہد ہے کہ تیس سال سے پھر درد قولنج نہیں ہوا۔ وہ یہ ہے۔

**ہوالشافی:** پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ سنا مکی۔ ریوند چینی۔ تربد سفید صاف۔ ایک ایک تولہ۔ فلفل سیاہ۔ سنڈھ۔ مصطگی۔ زیرہ سیاہ۔ زرنباد ۶۔۶ ماشہ کوٹ کر سہ چند شہد اور ۵ تولہ بادام روغن سے مچرب کر کے معجون بنا کر چالیس دن کھانے کو دی اس کے بعد دورہ پھر نہیں پڑا۔

**خوراک:** ۶۔۶ ماشہ صبح و شام عرق گلاب سے کھلاتا رہا۔ درد کے وقت ایک تولہ معجون میں ایک ماشہ سقمونیہ ولایتی ملا کر کھانے سے قبض دور ہو کر قولنج کھل جاتی ہے۔ یہ معجون قبض عارضی اور دائمی دونوں کو لاجواب ہے اس سے غذا کے بعد کا اپھارہ بھی دور ہو جاتا ہے۔ معدہ و امعا اپنا کام صحیح کرنے لگ جاتے ہیں۔ نہایت مجرب ہے۔

## (۱۱۰۷) جوشاندہ

**ہوالشافی:** گل سرخ۔ گل بنفشہ۔ سنا مکی ۷۔۷ ماشہ۔ لسوڑیاں ۱۱ دانے۔ منقیٰ ۷ عدد۔ پانی میں جوش دے کر چھن کر کسٹر آئل ۳ تولہ۔ شربت بنفشہ ۴ تولہ ملا کر نیم گرم پلاتے رہیں۔ اس سے قبض بھی ٹوٹ جاتی ہے اور قولنج بھی دور ہو جاتا ہے۔ مریض قولنج کو درد اس قدر شدید ہوتا ہے کہ برداشت سے باہر ہو جاتا ہے۔ اس مسکنات سے درد بند کرنا چاہیے تا کہ مریض کو سکون ہو۔ برشعشہ یا افیون کا کوئی اور مرکب تاہم یہ بھی مجرب ہے۔ برشعشہ ایک ماشہ۔ جوارش کمونی ایک تولہ ملا کر عرق سونف ۱۰ تولہ۔ عرق گلاب ۱۰ تولہ نیم گرم کر کے اس کے ساتھ کھلائیں۔ فوراً درد قولنج دور ہو گا اور جوارش کمونی سے ریاح بھی خارج ہوں گے درد بھی بند ہو گا۔ حکیم سوہدروی کا مجرب ہے۔

## (۱۱۰۸) لاجواب گولیاں

مریض جوان سال کو کئی بار قولنج کا درد ہوا۔ سخت قبض تھی۔ پیٹ کو گرم کیا گیا اور یہ

گولیاں تیار تھیں دے دی گئی۔ اس سے مریض کا قولنج دور ہو گیا۔

**ھوالشافی :** پارہ۔ گندھک آملہ سار۔ مغز کرنجواہ۔ زیرہ سفید۔ سنڈھ۔ مرچ سیاہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ جمال گوٹہ پتہ و چھلکا دور کردہ ۲۔۲ تولہ باریک کر کے قطرہ قطرہ پانی ڈالتے جائیں۔ جب تیل نکلنے لگے تو دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں یہ گولیاں لاجواب ہیں۔ ایک خاندانی حکیم سے ملی ہیں۔

**فوائد :** منقی دماغ۔ و صدر۔ مصفی خون۔ دافع قبض۔ وجع المفاصل و صدر آتشک۔ پھوڑے۔ پھنسیاں میں روزانہ قبض کشائی کے لیے مجرب ہیں۔ اگر کھٹی لسی سے بنائیں تو اور بھی بے ضرر ہو جائیں۔ کیونکہ جمال گوٹہ خام ہی ڈالا گیا ہے۔ الحمدللہ اس سے کئی مریضوں کی قبض اور قولنج کھل گئی۔ ملیریا بخار میں رات کو دیں۔ اس سے قبض دور ہو کر بخار بھی دور ہوتا ہے۔ پیٹ پر لگانے کے لیے یہ لیپ مجرب ہے آٹا گندم ۵ تولہ۔ آٹا تارامیرا ۱۵ تولہ۔ نمک ۳ ماشہ۔ تیل سرسوں مناسب پانی سے حلوہ بنا کر پیٹ پر باندھیں اور ٹھنڈا ہونے پر گرم کر کے یا نیا تیار کر کے باندھیں۔ میں اس کسٹرائل سے حلوہ بنا کر بندھواتا ہوں اس سے ان تمام مریضوں کو فوراً فائدہ ہو جاتا ہے۔ پیچش کے مریض کو اگر قبض ہو تیار کر کے استعمال کریں۔ اس سے مروڑ بھی دور ہو گا۔ درد امعاء بھی بند ہو گی اپھارہ بھی دور ہو گا مجرب ہے۔

## (۱۱۰۸) شیافہ

صابن کپڑے دھونے والا تراش کر اس کی بتی دبر میں رکھنا قولنج کو کھول دیتا ہے۔ نیز یہ شیاف بھی قولنج کھول دیتے ہیں۔

**ھوالشافی :** سقمونیہ ولایتی۔ نمک خوردنی ۷۔۷ ماشہ۔ بورہ ارمنی۔ تربد سفید ۱۰۔۱۰ ماشہ۔ بنفشہ ڈیڑھ تولہ۔ مصری ڈھائی تولہ۔ چھاچھ آگ پر رکھ کر گاڑھی کی ہوئی۔ اس سے شیاف بقدر تین تین انگل بنا کر روغن بنفشہ یا روغن بادام یا کیسٹرائل سے چپڑ کر رکھنا قولنج کو کھول دیتا ہے اور درد بند ہو جاتی ہے۔ گوداتمہ ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک پانی میں جوش دے کر پلانا قبض دور کر کے قولنج کھول دیتا ہے۔

## (۱۱۰۹) معجون املتاس

مریضہ عمر چالیس سال کو کئی بار قولنج کا دورہ پڑا۔ اس نے کسی حکیم سے مشورہ لیا۔ تو اس

نے معجون املتاس لکھ کر دی اور مریض کو بنا کر کھانے کی ہدایت کی۔ مریض نے مجھ کو کہا کہ بنا دیں۔ میں نے بنا کر دی اور کھلائی۔ قریباً چالیس سال ہو گئے۔ مریضہ کو پھر قولنج کا دورہ نہیں ہوا۔ وہ یہ ہے۔

**ھوالشافی:** گل بنفشہ ۱۰ تولہ رات کو پانی آدھ سیر میں بھگو کر جوش دیں۔ جب پاؤ رہ جائے تو پن کر گودہ املتاس ایک پاؤ ملا کر گھول لیں اور ایک پاؤ شہد۔ ایک پاؤ کھانڈ ملا کر قوام کریں۔ گاڑھا ہو جانے پر سقمونیہ۔ رب السوس۔ سونف دیسی۔ سونف رومی۔ مصطگی۔ نمک لاہوری ایک ایک تولہ۔ بادام روغن ۷ تولہ۔ تربد سفید آٹھ تولہ ملا کر رکھیں۔ ہفتہ بعد چار تولہ کھلائیں۔ اس سے اسہال جاری ہو کر مرض دور ہو گی۔ اگر روز ایک تولہ کھائیں تو قبض دائمی و عارضی دور ہو گی۔ یہ لاجواب معجون ہے اس سے امعاء کا فعل درست ہو جاتا ہے۔ قبض اور اپھارہ دور ہو جاتا ہے۔

## (۱۱۱۰)

**نکات مطب:** مرض قولنج چونکہ ایک نہایت تکلیف دہ مرض ہے اس میں حکما کا قول ہے کہ قولنج کھل جانے کے بعد آٹھ پہر تک مریض کو بھوکا رکھیں تاکہ مریض کی امعا کو جو تکلیف ہوتی ہے اس کا ازالہ ہو جائے۔ بعض اوقات سدہ اس قدر سخت ہوتا ہے کہ وہ ٹوٹتا ہی نہیں اس کے لیے مریض کی مقعد کھول کر کوئی چیز اندر داخل کریں اور سخت سدے کرید کر نکال دیں تاکہ مریض کو سکون ہو۔

## (۱۱۱۲) ایک لاجواب بتی

ایک بالشت مربع لٹھے کا کپڑا لے کر اس پر نمک سفید باریک پیس کر شہد سے گیلا کر کے بتی بنا دیں اور مریض کے مقعد میں زور سے دبا کر داخل کر دیں اور ۵ سے ۱۵ منٹ تک دبائے رکھیں۔ اس سے قولنج کھل جائے گی۔

**فائدہ:** شیاف یا صابن کی بتی اوپر تک نہیں جاتی چونکہ یہ کپڑا ہے۔ قریباً ۶ انچ اندر چلی جائے گی۔ اس سے سدہ تحلیل ہو کر نکل جائے گا۔ بڑے حکما کا تجربہ ہے۔

## (۱۱۱۳) اجمل خانی علاج

حکیم اجمل خاں رحمۃ اللہ علیہ کا لاجواب علاج جن مریضوں کو بار بار قولنج کا دورہ پڑتا ہو ان

کو جوارش کمونی ۳۔۳ ماشہ صبح کو پانی کے ساتھ کھلائیں اور روزانہ ایک ماشہ بڑھاتے جائیں حتیٰ کہ ۱۴ ماشہ دے کر بند کر دیں۔ پھر روزانہ ایک ماشہ کم کریں حتیٰ کہ اول مقدار پر آ جائے پھر ۳۔۳ ماشہ کے بند کریں۔

جوارش فلافلی ۵۔۵ ماشہ۔ غذا کے بعد دیں اور حب تنکار ۳ عدد رات کو آب گرم سے دیں اور روغن کٹھہ یا روغن گل کی پیٹ پر مالش کریں۔ دو تین ماہ پابندی کے ساتھ کرنے سے عموماً دورہ موقوف ہو جاتا ہے۔ شدت میں مسکنات سے فائدہ ہوتا ہے۔

## (۱۱۱۴) افیون

لیکن بڑے حکما کا تجربہ یہ بھی ہے کہ افیون۔ ریوند عصارہ اور نوشادر ایک ایک تولہ کی نخودی یا یا دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنا کر کھلائیں۔ اس نسخہ میں افیون مسکن ہے اور نوشادر اور ریوند عصارہ قبض کشا ہیں۔ دونوں مطلب حل ہو جاتے ہیں۔ آپ بھی ان سے فائدہ حاصل کرلیں۔

## (۱۱۱۵) حقنہ یا پچکاری

(۱) نمک طعام ۳ ماشہ کسٹرائل ۴ تولہ۔ صابن ایک تولہ۔ پانی نیم گرم ایک سیر میں حل کر کے حقنہ کر دیں۔ (۲) پانی ایک سیر۔ صابن دیسی ایک تولہ۔ روغن تارپین ایک تولہ۔ کیسٹرائل ۲ تولہ ملا کر حقنہ دیں۔ (۳) روغن السی ایک پاؤ سے انیما کریں۔ قولنج کھل جائے گی۔

## (۱۱۱۶) جوشاندہ لاجواب

**ھوالشافی :** اجوائن دیسی ۵ تولہ۔ چائے سبز ایک تولہ۔ پودینہ خشک ایک تولہ کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ آدھارہ جانے پر پن کر دیسی گھی گاؤ ۱۰ تولہ کھانڈ ۵ تولہ ملا کر پلانے سے قولنج کھل جاتی ہے۔ دوبارہ بھی پلائیں۔

## (۱۱۱۷) ضماد قولنج

**ھوالشافی :** رائی ۲ تولہ۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔ سنڈھ ۶ ماشہ۔ یہ سادہ شربت میں لیپ بنا کر مقام مرض پر لگانے سے درد قولنج دور ہو جاتا ہے اور قبض کھل جاتی ہے۔ آرام آنے کے بعد حب کبد نوشادری۔ جوارش جالینوس۔ حب حلتیت۔ حب پودینہ۔ جوارش کمونی کبیر کھلائے

رہیں کمزوری دور کرنے کے لیے کشتہ فولاد۔ دوائے مسک معتدل سادہ یا جواہر والی۔ یا جوارش شاہی کھلاتے رہیں۔

**پرہیز**: میدہ کی اشیا چاول برف وغیرہ سے پرہیز رکھیں۔

## (۱۱۱۸) نسخے

تربد صاف ۳ ماشہ۔ ریوند چینی ۳ ماشہ۔ گلقند ۴ تولہ ملا کر کھلانا دافع ریاح۔ دافع درد۔ اور دافع قولنج ہے۔ نوشادر ایک تولہ۔ جوکھار ایک تولہ۔ چینی ۲ تولہ۔ پانی ایک پاؤ میں حل کر کے پلانا۔ دافع قولنج ہے۔ جائفل۔ لونگ۔ سنڈھ اجوائن۔ دارچینی ۳۔۳ ماشہ۔ باریک کر کے تیل میٹھا ۵ تولہ یا کسٹرائل میں ملا کر پکا کر مقام درد پر ملنا اور اوپر روئی باندھ دینا بھی درد قولنج درد معدہ کو لاجواب ہے۔ میں نے تمام عمر کے تجربات آپکے سامنے کر دیئے جو کہ بڑی کتابوں میں آپ کو نہ مل سکیں گے۔ اللہ تعالیٰ میری اس کاوش کو قبول فرمائے۔ آمین۔

## (۱۱۱۹) قولنج ایلادس

قولنج کی ایک قسم ہے جس کو قولنج ایلادس کہتے ہیں۔ اس کا سدہ اس قدر ہوتا ہے کہ پاخانہ منہ کے رستے آنا شروع ہو جاتا ہے۔ درد شدید ہوتا ہے اور سدہ چھوٹی آنتوں میں پھنسا ہوتا ہے۔ اس کے لیے بھی یہ تدبیر کریں۔ ان شاء اللہ شفا ہو گی۔ قبض دور کرنے کے لیے کسٹرائل ۵ تولہ۔ عرق گلاب۔ عرق سونف ۱۲۔۱۲ تولہ میں نیم گرم کر کے ملا کر پلا دیں اور پوست خشخاش ایک تولہ۔ گرم پانی میں جوش دے کر اس کی ٹکور کریں یا املی ۷ تولہ۔ عرق سونف ۱۵ تولہ میں جوش دے کر پن کر سنا مکی۔ تربد سفید ۷۔۷ ماشہ۔ گلقند ۵ تولہ۔ ملا کر پلا دیں۔ ان شاء اللہ اس سے سدے نرم ہو کر اسہال آ جائیں گے نیز مقام درد پر گرم ٹکور کریں۔

## (۱۱۲۰) نمک خوردنی

نظریہ مفرد اعضا والے صاحبان کا ایک علاج جو کہ دافع قولنج ایلادس اور ہر قسم کی قولنج کا دافع ہے۔ ۱۰ کلو نمک لے کر ایک کلو پانی میں ملا کر جوش دیں۔ آدھا رہ جانے پر مریض کے پیٹ پر چار تہ تولیہ رکھ کر نمک والا پانی لوٹہ میں ڈال کر گرائیں۔ ۵ منٹ میں درد بند ہو جائے گی۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل ادویہ نمبروار دیں۔ (۱)۔ اجوائن دیسی۔ رائی۔ بانچی۔ ہر ایک ۲۰

گرام۔ گندھک آملہ سار ۶۰ گرام۔ نمک خوردنی ۵۰ گرام۔ خوراک: ڈیڑھ سے ۲ ماشہ ہمراہ قہوہ۔ اجوائن پودینہ۔ نیم گرم۔ (۲) مغز جمال گوٹہ مدبر۔ کچلہ مدبر دونوں ملا کر حب بقدر مرچ کالی بنا دیں۔ خوراک: ۲ گولی ہمراہ قہوہ مذکور۔ (۳) سفوف تمہ۔ گندھک آملہ سار۔ رائی باریک کر کے گولیاں نخودی بنا دیں۔ خوراک: ۲ گولی ہمراہ قہوہ مذکور ۱۰۔ ۱۰ منٹ بعد نمبر وار تینوں ادویہ دینے سے قولنج کھل گئی۔ مریض کو اسہال آ گئے درد بند ہو گئی۔ لا علاج مریض راضی ہوا۔

## (۱۱۲۱) تمہ

قولنج کے ایک مریض کو آرام آنے کے بعد ٹھیک طریقہ سے رفع حاجت کا نظام ٹھیک نہ رہا کبھی زیادہ کبھی کم کبھی کبھی درد تو اس کو یہ گولیاں دی گئی۔ جس سے اس کی تمام تکالیف رفع ہو گئیں۔

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار۔ رائی۔ گودہ تمہ بمعہ بیج کوٹ کر گولیاں نخودی بنا لیں۔

**خوراک:** ۲ گولی سے لے کر دن بھر میں آٹھ تک دے سکتے ہیں۔ اس سے قبض دور ہو جاتی ہے۔ خون صاف کرتی ہے اور موٹاپا دور کرنے میں مفید ہے۔ گاڑی بلغم و تپلی ہو کر نکلنے لگ جاتی ہے۔ بے ضرر طور پر قبض کشا اور دافع قولنج ہے۔ کئی بار کا مجرب ہے۔ ذیل کا ضماد اور تینوں نسخہ جات نظریہ مفرد اعضا والوں کے تجویز کردہ ہیں اور میرے معمولات سے ہیں۔

**نکات مطب:** امراض معدہ و امعاء میں غذا اور جماع میں چھ گھنٹہ کا وقفہ ہو۔ غذا کا وقت مقرر کریں۔ روزانہ ایک میل پیدل سیر کریں۔ دودھ اور گوشت والی غذا ایک کھانا میں اکٹھی نہ کریں۔ میدہ کی اشیا جلیب سویاں۔ رس مٹھائی کم سے کم اور سبزیاں زیادہ کھائیں۔ ہفتہ میں دو بار فاقہ کر کے اس دن پھلوں کا پانی جس میں کیلا نہ ہوں۔ تمام دن پئیں اور شام کو ہلکا پھلکا کھانا سبزی سے کھائیں۔ پیشاب اور پاخانہ کو کبھی نہ روکیں آنے پر کر لیں۔

# پیٹ کے کیڑے

قدیم اطباء نے پیٹ کے طفیلی کیڑوں کی تین اقسام لکھی ہیں۔ (۱) کدو دانے۔ یہ ٹوٹ ٹوٹ کر آتے ہیں۔ حالانکہ ان کی مریض کے پیٹ میں ایک کافی لمبی دو فٹ سے ساٹھ فٹ

ے لمبی ہوتی ہے۔ دوسرے کیچوے یہ سانپ کی طرح ایک ایک بالشت لمبے ہوتے ہیں۔ تیسرے۔ چنونے یا چرنے مقعد میں یہ ہوتے ہیں۔ ویدک والوں نے اور قسمیں بھی بتائی ہیں۔ جو کہ میرے تجربے میں صحیح ہے کیونکہ اور قسم کے کیڑے بھی مریضوں میں پائے جاتے ہیں۔

**نکات مطب :** تندرست آدمی کی امعا کی حرکت اگر صحیح ہے یا کر دی جائے تو کوئی کیڑا پیٹ میں نہیں رہ سکتا۔

## (۱۱۲۲) سنا مکی

**ھوالشافی :** مریض عمر ۱۸ سال نے آ کر کہا کہ پیٹ میں ہر وقت تکلیف رہتی ہے۔ پیٹ پھول جاتا ہے۔ رات کو منہ سے پانی آتا ہے اور مریض ناک نوچتا رہتا ہے۔ قبض دائمی رہتی ہے اور کبھی کبھی کوئی کیڑا نکل بھی آتا ہے۔

**علاج :** باؤبڑنگ ایک تولہ۔ سنا مکی ایک تولہ۔ چھلکا اسبغول ایک تولہ ملا کر دودھ میں گھول کر جلدی جلدی پی لیں۔ اس سے تمام قسم کے کیڑے نکل جاتے ہیں۔

**نکات مطب :** باؤبڑنگ کرم کش ہے اور سنا مکی مسہل ہے اور چھلکا اسبغول میں کیڑے پھنس جاتے ہیں اور زندہ یا مردہ نکل جاتے ہیں۔ اس مریض کو کھلایا گیا جس سے کیڑے نکل گئے۔

## (۱۱۲۳) قلعی

مریض عمر ۴۰ سال نے آ کر کرم پیٹ کی شکایت کی۔ اس کا اس طرح علاج کیا کہ مرگانگ خام۔ پارہ۔ گندھک۔ قلعی۔ نوشادر ایک ایک تولہ کا مرکب ۴-۴ رتی۔ باؤبڑنگ مسفوف ۳-۳ ماشہ میں رکھ کر کھلایا گیا اور کیسٹرائل سے مسہل دیا گیا۔ جس سے مریض کے اندر سے چھ چھ فٹ طویل کیڑے نکل گئے۔ اور آج تک دوبارہ پیدا نہیں ہوئے۔

## (۱۱۲۴) اخروٹ

ایک حکیم صاحب سے میں نے کرم امعا کے متعلق سوال کیا فرمانے لگے اپنا تجربہ بنا کر دیتا ہوں۔ اس سے میں نے کئی بار کامیابی حاصل کی ہے۔

**ھوالشافی :** مغز اخروٹ ۵ تولہ۔ کھانڈ ۵ تولہ۔ باؤبڑنگ سفوف ۲ تولہ ملا کر رکھیں۔ حلوہ سا بن جائے گا۔ مریض کو رات کھانا کم دیں۔ صبح کو یہ حلوہ کھلا دیں۔ اور پانچ گھنٹہ تک پانی نہ دیں اس سے کدو دانے اسے ایک ہی دن میں نکل جاتے ہیں۔

## (۱۱۲۵) تارپین

ایک حکیم صاحب نے اپنا تجربہ اس طرح بتایا کہ کیسٹرائل ۳ تولہ سے ۵ تولہ تک میں روغن تارپین ملا کر ۶ ماشہ ملا کر پلانے سے۔ کیڑے نکل جاتے ہیں اور ٹنکچر کچلہ ۱۰۔۱۰ قطرے بعد از غذا دس دن کھلانے سے امعاء کا فعل درست ہو جائے گا اور دوبارہ کرم پیدا نہیں ہوں گے۔

## (۱۱۲۶) ڈھاک

ایک مریض اور مریضہ دونوں نے کرم اور چنونوں کی شکایت کی تو ان کو یہ نسخہ بنا کر دیا گیا۔ جس سے دونوں میاں بیوی کے کرم دور ہو گئے۔

**ھوالشافی :** پارہ ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۳ تولہ۔ باؤبڑنگ ۴ تولہ۔ کچلہ مدبر ۵ تولہ۔ مغز تخم ڈھاک ۶ تولہ باریک کر کے رکھیں۔

**خوراک :** ۲ رتی باؤبڑنگ مسحوقہ میں رکھ کر کھلانا دافع کرم ہر قسم ہے۔ یہ دونوں کو کھلایا اس سے سیونکاں دور ہو گئیں۔

**نکات مطب:** یہ ویدک کا لاجواب نسخہ ہے۔ جس کا نام کرمی مدگرس ہے۔ سیونکاں نکلنے کے چار دن کے بعد تک کیسٹرآئل دیا کریں بعد میں مقام مقعد میں چیزیں بھی لگائی یا رکھی جاتی ہیں۔

## (۱۱۲۷) روغن اکسیر

**ھوالشافی :** افسنتین ۵ تولہ۔ تیل میٹھا یا زیتون ۱۰ تولہ میں پکا کر پن لیں اور اس کی پھریری مقام مقعد میں رکھیں۔ اس سے سیونکاں نکل جائیں گی اور انڈے بچے سب مر جائیں گے اس طرح اس دوا کا شافہ رکھنا بھی مجرب ہے۔

**ھوالشافی :** مصبر ایک حصہ۔ سقمونیہ آدھ حصہ۔ اجوائن خراسانی آدھ حصہ۔ گودہ تمہ آدھا حصہ۔ غاریقون آدھا حصہ۔ ہمراہ شہد گولیاں بنا دیں۔ ۲۔۲ کھلائیں یا شافہ بنا کر مقعد میں

رکھیں۔

## (۱۱۲۸) لاجواب پچکاری

**ھوالشافی :** تخم ڈھاک ۶ ماشہ۔ پانی میں ابال کر اس کی پچکاری مقعد میں کریں۔ اس سے چھوٹے کرم دور ہوں گے اور اندرونی طور پر کمیلہ ۶ ماشہ پانی ۵ تولہ میں جوشادیں۔ پانی ۶ ماشہ رہ جانے پر پن کر پلانا دافع کرم بچگاں ہے اور مقام مقعد پر اگر خارش ہو تو روغن سے چپڑ دیں۔ اس سے خارش اور جلن دور ہو گی۔ تجربہ شدہ ہے۔

## (۱۱۲۹) حقنہ

ایک حکیم صاحب جو کہ میرے ہم عصر اور استاد بھائی تھے اس طرح علاج کرتے دیکھا کہ خمیرہ تارپین جس کے اجزا میں روغن تارپین ۵ تولہ۔ کسٹرائل ساڑھے ۷ تولہ۔ گوند کیکر ۵ تولہ۔ عرق سونف ۱۰ تولہ سے رگڑ کر خمیرہ تیار کریں۔

**خوراک :** ۵ تولہ پانی یا دودھ ایک پاؤ میں گھول کر پلا دیں اور اسی طرح اس گھول کی پچکاری کرنے سے کیڑے اور سیونکاں نکل جاتی ہیں۔

## (۱۱۳۰) ایک نسخہ

عرق افسنتین۔ اچھا تیز نکال کر دو تین بوتل پلانے سے اس کرم بھی نکل جاتے ہیں اور کیڑے پیدا کرنے والا مادہ بھی نکل جاتا ہے۔ اور کیڑے نکل جانے کے بعد حب کبد نوشادری ۲ ماشہ۔ سفوف باؤبڑنگ ۲ ماشہ ملا کر بعد از غذا کھلاتے رہنا آئندہ کیڑے پڑنے سے روکتا ہے۔ یہ بھی تجربہ شدہ ہے۔

## (۱۱۳۱) معجون نانخواہ

معجون نانخواہ قرابادینی۔ کرم امعا دور کرنے میں لاجواب ہے یہ پرانے اطبا کا معمول ہے۔ اس سے جگر معدہ اور امعا کا فعل درست ہو جاتا ہے۔ فاضل جلیل احمد صاحب انصاری رحمۃ اللہ علیہ کا فرمان ہے۔ پرانے اطبا نے ایک اطریفل برائے کرم تیار کی تھی۔ لیکن اب اس کے اجزا نہیں ملتے۔ آپ یہ معجون تیار کر لیا کریں۔

**ھوالشافی :** باؤبڑنگ۔ تربد سفید۔ مغز تخم پلاس پاپڑہ۔ کمیلہ ۵۔ ۵ تولہ۔ شہد سہ چند

**خوراک:** ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک حسب عمر دافع کرم ہر قسم ہے۔

## (۱۱۳۲) آڑو کے پتے

ایک حکیم صاحب کا اشتہاری نسخہ برائے کرم۔ آڑو کے خشک پتے۔ ایک تولہ۔ سقمونیہ ۱۰ ماشہ۔ افسنتین ۱۰ ماشہ۔ چرائتہ کڑوا ۶ ماشہ۔ گل غافث ۶ ماشہ۔ مصبر ۵ ماشہ۔ گودا تمہ ۶ ماشہ۔ آب تمہ ۱۰ تولہ سے کھرل کر کے حب نخودی بنا دیں۔ رات کو پہلے میٹھا کھانا چاول یا حلوہ عصر کے وقت کھلا کر ۲ سے ۴ عدد تک کھلائیں۔ اس سے کرم دور ہوں گے۔ یا دوسرا نسخہ اس طرح تیار کریں۔

## (۱۱۳۳) ہرن کھری

کمیلہ۔ پوست بکائن۔ مصبر۔ گل سرخ۔ برگ آڑو خشک۔ افسنتین۔ گل غافث۔ برگ ہرن کھری۔ کشتہ سکہ ایک ایک تولہ۔ سنا مکی ۵ تولہ کو رات ایک پاؤ پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں۔ پانی ۵ تولہ رہ جانے پر چھان کر اس سے رگڑ کر گولیاں بنا لیں۔

**خوراک:** صبح و شام ایک ایک گولی کھلائیں۔ اس سے کرم دور ہوں گے۔ یہ دونوں نسخے ایک لقمان زمانہ کے ہیں۔ میں نے ان سے ملاقات بھی کی اور مشورے بھی لیے۔ دونوں گولیاں مجرب ہیں۔

## (۱۱۳۴) لاجواب کورس

جسم میں اگر کرم ہوں تو عام صحت خراب ہو جاتی ہے۔ بغیر سوچے سمجھے دافع کرم دوا نہ دیں۔ باؤبڑنگ ۲ ماشہ۔ کمیلہ ۶ ماشہ۔ تربد سفید ۲ ماشہ۔ حب النیل ۴ ماشہ۔ نمک ایک ماشہ۔ دودھ ایک پاؤ میں گھول کر پلا دیں۔ لیکن پہلے دودھ۔ چاول میٹھے یا حلوہ کھلا دیں۔ اس سے کرم دور ہوں گے۔ کئی روز تک کھلاتے رہیں یہ خود مسہل ہے لیکن اگر مسہل دے دیں تو اچھا ہے۔ اس کے بعد قلعی ایک تولہ کا برادہ اور کھانڈ ۲ تولہ رگڑیں۔ جب چمک نہ رہے تو مناسب خوراک ایک ماشہ کھلانے سے آئندہ عمر میں کرم نہ رہیں گے میں آپ کے سامنے اپنے تمام تجربے اور بڑے حکما کے تجربے اور مشورے پیش کر رہا ہوں۔ جن کو حاصل کرنے کے لیے میں نے عمر کا ایک حصہ خرچ ہو۔ آپ دعا خیر سے یاد کریں۔

## (۱۱۳۵) آیورویدک نسخہ

**ھوالشافی :** پارہ۔ گندھک۔ مرچ سیاہ۔ جائفل۔ مگھاں۔ ہڑتال ورقیہ صاف۔ سنڈھ۔ سہاگہ پھلہ۔۲۔۲ تولہ۔ باؤبڑنگ کل کے برابر۔ پھر سب کے برابر کشتہ فولاد ملا کر رکھیں۔

**خوراک :** ۲ رتی سے ۴ رتی ہمراہ آب گرم یا جوشاندہ ترپھلہ ۳ ماشہ۔ سے دیں اس سے تمام کرم دور ہوں گے۔ اس میں نصف حصہ کشتہ فولاد ہے اس سے کمی خون بھی دور ہوگی۔ معدہ جگر وامعا اپنا کام کرنے لگ جائیں گے۔ کمزوری دور ہوگی۔ شرع رباعایت طب یوسفی والے اپنا عجیب تجربہ بیان کیا ہے کہ پوست انار ترش کا چھلکا ۲ تولہ جوشا کر اس کے ساتھ حب مسکین نواز۔ عرف حب گھوڑا چولی ۲ سے ۳ تک روزانہ کھلانے سے ہر قسم کے کرم دور ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ اس سے اسہال آ جاتے ہیں۔ ان کا مجرب ہے۔

## (۱۱۳۶) ایک لاجواب معجون

**ھوالشافی :** بلیلہ۔ آملہ اور ہلیلہ سیاہ کے چھلکے۔۳۰۔۳۰ ماشہ۔ واوڑنگ ۳۰ ماشہ۔ تربد سفید ۳۰ ماشہ۔ حب النیل ۳۰ ماشہ۔ کمیلہ ۹ ماشہ۔ کٹھ تلخ ۹ ماشہ۔ نمک ۹ ماشہ۔ شہد سہ چند۔

**خوراک :** ۱۰ ماشہ ہمراہ جوشاندہ بکائن (بکائن کے پتے ۲ تولہ پانی ۳۲ تولہ ابال لیں۔ جب آٹھ تولہ رہ جائے) گڑ قدرے ملا کر پییں۔ یا ۴۔۴ تولہ۔ معجون کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد :** اس کے استعمال سے تمام کرم کدو دانے ملپ سیونکاں دور ہوں گی۔ اور معدہ وامعا سے کیڑے پیدا کرنے والا مادہ بھی ختم ہو جائے گا۔ بدبو امعاء دور ہوگی۔ قبض بھی دور ہوگی۔

## (۱۱۳۷) تارامیرا

ایک بوڑھے مہاجر نے مجھ سے ذکر کیا کہ مجھ کو پیٹ میں کرم تھے۔ ایک حکیم نے گڑ کھلا کر اس کے دو گھنٹہ بعد تیل تارامیر ۲۱ تولہ دہی میں ملا کر پلایا۔ جس سے سارے کرم خارج ہو گئے۔ انہوں نے تین دن کہا تھا لیکن میں نے ایک دن ہی پیا کرم دور ہو گئے اور آج تک پیدا نہیں ہوئے۔

## (۱۱۳۸) تمباکو

۱۹۴۴ء کا واقعہ ہے ایک حکیم صاحب سے ایک آدمی نے پیٹ کے کیڑوں کی شکایت

کی اور حکیم صاحب نے یہ نسخہ تیار کر کے دیا۔

**ھوالشافی :** ہینگ۔ تمباکو۔ واوڑنگ۔ تربد سفید۔ مساوی وزن باریک کر کے ۳۔۳ ماشہ کی پڑیاں باندھ دیں۔ دوسرے تیسرے دن مجھ کو وہ آدمی ملا میں نے پوچھا تو مریض نے بتایا کہ میرے پیٹ سے مردہ کرم خارج ہوئے ہیں۔ دوائی کھانی ذرا مشکل ہے۔ لیکن اس کے استعمال سے کرم مردہ ہو گئے۔ اس کے بعد کیسٹرائل کا جلاب لینا چاہیے۔ کیسٹر آئل ۵ تولہ شربت بنفشہ ۵ تولہ ملا کر پلائیں۔ اس سے مردہ کرم خارج ہو جاتے ہیں اور ساتھ ہی امعاء سے کرم پیدا کرنے والا مادہ بھی خارج ہو جاتا ہے۔

**نکات مطب:** ہینگ کو گھی میں مدبر کر لیں۔ پہلی تینوں اشیاء قاتل کرم ہیں اور تربد سفید مسہل ہے۔

**(۱۱۳۹)**

میرے رشتہ داروں میں ایک کنبہ کاروبار کے سلسلہ میں ملتان شہر چلا گیا۔ اس جگہ جا کر ان کا لڑکا نوجوان بیمار ہو گیا۔ لڑکے کا پیٹ اپھر گیا۔ بھوک بند ہو گئی۔ ایک حکیم کو دکھایا اس نے کہا کہ استسقاء تو نہیں ہے اس کے پیٹ میں کرم ہیں۔ اس کو خارج کرنا پڑے گا۔ انہوں نے مجھ کو یہ نسخہ بتلایا۔ کہ قلعی کا برادہ کر کے اس کو ہاون دستہ میں کوٹنا شروع کریں۔ جب برادہ بن جائے تو سریش ماہی ۱۰ تولہ ملا کر کوٹ کر دوائی بنا لیں۔ مریض کو پہلے حلوہ یا گڑ کھلا کر اوپر سے ۶ ماشہ دوا کھلا کر اوپر بکری یا گائے کا دودھ آدھ سیر پلائیں۔ اس سے ایک خوراک سے کیڑے نکل گئے اور پھر کیڑے پیدا نہ ہوئے۔ اس سے بیس بیس سالہ مریض درست ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح قلعی گروں کا پانی پلانا کرموں کو دور کر دیتا ہے۔ بچوں کو رسونت ۲ ماشہ مغز چاکسو مقشر ۲ ماشہ۔ مصبر ایک ماشہ۔ مرچ کالی ۵ دانے۔ برگ نیم ۹ عدد۔ ہینگ ۲ ماشہ۔ باریک کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنا دیں۔ دن میں تین بار ایک ایک گولی شیر مادر میں کھلائیں۔

**(۱۱۴۰) اکسیر کرم ہر قسم**

کیچوے۔ کدو دانے۔ کرم صغار کا حکمی علاج ہے۔ جس قدر بھی مزمن مرض ہو گی تو دنوں میں دور ہو جاتی ہے۔ ورق قلعی ۵ تولہ۔ مویز منقی ۱۵ تولہ میں ڈالتے جائیں اور کوٹتے جائیں۔ اور مثل مرہم بنا دیں۔

**خوراک:** چھ ماشہ پہلے کھلا کر اس کے بعد کمیلہ شستہ دو تین ماشہ۔ ملائی شیر میں ملا کر قند سفید ملا کر کھلا دیں۔ اس سے مرض دور ہو گی۔ نوٹ کمیلہ کو تین بار پانی سے دھولیں۔ یہ بڑے دواخانہ کا راز ہے۔ کمیلہ ایک ماشہ۔ باؤبڑنگ ایک ماشہ۔ دونوں ملا کر دودھ سے دیں۔ پہلے تین دن صبح و شام دودھ کو میٹھا کر کے پلائیں۔ اور صبح کو کیسٹرائل ۵ تولہ پلا دیں۔ کافی زیادہ مقدار میں مرے ہوئے کیڑے نکل جائیں گے۔ اسے تین دن تک دودھ میں ملا کر کھلائیں یہ ہی نسخہ کافی ہے۔ ایک مریضہ کو کیڑوں کی مرض مزمن تھی۔ ایک حکیم صاحب نے دو تولہ تمبا کو ایک لیٹر پانی میں جوش دے کر اس کی پچکاری کر دی۔ اس سے مریضہ فوراً درست ہو گئی۔ گائے تمباکو کی سمیت سے اگر چکر آنے لگیں تو دواالمسک معتدل جواہر والی چٹا دیں۔

**حکایت:** ایک بچہ دس بارہ سالہ کے پیٹ میں کرم پیدا ہو گئے۔ انگریزی دوائیں استعمال ہوتی رہیں۔ اس سے اس کا جگر اور معدہ خراب ہو گیا۔ چہرے کا رنگ زرد پڑ گیا اس کو ایک حکیم معجون دبید الورد صبح اور دوائے مسک معتدل ہمراہ عرق مکو شام سے دیا گیا۔ اس سے اس کی صحت بحال ہو گئی۔

**نکات مطب:** کیڑوں کی دوا بغیر سوچے سمجھے نہ دیں اور کرم نکل جانے کے بعد جوارش جالینوس اور حب کبد نوشادری متواتر کھلائیں۔ اس سے مریض کا جگر اور معدہ درست ہو گا۔ اگر کمی خون ہو تو شربت فولاد یا کشتہ فولاد کھلائیں۔ اس سے جملہ کمزوریاں دور ہو جائیں گی۔ معدہ اور امعاء کے اندر ایک ایسا مادہ پیدا ہو جاتا ہے جس پر کیڑے پلتے ہیں۔ آنتوں سے وہ مادہ دور کریں۔ تب کرم پیدا ہونا بند ہو جائیں گے اور تندرست امعاء اور معدہ میں کرم پیدا ہوتے ہی نہیں یہ ایک نکتہ لاکھ روپے کا ہے۔ (مؤلف ناچیز)

❀❀❀